الإصابة

في

تمييز الصحابة رضوان اللہ علیہم اجمعین (اُردو)

(صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا انسائیکلوپیڈیا)

جلد ۷

تالیف

حافظ علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

مولانا محمد عامر شہزاد علوی

مکتبہ رحمانیہ

اِقرأ سنٹر۔ غزنی سٹریٹ۔ اُردو بازار۔ لاہور

Marfat.com

الإصابة

في

تمييز الصحابة رضوان اللہ علیہم اجمعین

(اُردو)

(صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا انسائیکلوپیڈیا)

جلد ۷

تالیف

حافظ علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

مولانا محمد عامر شہزاد علوی

مکتبہ رحمانیہ

اِقرأ سنٹر۔ غزنی سٹریٹ۔ اُردو بازار۔ لاہور

مکتبہ رحمانیہ
MAKTABA-E-REHMANIA

Marfat.com

مکتبہ رحمانیہ
اقرأ سنٹر۔ غزنی سٹریٹ۔ اردو بازار۔ لاہور

جملہ حقوق ملکیت بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب ..... الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ رضوان اللہ علیہم اجمعین (اردو) جلد ۷
تالیف ..... حافظ علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ
مترجم ..... مولانا محمد عامر شہزاد علوی
ناشر ..... مکتبہ رحمانیہ
اقرأ سنٹر۔ غزنی سٹریٹ۔ اردو بازار لاہور
مطبع ..... خضر جاوید پرنٹرز

ضروری وضاحت

ایک مسلمان جان بوجھ کر قرآن مجید، احادیث رسول ﷺ اور دیگر دینی کتابوں میں غلطی کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا بھول کر ہونے والی غلطیوں کی تصحیح و اصلاح کے لیے بھی ہمارے ادارہ میں مستقل شعبہ قائم ہے اور کسی بھی کتاب کی طباعت کے دوران اغلاط کی تصحیح پر سب سے زیادہ توجہ اور عرق ریزی کی جاتی ہے۔ تاہم چونکہ یہ سب کام انسانوں کے ہاتھوں ہوتا ہے اس لیے پھر بھی غلطی کے رہ جانے کا امکان ہے۔ لہٰذا قارئین کرام سے گزارش ہے کہ اگر ایسی کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرما دیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح ہو سکے۔ نیکی کے اس کام میں آپ کا تعاون صدقہ جاریہ ہوگا۔ (ادارہ)

Marfat.com

فہرست موضوعات

عرضداشت مترجم ۳۳

کنیتوں کا بیان

حرف الف

۹۴۸۰ ابوامیّہ الفزاری ۳۴
۹۴۸۱ ابوامیّہ ۳۵
۹۴۸۲ ابوابراھیم ..... //
۹۴۸۳ ابوابراھیم (بغیر منسوب) ..... //
۹۴۸۴ ابوابراھیم الحجبی ..... //
۹۴۸۵ ابو ابیّ ابن امرأۃ عبادۃ بن الصامت ۳۶
۹۴۸۶ ابو ابیّ ..... //
۹۴۸۷ ابواثیلہ ..... //
۹۴۸۸ ابواثیلہ (دوسرے) ..... //
۹۴۸۹ ابواحمد بن جحش الاسدی ..... //
۹۴۹۰ ابواحمد بن قیس ۳۷
۹۴۹۱ ابواحیحہ (دونوں حاؤں سے تصغیر ہے) ۳۸
۹۴۹۲ ابو احزم بن عتیک ..... //
۹۴۹۳ ابو اخرم ..... //
۹۴۹۴ ابوالاخنس بن حذافہ ..... //
۹۴۹۵ ابواذینہ (یا نون سے تصغیر ہے) ..... //
۹۴۹۶ ابوارطاۃ الاحمسی ۳۹
۹۴۹۷ ابوالارقم القرشی ..... //
۹۴۹۸ ابوارُوَی الدوسی ..... //
۹۴۹۹ ابوالازور، ضرار بن الخطاب ۴۰
۹۵۰۰ ابوالازور ضرار بن الازور ..... //
۹۵۰۱ ابوالازور الاحمری ..... //
۹۵۰۲ ابو الازور (دوسرے) ۴۱
۹۵۰۳ ابوالازھر الانماری ..... //
۹۵۰۴ ابواسحاق ۴۲
۹۵۰۵ ابواسرائیل الانصاری ..... //
۹۵۰۶ ابواسماء السکونی ۴۳
۹۵۰۷ ابواسماء الشامی ..... //
۹۵۰۸ ابو اسماء المزنی ..... //
۹۵۰۹ ابواسماء بن عمرو الجذامی ..... //
۹۵۱۰ ابوالاسود الجذامی ..... //
۹۵۱۱ ابوالاسود ..... //
۹۵۱۲ ابوالاسود بن یزید ..... //
۹۵۱۴ ابوالاسود السلمی ۴۴
۹۵۱۵ ابوالاسود القرشی ..... //
۹۵۱۶ ابوالاسود النھدی ..... //
۹۵۱۷ ابواسید بن ثابت انصاری ..... //
۹۵۱۸ ابواسید بن ثابت انصاری (دوسرے) ۴۵
۹۵۱۹ ابواسید بن جعونہ ..... //
۹۵۲۰ ابواسید بن علی ..... //
۹۵۲۱ ابواسید الساعدی ..... //
۹۵۲۲ ابواسیرۃ بن حارث ..... //

Marfat.com

۹۵۲۳ ابوالاشعث ۴۶
۹۵۲۴ ابوالاعور ..... //
۹۵۲۵ ابوالاعور بن ظالم ..... //
۹۵۲۶ ابوالاعور السلمی ..... //
۹۵۲۷ ابوالاعور الجرمی ۴۷
۹۵۲۸ ابوامامه اسعد بن زراره انصاری ..... //
۹۵۲۹ ابوامامه بن ثعلبه الانصاری ..... //
۹۵۳۰ ابوامامه الباهلی ..... //
۹۵۳۱ ابوامامه بن سهل انصاری ..... //
۹۵۳۲ ابوامامه انصاری ۴۸
۹۵۳۳ ابو امیه (تصغیر سے) الجشمی ..... //
۹۵۳۴ ابوامیه دوسی ثم زهرانی ۴۹
۹۵۳۵ ابوامیه ..... //
۹۵۳۶ ابوامیه ازدی ..... //
۹۵۳۷ ابوامیه بن عمرو ۵۰
۹۵۳۸ ابوامیه جمحی ..... //
۹۵۳۹ ابوامیه ..... //
۹۵۴۰ ابوامیه الجمحی (یہ دوسرے ہیں) ..... //
۹۵۴۱ ابوامیه الجمحی (دوسرے ہیں) ..... //
۹۵۴۲ ابوامیه الجعدی ..... //
۹۵۴۳ ابوامیه الضمری ..... //
۹۵۴۴ ابوامیه الفزاری ..... //
۹۵۴۵ ابوامیه القشیری والکعبی ..... //
۹۵۴۶ ابوامیه المخزومی ۵۱
۹۵۴۳ ابوانا س بن زنیم للیثی یا دؤلی ..... //
۹۵۴۸ ابواهاب بن عزیز ..... //
۹۵۴۹ ابواوس الثقفی ۵۲
۹۵۵۰ ابواوس ..... //
۹۵۵۱ ابواوفٰی الاسلمی ..... //
۹۵۵۲ ابواياس الساعدی ..... //
۹۵۵۳ ابواياس اللیثی ۵۳
۹۵۵۴ ابوایمن الانصاری ..... //
۹۵۵۵ ابوایوب انصاری ..... //
۹۵۵۶ ابوایوب ..... //
۹۵۵۷ ابوایوب الیمامی ..... //
۹۵۵۸ ابوایوب (دوسرے) ..... //
۹۵۵۹ ابوایوب الازدی ۵۴
۹۵۶۰ ابوایوب المالکی ..... //
قسم ثانی از حرفِ الف ..... //
۹۵۶۱ ابوادریس الخولانی ..... //
۹۵۶۲ ابواسحاق ..... //
۹۵۶۳ ابواسحاق ..... //
۹۵۶۴ ابوامامه بن سهل ..... //
۹۵۶۵ ابوامیه بن الاخنس ..... //
قسم ثالث از حرفِ الف ..... //
۹۵۶۶ ابواسحاق ..... //
۹۵۶۷ ابوالاسود ..... //
۹۵۶۸ ابوالاسود الدئلی ..... //
۹۵۶۹ ابوالاسود الهزّانی ۵۵
۹۵۷۰ ابوامیه ازدی (قتادہ کے والد) ..... //
۹۵۷۱ ابوامیه الشّعبانی ..... //
۹۵۷۲ ابوامیه ..... //
۹۵۷۳ ابوامیه العدوی ..... //
۹۵۷۴ ابوامیه الکندی ..... //

Marfat.com

قسم رابع از حرفِ الف ۵۶

۹۵۷۵ آبی اللحم الغفاری ..... //

۹۵۷۶ ابوالاسود التمیمی ..... //

۹۵۷۷ ابوالاسود الدَوسی ۵۷

۹۵۷۸ ابوالاسود الدِّیلی ..... //

۹۵۷۹ ابوالاسود ..... //

۹۵۸۰ ابوالاسود السلمی ..... //

۹۵۸۱ ابوامامه ..... //

۹۵۸۲ ابوامیه التغلبی ۵۸

۹۵۸۳ ابوانس انصاری ..... //

۹۵۸۴ ابواوس تمیم بن حجر ۵۹

۹۵۸۵ ابوایّوب (بےنسبت) ..... //

۹۵۸۶ ابوایوب الازدی ..... //

حرف الباء

قسم اوّل از حرفِ باء ۶۰

۹۵۸۷ ابوبجیر (بےنسبت) ..... //

۹۵۸۸ ابوالبجیر ..... //

۹۵۸۹ ابوبجیله ..... //

۹۵۹۰ ابوبحر ..... //

۹۵۹۱ ابوبحینه ..... //

۹۵۹۲ ابوالبدّاح بن عاصم انصاری ۶۱

۹۵۹۳ ابوالبراد ..... //

۹۵۹۴ ابوبرده بن سعد ..... //

۹۵۹۵ ابوبرده بن قیس الاشعری ..... //

۹۵۹۶ ابوبرده بن نیار الانصاری ۶۲

۹۵۹۷ ابوبرده جمیع بن عمیر کے ماموں ..... //

۹۵۹۸ ابوبرده الاسلمی ۶۳

۹۵۹۹ ابوبرده ظفری انصاری اوسی ..... //

۹۶۰۰ ابوبرزده الاسلمی ..... //

۹۶۰۱ ابوبرقان السعدی ۶۴

۹۶۰۲ ابوبریدة ..... //

۹۶۰۳ ابوبرّة المکی المخزومی ..... //

۹۶۰۴ ابوبشار یا یسار ..... //

۹۶۰۵ ابوالبَشر ۶۵

۹۶۰۶ ابوبشر انصاری ..... //

۹۶۰۷ ابوبشر خَثعمی ..... //

۹۶۰۸ ابوبِشر ..... //

۹۶۰۹ ابوبشر سلمی ..... //

۹۶۱۰ ابوبشیر انصاری الساعدی ۶۶

۹۶۱۱ ابو بَشِیر انصاری ..... //

۹۶۱۲ ابوبَشِیر (کسی قبیلہ سے منسوب نہیں) ..... //

۹۶۱۳ ابوالبشیر انصاری ۶۷

۹۶۱۴ ابوالبشیر ..... //

۹۶۱۵ ابوالبشیر المعاوی ..... //

۹۶۱۶ ابوبصره غفاری ..... //

۹۶۱۷ ابوبصره الغفاری ..... //

۹۶۱۸ ابوبصیر بن اسید ۶۸

۹۶۱۹ ابوبصیر (دوسرے) ..... //

۹۶۲۰ ابوبصیرة ..... //

۹۶۲۱ ابوبکر الصدیق بن ابی قحافه ..... //

۹۶۲۲ ابوبکر بن شعوب اللیثی ..... //

۹۶۲۳ ابوبکر الثقفی ۶۹

۹۶۲۴ ابوالبنات ۷۰

Marfat.com

۹۶۲۵ ابوهیه فزاری ۷۰
۹۶۲۶ ابوهیه ..... //
قسم ثانی از حرفِ باء ..... //
قسم ثالث از حرفِ باء ..... //
۹۶۲۷ ابوبَحْریه التراغمی ..... //
۹۶۲۸ ابوبسره الجهنی ..... //
۹۶۲۹ ابوبصیر الیشکری ۷۱
۹۶۳۰ ابوبکر العنسیّ ..... //
قسم چهارم از حرفِ باء ..... //
۹۶۳۱ ابوبجیله ..... //
۹۶۳۲ ابوالبداح بن عاصم ..... //
۹۶۳۳ ابوبرده انصاری ۷۲
۹۶۳۴ ابوبردہ (دوسرے ہیں) ..... //
۹۶۳۵ ابوبکر بن حفص ۷۳
۹۶۳۶ ابوبلال بن سعد ..... //

حرف التاء

قسم اوّل از حرفِ التاء ۷۴
۹۶۳۷ ابوتِجْرَاة (تا زیر والی جیم ساکن) ..... //
۹۶۳۸ ابوتِحْی ..... //
۹۶۳۹ ابوتمیم ۷۵
۹۶۴۰ ابوتمیمه (بےنسبت) ..... //
قسم ثانی از حرفِ التاء ..... //
۹۶۴۱ ابوتمیم جیشانی ..... //
قسم چهارم از حرفِ التاء ..... //
۹۶۴۲ ابوتمام ثقفی ..... //
۹۶۴۳ ابوتمیمه الهجیمی ..... //

حرف الثاء

قسم اوّل از حرفِ الثاء ۷۶
۹۶۴۴ ابوثابت سعد بن عباده ..... //
۹۶۴۵ ابوثابت ..... //
۹۶۴۶ ابوثابت اسید بن طهیر ..... //
۹۶۴۷ ابوثابت بن عبد ..... //
۹۶۴۸ ابوثابت بن یعلی ثقفی ..... //
۹۶۴۹ ابوثابت قرشی (وحی کے پڑوسی) ..... //
۹۶۵۰ ابو ثروَان سعدی ۷۷
۹۶۵۱ ابوثروان بنا عبدالعزّی سعدی ..... //
۹۶۵۲ ابوثروان راعی تمیمی ..... //
۹۶۵۳ ابوثرِیّه ۷۸
۹۶۵۴ ابوثعلبه اشجعی ..... //
۹۶۵۵ ابوثعلبه ثقفی ۷۹
۹۶۵۶ ابوثعلبه حنفی ..... //
۹۶۵۷ ابوثعلبه خشنی ..... //
۹۶۵۸ ابوثمامة کنانی ۸۰
۹۶۵۹ ابوثور فهمی ..... //
۹۶۶۰ ابوثور محمد بن معدی کرب زبیدی ۸۱
قسم الثانی از حرفِ الثاء ..... //
قسم الثالث از حرفِ الثاء ..... //
۹۶۶۱ ابوثعلبه قرظی ..... //
قسم الرابع از حرفِ الثاء ..... //
۹۶۶۲ ابوثعلبة انصاری ..... //

Marfat.com

حرف جیم

قسم اوّل از حرفِ جیم ۸۲

۹۶۶۳ ابوجابر انصاری ..... //

۹۶۶۴ ابوجابر صدفی ..... //

۹۶۶۵ ابوجابر یمامی ..... //

۹۶۶۶ ابوجاریة انصاری ..... //

۹۶۶۷ ابوجبیر ..... //

۹۶۶۸ ابوجَبیرة (شروع حرف پر زبر ہے) ..... //

۹۶۶۹ ابوجَبیرة بن حصین ۸۳

۹۶۷۰ ابوجحش لیثی ..... //

۹۶۷۱ ابوجحیفه ..... //

۹۶۷۲ ابوالجراح اشجعی ۸۴

۹۶۷۳ ابوجرول ..... //

۹۶۷۴ ابوجرول (دوسرے) ..... //

۹۶۷۵ ابوجُرَیّ (تصغیر) ..... //

۹۶۷۶ ابوالجعال جُذَامی ..... //

۹۶۷۷ ابوالجعد افلح ..... //

۹۶۷۸ ابوالجعد ضمری ..... //

۹۶۷۹ ابوالجعیجعه ۸۵

۹۶۸۰ ابوجمعه انصاری ..... //

۹۶۸۱ ابوجمیله سلمی ۸۶

۹۶۸۲ ابوجندب عتقی ..... //

۹۶۸۳ ابوجندب فزاری ..... //

۹۶۸۴ ابوجندل بن سهیل ۸۷

۹۶۸۵ ابوجنید (تصغیر ہے) ۸۸

۹۶۸۶ ابوجنید فهری ..... //

۹۶۸۷ ابوجهاد انصاری سلمی ..... //

۹۶۸۸ ابوجهم بن حذیفه ۸۹

۹۶۸۹ ابوجُهَیم بن حارث ۹۰

۹۶۹۰ ابوجُهَیمه ۹۱

۹۶۹۱ ابوجهینه انصاری ..... //

۹۶۹۲ ابوالجَوْن ..... //

۹۶۹۳ ابوجیش بن ذی اللحیه عامری کلابی ..... //

قسم ثانی از حرفِ جیم ..... //

۹۶۹۴ ابوجعفر انصاری ..... //

قسم ثالث از حرفِ جیم ۹۲

۹۶۹۵ ابوجامع بن مخارق ..... //

۹۶۹۶ ابوجَبْر ..... //

۹۶۹۷ ابوالجعد غطفانی ..... //

۹۶۹۸ ابوالجعید ..... //

۹۶۹۹ ابوالجلندی ازدی ۹۳

۹۷۰۰ ابوالجمعه بن خالد ..... //

۹۷۰۱ ابوجَنْدل بن سهیل شامی ..... //

۹۷۰۲ ابوجَنْدَله ..... //

۹۷۰۳ ابوجهراء ۹۴

۹۷۰۴ ابوجهراء (دوسرے) ..... //

قسم رابع از حرفِ جیم ..... //

۹۷۰۵ ابو جُبَیر کِندی ..... //

۹۷۰۶ ابوالجَدْعَاء ..... //

۹۷۰۷ ابوجریر ..... //

۹۷۰۸ ابوجسره ۹۵

۹۷۰۹ ابوجمعه ..... //

۹۷۱۰ ابوجَمَل ..... //

Marfat.com

۹۷۱۱ ابو جُهَیمه ..... //

حرف حاء بے نقطی

۹۷۱۲ ابو حابس جهنی ۹۷
۹۷۱۳ ابو حاتم مزنی حجازی ..... //
۹۷۱۴ ابو حاجب انصاری ..... //
۹۷۱۵ ابو حارث بن حارث ..... //
۹۷۱۶ ابو حارث بن حارث کندی ..... //
۹۷۱۷ ابو حارث بن حنظلیه ..... //
۹۷۱۸ ابو حارث ..... //
۹۷۱۹ ابو حارث ..... //
۹۷۲۰ ابو حارث بن قیس ..... //
۹۷۲۱ ابو حارث ازدی ۹۸
۹۷۲۲ ابو حازم احمسی ..... //
۹۷۲۳ ابو حازم بَجَلی ..... //
۹۷۲۴ ابو حازم بجلی (دوسرے) ..... //
۹۷۲۵ ابو حازم انصاری از بنی بیاضه ..... //
۹۷۲۶ ابو حاضر (بے نسبت) ۹۹
۹۷۲۷ ابو حاطب بن عمرو ..... //
۹۷۲۸ ابو حامد ..... //
۹۷۲۹ ابو حبّه بدری ..... //
۹۷۳۰ ابو حبّه بن غزیّه ۱۰۰
۹۷۳۱ ابو حبیب عنبری ..... //
۹۷۳۲ ابو حبیب بن زید ..... //
۹۷۳۳ ابو حبیب فهری ۱۰۱
۹۷۳۴ ابو حبیب ..... //
۹۷۳۵ ابو حبیبه بن ازعر ..... //
۹۷۳۶ ابو حثمه انصاری ..... //
۹۷۳۷ ابو حَثمه بن حُذیفه ۱۰۲
۹۷۳۸ ابو الحجاج ثمالی ..... //
۹۷۳۹ ابو الحجاج اسلمی ..... //
۹۷۴۰ ابو حدرد اسلمی ..... //
۹۷۴۱ ابو حدرد (دوسرے) ..... //
۹۷۴۲ ابو حدرد (ایک اور) ..... //
۹۷۴۳ ابو حدرد ..... //
۹۷۴۴ ابو حذافه سهمی ..... //
۹۷۴۵ ابو حذیفه بن عتبه ۱۰۳
۹۷۴۶ ابو حذیفه ثقفی ..... //
۹۷۴۷ ابو حرب بن خویلد ..... //
۹۷۴۸ ابو حریز ..... //
۹۷۴۹ ابو حریزه ..... //
۹۷۵۰ ابو حریش ۱۰۴
۹۷۵۱ ابو حسان ..... //
۹۷۵۲ ابو حسان ..... //
۹۷۵۳ ابو الحسن ..... //
۹۷۵۴ ابو حسن انصاری ..... //
۹۷۵۵ ابو الحسن ۱۰۵
۹۷۵۶ ابو حسن ..... //
۹۷۵۷ ابو حسین ..... //
۹۷۵۸ ابو الحَشر ..... //
۹۷۵۹ ابو حصیره ..... //
۹۷۶۰ ابو حصین العبسی ۱۰۶
۹۷۶۱ ابو حصین سدوسی ..... //
۹۷۶۲ ابو حصین سلمی ..... //

Marfat.com

۹۷۶۳ ابو حصین انصاری سالمی ..... //
۹۷۶۴ ابو حفص ۱۰۷
۹۷۶۵ ابو حفص بن عمرو ..... //
۹۷۶۶ ابو الحکم ..... //
۹۷۶۷ ابو الحکم بن سفیان ثقفی ..... //
۹۷۶۸ ابو الحکم بن حبیب ..... //
۹۷۶۹ ابو حکیم قشیری ..... //
۹۷۷۰ ابو حکیم بن مقرن مزنی ..... //
۹۷۷۱ ابو حکیم کنانی ..... //
۹۷۷۲ ابو حکیم یزید ۱۰۸
۹۷۷۳ ابو حکیم مزنی ..... //
۹۷۷۴ ابو حکیم ..... //
۹۷۷۵ ابو حُلْوہ ..... //
۹۷۷۶ ابو حلیمہ ..... //
۹۷۷۷ ابو حماد انصاری ..... //
۹۷۷۸ ابو حماد ۱۰۹
۹۷۷۹ ابو حمامہ ..... //
۹۷۸۰ ابو حمراء (مولا نبی صلی اللہ علیہ وسلم) ..... //
۹۷۸۱ ابو حمراء (دوسرے) ..... //
۹۷۸۲ ابو حمزہ ..... //
۹۷۸۳ ابو حمزہ انصاری ..... //
۹۷۸۴ ابو حمید ساعدی ..... //
۹۷۸۵ ابو حمید (یا ابو حمیدہ شک ہے) ۱۱۰
۹۷۸۶ ابو حُمَیْضَہ انصاری ..... //
۹۷۸۷ ابو حُمَیْضَہ حزنی ..... //
۹۷۸۸ ابو حنش ..... //
۹۷۸۹ ابو حنّہ ..... //
۹۷۹۰ ابو حنّہ انصاری ۱۱۱
۹۷۹۱ ابو حنہ (دوسرے) ..... //
۹۷۹۲ ابو حَوَالہ ازدی ..... //
۹۷۹۳ ابو حیان ..... //
۹۷۹۴ ابو حیوۃ کندی یا حضرمی ..... //
۹۷۹۵ ابو حیّہ تمیمی ..... //
قسم ثانی از حرفِ حاء ..... //
قسم ثالث از حرفِ حاء ..... //
۹۷۹۶ ابو حدیرہ الاجذمی ..... //
۹۷۹۷ ابو الحصین حنفی ۱۱۲
۹۷۹۸ ابو حنائۃ ..... //
قسم رابع از حرفِ حاء ..... //
۹۷۹۹ ابو حبیب عنبری ..... //
۹۸۰۰ ابو حبیش غفاری ..... //
۹۸۰۱ ابو حزامہ سعدی ۱۱۳
۹۸۰۲ ابو الحسن الراعی ..... //
۹۸۰۳ ابو حسنہ خزاعی ..... //
۹۸۰۴ ابو حفصہ ..... //
۹۸۰۵ ابو حکیم بن ابی یزید الکرخی ..... //
۹۸۰۶ ابو الحسیر ۱۱۴
۹۸۰۷ ابو حَیْوہ الصُنَابحی ..... //
۹۸۰۸ ابو حیّہ النمیری ..... //

حرفِ خاء

قسم اوّل از حرفِ خاء ۱۱۶
۹۸۰۹ ابو خارجہ ..... //
۹۸۱۰ ابو خالد ..... //

Marfat.com

۹۸۱۱ ابو خالد ..... //
۹۸۱۲ ابو خالد (بے نسبت) ..... //
۹۸۱۳ ابو خالد ..... //
۹۸۱۴ ابو خالد حارثی ..... //
۹۸۱۵ ابو خالد السلمی ۱۱۷
۹۸۱۶ ابو خالد الکندی ..... //
۹۸۱۷ ابو خالد القرشیّ ..... //
۹۸۱۸ ابو خِداش اللخُمی ۱۱۸
۹۸۱۹ ابو خراش ..... //
۹۸۲۰ ابو خراش السلمی ..... //
۹۸۲۱ ابو الخریف بن ساعدہ ..... //
۹۸۲۲ ابو خُزَاعہ ..... //
۹۸۲۳ ابو خِزامہ ..... //
۹۸۲۴ ابو خزامہ ۱۱۹
۹۸۲۵ ابو خزامہ بن اوس ..... //
۹۸۲۶ ابو خزیمہ بن یربوع ..... //
۹۸۲۷ ابو خصَفَہ ..... //
۹۸۲۸ ابو خُصَیفَہ (تصغیر ہے) ۱۲۰
۹۸۲۹ ابو الخطّاب ..... //
۹۸۳۰ ابو خلّاد ۱۲۱
۹۸۳۱ ابو خلّاد الرُّعَینی ..... //
۹۸۳۲ ابو خلّاد (بے نسبت) ..... //
۹۸۳۳ ابو خَلَف (خادم النبی ﷺ) ..... //
۹۸۳۴ ابو خلید الفہری ..... //
۹۸۳۵ ابو خمیصہ ۱۲۲
۹۸۳۶ ابو خناس ..... //
۹۸۳۷ ابو خُنَیس الغِفاری ..... //
۹۸۳۸ ابو خیثمہ الجعفی ..... //
۹۸۳۹ ابو خیثمہ الانصاری السالمی ۱۲۳
۹۸۴۰ ابو خیثمہ انصاری (دوسرے ہیں) ..... //
۹۸۴۱ ابو خیثمہ الحارثی ..... //
۹۸۴۲ ابو الخیر الکِندی ..... //
۹۸۴۳ ابو خیرہ العبدی ..... //
۹۸۴۴ ابو خیرۃ (دوسرے ہیں) ۱۲۴
قسم ثانی از حرفِ خاء ..... //
قسم ثالث از حرفِ خاء ..... //
۹۸۴۵ ابو خِرَاش الھذلیّ ..... //
۹۸۴۶ ابو خرفاء العامری ..... //
۹۸۴۷ ابو الخیبری ۱۲۵
القسم الرابع از حرفِ خاء ..... //
۹۸۴۸ ابو خالد الکندی ..... //
۹۸۴۹ ابو خداش ۱۲۶
۹۸۵۰ ابو خداش الشرعبّی ۱۲۷
۹۸۵۱ ابو خراش الرُّعَیْنی ..... //
۹۸۵۲ ابو خلف (خادم النبی ﷺ) ..... //

حرفِ دال

قسم اوّل از حرفِ دال ۱۲۸
۹۸۵۳ ابو داؤد انصاری مازنی ..... //
۹۸۵۴ ابو دجانہ انصاری ..... //
۹۸۵۵ ابو الدحداح انصاری ۱۲۹
۹۸۵۶ ابو الدَّحْداح ۱۳۰
۹۸۵۷ ابو الدرداء انصاری ..... //
۹۸۵۸ ابو درّہ البلوی ..... //

Marfat.com

۹۸۵۹ ابوالدنیا (بے نسبت) ..... //

القسم الثانی از حرفِ دال ۱۳۱

القسم الثالث از حرفِ دال ..... //

۹۸۶۰ ابوهماد البنانی ..... //

القسم الرابع از حرفِ دال ۱۳۲

۹۸۶۱ ابوالدرداء (بے نسبت) ..... //

۹۸۶۲ ابوالدیلمی ..... //

حرفِ ذال

القسم الاوّل از حرفِ ذال ۱۳۳

۹۸۶۳ ابوذباب المذحجی ..... //

۹۸۶۴ ابوذباب (دوسرے) ..... //

۹۸۶۵ ابوذر الغفاری ۱۳۴

۹۸۶۶ ابوذر (دوسرے) ۱۳۷

۹۸۶۷ ابوذره بن معاذ ..... //

۹۸۶۸ ابوذره الحرمازی ..... //

القسم الثانی از حرفِ ذال ..... //

القسم الثالث از حرفِ ذال ۱۳۸

۹۸۶۹ ابوذؤیب الهذلی ..... //

قسم رابع از حرفِ ذال ۱۳۹

حرفِ راء

القسم الاوّل از حرفِ راء ۱۴۰

۹۸۷۰ ابوراشد الازدی ..... //

۹۸۷۱ ابوراشد (دوسرے) ..... //

۹۸۷۲ ابورافع القبطی (مولاءِ رسول اللہ ﷺ) ..... //

۹۸۷۳ ابورافع انصاری ..... //

۹۸۷۴ ابورافع ۱۴۱

۹۸۷۵ ابورافع ..... //

۹۸۷۶ ابور رافع الغفاری ..... //

۹۸۷۷ ابورافع ..... //

۹۸۷۸ ابورائطه ۱۴۲

۹۸۷۹ أبوالرباب ..... //

۹۸۸۰ ابوالربذاء ..... //

۹۸۸۱ ابوربعی ..... //

۹۸۸۲ ابوالربیع عبداللہ ..... //

۹۸۸۳ ابوربیعه (بے نسبت) ..... //

۹۸۸۴ ابو رحیمه (بے نسبت) ..... //

۹۸۸۵ ابورداد اللیثی ..... //

۹۸۸۶ ابوالردین (بے نسبت) ۱۴۳

۹۸۸۷ ابورزین (بے نسبت) ..... //

۹۸۸۸ ابورزین (دوسرے ہیں) ..... //

۹۸۸۹ ابورزین العقیلی ۱۴۴

۹۸۹۰ ابورعله القشیری ..... //

۹۸۹۱ ابورفاعه العدوی ..... //

۹۸۹۲ ابورقاد ..... //

۹۸۹۳ ابورقیّه (تصغیر ہے) ۱۴۵

۹۸۹۴ ابورِمثه البلوی ..... //

۹۸۹۵ ابورمثه التیمی ..... //

۹۸۹۶ ابورُمْداء البلوی ..... //

۹۸۹۷ ابورُهْم الغفاری ..... //

۹۸۹۸ ابورُهم بن قیس اشعری ۱۴۶

۹۸۹۹ ابورُهم (دوسرے) ..... //

۹۹۰۰ ابورُهم الارحبیّ ..... //

Marfat.com

۹۹۰۱ ابورُھم ..... //
۹۹۰۲ ابورھیمه (تصغیر ہے) السمعی ۱۴۷
۹۹۰۳ ابوالروم ..... //
۹۹۰۴ ابورومیّ ..... //
۹۹۰۵ ابورویحه الشُمالی ۱۴۸
۹۹۰۶ ابورویحه الخَثعَمی ..... //
۹۹۰۷ ابورئاب ۱۴۹
۹۹۰۸ ابوریحانه الازدی ..... //
۹۹۰۹ ابورحیانه القرشی ..... //
۹۹۱۰ ابوریطه المذحجی ..... //
۹۹۱۱ ابوریطه (دوسرے، بےنسبت) ..... //
۹۹۱۲ ابورِیُمه ۱۵۰
القسم الثانی از حرفِ راء ..... //
القسم الثالث از حرفِ راء ..... //
۹۹۱۳ ابورافع الصائغ ..... //
۹۹۱۴ ابورجاء العطاردی ۱۵۱
۹۹۱۵ ابورزین الاسدی ..... //
۹۹۱۶ ابوالرّقاد ..... //
۹۹۱۷ ابورمح الخزاعی ..... //
۹۹۱۸ ابورھم السمعی ..... //
القسم الرابع از حرفِ راء ۱۵۲
۹۹۱۹ ابورزین ..... //
۹۹۲۰ ابورھم الانماری ..... //
۹۹۲۱ ابورھم الظھری ۱۵۳
۹۹۲۲ ابورھیمه الشجاعی ..... //
۹۹۲۳ ابوریحانه ..... //
۹۹۲۴ ابوریطه مذحجی ..... //
۹۹۲۵ ابوریمه ..... //

حرفِ زا

القسم الاوّل از حرفِ زاء ۱۵۴
۹۹۲۶ ابوزراره انصاری ..... //
۹۹۲۷ ابوزراره نخعی ..... //
۹۹۲۸ ابوزعراء ..... //
۹۹۲۹ ابوزَعنَه ..... //
۹۹۳۰ ابوزمعه بلوی ۱۵۵
۹۹۳۱ ابوزھراء بلوی ..... //
۹۹۳۲ ابوزھراء قشیری ..... //
۹۹۳۳ ابوزھیر بن اسید ..... //
۹۹۳۴ ابوزھیر الانماری ..... //
۹۹۳۵ ابوزھیر ثقفی ۱۵۶
۹۹۳۶ ابوزھیر ..... //
۹۹۳۷ ابوزھیر النمیری ..... //
۹۹۳۸ ابوزوائد یمانی ۱۵۷
۹۹۳۹ ابوزیاد ..... //
۹۹۴۰ ابوزیاد انصاری ۱۵۸
۹۹۴۱ ابوزید ..... //
۹۹۴۲ ابوزید ..... //
۹۹۴۳ ابوزید بن الضحاك ..... //
۹۹۴۴ ابوزید بن عُبَید ۱۵۹
۹۹۴۵ ابوزید بن عمرو بن حدیده ..... //
۹۹۴۶ ابوزید بن غرزه ..... //
۹۹۴۷ ابوزید انصاری خزرجی ..... //
۹۹۴۸ ابوزید بن عمرو الجذامی ..... //

Marfat.com

۹۹۴۹ ابوزید الارحَبیّ ..... //
۹۹۵۰ ابوزید انصاری (دوسرے) ..... //
۹۹۵۱ ابو زید انصاری (دوسرے) ..... //
۹۹۵۲ ابوزید (بےنسبت) ..... //
۹۹۵۳ ابوزید ۱۶۰
۹۹۵۴ ابوزید الجَرْمِی ..... //
۹۹۵۵ ابوزید الغافقی ..... //
۹۹۵۶ ابوزید ..... //
۹۹۵۷ ابو زید (بےنسبت) ..... //
۹۹۵۸ ابو زید (بےنسبت) ۱۶۱
۹۹۵۹ ابوزینب بن عوف انصاری ..... //
القسم الثانی از حرفِ زاء ..... //
۹۹۶۰ ابوزرعة بن زنباع ..... //
القسم الثالث از حرفِ زاء ..... //
۹۹۶۱ ابو زبید الطائی ..... //
۹۹۶۲ ابوزبیر (بیت المقدس کے مؤذن) ۱۶۲
۹۹۶۳ ابوزهراء قشیری ..... //
۹۹۶۴ ابو زیاد ۱۶۳
۹۹۶۵ ابو زید ..... //
القسم الرابع از حرفِ زاء ..... //
۹۹۶۶ ابوزُرْعة فَزَعی ..... //
۹۹۶۷ ابوزرعه ..... //
۹۹۶۸ ابوزید عامر بن حدیده ۱۶۴
۹۹۶۹ ابوزید انصاری ..... //
۹۹۷۰ ابوزُبَیْد بن الصَّلت ..... //

حرفِ سین

القسم الاوّل از حرفِ سین ۱۶۵
۹۹۷۱ ابوسالم حنفی ثمّ سُحَیْمیّ ..... //
۹۹۷۲ ابوسائب ..... //
۹۹۷۳ ابوسائب ..... //
۹۹۷۴ ابوسائب انصاری ..... //
۹۹۷۵ ابوسائب ثقفی ..... //
۹۹۷۶ ابوسائب ..... //
۹۹۷۷ ابوسائب ..... //
۹۹۷۸ ابوسائب ۱۶۶
۹۹۷۹ ابوسبره الجعفی ..... //
۹۹۸۰ ابوسَبُرہ بن حارث ..... //
۹۹۸۱ ابوسَبُرہ بن ابی رهم ..... //
۹۹۸۲ ابوسَبُرہ (بےنسب) ..... //
۹۹۸۳ ابوسبره الجهنی ۱۶۷
۹۹۸۴ ابوسبره ..... //
۹۹۸۵ ابوالسبع بن عبدقیس انصاری ..... //
۹۹۸۶ ابوسَرْوَعه نوفلی ..... //
۹۹۸۷ ابوسَرِیحه ..... //
۹۹۸۸ ابوسعاد جهنی ..... //
۹۹۸۹ ابوسعاد الحمصیّ ..... //
۹۹۹۰ ابوسعاد ۱۶۸
۹۹۹۱ ابوسعدان (شامی، بےنام ونسب) ..... //
۹۹۹۲ ابوسعد انصاری ..... //

Marfat.com

۹۹۹۳ ابوسعد ۱۶۸
۹۹۹۴ ابوسعد ..... //
۹۹۹۵ ابوسعد الخیر ..... //
۹۹۹۶ ابوسعد انصاری زرقی ۱۶۹
۹۹۹۷ ابوسعد الانماری ..... //
۹۹۹۸ ابوسعد ساعدی ..... //
۹۹۹۹ ابوسعد بن فضالہ انصاری ..... //
۱۰۰۰۰ ابوسعد بن وھب نضری ۱۷۰
۱۰۰۰۱ ابوسعد انصاری ..... //
۱۰۰۰۲ ابوسعد بن اوس ۱۷۱

ابوسعید کنیت والے

۱۰۰۰۳ ابوسعید خدری ..... //
۱۰۰۰۴ ابوسعید عبشمی ..... //
۱۰۰۰۵ ابوسعید سعیدی ..... //
۱۰۰۰۶ ابوسعید انصاری ..... //
۱۰۰۰۷ ابوسعید مخزومی ..... //
۱۰۰۰۸ ابوسعید مخزومی ..... //
۱۰۰۰۹ ابوسعید کاتب وحی ..... //
۱۰۰۱۰ ابوسعید رافع بن المعلی بدری ..... //
۱۰۰۱۱ ابوسعید بن معلّی انصاری ..... //
۱۰۰۱۲ ابوسعید انصاری ۱۷۲
۱۰۰۱۳ ابوسعید سعد بن عامر ..... //
۱۰۰۱۴ ابوسعید الانماری ۱۷۳
۱۰۰۱۵ ابوسعید (بےنسب) ..... //
۱۰۰۱۶ ابوسعید بن زید ۱۷۴
۱۰۰۱۷ ابوسعید ..... //
۱۰۰۱۸ ابوسعید عبسیّ ..... //
۱۰۰۱۹ ابوسفیان بن حارث ..... //
۱۰۰۲۰ ابوسفیان ۱۷۶
۱۰۰۲۱ ابوسفیان ..... //
۱۰۰۲۲ ابوسفیان ..... //
۱۰۰۲۳ ابوسفیان بن حارث ..... //
۱۰۰۲۴ ابوسفیان بن حارث بن قیس ..... //
۱۰۰۲۵ ابوسفیان (بےنسبت) ..... //
۱۰۰۲۶ ابوسفیان ۱۷۷
۱۰۰۲۷ ابوسفیان بن ابی وداعہ سھمی ..... //
۱۰۰۲۸ ابوسفیان سدوسی ..... //
۱۰۰۲۹ ابوسفیان بن محصن الاسدی ..... //
۱۰۰۳۰ ابوسفیان قرشی ..... //
۱۰۰۳۱ ابوسفیان بن وھب بن ربیعہ ..... //
۱۰۰۳۲ ابوسکینہ ..... //
۱۰۰۳۳ ابوسلافہ ۱۷۸
۱۰۰۳۴ ابوسلالہ ..... //
۱۰۰۳۵ ابوسلامہ سلامی ۱۷۹
۱۰۰۳۶ ابوسلام ..... //
۱۰۰۳۷ ابوسلامہ ثقفی ..... //
۱۰۰۳۸ ابوسلامہ مسلمی ۱۸۰
۱۰۰۳۹ ابوسلمہ بن سفیان ..... //
۱۰۰۴۰ ابوسلمہ بن عبداسد ..... //
۱۰۰۴۱ ابوسلمہ (بےنسبت) ..... //
۱۰۰۴۲ ابوسلمہ (بےنسبت) ۱۸۱
۱۰۰۴۳ ابوسلمہ ..... //
۱۰۰۴۴ ابوسلمی راعی ..... //
۱۰۰۴۵ ابوسلمی (بےنسبت) ..... //

Marfat.com

۱۰۰۴۶ ابوسلیط انصاری بدری..... ۱۸۲
۱۰۰۴۷ ابوسلیمان ..... //
۱۰۰۴۸ ابوسلیمان ..... //
۱۰۰۴۹ ابوسمح..... //
۱۰۰۵۰ ابوالسمح..... ۱۸۳
۱۰۰۵۱ ابوسنابل بن بعکك ..... //
۱۰۰۵۲ ابوسنان بن وهب ..... //
۱۰۰۵۳ ابوسنان بن محصن ۱۸۴
۱۰۰۵۴ ابوسنان انصاری..... //
۱۰۰۵۵ ابوسنان اشجعی ۱۸۵
۱۰۰۵۶ ابوسنان بن صیفی ..... //
۱۰۰۵۷ ابوسنان عبدی ..... //
۱۰۰۵۸ ابوسنان بن حریث مخزومی ..... //
۱۰۰۵۹ ابوسهل..... ۱۸۶
۱۰۰۶۰ ابوسهل (بےنسبت) ..... //
۱۰۰۶۱ ابوسهله ..... //
۱۰۰۶۲ ابوسود..... //
۱۰۰۶۳ ابوسُوَید انصاری ۱۸۷
۱۰۰۶۴ ابوسُوَید ..... //
۱۰۰۶۵ ابوسیاره متعی..... //
۱۰۰۶۶ ابوسیف القین ۱۸۸
۱۰۰۶۷ ابوسیلان ..... //

القسم الثانی از حرفِ سین ..... //

۱۰۰۶۸ ابوسعد ..... //
۱۰۰۶۹ ابوسعد..... //

القسم الثالث از حرفِ سین ۱۸۹
۱۰۰۷۰ ابوساسان..... //
۱۰۰۷۱ ابوسحیف ..... //
۱۰۰۷۲ ابوسعید مقبری ..... //
۱۰۰۷۳ ابوسعید ..... //
۱۰۰۷۴ ابو سلمه..... //
۱۰۰۷۵ ابو سمال أسدی ..... //
۱۰۰۷۶ ابو سُوَید عبدی ..... //

القسم الرابع از حرفِ سین ۱۹۰

۱۰۰۷۷ ابوسبره نخعی ..... //
۱۰۰۷۸ ابو سعد اعمی..... //
۱۰۰۷۹ ابوسعید بن وهب قُرظی..... //
۱۰۰۸۰ ابوسعید..... //
۱۰۰۸۱ ابو سفینة ..... //
۱۰۰۸۲ ابو سلام أسلمی ..... //
۱۰۰۸۳ ابوسلمه انصاری ۱۹۱
۱۰۰۸۴ ابوسلمه خدری..... //
۱۰۰۸۵ ابوسلیمان ..... //
۱۰۰۸۶ ابو سهلة..... //

حرفِ شین معجمہ

القسم الاول از حرفِ شین..... ۱۹۲
۱۰۰۸۷ ابوشاه یمانی ..... //
۱۰۰۸۸ ابوشباث ..... //
۱۰۰۸۹ ابوشبیب ..... //
۱۰۰۹۰ ابوشجره سلمی ..... //
۱۰۰۹۱ ابوشجره کندی ۱۹۳
۱۰۰۹۲ ابوشجره رهاوی..... //
۱۰۰۹۳ ابوشراك فهری ..... //

Marfat.com

۱۰۰۹۴ ابو شریح خزاعی ..... //
۱۰۰۹۵ ابو شریح حارثی ۱۹۴
۱۰۰۹۶ ابو شریح انصاری ..... //
۱۰۰۹۷ ابو شعیب لحّام ..... //
۱۰۰۹۸ ابو شقرہ تمیمی ۱۹۵
۱۰۰۹۹ ابو شماس بن عمر جذامی ..... //
۱۰۱۰۰ ابو شمر ضبابی ..... //
۱۰۱۰۱ ابو شمر بن ابرھة ..... //
۱۰۱۰۲ ابو شموس بلوی ۱۹۶
۱۰۱۰۳ ابو شمیلہ شنئ ..... //
۱۰۱۰۴ ابو شھم ..... //
۱۰۱۰۵ ابو شھم ۱۹۷
۱۰۱۰۶ ابو شیبہ أنصاری خدری ..... //
۱۰۱۰۷ ابو شیبہ ۱۹۸
۱۰۱۰۸ ابو شیخ بن ابو ثابت ..... //
القسم الثانی از حرفِ شین ..... //
۱۰۱۰۹ ابو شحمہ ..... //
القسم الثالث از حرفِ شین ..... //
۱۰۱۱۰ ابو شجرہ ..... //
۱۰۱۱۱ ابو شداد العمانی ..... //
۱۰۱۱۲ ابو شداد ۱۹۹
۱۰۱۱۳ ابو شراحیل ..... //
۱۰۱۱۴ ابو شریك ..... //
۱۰۱۱۵ ابو شعیب ۲۰۰
۱۰۱۱۶ ابو شمر بن قیس ..... //
۱۰۱۱۷ ابو شھاب ھذلی ..... //
۱۰۱۱۸ ابو شھم تیمی ..... //
۱۰۱۱۹ ابو شیبان ۲۰۱
۱۰۱۲۰ ابو شُیَیم مزنی ..... //
القسم الرابع از حرفِ شین ..... //
۱۰۱۲۱ ابو شبل (بے نسبت) ..... //
۱۰۱۲۲ ابو شجرہ ..... //
۱۰۱۲۳ ابو شُرَیح (بے نسبت) ۲۰۲
۱۰۱۲۴ ابو شریح مصری ..... //
۱۰۱۲۵ ابو شمیر ..... //
۱۰۱۲۶ ابو شھلہ ..... //

حرف صاد مہملہ

القسم الاوّل از حرفِ صاد ۲۰۳
۱۰۱۲۷ ابو صالح ..... //
۱۰۱۲۸ ابو صبرہ ..... //
۱۰۱۲۹ ابو صخر عقیلی ..... //
۱۰۱۳۰ ابو صِرمہ بن ابو قیس ۲۰۴
۱۰۱۳۱ ابو صُعَیر عُذری ..... //
۱۰۱۳۲ ابو صفرہ ..... //
۱۰۱۳۳ ابو صُفرہ ازدی ..... //
۱۰۱۳۴ ابو صفوان ۲۰۶
۱۰۱۳۵ ابو صفوان ..... //
۱۰۱۳۶ ابو صفوان ..... //
۱۰۱۳۷ ابو صفوان ..... //
۱۰۱۳۸ ابو صفیہ ..... //
۱۰۱۳۹ ابو صممہ ۲۰۷
۱۰۱۴۰ ابو صھیب ..... //
القسم الثانی از حرفِ صاد ..... //

Marfat.com

القسم الثالث از حرفِ صاد ..... //
۱۰۱۴۱ ابوصُحار سعدی ..... //
القسم الرابع از حرفِ صاد ..... //
۱۰۱۴۲ ابوصالح ..... //
۱۰۱۴۳ ابوصباح بن نعمان ۲۰۸

حرفِ ضاد معجمہ

القسم الاوّل از حرفِ ضاد ۲۰۹
۱۰۱۴۴ ابوهبیب بلوی ..... //
۱۰۱۴۵ ابوضُبَیس جهنی ..... //
۱۰۱۴۶ ابوضُبَیس بلوی ..... //
۱۰۱۴۷ ابوضحاك ..... //
۱۰۱۴۸ ابوالضحاك ..... //
۱۰۱۴۹ ابوضحاك انصاری ..... //
۱۰۱۵۰ ابوضمره بن عِیص ۲۱۰
۱۰۱۵۱ ابوضمره حمیری ..... //
۱۰۱۵۲ ابوضمیمه ..... //
القسم الثانی از حرفِ ضاد ..... //
القسم الثالث از حرفِ ضاد ..... //
القسم الرابع از حرفِ ضاد ..... //
۱۰۱۵۳ ابوضمضم ..... //

حرفِ طاء

القسم الاوّل از حرفِ طاء ۲۱۲
۱۰۱۵۴ ابوطِخفه ..... //
۱۰۱۵۵ ابوطریف هذلی ..... //
۱۰۱۵۶ ابوطریف ..... //
۱۰۱۵۷ ابوطفیل ..... //
۱۰۱۵۸ ابوطلحه انصاری ۲۱۳
۱۰۱۵۹ ابوطلحه أنصاری ..... //
۱۰۱۶۰ ابوطلحه ..... //
۱۰۱۶۱ ابوطلیق ..... //
۱۰۱۶۲ ابوطویل کندی ۲۱۴
۱۰۱۶۳ ابوطیبه حجام ..... //
القسم الثانی از حرفِ طاء ۲۱۵
القسم الثالث از حرفِ طاء ..... //
۱۰۱۶۴ ابوطفیل ..... //
۱۰۱۶۵ ابوطمحان قینی ..... //
القسم الرابع از حرفِ طاء ..... //
۱۰۱۶۶ ابوطالب بن عبدالمطّلب ..... //
۱۰۱۶۷ ابوطرفه کندی ۲۲۱
۱۰۱۶۸ ابوطریف ..... //

حرفِ ظاء

القسم الاوّل از حرفِ ظاء ۲۲۲
۱۰۱۶۹ ابوظبیان ..... //
۱۰۱۷۰ ابوظَبیه ..... //
القسم الثانی از حرفِ ظاء ۲۲۳
القسم الثالث از حرفِ ظاء ..... //
۱۰۱۷۱ ابوظبیه کلاعی ..... //
القسم الرابع از حرفِ ظاء ..... //

حرفِ عین

القسم الاوّل از حرفِ عین ۲۲۴

Marfat.com

۱۰۱۷۲ ابوعازب ..... //
۱۰۱۷۳ ابوالعاص بن ربیع ..... //
۱۰۱۷۴ ابوعاکیه بن عبید ازدی ۲۲۶
۱۰۱۷۵ ابوعالیه مزنی ..... //
۱۰۱۷۶ ابوعامر أشعری ..... //
۱۰۱۷۷ ابوعامر اشعری ۲۲۷
۱۰۱۷۸ ابوعامر اشعری ۲۲۸
۱۰۱۷۹ ابوعامر ..... //
۱۰۱۸۰ ابوعامر اشعری ..... //
۱۰۱۸۱ ابوعامر ثقفی ..... //
۱۰۱۸۲ ابوعامر سکونی ..... //
۱۰۱۸۳ ابوعامر ۲۲۹
۱۰۱۸۴ ابوعامر ..... //
۱۰۱۸۵ ابوعائشه ..... //
۱۰۱۸۶ ابوعباده انصاری ..... //
۱۰۱۸۷ ابوعباس ..... //

جن کی کنیت ابوعبداللہ ہے اور نام بھی یہی سمجھا جاتا ہے، اسی سے وہ مشہور ہیں

۱۰۱۸۸ ابوعبداللہ أرقم ۲۳۰
۱۰۱۸۹ ابوعبداللہ اشعری ..... //
۱۰۱۹۰ ابوعبداللہ خطمی ..... //
۱۰۱۹۱ ابوعبداللہ اسلمی ..... //
۱۰۱۹۲ ابوعبداللہ قینی ..... //
۱۰۱۹۳ ابوعبداللہ مخزومی ۲۳۱
۱۰۱۹۴ ابوعبداللہ ..... //
۱۰۱۹۵ ابوعبداللہ ..... //
۱۰۱۹۷ ابوعبداللہ (بے نسبت) ۲۳۲
۱۰۱۹۸ ابوعبداللہ ۲۳۳

ان لوگوں کا ذکر جن کی کنیت عبدالرحمٰن ہے، جو ان کا نام سمجھا جاتا ہے اور اس سے مشہور ہو گئے

۱۰۱۹۹ ابوعبدالرحمٰن ..... //
۱۰۲۰۰ ابوعبدالرحمٰن انصاری ..... //
۱۰۲۰۱ ابوعبدالرحمٰن جهنی ..... //
۱۰۲۰۲ ابوعبدالرحمٰن خطمی ۲۳۴
۱۰۲۰۳ ابوعبدالرحمٰن فهری ..... //
۱۰۲۰۴ ابوعبدالرحمٰن قرشی ۲۳۵
۱۰۲۰۵ ابوعبدالرحمٰن قینی ..... //
۱۰۲۰۶ ابوعبدالرحمٰن مخزومی ..... //
۱۰۲۰۷ ابوعبدالرحمٰن المذحجی ..... //
۱۰۲۰۸ ابوعبدالرحمٰن نخعی ۲۳۶
۱۰۲۰۹ ابوعبدالرحمٰن ..... //
۱۰۲۱۰ ابوعبدالعزیز ..... //
۱۰۲۱۱ ابوعبدالملك ..... //
۱۰۲۱۲ ابوعبدالملك ..... //
۱۰۲۱۳ ابوعبد بسوع ۲۳۷
۱۰۲۱۴ ابوعبس بن جبر ..... //
۱۰۲۱۶ ابوعبس بن عامر ..... //
۱۰۲۱۷ ابوعبیداللہ ..... //
۱۰۲۱۸ ابوعبید (بے نسبت) ۲۳۸
۱۰۲۱۹ ابوعبید بن مسعود ..... //
۱۰۲۲۰ ابوعبید زرقی ..... //
۱۰۲۲۱ ابوعبید ۲۳۹
۱۰۲۲۲ ابوعبید ..... //
۱۰۲۲۳ ابوعبیده ..... //

Marfat.com

۱۰۲۲۴ ابوعبیدہ بن جراح فہری ..... //
۱۰۲۲۵ ابوعبیدہ بن عمرو ..... //
۱۰۲۲۶ ابوعبیدہ بن عمارہ ..... //
۱۰۲۲۷ ابوعبیدہ ۲۴۰
۱۰۲۲۸ ابوعبیدہ دیلی ..... //
۱۰۲۲۹ ابوعتاب اشجعی ..... //
۱۰۲۳۰ ابوعثمان انصاری ..... //
۱۰۲۳۱ ابوعثمان حجبی ..... //
۱۰۲۳۲ ابوعثمان بکالی ..... //
۱۰۲۳۳ ابوعدیسہ ۲۴۱
۱۰۲۳۴ ابوعدی ..... //
۱۰۲۳۵ ابوعذرہ ..... //
۱۰۲۳۶ ابوعرس ..... //
۱۰۲۳۷ ابوعربان محاربی ..... //
۱۰۲۳۸ ابوعریب ملیکی ..... //
۱۰۲۳۹ ابوعریض ۲۴۲
۱۰۲۴۰ ابو عزۃ ہذلی ..... //
۱۰۲۴۱ ابوعزیز بن عبدالرحمٰن ۲۴۳
۱۰۲۴۲ ابوعزیز بن جندب ..... //
۱۰۲۴۳ ابوعزیز بن عمیر ..... //
۱۰۲۴۴ ابوعسیب ..... //
۱۰۲۴۵ ابوعسیم ۲۴۴
۱۰۲۴۶ ابوعصیب ..... //
۱۰۲۴۷ ابوعصیر ..... //
۱۰۲۴۳ ابوعطیہ بکری ۲۴۵
۱۰۲۴۹ ابوعطیہ مُزَنی ..... //
۱۰۲۵۰ ابوعطیہ (بے نسبت) ..... //
۱۰۲۵۱ ابوعطیہ ..... //
۱۰۲۵۲ ابوعفیر ۲۴۶
۱۰۲۵۳ ابوعقبہ فارسی ..... //
۱۰۲۵۴ ابوعقبہ ..... //
۱۰۲۵۵ ابوعقبہ ۲۴۷
۱۰۲۵۶ ابوعقرب بکری ..... //
۱۰۲۵۷ ابوعقیل انصاری ..... //
۱۰۲۵۳ ابوعقیل بن لبید ۲۴۸
۱۰۲۵۹ ابوعقیل بلوی ..... //
۱۰۲۶۰ ابوعقیل احمدی ..... //
۱۰۲۶۱ ابوعقیل مُلَیلی ۲۴۹
۱۰۲۶۲ ابوعقیل جعدی ..... //
۱۰۲۶۳ ابوعقیل ..... //
۱۰۲۶۴ ابوعقیل ..... //
۱۰۲۶۵ ابوعکر ..... //
۱۰۲۶۶ ابوعلاء انصاری ۲۵۰
۱۰۲۶۷ ابوعلاء ۲۵۱
۱۰۲۶۸ ابوعلقمہ بن اعور سلمی ..... //
۱۰۲۶۹ ابوعلکثہ ..... //
۱۰۲۷۰ ابوعلیبہ حضرمی ..... //
۱۰۲۷۱ ابوعلی بن عبداللہ ..... //
۱۰۲۷۲ ابوعلی ۲۵۲
۱۰۲۷۳ ابوعلی بن بجیر ..... //
۱۰۲۷۴ ابوعمارہ ..... //
۱۰۲۷۵ ابوعمر ..... //
۱۰۲۷۶ ابوعمر ..... //
۱۰۲۷۷ ابوعمر ..... //

Marfat.com

۱۰۲۷۸ ابوعمر انصاری ۲۵۳
۱۰۲۷۹ ابوعمر بن شیسیم عبدی ..... //
۱۰۲۸۰ ابوعمرو ..... //
۱۰۲۸۱ ابوعمرو ..... //
۱۰۲۸۲ ابوعمرو ..... //
۱۰۲۸۳ ابوعمرو ..... //
۱۰۲۸۴ ابوعمر ..... //
۱۰۲۸۵ ابوعمرو ..... //
۱۰۲۸۶ ابوعمرو بن مغیث ۲۵۴
۱۰۲۸۷ ابوعمرو ..... //
۱۰۲۸۸ ابوعمرو ..... //
۱۰۲۸۹ ابوعمرو ..... //
۱۰۲۹۰ ابوعمرو انصاری ..... //
۱۰۲۹۱ ابوعمرو انصاری ۲۵۵
۱۰۲۹۲ ابوعمرو شیبانی ..... //
۱۰۲۹۳ ابوعمرو نخعی ..... //
۱۰۲۹۴ ابوعمرو ..... //
۱۰۲۹۵ ابوعمرہ انصاری ۲۵۶
۱۰۲۹۶ ابوعمرہ انصاری ..... //
۱۰۲۹۷ ابوعمرہ ..... //
۱۰۲۹۸ ابوعمیر ۲۵۷
۱۰۲۹۹ ابوعمیرہ أزدی ..... //
۱۰۳۰۰ ابوعمیلہ ..... //
۱۰۳۰۱ ابوعنبہ خولانی ..... //
۱۰۳۰۲ ابوعوسجہ الضبیّ ۲۵۸
۱۰۳۰۳ ابوعَوْجَاء ..... //
۱۰۳۰۴ ابوعوف ..... //
۱۰۳۰۵ ابوعویمر اسلمی ۲۵۹
۱۰۳۰۶ ابوعیاش ..... //
۱۰۳۰۷ ابوعیاس ..... //
۱۰۳۰۸ ابوعیسٰی ..... //

القسم الثانی از حرفِ عین ..... //

۱۰۳۰۹ ابوعاصم ..... //
۱۰۳۱۰ ابوعائشہ ..... //
۱۰۳۱۱ ابوعبداللہ ..... //
۱۰۳۱۲ ابوعبدالرحمٰن ..... //
۱۰۳۱۳ ابوعبدالملک ۲۶۰
۱۰۳۱۴ ابوعبدالملک ..... //
۱۰۳۱۵ ابوعتیق ..... //
۱۰۳۱۶ ابوعثمان ..... //
۱۰۳۱۷ ابوعثمان بن عبدالرحمٰن ..... //
۱۰۳۱۸ ابوعمیر ..... //

القسم الثالث از حرفِ عین ..... //

۱۰۳۱۹ ابوعالیہ رباحی ..... //
۱۰۳۲۰ ابوعامر ۲۶۱
۱۰۳۲۱ ابوعائشہ ..... //
۱۰۳۲۲ ابوعبیداللہ صنابحی ..... //
۱۰۳۲۳ ابوعبداللہ جدلی ..... //
۱۰۳۲۴ ابوعبداللہ ..... //
۱۰۳۲۵ ابوعبداللہ ..... //
۱۰۳۲۶ ابوعبداللہ اشعری ..... //
۱۰۳۲۷ ابوعبداللہ قیسی ۲۶۲
۱۰۳۲۸ ابوعبدالرحمٰن ..... //
۱۰۳۲۹ ابوعبدالرحمٰن ..... //

۱۰۷۸۲۲

Marfat.com

۱۰۳۳۰ ابوعثمان اصبحی ..... //
۱۰۳۳۱ ابوعثمان صنعانی ..... //
۱۰۳۳۲ ابوعثمان نهدی ..... //
۱۰۳۳۳ ابوعذبه ..... //
۱۰۳۳۴ ابوعُذره ۲۶۳
۱۰۳۳۵ ابوعریان ..... //
۱۰۳۳۶ ابوعطیه وادعی ..... //
۱۰۳۳۷ ابوعکرمه ..... //
۱۰۳۳۸ ابوعلاء ..... //
۱۰۳۳۹ ابوعمر ..... //
۱۰۳۴۰ ابوعمرو حمیری ۲۶۴
۱۰۳۴۱ ابوعُمیله ..... //
۱۰۳۴۲ ابوعنبس ..... //
۱۰۳۴۳ ابوعیال ..... //
القسم الاوّل از حرفِ عین ۲۶۵
۱۰۳۴۴ ابوعامر انصاری ..... //
۱۰۳۴۵ ابوعامر ثقفی ..... //
۱۰۳۴۶ ابوعامر انصاری ..... //
۱۰۳۴۷ ابوعائشه ۲۶۶
۱۰۳۴۸ ابوعائشه ..... //
۱۰۳۴۹ ابوعبدالله الخطمی ۲۶۷
۱۰۳۵۰ ابوعبدالله (بے نسبت) ..... //
۱۰۳۵۱ ابوعبدالرحمٰن اشعری ..... //
۱۰۳۵۲ ابوعبدالرحمٰن الصنابحی ..... //
۱۰۳۵۳ ابوعبید ۲۶۸
۱۰۳۵۴ ابوعثمان بن سنه ..... //
۱۰۳۵۵ ابوعشراء دارمی ۲۶۹
۱۰۳۵۶ ابوعصیمه انصاری ..... //
۱۰۳۵۷ ابوعقیل ..... //
۱۰۳۵۸ ابوعلاء عامری ..... //
۱۰۳۵۹ ابوعلیط جمحی ۲۷۰
۱۰۳۶۰ ابوعمرو بن حماس ..... //
۱۰۳۶۱ ابوعیسٰی انصاری ..... //

حرفِ غین

القسم الاوّل از حرفِ غین ۲۷۱
۱۰۳۶۲ ابوغادیه جهنی ..... //
۱۰۳۶۳ ابوغادیه مزنی ۲۷۲
۱۰۳۶۴ ابوغادیه ۲۷۳
۱۰۳۶۵ ابوغاضره فقیمی ..... //
۱۰۳۶۶ ابوغزوان ۲۷۴
۱۰۳۶۷ ابوغزوان ..... //
۱۰۳۶۸ ابوغزیه انصاری ..... //
۱۰۳۶۹ ابوغسیل أعمی ۲۷۵
۱۰۳۷۰ ابوغطیف ..... //
۱۰۳۷۱ ابوغلیظ ..... //
۱۰۳۷۲ ابوغنیم ..... //
۱۰۳۷۳ ابوغَوث ..... //
القسم الرابع از حرفِ غین ۲۶۷
۱۰۳۷۴ ابوغلیط ..... //

حرف الفاء

القسم الاوّل از حرفِ فاء ۲۷۷
۱۰۳۷۵ ابوفاطمه ازدی ..... //

Marfat.com

۱۰۳۷۶ ابوفاطمه انصاری ..... //
۱۰۳۷۷ ابوفاطمه لیثی ۲۷۸
۱۰۳۷۸ ابوفاطمه ضمری ..... //
۱۰۳۷۹ ابوفراس اسلمی ..... //
۱۰۳۸۰ ابوفراس اسلمی ..... //
۱۰۳۸۱ ابوفروه ۲۷۹
۱۰۳۸۲ ابوفروه اشجعی ..... //
۱۰۳۸۳ ابوفریعه اسلمی ..... //
۱۰۳۸۴ ابوفسیله ..... //
۱۰۳۸۵ ابوفضاله انصاری ۲۸۰
۱۰۳۸۶ ابوفضل ..... //
۱۰۳۸۷ ابوفوره ..... //
۱۰۳۸۸ ابوفکیهه جهمی ..... //
۱۰۳۸۹ ابوفیل خُزاعی ۲۸۱
القسم الثانی از حرفِ فاء ..... //
القسم الثالث از حرفِ فاء ..... //
۱۰۳۹۰ ابوفالج انماری ..... //
۱۰۳۹۱ ابوفراس نهدی ..... //
۱۰۳۹۲ ابوفرقد ۲۸۲
القسم الرابع از حرفِ فاء ..... //
۱۰۳۹۳ ابوفاخته ..... //
۱۰۳۹۴ ابوفاطمه ضمری ..... //
۱۰۳۹۵ ابومخم بن عمرو ..... //

حرف القاف

القسم الاوّل از حرفِ قاف ۲۸۳
۱۰۳۹۶ ابوقابوس ..... //
۱۰۳۹۷ ابوقاسم انصاری ..... //
۱۰۳۹۸ ابوقاسم ..... //
۱۰۳۹۹ ابوقاسم ..... //
۱۰۴۰۰ ابوقاسم ۲۸۴
۱۰۴۰۱ ابوقبیصه ..... //
۱۰۴۰۲ ابوقتاده بن ربعی انصاری ..... //
۱۰۴۰۳ ابوقتاده سدوسی ۲۸۶
۱۰۴۰۴ ابوقتیله ..... //
۱۰۴۰۵ ابوقحافه ..... //
۱۰۴۰۶ ابوقحافه ..... //
۱۰۴۰۷ ابوقدامه انصاری ..... //
۱۰۴۰۸ ابوقدامه بن حارث ۲۸۷
۱۰۴۰۹ ابوقراد سلمی ..... //
۴۰۴۱۰ ابوقرصافه ..... //
۱۰۴۱۱ ابوقُرّه ..... //
۱۰۴۱۲ ابوقُرّه بن معاویه ۲۸۸
۱۰۴۱۳ ابوقریع ..... //
۱۰۴۱۴ ابوقصم ..... //
۱۰۴۱۵ ابوقطبه بن عمرو ..... //
۱۰۴۱۶ ابوقطن ..... //
۱۰۴۱۷ ابوقُلب ..... //
۱۰۴۱۸ ابوقمراء ..... //
۱۰۴۱۹ ابوقنشر ..... //
۱۰۴۲۰ ابوقیس ۲۸۹
۱۰۴۲۱ ابوقیس بن حارث ..... //
۱۰۴۲۲ ابوقیس بن عمرو ..... //
۱۰۴۲۳ ابوقیس جهنی ..... //

Marfat.com

۱۰۴۲۴ ابوقیس بن معلی ..... //
۱۰۴۲۵ ابوقیس بن أسلت ..... //
۱۰۴۲۶ ابوقیس انصاری ۲۹۱
۱۰۴۲۷ ابوقین حضرمی ۲۹۲
۱۰۴۲۸ ابوقین خزاعی ..... //
القسم الثالث از حرفِ قاف ۲۹۳
۱۰۴۳۱ ابوقتادہ مدلجی ..... //
۱۰۴۳۲ ابوقدامہ ..... //
۱۰۴۳۳ ابوقرعان کندی ..... //
۱۰۴۳۴ ابوقیس بن شمر کندی ..... //
القسم الرابع از حرفِ قاف ..... //
۱۰۴۳۵ ابوقیس بن سائب مخزومی ..... //
۱۰۴۳۶ ابوقیس ..... //

حرف کاف

القسم الاوّل از حرفِ کاف ۲۹۴
۱۰۴۳۷ ابو کاهل احمسی ..... //
۱۰۴۳۸ ابو کاهل ..... //
۱۰۴۳۹ ابو کبشہ انمار مذحجی ۲۹۵
۱۰۴۴۰ ابو کبشہ ..... //
۱۰۴۴۱ ابو کبشہ ..... //
۱۰۴۴۲ ابو کبیر ۲۹۶
۱۰۴۴۳ ابو کثیر ..... //
۱۰۴۴۴ ابو کریمہ ..... //
۱۰۴۴۵ ابو کعب أسدی ..... //
۱۰۴۴۶ ابو کعب ۲۹۷
۱۰۴۴۷ ابو کعب حارثی ..... //
۱۰۴۴۸ ابو کلاب بن ابو صعصعہ ..... //
۱۰۴۴۹ ابو کلیب بن عمرو ..... //
۱۰۴۵۰ ابو کلیب ۲۹۸
۱۰۴۵۱ ابو کنود ..... //
۱۰۴۵۲ ابو کیسان ..... //
القسم الثانی از حرفِ کاف ..... //
۱۰۴۵۳ ابو کثیر ..... //
القسم الثالث از حرفِ کاف ..... //
۱۰۴۵۴ ابو کبیر ..... //
۱۰۴۵۵ ابو کنود ازدی کوفی ..... //
۱۰۴۵۶ ابو کیسان ..... //
۱۰۴۵۷ ابو کیسبہ ..... //
القسم الرابع از حرفِ کاف ۲۹۹
۱۰۴۵۸ ابو کبیر ..... //
۱۰۴۵۹ ابو کرز ..... //
۱۰۴۶۰ ابو کلیب جهنی ۳۰۰

حرف لام

القسم الاوّل از حرفِ لام ۳۰۱
۱۰۴۶۱ ابولاس مهملہ خزاعی ..... //
۱۰۴۶۲ ابولبابہ بن عبدالمنذر ..... //
۱۰۴۶۳ ابولبابہ (مولا رسول اللہ ﷺ) ۳۰۲
۱۰۴۶۴ ابولبابہ اسلمی ..... //
۱۰۴۶۵ ابولبیبہ اشهلی ..... //
۱۰۴۶۶ ابولجا ۳۰۳
۱۰۴۶۷ ابولقیط (مولا رسول اللہ ﷺ) ..... //
۱۰۴۶۸ ابولیلیٰ ..... //

Marfat.com

۱۰۴۶۹ ابولیلیٰ انصاری (عبدالرحمٰن کے والد) ..... //
۱۰۴۷۰ ابولیلی ۳۰۴
۱۰۴۷۱ ابولیلی ..... //
۱۰۴۷۲ ابولیلی خزاعی ..... //
۱۰۴۷۳ ابولیلیٰ اشعری ۳۰۵
۱۰۴۷۴ ابولیلی (صحابیٔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) ..... //
۱۰۴۷۵ ابولیلی غفاری ..... //
القسم الثانی از حرفِ لام ..... //
القسم الثالث از حرفِ لام ..... //
۱۰۴۷۶ ابولیلی ..... //
القسم الرابع از حرفِ لام ..... //
۱۰۴۷۷ ابی اللحم غفاری ..... //

حرف میم

القسم الاوّل از حرفِ میم ۳۰۶
۱۰۴۷۸ ابومالك اشعری ..... //
۱۰۴۷۹ ابومالك اشعری ..... //
۱۰۴۸۰ ابومالك اشعری ..... //
۱۰۴۸۱ ابومالك انصاری ..... //
۱۰۴۸۲ ابومالك حنظلی ..... //
۱۰۴۸۳ ابومالك عامری ..... //
۱۰۴۸۴ ابومالك فزاری ..... //
۱۰۴۸۵ ابومالك خثعمی ..... //
۱۰۴۸۶ ابومالك جعدی ..... //
۱۰۴۸۷ ابومالك اشجعی ۳۰۷
۱۰۴۸۸ ابومالك اسلمی ..... //
۱۰۴۸۹ ابومالك قرظی (ثعلبہ کے والد) ..... //
۱۰۴۹۰ ابومالك نخعی ..... //
۱۰۴۹۱ ابومالك عبدی ..... //
۱۰۴۹۲ ابومالك (بے نسبت) ۳۰۸
۱۰۴۹۳ ابومالك (بے نسبت) ..... //
۱۰۴۹۴ ابومالك (بے نسبت) ..... //
۱۰۴۹۵ ابوالمجبر ۳۰۹
۱۰۴۹۶ ابومجزأة اسلمی ..... //
۱۰۴۹۷ ابومجیبه ..... //
۱۰۴۹۸ ابومحجن ثقفی ..... //
۱۰۴۹۹ ابومحذوره مؤذن ۳۱۳
۱۰۵۰۰ ابومحصن اشعری ..... //
۱۰۵۰۱ ابومحمد انصاری ..... //
۱۰۵۰۲ ابومحمد ۳۱۴
۱۰۵۰۳ ابومحرّث ..... //
۱۰۵۰۴ ابومخارق ..... //
۱۰۵۰۵ ابومخشی طائی ..... //
۱۰۵۰۶ ابومخشی (دوسرے) ..... //
۱۰۵۰۷ ابومدینه دارمی ..... //
۱۰۵۰۸ ابومذکر راقی ..... //
۱۰۵۰۹ ابومذکور انصاری ۳۱۵
۱۰۵۱۰ ابوالمرازم ..... //
۱۰۵۱۱ ابومرازم ..... //
۱۰۵۱۲ ابومراوح اللیثی ..... //
۱۰۵۱۳ ابومرثد الغنوی ..... //
۱۰۵۱۴ ابومرحب سوید ..... //
۱۰۵۱۵ ابومرحب ..... //
۱۰۵۱۶ ابومرّہ طائفی ۳۱۶

Marfat.com

۱۰۵۱۷ ابومرہ بن عروہ بن مسعود ثقفی ..... //
۱۰۵۱۸ ابومرّہ (بے نسبت) ..... //
۱۰۵۱۹ ابومرّہ مولا عباس ..... //
۱۰۵۲۰ ابومروان اسلمی ..... //
۱۰۵۲۱ ابومریم الجهنی ۳۱۷
۱۰۵۲۲ ابومریم الجهنی ..... //
۱۰۵۲۳ ابومریم السلولی ..... //
۱۰۵۲۴ ابومریم الکندی ..... //
۱۰۵۲۵ ابومریم غسّانی ..... //
۱۰۵۲۶ ابومریم فلسطینی ازدی ۳۱۸
۱۰۵۲۷ ابوالمساکین ۳۱۹
۱۰۵۲۸ ابومسعود بدری ..... //
۱۰۵۲۹ ابومسعود بن مسعود غفاری ..... //
۱۰۵۳۰ ابومسلم اهبان بن صیفی غفار ..... //
۱۰۵۳۱ ابومسلم ..... //
۱۰۵۳۲ ابومسلم الجلیلی ..... //
۱۰۵۳۳ ابومسلم خزاعی ..... //
۱۰۵۳۴ ابومسلم المرادی ..... //
۱۰۵۳۵ ابومصبح الهرمی ..... //
۱۰۵۳۶ ابومصرف ..... //
۱۰۵۳۷ ابومصعب اسلمی ۳۲۰
۱۰۵۳۸ ابومطرف ..... //
۱۰۵۳۹ ابومعاذ ..... //
۱۰۵۴۰ ابومعاویه دئلی ..... //
۱۰۵۴۱ ابومعبد بن حزن بن ابی وهب المخزومی //
۱۰۵۴۲ ابومعبد خزاعی ..... //
۱۰۵۴۳ ابومعتب بن عمرو اسلمی ..... //
۱۰۵۴۴ ابومعدان ۳۲۱
۱۰۵۴۵ ابومعقل الاسدی ..... //
۱۰۵۴۶ ابومعقل (بے نسبت) ۳۲۲
۱۰۵۴۷ ابومعقل بن نهیك ..... //
۱۰۵۴۸ ابومعلق انصاری ..... //
۱۰۵۴۹ ابوالمعلی بن لوذان انصاری ۳۲۳
۱۰۵۵۰ ابوالمعلی السلمی ..... //
۱۰۵۵۱ ابومعمر (بے نسبت) ۳۲۴
۱۰۵۵۲ ابومعن ..... //
۱۰۵۵۳ ابومعن ..... //
۱۰۵۵۴ ابومغیث جهنی ..... //
۱۰۵۵۵ ابومغیث اسلمی ..... //
۱۰۵۵۶ ابومُکرَم الاسلمی ..... //
۱۰۵۵۷ ابومُکعِت الاسدی الفقعسی ..... //
۱۰۵۵۸ ابومکنف ۳۲۵
۱۰۵۵۹ ابوملقام تَلِب العنبری ..... //
۱۰۵۶۰ ابوالملیح بن عروه ..... //
۱۰۵۶۱ ابوالملیح الهَدَادِی (تشدید کے بغیر ہے) .... //
۱۰۵۶۲ ابوالملیح الهذلی ۳۲۶
۱۰۵۶۳ ابوملیکة ذماریّ ..... //
۱۰۵۶۴ ابوملیکه ..... //
۱۰۵۶۵ ابوملیکه الکندی ..... //
۱۰۵۶۶ ابوملیکه ۳۲۷
۱۰۵۶۷ ابوملیك، سلیك بن الاغر ..... //
۱۰۵۶۸ ابومُلَیل بن الازعر ..... //
۱۰۵۶۹ ابوالمنتفق ..... //
۱۰۵۷۰ ابوالمنتفق ..... //

Marfat.com

۱۰۵۷۱ ابو المنذر ۳۲۸
۱۰۵۷۲ ابو المنذر الجهنی ..... //
۱۰۵۷۳ ابو المنذر (بے نسبت) ..... //
۱۰۵۷۴ ابو منصور فارسی ۳۲۹
۱۰۵۷۵ ابو منظور (بے نسبت) ..... //
۱۰۵۷۶ ابو منفعة الحنفی (فا سے) ..... //
۱۰۵۷۷ ابو مِنفعه (قاف سے) الانماری ۳۳۰
۱۰۵۷۸ ابو المنهال (بے نسبت) ..... //
۱۰۵۷۹ ابو المنیب الکلبی ..... //
۱۰۵۸۰ ابو المهاجر (بے نسبت) ..... //
۱۰۵۸۱ ابو موسٰی اشعری ..... //
۱۰۵۸۲ ابو موسٰی انصاری ..... //
۱۰۵۸۳ ابو موسٰی الحکمی ۳۳۱
۱۰۵۸۴ ابو موسٰی الغافقی ..... //
۱۰۵۸۵ ابو مؤمّل ۳۳۲
۱۰۵۸۶ ابو مویهبه ..... //
القسم الثانی از حرفِ میم ۳۳۳
۱۰۵۸۷ ابو محمد ..... //
۱۰۵۸۸ ابو مراوح الغفاری ..... //
القسم الثالث از حرفِ میم ..... //
۱۰۵۸۹ ابو محرز البکری ..... //
۱۰۵۹۰ ابو محمد فقعسی الراجز ..... //
۱۰۵۹۱ ابو مخشی نمیری ..... //
۱۰۵۹۲ ابو مرثد خولانی ۳۳۴
۱۰۵۹۳ ابو مریم ..... //
۱۰۵۹۴ ابو مریم حنفی یمامی ..... //
۱۰۵۹۵ ابو مریم الخصی ..... //
۱۰۵۹۶ ابو مریم کندی ..... //
۱۰۵۹۷ ابو مسافع (بے نسبت) ۳۳۵
۱۰۵۹۸ ابو مسلم خولانی ..... //
۱۰۵۹۹ ابو مسلم الجلیلی ..... //
۱۰۶۰۰ ابو مشجعة بن ربعی الجُهَنی ۳۳۶
۱۰۶۰۱ ابو معبد الجهنی ..... //
۱۰۶۰۲ ابو مغرز تمیمی ..... //
۱۰۶۰۳ ابو المقشَعِرّ ۳۳۷
۱۰۶۰۴ ابو المهلب الجرمی ..... //
۱۰۶۰۵ ابو مَیْسره ..... //
القسم الرابع از حرفِ میم ..... //
۱۰۶۰۶ ابو مالك غفاری ..... //
۱۰۶۰۷ ابو مالك دمشقی ۳۳۸
۱۰۶۰۸ ابو مبتذر ..... //
۱۰۶۰۹ ابو المبتذل ..... //
۱۰۶۱۰ ابو المتوکل ..... //
۱۰۶۱۱ ابو محرز بن زاهر ۳۳۹
۱۰۶۱۲ ابو محمد ..... //
۱۰۶۱۳ ابو مخارق ..... //
۱۰۶۱۴ ابو مرحب ۳۴۰
۱۰۶۱۵ ابو مسعود بن عمرو ..... //
۱۰۶۱۶ ابو مسلم اشعری ..... //
۱۰۶۱۷ ابو مصعب اسدی ..... //
۱۰۶۱۸ ابو مصعب انصاری ..... //
۱۰۶۱۹ ابو معن ..... //
۱۰۶۲۰ ابو معشر الاشج ۳۴۱
۱۰۶۲۱ ابو مِلْحه ..... //

Marfat.com

۱۰۶۲۲ ابوالمنذر ..... //
۱۰۶۲۳ ابوالمهلب ..... //
۱۰۶۲۴ ابومیسره ۳۴۲

حرف نون

القسم الاوّل از حرفِ نون ۳۴۳
۱۰۶۲۵ ابونافع ..... //
۱۰۶۲۶ ابونافع ..... //
۱۰۶۲۷ ابونائله انصاری ..... //
۱۰۶۲۸ ابونبقه بن عبدالمطلب ۳۴۴
۱۰۶۲۹ ابوالنجم (بےنسبت) ..... //
۱۰۶۳۰ ابونجیح ..... //
۱۰۶۳۱ ابونجیح عبسی ۳۴۵
۱۰۶۳۲ ابونجیح السلمی ..... //
۱۰۶۳۳ ابونجیح ..... //
۱۰۶۳۴ ابونجیح ..... //
۱۰۶۳۵ ابونجید (تصغیر) ..... //
۱۰۶۳۶ ابوبجیله ..... //
۱۰۶۳۷ ابونخیله اللهبی (تصغیر) ۳۴۶
۱۰۶۳۸ ابونضره ..... //
۱۰۶۳۹ ابونضره ۳۴۷
۱۰۶۴۰ ابونضیره ..... //
۱۰۶۴۱ ابونضیر ..... //
۱۰۶۴۲ ابونعمان ..... //
۱۰۶۴۳ ابونعمان الازدی ..... //
۱۰۶۴۴ ابوالنعمان ..... //
۱۰۶۴۵ ابوالنعمان بن ابی النعمان ۳۴۸
۱۰۶۴۶ ابونعیم ..... //
۱۰۶۴۷ ابونم الکنانی ..... //
۱۰۶۴۸ ابونمله انصاری ..... //
۱۰۶۴۹ ابونمله (دوسرے) ۳۴۹
۱۰۶۵۰ ابونهیك انصاری اشهلی ..... //
۱۰۶۵۱ ابونیرز ..... //
القسم الثانی از حرفِ نون ۳۵۰
القسم الثالث از حرفِ نون ..... //
۱۰۶۵۲ ابونجیح مکی ..... //
۱۰۶۵۳ ابوالنعمان حجر بن عمرو ..... //
۱۰۶۵۴ ابوالنعمان (بےنسبت) ..... //
۱۰۶۵۵ ابونخیله العکلی ..... //
۱۰۶۵۶ ابونمر بن عویف ..... //
القسم الرابع از حرفِ نون ..... //
۱۰۶۵۷ ابونجیح العبسی ..... //
۱۰۶۵۸ ابونصر هلالی ۳۵۱
۱۰۶۵۹ ابونصر سلمی ..... //

حرف الهاء

القسم الاوّل از حرفِ الهاء ۳۵۲
۱۰۶۶۰ ابوهارون ..... //
۱۰۶۶۱ ابوهاشم ..... //
۱۰۶۶۲ ابوهاله تیمی ۳۵۳
۱۰۶۶۳ ابوهانئ ..... //
۱۰۶۶۴ ابوهبیره ..... //
۱۰۶۶۵ ابوهبیره بن حارث ..... //
۱۰۶۶۶ ابوهبیره انصاری (بےنسبت) ..... //

Marfat.com

۱۰۶۶۷ ابوهدم بن الحضرمی ۳۵۴
۱۰۶۶۸ ابوهدمه انصاری ..... //
۱۰۶۶۹ ابوهذیل (بےنسبت) ..... //
۱۰۶۷۰ ابوهراسه ..... //
۱۰۶۷۱ ابوهریره بن عامر بن عبد ذی الشری ..... //
۱۰۶۷۲ ابوهلال الکلبی ۳۶۵
۱۰۶۷۳ ابوهند ۳۶۶
۱۰۶۷۴ ابوهند الحجام ..... //
۱۰۶۷۵ ابوهند الداری ۳۶۷
۱۰۶۷۶ ابوهند (مولا النبی ﷺ) ..... //
۱۰۶۷۷ ابوهنیده ۳۶۸
۱۰۶۷۸ ابوهود ..... //
۱۰۶۷۹ ابوالهیثم ..... //
۱۰۶۸۰ ابوالهیثم بن التیهان ..... //
۱۰۶۸۱ ابوالهیثم ۳۶۹
۱۰۶۸۲ ابوالهیثم ..... //
۱۰۶۸۳ ابوالهیثم (جنات میں سے ایک) ۳۷۰
۱۰۶۸۴ ابوهیصم مزنی ..... //
القسم الثانی از حرفِ الهاء ..... //
۱۰۶۸۵ ابوهارون ..... //
القسم الثالث از حرفِ الهاء ..... //
۱۰۶۸۶ ابوهاشم بن مسعود ..... //
القسم الرابع از حرفِ الهاء ..... //
۱۰۶۸۷ ابوهاشم (مولا رسول اللہ ﷺ) ..... //
۱۰۶۸۸ ابوهاشم نافع ۳۷۱
۱۰۶۸۹ ابوهند انصاری ..... //
۱۰۶۹۰ ابوهند البجلی ..... //

حرف واؤ

القسم الاوّل از حرفِ واؤ ۳۷۲
۱۰۶۹۱ ابوواثله الهذلی ..... //
۱۰۶۹۲ ابوواقد لیثی ..... //
۱۰۶۹۳ ابوواقد (مولا النبی ﷺ) ۳۷۳
۱۰۶۹۴ ابوواقد ..... //۳۷۴
۱۰۶۹۵ ابوواقد نمیری ..... //
۱۰۶۹۶ ابووَحْوَح انصاری ..... //
۱۰۶۹۷ ابووداعه السهمی ..... //
۱۰۶۹۸ ابوودیعه ..... //
۱۰۶۹۹ ابوالورد المازنی ..... //
۱۰۷۰۰ ابوالورد بن قیس ۳۷۵
۱۰۷۰۱ ابوالورد (بےنسبت) ..... //
۱۰۷۰۲ ابوالوصل ..... //
۱۰۷۰۳ ابوالوقاص (بےنسبت) ..... //
۱۰۷۰۴ ابوالولید ۳۷۶
۱۰۷۰۵ ابووهب الجشمی ..... //
۱۰۷۰۶ ابووهب ۳۷۷
۱۰۷۰۷ ابووهب الجیشانی ..... //
۱۰۷۰۸ ابووهب انصاری ..... //
۱۰۷۰۹ ابووهب الکلبی ..... //
القسم الثانی از حرفِ واؤ ..... //
۱۰۷۱۰ ابوالولید ..... //
القسم الثالث از حرفِ واؤ ..... //
۱۰۷۱۱ ابووائل ..... //
۱۰۷۱۲ ابووَجْزه سعدی ..... //

Marfat.com

القسم الرابع از حرفِ واؤ ۳۷۸
۱۰۷۱۳ ابووَدیعه (بےنسبت) ..... //

حرف یاء

القسم الاوّل از حرفِ یاء ۳۷۹
۱۰۷۱۴ ابویحییٰ ..... //
۱۰۷۱۵ ابویحییٰ ..... //
۱۰۷۱۶ ابویحییٰ ..... //
۱۰۷۱۷ ابویحییٰ ..... //
۱۰۷۱۸ ابویحییٰ ..... //
۱۰۷۱۹ ابویحییٰ ..... //
۱۰۷۲۰ ابویحییٰ ..... //
۱۰۷۲۱ ابویحییٰ انصاری ..... //
۱۰۷۲۲ ابویحییٰ انصاری ..... //
۱۰۷۲۳ ابویربوع ۳۸۰
۱۰۷۲۴ ابویزید ..... //
۱۰۷۲۵ ابویزید ..... //
۱۰۷۲۶ ابویزید ..... //
۱۰۷۲۷ ابویزید ..... //
۱۰۷۲۸ ابویزید ..... //
۱۰۷۲۹ ابویزید ..... //
۱۰۷۳۰ ابویزید ..... //
۱۰۷۳۱ ابویزید بن عمرو الجذامی ..... //
۱۰۷۳۲ ابویزید (حکیم کے والد) ..... //
۱۰۷۳۳ ابویزید اللقیطی ۳۸۱
۱۰۷۳۴ ابویزید النمیری ..... //
۱۰۷۳۵ ابوالیسر انصاری ..... //
۱۰۷۳۶ ابوالیسع ۳۸۲
۱۰۷۳۷ ابویعقوب ..... //
۱۰۷۳۸ ابویعلی ..... //
۱۰۷۳۹ ابوالیقظان (بےنسبت) ..... //
۱۰۷۴۰ ابوالیقظان ..... //
۱۰۷۴۱ ابوالیمان ..... //
۱۰۷۴۲ ابویوسف ..... //
۱۰۷۴۳ ابویونس ظفری ۳۸۳
القسم الثانی از حرفِ یاء ..... //
۱۰۷۴۴ ابویحییٰ ..... //
القسم الثالث از حرفِ یاء ..... //
۱۰۷۴۵ ابویحییٰ (بےنام ونسبت) ..... //
۱۰۷۴۶ ابویزید سعدی ..... //
القسم الرابع از حرفِ یاء ..... //
۱۰۷۴۷ ابویحییٰ ..... //
۱۰۷۴۸ ابویزید النمیری ..... //
۱۰۷۴۹ ابویزید بن ابی مریم ۳۸۴

Marfat.com

Marfat.com

عرضداشت مترجم

نحمدهٗ و نصلی علی رسوله الکریم و اله و صحبه و علی من علّمنا.

قارئین کرام! ''الاصابہ فی تمییز الصحابہ'' کی یہ آخری جلد ہے جس میں کنیتوں کا ذکر ہے جزء اوّل میں رجال (حضرات) کے حالات ہیں اور جزء ثانی میں نساء (خواتین) کے تذکرے ہیں۔ کنیت ایسا نام ہوتا ہے جو اولاد کی نسبت سے اصل نام کی جگہ لیا جاتا ہے۔ بسا اوقات اولاد کے بغیر بلکہ جانوروں اور بے جان اشیاء تک کی کنیت رکھی جاتی ہے۔ جس کی چند ایک مثالیں ملاحظہ ہوں۔ مثلاً ابوحفص، ابوہریرہ، ابوکبشہ، ابوتراب وغیرہ۔ مصنف نے جن حضرات وخواتین کے حالات ناموں میں تفصیل سے بیان کردیئے ہیں کنیتوں میں ان کی طرف صرف اشارہ کیا ہے کہ ناموں میں تذکرہ ہوا ہے: قد تقدم فی الاسماء۔ اور جو ناموں میں وضاحت سے بیان نہیں ہوئے، ان کا تذکرہ کنیتوں میں تفصیل سے کیا ہے، جیسے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ۔

مصنف اکثر ''قال ابواحمد الحاکم: فی الکنی، و ذکر البخاری فی الکنی'' لکھتے ہیں: اس سے یہی کنیتیں مراد ہوتی ہیں کنیة کی جمع کنی آتی ہے۔ بعض کنیتیں اکیلی ہوتی ہیں انہیں ''الکنی المجردہ'' کہا جاتا ہے۔ کتاب میں بار بار آپ کو ''استدراک'' کا لفظ ملے گا، اس سے مراد اصل مصنف سے جو چیزیں کتاب کا حصہ بنانے سے رہ گئیں انہیں بعد کا کوئی شخص اس کی کتاب پر اضافہ کر کے لکھ دیتا ہے، جیسے المستدرك حاکم ہے۔ و صلی اللّٰه تعالٰی علی رسوله الکریم. آمین!

فقط عامر شہزاد علوی

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

کنیتوں کا بیان

حرف ہمزہ

قسم اوّل

۹۴۸۰ ابوامیّہ الفزاری*

نہ کسی نے ان کا نام بتایا اور نہ نسب، ابونعیم اور یحییٰ بن معین کہتے ہیں: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ امام احمد* اور بغوی رحمۃ اللہ علیہما نے ابوجعفر الفراء کی سند سے نقل کیا ہے، فرمایا: میں نے ابوامیہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سینگی لگواتے دیکھا، اس کی سند قوی ہے، اسے سمویہ نے اپنے ''فوائد'' میں اور ابوعلی بن السکن اور دیگر لوگوں نے اس سلسلے سے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کیا ہے۔

بغوی کہتے ہیں: کسی نے ان کا نسب بیان نہیں کیا اور ان سے صرف یہ حدیث مروی ہے، ابوجعفر ان سے روایت کرنے میں متفرد ہیں ابوجعفر ثقہ ہیں اس نام کے متعلق اکثر علماء کہتے ہیں کہ مدّ اور میم کے زیر سے ہے جس کے بعد نون ہے۔ ابن عبدالبر نے ذکر کیا ہے کہ ابواحمد حاکم نے کنیتوں میں، پیش میم کے زبر اور آخر میں یائے مشددہ سے ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں: یہ کچھ بھی نہیں۔

میں کہتا ہوں: ابواحمد نے دوجگہ اس کا ذکر کیا ہے، پہلا مقام دوسرے کی طرح ہے، جبکہ انہوں نے الفزاری نہیں کہا، بلکہ یوں کہا ہے: انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پچھنے لگواتے دیکھا، پھر مذکورہ حدیث ذکر کی۔ اور دوسری، حرف الف کے ''افراد'' میں ہے اور الفزاری، ابن الاثیر* نے یہ گمان کیا ہے کہ ابوعمرو نے ان کا دوجگہ ذکر کیا ہے، وہاں بھی میں نے ایسا دیکھا ہے جیسا کہ میں نے ذکر کیا۔ ابن شاہین کو اس میں تردد ہے۔ اور ابن مندہ نے اس میں اختلاف ذکر کیا ہے اور اس بات کو درست قرار دیا ہے کہ یہ مد اور نون سے ہے اور ابن فتحون نے کہا ہے: میں نے ''ابن مُؤَرِّج'' کی اصل کتاب میں، ابن السکن کی کتاب سے منقول: أمَنَة الف کے فتحہ اور میم سے بغیر مد کے لکھا دیکھا ہے۔

میں کہتا ہوں: ان کا بغیر مد کے کہنا، اگر الف کی زیادتی واضافہ مراد ہے تو ٹھیک ورنہ ان کا قول ترکِ مدّ میں کوئی صریح

---

* اسد الغابہ (ت: ٥٦٥٧) تجرید اسماء الصحابۃ (١٤٥/٢)
* اخرجہ الامام احمد فی مسندہ (الحدیث: ٣١٠/٤).
* اسد الغابۃ (٣٦٧/٤)

Marfat.com

اور حرفِ آخر نہیں ہے۔

۹۴۸۱ ابوامیّہ

یہ دوسرے ہیں، جن لوگوں کی کنیت ابوآمنہ ہے، ان میں تذکرہ آئے گا۔

۹۴۸۲ ابوابراھیم*

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے غلام ہیں۔ الحسن بن سفیان نے اپنی مسند میں ان کا ذکر کیا ہے اور یونس بن ابی اسحاق کی سند سے ان کے والد سے ابوابراہیم سے روایت کی ہے، فرمایا: ''(بچپن میں) قیس حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا غلام تھا۔ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بستر پر رات بسر کرتا اور آپ کے برتن سے وضو کرتا''۔*

ابونعیم نے ان کی سند سے اور ابوموسیٰ نے بھی نقل کیا ہے، اس کی سند قوی ہے جبکہ باوردی نے اس سے مکمل روایت ذکر کی ہے، اس کے بعد ہے: ''پھر جب میں بالغ ہوگیا تو آپ نے مجھے آزاد کر دیا، اور فرمایا: ایسی جگہ چلے جاؤ کہ مجھے نظر نہ آؤ''۔ اگر اس روایت کے کسی سلسلے میں اس بات کی وضاحت ہوتی کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تھے (تب تو ان کا صحابی ہونا مانا جاتا) لیکن اس کا بس احتمال ہے۔

۹۴۸۳ ابوابراھیم (بغیر منسوب)

طبرانی اور عثمانی نے ان کا صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کیا ہے اور دونوں نے جریر بن حازم کی سند سے ابوابراہیم سے نقل کیا ہے، فرمایا: میری ان سے مکہ میں ۱۰۴ھ میں ملاقات ہوئی۔ انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے، پھر انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''میں نے ارادہ کرلیا کہ صرف چار قبیلوں سے ہدیہ قبول کروں: قریشی، انصاری، ثقفی یا دوسی سے''۔* اس کی سند میں محمد بن یونس کدیمی ہے جو ضعیف ہے اور اس روایت میں وہ متفرد بھی ہے، شاید یہ بعد والے ہوں۔

۹۴۸۴ ابوابراھیم الحجبی*

بنی شیبہ سے ان کا تعلق ہے، ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور سعید بن میسرہ کی سند سے ابراہیم بن ابی ابراہیم الحجبی سے نقل کیا اور انہوں نے اپنے والد سے نقل کیا فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ میرے لیے گھر تعمیر کرو''۔* ذہبی* فرماتے ہیں: ان کے صحابی ہونے کے بارے میں تردد ہے، بات وہی ہے جو ذہبی نے کہی، کیونکہ روایت میں اس کی

---

* اسد الغابہ (ت: ٥٦٥٩) تجرید اسماء الصحابہ (١٤٦/٢٢)
* ذکر ابن کثیر فی جامع المسانید والسنن (٥/٣) و ذکرہ ابن الاثیر فی اسد الغابہ (٣٦٧/٤)
* ذکرہ الھیثمی فی مجمع الزوائد (الحدیثغ ١٤٨/٤) والطبرانی فی المعجم الکبیر (الحدیث: ١٨/١١) والزبیدی فی اتحاف السادۃ المتقین (٢٩٧/٩)
* اسد الغابۃ (ت: ٥٦٥٨) تجرید اسماء الصحابۃ (١٤٦/٢)
* ذکرہ ابن الاثیر فی اسد الغابۃ (٣٦٧/٤) * التجرید (١٤٦/٢)

Marfat.com

وضاحت کے لیے کوئی چیز نہیں اور سعید ضعیف بھی ہے۔

۹۴۸۵ ابو ابیّ ابن امرأة عبادة بن الصامت*

عبداللہ بن عمرو بن قیس بن زید الانصاری ہیں۔ بعض عبداللہ بن ابی اور بعض ابن کعب کہتے ہیں، عبادہ رضی اللہ عنہ کی بہن کے بیٹے ہیں بعض عبادہ کے بھتیجے بتاتے ہیں۔ ابن حبان نے ذکر کیا ہے کہ ان کا نام شمعون ہے، ابوعمر نے ان لوگوں کے قول کو غلط قرار دیا ہے، جو کہتے ہیں کہ ان کا نام عبداللہ بن ابی ہے، فرماتے ہیں: وہ تو عبداللہ بن ابوابی ہیں۔

یحییٰ بن مندہ نے کہا ہے کہ فلسطین میں سب سے آخری جو صحابی فوت ہوئے یہ ہیں۔ عبادلہ میں ان کا تذکرہ گزر چکا ہے، ان کے والد کے نام میں اختلاف ہے، بغوی وغیرہ نے ابراہیم بن عبلہ کی سند سے ان کی حدیث نقل کی ہے۔

۹۴۸۶ ابو ابیّ

ذہبی نے بقی بن مخلد کی مسند سے ذکر کیا ہے کہ اس میں ان کی دو حدیثیں ہیں۔ اور یہ ان لوگوں میں ہیں جنہوں نے دونوں قبلوں کی جانب نماز پڑھی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے، آپ نے فرمایا: ''سنا اور شہد کا استعمال کیا کرو ان میں سوائے موت کے ہر بیماری کی شفاء ہے''۔* میرے خیال میں یہ پہلے والے ہیں۔

۹۴۸۷ ابواثیلہ*

الف کے زبر، زیر پیش سے تصغیر ہے۔ وہ راشد اسلمی ہیں۔ اسماء میں گزر چکا ہے۔ ابوعمر نے نقل کیا ہے کہ وہ ابوواثلہ ہیں بغیر تصغیر۔ ابن الاثیر* نے ابواثیلہ بن راشد لکھا ہے جو وہم ہے راشد تو ان کے بیٹے کا نام ہے۔

۹۴۸۸ ابواثیلہ (دوسرے)

ابن الجوزی نے ''تنقیح'' میں ان کا ذکر کیا ہے اور ان کے متعلق کہا ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام تھے۔

۹۴۸۹ ابواحمد بن جحش الاسدی*

ام المومنین زینب رضی اللہ عنہا کے بھائی، ان کا نام ''عبد'' بغیر اضافت ہے۔ بعض نے عبداللہ کہا ہے۔ ابن کثیر سے نقل کیا ہے،

---

* اسد الغابۃ (ت: ٥٦٦٠) تجرید اسماء الصحابہ (١٤٦/٢)
* اخرجہ ابن ماجہ فی کتاب الطب باب السنا والسنّوت (الحدیث: ٣٤٥٧)
الحاکم فی المستدرک (٢٠/٤) ابن ابی عاصم فی السلسلۃ الصحیحۃ (الحدیث: ١٧٩٨)
والنہدۃ فی کنز العمال (الحدیث: ٢٨٢٧١ و ٢٨٢٦٧) الہیثمی فی مجمع الزوائد (الحدیث: ٨٣٠٩)
الطبرانی فی المعجم الکبیر (الحدیث: ٣٩٨/٣٣) ذہبی فی الطب النبوی (١٨/١)
* اسد الغابہ (ت: ٥٦٦١) تجرید اسماء الصحابہ (١٤٦/٢)
* اسد الغابہ (٣٦٨/٤)
* اسد الغابۃ (ت: ٥٦٦٢) تجرید اسماء الصحابۃ (١٤٦/٢)

Marfat.com

علماء نے کہا: یہ وہم ہے البتہ اس پر اتفاق ہے کہ وہ سابقین اوّلین سے ہیں، بعض کا قول ہے کہ انہوں نے حبشہ ہجرت کی، پھر مدینہ ہجرت کر کے آئے، بلاذری نے ان کی حبشہ کی جانب ہجرت کا انکار کیا ہے، اور کہا ہے کہ انہوں نے حبشہ ہجرت نہیں کی۔ وہ تو ان کے بھائی عبیداللہ تھے جو وہاں جا کے نصرانی ہو گئے تھے۔

ابن اسحاق [1] کا قول ہے کہ ابوسلمہ عامر بن ربیعہ اور عبداللہ بن جحش کے بعد مہاجرین میں سب سے پہلے وہ مدینہ آئے۔ اپنے گھرانے اور اپنے بھائی عبداللہ کو ساتھ لے آئے۔ ابواحمد نابینے تھے، مکہ میں اوپر نیچے بغیر قائد کے طواف کرتے تھے۔ ان کے عقد میں فارعہ بنت ابوسفیان بن حرب تھیں، بدر اور دوسری جنگوں میں شریک رہے۔ وہ مکہ میں بغیر قائد کے گھومتے تھے۔ اس کے متعلق وہ کہتے ہیں:

''مکہ کیا ہی اچھی وادی ہے جس میں میرا گھرانا.....اس میں میری کیلیں جمی ہوئی ہیں، اس میں مَیں بغیر رہنما کے چلتا ہوں''۔

اور بلاذری نے ہر قسم کی ابتداء میں پہلے کے سوا ابی کے اضافہ سے یہ اشعار پڑھے ہیں: پھر چاروں مخزومہ ہو جائیں گے، مرزبانی نے معجم الشعراء میں ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں، نبی ﷺ نے یہ اشعار پڑھے:

''ام احمد نے کوہ صفا اور مروہ پر اللہ کی قسم کھائی، اس کی قسم پوری ہو گئی، ہم وہی لوگ ہیں جو اس میں تھے پھر ہم مکہ میں ہی رہے۔ ہم دو اور ایک کے درمیان اللہ تعالیٰ کی طرف بڑھتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ کا دین اور اس کا دین برحق ہے''۔

ابن الاثیر [2] نے اس بات پر اعتماد کیا ہے کہ انہوں نے اپنی بہن زینب بنت جحش کے بعد وفات پائی۔ جبکہ اس میں نظر ہے۔ بعض کا کہنا ہے: یہ وہی ہیں جو فوت ہوئے تو ان کی بہن کو ان کی فوتگی کی خبر ملی تو انہوں نے خوشبو منگا کر ملی۔ صحیحین میں زینب بنت ام سلمہ کی سند سے منقول ہے، راوی کا بیان ہے: میں حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے پاس آیا، جب ان کے بھائی کا انتقال ہوا، تو انہوں نے خوشبو منگا کر ملی، پھر فرمانے لگیں: مجھے خوشبو کی چنداں ضرورت نہ تھی، چونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو عورت اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتی ہو اس کے لیے حلال نہیں کہ وہ سوائے خاوند کے کسی میت کے لیے تین دِن سے زائد سوگ کرے''۔ (الحدیث) [3] جس کی تقویت اس سے ہوتی ہے کہ یہ ابواحمد ہی ہیں کیونکہ آپ کے دونوں بھائی عبداللہ اور عبیداللہ رسول اللہ ﷺ کی حیات میں ہی فوت ہو گئے تھے، ان میں عبداللہ جو بڑے ہیں وہ اُحد میں شہید ہوئے۔ اور چھوٹا بھائی عبیداللہ سرزمین حبشہ میں نصرانی ہو کر مر گیا۔ جس کی بیوی ام حبیبہ بنت ابی سفیان سے بعد میں رسول اللہ ﷺ نے شادی کر لی تھی۔

۹۴۹۰ ابواحمد بن قیس [4]

بن لوذان انصاری، سلیم کے بھائی، عدوی نے کہا: ان دونوں حضرات کو شرفِ صحبت حاصل ہے اور وہ ان دس میں سے

---

[1] ذکرہ ابن ھشام فی السیرۃ النبویۃ عن ابن اسحاق (۸۶/۲) [2] اسد الغابہ (۳۶۸/٤)

[3] اخرجہ البخاری فی کتاب الطلاق، باب تحد المتوفٰی عنہا زوجہا اربعۃ اشھر و عشرا (الحدیث: ۵۳۳۵)
و اخرجہ مسلم فی کتاب الطلاق باب وجوب الاحداد فی عدۃ الوفاۃ (الحدیث: ۳۷۰۹)

[4] تجرید اسماء الصحابۃ (۱٤٦/۲)

Marfat.com

ایک ہیں جنہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما کے ہمراہ کوفہ بھیجا تھا۔

۹۴۹۱ ابواحیحه (دونوں حاؤں سے تصغیر ہے)

قریشی ہیں، ان کا ذکر ابن اسحاق کی فتوح الشام میں یونس بن بکیر کی ان سے روایت میں آیا ہے، فرماتے ہیں: حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی سماوہ سے دمشق کی جانب رافع طائی کی رہنمائی میں روانگی کے موقع پر ابواحیحہ نے کہا:

''خالد کی خوبیاں اللہ کے لیے ہیں جو ہدایت یافتہ آیا، جبکہ آنکھ اس سے خس و خاشاک سے ڈھک گئی۔ وہ آنکھ ایسے لپیٹی ہوتی ہے گویا کہ مٹی سے بھری پڑی، وہ اپنے دِل سے وہ کچھ دیکھتا ہے جو ہم نہیں دیکھتے، یاد کرنے والا دِل اور میرا دِل یاد کر چکا.....(نظم کے آخری اشعار تک)''۔

ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ان ابواحیحہ نے حضرت خالد کے ساتھ فتح دمشق میں شرکت کی، اور یہ اشعار قعقاع بن عمرو تمیم سے بھی نقل کیے گئے ہیں۔

میں کہتا ہوں: یہ پہلے گزر چکا ہے کہ حجۃ الوداع کے موقع پر جو قریشی بھی حاضر تھا وہ مسلمان تھا لہٰذا یہ صحابی ہوئے۔

۹۴۹۲ ابو احزم بن عتیك*

ابن نعمان ابن عتیک الانصاری، سہل کے بھائی، ان کا نام حارث ہے۔ اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۹۴۹۳ ابو اخرم

ابن فتحون نے اس کا استدراک کیا ہے، فرمایا: طبری نے ان کا شعبہ کی سند سے ابومہاجر وہ کوفہ کے ایک شخص سے جسے اخرم کہا جاتا ہے کے حوالے سے نقل کرتے ہیں وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں فرمایا کہ ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مال و اہل میں تبقّر سے منع فرمایا''۔ کسی نے ان سے پوچھا: تبقّر کیا ہے؟ فرمایا: کثرت۔

میں کہتا ہوں: ان کے نسب میں اختلاف ہے، جس کا کچھ تذکرہ میں نے سعد بن الاخرم میں کر دیا ہے۔

۹۴۹۴ ابوالاخنس بن حذافه*

بن قیس ابن عدی بن سعد بن سہم قرشی سہمی، عبداللہ اور خنیس کے والد، ابوعمر نے کہا: ان کا نام معلوم نہیں ہو سکا، ان کی صحابیت کے بارے میں نظر ہے۔ زبیر بن بکار نے کہا: حذافہ کی نسل میں اولاد ابواخنس کی ہے۔ ان میں سے صرف عبداللہ بن محمد بن ذؤیب بن عمامہ بن ابی الاخنس بن حذافہ بچے۔

۹۴۹۵ ابواذینه* (یا نون سے تصغیر ہے)

بغوی نے کہا: وہ اہل مصر سے تعلق رکھتے ہیں، انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک حدیث روایت کی، ان کے متعلق مجھے

---

* اسد الغابۃ (ت: ٥٦٧٠) الاستیعاب (ت: ٢٨٧٢) * اسد الغابہ (ت: ٥٦٦٤) تجرید اسماء الصحابۃ (١٤٦/٢)
* اسد الغابہ (ت: ٥٦٦٦) تجرید اسماء الصحابۃ (١٤٦/٢)

Marfat.com

معلوم نہیں کہ انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے یا نہیں؟ ابن السکن نے کہا: ابواذینہ صدفی کو صحبتِ رسول حاصل ہے اور ان کی حدیث اہل مصر میں شمار ہوتی ہے۔ انہوں نے محمد بن بکار بن بلال کی سند سے موسیٰ بن علی بن رباح کے حوالہ سے نقل کیا وہ اپنے والد سے وہ ابواذینہ صدفی سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''تمہاری عورتوں میں سے بہترین عورت وہ ہے جو زیادہ محبت کرے، زیادہ بچے جنے، جس کے پاس آیا جائے، تسلی دینے والی (ان محاسن کے ساتھ) جب اللہ تعالیٰ سے ڈرتی ہو، اور تمہاری بری عورتیں وہ ہیں جو مَردوں کی مشابہت اختیار کریں، منافق عورتوں سے تعلق رکھتی ہوں، بے حیا ہوں۔ ان میں سے جنت میں صرف اتنی جائیں گی جیسے سفید ٹانگوں والا کوّا''۔ ✿

ابوعمر نے نقل کیا ہے کہ انہیں العبدی بھی کہا جاتا ہے جو غلط ہے۔

۹۴۹۶ ابوارطاۃ الاحمسی ✿

جریر کے قاصد، ان کا نام حصین بن ربیعہ ہے، اسماء میں ذکر ہو چکا ہے۔

۹۴۹۷ ابوالارقم القرشی ✿

ارقم کے والد نے، ابن ابوخیثمہ اور طبری نے ان کا صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کیا ہے۔ ابوعلی الجیانی فرماتے ہیں: امام مسلم نے کتاب ''الاخوۃ والاخوات'' میں ان کا ذکر کیا ہے جہاں باب ہے، جنہوں نے نبی ﷺ سے سنا، انہیں اور ان کے والد کو شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ ابوالاقرم اور الارقم بن ابی الارقم۔

یہ ارقم، ان ارقم مخزومی کے علاوہ ہیں جن کا اسماء میں ذکر ہوا، اور وہ ارقم وہ والے ہیں جن کا ذکر سیرت میں رسول اللہ ﷺ کے دارارقم میں داخل ہونے سے پہلے آئے گا۔ ان کے والد کا نام عبدمناف ہے اور یقینی بات ہے کہ انہیں شرفِ صحبت حاصل نہیں۔ جیسا کہ ابن عبدالبر نے دوسی کے (ترجمہ) حالات میں کہا ہے۔

۹۴۹۸ ابوارُوَی الدوسی ✿

ان کا نام اور نسب معروف نہیں۔ ابن السکن نے کہا ہے: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ وہ ذوالحلیفہ میں پڑاؤ کرتے تھے، ابن السکن اور حاکم نے عاصم بن عمر العمری کی سند سے سہیل بن ابی صالح کے حوالہ سے، محمد بن ابراہیم تیمی سے وہ ابوسلمہ بن

✿ الهندی کنز العمال (الحدیث: ٤٤٥٦٩) زبیدی، اتحاف السادة المتقین (٢٩٧/٥)
العراقی، مغنی المحتاج فی حمل الاسفار (٢٧/٢) ابن کثیر "جامع المسانید والسنن" (١١/١٣)
ابن الاثیر فی اسد الغابة (٣٦٩/٤)

✿ اسد الغابہ (ت: ٥٦٧٤) الاستیعاب (ت: ٢٨٧٦)

✿ تجرید اسماء الصحابة (١٤٧/٢)

✿ اسد الغابہ (ت: ٥٦٦٨) تجرید اسماء اصحابة (١٤٧/٢)

Marfat.com

عبدالرحمٰن سے وہ ابوازُ وی دوسی سے نقل کرتے ہیں، فرمایا: میں نبی ﷺ کے پاس بیٹھا تھا کہ اچانک حضرات ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما آ گئے۔ تو آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے لیے تمام تعریفیں ہیں جس نے تم دونوں کے ذریعہ میری تائید کی۔ ✿ اس کی سند ضعیف ہے۔ ان کی ایک اور حدیث ہے جسے امام احمد اور بغوی رحمۃ اللہ علیہما نے ابوواقد لیثی کی سند سے۔ ان کا نام صالح بن محمد بن زائدہ ہے۔ ابواروی الدوسی سے نقل کیا ہے، فرمایا: میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ عصر کی نماز پڑھ رہا تھا پھر آپ غروبِ آفتاب سے پہلے چٹان کے پاس آئے۔ ✿

اور ابن مندہ اور ابونعیم نے ان الفاظ سے نقل کی ہے: ''ابھی تک سورج ڈوبا نہ تھا کہ آپ مقام ذوالحلیفہ پیدل آئے''۔ ابن ابی خیثمہ نے اسی سند سے نقل کی ہے جو ان کے ہاں ابوواقد کی سند سے ہے، فرمایا: ''مجھ سے ابواروی نے بیان کیا''۔ فرماتے ہیں: میں نے ان کے متعلق یحییٰ بن معین سے پوچھا، تو انہوں نے اپنے قلم سے ابوواقد کے متعلق لکھا وہ ضعیف ہے۔ اور واقدی نے ذکر کیا ہے کہ ابواروی غزوۂ قرقرہ الکدر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ شریک تھے۔ ابن السکن اور ابوعمر کا کہنا ہے: ان کا انتقال امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی خلافت کے آخر میں ہوا، وہ عثمانی تھے۔

۹۴۹۹ ابوالازور، ضرار بن الخطاب ✿ پہلے ذکر ہو چکا۔

۹۵۰۰ ابوالازور ضرار بن الازور ✿ پہلے ذکر ہو چکا۔

۹۵۰۱ ابوالازور الاحمری ✿

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا اور ابراہیم بن اسمٰعیل بن ابی حبیبہ کی سند سے عمر بن ابی سفیان کے حوالہ سے نقل کیا وہ اپنے والد سے وہ ابوالازور الاحمری سے روایت کرتے ہیں، فرماتے ہیں: وہ نبی ﷺ کے پاس آئے، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''رمضان کا عمرہ حج کے برابر (ثواب رکھتا) ہے''۔ ✿

✿ الحاكم فى المستدرك (٧٤/٣) الهيثمى، مجمع الزوائد (٥٠/٩) الطبرانى، المعجم الكبير (٩٢٦/٢٢) الهندى، كنز العمال (٣٢٦٨١) ابن الاثير اسد الغابة (٣٧٠/٤)

✿ اخرجه الامام احمد فى مسنده (الحديث: ٩٢٦/٢٢) والطبرانى فى المعجم الكبير (٩٢٥/٢٢) الهيثمى فى مجمع الزوائد (٣٠٧/١)

✿ اسد الغابه (ت: ٥٦٧٧) ✿ الاستيعاب (ت: ٢٨٧٩)

✿ اسد الغابة (ت: ٥٦٦٩) تجريد اسماء الصحابة (١٤٧/٢)

✿ بخارى كتاب العمرة باب عمرة فى رمضان الحديث (١٧٨٢) مسلم كتاب الحج باب فضل العمرة فى رمضان (الحديث: ٣٠٢٨) نسائى كتاب الصيام باب الرخصة فى ان يقال لشهر رمضان (الحديث: ٢١٠٩) ترمذى كتاب الحج باب ما جاء فى عمرة رمضان (الحديث: ٩٤٠) ابن ماجه كتاب المناسك باب العمرة فى رمضان (الحديث: ٢٩٩٣) الامام احمد فى مسنده (الحديث: ٦/٤٦) ابن الاثير فى اسد الغابة (٣٧٠/٤)

Marfat.com

۹۵۰۲ ابو الازور (دوسرے)

ابوعمر نے انہیں پہلے والے سے ملا دیا ہے صحیح یہ ہے کہ دونوں میں فرق ہے۔ عبدالرزاق نے اپنی مصنف میں لکھا ہے، ابن جریج سے روایت ہے، فرمایا: جب ابوعبیدہ شام کے گورنر تھے اس وقت کی بات ہے مجھے بتایا گیا کہ انہوں نے ابوجندل بن سہیل، ضرار بن الخطاب اور ابوالازور کو شراب نوشی میں مصروف پایا، تو ابوجندل بولے: ''وہ لوگ جو ایمان لائے اور اعمال صالحہ کیے، جب وہ ایمان تقویٰ اور اعمال صالحہ کے ساتھ کچھ کھالیں تو ان پر کوئی حرج نہیں''۔ [1] تو ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے واقعہ کی اطلاع کے لیے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خط لکھا کہ ابوجندل نے ان آیات کے ذریعہ سے مجھ سے جھگڑا کیا ہے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں جواباً لکھا: جس نے ابوجہل کو غلطی اچھی کر دکھائی اسی (شیطان) نے ابوجندل کے لیے جھگڑے کو مزین کر دیا۔ انہیں حد لگاؤ! اس پر ابوالازور نے کہا: اگر تم نے ہمیں حد لگانی ہی ہے تو ہمیں کل دشمن سے مڈبھیڑ کر لینے دو اگر ہم مارے گئے تو بہتر ورنہ تمہاری طرف لوٹ آئے تو ہمیں حد لگا لینا۔ دشمن سے مقابلہ ہوا۔ ابوالازور تو شہید ہو گئے اور باقی دو صاحبان کو حد لگی۔

دونوں میں فرق کی دلیل یہ ہے کہ الاحمری کا دور اتنا مؤخر ہوا کہ ان سے ابوسفیان ثقفی نے روایت کی ہے اور ابوسفیان نے خلافتِ عمر کا دور نہیں پایا۔

۹۵۰۳ ابوالازہر الانماری [2]

انہیں ابوزہیر بھی کہا جاتا ہے، ابوداؤد نے سنن میں اچھی شامی سند سے نقل کیا کہ مجھ سے ابوالازہر انماری اور واثلہ بن الاسقع رسول اللہ ﷺ کے صحابیوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے علم طلب کیا پھر اسے پالیا تو اس کے لیے اجر کے دو پیمانے ہیں''۔ [3] (الحدیث) اور ابوداؤد نے یحییٰ بن حمزہ کی سند سے ثور بن یزید کے حوالہ سے خالد سے نقل کیا ہے جب وہ سونے لگتے تو فرماتے: ''اللہ کے نام سے میں نے اپنا پہلو رکھا''۔ (الحدیث) [4] اس کے بعد کہا: ابوہمام الاھوازی نے اسے ثور سے روایت کیا تو کہا: ابوزہیر نے کہا۔

میں کہتا ہوں: کہ ابوہمام کی بات کی متابعت صدقہ بن عبداللہ نے کی ہے۔ ابن ابی حاتم نے کہا: میں نے ابوزرعہ سے سنا، ان کے سامنے ابوزہیر انماری کا ذکر ہوا، فرمایا: ان کا کوئی نام نہیں لیا جاتا، وہ صحابی نہیں، انہوں نے تین احادیث روایت کی ہیں۔ میں نے اپنے والد سے کہا کہ ایک شخص نے ان کا نام یحییٰ بن نفیر بتایا ہے، تو انہوں نے ناواقفیت ظاہر کی۔ میں کہتا ہوں: آمین کے بارے میں ان کی حدیث ہے جسے ان سے ابوالمصبح قرشی روایت کرتے ہیں۔ کثیر بن مرہ اور شریح بن عبید نے بھی ان

---

[1] سورۃ المائدۃ (۹۳) [2] اسد الغابۃ (ت: ۵۶۷۱) تجرید اسماء الصحابۃ (۱۴۷/۲)

[3] الہیثمی فی مجمع الزوائد (الحدیث: ۱/۱۲۳) الطبرانی فی المعجم الکبیر (الحدیث: ۱۶۵/۲۲)
ابن الاثیر فی اسد الغابہ (۳۷۱/۴) الہندی فی کنز العمال (۲۸۸۳۸) المنذری فی الترغیب والترہیب (۹۶/۱)

[4] اخرجہ ابوداؤد فی کتاب الادب باب ما یقال عند النوم (الحدیث: ۵۰۵۴) و اخرجہ الطبرانی فی المعجم الکبیر (الحدیث: ۷۵۸/۲۲)
ابن کثیر فی جامع المسانید والسنن (۱۵/۱۳) الہندی فی کنز العمال (الحدیث: ۱۸۲۳۶)
والزبیدی فی اتحاف السادۃ المتقین (۱۸۲۳۶)

Marfat.com

سے روایت نقل کی ہے۔ بغوی نے کہا: ابوالازھر انماری کا نسب بیان نہیں کیا جاتا، مجھے معلوم نہیں وہ صحابی ہیں یا نہیں۔

۹۵۰۴ ابواسحاق

سعد بن ابی وقاص پہلے ذکر گزر چکا۔

۹۵۰۵ ابواسرائیل الانصاری*

یا قریشی عامری ہیں۔ بغوی وغیرہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا تذکرہ کیا ہے۔ ابوعمر نے کہا: ان کا نام یُسَیر (یا، سین سے تصغیر ہے)۔ ابن السکن اور باوردی نے حرف قاف قشیر میں اس نام کو نقل کیا ہے۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ* نے فرمایا: عبدالرزاق نے ابن جریج، ابن طاؤس نے نقل کیا وہ اپنے والد سے وہ ابواسرائیل سے روایت کرتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے تو ابواسرائیل نماز پڑھ رہے تھے، کسی نے آپ سے عرض کیا: وہ یہ ہیں، یا رسول اللہ! (کھڑے ہیں) بیٹھتے نہیں، نہ لوگوں سے بات کرتے ہیں۔ نہ سائے میں بیٹھتے ہیں۔ انہوں نے اس طرح کا روزہ رکھا ہے، آپ نے فرمایا: وہ بیٹھ جائیں، لوگوں سے بات کریں، سائے میں آجائیں اور روزہ رکھ لیں۔

اسے بغوی اور ابونعیم نے لیث بن ابی سلیم کی سند سے طاؤس کے حوالہ سے ابواسرائیل سے روایت کیا ہے، فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دھوپ میں کھڑے دیکھ کر فرمایا: انہیں کیا ہوا؟ لوگوں نے عرض کیا: نذر مانی ہے پھر اسی طرح کا مفہوم ذکر کیا۔

اس کی اصل صحیحین میں ہے جو ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث سے ثابت ہے، فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دھوپ میں کھڑے دیکھا..... (الحدیث)

اسے بھی بغوی نے محمد بن کریب سے، انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے: ابواسرائیل قشیر نے کھڑے ہونے کی نذر مانی....، پھر حدیث ذکر کی۔ اور بخاری رحمۃ اللہ علیہ میں عکرمہ کی ابن عباس رضی اللہ عنہما کی سند سے مروی روایت ہے کہ وہ ابواسرائیل تھا۔ اکثر روایات میں ان کا نام نہیں لیا گیا۔ اسی طرح امام مالک نے حمید بن قیس اور ثور سے بغیر نام کے مرسل روایت کیا ہے۔ اور خطیب نے مبہمات میں جریر بن حازم سے، ایوب، مجاہد سے وہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کی سند سے روایت کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے روز لوگوں سے خطاب فرماتے، تو آپ کی نظر بنی عامر بن لوئ کی شاخ قریش کے ایک شخص پر پڑی جسے ابواسرائیل کہا جاتا تھا.... پھر اس روایت کو ذکر کیا۔ عبدالغنی نے مبہمات میں کہا ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کے علاوہ کسی کی کنیت ابواسرائیل نہیں ہے۔ اور اسماء میں گزر چکا ہے کہ ان کا نام قشیر ہے (شین سے تصغیر ہے) اسے ابن السکن نے روایت کیا اور ابوعمر نے اسے لفظی غلطی قرار دے کر کہا: قَیسر (سین مفتوح سے پہلے یاء ساکن)۔

زبیر بن بکار نے نسب قریش میں ذکر کیا کہ برّہ بنت عامر بن الحارث بن السبّاق بن عبدالدار، مہاجر خواتین سے تھیں۔ جن سے ابواسرائیل فہری نے نکاح کر لیا تو ان کے ہاں جنگ جمل سے پہلے اسرائیل کی ولادت ہوئی۔ شاید وہ ابواسرائیل یہی ہوں۔ عبدالغنی کے قول: ''صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کے علاوہ کسی کی کنیت ابواسرائیل نہیں'' سے اس بات کی تائید ہوتی ہے کہ ابواسرائیل

* اسد الغابۃ (ت: ۵۶۷۳) تجرید اسماء الصحابۃ (۱۴۷/۲) * مسند احمد (۱۶۸/۴)

Marfat.com

ان کے علاوہ ہیں۔

۹۵۰۶ ابواسماء السکونی

غضیف بن الحارث، ناموں میں ذکر ہوگیا ہے۔

۹۵۰۷ ابواسماء الشامی*

ابواحمد حاکم نے احمد بن یوسف بن ابی اسماء کی سند سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: میں نے اپنے دادا ابواسماء بن علی بن ابی اسماء سے بحوالہ ان کے والد ان کے دادا ابواسماء سے سنا، فرمایا: میں نبی کریم ﷺ کے پاس گیا، آپ سے بیعت کی، آپ نے مجھ سے مصافحہ کیا۔ اس کے بعد سے میں نے قسم کھالی کہ میں کسی سے مصافحہ نہیں کروں گا۔ چنانچہ وہ کسی سے مصافحہ نہیں کرتے تھے۔* ان میں اور غضیف میں فرق کیا گیا ہے۔ اسے ابن مندہ نے مذکورہ بالا احمد بن یوسف کی سند سے روایت کیا ہے اور ان کی سند میں غیر معروف راوی ہیں۔

۹۵۰۸ ابو اسماء المزنی

مزینہ کے جو لوگ ''خزاعی بن عبدنہم'' کے ہاتھ پر اسلام لائے ان میں سے ایک ہیں۔ وہ فتح مکہ میں شریک تھے یہ بات پہلے ''خزاعی بن عمرو'' کے سوانح میں گزر چکی ہے جسے ''تجرید'' میں اصل کی پیروی کرتے ہوئے نظر انداز کر دیا۔

۹۵۰۹ ابواسماء بن عمرو الجذامی*

واقدی نے ان کا جذام کے ان لوگوں کے وفد میں ذکر کیا ہے جو نبی ﷺ کے پاس یہ بتانے آئے تھے کہ ان کے مسلمان ہو چکنے کے بعد بھی زید بن حارثہ نے ان سے تعرض کیا ہے، چنانچہ آپ نے ان کے قیدی رہا کر دیئے۔ اور ان کا لیا مال واپس کر دیا۔

۹۵۱۰ ابوالاسود الجذامی

یہ دوسرے ہیں، عبداللہ بن سندر، پہلے ذکر ہو چکا ہے۔

۹۵۱۱ ابوالاسود

عبدالرحمٰن بن یعمر، ان کا تذکرہ بھی پہلے ہوگیا ہے۔

۹۵۱۲ ابوالاسود بن یزید*

بن معدی کرب بن سلمہ بن مالک بن حارث بن معاویہ اکرمین کندی ابن کلبی نے بحوالہ طبری ذکر کیا ہے: وہ معزز انسان

---

* اسد الغابۃ (ت: ٥٦٧٤) تجرید اسماء الصحابۃ (١٤٧/٢)
* مسندَ احمد (٧٩/٥) المعجم الکبیر (٩٥٠/٢٢) مجمع الزوائد (١٧٩/٤)
* اسد الغابہ (٥٦٨١) * اسد الغابہ (٥٦٧٧) تجرید (١٤٧/٢)

Marfat.com

تھے، نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اسلام لائے۔ ابوعلی جیانی نے استیعاب پر اپنے اضافہ میں ان کا استدراک کیا ہے۔

۹۵۱۴ ابوالاسود السلمی

آخری قسم میں تذکرہ آئے گا۔

۹۵۱۵ ابوالاسود القرشی

مالکی بھی کہا جاتا ہے ''جرح وتعدیل'' میں ابن ابی حاتم نے عبداللہ بن اسود قرشی کے سوانح میں ذکر کیا ہے کہ وہ اپنے والد کے واسطہ سے اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں۔ وہ نبی ﷺ سے کہ آپ نے فرمایا: جس حکمران نے ہمیشہ تجارت کی اس نے انصاف نہیں کیا۔ ابن وہب نے خالد بن عمیر سے بحوالہ ان سے نقل کیا ہے۔ ابن فتحون نے استیعاب پر اضافہ کرتے ہوئے استدراک کیا ہے۔ ابواحمد حاکم نے بقیہ کی سند سے بحوالہ خالد بن حُمید روایت کیا ہے کہ ابن الاسود مالکی نے بواسطہ اپنے والد اپنے دادا سے نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس حکمران نے رعیت میں تجارت کی اس نے انصاف نہیں کیا''۔ ✿

۹۵۱۶ ابوالاسود النهدی ✿

باوردی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور یونس بن بکیر بحوالہ عنبسہ بن ازہر، ابوالاسود نہدی سے نقل کیا ہے انہوں نے نبی ﷺ کا دور پایا ہے۔ فرمایا: آپ غار کی جانب متوجہ تھے اور آپ کی انگشتِ پا زخمی ہوگئی۔ آپ نے فرمایا: تو ایک انگلی ہی تو ہے جو خون آلود ہوگئی، تجھے یہ تکلیف اللہ کی راہ میں پہنچی ہے۔ ✿

میں کہتا ہوں: اس کی سند میں تامّل ہے۔ بعض کا قول ہے: ان کا نام عبداللہ ہے۔

۹۵۱۷ ابواسید بن ثابت انصاری ✿

الزرقی المدنی، زیتون کی فضیلت میں ان کی حدیث دارمی، ترمذی، نسائی اور حاکم نے عبداللہ بن عیسیٰ کی سند سے بحوالہ ایک عطا نامی شامی شخص روایت کی ہے۔ نسائی کی روایت میں ہے۔ مجھے عطاء (ایک شخص جو ساحل پر رہتا تھا) نے بیان کیا اور ابواسید بن ثابت سے یہ روایت نقل کی۔ ابوحاتم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: احتمال ہے کہ وہ شخص عبداللہ بن ثابت ہوں، جو نبی ﷺ کی خدمت کرتے تھے اور شعبی ان سے روایت لیتے ہیں کہ ''حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک تحریر لائے''۔ دارقطنی نے یہ نام شروع کے زبر سے قلمبند کیا ہے۔ پیش بھی نقل کیا ہے لیکن اسے کمزور قرار دیا ہے۔ اس میں اس پر بھی رد ہے، جس نے انہیں ساعدی کے ساتھ ملا دیا۔ چنانچہ ان کی مذکورہ حدیث امام احمد وغیرہ نے ابواسید ساعدی کی سند میں داخل کر دی ہے اور ابوعمر کے ہاں: ابواسید ثابت انصاری لکھا ہے،

✿ کنز العمال (١٤٦٧٦) المطالب العالیۃ (٢١٠٧) ✿ الاستیعاب (٢٨٨٣)

✿ بخاری کتاب الجهاد والسیر باب من ینکب او یطعن فی سبیل الله (٢٨٠٢)

مسلم کتاب الجهاد والسیر باب ما نهی النبی ﷺ اذی المشرکین والمنافقین (١٧٩٦) مسند احمد (١٨٨٣٠)

✿ اسد الغابہ (٥٦٧٨)

Marfat.com

ان کی حدیث ہے: ''زیتون کھایا کرو''۔ [1] یوں ان کا نام ساقط کر دیا۔

میں نے دمیاطی کے قلم سے لکھا ہوا پڑھا ہے: ابن ابی حاتم نے فرمایا: عطاء شامی نے ابواسید عبداللہ بن ثابت سے روایت لی ہے۔ ابوعمر نے ان کا نام ثابت بتایا ہے اور ابن فتحون نے اس پر کوئی تنبیہ نہیں کی۔

۹۵۱۸ ابواسید بن ثابت انصاری [2] (دوسرے)

ان کا نام عبداللہ ہے جو ناموں میں گزر چکا ہے، ان کی حدیث کی سند میں جابر جعفی ہے۔

۹۵۱۹ ابواسید بن جعونہ

یہ وفد میں آئے، ابن بشکوال نے ان کا ذکر کیا ہے۔ ایسا ہی تجرید میں لکھا ہے لیکن مجھے ابن بشکوال کے حاشیے میں نظر نہیں آیا۔ الاستیعاب میں ابوزہیر بن اُسید بن جعونہ لکھا ہے: پس اسے لکھ لیا جائے۔

۹۵۲۰ ابواسید بن علی [3]

بن مالک انصاری ابوالعباس السراج نے ان کا صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کیا اور ابن مندہ نے اسے نقل کیا ہے۔ اور بسطام کی سند سے بحوالہ حسن بصری ابواسید بن علی سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تجھے عمارتیں سلع پہاڑ تک پہنچی ہوئی دکھائی دیں تو شام کے جہاد میں نکل جانا ورنہ امیر کی بات سننا اور اس کا کہنا ماننا۔ [4] وہ حدیث جو سراج نے ذکر کی ہے اسے ان سے ابواحمد نے کنیتوں میں نقل کیا ہے، جس کی سند زہیر بن عباد بحوالہ سعید، قتادہ سے مروی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابواسید بن علی کو بنی عامر بن صعصعہ کی ایک خاتون کی اپنے لئے منگنی کرنے بھیجا، آپ نے اسے دیکھا نہیں تھا، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دیکھے بغیر ابواسید نے اس کا آپ سے نکاح کرا دیا۔ تمہید میں ابوعمر نے اس کا تعاقب کرتے ہوئے لکھا ہے: اس میں حاکم کو وہم ہو گیا ہے یہ قصہ تو ابواسید ساعدی کا ہے۔ جبکہ اس میں تامّل ہے اس لیے کہ دونوں قصے مختلف ہیں۔

۹۵۲۱ ابواسید الساعدی [5]

نام مالک بن ربیعہ تھا، ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۵۲۲ ابواسیرہ بن حارث [6]

بن علقمہ، واقدی [7] نے شہدائے اُحد میں ان کا ذکر کیا ہے، جس کی سند حارث بن عبداللہ بن کعب بن مالک تک پہنچاتے

---

[1] ترمذی کتاب الاطعمة باب ما جاء فی اکل الزیت (۱۸۵۲) مسند احمد (۴۹۷/۳) ابن ماجہ کتاب الاطعمة باب الزیت (۳۳۱۹) المعجم الکبیر (۵۹۶/۱۹، ۵۹۷)

[2] اسد الغابہ (۵۶۸۵) [3] اسد الغابہ (۵۶۷۹) تجرید (۱۴۸/۲)

[4] جامع المسانید (۲۱/۱۳) اسد الغابہ (۳۷۲/۴)

[5] اسد الغابہ (ت: ۱۴۸) [6] اسد الغابہ (ت: ۵۶۸۱) الاستیعاب (۲۸۸۶) تجرید (۱۴۸/۲)

[7] المغازی (۲۵۳، ۲۵۴)

Marfat.com

ہیں۔ وہ فرماتے ہیں: مجھ سے اس شخص نے بیان کیا جس نے ابوالسیرۃ بن حارث بن علقمہ کو دیکھا وہ بنی ابی عزیز کے ایک شخص کے سامنے ہوئے دونوں کی تلواریں ٹکرائیں وہ ایک دوسرے کو مارنے کے لیے تیار تھے، مجھے وہ یوں نظر آئے یوں لگ رہا تھا کہ دو خونخوار درندے ہیں۔ پھر دونوں نے ایک دوسرے کو دبوچا، ابوالسیرۃ نے اسے اوپر اٹھایا اور ایسے ذبح کر دیا جیسے بکری ذبح کی جاتی ہے۔ اتنے میں خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے (جو ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے) ابوالسیرۃ کو پیچھے سے نیزہ مارا تو وہ گر کر شہید ہو گئے۔ ابن ماکولا [1] کہتے ہیں کہ واقدی نے ان کی یہی کنیت بیان کی ہے جبکہ دوسروں نے ابوہبیرہ لکھی ہے۔

میں کہتا ہوں: جس کا ذکر نہیں وہ ابن اسحاق ہیں۔ ابوعمر کہتے ہیں: واقدی نے اُحد میں شہید ہونے والوں میں ان کا تذکرہ کیا ہے۔ اور ان کے متعلق کہا ہے کہ وہی ابوہبیرہ ہیں اور کبھی انہیں ابوالسیرۃ کہا۔ فرماتے ہیں: بعض کا قول ہے کہ ابوالسیرۃ کہنا واقدی کی غلطی ہے، وہ تو ابوہبیرہ ہیں۔ موسیٰ بن عقبہ کے ہاں ابوالسیرۃ لکھا ہے اور ابن القداح نے ان کی موافقت کی کہ وہ ابن الحارث بن علقمہ ہیں، خالد بن الیاس کہتے ہیں: ابوہبیرہ کا نام حارث بن علقمہ ہے۔ ابن عائذ نے ان کی کنیت ابوسیرۃ لکھی ہے۔

۹۵۲۳ ابوالاشعث

ابن الاثیر نے بحوالہ ابن الدباغ ان کا تذکرہ کیا ہے، ایسا ہی ابن فتحون نے ان کا استدراک کیا ہے جسے بزار کی طرف منسوب کیا ہے۔ ''تجرید'' میں ذہبی نے بزار سے یونہی ذکر کیا ہے۔ مسند بزار میں کنیت کے لفظ سے مرقوم نہیں، اس میں سلیمان بن عبداللہ کی سند سے بحوالہ محمد بن اشعث بن قیس، ان کے والد، ان کے دادا سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تیل محتاجی کو ختم کرتا، کپڑا بے نیازی کو ظاہر کرتا اور خادم سے نیکی و احسان دشمن کو ہلاک کرتا ہے''۔ اس کی سند میں غیر معروف راوی ہیں۔

۹۵۲۴ ابوالاعور

سعید بن زید بن عمرو بن نفیل العدوی، یکے از عشرہ مبشرہ، پہلے تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۵۲۵ ابوالاعور بن ظالم

بن عبس بن حرام بن جندب بن عامر بن تمیم بن عدی بن النجار انصاری خزرجی۔ بدر و اُحد میں شریک رہے۔ ابن اسحاق نے ان کا نام کعب بن حارث بتایا ہے جبکہ عدوی نے کہا: ان کا نام حارث بن ظالم ہے اور موسیٰ بن عقبہ کہتے ہیں: ابوالاعور بن حارث۔

۹۵۲۶ ابوالاعور السلمی

عمرو بن سفیان، پہلے ذکر ہو چکا۔ ابوحاتم نے کہا: یہ صحابی نہیں ہیں۔

---

[1] الاکمال (۳۹/۱) اسد الغابہ (۵۶۸۲) تجرید (۱۴۸/۲)
اسد الغابۃ (۳۷۳/۴) التجرید (۱۴۸/۲)
کنز العمال (۱۷۲۱۱) مجمع الزوائد (۱۳۲/۵) جامع المسانید (۳۷/۱۳) اسد الغابۃ (۳۷۳/۴) کشف الاسرار (۲۹۶۵)
اسد الغابہ (۵۶۸۳) تجرید (۱۴۸/۲) السیرۃ النبویۃ (۲۶۳/۲)

Marfat.com

۹۵۲۷ ابوالاعور الجرمی*

ابن ابوخیثمہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور سعید بن سنان کی سند سے بحوالہ ابوزاہریہ، جبیر سے روایت نقل کی ہے کہ قبیلۂ جرم کا ایک شخص جسے ابوالاعور کہا جاتا تھا وہ نبی ﷺ کے پاس آ کر کہنے لگا: السلام علیك یا رسول اللّٰہ! آپ ﷺ نے فرمایا: وعلیك السلام و رحمة اللّٰہ، ابوالاعور کیسے ہو؟* ابن مندہ نے اسی سند سے نقل کی ہے اور بغوی نے ابوخیثمہ سے روایت کی ہے۔

۹۵۲۸ ابوامامہ اسعد بن زرارہ انصاری

خزرجی، نقیبوں میں سے ایک ہیں پہلے تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۵۲۹ ابوامامہ بن ثعلبہ الانصاری*

ثم الحارثی، اکثر کے ہاں ان کا نام ''ایاس'' ہے، بعض نے عبداللہ بھی کہا ہے۔ اسی پر احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے اعتماد کیا ہے۔ بعض نے ثعلبہ بن سہیل، تو بعض نے ابن عبدالرحمٰن بتایا ہے ابوعمر کہتے ہیں: ان کا نام ایاس تھا۔ کسی نے ثعلبہ، تو کسی نے سہل کہا۔ جبکہ ایاس کے سوا کوئی نام صحیح نہیں۔ یہ ابوبردہ بن نیار کے بھانجے لگتے ہیں۔

نبی ﷺ سے کئی احادیث روایت کی ہیں جن میں سے چند امام مسلم اور اصحاب السنن نے درج کی ہیں۔ ان سے ان کے بیٹے عبداللہ، عبداللہ بن عطیہ بن عبداللہ بن انیس الجھنی روایت کرتے ہیں۔ ابواحمد حاکم نے کہا: وہ نبی ﷺ کے ساتھ جہاد کے لیے نکلے تو آپ نے انہیں ان کی والدہ کی بیماری کی وجہ سے واپس کر دیا۔ جب واپس آئے تو وہ وفات پا چکی تھیں۔ ان کا جنازہ پڑھا۔ پھر یہی روایت عبداللہ بن مسیّب کی سند سے بحوالہ ان کے دادا عبداللہ بن ابی امامہ بن ثعلبہ نقل کی ہے۔

۹۵۳۰ ابوامامہ الباھلی

ان کا نام صدی ابن عجلان ہے، پہلے ذکر ہو چکا ہے۔

۹۵۳۱ ابوامامہ بن سھل انصاری*

ثم البیاضی۔ واقدی کہتے ہیں: یہ صحابی ہیں۔ خلیفہ اور بغوی نے انہیں صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کیا ہے اور محمد بن اسحاق کی سند سے بحوالہ معبد بن مالک، وہ اپنے بھائی عبداللہ بن کعب سے وہ ابوامامہ بن سہل سے جو بنی بیاضہ کے فرد ہیں، روایت کرتے ہیں، فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو شخص اپنی قسم سے کسی مسلمان کا حق مارتا ہے، اللہ تعالیٰ اس پر جنت (کا اولین داخلہ) حرام کر دیتا ہے اور جہنم (میں بطور سزا جانا) اس کے لیے واجب کر دیتا ہے۔*

---

* اسد الغابہ (٥٦٨٤) تجرید (١٤٨/٢) الاستیعاب (٢٨٨٨) * جامع المسانید (٣٩/١٣) اسد الغابۃ (٣٧٤/٤)
* اسد الغابہ (٥٦٨٩) تجرید (١٤٨/٢) * اسد الغابہ (٥٦٩٥) الاستیعاب (٢٨٩٣)
* اسد الغابہ (٥٦٨٧) الاستیعاب (٢٨٩٢) تجرید (١٤٩/٢)
* مسلم کتاب الایمان باب وعید من اقتطع حق ... (٣٥١) ابن ماجہ کتاب الاحکام باب من حلف علی یمین فاجرۃ (٢٣٢٤)

Marfat.com

اس کی سند مضبوط ہے۔ البتہ مسلم اور بغوی نے اسے علاء بن عبدالرحمٰن کی سند سے بحوالہ معبد بھی اور انہوں نے اپنے بھائی سے روایت کیا ہے، فرماتے ہیں: ابوامامہ بن ثعلبہ سے مروی ہے، جو محفوظ سند ہے۔

۹۵۳۲ ابوامامہ انصاری*

بے نسبت، بے نام۔ ابن مندہ نے ان میں اور باہلی میں فرق کیا ہے اور کہا: غسان بن عوف نے بحوالہ جریری، ابونضرہ سے وہ ابوسعید سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مسجد میں داخل ہوئے وہاں آپ انصار کے ایک شخص سے ملے جسے ابوامامہ کہا جاتا تھا.... پھر وہ حدیث ذکر کی۔ ابوداؤد نے یہ روایت اسی سند سے روایت کی ہے جس میں کہا کہ آپ نے نماز کے وقت کے علاوہ ایک انصاری شخص کو بیٹھے دیکھا وہ عرض کرنے لگا: یا رسول اللہ! مجھے پریشانیوں اور قرضوں نے گھیرا ہوا ہے۔ آپ نے فرمایا: ''کیا میں تجھے ایسا قول نہ بتاؤں جسے تو کہے تو اللہ تعالیٰ تیرا قرض ادا کر دے؟'' میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیوں نہیں..... پھر وہ حدیث ذکر کی۔ اس کے آخر میں ہے کہ میں نے وہ کلمات کہے تو اللہ تعالیٰ نے میرا قرض ادا کر دیا۔ شروع سے حدیث کے سیاق سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ابوسعید رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے اور آخر سے لگتا ہے کہ انہی ابوامامہ کی روایت ہے۔ تہذیب اور اطراف میں مزنی* نے ان کے سوانح چھوڑ دیئے جس پر میں نے ان دونوں کتابوں میں ان کی اس کمی کو دور کیا ہے۔ اور الکنی میں ابواحمد حاکم بھی ان سے غافل رہے۔ ہوسکتا ہے یہ ابوامامہ بن ثعلبہ حارثی ہوں، لیکن ابن مندہ نے انہیں علیحدہ ذکر کیا ہے اور ابونعیم نے بھی ان کی پیروی کی ہے۔

۹۵۳۳ ابو امیہ (تصغیر سے) الجشمی (جیم کے پیش اور شین کے زبر سے)

ابوعمر کہتے ہیں: صحابہ رضی اللہ عنہم کے بعض مؤلفین نے انہیں ذکر کیا ہے اور لیث کی سند سے بحوالہ معاویہ بن صالح، عصام بن یحییٰ سے بحوالہ ان کے روزوں کے متعلق ایک حدیث روایت کی ہے، جو انس بن مالک قشیری کعبی کی حدیث جیسی ہے کہ ''اللہ تعالیٰ نے مسافر سے روزے اور آدھی نماز کو ساقط کر دیا ہے''۔* فرماتے ہیں: حدیث مضطرب ہے۔ انہیں ابوامیہ اور ابوتمیمہ بھی کہا گیا ہے، جو صحیح نہیں۔

میں کہتا ہوں: ابن ابی خیثمہ نے بحوالہ قتیبہ، لیث سے اسی سند سے ذکر کیا ہے۔ لیکن عصام اور صحابی کے درمیان سے دو آدمی ساقط ہوگئے۔ ابن مندہ نے ان کا عنوان ابوامیہ ضمری دیا اور حدیث لیث کی سند سے بیان کر کے ان دونوں حضرات کا ذکر کیا ہے۔ وہ ابوقلابہ الجرمی عبیداللہ بن زیاد سے روایت کرتے ہیں۔ لیکن انہوں نے ''ابوامیہ بن جعدہ کے بھائی سے مروی ہے'' کہا۔ پھر دوسری سند قتیبہ کی روایت جیسی نقل کی لیکن اس میں بھی ابوامیہ کہا، ایسا ہی طبرانی نے یہ روایت مسند شامیین میں معاویہ بن صالح

---

* اسد الغابۃ (۵۶۸۷) تجرید (۱۴۹/۲) * ابوداؤد کتاب الصلاۃ باب فی الاستعاذۃ (۱۵۵۵)
* تہذیب التہذیب (۱۴/۱۲) * اسد الغابۃ (۵۶۹۱) تجرید (۱۴۹/۲)
* نسائی کتاب الصیام باب ذکر وضع الصیام عن المسافر والاختلاف علی الاوزاعی فی خبر عمرو بن امیہ (۲۲۶۷، ۲۲۶۸) المعجم الکبیر (۹۰۶/۲۲، ۹۰۷) اسد الغابہ (۳۷۶/۴)

Marfat.com

کے سوانح میں، دولابی نے الکنی میں عبداللہ بن صالح بحوالہ معاویہ نقل کی لیکن انہوں نے ''عن ابی امیہ جعدی'' کہا۔ ایسا ہی بغوی نے انس بن مالک قشیری کی سوانح میں ابراہیم بن ھانی بحوالہ عبداللہ بن صالح ان کا علیحدہ ذکر کیا ہے، گویا ان کے نزدیک وہ وہی ہیں، جو بعید نہیں۔

بعض نے عمرو بن امیہ ضمری کے سوانح میں ذکر کیا ہے کہ ان کی کنیت بھی ابوامیہ ہے تو جس نے ضمری کہا اس کی مراد یہ ہیں اور جس نے قشیری کہا اس کی مراد انس بن مالک ہیں جو کعبی ہیں۔ اس لیے جن کی طرف قشیری لوگ منسوب ہوتے ہیں وہ قشیر بن کعب بن ربیعہ بن عامر بن صعصعہ ہیں اور جس نے جعدی کہا تو انہیں ان کے چچا کی طرف منسوب کر دیا کیونکہ جعدہ، ابن کعب ہیں جو قشیر بن کعب کے بھائی ہیں۔ جہاں تک ضمری کا تعلق ہے تو وہ ان کے ساتھ صرف مضر بن نزار بن صعصعہ میں یکجا ہو سکتے ہیں جو قشیریوں اور جعدیوں کے دادا ہیں۔ وہ معاویہ بن بکر بن ہوازن بن منصور بن عکرمہ بن خَصَفَہ بن قیس غیلان بن مضر ہیں اور ضمرہ، بن بکر بن عبد مناف بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر ہیں۔

۹۵۳۴ ابوامیہ دوسی ثم زھرانی

بعض ازدی پھر صَقْبی (صاد پر زبر قاف ساکن پھر با ہے) کہتے ہیں۔ صقب بن دھمان بن نصر بن حارث کی طرف نسبت ہے جو ام قحافہ بنت ابی قحافہ، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی بہن کے، اشعث سے پہلے والے شوہر ہیں۔ ان کی ان سے ایک بیٹی تھی جس کا نام امیمہ تھا جس سے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے نکاح کیا تھا۔ یہ بات ابن کلبی اور ابن درید نے ذکر کی ہے۔ اس بنا پر وہ اس قسم سے ہوئے۔ اس لیے کہ سیرت شامیہ میں ہے: ام قحافہ فتح مکہ کے موقع پر کم سن تھیں۔ اس واسطے ان کے والدان کی شادی کسی مسلمان سے ہی کریں گے اور جو صدیق اکبر کے سسرالی رشتہ دار ہوں گے وہ ضرور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ملے ہوں گے۔

۹۵۳۵ ابوامیہ*

وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، جب لوٹنے لگے، فرمایا: دوپہر کے کھانے کا انتظار نہیں کرتے ہو؟ ابن ابی حاتم کہتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مسافر سے روزہ اور آدھی نماز معاف کر دی ہے۔* اسے بغوی نے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں بعض لوگ کہتے ہیں: وہ عمرو بن امیہ ضمری ہیں اور بعض کا قول ہے: ابوامیہ ہیں۔

۹۵۳۶ ابوامیہ ازدی*

جنادہ کے والد، امام بخاری* اور ابوحاتم* فرماتے ہیں: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ میں نے جنادہ کے سوانح میں

---

* اسد الغابۃ (۵۶۹۶) تجرید (۱۴۹/۲)

* ابوداؤد کتاب الصوم باب اختیار الصوم (۲۴۰۸) بنحوہ. ترمذی کتاب الصیام باب ما جاء فی الرخصۃ فی الافطار (۷۱۱)
نسائی کتا بالصوم باب وضع الصیام عن الحبلی والمرضع (۲۳۱۴)
ابن ماجہ کتاب الصیام باب ما جاء فی الافطار للحامل والمرضع (۱۶۶۷) مسند احمد (۳۴۷/۴) (۲۹/۵)

* اسد الغابہ (۵۶۹۲) تجرید (۱۴۹/۲) * التاریخ الکبیر (۶/۲) * الجرح والتعدیل (۵۱۵/۱)

Marfat.com

وضاحت کر دی ہے کہ ان کے والد کا نام مالک ہے اور جس نے ان کا نام کثیر بتایا اس نے انہیں دوسرے سے ملا دیا ہے۔ جن لوگوں نے ان کے ''مالک'' نام پر بھروسا کیا ہے ان میں سے خلیفہ بن خیاط ہیں۔

۹۵۳۷ ابوامیہ بن عمرو

بن وہب بن معتب ثقفی۔ عمرو بن امیہ بن وہب میں ان کی تحقیق گزر چکی ہے۔

۹۵۳۸ ابوامیہ جمحی

صفوان بن امیہ بن خلف تذکرہ ہو گیا۔

۹۵۳۹ ابوامیہ

وہ عمیر بن وہب ہیں، پہلے تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۵۴۰ ابوامیہ الجمحی (یہ دوسرے ہیں)[1]

ابوعمر کہتے ہیں: بعض نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے جبکہ اس میں تامّل ہے، روایت کرتے ہیں: کسی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قیامت کے متعلق پوچھا، آپ نے فرمایا: ''اِس کی ایک نشانی یہ ہے کہ (بڑے لوگ علم سے محروم ہوں گے تو پھر) چھوٹوں سے علم حاصل کیا جائے گا''۔[2] ابوموسیٰ کہتے ہیں: ابومسعود نے انہیں صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کیا ہے اور کہا کہ ان سے بکر بن سوادہ روایت کرتے ہیں، پھر وہ حدیث ذکر کی۔ لیکن اس کی سند بیان نہیں کی۔ جو طبرانی کے ہاں ابن لہیعہ کی سند سے بحوالہ بکر اسی مفہوم میں ہے۔

۹۵۴۱ ابوامیہ الجمحی (دوسرے ہیں)

ان کا بیان ابوغلیظ، غین نقطے والی میں آئے گا۔

۹۵۴۲ ابوامیہ الجعدی

ابوامیہ ذکر ہو چکا ہے، ایسا ہی الجشمی کا بھی تذکرہ گزر چکا ہے۔

۹۵۴۳ ابوامیہ الضمری[3]

عمرو بن امیہ ذکر ہو چکا ہے۔

۹۵۴۴ ابوامیہ الفزاری[4]

جن کا ذکر ابوامیہ پہلے حرف الف میں ہوا ہے۔

---

[1] اسد الغابہ (٥٦٩٤) تجرید (١٤٩/٢) [2] المعجم الکبیر (٩٠٨/٢٢) مجمع الزوائد (١٣٥/١) جامع المسانید (٢٣٩/١٣)
[3] اسد الغابہ (٥٧٠٣) الاستیعاب (٢٨٩٧) [4] الاستیعاب (٢٨٩٤)

Marfat.com

۹۵۴۵ ابوامیه القشیری والکعبی تذکرہ ہو چکا۔

۹۵۴۶ ابوامیه المخزومی*

بقول ابن السکن: ان کا شمار اہل مدینہ میں ہے۔ پھر اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحہ کی سند سے بحوالہ ابوالمنذر رمولائے ابوذر غفاری، ابوامیہ مخزومی۔ ان کی حدیث نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک چور لایا گیا جس نے اپنے قصور کا اعتراف کیا لیکن اس کے پاس سامان نہ ملا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میرے خیال میں تم نے چوری نہیں کی''۔* اس نے کہا: کیوں نہیں۔ اس سے پھر پوچھا..... الحدیث

ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ اور دارمی نے اسی سند سے نقل کی ہے۔ ابوداؤد نے روایت کی کہ ہمام کی روایت میں اسحاق بن ابی المنذر بحوالہ ابوامیہ۔ انصار* کے ایک شخص۔ لکھا ہے۔ جبکہ پہلی سند زیادہ مشہور ہے ابن السکن فرماتے ہیں: اس میں حماد اسحاق سے روایت کرنے میں متفرد ہیں۔

میں کہتا ہوں: جس روایت کی طرف ابوداؤد نے اشارہ کی ہے۔ ہمام کی روایت اس کی تردید کرتی ہے۔ جبکہ دولابی نے اپنی سند سے اسے موصول کہا ہے۔

۹۵۴۳ ابوانا س بن زنیم اللیثی* یا دؤلی

ساریہ بن زنیم کے بھتیجے۔ ابوعمر نے ان کا ذکر کیا کہ وہ شاعر تھے اور ان کے شرفاء سے تعلق رکھتے تھے وہی اپنے قصیدہ میں کہتے ہیں:

فما حملت من ناقة فوق رحلها ابرّ و اوفی ذمة من محمد*

فرماتے ہیں: ان کا ایک بیٹا انس بن ابی اناس تھا جسے الحکم بن عمرو نے اپنی وفات* کے وقت خراسان کا خلیفہ مقرر کیا تھا۔

میں کہتا ہوں: اناس ھمزہ کے پیش اور نون بغیر شد کے ہے۔ مذکورہ قصیدہ کس نے کہا ہے اس میں اختلاف ہے۔ بعض کا قول ہے کہ یہی ہیں بعض انس بن زنیم، بعض ساریہ بعض اسید بن ابی اناس کہتے ہیں۔ اسی قصیدہ کو ابن اسحاق نے ایمن بن زنیم کی طرف منسوب کر کے پڑھا ہے۔

۹۵۴۸ ابواهاب بن عزیز*

بن قیس ابن سوید بن ربیعہ بن زید بن عبداللہ بن دارم تمیمی داری، بنی نوفل بن عبدمناف کے حلیف ان کے والد عزیز (عین کے زبر اور دو زاؤں سے) مکہ آئے اور ان سے معاہدہ کیا ہے اور ان کے ہاں سے شادی کی۔ چنانچہ ان کی بہن عمرو بن نوفل

---

* اسدالغابۃ (۵۶۹۷) تجرید (۱۴۹/۲) * ابوداؤد کتاب الحدود باب فی التلقین فی الحد (۴۳۸۰)
• نسائی کتاب قطع السارق باب تلقین السارق (۴۸۷۷) ابن ماجہ کتاب الحدود باب تلقین السارق (۵۶۹۷)
مسند احمد (۲۹۳/۵) * جامع المسانید والسنن (۲۳۸/۱۳) * اسد الغابہ (۵۶۹۸) تجرید (۱۴۹/۲)
* اسد الغابۃ (۳۷۹/۴) * اسد الغابۃ (۳۷۹/۴) * اسد الغابۃ (۵۷۰۰) تجرید (۱۵۰/۲)

Marfat.com

کی بیٹی ہے ان کے ہاں ابواہاب پیدا ہوئے پھر عقبہ بن عامر کی بیٹی ام یحییٰ سے شادی کی، جو ابواہاب کی بیٹی تھی، اتنے میں ایک سیاہ فام لونڈی آ کر کہنے لگی: میں نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہے۔ حدیث جو صحیح میں مذکور ہے۔ جعفر المستغفری نے ان کا صحابہ میں ذکر کیا ہے اور کہا کہ ان سے ایک حدیث روایت کی جاتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ٹیک لگا کر کھانے سے منع فرمایا ہے، ✿ فاکہی نے کتاب مکہ میں سفیان کی سند سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے کسی مکی شخص سے سنا کہ ابواہاب جن کا ابھی ذکر ہوا ہے پہلے شخص ہیں جب ان کی وفات ہوئی تو مسجد حرام میں ان کا جنازہ پڑھا گیا۔

۹۵۴۹ ابواوس الثقفی ✿

حذیفہ بن اوس، تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۵۵۰ ابواوس ✿

جابر بن طارق ابن ابی طارق الاحمسی، طارق کے والد، انہیں جابر بن عوف بھی کہا جاتا ہے جو ان کے دادا کی طرف نسبت ہے۔ اس واسطے کہ ابو طارق کا نام عوف ہے اسماء میں گزر چکا ہے۔

۹۵۵۱ ابواوفیٰ الاسلمی ✿

عبداللہ کے والد، ان کا نام علقمہ ہے، ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۵۵۲ ابوایاس الساعدی ✿

طبری نے ان کا ذکر تو کیا ہے لیکن ان کی کوئی روایت نقل نہیں کی جبکہ مستغفری نے ان کا ذکر کیا اور عبدالعزیز بن ابان، بحوالہ صالح بن حسان، سعید بن المسیب ابوایاس الساعدی سے اپنی سند سے نقل کیا، فرماتے ہیں: میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ سوار تھا، آپ ﷺ نے فرمایا: کہو! میں نے عرض کیا: کیا؟ فرمایا: کہو وہ اللہ ایک ہے۔ پھر فرمایا: کہو! ''کہو! میں پناہ طلب کرتا ہوں صبح کے رب کی۔ کہو! میں پناہ مانگتا ہوں لوگوں کے رب کی''۔ اس کے بعد ارشاد فرمایا: ''اے ایاس! لوگوں نے ان جیسا کلام نہیں پڑھا''۔ ✿ ایسا ہی حارث بن ابی اسامہ نے بحوالہ عبدالعزیز بن ابان نقل کیا ہے اور عبدالعزیز متروک راوی ہے۔ ابن ابی عاصم ✿ نے اسے وحدان میں ذکر کیا کہ ابوایاس بن سہل بنی ساعدہ سے ہیں، پھر ابوشیبہ سے بحوالہ مصعب بن مقدام، محمد بن ابراہیم، ابوحازم سے روایت نقل کی کہ وہ ابن ابی ایاس بن سہل انصاری کے پاس بیٹھے۔ پھر وہ کہنے لگے: ذرا دھیان کرو میں متوجہ ہو گیا، کہنے لگے: کیا میں تمہیں اپنے والد کی نبی ﷺ سے کوئی روایت نہ سناؤں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''سورج طلوع ہونے تک نماز پڑھنا مجھے اللہ

✿ مجمع الزوائد (۲۵/۵) اسد الغابۃ (۳۷۹/٤) مسند بزار (۲۸۷۰) ✿ اسد الغابہ (۵۷۰۹)
✿ اسد الغابہ (۵۷۱۰) ✿ اسد الغابہ (۵۷۱۱) الاستیعاب (۲۹۰۲) ✿ اسد الغابہ (۵۷۰۵) تجرید (۱۵۰/۲)
✿ ترمذی کتاب الدعوات باب فی انتظار الفرج وغیر ذلک (۳۵۷۵) نسائی کتاب الاستعاذۃ باب (۱) حدیث (٥٤٤٤)
مسند احمد (۱۵۳/٤) ✿ الاحاد والمثانی (۲۱٦/٤)

Marfat.com

تعالیٰ کی راہ میں عمدہ گھوڑے باندھنے سے زیادہ محبوب ہے''۔ (حدیث)[1] یونہی فرمایا: میرے خیال میں یہ پہلے کے علاوہ ہیں یقیناً ان کا نام سہل ہے انہیں ابوایاس اس وجہ سے کہا جاتا ہے کہ ان کے بیٹے کا نام ایاس تھا۔

۹۵۵۳ ابوایاس اللیثی

ابن عساکر نے اپنی تاریخ کے حرفِ الف اور آخری حرف یاء میں ان کا ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں: بعض لوگوں کا کہنا ہے: وہ صحابی ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے خطبۂ جابیہ میں شریک تھے۔ پھر عبیداللہ بن ابی زیاد کی سند سے بحوالہ زہری، عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ، ابوایاس لیثی ثم الاشجعی، صحابیٔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ وہ جابیہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی آمد کے وقت ان کے پاس تھے کہ آپ کے پاس ایک شخص آ کر کہنے لگا: میری بیوی نے زنا کرلیا ہے، پھر وہ قصہ ذکر کیا۔ ابن عساکر فرماتے ہیں: ان کے علاوہ کسی کا قول ہے: ''ابوزائدہ لیثی سے مروی ہے'' یہی درست ہے۔

میں کہتا ہوں: اس کا احتمال ہے، ہوسکتا ہے یہ وہ ابواناس ہوں جن کا تذکرہ پہلے نون سے ہو چکا ہے۔

۹۵۵۴ ابوایمن الانصاری[2]

عمرو بن الجموح کے غلام، ابن اسحاق[3] نے شہدائے اُحد میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۹۵۵۵ ابوایوب انصاری[4]

خالد بن زید بن کلیب، کنیت سے مشہور ہیں، ان کا نام پہلے گزر چکا ہے۔

۹۵۵۶ ابوایوب

جاریہ بن قدامہ تمیمی۔ ناموں میں تذکرہ ہوگیا۔ نام سے زیادہ مشہور ہیں۔

۹۵۵۷ ابوایوب الیمامی[5]

مستغفری نے ان کا ذکر کیا ہے اور خلیفہ نے نقل کیا کہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے۔

۹۵۵۸ ابوایوب (دوسرے)

عثمانی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا تذکرہ کیا ہے اور عاصم بن علی کی سند سے بحوالہ ان کے والد عبداللہ بن عثمان بن خیثم سے وہ اپنے دادا ابوایوب سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: مجھے مختصر سی نصیحت کریں۔ ابن فتحون نے ان کا ذکر کیا ہے۔

---

[1] مجمع الزوائد (١٦٩٤٦) المعجم الكبير (٥٧٦١) [2] اسد الغابہ (٥٧٠٦) تجرید (١٥٠/٢)
[3] السيرة النبوية عن ابن اسحاق (٩٨/٣) [4] اسد الغابة (٥٧١٤) الاستيعاب (٢٩/٥)
[5] تجرید (١٥٠/٢)

Marfat.com

۹۵۵۹ ابوایوب الازدی ان شاء اللہ تعالیٰ ان کا تذکرہ چوتھی قسم میں آئے گا۔

۹۵۶۰ ابوایوب المالکی

سیف نے فتوح میں ذکر کیا ہے کہ حضرت عمرو بن العاص نے انہیں رومیوں کی جنگ میں لشکر کا امیر بنایا تھا۔ طبری نے اپنی مسند سے ان کا ذکر کیا اور ابن فتحون نے ان کا استدراک کیا ہے۔

قسم ثانی ازحرفِ الف

۹۵۶۱ ابوادریس الخولانی* عائذ اللہ بن عبید اللہ، تذکرہ پہلے گزر چکا ہے۔

۹۵۶۲ ابواسحاق قبیصہ بن ذؤیب خزاعی، ان کا ذکر بھی ہوگیا ہے۔

۹۵۶۳ ابواسحاق* ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری، تذکرہ ہوگیا ہے۔

۹۵۶۴ ابوامامہ بن سہل* بن حنیف انصاری ان کا نام اسعد ہے، پہلے تذکرہ گزر گیا ہے۔

۹۵۶۵ ابوامیہ بن الاخنس

بن شہاب ابن شریق ثقفی، ان کے والد کے صحابی ہونے میں اختلاف ہے۔ وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ ثوری نے کہا: عمرو بن عبدالرحمٰن سہمی سے بحوالہ ابوسلمہ بن سفیان مخزومی، ابوامیہ بن اخنس ثقفی سے روایت ہے۔ فرمایا: میں عمر رضی اللہ عنہ کے پاس تھا۔ آپ کے پاس ایک شخص آ کر کہنے لگا: میرا بیٹا اتنا زخمی کیا گیا کہ اس کی ہڈی نظر آنے لگی۔

قسم ثالث ازحرفِ الف

۹۵۶۶ ابواسحاق

کعب بن ماتع، جو کعب احبار سے مشہور ہیں۔ ناموں میں تذکرہ گزر چکا ہے۔

۹۵۶۷ ابوالاسود

یزید بن الاسود الجرشی، تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۵۶۸ ابوالاسود الدئلی

ظالم بن عمرو، ذکر ہوگیا ہے۔

---

* اسد الغابہ (۵۶۷۲) الاستیعاب (۲۸۷۴) * اسد الغابہ (۵۶۷۹) * اسد الغابہ (۵۶۹۷)

Marfat.com

۹۵۶۹ ابوالاسود الھرّانی

ازعنزہ، وثیمہ نے ردّۃ میں ان کا ذکر کیا کہ وہ بنی حنیفہ میں ٹھہرے ہوئے تھے جب مسیلمہ نے صدیق اکبر کے قاصد حبیب بن عبداللہ کو شہید کر دیا تو ابوالاسود سے رہا نہ گیا، بول اٹھے۔

قاصد کا قتل کرنا گردشِ ایام سے گزشتہ زمانے سے بڑا جرم سمجھا جاتا ہے۔ وہ شخص جو بنی حنیفہ سے ہے گزر گیا یا باقی رہا اسلام کے لیے بہت برا واقع ہوگا۔ اس وقت ابوالاسود نے اپنا اسلام ظاہر کر دیا۔ ابن فتحون نے ان کا استدراک کیا ہے۔

۹۵۷۰ ابوامیہ ازدی* (قتادہ کے والد)

ان کا نام کبیر (بروزن عظیم) ہے ناموں میں گزر چکا ہے۔

۹۵۷۱ ابوامیہ الشّعبانی*

نام یحمد ہے، بعض نے عبداللہ بن اخامر کہا ہے، یحییٰ بن عبدالوہاب نے اپنے دادا ابوعبداللہ بن مندہ کی کتاب میں استدراک کیا۔ اور عبدالملک بن یسار ثقفی کی سند سے بیان کیا کہ ابوامیہ شعبانی نے مجھ سے بیان کیا وہ جاہلی شخص تھے، پھر حدیث ذکر کی۔*

میں کہتا ہوں: یہ روایت یعقوب بن سفیان نے بحوالہ سلیمان بن عبدالرحمٰن، مطر بن العلاء عبدالملک بن یسار سے نقل کی ہے، جاہلی کہنے کے بعد فرماتے ہیں: مجھ سے معاذ بن جبل نے فرمایا (مرفوع روایت کرتے ہیں) تیس سال خلافت و نبوت کے تیس (۳۰) سال خلافت و بادشاہت کے، تیس (۳۰) سال بادشاہت و سختی کے۔ اس کے بعد جو ہوں گے ان میں کچھ بھلائی نہیں۔

میں کہتا ہوں: ابوحاتم رازی نے کہا: انہوں نے زمانۂ جاہلیت پایا ہے۔ اور ابوموسیٰ ذیل میں لکھتے ہیں: ابوامیہ شعبانی، ابوثعلبہ خشنی سے روایت کرتے ہیں۔

میں کہتا ہوں: انہیں معاذ بن جبل سے بھی روایت حاصل ہے۔ سنن میں ان کی حدیث منقول ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب ''خلق افعال العباد'' میں عمرو بن حارثہ کی سند بحوالہ ان کے ابوثعلبہ سے مروی ہے، نیز ان سے عبدالملک بن سفیان ثقفی اور عبدالسلام بن مکلبہ روایت کرتے ہیں۔ ابن حبان نے انہیں ثقات التابعین میں ذکر کیا ہے۔

۹۵۷۲ ابوامیہ

سوید بن غفلہ الجعفی، ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۵۷۳ ابوامیہ العدوی

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام، زمانۂ نبوی پایا ہے۔ ابن ابی شیبہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کی سند سے نقل کیا کہ

---

* اسد الغابۃ (۵۶۹۹) * اسد الغابۃ (۵۶۹۵) تجرید (۱۴۹/۲) * الجرح والتعدیل (۳۱۴/۴)

Marfat.com

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے ایک غلام سے عقد مکاتبت کی جس کی کنیت ابوامیہ تھی، تو وہ اپنے وقت پر قسطیں لے کر حاضر ہوگیا، اس کی پہلی قسط اسلام میں ادا ہوئی۔ مجھے ان ابوامیہ کے والد کا نام معلوم نہیں۔

۹۵۷۴ ابوامیہ الکندی

شریح بن حارث کندی کوفہ کے قاضی، تذکرہ ہو چکا ہے۔

قسم رابع ازحرفِ الف

۹۵۷۵ آبی اللحم الغفاری*

ابن عبدالبر نے کنیتوں کے حرف ہمزہ میں ابوالاعور کے سوانح سے پہلے اور ابواحمد بن جحش کے حالات کے بعد ان کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا ہے: عبادلہ میں ان کا ذکر ہو چکا ہے یہ ان کی کنیت تو نہیں لیکن کنیت جیسی ہوگئی ہے۔ ایسا انہیں اس وجہ سے کہا جاتا تھا کیونکہ وہ گوشت کھانے سے انکار کرتے تھے۔

میرے گمان میں استیعاب پر جو ابن دحیہ کے قلم کا حاشیہ ہے اس میں میں نے دیکھا۔ کاش! جب انہیں پتہ بھی ہے کہ یہ کنیت نہیں تو پھر کنیتوں میں کیوں ذکر کیا اور یوں کیوں کہا: یہ کنیت کی طرح ہوگئی۔ یہ کیوں نہ کہا: لقب کی طرح ہوگئی؟ ہاں یہ کہا جا سکتا ہے کہ جس نے الف یا اور باء نہ لکھی اس نے کنیت سمجھ لی۔ یوں یہ حالت جر میں کنیت کے مشابہ ہوگیا۔ تو تُو جہالت سے بچ! جس سے ابتدائی طالبعلم کا رتبہ بلند ہے چہ جائیکہ اس شیخ کا۔

ابوعمر سے پہلے اسے کنیت بنانے میں ترمذی جزء صغیر میں جو صحابہ رضی اللہ عنہم میں ہے پیش پیش ہیں۔ چنانچہ وہ کنیتوں میں لکھتے ہیں: انَ میں سے ابواللحم ہیں جو صحابی ہیں۔ ایسا ہی اقدام ابواحمد حاکم نے الکنیٰ میں افراد کے حرفِ ہمزہ میں کیا ہے۔ جس میں ابن مندہ کو ایک اور وہم ہوا۔ جو سب غلط ہے۔ انہیں حرفِ ہمزہ میں کنیت فرض کر کے شامل کرنا دوسری غلطی ہے۔ اس کا مقام تو لام ہے۔ اگرچہ الف اور باء کنیت کے حروف ہیں پھر حروف کی ترتیب میں ان کے بعد والے حروف کا اعتبار ہوتا ہے۔ اسی روش پر دولابی، ابن السکن اور ابن مندہ چلے ہیں۔ ان سب نے انہیں حرف لام کے تحت کنیتوں میں ذکر کیا ہے۔ ابونعیم نے ابن مندہ پر نکیر کی جو درست ہے۔

۹۵۷۶ ابوالاسود التمیمی*

ابوموسیٰ نے بحوالہ مستغفری ان کا استدراک کیا اور عبدالرزاق کی سند سے بحوالہ معمر، نقل کیا فرماتے ہیں مجھے تمیم کے ایک شیخ نے ان کے ایک شیخ کے حوالہ سے بتایا جنہیں ابوالاسود کہا جاتا تھا کہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: ''جھوٹی قسم رشتوں کو کاٹ دیتی ہے''۔* جہاں تک میرا علم ہے آپ نے یہ بھی فرمایا: ''شہروں کو ویران کر دیتی ہے''۔ اس میں لفظی غلطی ہوئی ہے۔ درست

* الاستیعاب (۲۸۶۹) * اسد الغابۃ (۵۶۷۵) تجرید (۱۴۷/۲)
* مسند احمد (۷۹/۵) المعجم الکبیر (۹۵۰/۲۲) مجمع الزوائد (۱۷۹/۴)

Marfat.com

ابوسود ہے (ضمہ سین واؤ ساکن) اس کے شروع میں الف نہیں۔ ایسا ہی احمد نے ابن المبارک کی سند سے بحوالہ معمر ذکر کیا ہے، عنقریب آئے گا۔

۹۵۷۷ ابوالاسود الدَوسی

فرمایا: ہم لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ ایسا ہی یزید بن ہارون نے کہا، اس میں یحییٰ بن معین کو وہم ہوگیا، اور کہا: درست ابواسحاق سے بحوالہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہے۔ ابن فتحون نے ان کا ذکر کیا ہے۔

میں کہتا ہوں: مذکورہ حدیث یزید بن ابی حبیب کی سند سے بحوالہ بکیر بن اشج، سلیمان بن یسار، ابواسحاق سے وہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے، ایسا ہی یعقوب بن ابراہیم بن سعد، بحوالہ اپنے والد وہ ابن اسحاق سے وہ یزید بن ابی حبیب سے، اسی طرح ان کے علاوہ: ابن اسحاق سے روایت کرتے ہیں۔

۹۵۷۸ ابوالاسود الدِّیلی

ابن شاہین نے انہیں صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کیا اور عبداللہ بن عثمان بن خثیم کی سند سے بحوالہ محمد بن خلف بن الاسود سے روایت نقل کی کہ ابوالاسود نے انہیں بتایا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے روز لوگوں کے ساتھ تشریف لائے۔ (الحدیث)

وہم ہے جو سقوط سے پیدا ہوا، درست یوں ہے ان کے والد اسود نے بیان کیا وہ اسود بن خلف۔ اسماء میں سے حرف ہمزہ میں ان کا حال گزر چکا ہے۔

۹۵۷۹ ابوالاسود

عبدالرحمٰن بن یعمر دؤلی، ناموں میں ذکر ہو چکا ہے۔ ان کی حدیث ہے: ''حج عرفہ ہے''۔ جسے ابن شاہین نے ''ظالم ابوالاسود'' کے سوانح میں درج کر دیا ہے جو خطا ہے غلط فہمی سے پیدا ہوئی۔ یہ کنیت اور نسبت عبدالرحمٰن اور ظالم میں مشترک ہے صحبت اور حدیث عبدالرحمٰن کی ہے نہ کہ ظالم کی۔ ظالم کا تذکرہ قسم ثالث میں ہو چکا ہے۔

۹۵۸۰ ابوالاسود السلمی*

یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عمارت کے منہدم ہونے اور گر کر ہلاک ہونے سے پناہ کے بارے میں ایک حدیث روایت کرتے ہیں۔ تہذیب میں مزیؒ لکھتے ہیں: ابن السکن کی روایت بحوالہ نسائی میں یوں ہی لکھا ہے، جو وہم ہے درست ابوالیسر (یاء نقطوں والی جس کے نیچے دو نقطے ہیں اس کے سین بغیر نقطوں کے) حاکم نے بھی اسی سند سے نقل کیا ہے، جس سے نسائی نے کیا وہی درست ہے۔

۹۵۸۱ ابوامامہ

عبداللہ بن اسعد بن زرارہ کے سوانح میں ان کا ذکر آتا ہے۔ جس نے انہیں اسعد بن زرارہ کے علاوہ کوئی شخصیت سمجھا ہے اسے غلطی لگی ہے۔

---

* اسد الغابہ (۵۶۹۲) الاستیعاب (۲۸۸۹)

Marfat.com

۹۵۸۲ ابوامیه التغلبی [1]

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مسند میں ان کا عنوان قائم کیا ہے۔ ابوموسیٰ نے ان کا استدراک کیا مجھے عالی مسند سے ہلال الحفّار کے جزء میں ایک حدیث ملی ہے، فرمایا: ہمیں محمد بن سدّی نے بحوالہ جریر، عطاء بن السائب سے وہ جندب بن ہلال سے وہ ابوامیہ سے (جو بنی تغلب کے ایک فرد ہیں) روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: ''جزیہ مسلمانوں کے ذمہ نہیں، جزیہ تو یہود و نصاریٰ پر واجب ہے''۔ [2] ابوموسیٰ نے کہا: اس روایت میں ایسا ہی جندب بن ہلال لکھا ہے۔ جسے شریح بن یونس نے جریر سے روایت کیا فرماتے ہیں: حرب بن عبیداللہ، اپنے والد سے، اپنے دادا ابوامیہ سے روایت کرتے ہیں نام بیان نہیں کیا۔

ابوداؤد نے یہ روایت نقل کی تو کہا: حرب سے وہ اپنے نانا سے وہ اپنے والد سے ایسا ہی مفہوم روایت کرتے ہیں۔ جریر اور ابوالاحوص نے عطاء کی یادداشت کھو جانے کے بعد انہیں یہ روایت بیان کرنے پر مجبور کیا۔ جبکہ ثوری نے اسے روایت کیا وہ عطاء سے پرانے سننے والوں میں سے ہیں۔ بکر بن وائل کے ایک شخص سے وہ اپنے ماموں سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے کہا: میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وکیع فرماتے ہیں: سفیان سے اسی سند سے مرسل مروی ہے کہ ان کے والد نے انہیں بتایا کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ اسے ابوداؤد نے نقل کیا۔ نیز انہوں نے وکیع کی سند سے یہ روایت نقل کی ہے، جس میں ثوری بحوالہ عطاء وہ حرب سے مرسل نقل کرتے ہیں۔ اور ابوحمزہ یشکری کی سند سے بحوالہ عطاء بن السائب، حرب بن عبیداللہ ثقفی ان کے والد نے بتایا کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ اس شدید اختلاف کا خلاصہ یہی نکلتا ہے کہ جریر کی روایت غلط ہے جو اُن کا قول: ان کے نانا سے لے کر ابوامیہ تک ہے، درست پہلا طریق ہے۔

۹۵۸۳ ابوانس انصاری [1]

دولابی نے کنیتوں میں ان کا ذکر کیا جہاں فضائل صحابہ رضی اللہ عنہم کی بحث ہے، لیکن ان کی کوئی حدیث ذکر نہیں کی۔ جبکہ ابن مندہ نے ابراہیم بن ابی یحییٰ کی سند سے بحوالہ مالک بن حمزہ بن ابی انس، وہ اپنے والد سے، وہ اپنے دادا سے نقل کرتے ہیں۔ جو خطاء پر مبنی ہے۔ درست ابراہیم سے بحوالہ مالک بن حمزہ بن ابی اسید وہ اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے ہے۔ اسے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے حمزہ بن ابی اسید وہ اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے ہے۔ اسے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ [2] نے حمزہ بن ابی اسید کی روایت سے مفہوماً نقل کیا ہے۔ ایسا ہی ابوداؤد نے حمزہ بن ابی اسید سے بحوالہ ان کے والد ان کے دادا سے اس حدیث کے علاوہ ایک حدیث روایت کی ہے۔

---

[1] اسد الغابہ (۵۶۹۳) تجرید (۱۴۹/۲)

[2] ابوداؤد کتاب الخراج والفیٔ والامارۃ باب فی تعشیر اھل الذمۃ (۳۰۴۶)
ترمذی کتاب الزکاۃ باب ما جاء لیس علی المسلیمن جزیۃ (۶۳۳، ۶۳۴) مسند احمد (۴۷۴/۳) (۴۱۰/۳)
جامع المسانید والسنن (۲۴۰/۱۳)

[1] اسد الغابہ (۵۶۹۹) تجرید (۱۵۰/۲)

[2] بخاری کتاب المغازی باب (۳۹۸۴/۱۰)

Marfat.com

۹۵۸۴ ابواوس تمیم بن حجر

بغوی نے ایسا ہی کیا ہے، جبکہ ان کے علاوہ کا قول ہے: ابوتمیم اوس بن حجر اور یہی درست ہے۔

۹۵۸۵ ابوایّوب* (بے نسبت)

ابوموسیٰ نے ان کا استدراک کیا جسے ابوبکر بن ابوعلی کی طرف منسوب کیا۔ اور عبدالرحمٰن بن ابی زیاد افریقی کی سند سے وہ اپنے والد سے بحوالہ ابوایوب روایت کرتے ہیں، فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: ''ایک مسلمان پر ایک مسلمان کے لیے چھ باتیں ضروری ہیں، جو نیکی کی ہیں''۔* پھر وہ حدیث ذکر کی۔

میں کہتا ہوں: یہ روایت اسحاق بن راھویہ نے مسند ابوایوب انصاری میں نقل کی ہے۔ ایسا ہی اسے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ* نے الادب المفرد میں درج کیا وہ بھی افریقی کی سند سے ان کے والد سے بحوالہ ابوایوب انصاری ہے۔ حدیث میں ایک قصہ ہے جو ابوایوب کی مذکورہ حدیث کو روایت کرنے کا سبب ہے۔

۹۵۸۶ ابوایوب الازدی

مستدرک میں حاکم لکھتے ہیں: دنیا سے بے رغبت صحابی تھے۔ پھر ابواسحاق فزاری کی سند سے بحوالہ ابراہیم بن کثیر، عمارہ بن غزیہ سے ایک روایت نقل کی کہ ابوایوب ازدی معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ ان سے ذرا بے وفائی محسوس ہوئی تو فرمانے لگے: نبی ﷺ نے ہمیں خبردار کیا تھا کہ ہم آپ کے بعد ''خودغرضی دیکھیں گے''۔ فرمایا: پھر تمہیں کیا حکم دیا؟ فرمایا: ''صبر کرنا'' یہ کہا تھا۔ امیر معاویہ بولے: تو صبر کرو!

حاکم فرماتے ہیں: یہ مرسل روایت ہے، اس واسطے کہ عمارہ نے ابوایوب کو نہیں دیکھا۔ یہ حدیث بحوالہ ابوایوب انصاری دوسری سند سے مروی ہے۔

میں کہتا ہوں: شاید بعض راویوں نے ابوایوب انصاری کو ازدی نسب بنا دیا ہو۔ کیونکہ انصار کا تعلق ازد سے ہے، تابعین میں ابوایوب ازدی دوسرے ہیں۔ جنہیں مراغی کہا جاتا ہے۔ وہ عبداللہ بن عمرو بن العاص وغیرہ سے روایات لیتے ہیں۔ ان کی مرسل روایت آئی ہے۔ واللہ اعلم!

---

* اسد الغابہ (۵۷۰۹) تجرید (۱۵۰/۲)
* المعجم الکبیر (۴۰۷۶/۴) مجمع الزوائد (۱۸۵/۸)
* الادب المفرد (۹۲۲)

Marfat.com

حرف الباء

قسم اوّل ازحرفِ باء

۹۵۸۷ ابوبجیر* (بے نسبت)

ابن مندہ نے ان کا تذکرہ کیا ہے اور عثمان بن عبدالرحمٰن کی سند سے بحوالہ عبداللہ بن بجیر وہ اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: قرآن میرے رب کا کلام ہے....''۔ (حدیث)* اس کی سند ضعیف ہے۔

۹۵۸۸ ابوالبجیر*

ابن الامین نے ان کا استدراک کیا اور اسے ابن فرضی کی جانب مؤتلف میں منسوب کیا ہے، شاید یہ وہ ابن البجیر ہیں جن کا تذکرہ مبہمات میں آئے گا۔

۹۵۸۹ ابوبجیلہ

ذہبی نے تجرید میں بحوالہ بقی بن مخلد ان کا ذکر کیا ہے، مجھے خدشہ ہے کہ یہ نام نون اور حا سے ہے جو آ رہا ہے۔

۹۵۹۰ ابوبحر

دولابی نے کنیتوں میں ان کا ذکر کیا اور عبداللہ بن عمرو بن علقمہ کی سند سے بحوالہ ابوبحر بکراوی نقل کیا، فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جسے اللہ تعالیٰ خوبرو اور خوب مقام بنایا، اس کے والدین نے اس کا برا نام نہ رکھا ہو وہ بروزِ قیامت اللہ کے خالص بندوں میں سے ہوگا''۔*

میں کہتا ہوں: مجھے اندیشہ ہے یہ حدیث مرسل نہ ہو۔

۹۵۹۱ ابوبحینہ

ذہبی نے تجرید میں بحوالہ بقی بن مخلد ان کا تذکرہ کیا ہے، میرے خیال میں یہ بحسینہ کے بیٹے ہیں جو عبداللہ ہیں جن کا تذکرہ ہو چکا ہے۔

---

* اسد الغابہ (۵۷۱۰) تجرید (۱۵۰/۲)
* کنز العمال (۲۴۷۰) الدر المنثور (۳۲۶/۵) کشف الخفاء (۱۴۰/۲) (۳۴۱/۲) تاریخ بغداد (۳۸۹/۲) جامع المسانید (۳۳۱/۱۳) الجرح والتعدیل (۴۲۵/۱) اسد الغابۃ (۳۸۳/۴)
* اسد الغابۃ (۵۷۱۷) * اللآلی (۱۹/۱)

Marfat.com

۹۵۹۲ ابوالبدّاح بن عاصم انصاری*

اسمٰعیل بن اسحاق قاضی نے احکام القرآن میں ذکر کیا ہے کہ یہ معقل بن یسار کی بہن کے خاوند ہیں جن کی وجہ سے یہ آیت ''پھر انہیں مت روکو کہ وہ اپنے تجویز کردہ خاوندوں سے نکاح کریں''۔* اور ابن جریج کی سند سے یہ روایت بیان کی کہ مجھے عبداللہ بن معقل نے بتایا کہ جُمل بنت یسار جو معقل بن یسار کی بہن تھیں وہ ابوالبداح کے نکاح میں تھیں، انہوں نے طلاق دی، عدت گزرنے کے بعد پیام دیا، یہ سند صحیح ہے اگرچہ بظاہر مرسل ہے اگر ثابت ہو جائے تو یہ ابوالبداح بن عاصم بن عدی کے علاوہ ہیں جن کا ذکر چوتھی قسم میں آئے گا۔

۹۵۹۳ ابوالبراد*

تمیم داری کے غلام۔ مستغفری نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور محمد بن حسن بن قتیبہ کی سند سے بحوالہ سعید بن زیاد، ابن فائد سے وہ اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے وہ ابوہند سے روایت کرتے ہیں کہ تمیم داری شام سے مدینہ اپنے ساتھ قنادیل، تیل اور دھاگے لائے جس دِن مدینہ پہنچے تو جمعہ تھا، آپ نے اپنے غلام ابوالبراد نامی کو حکم دیا، وہ اٹھا اس نے دھاگے بٹے اور ان سے قنادیلیں لٹکا کر ان میں پانی اور تیل ڈالا، فتیلے رکھے، جونہی سورج غروب ہوا وہ قنادیلیں روشن کر دیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد آئے تو وہ جگمگا رہی تھی۔ فرمایا: یہ بندوبست کس نے کیا ہے؟ لوگوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! تمیم داری نے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (خوش ہو کر) فرمایا: ''تم نے اسلام (کے مرکز) کو روشن کیا، اللہ تعالیٰ تمہیں دنیا و آخرت میں منور کرے۔ اگر میری کوئی بیٹی ہوتی تو میں اس سے تمہاری شادی کر دیتا''۔* نوفل بن حارث بن عبدالمطلب بولے: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری ام المغیرہ بنت نوفل نامی بیٹی ہے (اسے اپنی بیٹی سمجھتے ہوئے) اپنی مرضی سے جہاں چاہیں اس کا نکاح کر دیں، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی جگہ ان* سے ان کا نکاح کر دیا۔ اس کی سند ضعیف ہے۔

۹۵۹۴ ابوبردہ بن سعد

بن حزابہ بن جعید بن وہیب بن عمرو بن عائذ بن عمر بن مخزوم، زبیر بن بکار نے ان کا ذکر کیا اور کہا کہ ان کا بیٹا عبدالرحمٰن جنگ جمل میں شہید ہوا، جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے لشکر میں تھا۔

۹۵۹۵ ابوبردہ بن قیس الاشعری*

ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے بھائی، اپنے بھائی کی طرح اپنی کنیت سے مشہور ہیں۔ بقول بغوی رحمۃ اللہ علیہ کوفہ میں رہے۔ ان کی حدیث امام احمد اور حاکم نے عاصم الاحول کی سند سے بحوالہ کریب بن حارث، وہ ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے بیٹے سے وہ اپنے چچا ابوبردہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اے اللہ! میری اُمت کی ہلاکت اپنی راہ میں قتل اور طاعون میں بنا دے''۔*

---

* اسد الغابہ (۵۷۱۱) تجرید (۱۵۰/۲) * البقرۃ (۲۳۲) * اسد الغابہ (۵۷۱۲) تجرید (۱۵۱/۲)
* اسد الغابہ (۳۸۳/٤) * المستدرک (۲٤٦/۳) اسد الغابۃ (۳۸٤/٤)
* اسد الغابہ (۵۷۱٦) تجرید (۱۵۱/۲) * مسند احمد (٤۳۷/۳) (۲۳۸/٤) المستدرک (۹۳/۲)

Marfat.com



[illegible]

[illegible]

۹۵۹۶ ابوبردہ بن نیار الانصاری

[illegible]

[illegible] اپنے ماموں حارث بن عمرو سے ملا۔ ابوبردہ بن نیار نے خود بتایا کہ وہ [illegible] حارث بتاتا ہے [illegible] کے دوسرے ماموں ہوں۔ واللہ اعلم۔ [illegible] (مگر) پہلا قول (ماموں ہونے کا) زیادہ مشہور ہے۔

[illegible] سے اور ان سے براء بن عازب، جابر بن عبداللہ، اور ان [illegible] نے روایت کی ہے۔ جو لوگ ان کا نام حارث بتاتے ہیں اس [illegible] اپنے ماموں حارث بن عمرو سے ملا۔ لیکن احتمال ہے ان کے کوئی اور ماموں ہوں یہی زیادہ [illegible] نے روایت کی کہ ابوبردہ بن نیار کا نام "حارث" ہے۔ ان کا [illegible] ابوبردہ بن ابی موسیٰ کے متعلق ہے۔ بقول ابوعمر: خلافت معاویہ کے ابتدائی دور میں فوت [illegible] سے پہلے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تمام مہمات میں شریک رہ چکے تھے۔ بقول بعض ان کا انتقال اکتالیس بقول بعض [illegible] ایک قول کے مطابق پینتالیس ہجری میں ہوا۔

۹۵۹۷ ابوبردہ جمیع بن عمیر کے ماموں

شریک نے وائل بن داؤد سے بحوالہ جمیع وہ اپنے ماموں ابوبردہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کی سب سے فضیلت والی کمائی اس کی اولاد ہے اور ہر (جائز) سودا (عنداللہ) مقبول ہے۔ اس روایت کو بغوی نے یحییٰ الحمانی

---

[1] اسد الغابۃ (۳۸۵/۴) [2] اسد الغابۃ (۵۷۱۷) تجرید اسماء الصحابۃ (۱۵۱/۲)

[3] اسد الغابۃ (۳۸۵/۴) [4] اسد الغابۃ (۵۷۱۴) تجرید (۱۵۱/۲)

[5] مسند احمد (۴۶۶/۳) المستدرک (۱۰/۲) المعجم الکبیر (۵۱۹/۲۲، ۵۲۰) السلسلۃ الصحیحۃ (۶۰۷)
مجمع الزوائد (۴.....۶۰) (۱۵۴/۴) کنز العمال (۹۲۲۶) جمع الجوامع (۳۷۸۰)

Marfat.com

سے بحوالہ شریک روایت کیا ہے۔ بحوالہ شریک کئی لوگوں نے ان کی متابعت کی ہے ثوری فرماتے ہیں: سند یوں ہے، وائل سے وہ سعید بن عمیر سے وہ اپنے چچا سے، یہ ابن مندہ نے نقل کی ہے۔

میں کہتا ہوں: سعید بن عمیر کا نام ابن عتبہ بن نیار ہے اس لحاظ سے ان کے چچا ابو بردہ بن نیار ہوئے برخلاف جمیع کے مجھے معلوم نہیں آیا وہ ایک شخص ہے جس کے نام میں اختلاف ہے یا دو شخصیتیں ہیں؟

۹۵۹۸ ابوبردہ الاسلمی

ثعلبی نے اپنی تفسیر میں ان کا تذکرہ کیا کہ نبی ﷺ نے انہیں اسلام کی دعوت دی تو انہوں نے نہ مانی۔ بعد میں ان کے بیٹوں نے ان سے گفتگو کی تو وہ مان گئے۔ اور اسلام لے آئے۔ طبرانی میں ایک بہترین سند سے بحوالہ ابن عباس رضی اللہ عنہما مروی ہے فرمایا: ابو بردہ الاسلمی کاہن تھے یہودی لوگوں کے درمیان فیصلے کرتے تھے پھر اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''اے نبی! کیا آپ نے ان لوگوں کا حال دیکھا جو دعویٰ تو یہ کرتے ہیں کہ ان کا تم پر نازل شدہ اور تم سے پہلے نازل کردہ کتابوں پر ایمان ہے مگر چاہتے یہ ہیں کہ اپنے معاملات کا فیصلہ طاغوت کے پاس کرانے جائیں''۔ [1]

۹۵۹۹ ابوبردہ ظفری انصاری اوسی [2]

ابن سعد نے مصر فروکش ہونے والوں میں ان کا تذکرہ کیا ہے۔ بقول ابونعیم ان کا شمار کوفیوں میں ہوتا ہے۔ بغوی اور امام احمد کے ہاں عبداللہ بن معتب بن ابی بردہ ظفری کی سند سے بحوالہ ان کے والد وہ اپنے دادا سے، فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: کاہنوں میں سے ایک شخص مسلمان ہو کر قرآن کو ٹھیک انداز سے ایسے پڑھے گا کہ پھر اس جیسا (خاص انداز لے کر) اس کے بعد کوئی نہیں پڑھے گا۔'' [3] یہ روایت امام احمد اور ابن خیثمہ وغیرہ نے ابن وہب کی سند سے عمرو بن الحارث سے بحوالہ ابوصخر نقل کی ہے اور ابن مندہ نے نافع بن یزید کی سند سے بحوالہ ابوصخر روایت کی ہے۔

تنبیہ ☆ اکثر علماء کے نزدیک لفظ مُعَتِّب میم کے پیش عین کے زبر، تائے مشددہ زیر والی آخر میں ب ہے۔ جبکہ ابوعمر نے کہا ہے عین کا زیر پھر یا ساکن آخر میں ثاء ہے۔

ابن فتحون فرماتے ہیں: میں نے ابن مفرح کی اصل کتاب بزار میں یہ لفظ مُعَتِّب اسی جیسا لکھا دیکھا لیکن وہ عین اور باء سے ہے۔ بزار ابن السکن اور باوردی وغیرہ کا اس پر اتفاق ہے کہ عبداللہ مکبر لفظ ہے جبکہ ابوعمر کے ہاں عبیداللہ مصغر لکھا ہے۔

۹۶۰۰ ابوبرزہ الاسلمی [4]

شہرت یافتہ شخصیت ہے ان کا نام ''نضلہ بن عبید'' ہی صحیح ہے بعض ابن عبداللہ بعض ابن عائذ اور بعض عبداللہ بن نضلہ۔ [5] کہتے ہیں۔ اسے واقدی نے اپنے مسودے سے نقل کیا ہے بعض کے نزدیک تصغیر سے ہے۔ ہیثم بن عدی نے کہا خالد بن

---

[1] سورۃ النساء: ۶۰ [2] اسد الغابۃ (۱۷۱۵) تجرید (۱۵۱/۲)

[3] مسند احمد (۱۰/۶) المعجم الکبیر (۵۱۸/۲۲) (۷۹۴/۲۲) مجمع الزوائد (۱۶۷/۷)

[4] اسد الغابۃ (۵۷۱۹) تجرید (۱۵۱/۲) [5] مسند احمد (۴۱۹/۴)

Marfat.com

نصلہ، نون میں گزر گیا ہے۔

۹۶۰۱ ابوبرقان السعدی*

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے رضاعی چچا۔ ابوموسیٰ فرماتے ہیں: مستغفری نے ان کا تذکرہ کیا ہے اور محمد بن معن سے بحوالہ عیسیٰ بن یزید نقل کیا ہے فرماتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے (رضاعی) چچا ابوبرقان جو بنی سعد بن بکر سے تعلق رکھتے تھے آ کر کہنے لگے: اے محمد! (صلی اللہ علیہ وسلم) تیری قوم کو تجھ سے زیادہ کوئی نوجوان محبوب نہیں اور نہ تجھ سے بڑھ کر کوئی قابل تعریف ہے۔ جبکہ یہ سب کچھ لے لیتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: ابوبرقان! کیا تمہیں مقام حیرہ معلوم ہے؟ انہوں نے کہا: میں نے عرض کیا: جی ہاں، فرمایا: اگر تمہاری زندگی لمبی ہوئی تو اس کے متعلق تم ضرور سنو گے کہ مسافر وہاں سے بغیر کسی حفاظت کے گزرے گا'' وہ کہنے لگے: میں نہیں جانتا آپ کیا کہنا چاہتے ہیں۔ میں ابھی فلاں مقام سے پہرے دار کو ساتھ لے کر گزرا ہوں۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں قیامت کے دن ضرور تمہارا ہاتھ پکڑ کر تمہیں یہ بات یاد دلاؤں گا''۔ ✿ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ ابوبرقان سے فرماتے حضور تمہارا ہاتھ اس لئے پکڑیں گے کہ تم نیک آدمی ہو۔ ابوبرقان فرماتے ہیں: بعد میں میرا ''حیرہ'' سے گزر ہوا تو میں نے اسے ویسا ہی پایا جیسا کہ مجھ سے بیان کیا گیا تھا۔ ✿

میں کہتا ہوں: عیسیٰ بن یزید وہی ہیں جو ''ابن دأب اخباری'' سے مشہور ہیں۔ ناقدین نے ان کی تکذیب کی ہے اس کنیت میں لفظی غلطی ہوئی ہے جیسا کہ ثاء میں آئے گا۔

۹۶۰۲ ابوبریدہ عمرو بن سلمہ جرمی، اسماء میں تذکرہ ہو گیا ہے۔

۹۶۰۳ ابوبرّہ المکی المخزومی*

بن مخزوم کے غلام ہیں۔ ابن قانع نے ان کا تذکرہ کیا اور امام بخاری سے نقل کیا ہے کہ ان کا نام یسار تھا۔ ابن قانع اور ابوالشیخ دونوں فرماتے ہیں: ہمیں ابوخبیب (خاء نقطے والی پھر باء اور یاء تصغیر والیاں البرتی باء کے زیر، راء ساکن اس کے بعد تا) نے بحوالہ احمد بن ابی برّہ بتایا۔ وہ ابن محمد بن قاسم بن ابی برّہ ہیں۔ فرمایا: مجھ سے میرے والد نے بحوالہ میرے دادا ابوبرّہ کے نقل کیا، فرمایا: ''میں اپنے آقا عبداللہ بن سائب کے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے آپ کے ہاتھ، سر اور پاؤں ✿ پر بوسہ دیا''۔ یہ روایت ابوبکر بن المقری نے ''ہاتھ چومنے کی رخصت'' نامی رسالے میں نقل کی ہے۔ جو بحوالہ ابوالشیخ ہے۔ ابوموسیٰ نے ان کا استدراک کیا ہے۔

۹۶۰۴ ابوبشار یا یسار کنیتوں کے آخری حرف یاء میں تذکرہ آئے گا۔

✿ اسدالغابۃ (۵۷۲۰) تجرید (۱۵۱/۲) ✿ جامع المسانید (۳۶۲/۱۳) اسدالغابۃ (۳۸۶/٤)

✿ التاریخ الکبیر (٤۰۲/۳) الجرح والتعدیل (۲۹۱/۳) میزان الاعتدال (۳۲۸/۳)
جامع المسانید (۱۳.....۳٦۲) اسدالغابۃ (۳۸۷/٤)

✿ اسد الغابہ (۵۷۲۱) تجرید (۱۵۱/۲) ✿ جامع المسانید (۳٦۳/۱۳) اسد الغابہ (۳۸۷/٤)

Marfat.com

۹۶۰۵ ابوالبَشر*

ابن الحارث العبدری از بنی عبدالدار، محمد بن وضاح فرماتے ہیں: یہ وہ نوجوان ہیں جنہوں نے سبیعہ اسلمیہ کو اس وقت نکاح کا پیغام دیا جب ان کے ہاں بچے کی ولادت ہو چکی تھی۔ تو ان کا میلان ہو گیا (مائل ہوئیں)۔* اتنے میں ابوسنابل ان کے پاس آ کر کہنے لگے: جب تک چار ماہ دس دِن نہیں گزر جاتے میں نکاح نہیں کرنے کا۔ ابن دباغ اور ابن فتحون نے ان کا استدراک کیا ہے۔

۹۶۰۶ ابوبشر انصاری

ابن ابی خیثمہ نے ان کا ذکر کیا اور مخرمہ بن بکیر کی سند سے بحوالہ ان کے والد، وہ سعید بن نافع سے روایت کرتے ہیں۔ مجھے ابوالبشر صحابیٔ رسول نے دیکھا کہ میں سورج طلوع ہو چکنے کے بعد نماز پڑھ رہا تھا، انہوں نے اس پر مجھے ڈانٹا اور فرمایا: رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے: ''جب سورج بلند ہونے لگے اس وقت کوئی نماز نہ پڑھا کرو، اس واسطے کہ وہ شیطان کے دو سینگوں میں طلوع ہوتا ہے''۔*

ابن ابی خیثمہ نے ان میں اور ابوبشر انصاری میں فرق کیا ہے جن کی حدیث صحیحین میں آتی ہے۔ تو یہ نام ایسا ہے کہ اس کے شروع میں زیر پھر سکون ہے۔ اور جو آئندہ والا ہے اس میں زبر پھر زیر ہے (یعنی بَشِر ہے)۔ ابن عبدالبر نے دونوں کو ایک کر دیا ہے اور کہا: یہ وہی ہیں جن سے عمارہ بن غزیہ یہ حدیث نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے مدینہ کے دونوں پہاڑوں کے درمیانی علاقہ کو حرام قرار دیا، اور فرماتے ہیں ان کی یہ بھی حدیث ہے: ''بخار جہنم کی گرمی ہے''۔ راجح دونوں میں فرق ہی ہے۔

۹۶۰۷ ابوبشر خَثعمی ان کی بقی بن مخلد کی مسند میں ایک حدیث ہے۔

۹۶۰۸ ابوبِشر براء بن معرور، انصار کے سردار، ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۶۰۹ ابوبشر سلمی*

ذیل میں ابوموسیٰ نے ان کا استدراک کیا ہے کہ ابوبکر بن علی وغیرہ نے انہیں صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کیا ہے اور ہشام بن سعد کی سند سے بحوالہ زید بن اسلم، ابوبشر سلمی سے روایت کرتے ہیں، جو صحابیٔ رسول ﷺ تھے، کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس کی خواہش ہو کہ اس کی مشکل ٹل جائے اور اس کی دُعا قبول ہو اسے چاہیے کہ وہ تنگدست (قرضدار) کو مہلت دے دے یا معاف کر دے''۔*

---

* اسد الغابہ (۵۷۲۲) تجرید (۱۵۱/۲) * اسد الغابۃ (۳۸۷/٤)
* مسند احمد (۲۱٦/٥) کنز العمال (۱۹٦۱۸) المطالب العالیۃ (۳۰٤)
* اسد الغابۃ (۵۷۲۳) تجرید (۱۵۱/۲)
* ابن ماجہ کتاب الصدقات باب اظہار المعسر (۲٤۱۹) مجمع الزوائد (۱۳٤/٤) مسند احمد (٤۲۷/۳) کنز العمال (۱۵٤۱۷) المعجم الکبیر (۳۷٦/۱۹) (۳۷۷/۱۹) جامع المسانید (۳٦٤/۱۳)

Marfat.com

ابوموسیٰ فرماتے ہیں: شاید وہ ابوالیَسَر ہیں یاء اور سین کے زبر سے، ان کا نام کعب بن عمرو ہے، کیونکہ یہ متن انہی سے مشہور ہے۔

میں کہتا ہوں: لیکن دونوں حدیثوں کا مآخذ مختلف ہے اور مآخذ میں کثرت ہو تو یہ راویوں کی کثرت کی دلیل ہے، برخلاف اس صورت کے جب مآخذ ایک ہو اور اس میں کوئی مانع نہیں کہ ایک حکم کو دو صحابیوں سے روایت کیا جائے۔ سیاق کا اختلاف کثرت کی دلیل ہے۔ واللہ اعلم

۹۶۱۰ ابوبشیر انصاری الساعدی*

مازنی، اور حارثی بھی کہا جاتا ہے۔ صحیحین میں ان کی حدیث عباد بن تمیم کی سند سے بحوالہ ان کے مروی ہے، حدیث کا متن ہے: ''قلادہ کے علاوہ کوئی چیز ہرگز (جانور کی) گردن میں نہ چھوڑی جائے''۔ ضمرہ بن سعید اور سعید بن نافع بھی ان سے روایت کرتے ہیں۔ ابواحمد حاکم نے ان لوگوں میں ان کا تذکرہ کیا جن کا نام معروف نہیں۔ بقول بعض ان کا نام قیس بن عُبَید بن الحریر (حاء راء سے تصغیر) ہے جسے طبری وغیرہ نے قلمبند کیا ہے۔ ابوعمر کے ہاں ''حارث'' لکھا ہے۔ بقول محمد بن سعد وہ عبید بن حارث بن عمرو بن جعد ہیں۔

واقدی سے منقول ہے: وہ لڑکپن میں اُحد میں شریک ہوئے۔ اور ابن سعد نے غزوۂ خندق کے شرکاء کے طبقہ میں ان کا نام درج کیا ہے۔ بغوی نے ان کا ذکر کیا کہ وہ ابوبشیر انصاری مدینہ میں رہائش پذیر تھے، اسی سند سے ان کی حدیث نقل کی ہے۔ خلیفہ لکھتے ہیں: ابوبشیر حرّہ کے بعد فوت ہوئے۔ انہوں نے لمبی عمر پائی۔ بقول بعض: ۴۰ھ میں فوت ہوئے۔ نسباً وہ ساعدی ہیں۔ انہیں مازنی، حارثی بھی کہا جاتا ہے۔ ضمرہ بن سعید، اور سعید بن نافع ان سے روایت لیتے ہیں۔ لوگ کہتے ہیں کہ اس کا یہ آخری بوڑھا ہے جس کی کنیت ابوبشر ہے، یہ ابن ابی خیثمہ کا قول ہے۔

۹۶۱۱ ابو بَشِیر انصاری

یہ اور ہیں۔ حارث بن خزمہ نام ہے، ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۶۱۲ ابوبَشِیر (کسی قبیلہ سے منسوب نہیں)

ابن فتحون نے بحوالہ طبری ان کا استدراک کیا اور ان کی روایت نقل کی۔ جو شعبہ کی سند سے، حبیب مولیٰ انصار سے مروی ہے، فرمایا: میں نے ابن ابی بشر اور ابن ابی بشیر سے سنا، دونوں اپنے اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بخار جہنم کی گرمی ہے اسے پانی سے ٹھنڈا کر لیا کرو''۔ ۴

---

* اسد الغابہ (۵۷۲۴) تجرید (۱۵۸/۲)

۴ بخاری کتاب الجهاد والسير باب ما قبل فی الجرس و نحوه فی اعناق الابل (۳۰۰۵)
مسلم کتاب اللباس والزينة باب كراهية قلاده الوتر فی رقبة البعير (۵۵۱۵)

* الاكمال (۱۳۱/۱)

۴ اخرجه الامام احمد فی مسنده حديث (۲۱۶/۳)

Marfat.com

میں کہتا ہوں: یہ پہلے گزر چکا ہے کہ ابوعمر نے اس پر یقین کا اظہار کیا ہے کہ یہ پہلے والی شخصیت ہے۔ لہٰذا غیر کے احتمال کے باوجود اس پر استدراک درست نہیں۔ بغوی نے ابوجندل بن سہیل کے سوانح میں ان کا تذکرہ کیا ہے۔

۹۶۱۳ ابوالبشیر انصاری

بقول بعض یہ کعب بن مالک کی کنیت ہے۔ ابن ماکولا* نے ان کا ذکر کیا ہے۔

۹۶۱۴ ابوالبشیر*

پہلے کی طرح شروع میں الف لام کا اضافہ ہے، رسول اللہ ﷺ کے غلام۔ ابوموسیٰ نے بحوالہ مستغفری ان کا ذکر کیا ہے۔

۹۶۱۵ ابوالبشیر المعاوی*

بزار نے ان کا تذکرہ اور ابن الامین نے استدراک کیا ہے۔

۹۶۱۶ ابوبصرہ غفاری*

ابن بصرہ بن ابی بصرہ بن وقاص بن حبیب بن غفار اور بقول بعض: ابن حاجب بن غفار۔ وہ نبی ﷺ سے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، ابوتمیم جیشانی، عبداللہ بن ہبیرہ، عبید بن جبر، اور ابوالخیر یزنی وغیرہ روایت کرتے ہیں۔ ان کی حدیث مسلم اور نسائی نے ابن اسحاق کے طریق سے، بحوالہ یزید بن ابی حبیب، جبیر بن نعیم سے انہوں نے عبداللہ بن ہبیرہ سے وہ ابوتمیم جیشانی سے انہوں نے حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ سے نقل کی فرمایا: ''ہمیں رسول اللہ ﷺ نے عصر کی نماز پڑھائی''۔ (الحدیث) اسی میں ہے: ''جب تک شاہد یعنی ستارہ دکھائی نہ دے کوئی نماز نہیں''۔* نسائی نے کلیب بن دہل کے طریق سے بحوالہ عبید بن جبر نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: میں رمضان میں صحابیٔ رسول ابوبصرہ کے ساتھ تھا، پھر انہوں نے سفر میں روزہ نہ رکھنے کا ذکر کیا۔ ابن یونس فرماتے ہیں: فتح مصر میں شریک ہوئے وہیں ان کی حویلی ہے وفات وہیں ہوئی اور مصر کے مقبرہ میں دفن ہوئے۔ ابوعمر: حجاز میں رہتے تھے، پھر مصر منتقل ہوگئے۔ بقول بعض: عزہ کثیر کی محبوبہ ان کی اولاد سے ہے، اسی کی طرف کثیر نے اپنے حاجبیہ میں اشارہ کیا ہے۔ جبکہ ابن الاثیر نے اس کا انکار کرتے لکھا ہے: عزّہ کے نسب میں ابوبصرہ کا کوئی تذکرہ نہیں۔

۹۶۱۷ ابوبصرہ الغفاری*

سابقہ شخصیت کے دادا، ان کے پوتے کے حالات میں ان کا ذکر ہو چکا ہے کہ انہیں ان کے والد اور دادا کو شرفِ صحابیت حاصل ہے۔

---

* الاکمال (۶۲/۱) * اسد الغابہ (۹۷۲۵) تجرید (۱۵۲/۲)
* اسد الغابہ (۵۷۳۲) تجرید (۱۵۲/۲) * اسد الغابہ (۵۷۲۵) تجرید ایضًا
* مسلم کتاب صلاۃ المسافرین باب الاوقات التی نہی عن الصلاۃ فیہا (حدیث: ۱۹۲٤)
نسائی کتاب المواقیت باب تاخیر المغرب (حدیث: ۵۲۰) * تجرید (۱۵۲/۲)

Marfat.com

۹۶۱۸ ابوبصیر بن اسید*

بن جاریہ ثقفی، ان کا نام عتبہ پہلے تذکرہ ہوا ہے۔ بقول بعض: نام عبید ہے جسے ابن عبدالبر نے بھی نقل کیا ہے، جبکہ پہلا نام ہی مشہور ہے۔

۹۶۱۹ ابوبصیر (دوسرے)

ابوغسل کے سوانح میں غین نقطے والی میں ذکر آئے گا۔

۹۶۲۰ ابوبصیرہ*

ابوعمر۔ سیف بن عمر نے یمامہ میں شریک انصاریوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۹۶۲۱ ابوبکر الصدیق بن ابی قحافہ*

نام عبداللہ، بقول بعض: عتیق بن عثمان تھا، ذکر ہو چکا ہے۔

۹۶۲۲ ابوبکر بن شعوب اللیثی

نام شداد، بقول بعض: اسود، شداد بن اسود ہے، اس پر علماء کا اتفاق ہے کہ شعوب ان کی والدہ ہیں، انہی کے متعلق جب جنگ اُحد میں ابوسفیان بن حرب نے ان کی مدافعت کی تو کہا تھا: ع

''اگر میں چاہتا تو مجھے دھاری دار تیز رفتار گھوڑا بچا لیتا، اور میں ابن شعوب کی اونٹنی پر سوار نہیں ہوا''۔

جعونہ نامی ان کا ایک بھائی بھی ہے جن کا تذکرہ جیم میں گزر گیا ہے۔ نوادر مجموعہ میں جرمی نے ایک واقعہ نقل کیا ہے اور میں نے بھی انہی کے قلم سے صحیح سند کے ذریعہ بحوالہ ابوعبید ان لوگوں کے حالات میں نقل کیا ہے جو اپنی والدہ کی طرف منسوب ہوئے۔ ابوبکر بن شعوب اپنی والدہ کی نسبت سے مشہور ہیں جبکہ ان کے والد کا تعلق بنی لیث بن بکر بن کنانہ سے ہے وہی یہ اشعار کہتے ہیں پھر مشرکین بدر کے مقتولین کے بارے مرثیہ کے اشعار ذکر کیے۔ فرماتے ہیں: بعد میں ابن شعوب اسلام لے آئے تھے۔

مرزبانی: ان کی والدہ شعوب خزاعیہ تھیں۔ ان کے علاوہ علماء کا کہنا ہے کہ کنانیہ تھیں۔ بخاری میں لکھا ہے: کلبیہ تھیں، چنانچہ یونس کے طریق سے بحوالہ زہری، عروہ وہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر نے ایک کلبی خاتون سے شادی کی جس کا نام اُمّ بکر تھا۔ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ہجرت کی تو اسے طلاق دے گئے تو اس سے اس کے چچا زاد اسی شاعر نے شادی کرلی جو کفارِ قریش کے مرثیہ میں ایک قصیدہ کہتا ہے: ''قلیب بدر کے اس کنویں میں کیا ہے؟''

اسماعیلی نے احمد بن صالح کے طریق سے بحوالہ وہب، ابن یونس سے نقل کیا تو از کلب نہیں کہا۔ بلکہ یہ اضافہ کیا ہے: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرمایا کرتی تھیں، ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نہ جاہلیت میں اشعار کہے اور نہ اسلام میں۔ حکیم ترمذی نے نوادر الاصول میں

---

* اسد الغابہ (۵۷۳۴) استیعاب (۲۹۱۵) * اسد الغابہ (۵۷۲۸) استیعاب (۲۹۱۵) تجرید (۱۵۲/۲)
* اسد الغابہ (۵۷۳۷) استیعاب (۲۹۱۷)

Marfat.com

زبیدی کے طریق سے بحوالہ زہری عروہ سے وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ آپ اس شخص کے لیے بددعا کیا کرتی تھیں جو یہ کہتا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے یہ قصیدہ کہا ہے۔ اللہ کی قسم! ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نہ جاہلیت میں اور نہ اسلام میں ایک شعر بھی نہیں کہا۔ واقعہ یہ ہے کہ انہوں نے بنی کنانہ پھر بنی عوف کی ایک خاتون سے شادی کی تھی اور ہجرت کے وقت اسے طلاق دے دی، جس سے اس عورت کے چچا زاد اس شاعر نے شادی کر لی تھی، اسی نے کفار قریش کے بارے میں ایک مرثیہ کہا تھا جو بدر میں مارے گئے تھے۔ جس عورت کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے طلاق دی تھی اس کی وجہ سے لوگوں نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے دشمنی رکھ لی حالانکہ وہ تو ابوبکر بن شعوب تھا۔

میں کہتا ہوں: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا اشارہ اس حدیث کی طرف ہے جو فاکہی نے کتابِ مکہ میں یحییٰ بن جعفر سے بحوالہ علی بن عاصم، عوف بن ابی جمیلہ سے انہوں نے ابوالقموص سے روایت کی ہے ''کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے زمانۂ جاہلیت میں شراب پی لی اور یہ اشعار کہنے لگے''۔ پھر وہ اشعار ذکر کیے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پتہ چلا آپ اپنا تہبند گھسیٹتے کھڑے ہوئے یہاں تک کہ گھر میں داخل ہوئے آپ کے ساتھ ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوگئی۔ آپ نے دیکھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ غصہ سے سرخ ہو رہا ہے۔ کہنے لگے: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غصہ سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ اللہ کی قسم! یہ کبھی ہمارے سر میں داخل نہیں ہوگی (یعنی شراب نہیں پیوں گا جس سے دماغ پر اثر پڑتا ہے) چنانچہ سب سے پہلے انہوں نے اپنے لیے شراب حرام کر لی۔

نفطویہ نے اس روایت پر اعتماد کر کے لکھا ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے شراب کی حرمت سے پہلے شراب پی تھی۔ اور مشرکین کے بدر میں مارے گئے لوگوں کا مرثیہ کہا تھا۔ رہی وہ روایت جو بزار نے بحوالہ ابوکریب اور جنادہ نے بحوالہ یونس بن بکیر، مطر بن میمون سے نقل کی کہ ہم سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں لوگوں کو شراب پلا رہا تھا، ان میں بنی کنانہ کا ابوبکر نامی ایک شخص تھا جب اس نے پی لی تو کہنے لگا:

''ام بکر! سلام بھیج! کیا تیری قوم کے بعد بھی مجھے سلام پہنچ سکتا ہے۔ ہم سے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) بیان کرتا ہے کہ
ہم زندہ ہوں گے، انسانی لاشوں اور کھوپڑیوں کی کیسی زندگی؟''

فرمایا: یوں شراب کی حرمت نازل ہوئی، پھر وہ حدیث ذکر کی۔ اسی میں برتن توڑنے اور ان میں پڑی شراب بہانے کا ذکر ہے۔ ابن فتحون فرماتے ہیں: یہ اشعار ابوبکر شداد بن اسود بن شعوب کے ہیں، جو اس قصیدے میں سے ہیں جس میں مقتولین بدر کا مرثیہ کہا ہے۔ شاید ابوبکر کنانی نے نشے کی حالت میں انہیں کہہ دیا ہو۔

میں کہتا ہوں: ابن فتحون سے یہ بات مخفی رہ گئی کہ ابوبکر بن شعوب ہی ابوبکر کنانی ہیں، جن کے متعلق انہوں نے گمان ظاہر کیا کہ وہ مسلم تھے اور ابن شعوب اسلام نہیں لائے، اسی بنا پر اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابن ہشام نے ''زیادات سیرۃ'' میں ذکر کیا ہے کہ ابن شعوب اسلام لائے پھر مرتد ہوگئے۔ واللہ اعلم!

۹۶۲۳ ابوبکر الثقفی

نفیع بن حارث، جن کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔

Marfat.com

۹۶۲۴ ابوالبنات ابوسفیان میں ذکر آئے گا۔

۹۶۲۵ ابوبھیسہ* فزاری

الکنی میں ابوبشر دولابی نے ان کا ذکر کیا اور کھمس کے طریق سے بحوالہ یسار بن منظور، ابوبھیسہ سے نقل کیا کہ ''انہوں نے نبی ﷺ سے اندر آنے کی اجازت طلب کی، وہاں پہنچنے کے بعد انہوں نے آپ ﷺ کی قمیص میں ہاتھ ڈالا اور مہر نبوت کو چھوا''۔* انہوں نے اسی طرح نقل کیا، یہی روایت ابوداؤد اور نسائی میں اسی سند سے مروی ہے لیکن انہوں نے کہا: بھیسہ (خاتون) سے بحوالہ ان کے والد مروی ہے کہ انہوں نے اجازت طلب کی۔ ابن مندہ نے اسے نقل کیا ہے، لیکن فرماتے ہیں: یسار سے بحوالہ ان کے والد وہ بھیسہ سے فرماتی ہیں: میرے والد نے نبی ﷺ سے آپ کی قمیض میں ہاتھ ڈالنے کی اجازت چاہی۔ (الحدیث)

ابن عبدالبر نے ذکر کیا ہے کہ بھیسہ کے والد کا نام عمیر ہے جو عین میں گزر چکا ہے۔

۹۶۲۶ ابوبھیہ* البکری نام عبداللہ بن حرب، تذکرہ ہو چکا ہے۔

قسم ثانی ازحرفِ باء

کسی شخصیت کا اس میں ذکر نہیں۔

قسم ثالث ازحرفِ باء

۹۶۲۷ ابوبَحریہ التراغمی

کنیت سے مشہور ہیں۔ نام عبداللہ بن قیس، ناموں میں ذکر ہو چکا ہے۔ جس بات سے اس کی تائید ہوتی ہے کہ انہوں نے دورِ جاہلیت پایا ہے وہ روایت ہے جسے ابن المبارک نے کتاب الجہاد میں ابوبکر بن عبداللہ بن حویطب کے طریق سے بحوالہ ابوبحریہ نقل کیا ہے کہ فرمایا: میں اس لشکر یا سریے میں تھا جو سب سے پہلے سرزمین روم میں داخل ہوا۔ اور تمہارا چچا زاد عبداللہ بن سعدی ہم پر غالب رہا، اس نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں کہا: ''ہمارے قدم ہمارے جوتے ہیں''۔ جس سے پتہ چلتا ہے کہ ہجرت کے تیرھویں سال کا واقعہ ہے۔

۹۶۲۸ ابوبسرہ الجھنی

فرماتے ہیں: میں جابیہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس تھا، آپ کے پاس ایک شخص لایا گیا جو شراب پی کر نشے میں ہو گیا تھا، آپ نے اس پر حد خمر جاری کی۔ ابن عساکر نے ان کا ذکر کیا ہے۔

---

* اسد الغابہ (۵۷۳۲) تجرید (۱۵۲/۲)

* ابوداؤد، کتاب الزکوٰۃ، باب ما لا یجوز منعہ (حدیث: ۱۶۶۹) کتاب الجارۃ باب فضل الماء واثمان الکلاب (حدیث: ۳۴۷۶) مسند احمد (۴۸۰/۳) السنن الکبریٰ (حدیث: ۱۵۰/۶) المعجم الکبیر (۱۷۸۹/۲۲)

* اسد الغابہ (۵۷۴۰)

Marfat.com

۹۶۲۹ ابوبصیرہ الیشکری

دورِ نبوت پایا ہے۔ ابوالفرج اصبہانی: مسیلمہ کذاب کے پاس ابوبصیرہ لائے گئے، اس نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا تو یہ نابینے ہوگئے۔ ابوبصیرہ مذکور خالد قشیری کی عراق پر حکومت کے دور تک زندہ رہے۔

۹۶۳۰ ابوبکر العنسیّ

فرماتے ہیں: میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہمراہ صدقہ کے باغ میں داخل ہوا۔

قسم چہارم ازحرفِ باء

۹۶۳۱ ابوبجیلہ

ابوالبجیر اور ابوبحسینہ۔ قسم اوّل میں سب کا ذکر ہو چکا ہے۔ ویسے ان کا ذکر مبہمات میں ہونا چاہیے۔

۹۶۳۲ ابوالبداح بن عاصم*

بن عدی ابن الجعد بن عجلان البلوی، انصار کے حلیف۔ ابوعمر: ان کے متعلق اختلاف ہے۔ بقول بعض: ان کے والد صحابی ہیں اور یہ تابعی ہیں۔ کسی نے کہا: یہ صحابی ہیں۔ یہ وہی ہیں جو سبیعہ اسلمی کو بیوہ چھوڑ مرے تھے، جنہیں ابوسنابل بن بعکک نے پیامِ نکاح بھیجا تھا، ابن جریج وغیرہ نے ان کا ذکر کیا ہے۔ یہی صحیح ہے کہ وہ صحابی نہیں اکثر لوگوں نے انہیں صحابہ میں ذکر کیا ہے۔

اس بات پر چند اعتراضات ہیں۔ اوّل: امام مالک نے مؤطا میں عبداللہ بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم سے بحوالہ ان کے والد انہوں نے ابوالبداح سے ایک حدیث نقل کی ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ ابوالبداح کا زمانہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بعد کا ہے۔ اس لیے کہ ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم نے زمانۂ نبوی نہیں پایا ہے۔ ابوالبداح سے ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام اور ان کے بیٹے عبدالملک وغیرہ نے بھی روایت کی ہے۔ ایک جماعت نے ان کی تاریخ وفات ۱۱۷ھ لکھی ہے۔ واقدی فرماتے ہیں: ۱۱۰ھ میں چوراسی (۸۴) سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ اس بنا پر ان کی ولادت چھبیس (۲۶ھ)، نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پندرہ (۱۵) سال بعد بنتی ہے۔ اس تمام بحث سے ان کے صحابی ہونے کی نفی ہوتی ہے۔ اور ابن مندہ کے اس قول کی بھی تردید ہو جاتی ہے کہ ''انہوں نے دورِ نبوی پایا ہے''۔

انہی ابن عاصم نے اپنے والد سے روایت کی ہے ان کی ان سے مروی حدیث سنن میں ہے، ان سے ان کا بیٹا عاصم وغیرہ روایت کرتے ہیں۔ ابن سعد بحوالہ واقدی لکھتے ہیں: ابوالبداح لقب اور کنیت ابوعمرو ہے۔ ثقہ ہیں۔ بہت کم حدیث بیان کرتے۔

ابن فتحون فرماتے ہیں: ابوعمر کا یہ کہنا ہے کہ ''وہ سبیعہ کو بیوہ چھوڑ مرے تھے'' وہم ہے۔ ابوالبداح تو جمل بنت یسار جو

* اسد الغابہ (۵۷۱۱) تجرید (۱۵۰/۲)

Marfat.com

معقل بن یسار کی بہن تھیں ان کے شوہر تھے۔

میں کہتا ہوں: سابقہ قصہ کو ابوالبدّاح کا قصہ بنا کر قسم اوّل میں ذکر کرنا، جو یقیناً وہ نہیں، یوں انہیں بھی التباس ہوا جیسا دیگر لوگوں کو وہم ہوا ہے۔ جس نے یہ ذکر کیا کہ وہ صحابی ہیں اسے یوں منطبق کیا جا سکتا ہے کہ جن کے متعلق یہ کہا گیا کہ وہ حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ کی ہمشیرہ کے خاوند تھے، شاید ان کے متعلق یہ کہا گیا ہو کہ وہ دورِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں فوت ہوئے اور اپنی بیوی کو حاملہ چھوڑ مرے تھے۔ لیکن سبیعہ کے خاوند کا نام سعد بن خولہ مشہور ہے، جو اپنی بیوی کے حمل کے وقت فوت ہوئے تھے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم

۹۶۳۳ ابوبردہ انصاری ✿

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تعزیر کے متعلق روایت کرتے ہیں۔ ان سے جابر بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔ نسائی نے ان کی حدیث درج کی ہے۔ ابوعمر نے ان میں اور ابو بردہ بن نیار جو براء بن عازب کے ماموں میں فرق کرتے ہیں انہیں براء رضی اللہ عنہ کا ماموں لکھا ہے.....

ابن ابی خیثمہ اس شخصیت کے متعلق لکھتے ہیں: جن سے جابر روایت کرتے ہیں۔ مجھے معلوم نہیں وہ ظفری ہیں یا کوئی اور؟ ✿ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کی روایت میں ابو بردہ ظفری لکھا ہے۔ ابوعمر فرماتے ہیں: یہ ان کے علاوہ ہیں جن سے جابر روایت کرتے ہیں۔ وہ ابو بردہ بن نیار ہیں۔

۹۶۳۴ ابوبردہ ✿ (دوسرے ہیں)

جس نے مسند طیالسی ✿ جمع کی ہے اس نے ان میں اور ابو بردہ بن نیار میں فرق کیا ہے۔ ابوداؤد طیالسی فرماتے ہیں: سلام بن سلیم جو احوص ہیں، انہوں نے ہمیں بحوالہ سماک بن حرب، قاسم بن عبدالرحمٰن سے بحوالہ اپنے والد وہ ابو بردہ سے (ابوموسیٰ کے بیٹے نہیں) روایت کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''برتنوں میں مشروبات پیتے رہو لیکن کوئی نشہ آور چیز نہ پیو''۔ ✿ اسے نسائی نے ھناد بن سری سے بحوالہ ابوالاحوص نقل کیا ہے۔ چنانچہ وہ اپنی روایت میں فرماتے ہیں: ابو بردہ بن نیار سے روایت ہے اس کے بعد نسائی فرماتے ہیں: اس میں ابوالاحوص سے غلطی ہوئی۔ سماک کے شاگردوں میں سے ہمارے علم کے مطابق کسی نے ان کی متابعت نہیں کی۔

اسی روایت کو دارقطنی نے یحییٰ بن یحییٰ کی روایت سے بحوالہ محمد بن جابر سماک سے نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: قاسم سے وہ ابو بردہ سے وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ الدارقطنی فرماتے ہیں: اس حدیث کے متن اور سند میں ابوالاحوص سے وہم ہوا ہے، درست روایت یہی محمد بن جابر والی ہے۔

✿ اسد الغابہ (۵۷۱۳) استیعاب (۲۹۰۹) تجرید (۱۵۱/۲) ✿ مسند احمد (۴۴۶/۳)

✿ اسد الغابہ (۵۷۲۵) ✿ مسند ابی داؤد طیالسی (۱۳۶۹)

✿ نسائی کتاب الاشربۃ باب ذکر الاخبار التی اعتقل بھا (۵۶۸۸)

Marfat.com

میں کہتا ہوں: اس بنا پر تو ابوالاحوص سے لفظی غلطی ہوئی ہے۔

۹۶۳۵ ابوبکر بن حفص*

ابومسعود سلیمان بن ابراہیم اصبہانی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا اور حماد بن سلمہ کے طریق سے بحوالہ علی شاید وہ ابن زید بن جدعان ہیں، ابوالعالیہ سے بحوالہ علی شاید وہ ابن زید بن جدعان ہیں، ابوالعالیہ سے بحوالہ ابوبکر بن حفص ایک روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عبداللہ بن رواحہ کی عیادت کرنے گئے..... (الحدیث)* جو شہداء کے ذکر میں ہے۔ ابوموسیٰ فرماتے ہیں: اس روایت کو شعبہ نے ابوبکر بن حفص سے انہوں نے ابومصبح سے انہوں نے عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

میں کہتا ہوں: مذکورہ شخصیت ابوبکر بن حفص، ابن حفص بن عمر بن سعد بن ابی وقاص ہیں۔ مختار ثقفی نے حفص اور ان کے والد کو شہید کیا تھا۔ ابوبکر بن حفص متوسط درجہ کے تابعی ہیں۔

۹۶۳۶ ابوبلال بن سعد

ابن فتحون نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا اور اسے طبرانی کی طرف منسوب کیا، یہ ان کی کنیت نہیں اس سے مراد بلال بن سعد کے والد ہیں۔ عنوان سعد کا قائم ہے جو بلال کے والد ہیں اور سعد وہی ابن تمیم سکونی ہیں جیسا کہ پہلے اسماء میں گزر چکا ہے۔ بلال مشہور تابعی ہیں۔ واللہ اعلم

* اسد الغابہ (۵۷۲۹) تجرید (۱۵۲/۲) * مسند احمد (حدیث: ۲۰۶/٤) مجمع الزوائد (۳۰۰/۵)

Marfat.com

حرف التاء

قسم اوّل ازحرفِ تاء

۹۶۳۷ ابوتجَراۃ (تا زیر والی جیم ساکن)

شیبہ بن عثمان الحجبی کے حِلف کی وجہ سے مولیٰ، ان کی بیٹی برّہ صحابیہ ہیں۔ نیز ان کی بیٹی حبیبہ صحابیہ ہیں۔ زبیر کے ذکر کردہ بیان سے پتہ چلتا ہے کہ وہ اس قسم سے تعلق رکھتے ہیں۔ چنانچہ انہوں نے عبدالرحمٰن بن عبدالعزیز کے طریق سے نقل کیا ہے کہ شیبہ بن عثمان امیر معاویہ کی طرف اپنے حلیف ابوتجراۃ کے ساتھ سعد بن طلحہ بن ابی طلحہ کی امارت کے سلسلہ میں گئے۔ شیبہ نے یہ اشعار کہے:

''مکہ میں ابوتجراۃ کو اپنے گھرانے کی صحت سے راحت ملتی ہے اور سفر کے دوران وہ سائے کا دلدادہ ہے۔
پراگندہ ہوکر اور دھوپ سے اعراض کر کے نقاب ظاہر کرتا ہے''۔

نیز شیبہ کہتے ہیں: ایک دفعہ دوپہر میں نے بھی ایسا ہی کپڑا کیا، مجھے سعد کے بارے نرم بچھونوں کا خوف تھا۔

میں کہتا ہوں: ابوتجراۃ خلافتِ امیر معاویہ تک زندہ رہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ اس قسم سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس لیے کہ مکہ میں جو بھی موجود تھا وہ حجۃ الوداع کے موقع پر حاضر تھا۔ اور یہ بھی مکی تھے، عمر بن شبہ نے حلفاء بنی نوفل میں ان کا ذکر کر کے کہا: وہ ابو فکیھہ بن یسار کے بھائی ہیں۔

۹۶۳۸ ابوتحی*

انصار کے شیخ۔ ان کا ذکر ایک صحیح حدیث میں آتا ہے جسے ابویعلی ابن خزیمہ وغیرہ اسود بن قیس کے طریق سے بحوالہ ثعلبہ بن عباد، سَمُرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: ایک دفعہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں مَیں اور انصار کا ایک لڑکا نشانہ بازی کر رہے تھے۔ اسی دوران سورج طلوع ہوگیا جو دیکھنے والے کو افق سے ایک یا دو نیزے کے فاصلے پر لگتا تھا۔ پھر سیاہ ہوگیا اور ایسی حالت ہوگئی جیسے وہ اسے سلا رہا ہے..... (حدیث) اسی میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا سورج گرہن کے موقع کا خطبہ ہے، اسی میں دجال کا ذکر ہے کہ اس کی بائیں آنکھ ایسی ہاتھ پھری ہوگی جیسی ابوتحی* کی آنکھ ہے۔ ایک بوڑھے شخص جو آپ کے اور حجرۂ عائشہ رضی اللہ عنہا کے درمیان تھے۔ یہ حدیث سنن اربعہ میں مختصر ہے۔

---

* اسد الغابہ (٥٧٣٤) تجرید (١٥٢/٢)
* مسند احمد (١٦/٥) الدر المنثور (٣٥٥/٥)

Marfat.com

۹۶۳۹ ابوتمیم*

ان کی حدیث ان کا پوتا عمرو بن تمیم بن ابی تمیم بحوالہ اپنے والد اپنے دادا نبی ﷺ سے روایت کرتا ہے: ''اپنے سامنے مرنے والا شکار کھالو اور جو آنکھوں سے اوجھل مرے اسے چھوڑ دو''۔*

۹۶۴۰ ابوتمیمہ* (بے نسبت)

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے کہ انہوں نے نبی ﷺ سے سماع کیا ہے اور آپ سے روایت کی ہے، ان سے حسن، ابوسلیل روایت کرتے ہیں۔ ابونعیم نے اسحاق بن نجیح کے طریق سے بحوالہ عطاء خراسانی، حسن سے نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: میں نے ابوتمیمہ سے سنا اور وہ ان لوگوں میں سے تھے جنہوں نے دورِ نبوی پایا تھا۔ فرماتے ہیں: میں نے آپ ﷺ سے انصاف کی قسموں کے متعلق پوچھا، آپ نے ارشاد فرمایا: تمہارا اپنے نفس سے لوگوں کو انصاف دینا، علم والے کو سلام کرنا، اور اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا.....۔ (حدیث)* اور اسحاق کمزور ترین راوی ہے۔ ابونعیم نے یہ روایت ابواسحاق کی روایت سے بحوالہ ابوتمیمہ ان کے حالات میں نقل کی ہے کہ انہوں نے نبی ﷺ سے عرض کیا یا کسی اور نے کہا: کب تک آپ اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتے رہیں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''میں اس اللہ کی طرف بلاتا رہوں گا، جب تمہیں کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو تم اسے پکارتے ہو وہ تمہاری تکلیف دور کر دیتا ہے''۔* یہ حدیث ابوتمیمہ ہجیمی کی مشہور ہے جن کا ذکر چوتھی قسم میں آئے گا۔

ابن عبدالبر* لکھتے ہیں: ابوتمیمہ کا ذکر عقیلی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں کیا ہے، اور ابوعبیداللہ کے طریق سے ان کی ایک روایت نقل کی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا: ''میری اُمت اس وقت تک فطرت پر قائم رہے گی، جب تک امانت کو غنیمت، زکوٰۃ کو ٹیکس اور خلافت کو بادشاہت نہیں سمجھے گی''۔ (حدیث) فرماتے ہیں اس کی سند صحیح ہے۔

قسم ثانی ازحرفِ تاء

۹۶۴۱ ابوتمیم جیشانی*

نام عبداللہ بن مالک ہے پہلے تذکرہ ہو چکا ہے ابوبشر دولابی نے باب الصحابہ میں اور کتاب الکنی میں جنہوں نے دورِ نبوی پایا ان میں ذکر کیا ہے۔

قسم چہارم ازحرفِ تاء

۹۶۴۲ ابوتمام ثقفی* ابوموسیٰ نے غلطی سے ان کا ذکر کیا ہے۔ وہ ابوعامر ثقفی ہیں جیسا کہ حرفِ عین میں آئے گا۔

۹۶۴۳ ابوتمیمہ الھجیمی مشہور تابعی ہیں۔ ان کا نام طریف بن مجالد ہے، قسم اوّل میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

---

* تجرید (۱۵۳/۲) * مجمع الزوائد (۶۸/۵) المعجم الکبیر (۲۷/۱۲) * استیعاب (۲۹۲۱)
* حلیۃ الاولیاء (۲۰۷/۵) * مسند احمد (۶۴/۵) * استیعاب (۲۹۲۱)
* اسد الغابہ (۵۷۳۶) تجرید (۱۵۳/۲) * اسد الغابۃ (۵۷۳۵) تجرید اسماء الصحابۃ (۱۵۲/۲)

Marfat.com

حرف الثاء

قسم اوّل ازحرف ثاء

۹۶۴۴ ابوثابت سعد بن عبادہ انصاری خزرج، خزرج کے سردار، تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۶۴۵ ابوثابت سہل بن حنیف انصاری، تذکرہ ہوگیا ہے۔

۹۶۴۶ ابوثابت اسید بن طهیر انصاری، ذکر ہو چکا ہے۔

۹۶۴۷ ابوثابت بن عبد*

بن عمرو بن قیظی بن عمرو بن یزید بن جشم انصاری حارثی، ابوعمر فرماتے ہیں: اُحد میں شریک ہوئے۔ بقول بعض عدی بن ثابت کے دادا ہیں جو بے اصل بات ہے۔

میں کہتا ہوں: اس کا قائل دولابی ہے۔ طبرانی کہتے ہیں: ابوثابت انصاری، عدی بن ثابت کے دادا ہیں لیکن نہ ان کے والد کا اور نہ اوپر کے کسی شخص کا نام لیا۔

۹۶۴۸ ابوثابت بن یعلی ثقفی

طبری نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں اور ابن فتحون نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۹۶۴۹ ابوثابت قرشی* (وحی کے پڑوسی)

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور بزار وغیرہ نے ان کی حدیث نقل کی ہے جو عبداللہ بن رجاء حمصی کے طریق سے بحوالہ شرحبیل بن حکم، حکیم بن عمیر سے راشد حرانی سے مروی ہے، فرماتے ہیں: مجھے ابوثابت قریش کے ایک بوڑھے شخص نے بیان کیا جنہیں وحی کا پڑوسی کہا جاتا تھا، کیونکہ ان کا گھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس گھر کے پاس تھا جس میں وحی نازل ہوئی تھی۔ فرماتے ہیں: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عشاء کی نماز پڑھی تو جبرائیل علیہ السلام نے آپ کو بلایا جیسا کہ خود آپ نے ہمیں بتایا ہے، وہ کہنے لگے: چلیں! نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر چاہیں تو میں آپ کے پاس آ جاؤں، اور اگر مرضی ہو تو آپ آ جائیں، جبرائیل نے کہا: میں آپ کے پاس آیا، تو ان کے لیے دیوار پھٹ گئی۔ پھر وہ اندر آئے۔ اور آپ کا ہاتھ پکڑ کر چل پڑے اور ایسی سواری پر بیٹھا جو خچر کی طرح

---

* اسد الغابہ (۵۷۳۸) تجرید (۱۵۳/۲) * اسد الغابہ (۵۷۳۹) تجرید (۱۵۳/۲)

Marfat.com

تھی.....۔(الحدیث)[1] جو اسراء کے متعلق ہے کہ اس کی انتہاء بیت المقدس تک ہوئی۔ اور انبیاء وغیرہ کی ملاقات و دیدار کا ذکر۔ اس روایت کو نقل کرنے کے بعد بزار لکھتے ہیں: ابن مندہ نے کہا: غریب روایت ہے جس میں عبداللہ بن رجاء حمصی متفرد ہے۔ ابونعیم لکھتے ہیں: اسے ابوحاتم رازی نے بحوالہ اسحاق یعنی ابن زُرَیق، انہوں نے عبداللہ بن رجاء سے نقل کیا ہے۔

۹۶۵۰ ابو ثروَان سعدی

باء میں ابو برقان گزر چکا ہے، یہ نام ایک ہی ہے جن میں سے ایک غلط لکھ دیا گیا۔

۹۶۵۱ ابوثروان بن عبدالعزّی سعدی

نبی ﷺ کے رضاعی چچا۔ ابن سعد نے طبقات میں حلیمہ نبی ﷺ کی رضاعی ماں کے سوانح میں ان کا ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں: مجھ سے محمد بن عمر یعنی واقدی نے بحوالہ معمر، زہری سے وہ عبداللہ بن جعفر سے وہ ابن ابی سبرہ وغیرہ سے روایت کرتے ہیں کہ ھوازن کا وفد نبی ﷺ کے پاس جعرانہ میں غنیمت تقسیم ہونے کے بعد آیا۔ اس میں نبی ﷺ کے رضاعی چچا ابوثروان بھی تھے، انہوں نے کہا: یا رسول اللہ! ان باڑوں میں وہ خواتین ہیں جو آپ کی پھوپھیوں، خالاؤں اور بہنوں کی جگہ رکھتی ہیں۔ ہم نے آپ کو اپنے ہاں (دودھ پیتے دیکھا) گود کھلایا، آپ سے بڑھ کر کوئی دودھ پیتا بچہ بہتر نہ تھا۔ پھر ہم نے آپ کی جوانی دیکھی آپ سے بہتر کوئی جوان نہ تھا پھر بھلائی کی تمام خصلتیں آپ میں پایۂ تکمیل تک پہنچ گئیں۔ اس کے باوجود ہم آپ رشتہ دار و قرابت دار ٹھہرے۔ سو آپ ہم پر احسان فرمایئے، اللہ تعالیٰ آپ پر کرم کرے گا۔ ان کے پاس وفد ہوازن اپنا اسلام پیش کر چکا تھا، قوم کا سردار اور متکلم ابوصُرَد زہیر بن صرد تھا پھر اس کا قصہ ذکر کیا۔

میں کہتا ہوں: چچا کا ذکر حرف باء میں گزر چکا ہے۔ ابوموسیٰ نے مستغفری کی پیروی کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ابو برقان تھے۔ جو واقدی نے ذکر کیا ہے وہ زیادہ بہتر ہے (جو ثاء اور راء سے ہے)۔ دوسری جگہ بھی ان کا ذکر کیا ہے کہ نبی ﷺ نے اپنی رضاعی بہن سے ان کے باقیماندہ لوگوں کے متعلق پوچھا تو انہوں نے اپنے چچا، بہن اور بھائی کے زندہ ہونے کی اطلاع دی۔ اور یہ گزر چکا ہے کہ اُن کا بھائی عبداللہ بن حارث تھا اور بہن کا نام انیسہ تھا، جس کا تذکرہ کتاب النساء میں ان شاء اللہ تعالیٰ آئے گا۔

۹۶۵۲ ابوثروان راعی تمیمی[2]

دولابی نے کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے اور احمد بن داؤد مکی سے بحوالہ ابراہیم بن زکریا، عبدالملک بن ہارون بن عنترہ سے نقل کیا، فرماتے ہیں: مجھے میرے والد نے بتایا کہ میں نے ابوثروان کو فرماتے سنا: میں بنی عمرو بن تمیم کے اونٹ چراتا تھا نبی ﷺ قریش سے نکل کر میرے اونٹوں میں آ گئے اور ان کے درمیان آ کر بیٹھ گئے جس سے اونٹ منتشر ہو گئے۔ میں نے کہا: کون ہیں آپ؟ میرے اونٹوں کو منتشر کر دیا ہے۔ آپ نے فرمایا: میں نے چاہا تم سے اور تمہارے اونٹوں سے اپنی وحشت دور کروں۔

---

[1] ترمذی کتاب التفسیر باب و من سورة بنی اسرائیل (حدیث: ۳۱۳۲) المستدرک (۳۶۰/۲) الصحیح لابن حبان کتاب الاسراء باب ذکر البیان بانّ جبرائیل شدّ البراق بالصخرة (٤٧) اسد الغابہ (۳۹۵/٤)

[2] اسد الغابہ (٥٧٤٠) تجرید (۱۵۳/۲)

Marfat.com

میں نے دوبارہ پوچھا: آپ ہیں کون؟ فرمایا: اگر تم مجھ سے نہ پوچھو تو تمہارا نقصان تو نہیں؟ میں نے کہا: میرے خیال میں آپ وہ نبی تو نہیں ہیں۔ آپ نے فرمایا: میں تمہیں اس کی دعوت دیتا ہوں کہ تم یہ گواہی دو کہ اللہ کے سوا کوئی دعا و پکار کے لائق نہیں اور محمد اللہ تعالیٰ کے (بھیجے ہوئے) رسول ہیں۔ میں نے کہہ دیا آپ میرے اونٹوں سے نکل جائیں خدا ان اونٹوں میں برکت نہ دے جن میں آپ موجود ہوں۔ آپ نے فرمایا: اے اللہ! اس کی بدبختی اور زندگی بڑھا دے۔ ہارون فرماتے ہیں: میں نے انہیں انتہائی بڑھاپے کے عالم میں موت کی تمنا کرتے دیکھا ہے، لوگ ان سے کہنے لگے: ابوثروان! تم تو ہلاک ہی ہوگئے تمہیں نبی ﷺ نے بددعا دی ہے۔ وہ کہنے لگے: نہیں۔ جب اسلام ظاہر ہوگیا تو میں آپ کی خدمت میں آ کر مسلمان ہوگیا تھا، آپ نے میرے لیے مغفرت کی دعا بھی فرمائی تھی لیکن آپ کی پہلی بددعا اپنا کام کرگئی۔ ✿ محمد بن سلیمان ساعدی نے بحوالہ عبدالملک ان کی متابعت کی ہے۔ اور عبدالملک متروک راوی ہے۔

۹۶۵۳ ابوثِرِیّہ

بروزن عطیّہ۔ ✿ بقول تصغیر ہے، سبرہ بن معبد الجھنی، پہلے تذکرہ ہوا ہے۔

۹۶۵۴ ابوثعلبہ اشجعی ✿

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ ✿ فرماتے ہیں: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے ہی حاکم ابواحمد وغیرہ نے نقل کر کے ان کا ذکر کیا ہے اور ان سے روایت کرنے والے راوی کے متعلق کہتے ہیں: مجھے ان کے حالات معلوم نہیں۔ اور نہ میں ابوثعلبہ کے متعلق جانتا ہوں۔ بغوی لکھتے ہیں: وہ مدینہ کے رہائشی تھے۔ امام احمد، بغوی اور ابن مندہ نے بطریق ابن جریج، بحوالہ ابن الزبیر، عمر بن نبھان سے انہوں نے ابوثعلبہ اشجعی سے ان کی حدیث نقل کی ہے، فرماتے ہیں: میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میرے بچوں کا حالتِ اسلام میں انتقال ہوا ہے، آپ نے فرمایا: ''جس کے بچے اسلام میں فوت ہوئے ہوں تو اللہ تعالیٰ ان پر اپنے فضل و کرم ✿ کی وجہ سے اسے جنت میں داخل کرے گا''۔ بغوی نے یہ اضافہ نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: مجھ سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ملے تو بولے: تمہی وہ شخص ہو جسے نبی ﷺ نے بچوں کے بارے میں ارشاد فرمایا ہے؟ میں نے کہا: جی۔ فرمایا: اگر انہوں نے مجھ سے کہا ہوتا تو یہ بات مجھے فلاں سے زیادہ محبوب ہے۔ ابن مندہ فرماتے ہیں: یہ روایت ابن جریج سے مشہور ہے۔ ابوحاتم فرماتے ہیں: نہ مجھے ان دونوں کا پتہ ہے اور نہ ان کی بات کا۔ دارقطنی نے ذکر کیا ہے: بعض نے اسے ابن جریج سے نقل کیا ہے تو خشنی کہا اور بعض نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا تو ابوثعلبہ نہیں کہا جبکہ درست پہلی روایت ہے۔

میں کہتا ہوں: پہلی روایت خطیب کی کتاب ''المتفق'' میں بروایت انصاری، ابن جریج لکھی ہے اور دوسری امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کی مسند میں، حماد بن مَسْعدہ سے بحوالہ ابن جریج ہے، لیکن ابن مندہ نے اسے عبدالرحمٰن بن یحییٰ سے بحوالہ ابن مسعود رازی، حماد بن

✿ الکنی والاسماء (۲۰/۱) جامع المسانید (۴۴۲/۱۳) اسد الغابہ (۳۹۶/۴)

✿ تجرید (۱۵۳/۲) ✿ اسد الغابہ (۵۷۴۱) تجرید (۱۵۳/۲) ✿ التاریخ الکبیر (۱۸/۸)

✿ الاحاد والمثانی (۲۷/۳)

Marfat.com

مسعدہ سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ابوثعلبہ سے مروی ہے: بغوی نے اس میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے تذکرہ کی وجہ بتائی ہے۔

۹۶۵۵ ابوثعلبه ثقفی*

کردم بن سفیان کے چچا زاد، کردم بن سفیان کا تذکرہ پہلے ہو چکا ہے۔ ان کی حدیث کا ایک اور طریق ہے جسے دارقطنی* نے خالد بن معدان بحوالہ ابوثعلبہ نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: مجھے میرے چچا نے فرمایا: میرا ایک کام کر دو میں تمہیں اپنی بیٹی کا رشتہ دے دوں گا۔ میں نے کہا: میں نے اگر اس سے شادی کی تو اسے تین طلاق، اسی میں ہے کہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طلاق نکاح کے بعد ہی واقع ہوتی ہے۔ فرماتے ہیں: پھر میری اس سے شادی ہوگئی جس سے سعد اور سعید پیدا ہوئے۔ اس کی سند میں علی بن قرین جو بے حد کمزور راوی ہے۔ نیز قصہ کے اسلوبِ بیان میں فرق ہے۔

۹۶۵۶ ابوثعلبه حنفی

قاسم بن ثابت نے ''دلائل'' میں ولید بن مسلم کے طریق سے بحوالہ سعید بن عبدالعزیز ان کا ذکر کیا ہے کہ ابوثعلبہ حنفی فرمایا کرتے تھے: مجھے امید ہے کہ میں اس طرح سے روح کے پھندے سے نہیں مروں گا جیسے تم لوگ غرغرے کی حالت میں مرتے ہو اسی دوران انہوں نے اپنے اس بھائی سے کہا جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں فوت ہو گئے تھے: عبدالرحمٰن! یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، پھر اپنے گھر نماز کی جگہ میں آ کر سجدے میں گر گئے اور اسی حالت میں ان کی روح قبض ہوگئی۔ اس روایت کو ابونعیم نے حلیۃ میں نقل کیا ہے جو ابوثعلبہ خشنی کے سوانح میں مذکور ہے شاید کسی ایک جگہ غلطی ہوئی ہے۔

۹۶۵۷ ابوثعلبه خشنی*

مشہور صحابی ہیں جو اپنی کنیت سے شہرت رکھتے ہیں۔ ان کے اصل میں بہت زیادہ اختلاف ہے اتفاق دیکھیں یہی اختلاف ان کے والد کے نام میں بھی ہے کسی نے جرہم کہا جسے امام احمد، مسلم، ابن زنجویہ، ہارون حمال اور ابن سعد نے اپنے ساتھیوں سے نقل کیا ہے اور کسی نے جرثم تو کسی نے جرھوم، تو کسی نے جرثوم، اور بعض نے جرثونہ کہا۔ کسی نے عمر کسی نے سق، کسی نے لاسق، کسی نے لاسر، کسی نے لاس کسی نے لاشوم کسی نے الاشق، کسی نے الاشر کسی نے اشبع بروزن احین، کسی نے ناشر کسی نے ناشب تو کسی نے غرنوق کہا ہے۔ یہ تو ان کے نام میں اختلاف تھا۔ ان کے والد کے نام کے متعلق یہ اقوال ہیں: عمرو، قیس، ناسم، لاشم، لاسر، ناشب، ناشر، جرھم، جرھوم، حمیر، جرثوم، جلھم، عبدالکریم ایسا ہی ابن اسعد کی کتاب میں ہے۔ واللہ اعلم ان کے دادا کا کیا نام تھا مجھے معلوم نہ ہو سکا۔ یہ بنی خشین کی طرف منسوب ہیں۔ نام وائل بن نَمِر بن وبرہ بن تغلب بن حلوان بن عمران بن حاف بن قضاعہ ہے۔

ابن کلبی فرماتے ہیں: ان کا تعلق لیوان بن مرّ بن خشین کی اولاد سے ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی احادیث روایت کی ہیں۔ ایک حدیث صحیحین میں ربیعہ بن یزید کے طریق سے مروی ہے۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم ایسی سرزمین میں رہتے ہیں جہاں اہل کتاب ہیں ہم ان کے برتنوں میں کھاتے پیتے ہیں اور شکار کی زمین سے اپنی کمان اور اپنے سدھائے اور بے سدھائے

* اسد الغابہ (۵۷۴۳) استیعاب (۲۹۲۶) تجرید (۱۵۳/۲) * سنن دارقطنی (۱۷/۴)
* اسد الغابۃ (۵۷۴۴) استیعاب (۲۹۲۷) تجرید (۱۵۳/۲)

Marfat.com

کتے سے شکار کرتا ہوں تو آپ مجھے بتائیں ان میں سے میرے لئے کیا حلال ہے؟.....حدیث ✿

ابوثعلبہ شام میں رہائش پذیر رہے بقول بعض حمص رہے۔ ان سے روایت کرنے والے مندرجہ ذیل افراد ہیں: ابوادریس خولانی، ابوامیہ شعبانی ابواسماء رحبی، سعید بن المسیب، جبیر بن نفیر، ابوقلابہ، مکحول بعض دوسرے حضرات جنہوں نے ان کا دور نہیں پایا ہے۔ ابن برقی، ابن کلبی کے اتباع میں فرماتے ہیں: درخت تلے بیعت کرنے والوں میں شامل تھے اور خیبر میں ان کا حصہ مقرر ہوا۔ آپ ﷺ نے انہیں ان کی قوم کی طرف داعی بنا کر بھیجا وہ سب مسلمان ہو گئے۔ ✿

ابن سعد نے اپنی سند سے بحوالہ مجمن بن وھب نقل کیا ہے فرماتے ہیں: ابوثعلبہ اس وقت نبی ﷺ کے پاس آئے جب آپ خیبر کے لیے تیاری فرما رہے تھے وہیں اسلام لائے اور آپ کے ساتھ اس غزوہ میں شریک ہوئے۔ بعد میں ان کی قوم کے سات افراد آئے اور مسلمان ہو کر ان کے پاس ٹھہرے۔ ابوالحسن بن سمیع فرماتے ہیں: مجھے پتہ چلا ہے کہ وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے پہلے اسلام لائے اور نبی ﷺ کے بعد بھی زندہ رہے۔ جنگ صفین میں کسی گروہ کے ساتھ نہیں لڑے۔

امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی خلافت کے ابتدائی دور میں فوت ہوئے۔ لیکن مشہور اس کے برخلاف ہے۔ ابوعلی خولانی کہتے ہیں: وہ دار یا میں فروکش ہوئے۔ ابن عساکر نے ان کے حالات میں لکھا ہے جو فحفوظ بن علقمہ کے طریق سے بحوالہ ابن عائذ مروی ہے فرماتے ہیں: ناشرہ بن سمی نے کہا: ہم نے ابوثعلبہ سے بڑھ کر سچا آدمی نہیں دیکھا۔ وادی کے صحنوں کے متعلق ہم نے ان کی بات کو سچا پایا، علی فرماتے ہیں: وہ ہر رات آسمان کی طرف آ کر دیکھتے کہ کیسا ہے پھر آ کر سجدہ کرتے۔ ابوزاھریہ سے مروی ہے کہ ابوثعلبہ نے فرمایا: مجھے امید ہے کہ جیسے تم لوگوں کا گلا موت کے وقت گھٹ جاتا ہے میری موت اس طرح نہیں ہوگی۔ فرماتے ہیں: ایک دفعہ رات میں نماز پڑھ رہے تھے تو سجدہ کی حالت میں ان کی روح پرواز کر گئی۔ ان کی بیٹی نے خواب میں دیکھا کہ اس کا والد فوت ہو گیا ہے چونک کر اٹھی آواز دی کوئی جواب نہ ملا دوبارہ آواز دی کسی نے کہا جائے نماز پر نہیں وہاں آ کر انہیں کہا: ابا جان! انہوں نے کوئی جواب نہ دیا۔ حرکت دی تو وہ گر پڑے۔ ابوعبید، ابن سعد خلیفہ بن خیاط، ہارون حمال اور ابوحسان زیادی کا قول ہے کہ وہ پنجتر (۷۵)ھ میں فوت ہوئے تھے۔

۹۶۵۸ ابوثمامہ کنانی

جاہلیت کی رسم نسئی کرنے والے آخری شخص ان کا نام جنادہ تھا بقول بعض امیہ، حرف میم میں ذکر ہو چکا ہے۔

۹۶۵۹ ابوثورفہمی ✿

ابوزرعہ رازی فرماتے ہیں: صحابی ہیں، لیکن مجھے ان کا نام معلوم نہیں۔ بغوی لکھتے ہیں: مصر میں رہے ہیں، ابواحمد حاکم فرماتے ہیں نہ مجھے ان کے نام کا علم ہے اور نہ سلسلہ نسب سے واقف ہوں۔

میں کہتا ہوں: امام احمد، ✿ بغوی اور ابن السکن وغیرہ نے ان کی حدیث ابن لہیعہ کے طریق سے بحوالہ یزید بن عمرو وہ

✿ سنن دارقطنی (٤٨٣) المعجم الکبیر (٥٨٩/٢٢) مجمع الزوائد (١٧١/١) جامع المسانید والسنن (٤٥٤/١٣)

✿ جامع المسانید (٤٤٣/١٣) ✿ اسدالغابۃ (٥٧٤٥) استیعاب ، تجرید (١٥٤/٢) ✿ مسنداحمد (٣٠٥/٤)

Marfat.com

ان سے روایت کرتے ہیں فرمایا: ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے کہ معافر کا ایک کپڑا آپ کے پاس لایا گیا ابوسفیان کہنے لگے اللہ تعالیٰ اس کپڑے پر اور اس کے بنانے والے پر لعنت کرے آپ ﷺ نے فرمایا: ان پر لعنت نہ کرو کیونکہ وہ میرے اور میں ان کا ہوں'' ابوثور کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت حاصل ہے جس کا انہوں نے ذکر کیا ہے۔

۹۶۶۰ ابوثور محمد بن معدی کرب زبیدی

ناموں میں ذکر ہو چکا ہے۔

قسم ثانی ازحرفِ ثاء

قسم ثانی خالی ہے

قسم ثالث ازحرفِ ثاء

۹۶۶۱ ابوثعلبہ قرظی

دورِ نبوی ﷺ پایا ہے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے حدیث سنی ہے ان سے زہری روایت کرتے ہیں۔ ابواحمد کنیتوں میں عبدالرحمٰن بن یحییٰ عدوی کے طریق سے بحوالہ یونس دیلی وہ زہری سے وہ ابوثعلبہ قرظی سے روایت نقل کرتے ہیں فرمایا: میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لوگ گناہوں کا ارتکاب کرتے ہیں۔ جب فجر کی نماز پڑھ لیتے ہیں تو سابقہ (صغیرہ) گناہ دھل جاتے ہیں۔ حدیث۔ ابواحمد فرماتے ہیں: یہ منکر حدیث ہے اور ابوثعلبہ کا اس میں تذکرہ محفوظ نہیں اور عبدالرحمٰن بن یحییٰ غیر معتمد راوی ہے۔ مشہور ثعلبہ بن ابی مالک قرظی ہے۔

میں کہتا ہوں: یہ احتمال بعید نہیں کہ وہ دوسرے صاحب ہوں۔

قسم رابع ازحرفِ ثاء

۹۶۶۲ ابوثعلبہ انصاری[1]

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور حماد بن سلمہ کے طریق سے بحوالہ محمد بن اسحاق، مالک بن ثعلبہ سے انہوں نے اپنے والد سے ایک روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے وادیٔ مہزور[2] میں یہ فیصلہ فرمایا کہ سیرابی کے لئے ٹخنوں تک پانی روکا جائے''۔ (حدیث)[3] یہ غلط نام ہے ناموں کو الٹ دیا گیا ہے۔ درست ثعلبہ بن ابی مالک ہے۔ جیسا کہ ناموں کی قسم رابع میں گزر چکا ہے۔ وہ قرظی ہیں اور انصار کے حلیف ہیں۔ انہوں نے نبی ﷺ سے نہیں سنا، ان کے درمیان جس صحابی کا واسطہ ہے ان کا نام نہیں لیا گیا ابوداؤد میں یہ روایت درست الفاظ میں لکھی ہے۔

---

[1] اسد الغابۃ (۵۷۴۲) تجرید (۱۵۳/۲) [2] مہزور ایک وادی ہے جس کے پانی پر باغوں والوں کا جھگڑا ہوا تھا۔

[3] ابوداؤد کتاب الاقضیۃ باب من القضاء (۳۶۳۸)، ابن ماجہ کتاب الرھون باب الشرب من الاودیۃ (۲۴۸۱) السنن الکبریٰ (۱۵۴/۶)، جامع المسانید (۴۶۵/۳)

Marfat.com

حرف جیم

قسم اوّل از حرف جیم

۹۶۶۳ ابوجابر انصاری عبداللہ بن عمرو بن حرام، اسماء میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۶۶۴ ابوجابر صدفی [1]

طبرانی نے مبہم ناموں میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابوموسیٰ نے کنیٰ میں اپنے استدراک میں ذکر کیا ہے۔ انہی کے طریق سے، بحوالہ اعمش، قیس بن جابر صدفی سے وہ اپنے والد وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عنقریب میرے بعد خلفاء، خلفاء کے بعد امراء، امراء کے بعد بادشاہ اور بادشاہوں کے بعد ظالم حکمران ہوں گے۔ پھر میرے گھرانے کا ایک شخص نکلے گا جو زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے گا۔'' [2] الحدیث۔ اعمش سے روایت کرنے والے شخص حسین بن علی کندی کو میں نہیں جانتا اور نہ مجھے قیس کے والد جابر کا حال معلوم ہے۔

۹۶۶۵ ابوجابر یمامی سیار بن طارق ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۶۶۶ ابوجاریہ انصاری [3]

نبی ﷺ سے یہ ارشاد نقل کیا ہے ''قرآن سارا درست ہے''۔ [4] ان کی حدیث حرب بن ثابت نے بحوالہ اسحاق بن جاریہ وہ اپنے والد وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں۔ ابن مندہ نے ان کا اسی طرح ذکر کیا ہے۔ دارقطنی نے ''مؤتلف'' میں جاریہ بن اسحاق کی روایت بحوالہ اپنے والد اپنے دادا ابوالجاریہ نجاشی کی نماز جنازہ کے بارے میں نقل کی ہے۔ ابن ماکولا نے ان کی پیروی کی ہے۔

۹۶۶۷ ابوجبیر نفیر بن مالک کندی

بقول بعض حضرمی، ناموں میں تذکرہ ہوا ہے۔

۹۶۶۸ ابوجَبیرہ [5] (شروع حرف پر زبر ہے)

ابن ضحاک بن خلیفہ انصاری اشہلی، ان کا نام مشہور نہیں۔ ابواحمد حاکم اور ابن مندہ فرماتے ہیں: یہ ثابت بن ضحاک کے

---

[1] اسدالغابۃ (۵۷۴۶) تجرید (۱۵۴/۲) [2] مجمع الزوائد (۱۹۰/۵) المعجم الکبیر (۹۳۷/۲۲)۔اسدالغابۃ (۳۳۸/۴)
[3] اسدالغابۃ (۵۷۴۷) تجرید (۱۵۴/۲) [4] التاریخ الکبیر (۲۸۲/۱) کنزالعمال (۲۴۶۵) اسدالغابۃ (۳۹۸/۴)
[5] اسدالغابۃ (۵۷۴۸) تجرید (۱۵۴/۲)

Marfat.com

بھائی ہیں۔ ابواحمد اور انہی کی پیروی میں ابن عبدالبر کا قول ہے کہ یہ صحابی ہیں اور بعض کا قول ہے: کہ یہ صحابی نہیں، نبی ﷺ سے کئی ایک احادیث نقل کی ہیں ان سے ان کا بیٹا محمود، قیس بن ابی حازم، شبل بن عوف اور عامر شعبی روایت کرتے ہیں۔ ابن ابی حاتم فرماتے ہیں: میرے والد نے کہا: مجھے ان کے صحابی ہونے کا علم نہیں۔

میں کہتا ہوں: امام بخاری نے ''الادب المفرد'' میں ان کی حدیث نقل کی جسے اصحاب السنن نے بھی درج کیا ہے حاکم نے اسے صحیح اور ترمذی ✿ نے حسن کہا ہے جس کے الفاظ یہ ہیں: ''ہمارے بارے یہ آیت ''ایک دوسرے کو برے لقب مت دو''۔ ✿ نازل ہوئی۔

۹۶۶۹ ابوجَبیرہ بن حصین ✿

بن نعمان بن سنان بن عبد بن کعب بن عبدالاشھل انصاری اشھلی، صحابہ میں ان کا ذکر آتا ہے یہ ابوعمر کا قول ہے۔

میں کہتا ہوں: اسلم میں ان کا ذکر ہوا ہے یہی نام ابوعبید قاسم بن سلام نے بتایا ہے۔

۹۶۷۰ ابوجحش لیثی ✿

کتاب العظمۃ میں ابوالشیخ نے ان کی حدیث اور حاکم نے مستدرک میں عبدالملک بن قدامہ کے طریق سے بحوالہ عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن دینار وہ اپنے والد سے وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے نقل کرتے ہیں، فرمایا: حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسجد میں داخل ہوئے، نماز ہو رہی تھی اور تین شخص بیٹھے ہوئے تھے، ان میں ایک ابوجحش لیثی تھے۔ آپ نے انہیں دیکھ کر فرمایا: اٹھو اور نبی ﷺ کے پیچھے نماز پڑھو! ان میں سے دو شخص تو اُٹھ گئے البتہ ابوجحش کہنے لگے: میں تو اس وقت تک نہیں اٹھوں گا جب تک کوئی مجھ سے قوی آ کر مجھے پچھاڑ نہیں لیتا اور مٹی میں گرا کر میرا چہرہ زخمی نہیں کر لیتا۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کا یہ شوق بھی پورا کر دیا۔ پھر فرشتوں کی عبادت کے متعلق حدیث ذکر کی۔ جس کے الفاظ یہ ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: ''(ابوجحش!) تم بیٹھے رہو! اللہ تعالیٰ کو ابوجحش کی نماز کی ضرورت نہیں، آسمانِ دنیا پر اللہ تعالیٰ کے ایسے عاجز فرشتے ہیں جو قیامت تک سر نہیں اٹھائیں گے''۔ ✿ اسی حدیث میں ہے عمر رضی اللہ عنہ کی رضامندی رحمت ہے۔ اسے ابونعیم نے اپنے طریق سے روایت کیا ہے۔ حاکم فرماتے ہیں: شرطِ بخاری کے مطابق ہے۔ جبکہ ذہبی نے اسے رد کر دیا کہ غریب اور منکر ہے، شرطِ بخاری مفقود ہے۔

میں کہتا ہوں: اس کی سند میں صرف عبدالملک بن قدامہ جمحی ہے جس کے متعلق اختلاف ہے، ابن معین اور عجلی نے اس کی توثیق کی ہے۔ ابوحاتم اور نسائی نے اسے ضعیف قرار دیا ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: معروف و منکر روایات نقل کرتا ہے۔

۹۶۷۱ ابوجحیفہ ✿

وہب بن عبداللہ اسوائی، ناموں میں تذکرہ ہوا ہے۔

✿ ترمذی کتاب التفسیر باب و من سورۃ الحجرات (۳۲۶۸) ✿ سورۃ الحجرات : ۱۱

✿ اسدالغابۃ (۵۷۴۹) ✿ اسدالغابۃ (۵۷۵۱) تجرید (۱۵٤/۲) ✿ المستدرک (۸۸/۳) تفسیر ابن کثیر (۲۹٦/۸)

جمع الجوامع (۵۷۰) ✿ اسد الغابہ (۵۷۵۹) استیعاب (۲۹۳۲)

Marfat.com

۹۶۷۲ ابوالجراح اشجعی

انہیں الجراح بھی کہا جاتا ہے۔ ابوموسیٰ نے ذیل میں لکھا ہے کہ خلیفہ بن خیاط نے انہیں کنیت کے ساتھ ہی لکھا ہے۔

میں کہتا ہوں: ناموں میں گزر چکا ہے۔

۹۶۷۳ ابوجرول*

زھیر بن صرد جشمی، ناموں میں تذکرہ ہوا ہے۔

۹۶۷۴ ابوجرول (دوسرے)

ہند بن الصامت، پہلے ذکر ہو چکا ہے۔

۹۶۷۵ ابوجُرَیّ* (تصغیر)

جابر بن سلیم/ یا سلیم بن جابر ہجیمی، تذکرہ ہو چکا ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ* نے پہلے نام کو ترجیح دی ہے۔

۹۶۷۶ ابوالجعال جُذامی

مغازی میں اموی نے بحوالہ ابن اسحاق ضمام کے ان لوگوں میں ان کا ذکر کیا ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اپنے ان قیدیوں کا مطالبہ کرنے آئے جنہیں حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے گرفتار کر لیا تھا اور اس کے متعلق اشعار بھی کہے۔

۹۶۷۷ ابوالجعد افلح*

ابوالقعیس کے بھائی، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے رضاعی والد۔ پہلے تذکرہ ہوا ہے۔ کنیت ابوالجعد، ابن جریج اپنی روایت میں بحوالہ عطاء، عروہ سے وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نقل کرتے ہیں۔

۹۶۷۸ ابوالجعد ضمری*

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے فرماتے ہیں: مجھے ان کا نام معلوم نہیں۔ ان کی صرف ایک روایت میرے علم میں ہے یعنی وہ روایت جسے اصحاب السنن اور بغوی نے نقل کیا ہے اور ابن خزیمہ و ابن حبان وغیرہ نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ وہ از قبیل ترہیب ہے ''جس نے جمعہ کی نماز چھوڑی....''۔ (حدیث)* اس کے کسی طریق میں لکھا ہے کہ یہ صحابی ہیں۔ جبکہ ان کے علاوہ کسی نے ان کا نام اَدْرَع لیا ہے، کسی نے جنادہ، کسی نے عمرو بن بکر نقل کیا ہے۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے بھی روایت کرتے ہیں۔ ان سے عبیدہ بن سفیان حضرمی روایت لیتے ہیں۔ فتح مکہ کے موقع پر بقول ابن سعد اپنی قوم کے امیر تھے۔ ابن البرقی فرماتے ہیں کہ جنگ جمل

---

* اسد الغابہ (۵۷۶۲) * اسد الغابہ (۵۷۶۳) استیعاب (۲۹۳۳) * التاریخ الکبیر (۲۰۶/۲)
* اسد الغابہ (۵۷۵۹) استیعاب (۲۹۳٤) تجرید (۱۵۵/۲) * اسد الغابہ (۵۷٦۰) تجرید (۱۳۵/۲)
* ترمذی کتاب الجمعۃ باب ما جاء فی ترک الجمعۃ من غیر عذر (٤۹۸)

Marfat.com

میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا ساتھ دیتے شہید ہوئے۔ بغوی فرماتے ہیں: مدینہ رہتے تھے، بنی ضمرہ میں ان کی ایک حویلی تھی۔ اس قول کو ابن سعد کی طرف منسوب کیا ہے، جس میں یہ اضافہ بھی کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی قوم کی طرف بھیجا تا کہ وہ فتح مکہ کے لیے جمع ہو جائیں۔ اسے غزوۂ تبوک کے موقع پر ان کی نفری جمع کرنے کے لیے انہیں ان کی قوم کی جانب بھیجا تھا۔ تو وہ ان کے ساتھ ساحل کی طرف نکلے اور ان کی معیت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ گئے۔

۹۶۷۹ ابوالجعیجعہ [1]

غلام والے۔ ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور ابومقاتل حفص بن مسلم کے طریق سے بحوالہ عبداللہ بن عوف، حسن سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ایک شخص غلام بیچتا تھا جس کا نام ابوالجعیجعہ تھا، فرماتے ہیں: پھر حدیث ذکر کی۔ [2]

۹۶۸۰ ابوجمعہ انصاری [1]

کنانی، قاری۔ کنیت سے شہرت رکھتے ہیں۔ نام میں اختلاف ہے۔ جندب بن سبع، ابن سباع، ابن وہب، جنید اور حبیب یہ آخری راجح ہے۔ محمد بن ربیع الجیزی نے ان صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا تذکرہ کیا ہے جو فتح مصر میں شریک تھے۔ ابن سعد کا قول ہے: شام میں رہتے تھے پھر مصر منتقل ہو گئے۔ طبرانی کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ حدیبیہ کے دنوں میں مشرف باسلام ہوئے۔ چنانچہ حجر ابوخلف کے طریق سے عبداللہ بن عوف سے بحوالہ ابوجمعہ جنید بن سبع انصاری سے مروی ایک روایت نقل کی ہے، فرمایا: ''دِن چڑھے تک تو میں کافروں کی طرف سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف لڑتا رہا ہوں اور دِن ڈھلے مسلمان ہو کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں کفار کے مقابلہ میں لڑتا رہا''۔ ہم تین مرد اور نو عورتیں تھیں۔ ہمارے بارے ہی یہ آیت ''اگر مومن مرد اور مومن عورتیں نہ ہوتیں'' [2] نازل ہوئی۔

میں کہتا ہوں: انہیں انصاری لکھنا صحیح نہیں تھا، اس واسطے کہ اس وقت کوئی ایسا نہ بچا تھا جو ان میں سے قریش کے ساتھ مل کر مسلمانوں کے خلاف لڑتا۔ طبرانی ہی کی ایک روایت ہے ''صاع بن جبیر بحوالہ ابوجمعہ کنانی'' یہ زیادہ بہتر ہے۔ یہ بھی احتمال ہے کہ معاہدہ کی وجہ سے انصاری ہوں۔ اربعین نسفی میں ہم حدیث سلفی کا ایک حصہ جو متصل بالسماع ہے روایت کر چکے ہیں۔ معاویہ بن صالح کی روایت سے بحوالہ صالح بن جبیر مروی ہے، فرماتے ہیں کہ صحابیٔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابوجمعہ انصاری ہمارے پاس بیت المقدس میں نماز پڑھنے تشریف لائے وہاں رَجاء بن حَیوہ بھی ہمارے ساتھ موجود تھے۔ نماز وغیرہ سے فراغت کے بعد جب وہ نکلنے لگے تو ہم انہیں رخصت کرنے ان کے ساتھ چلے۔ ہم جب واپس چھوڑ کر مڑنے لگے تو انہوں نے فرمایا: تمہارے لیے ایک انعام اور حق ہے، وہ یہ کہ میں تمہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث سناتا ہوں جو میں نے خود آپ علیہ السلام سے سنی ہے۔ ہم نے عرض کیا: ضرور سنایئے! فرمایا: ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے جن میں معاذ دسویں آدمی تھے۔ ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کوئی گروہ ہم سے بھی زیادہ اجر وثواب والا ہے؟ ہم آپ پر ایمان لائے، آپ کا اتباع کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں اس فضیلت سے کون

---

[1] اسد الغابہ (۵۷۶۲) تجرید (۱۵۵/۲) [2] اسد الغابہ (۴۰۳/۴)

[1] اسد الغابہ (۵۷۶۳) تجرید (۱۵۵/۲) [2] سورۃ الفتح (۲۵)

Marfat.com

روک سکتا ہے، اللہ کا رسول تمہارے درمیان ہے، تم میں آسمان سے وحی آتی ہے؟ (حدیث) اس حدیث کا، بطریق اسید بن عبدالرحمٰن بحوالہ صالح بن جبیر اس کی اسناد کے بغیر، ایک شاہد بھی ہے۔ جسے امام احمد اور دارمی رحمۃ اللہ علیہما نے نقل کیا ہے اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔

ان کی حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب خلق افعال العباد میں درج کی ہے۔ اوزاعی سے اوپر اس کے متعلق اختلاف ہے۔ اکثر ان سے روایت کرتے ہیں جو اسید، خالد بن دریک، ابن محیریز کے سلسلۂ سند سے ہے۔ فرماتے ہیں: میں نے ابو جمعہ سے کہا، انہوں نے فرمایا: ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صبح کا کھانا کھایا ہمارے ساتھ ابوعبیدہ بن الجراح تھے۔ ✿ (حدیث)

ابن شماس، اوزاعی، اسید، صالح بن محمد کے سلسلۂ سند میں ہے: مجھ سے ابو جمعہ نے بیان کیا۔ ان سے ان کے مولیٰ روایت کرتے ہیں جن کا نام معلوم نہیں۔ صالح بن جبیر، عبداللہ محیریز، عبداللہ بن عوف رملی بھی ان سے روایت کرتے ہیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا ذکر ستر (۷۰) سے اسّی (۸۰) تک کی درمیانی عمر میں فوت ہونے والوں کی فضیلت میں کیا ہے۔ ابن حبان نے بہت انوکھا کام کیا کہ ان کے متعلق ثقات التابعین میں لکھتے ہیں: ابو جمعہ حبیب بن سباع صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت سے روایت لیتے ہیں۔

۹۶۸۱ ابوجمیلہ سلمی ✿

نام سنین۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے تعلیق میں ان کا ذکر کیا ہے کہ وہ فتح مکہ میں شریک تھے۔ پھر پھینکے ہوئے بچہ کے متعلق حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ ان کا جو واقعہ پیش آیا اسے ذکر کیا اور یہ کہ اس کی پہچان کرنے والا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور وہ نیک شخص تھا۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے اسے موصولاً ذکر کیا ہے۔ ناموں میں حرف سین کے دوران ان کا تذکرہ گزر چکا ہے۔ بقول بعض: یہ ضمری ہیں۔ ابن حبان نے ان کے والد کا نام واقد بتایا ہے۔ بقول بعض: ان کے والد کا نام فرقد ہے ان کی ایک روایت حضرات شیخین رضی اللہ عنہما سے بھی ہے۔ جبکہ ان سے زہری روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے دورِ نبوی پایا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں حج کیا ہے اور فتح مکہ کے سال آپ کے لشکر کے ساتھ نکلے تھے۔ ✿ ابن سعد فرماتے ہیں: ان کی کئی ایک احادیث ہیں، انہیں تابعین کے پہلے طبقہ میں ذکر کیا ہے، ایسا ہی قول عجلی کا ہے کہ وہ معتبر تابعی ہیں۔ ادھر بغوی نے ان میں اور سنین بن واقد میں فرق کیا جیسا کہ پہلے ناموں میں بھی اس کا ذکر ہو چکا ہے۔

۹۶۸۲ ابوجندب عتقی ✿

ابوسعید بن یونس فرماتے ہیں: فتح مصر میں شرکت کی، انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ جبکہ ان کی کوئی حدیث مروی نہیں۔

۹۶۸۳ ابوجندب فزاری ✿

مطین اور باوردی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور دونوں نے نصر بن منصور، بحوالہ سہل الفزاری، جندب الفزاری

✿ مسند ابی یعلیٰ (۱۵۵۹/۳) ✿ اسد الغابہ (۵۷۶۵) تجرید (۱۵۵/۲) ✿ اسد الغابہ (۴۰۴/۴)
✿ اسد الغابہ (۵۷۶۶) تجرید (۱۵۶/۲) ✿ اسد الغابہ (۵۷۶۷) تجرید (۱۵۶/۲)

Marfat.com

سے انہوں نے اپنے والد سے روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم سے ملتے تو (ہر وقت) ان سے مصافحہ نہ (ہاتھ ملاتے) کرتے تھے۔ ✿ باوردی نے اپنی بعض مغازی میں یہ اضافہ نقل کیا ہے ہمیں وہ لوگ ملے جن کی نماز رہ گئی تھی۔ ابن بی حاتم بحوالہ والد فرماتے ہیں: اس کے راوی مجہول ہیں، ابوموسیٰ اور ابونعیم نے مطین کے طریق سے ان کا ذکر کیا ہے۔ ابن فتحون نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۹۶۸۴ ابوجندل بن سهيل ✿

بن عمرو قرشی عامری، ان کے والد کے سوانح میں ان کے احوال گزر چکے ہیں۔ بقول بعض: ان کا نام عبداللہ ہے، اسلام ں پہل کرنے والے خوش نصیبوں میں سے ایک ہیں۔ اور جن لوگوں کو اسلام لانے کے باعث اذیتیں ✿ برداشت کرنا پڑیں، ان ں شامل ہیں۔

صحیح بخاری ✿ میں حدیبیہ کے قصہ میں ان کا ذکر ثابت ہے۔ معمر، زہری، عروہ، مسور بن مخرمہ اور مروان بن الحکم سے روی ہے پھر وہ قصہ ذکر کیا۔ فرمایا: حدیبیہ کی شرائط لکھی جا رہی تھیں کہ اتنے میں بیڑیوں میں جکڑے ابوجندل آ کر مسلمانوں سے کہنے لگے: ''میری حالت تم لوگ دیکھ رہے، اب بھی میں مشرکین کو دے دیا جاؤں حالانکہ میں مسلمان ہو کر آیا ہوں''۔ انہیں بہت ذیتیں دی گئیں، افسوس وہ عہد نامہ کی تکمیل سے پہلے پہنچے تھے مگر سرخروئی نہ ہو سکی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''مجھے اس کی اجازت دے و''۔ سہیل بولے: یہ پہلی شرط ہے جس پر میں آپ سے مطالبہ کر رہا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ہم نے ابھی تک تحریر مکمل نہیں کی۔ ہ کہنے لگے: اللہ کی قسم! میں تحریر پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کروں گا۔ پھر انہیں ان کے والد سہیل بن عمرو لے کر واپس چلے گئے۔ پھر ان کے اسلام لانے کا قصہ ذکر کیا اور ابوبصیر کے ساتھ ساحلی علاقے میں جا ملے تھے، قریش کا جو دستہ وہاں سے گزرتا اسے پکڑ لیتے یہاں تک کہ خود ہی قریش نے آپ ﷺ کی طرف پیام بھیجا کہ انہیں اپنے ساتھ ملا لیں (یہ راہ کے کانٹے بنے پڑے ہیں)۔

بغوی نے یہ روایت بطریق عبدالرزاق طویل نقل کی ہے اور ابن اسحاق ✿ نے بحوالہ زہری طوالت سے پیش کی ہے۔ صحیح ں سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث میں بھی ان کا تذکرہ ثابت ہے کہ صفین کے روز انہوں نے کہا: لوگو! اپنی رائے کو غلط سمجھو! بوجندل کے روز مجھے یاد ہے اگر میرے بس میں ہوتا کہ میں رسول اللہ ﷺ کا فیصلہ ٹھکرا دوں تو اس کی تردید کر دیتا۔ یعنی ابوجندل کے بارے میں جو فیصلہ طے ہو گیا تھا۔ اہل مغازی نے شرکاءِ بدر میں ان کا ذکر کیا ہے۔ مشرکین کی طرف سے آئے تو تھے لیکن سلمانوں سے جا ملے۔ بعد میں مشرکین نے گرفتار کر لیا اور طرح طرح کے مصائب و آلام سے دوچار ہوئے۔ جب فتح مکہ ہوئی تو ہوں نے ہی اپنے والد کے لیے امن مانگا تھا۔ اس بات کا تذکرہ واقدی نے حدیث سہیل سے کیا ہے۔ فرماتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ مکہ میں داخل ہو گئے تو میں نے اپنا دروازہ بند کر لیا اور اپنے بیٹے عبداللہ کو محمد (ﷺ) سے امان طلبی کے لیے روانہ کر دیا۔ پھر ہیں آپ ﷺ کے امان دینے والی حدیث ذکر کی۔ حضرت ابوجندل رضی اللہ عنہ یمامہ میں، بعمر اڑتیس (۳۸) سال شہید ہوئے۔ اسی قول

✿ المعجم الكبير (۱۷۲۱/۲) مجمع الزوائد (۳٦/۸) جامع المسانيد (٥.٤/۱۳)

✿ اسد الغابہ (٥٧٦٨) تجرید (۱٥٦/۲) ✿ اسد الغابہ (٥٧٦٨)

✿ كتاب المغازی (٤۱۸۰، ٤۱۸۱) ✿ السيرة النبوية (۲٤۸/۳) (۲٥۰/۳)

Marfat.com

کو خلیفہ، ابن اسحاق اور ابو معشر وغیرہ نے اختیار کیا ہے۔

۹۶۸۵ ابوجنید ✿ (تصغیر ہے)

ابن جندع از بنی عمرو بن مازن، ابن مندہ نے ان کا ذکر کر کے بطریق بلوی، عمارہ بن زید سے بحوالہ عبداللہ بن علاء، زہری سے ایک روایت نقل کی ہے کہ میں نے سعید بن حبان سے بحوالہ ابوعنفوانہ بارقی سنا، وہ فرماتے ہیں: میں نے ابوجنید بن جندع مازنی کو فرماتے سنا کہ میں حنین کے دِن ھوازن کی صبح نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ پھر حدیث ✿ ذکر کی۔ یاد رہے بلوی متروک راوی ہے۔

۹۶۸۶ ابوجنیدہ فہری ✿

مطین نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا، ان سے طبرانیؒ نے ان سے ابونعیم نے نقل کیا ہے اور اسحاق بن عبداللہ بن ابی فروہ کے طریق سے بحوالہ ابی جنیدہ فہری وہ اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے کسی پیاسے کو پانی پلا کر سیراب کیا اس کے لیے جنتی دروازے کھل جاتے ہیں''۔ (حدیث) ✿ ابوموسیٰ اور ابونعیم یہی مطین کی روایت محمد بن علی ملطی سے نقل کرتے ہیں۔ جابر بن کردی فرماتے ہیں: یزید بن ہارون، اسحاق بن خلیدہ سے مروی ہے۔ داؤد بن جراح نے بحوالہ ابوغسان، اسحاق سے روایت کرنے میں ان کی موافقت کی ہے۔ البتہ انہوں نے ابن خلید کہا: جس میں ہا نہیں ہے۔ ابوموسیٰ فرماتے ہیں: اسے ابوالشیخ نے دوسرے طُرُق سے نقل کیا تو ابن خلیدہ بحوالہ اپنے والد حذیفہ سے روایت کرنے کے الفاظ ذکر کیے ہیں۔

۹۶۸۷ ابوجہاد انصاری سلمی ✿

ابونعیم کا قول ہے: اہل مصر میں شمار ہوتے ہیں، اور ابن وہب کے طریق سے، سعید بن عبدالرحمٰن سے فرمایا: انصار کے بنی سلمہ میں سے ایک شخص نے مجھے بتایا جس کا حوالہ وہ اپنے والد سے وہ اپنے دادا ابوجہاد سے، جو صحابی رسول ہیں، روایت کرنے کا دیتے ہیں کہ ان کے بیٹے نے ان سے کہا: ابا جان! کیا آپ لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا اور اُن کا ساتھ نصیب ہوا ہے؟ اگر مجھے وہ دور ملتا تو اللہ کی قسم! میں کیا کیا کر گزرتا، جس پر ان کے والد فرمانے لگے: ''اللہ سے ڈرو اور سیدھے رہو!'' اللہ کی قسم! جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! خندق کی رات میں آپ کے ساتھ تھا آپ فرما رہے تھے: ''کون ایسا ہے جو ان کے ہاں جا کر اطلاع لائے، اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اسے میرا رفیق بنائے گا''۔ ✿ تو لوگوں میں سے کوئی بھی بھوک اور سردی کی شدت کی وجہ سے نہ اٹھ سکا یہاں تک کہ آپ نے تیسری بار فرمایا: ''حذیفہ!'' دولابی نے یہ روایت اسی سند سے لکھی ہے۔

✿ اسد الغابہ (۵۷۶۹) تجرید (۱۵۶/۸) ✿ جامع المسانید (۵۰۵/۱۳) اسد الغابہ (۴۰۵/۴)

✿ اسد الغابہ (۵۷۷۰) تجرید (۱۵۶/۲) ✿ المعجم الکبیر (۹۳۹/۲۲) مجمع الزوائد (۱۳۱/۳) کنز العمال (۱۶۳۸۲) جامع المسانید والسنن (۵۰۶/۱۳) اسد الغابۃ (۴۰۶/۴) ✿ اسد الغابۃ (ت: ۵۷۷۲) تجرید اسماء الصحابۃ (۱۵۶/۲)

✿ اخرجہ مسلم، کتاب الجہاد والسیر، باب غزوۃ الأحزاب (الحدیث: ۴۶۱۶) مسند احمد (۳۹۲/۵) سنن بیہقی (۱۴۸/۹) دلائل النبوۃ (۴۴۹/۳) جامع المسانید والسنن (۵۰۷/۱۳)

Marfat.com

۹۶۸۸ ابوجهم بن حذيفه *

بن غانم بن عامر بن عبداللہ بن عبید بن عوتج بن عدی بن کعب قرشی عدوی، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور ایک جماعت کا کہنا ہے: ان کا نام عامر ہے۔ بقول بعض: عبید ہے، یہ زبیر بن بکار اور ابن سعد کا قول ہے، دونوں حضرات فرماتے ہیں: وہ مسلمانانِ فتح مکہ سے ہیں۔ بغوی بحوالہ مصعب لکھتے ہیں: قریش کے عمر رسیدہ اور بزرگ شخصیات میں سے ہیں۔ ابن مندہ نقل کرتے ہیں کہ ابو عاصم نے ابوجہم بن حذیفہ اور عبید بن حذیفہ میں فرق کیا ہے، زبیر فرماتے ہیں کہ قریش کے اکابر میں سے تھے اور ان چار افراد میں سے ایک تھے جن سے قریش نسب کا علم حاصل کرتے تھے۔ زبیر فرماتے ہیں: میرے چچا نے کہا کہ قریش کے عمر رسیدہ بوڑھے شخص تھے، جنہوں نے لمبی عمر پائی، تعمیر کعبہ میں دو دفعہ شرکت کی ایک دفعہ جب قریش نے اس کی تعمیر کی دوسری بار جب حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے اسے تعمیر کیا۔ اور یہ ان چار افراد میں سے ایک ہیں جنہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو دفن کیا تھا۔

بغوی رحمۃ اللہ علیہ نے حفص بن غیاث کے طریق سے بحوالہ ہشام بن عروہ انہوں نے اپنے والد سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ شہید کر دیئے گئے تو لوگوں نے آپ کی نمازِ جنازہ پڑھنی چاہی تو بلوائیوں نے رکاوٹ ڈال دی۔ تو ابوجہم بولے: ہٹ جاؤ! کیونکہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لیے رحمت کا فیصلہ فرما دیا ہے۔ ابن ابی عاصم ''کتاب الحکماء'' میں بطریق عبداللہ بن ولید، ابوبکر بن عبیداللہ بن ابی جہم سے روایت کرتے ہیں، فرمایا: میں نے ابوجہم سے سنا: میں نے جاہلیت میں ہی شراب ترک کر دی تھی۔ میں نے صرف اس وجہ سے شراب چھوڑی تھی کہ کہیں میری عقل میں فتور نہ آ جائے، اور دیگر جو اس کے مفاسد وغیرہ ہیں۔ صحیحین میں ان کا ذکر ثابت ہے جو بطریق عروہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے، فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ریشمی اور بیل دار چادر پہنے نماز پڑھی، نماز کے بعد فرمایا: میری یہ چادر ابوجہم کے پاس لے جاؤ، اور میرے پاس ابوجہم کا یک رنگا اونی کپڑا لے آؤ، کیونکہ اس کے بیل بوٹوں کی وجہ سے میں ابھی ابھی نماز سے ان میں کھو گیا تھا''۔

زبیر نے دوسری سند سے مرسلاً نقل کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دو سیاہ کپڑے پیش کیے گئے۔ ان میں سے ایک آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہن لیا اور دوسرا ابوجہم کی جانب بھیج دیا۔ پھر اس کے متعلق ابوجہم کو پیام بھیجا اور جو کپڑا پہنا تھا وہ ان کی طرف روانہ کر دیا اور جو ابوجہم کے پاس تھا جسے انہوں نے کئی بار پہن لیا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ کپڑا پہن لیا۔ ان کا ذکر حدیث فاطمہ بنت قیس سے بھی ثابت ہے۔ فرماتی ہیں: جب مجھے معاویہ اور ابوجہم نے پیام نکاح بھیجا تو میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مشورہ لیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ابوجہم کاندھے سے لاٹھی نہیں اتارتا'' اور لوگ کہتے ہیں وہ عورتوں کو بڑا مارتے تھے۔

ابن سعد لکھتے ہیں: وہ بہت تیز گو تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ انہیں روکتے رہتے یہاں تک کہ انہوں نے اپنی زبان پر قابو پا لیا۔ ان کا ایک اور قصہ خالد بن برصاء کے حالات میں بھی گزر چکا ہے (کہ خالد بن برصاء نے مال میں سے بالوں کی ایک رسّی اٹھانا چاہی، ابوجہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف نگران مقرر تھے منع کیا، وہ باز نہ آئے، انہوں نے زور کی لٹھ ماری جس سے گہرا زخم آ گیا اور آپ علیہ السلام نے فیصلہ فرمایا اور ابوجہم کو ہرجانہ دینا پڑا۔ [عامر تقی ندوی])

---

* اسد الغابۃ (۵۷۷۳) تجرید اسماء الصحابۃ (۱۵۶/۲)

Marfat.com

ابن المبارک ''کتاب الزہد'' میں عمر بن سعید بن ابی حسین کے طریق سے بحوالہ ابن سابط وغیرہ روایت کرتے ہیں کہ ابوجہم بن حذیفہ نے فرمایا: جنگ یرموک کے روز میں اپنے چچا زاد کو تلاش کرنے لگا، میرے پاس پانی کا بھرا مشکیزہ تھا، پھر قصہ ذکر کیا۔ بقول ابن سعد: امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی خلافت کے آخری سالوں میں فوت ہوئے۔

میں کہتا ہوں: سابقہ بات کی وجہ سے کہ وہ ابن زبیر رضی اللہ عنہما کی تعمیر کعبہ میں شریک ہوئے تھے، اگر وہ ثابت ہو تو معلوم ہوتا ہے وہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے ابتدائی دور تک زندہ رہے۔ اس کی تائید اس روایت سے بھی ہوتی ہے جو امام اصمعی کے بھتیجے نے نوادر میں لکھی ہے۔ وہ اپنے چچا (اصمعی) سے وہ عیسیٰ بن عمر سے، فرمایا: ابوجہم امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، پھر یزید کے پاس آئے اس کے بعد ان کا ابن زبیر رضی اللہ عنہ کے ساتھ پیش آمدہ ایک قصہ ذکر کیا ہے۔

۹۶۸۹ ابوجُہَیم بن حارث [1]

بن صمہ بن عمرو بن عتیک بن عمرو بن مبذول بن عامر بن مالک بن نجار انصاری۔ بقول بعض ان کا نام کچھ اور ہے۔ ایک قول ہے: ان کا نام عبداللہ بقول حارث بن صمہ، اسی کو ابن ابی حاتم نے راجح قرار دیا ہے۔ پھر ابن ابی حاتم نے عبداللہ بن جہیم کا عنوان قائم کیا ہے اور ابوجہیم کو دو شخصیتیں قرار دیا ہے۔

ابن مندہ لکھتے ہیں: ابوجہیم بن حارث، انہیں عبداللہ بن جہیم بن حارث بن صمہ بھی کہا جاتا ہے۔ یوں انہوں نے حارث بن صمہ کو ان کا دادا بنا دیا جو میرے گمان میں وہم ہے۔ ابن الاثیر [2] نے انہی کی پیروی کی اور اسے استیعاب کی جانب منسوب کیا ہے۔ حدیث ابوجہیم بن حارث صحیحین وغیرہ میں ہے۔ مالک کی روایت سے بحوالہ ابونضر اشیر بن سعید مروی ہے کہ زید بن خالد نے انہیں ابوجہیم سے پوچھنے کے لیے بھیجا کہ کیا آپ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نمازی کے سامنے سے گزرنے والے کے بارے میں کوئی حدیث سنی ہے کہ اسے کتنا گناہ ملتا ہے؟ (حدیث) [3]

اسی روایت کو ابن عیینہ نے ابونضر سے بحوالہ بشر نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: مجھے ابوجہیم عبداللہ بن جہیم نے زید بن خالد کی طرف بھیجا۔ یہ مقلوب (آگے پیچھے) ہیں۔ ابن ماجہ نے اسے روایت کیا ہے اور مسلم نے تعلیق میں اس کا ذکر کیا ہے۔ امام بخاری، ابوداؤد اور نسائی نے اعرج کے طریق سے موصولاً روایت کی ہے جو عمیر مولیٰ ابن عباس سے مروی ہے، فرمایا: میں اور عبداللہ بن یسار ابوجہیم کے پاس آئے، انہوں نے فرمایا کہ ''نبی صلی اللہ علیہ وسلم بئر جمل سے آ رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک شخص ملا اس نے آپ کو سلام کیا''۔ (حدیث) [4] جو سلام کا جواب دینے سے پہلے تیمّم کے بارے میں ہے۔

اسے ابن لہیعہ نے عبداللہ بن یسار سے بحوالہ ابوجہیم روایت کیا اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے۔ ابوجہیم کی ایک اور

---

[1] اسد الغابہ (۵۷۷۵) تجرید اسماء الصحابہ (۱۵۶/۲) [2] اسد الغابہ (۴۰۸/۴)

[3] مسلم کتاب الصلوٰۃ (۵۱۰) مسلم کتاب الصلاۃ (۲۶۱، ۵۰۷) ابوداؤد کتاب الصلاۃ (۷۰۱) ترمذی ابواب الصلاۃ (۳۳۶) نسائی کتاب القبلۃ (۷۵۶) ابن ماجہ کتاب اقامۃ الصلاۃ (۹۴۵) مسند احمد (۱۶۹/۴)

[4] بخاری کتاب التیمم (۳۳۷) مسلم کتاب الحیض (۸۲۰) ابوداؤد کتاب الطہارۃ (۳۲۹) کتاب الطہارۃ (۳۱۰) مسند احمد (۱۶۹/۴)

Marfat.com

حدیث بھی ہے جسے امام احمد اور بغوی رحمۃ اللہ علیہما نے یزید بن خصیفہ کے طریق سے بحوالہ مسلم بن سعید مولیٰ ابن الحضرمی، بحوالہ ابوجہیم انصاری روایت کیا ہے کہ دو آدمیوں کا ایک آیت میں اختلاف ہوگیا۔ (حدیث) اسی میں ہے: ''(جھگڑنے کی کوئی بات نہیں) یہ قرآن سات حروف (لہجوں) میں نازل ہوا ہے''۔ ✿ ان سے بشر بن سعید اور ان کے بھائی مسلم بن سعید بھی روایت کرتے ہیں، مقول بعض: ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے بھانجے ہیں۔

۹۶۹۰ ابوجُہَیمہ ✿

عبداللہ بن جہیم، اس سے پہلی والی شخصیت میں اور عبداللہ نامی لوگوں میں تذکرہ گزر چکا ہے۔

۹۶۹۱ ابوجھینہ انصاری

ثعلبی نے اپنی تفسیر میں اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد ''(ناپ تول میں) کمی کرنے والوں کے لیے خرابی ہے'' ✿ میں ان کا ذکر کیا ہے، پھر بطریق سدی نقل کیا ہے کہ ان کے دو پیمانے تھے ایک سے ناپ کر دیتے اور دوسرے سے لیتے تھے۔ جس پر یہ آیت نازل ہوئی ''خرابی ہے کمی کرنے والوں کے لیے''۔ ابن فتحون نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۹۶۹۲ ابوالجَوْن

وہی قتادہ بن اعور ہیں قاف میں ذکر گزر چکا ہے۔ بغوی نے ان کا تذکرہ کیا ہے۔

۹۶۹۳ ابوجیش بن ذی اللحیہ عامری کلابی

سیف نے فتوح میں ان کا ذکر کر کے لکھا ہے: عراق داخل ہوتے وقت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے جن بہادر صحابہ رضی اللہ عنہم کو ھوازن پر مقرر کیا تھا ان میں یہ بھی تھے۔ ابن فتحون نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔

قسم ثانی از حرفِ جیم

۹۶۹۴ ابوجعفر انصاری ✿

کسی قبیلہ کی طرف منسوب نہیں۔ ان سے جو روایت منقول ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ عہد نبوی میں پیدا ہوئے۔ جس کا حاصل یہ ہوا کہ وہ اس قسم میں شامل ہیں۔ چنانچہ ابن ابی شیبہ ثابت بن عبید کے طریق سے بحوالہ ابوجعفر انصاری روایت کرتے ہیں، فرمایا: میں نے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو دیکھا تھا ان کی داڑھی اور سر کے بال ایسے (سرخ) تھے جیسے جھاؤ کی چنگاری ہوتی ہے۔ اور یہ بھی منقول ہے کہ وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے وقت موجود تھے، پھر اس کا قصہ ذکر کیا۔ ابواحمد نے اِن میں اور اُن ابوجعفر انصاری میں فرق کیا ہے جو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، بظاہر یہی ہے۔

✿ مسند احمد (۱۶۹/٤) مجمع الزوائد (۱۵۱/۷) کنز العمال (۳۰۸۲)

✿ اسد الغابہ (۵۷۸۳) استیعاب (۲۹٤۲) ✿ سورۃ المطففین (۱) ✿ تجرید (۱۵۵/۲)

Marfat.com

قسم ثالث از حرفِ جیم

۹۶۹۵ ابوجامع بن مخارق

بن عبداللہ ابن شداد ہلالی، ان کا نسب ان کے بھائی قبیصہ کے حالات، ناموں کے دوران گزر چکا ہے۔ انہوں نے زمانۂ نبوت پایا ہے جب ان کی وفات ہوئی تو ابن ہمام سلولی نے ان کا مرثیہ کہا، یہ ابن کلبی کا قول ہے۔

۹۶۹۶ ابوجَبْر

فتوحِ عراق میں جسر ابی عبید ثقفی کے شہید ہیں۔ اس دِن کے شہداء کے بارے میں ابومحجن ثقفی نے جو مرثیہ قصائد کہے ہیں اُن میں اِن کا ذکر کیا ہے، وہ کہتے ہیں: ع

''ابوجبر اپنے گھر کو خالی چھوڑ گئے جبکہ بیواؤں سے وہ گھر بھرا پڑا رہتا تھا''۔

۹۶۹۷ ابوالجعد غطفانی *

سالم کے والد۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ کا قول ہے: ان کا نام رافع ہے۔ بقول بغوی: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پایا ہے۔

میں کہتا ہوں: صحیح مسلم، کتاب التوبہ کے آخر میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ان کی روایت کردہ حدیث موجود ہے، نیز انہیں حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے بھی روایت حاصل ہے۔ ان سے ان کا بیٹا سالم بن ابی الجعد اور شعبی روایت کرتے ہیں۔ حسن بن سفیان نے اپنی مسند میں ان کے حوالہ سے ایک مرسل حدیث نقل کی ہے۔ سند یوں ہے: احمد بن حنبل، حارث بن نعمان، ابوہریرہ حمصی، علی بن ابی طلحہ، سالم بن ابی الجعد ان کے سلسلہ سند میں ان کے والد سے مروی ہے، فرمایا: ''نیکی بوسیدہ نہیں ہوتی اور گناہ بھلایا نہیں جاتا اور معصیت فنا نہیں ہوتی''۔ *

میں کہتا ہوں: حارث بن نعمان ضعیف راوی ہے اور ان کے شیخ کا مجھے تعارف نہیں۔ یہی متن ابونعیم نے مکرم بن عبدالرحمٰن کے طریق سے بحوالہ محمد بن عبدالملک، نافع سے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے اس سے مکمل نقل کیا ہے۔ محمد بن عبدالملک کی محدثین نے تکذیب کی ہے۔

۹۶۹۸ ابوالجعید

دورِ نبوی نصیب ہوا ہے۔ جنگ یرموک میں ان کا ذکر آتا ہے۔ چنانچہ محمد بن عائذ، ولید سے وہ بنی ابی الجعد کے ایک بزرگ سے وہ اپنے والد ابوالجعد سے روایت کرتے ہیں۔ انہوں نے مسلمانوں کو مشورہ دیا کہ وہ رات کے وقت رومیوں پر حملہ کریں،

---

* اسد الغابہ (۵۷۶۱) تجرید (۱۵۵/۲)

* المصنف لعبدالرزاق (۲۲۶۲) کنز العمال (۴۳۶۷۲، ۴۳۷۲۴) جمع الجوامع (۲۰۲۹۰)
الاسماء والصفات للبیہقی (۷۹) اسد الغابہ (۴۰۳/۴)

Marfat.com

چنانچہ انہوں نے قبول کرلیا اور رات کے وقت ان پر ہلہ بول دیا، اسی میں ہے کہ وادی میں آٹھ ہزار میں سے ایک کو دوسرے کا پتہ نہ چلا کہ اس کے ساتھ کیا ہوا۔

۹۶۹۹ ابوالجلندی ازدی

انہیں بھی دورِ نبوت نصیب ہوا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو ایک اعرابی نے ان سے پوچھا: تم کس قبیلے سے ہو، انہوں نے جواب دیا میں ان لوگوں میں سے ہوں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اسلام سے سرفراز اہے۔ ان کے ساتھ مہلّب کے والد ابوصفرہ بھی تھے۔ ابن کلبی نے ان کا ذکر کیا ہے۔

۹۷۰۰ ابوالجمعہ بن خالد

بن عبید بن مسیر بن رباح بن سالم بن غاضرہ بن حُبیشہ بن کعب خزاعی۔ دورِ نبوی پایا ہے۔ یہ کُثیر بن عبدالرحمٰن خزاعی مشہور شاعر کے نانا ہیں۔ ان کا بھی ابن کلبی رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کیا ہے۔

۹۷۰۱ ابوجَنْدل بن سہیل شامی *

دورِ نبوی پایا ہے اور بلال رضی اللہ عنہ سے سماع ہے، ابواحمد حاکم نے ان کا ذکر کیا ہے ان میں اور قسم اوّل میں سابقہ شخصیت حضرت ابوجندل بن سہیل بن عمرو میں تفریق کی ہے۔ عبداللہ بن عبید کلاعی کے طریق سے بحوالہ مکحول، حارث بن معاویہ کندی اور ابوجندل بن سہیل روایت کی ہے دونوں حضرات فرماتے ہیں: ہم نے مؤذنِ رسول حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے پوچھا.... پھر ان کی حدیث ذکر کی۔ حاکم فرماتے ہیں: اس میں بعض راویوں کا قول ہے: ''ابوجندل سہیل بن عمرو جو بنی عامر بن لوَی سے ہیں ان سے مروی ہے''۔ تو یہ وہم ہے اس واسطے کہ ابوجندل عامر جنگ یمامہ میں شہید ہو چکے جن کا زمانہ مکحول تابعی نے نہیں پایا۔ اور نہ انہوں نے بلال سے روایت کی ہے۔ ابن عساکر نے ابواحمد حاکم جیسی بات ذکر کی ہے کہ زبیر بن بکار نے دونوں میں فرق کیا ہے۔ وہ روایت جو اس قصہ میں ہے اس میں ابوجندل بن سہیل بن عمرو، جسے ''تمام'' نے اپنے فوائد میں ذکر کیا ہے۔

۹۷۰۲ ابوجَنْدَلہ

امامہ کے شوہر۔ انہیں بھی دورِ نبوت میسر ہے۔ حدیث عبداللہ بن قُرط ثمالی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف سے حمص کے گورنر تھے ان کا ذکر آتا ہے کتاب النکاح میں ابوالشیخ نے مسکین بن میمون مؤذن کے طریق سے بحوالہ عروہ بن رویم روایت کی ہے کہ عبداللہ بن قُرط ثمالی ایک رات حمص میں گشت کر رہے تھے وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف سے گورنر تھے، ان کے پاس سے ایک برات گزری لوگ اس کے سامنے آگ جلا رہے تھے، آپ نے انہیں درّہ مارا تو وہ دلہن کو چھوڑ کر منتشر ہو گئے۔ صبح ہوئی تو منبر پر تشریف لے جا کر حمد وثنا کے بعد فرمایا: ابوجندلہ نے امامہ سے نکاح کیا اور چند مٹھی کھانا بطور ولیمہ تیار کیا، اللہ تعالیٰ ابوجندلہ پر رحم فرمائے اور امامہ پر سلام بھیجے۔ اللہ تعالیٰ تمہاری دلہن پر لعنت کرے گزشتہ رات لوگوں نے (مجوسی) کافروں کی مشابہت میں آگ جلائی اللہ ہی

* اسد الغابہ (۵۷۶۸) تجرید (۱۵۶/۲)

Marfat.com

ان کی روشنی ختم کرنے والا ہے۔ فرماتے ہیں: عبداللہ بن قُرط صحابی ہیں۔

۹۷۰۳ ابوجهراء

مُخَضرمی ہیں، مبہمات میں ان کا ذکر آئے گا۔ مشہور یہ ہے کہ وہ ابن جھراء ہیں۔ بقول بعض: ان کا نام عبداللہ ہے۔

۹۷۰۴ ابوجهراء (دوسرے)

انہیں زمانۂ نبوت میسر ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے امین تھے۔ ابومجن ثقفی کے حالات میں قسم اوّل میں ان کا ذکر ہوگا۔

قسم رابع ازحرفِ جیم

۹۷۰۵ ابو جُبَیر کِندی*

ابن الاثیر نے ان میں اور جبیر بن نفیر کے والد میں فرق کیا ہے۔ ذہبی* نے بھی ان کا اتباع کیا ہے۔ فرماتے ہیں: ابوجبیر کندی کی وضو کے متعلق ایک حدیث ہے۔ نیز فرماتے ہیں: ابوجبیر حضرمی کی ایک حدیث ہے، اسی میں ان کا آنا مذکور ہے۔ دونوں ایک ہیں، اس واسطے کہ حدیث مذکورہ ابواحمد حاکم نے ''کنیٰ'' میں اور ابن حبان نے اپنی صحیح میں بطریق معاویہ بن صالح عبدالرحمٰن بن جبیر بن نُفیر سے روایت کی ہے کہ ابوجبیر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ پھر ان کی حدیث ذکر کی، اسی میں آپ کے وضو کا ذکر ملتا ہے کہ آپ نے منہ (میں پانی ڈالنے) سے آغاز کیا جس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تنبیہ کرتے ہوئے فرمایا: ''منہ سے ابتداء نہ کرو''۔* ناموں میں حرف نون کے دوران نفیر میں یہ روایت گزر چکی ہے۔

۹۷۰۶ ابوالجَدْعاء*

طبری اور دولابی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے، اور دونوں نے خالد الحذاء، سے بحوالہ عبداللہ بن شقیق، ابوالجدعاء سے مرفوع روایت نقل کی ہے: ''میری اُمت کے ایک شخص کی شفاعت کرنے کی وجہ سے بنی تمیم سے زیادہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے''۔* ابن فتحون نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے جو حذف کی وجہ سے غلطی ہے۔ روایت ابن ابی الجدعاء سے ہے لفظ ابن رہ گیا۔ ان کی درست حدیث سنن ترمذی میں ہے۔

۹۷۰۷ ابوجریر*

حاء بے نقطی میں تذکرہ ہوگا۔

---

* اسد الغابہ (۵۷۵۵) استیعاب (۲۹۳۱) تجرید (۱۵٤/۲) * تجرید (۱۵٤/۲)
* السنن الکبریٰ (٤٦/۱) * اسد الغابہ (۵۷۵۳) تجرید (۱۵٤/۲)
* ترمذی کتاب صفۃ القیامۃ باب (۱۲) حدیث (۲۸۳۸) ابن ماجہ کتاب الزھد (٤۳/٦) جامع المسانید (٤۹۸/۱۳)
* اسد الغابہ (۵۷۵٤)

Marfat.com

۹۷۰۸ ابوجسرہ [1]

ابوبکر بن علی نے ان کا ذکر کیا اور ابوموسیٰ نے اپنے استدراک میں ذکر کیا ہے اور بطریق ابوبکر بن ابی عاصم، پھر داؤد بن مساور کی روایت سے بحوالہ معقل بن ہمام روایت کی ہے کہ میں نے ابوجسرہ کو فرماتے سنا: ''ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پہنچے تو آپ نے ہمیں کدو، مٹکے اور تارکول ملے لیپے برتن میں مشروبات پینے سے منع فرمایا تھا''۔ [2] یہ بھی غلطی لفظی خطا سے پیدا ہوئی۔ اصل میں ابوخیر (خا نقطے والی اور یاء ہے) یہ صباحی ہیں جن کا تعلق عبدالقیس سے ہے۔ درست نام آ رہا ہے۔

۹۷۰۹ ابوجمعہ [3]

ان سے عبداللہ بن عوف رملی ایک حدیث کی روایت کرتے ہیں۔ دولابی نے کنی میں ان میں اور ابوجمعہ بن سبع میں فرق کیا ہے جبکہ دونوں ایک ہی شخص کے نام ہیں۔ جو حدیث انہوں نے ذکر کی وہ پہلے نام کے حوالہ سے مشہور ہے۔

۹۷۱۰ ابوجَمَل [4]

ابن عبدالبر نے کنیتوں میں حرف جیم کے آخر میں ان کا ذکر کیا ہے جس کا حوالہ عباس دوری نے بحوالہ یحییٰ بن معین دیا ہے، فرماتے ہیں: ابوجمل صحابیٔ رسول ہیں۔ ان کا نام ہلال بن حارث ہے۔ حمص میں رہتے تھے مجھے ان کی اولاد کا ایک لڑکا وہاں نظر پڑا ہے۔ یہ یحییٰ کا قول ہے۔ ابن فتحون وغیرہ نے اس سلسلہ میں ان کا تعاقب کیا ہے۔ علماء فرماتے ہیں: اہل علم کے ہاں اس بارے میں کوئی اختلاف نہیں کہ ہلال بن حارث کی کنیت ابوحمراء تھی۔ [5] اور ابوجمل کنیت والا کوئی شخص صحابی نہیں۔ وہم ابوعمر کی طرف سے پیدا ہوا ہے نہ عباس کی طرف سے۔ تاریخ ابن معین میں عباس کی روایت موجود ہے، ایسا ہی ابوبشر دولابی، محمد بن مخلد، احمد بن شاہین، ابوحفص کے والد اور ابوسعید بن اعرابی وغیرہ نے روایت کی ہے سب عباس دوری سے روایت کرتے ہیں۔ ابوعمر نے حاءِ بے نقطی میں ان کا صحیح نام لکھا ہے۔ فرماتے ہیں: ابوحمراء کا نام ہلال ہے۔ اس سلسلہ میں ان کا ایک اور وہم ہے اس لیے کہ انہوں نے ناموں میں لکھا ہے، ہلال بن حمراء یوں کنیت کو ان کے والد کا نام قرار دے دیا۔

۹۷۱۱ ابوجُہَیمہ [6]

ذہبی [7] نے تجرید میں بحوالہ ابوموسیٰ ان کا ذکر کیا ہے اور انہوں نے بطریق محمد بن حسن بن نقاش مقری، حسین بن ادریس، خالد بن ہیاج کے سلسلہ سے نقل کیا ہے وہ اپنے والد سے بحوالہ سفیان ثوری، منصور سے بحوالہ فضیل بن عمرو، ابوالعالیہ سے بحوالہ ابوجُہَیمہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنی مجلس کے آخر میں کہا کرتے تھے: ((سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ))۔ (حدیث) [8]

---

[1] اسد الغابہ (۵۷۵۸) [2] الاحاد والمثانی (۳۱۲/۳) [3] اسد الغابہ (۵۷٦٤) استیعاب (۲۹۳۷) تجرید (۱۵۵/۲)
[4] اسد الغابہ (۵۷٦٤) استیعاب (۲۹۳۷) تجرید (۱۵۵/۲) [5] المعجم الکبیر (۱۷۲۱/۲)
[6] اسد الغابہ (۵۷۷۷) تجرید (۱۵٦/۲) [7] تجرید (۱۵٦/۲)
[8] جامع المسانید (۵۰۸/۱۳) اسد الغابہ (٤۰۸/٤) الجرح والتعدیل (۵۲۹/۳)

Marfat.com

ابوموسیٰ فرماتے ہیں: اسے ربیع بن انس نے ابوالعالیہ سے بحوالہ ابی بن کعب نقل کیا ہے۔ اور جریر نے فضیل بن عمرو سے بحوالہ زیاد بن حصین، معاویہ سے روایت کی ہے۔

میں کہتا ہوں: اس میں اسی طرح ہے، جبکہ وہ ابوالعالیہ سے مروی ہے نہ کہ معاویہ سے۔ چنانچہ ابن ابی حاتم نے ''علل'' میں بحوالہ اپنے والد نقل کیا ہے کہ زیاد بن حصین نے اسے ابوالعالیہ سے مرسلاً روایت کیا ہے۔ زیاد بن حصین کی کنیت ابوجُھیمہ تھی انہی نے ابوالعالیہ سے یہ حدیث روایت کی ہے، پہلی سند میں ان کا یہ کہنا کہ ''ابوالعالیہ بحوالہ ابی بن کعب'' یہ غلط ہے۔ درست عن ابی العالیہ عن رافع بن خدیج ہے جیسا کہ مستدرک میں حاکم نے اسے نقل کیا ہے۔ اس میں رافع بن خدیج کا ذکر غلط ہے، صحیح مرسل ہے۔ جیسا کہ ابن ابی حاتم نے بحوالہ اپنے والد لکھا ہے اسی کو ابونعیم فضل بن دکین نے بحوالہ ثوری پہلی سند سے روایت کیا ہے۔ لیکن اس میں ابوالعالیہ سے آگے نہیں بڑھے۔ دوسروں کی نسبت ابونعیم زیادہ مستند ہیں۔ وباللہ التوفیق

Marfat.com

حرف حاء بے نقطی

قسم اوّل

۹۷۱۲ ابوحابس جهنی

طبری نے ان کا صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کیا ہے اور ابن فتحون نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۹۷۱۳ ابوحاتم مزنی حجازی [1]

امام ترمذی، ابن حبان اور ابن السکن کا قول ہے: صحابی ہیں۔ ترمذی نے ان کی حدیث ذکر کرنے کے بعد اس کا اضافہ کیا ہے کہ کفوٴ میں شادی کرانے کے بارے میں وہ روایت ہے، اس میں ان کا ذکر ہے ''جب تم سے وہ شخص رشتہ لینے آئے جس کی دینداری تمہیں پسند ہو.....''۔ (حدیث) [2] مجھے اس کے علاوہ ان کی کوئی روایت معلوم نہیں۔ ابوداؤد نے ان کی حدیث مراسیل میں شامل کی ہے۔ یہ ان کے نزدیک تابعی ہیں۔ ابن ابی حاتم نے ابوزرعہ سے روایت کی ہے، فرمایا: مجھے ان کا صحابی ہونا معلوم نہیں اور صرف اسی روایت کا علم ہے۔ ابن قانع کا گمان ہے کہ ان کا نام عقیل بن مقرن ہے، اور عقیل مذکور کے حالات میں مَیں نے ان کے وہم کی وضاحت کر دی ہے۔ ان سے عبید کے دونوں بیٹے محمد اور سعید روایت کرتے ہیں۔

۹۷۱۴ ابوحاجب انصاری دولابی نے کتاب الکنی سے، صحابہ میں ان کا ذکر کیا ہے لیکن ان کی کوئی حدیث ذکر نہیں کی۔

۹۷۱۵ ابوحارث بن حارث بن عبدالمطلب ہاشمی، نوفل ہیں۔

۹۷۱۶ ابوحارث بن حارث کندی عَرَفہ ہیں جو مصر فروکش ہوئے تھے۔

۹۷۱۷ ابوحارث بن حنظلیه سعد انصاری، سہل کے بھائی ہیں۔

۹۷۱۸ ابوحارث وہی عبداللہ بن سائب مخزومی ہیں۔

۹۷۱۹ ابوحارث عیاش بن ابی ربیعہ مخزومی، ان سب حضرات کا ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۷۲۰ ابوحارث بن قیس [3] بن خالد بن مخلد انصاری زرقی، موسیٰ بن عقبہ نے بحوالہ ابن شہاب شرکاءِ بدر میں ان کا ذکر کیا ہے۔

---

[1] اسد الغابہ (۵۷۷۸) تجرید (۱۵٦/۲)

[2] ترمذی کتاب النکاح (۱۰۸۵) المصنف لعبدالرزاق (۱۰۳۲۵) ابوداؤد فی المراسیل (۱۹۸) التاریخ الکبیر (۲٦/۹) السنن الکبریٰ (۸۲/۷)

[3] اسد الغابہ (۵۷۸۰) استیعاب (۲۹٤٤)

Marfat.com

۹۷۲۱ ابوحارث ازدی [1]

ابن ابی عاصم [2] اور ان کی پیروی میں ابوبکر بن ابی علی نے ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق سلیمان بن عبید، بحوالہ قاسم بن یحییٰ، ان سے اس آیت کی تفسیر میں نقل کیا ہے: ''یقیناً انہوں نے اس فرشتہ کو دوسری بار اترتے دیکھا''۔ [3] لوگوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ نے کیا دیکھا؟ آپ نے فرمایا: ''میں نے سونے کا ایک بستر دیکھا جیسے بادل ہوتا ہے''۔

۹۷۲۲ ابوحازم احمسی [4]

صخر بن عیلہ، ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۷۲۳ ابوحازم بَجَلی [5]

قیس کے والد۔ بقول بعض: ان کا نام عوف/عبدعوف ہے۔ امام بخاری نے ''الادب المفرد'' میں ان کی حدیث لکھی اور ابوداؤد نے ابن خزیمہ اور ابن حبان، حاکم نے اس کی تصحیح کی ہے۔ سب اسمٰعیل بن ابی خالد کے طریق سے بحوالہ قیس بن ابی حازم وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب وہ آئے تو نبی ﷺ خطبہ دے رہے تھے وہ دھوپ میں کھڑے ہو گئے، آپ نے انہیں سائے میں چلے جانے کا حکم دیا۔ محمد بن سعد فرماتے ہیں: ابوحاتم صفین میں قتل ہوئے۔

۹۷۲۴ ابوحازم بجلی [6] (دوسرے)

ابونعیم نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور قیس بن ربیع کے طریق سے بحوالہ ابان بن عبداللہ بجلی، کریمہ بن ابی حازم سے انہوں نے اپنے والد سے روایت نقل کی ہے کہ نبی ﷺ کے سامنے دو آدمیوں نے ایک بچہ کے بارے میں مقدمہ پیش کیا، آپ نے ایک کے حق میں فیصلہ فرمایا۔

۹۷۲۵ ابوحازم انصاری [7] از بنی بیاضہ

بغوی وغیرہ نے ان کا صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کیا ہے۔ انہوں نے اور اسحاق بن راھویہ نے اپنی مسند اور حسن بن سفیان وغیرہ ان کے حوالہ سے نبی ﷺ سے ایک حدیث اعتکاف کے متعلق نقل کی ہے۔ ان سے محمد بن ابراہیم تیمی روایت کرتے ہیں۔ بغوی اور ابوداؤد [8] نے مراسیل میں شمر بن عطیہ کے طریق سے بحوالہ ابوحازم نقل کیا ہے، فرمایا: آپ ﷺ کا چمڑے کا ایک نمدہ تھا جس کے ذریعہ دھوپ سے بچتے وہ نمدہ مالِ غنیمت سے حاصل ہوا تھا، پھر حدیث ذکر کی۔ نسائی نے ان کی پہلی حدیث کئی طرق سے روایت کی ہے، کسی طریق میں فرماتے ہیں: ابوحازم مولیٰ انصار سے مروی ہے اور کسی میں مولی غفاریین اور بعض میں ابوحازم تمار

---

[1] اسد الغابہ (۵۷۷۹) تجرید (۱۵۶/۲) [2] الاحاد والمثانی (۲۶۲/۵) [3] سورۃ النجم (۱۳)
[4] استیعاب (۲۹۴۵) [5] اسد الغابۃ (۵۷۸۳) تجرید اسماء الصحابۃ (۱۵۷/۲)
[6] ابوداؤد، کتاب الأدب، باب فی الجلوس بین الظل والشمس (۲۸۲۲) مسند احمد (۴۲۶/۴)
[7] اسد الغابہ (۵۷۸۱) تجرید (۱۵۶/۲) [8] ابوداؤد المراسیل (۲۶۱)

Marfat.com

بحوالہ بیاضی، جو شخص بنی بیاضہ سے ہیں۔ ان کا نام عبداللہ بن جابر ہے۔ بقول بعض: فروہ بن عمرو ہے۔ رہے تمار تو وہ تابعی ہیں جو مولیٰ ابورہم غفار ہیں۔ علامہ آجری فرماتے ہیں: میں نے ابوداؤد سے پوچھا: کیا ابوحازم سے محمد بن ابراہیم روایت کرتے ہیں؟ فرمایا: وہ بنی بیاضہ کے شخص ہیں۔ بقول بعض: وہ دو ہیں۔ تمّار مولیٰ ابورہم غفاری اور بیاض مولیٰ انصاری ہیں۔ واللہ اعلم

۹۷۲۶ ابوحاضر* (بے نسبت)

بغوی، ابن جارود، باوردی اور ابن حبان نے ان کا ذکر صحابہ رضی اللہ عنہم میں کیا ہے۔ فرماتے ہیں: مجھے معلوم نہیں کہ وہ صحابی ہیں یا نہیں؟ بغوی کا قول ہے: ان کا نسب بیان نہیں ہوا۔ ابن مندہ فرماتے ہیں: صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر آتا ہے۔ چنانچہ وہ اور بغوی بطریق شعبہ، خالد حذاء سے ابوہنیدہ سے بحوالہ ابوحاضر روایت کرتے ہیں۔ کیا میں تمہیں نمازِ جنازہ نہ سکھاؤں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کیسے جنازہ پڑھتے تھے؟

اللهم نحن عبادك و انت خلقتنا و انت ربنا و اليك معادنا.*

''اے اللہ! ہم تیرے بندے ہیں تو نے ہمیں پیدا کیا تو ہمارا رب ہے تیری طرف ہمارا لوٹنا ہے''۔

بغوی رحمۃ اللہ علیہ کی روایت میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جنازہ پڑھانے کے بعد فرمایا: کیا میں تمہیں نہ بتاؤں، پھر فرمایا: اسی میں ہے: انت خلقتنا و نحن عبادك، باقی اسی طرح ہے۔

۹۷۲۷ ابوحاطب بن عمرو*

بن عبدشمس بن عبدودّ بن نصر بن مالک بن حِسل بن عامر بن لؤی قرشی عامری۔ سہیل بن عمرو کے بھائی۔ اسلام کی طرف پہل کرنے والوں میں شامل ہیں۔ ابن اسحاق* نے مہاجرین حبشہ میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۹۷۲۸ ابوحامد* ابوحماد میں تذکرہ ہوگا۔

۹۷۲۹ ابوحبّہ بدری*

صحیح میں ان کا ذکر آیا ہے جو بروایت زہری حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم بحوالہ ابوحبّہ بدری، زہری کی حدیث کے بعد حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بحوالہ ابوذر رضی اللہ عنہ اسراء کے متعلق مروی ہے۔ نیز ان سے عمار بن ابی عمار روایت کرتے ہیں۔ ان سے مروی حدیث مسند ابی شیبہ، احمد میں ہے حاکم نے اسے صحیح کہا ہے۔ اور آپ علیہ السلام سے ان کے سماع کی صراحت کی ہے۔ اس بنا پر یہ ان کے علاوہ ہوئے جن کے متعلق ابن اسحاق نے کہا ہے کہ وہ اُحد میں شہید ہوئے ان کی ایک اور حدیث طبرانی میں بروایت عبداللہ بن عمرو بن عثمان، ان سے مروی ہے جس کی سند تو قوی ہے البتہ عبداللہ بن عمرو بن عثمان نے ان

---

* اسد الغابہ (۵۷۸۵) تجرید (۱۵۷/۲) * جامع المسانید (۵۱۹/۱۳) اسد الغابہ (۴۱۱/۴)
* اسد الغابہ (۵۷۸۶) استیعاب (۲۹۴۶) تجرید (۱۵۷/۲) * السیرۃ النبویۃ (۲۰۸/۱)
* اسد الغابہ (۵۷۹۴) * اسد الغابہ (۵۷۸۸) تجرید (۱۵۷/۲)

Marfat.com

کا زمانہ نہیں پایا ہے۔

ابوحاتم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ان کا نام عامر بن عبد عمرو بن عمیر بن ثابت ہے۔ ابوعمر فرماتے ہیں: بقول بعض باء نون اور یاء سے ہے، بہر کیف درست باء سے ہے۔ بقول: ان کا نام عامر اور بقول بعض مالک ہے۔

موسیٰ بن عقبہ اور ابن ابی خیثمہ نے نون سے ان کا ذکر کیا ہے، واقدی نے اس کا انکار کیا ہے کہ بدری صحابہ رضی اللہ عنہم میں ابوحبہ کنیت کا کوئی شخص ہو۔ جبکہ ابن اسحاق ✿ نے بدریین میں ابوحبّہ از بنی ثعلبہ بن عمرو بن عوف کا ذکر کیا ہے وہ سعد بن خیثمہ کے ماں شریک بھائی ہیں۔ ابومعشر نے ان کی موافقت کی ہے۔ ابن سعد کا قول ہے: ہمیں انصار کے نسب میں، عمرو بن عمیر بن ثابت بن کلفہ بن ثعلبہ کی اولاد میں، ابوحبّہ نامی کوئی شخص نہیں ملا۔

واقدی فرماتے ہیں: ابوحبہ کہلانے والے انصار میں دو شخص ہیں۔ ایک ابوحبہ بن غزیہ بن عمرو مازنی جو بنی مازن بن نجار سے تعلق رکھتے ہیں، جنہوں نے بدر میں شرکت نہیں کی۔ دوسرے ابوحبہ بن عبد عمرو۔ جو صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ شریک تھے وہ اہل بدر میں سے نہیں ہیں۔ عبداللہ بن محمد بن عمارہ نے اس پر اعتماد کیا ہے کہ جو بدر میں شریک ہوئے ان کی کنیت: ابوحنہ تھی باء کی جگہ نون ہے۔ فرماتے ہیں: ان کا نام ثابت بن نعمان بن امیہ تھا اور وہ ابوصبّاح کے ماں شریک بھائی تھے اور عسکری نے بحوالہ جُھنی نقل کیا ہے کہ ابوحبّہ انصاری دو ہیں: ایک عمرو بن غزیہ جو بڑے ہیں دوسرے یزید بن غزیہ جو چھوٹے ہیں۔ فرماتے ہیں: ابن کلبی اس لفظ کو نون سے ادا کرتے تھے۔

۹۷۳۰ ابوحبّہ بن غزیّہ ✿

بن عمرو بن عطیہ بن خنساء بن مبذول بن عمرو بن غنم بن مازن بن نجّار انصاری مازنی، موسیٰ بن عقبہ، اور ابن اسحاق ✿ وغیرہ کا قول ہے کہ اُحد میں شریک اور یمامہ میں شہید ہوئے۔ طبری نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ ان کا نام زید ہے۔ کئی لوگوں نے انہیں سابقہ شخصیت سے رَلا ملا دیا ہے اور کئی ایک نے اس کا فرق بھی رکھا ہے۔ ابوعمر فرماتے ہیں: یہ خزرجی ہیں اور وہ اوسی۔ یہ بدر میں شریک نہیں ہوئے جبکہ وہ بدر میں شریک تھے۔ واللہ اعلم!

۹۷۳۱ ابوحبیب عنبری ✿

ہرماس بن حبیب کے دادا۔ کنیٰ میں دولابی نے ان کا ذکر کیا ہے۔ اسحاق بن راھویہ نے ان کا نام ثعلبہ بتایا ہے، جو ناموں میں گزر چکا ہے۔

۹۷۳۲ ابوحبیب بن زید ✿

بن حباب ابن انس بن زید بن عبید انصاری خزرجی، عبید میں جا کر ابی بن کعب کے ساتھ نسب مل جاتا ہے۔ ابن کلبی کا قول ہے: بدر میں شریک ہوئے۔ ابوعمر کا کہنا ہے: ان کا صحابہ میں ذکر ملتا ہے، لیکن مجھے ان کے متعلق معلومات نہیں۔

✿ السیرۃ النبویۃ (۲۵۰/۲) ✿ اسد الغابہ (۵۷۸۹) تجرید (۱۵۷/۲) ✿ السیرۃ النبویۃ (۲۶۰/۲)
✿ اسد الغابہ (۵۷۹۰) استیعاب (۲۹۴۹) ✿ اسد الغابہ (۵۷۹۰) استیعاب (۲۹۴۹) تجرید (۱۵۷/۲)

Marfat.com

۹۷۳۳ ابوحبیب فہری

ناموں میں ان کے بیٹے حبیب کے حالات میں ان کا تذکرہ گزر چکا ہے۔

۹۷۳۴ ابوحبیب

ان سے ابن الشاعر روایت کرتے ہیں، ان کا نام ونسب معلوم نہیں، تجرید میں یوں ہی لکھا ہے۔

۹۷۳۵ ابوحبیبہ بن ازعر*

بن زید ابن العَطاف بن ضبیعہ انصاری، یحییٰ بن عبدالوہاب ابن مندہ نے اپنے دادا کی کتاب پر استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔ فرمایا: وہ شرکاء بدر میں سے تھے۔

۹۷۳۶ ابوحثمہ انصاری*

سہل کے والد۔ نام عبداللہ ہے، بقول بعض: عامر بن ساعدہ بن عامر بن عدی حارثی ہیں۔ ان کے بیٹے کے حالات میں ان کا نسب پہلے گزر چکا ہے۔ تاریخ میں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ* لکھتے ہیں: مجھ سے ابراہیم بن منذر نے، محمد بن صدقہ، محمد بن یحییٰ بن سہل بن ابی حثمہ، انہوں نے اپنے والد انہوں نے اپنے دادا سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوحثمہ کو (پھلوں کا) اندازہ لگانے کے لیے بھیجا۔* اسی روایت کو دارقطنی* نے دوسرے طریق سے بحوالہ محمد بن صدقہ نقل کیا تو اس میں اضافہ ہے کہ ایک شخص آ کر کہنے لگا: یا رسول اللہ! ابوحثمہ نے مجھ پر زیادتی کی جس کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: تمہارا چچیرا بھائی تمہاری شکایت کر رہا ہے۔ انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے اس کے گھرانے کے لیے چنی ہوئی کھجوریں چھوڑ دی ہیں۔

واقدی نے محمد بن یحییٰ بن سہل سے بحوالہ ان کے والد انہوں نے اپنے دادا سے روایت کی ہے کہ اُحد کے روز نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ایسا کوئی شخص ہے جو ہمیں دشمن سے لڑنے کے لیے قریبی راستہ دکھائے؟'' ابوحثمہ بولے: میں ہوں (یا رسول اللہ!) چنانچہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے راہ نما بنے یہاں تک کہ ان کے مقابلہ میں جا پہنچایا۔ واقدی فرماتے ہیں: حضرات شیخین اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ انہیں پھلوں کا اندازہ لگانے کے لیے بھیجا کرتے تھے۔ ان کا انتقال امیر معاویہ کی خلافت کے ابتدائی دور میں ہوا۔ ابن اسحاق نے سیرت میں یہ قصہ ذکر کیا ہے۔ لیکن جن کے ساتھ یہ واقعہ پیش آیا ان کے متعلق کہا ہے: ابوخیثمہ (خاء، یاء اور ثاء سے) یعمری کا بیان ہے ان سے وہم ہوا ہے۔ درست یہی ہے کہ وہ ابوحثمہ سہل کے والد ہیں جس پر یقینی دلیل صرف ابن عبدالبر کا یہ قول پیش کیا ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم میں جعفی اور سالمی کے علاوہ کوئی ابوحثمہ نہیں، اس حصر وقید میں تامّل ہے۔

---

* اسد الغابہ (۵۷۹۲) تجرید (۱۵۸/۲) * اسد الغابہ (۵۷۹۵) تجرید (۱۵۸/۲)
* التاریخ الکبیر (۹۷/٤) * کھجوروں کا اندازہ لگانے کو خرص کہتے ہیں۔
* سنن دارقطنی (۱۳۵/۲)

Marfat.com

۹۷۳۷ ابوحَثمه بن حُذیفه ✿

بن غانم ابن عامر قرشی عدوی، ابوجہم کے بھائی۔ بقول ابن السکن: صحابی ہیں۔ فتح مکہ کے موقع پر اسلام لانے والوں میں سے ہیں۔

۹۷۳۸ ابوالحجاج ثمالی ✿

نام عبداللہ بن عبد بن عامر، بقول بعض: جعد بن عبد ہے، ناموں میں ذکر ہوا ہے۔

۹۷۳۹ ابوالحجاج اسلمی

حجاج بن حجاج کے والد، ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔ بغوی نے ان کا ذکر کیا ہے کہ مدینہ رہتے تھے۔

۹۷۴۰ ابوحدرد اسلمی ✿

عبداللہ کے والد۔ ان کی حدیث ان کے بیٹے کے سوانح میں گزری ہے اور ناجیہ کے حالات جونون میں ہیں وہاں بھی اُس کا ذکر ہوا ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی الادب المفرد میں ان کی ایک اور حدیث بھی ہے۔ بقول بعض: ان کا نام سلامہ بن عمیر بن ابی سلامہ بن سعد بن مِسْآب ہے، یہی نام ابوعلی جیانی نے قلمبند کیا ہے۔ ایک قول ہے: ان کا نام بغیر تصغیر واضافت کے ''عبد'' ہے یہ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ ✿ کا قول ہے۔ بقول بعض: عبید (تصغیر کے ساتھ) ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں: ان سے ان کا بیٹا جو حمل بن بشر بن حدرد کا چچا ہے وہ اور محمد بن ابراہیم تیمی روایت کرتے ہیں۔ اس کا عسکری نے ذکر کیا ہے۔ مزی کی ''تہذیب'' میں لکھا ہے کہ ابن سعد نے ان کی تاریخ وفات ۷۱ھ لکھی ہے۔ مغلطائی نے ان کا تعاقب کرتے ہوئے فرمایا کہ ابن سعد نے تو عبداللہ بن ابی حدرد کا عنوان قائم کیا ہے اور ان کا نسب بیان کیا ہے اور تاریخ بھی انہی کی لکھی ہے جس میں یہ اضافہ کیا کہ وہ اکاسی (۸۱) سال کے تھے۔ یہی تاریخ خلیفہ اور یحییٰ بن بکیر وغیرہ نے بیان کی ہے۔

۹۷۴۱ ابوحدرد (دوسرے) حکم بن حزن کلفی، ناموں میں تذکرہ گزر چکا ہے۔

۹۷۴۲ ابوحدرد (ایک اور) ان کا نام براء تھا۔ ابن عبدالبر نے ان کا ذکر کیا ہے کہ مجھے ان کے بارے میں علم نہیں۔

۹۷۴۳ ابوحدرد ابوحدیرہ میں تذکرہ آئے گا۔

۹۷۴۴ ابوحذافه سهمی عبداللہ بن حذافہ بن قیس، پہلے ذکر ہوا ہے۔

✿ اسد الغابہ (۵۷۹۴) تجرید (۱۵۸/۲) ✿ اسد الغابہ (۵۷۹۶) استیعاب (۲۹۵۲) تجرید (۱۵۸/۲)
✿ اسد الغابہ (۵۷۹۷) تجرید (۱۵۸/۲) ✿ مسند احمد (۵۴۳/۳) (۵۸۱/۳)

Marfat.com

۹۷۴۵ ابوحذیفہ بن عتبہ [1]

بن ربیعہ ابن عبدشمس بن عبدمناف قرشی عبشمی، معاویہ فرماتے ہیں: ان کا نام مہشم ہے۔ بقول بعض: ہشیم، ہاشم، قیس ہے۔ سبقت الی الاسلام کرنے والوں میں سے ہیں۔ دو ہجرتیں کیں اور دونوں قبلوں کی جانب نمازیں پڑھیں۔ [2] ابن اسحاق [3] کا قول ہے: تینتالیس افراد کے بعد اسلام لائے۔ سالم مولیٰ ابوحذیفہ کے حالات میں بھی ان کا ذکر ہوا ہے۔ سالم کے قصہ میں صحیحین میں بطریق زہری، عروہ سے بحوالہ عائشہ رضی اللہ عنہا ان کا ذکر ثابت ہے کہ ابوحذیفہ شرکاءِ بدر میں سے تھے۔ اپنی کنیت سالم سے رکھتے تھے۔ لوگوں کا کہنا ہے کہ وہ دراز اور لانبے قد والے خوبصورت چہرے بشرے والے انسان تھے۔ جنگ یمامہ میں شہید ہوئے، اس وقت عمر چھپن (۵۶) سال کی تھی۔ [4]

۹۷۴۶ ابوحذیفہ ثقفی [5]

از اولاد غیاث بن مالک بیعت رضوان میں بقول مدائنی شریک ہوئے، ابن فتحون نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۹۷۴۷ ابوحرب بن خویلد

بن عامر بن عقیل بن کعب بن ربیعہ بن عامر بن صعصعہ عامری عقیلی۔ ابن کلبی فرماتے ہیں: وہ جاہلیت کے شہسوار تھے، پھر اسلام لائے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، انہوں نے آپ سے پوچھا کہ ان کی قوم نہ دسواں حصہ لے گی اور نہ جمع ہوگی تو آپ نے ان کی یہ بات مان لی۔ قطب کی شرحِ سیرت میں ہے آپ نے انہیں اسلام کی پیشکش کی تو انہوں نے قبول نہ کیا، بعد میں اسلام لے آئے تھے۔

۹۷۴۸ ابوحریز [6]

ان سے ابولیلیٰ روایت کرتے ہیں۔ ناموں میں حریز نامی شخصیت میں ان کا تذکرہ گزر چکا ہے۔

۹۷۴۹ ابوحریزہ [7]

مستغفری کا قول ہے کہ انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے صرف کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے اور ہیثم کے طریق سے بحوالہ ابواسحاق کوفی جوشیبانی ہیں ابوحریزہ سے ان کی حدیث نقل کی ہے، فرماتے ہیں: عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہنے لگے: ''یا رسول اللہ! ہمیں آپ کی یہ صفت کتابوں میں ملتی ہے کہ آپ قیامت کے روز عرش کے پاس غصہ سے بھرے، اپنے بعد اپنی اُمت کے کیے پر افسوس کرتے کھڑے ہوں گے''۔ [8] ابواحمد حاکم نے یہ حدیث ان سے پہلے والے شخص

---

[1] اسد الغابہ (۵۸۰۰) استیعاب (۲۹۵۵) تجرید (۱۵۸/۲) [2] اسد الغابہ (۴۱۶/۴)
[3] السیرۃ النبویۃ (۷/۴) (۲۶۹/۲) [4] اسد الغابہ (۴۱۶/۴) مختصر تاریخ دمشق (۱۸۶/۲۷)
[5] اسد الغابہ (۵۸۰۱) تجرید (۱۵۸/۲) [6] اسد الغابہ (۵۸۱۰) [7] اسد الغابہ (۵۸۰۲) تجرید (۱۵۸/۲)
[8] اسد الغابہ (۴۱۷/۴)

Marfat.com

ابوحریز کے سوانح میں درج کی ہے، راجح یہی ہے کہ وہ اور ہیں۔

۹۷۵۰ ابوحریش

ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ کے رجم میں شریک ہوئے، ان کے بیٹے حریش کے حالات میں ان کا تذکرہ ہوا ہے۔

۹۷۵۱ ابوحسان [1]

صالح بن حسان کے دادا۔ بقول ابن مندہ: شرفِ صحابیت سے مشرف ہیں۔ ان کی حدیث مجالد نے بواسطہ صالح بن حسان، اپنے والد سے انہوں نے اپنے دادا سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے خلاف چڑھائی کی۔

۹۷۵۲ ابوحسان [2]

بقول بعض: ابوحسن، اور ابوحسین مولا بنی نوفل، عبد بن حمید، یعقوب بن ابراہیم سے وہ اپنے والد سے وہ صالح بن کیسان سے وہ ابن المنکدر سے کہ مجھے ابوحسان مولا بنی نوفل نے بتایا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یہ کوئی فخر کی بات نہیں، میں قیامت کے دِن پوری انسانیت کا سردار ہوں گا''۔ [3]

ابن مندہ نے بطریق عباس دوری بحوالہ یعقوب اسی سند سے روایت کی، فرمایا: مجھے ابوحسین مولا بنی نوفل نے بیان کیا۔

ابونعیم نے دوسری سند سے بحوالہ ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کی، فرمایا: ہمیں ابوحسن نے بیان کیا۔ زہری نے بواسطہ ابوحسن مولا بنی نوفل بحوالہ ابن عباس رضی اللہ عنہما ایک حدیث روایت کی ہے۔ نوفل اپنے عہد ولاء کی جانب منسوب ہیں وہ ابن حارث بن عبدالمطلب ہیں، اس واسطے کہ وہ بنی عبداللہ بن حارث بن نوفل کے مولا ہیں۔ اگر واقعہ یہی ہے تو وہ تابعی ہیں یہ بھی احتمال ہے کہ نوفل بن عبدمناف کی جانب منسوب ہوں، انہی میں عثمان بن سعید بن ابی حسین کے دادا بھی ہیں۔

۹۷۵۳ ابوالحسن

علی بن ابی طالب ابن عبدالمطلب ہاشمی، ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۷۵۴ ابوحسن انصاری [4]

ثم المازنی، یحییٰ بن عمارہ بن ابی حسن کے دادا، کنیت سے ہی مشہور ہیں۔ نام تمیم بن عمرو تھا، بقول بعض: ابن عبدعمرو، ابن عبدقیس بن مخرمہ بن حارثہ بن ثعلبہ بن مازن تھا۔ ابن السکن لکھتے ہیں: بدری صحابی ہیں۔ اور حسین بن عبداللہ ہاشمی کے طریق سے

---

[1] اسد الغابہ (۵۸۰۵) تجرید (۱۵۹/۲) [2] اسد الغابہ (۵۸۰۷)

[3] بخاری کتاب احادیث الانبیاء (۳۳۴۰) مسلم کتاب صفۃ القیامۃ باب ما جاء فی الشفاعۃ (۵۸۹۹) ترمذی کتاب صفۃ القیامۃ باب ما جاء فی الشفاعۃ (۲۴۳۴) مسند احمد (۴۳۵/۲) (۴۳۶/۲) الاسماء والصفات للبیہقی (۳۱۵) السنّۃ لابن ابی عاصم (۸۱۱) جامع المسانید (۵۳۱/۱۳) اسد الغابہ (۸۹/۷)

[4] اسد الغابہ (۵۸۰۶) تجرید (۱۵۹/۲)

Marfat.com

بواسطہ عمرو بن یحییٰ بن عمارہ بن ابی حسن وہ اپنے والد سے وہ اپنے دادا ابوحسن سے روایت کرتے ہیں جو بیعت عقبہ اور بدر میں شریک ہوئے تھے کہ رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت کے ساتھ تشریف فرما تھے، ان میں سے ایک شخص اٹھا لیکن اپنے جوتے لینا بھول گیا، جنہیں دوسرے شخص نے اٹھا کر اپنے بیٹھنے کی جگہ رکھ لیا، وہ شخص آ کر کہنے لگا: میرے جوتے تھے، لوگوں نے کہا: ہم نے تو نہیں دیکھے (جس شخص نے جوتے اٹھا کر اپنے پاس رکھ لیے تھے) وہ کہنے لگا: میں نے بطور مزاح وہ جوتے اٹھائے تھے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''مومن کو خوفزدہ کرنے کا کیسا انجام ہوگا''۔ [1] آپ نے تین بار یہ کلمات فرمائے۔ عبداللہ بن احمد نے زیادات مسند میں بطریق دراوردی، عمرو بن یحییٰ سے بواسطہ یحییٰ بن عمارہ بحوالہ ان کے والد نقل کیا ہے، فرمایا: میں بازار گیا اور دو سرخ سیاہ رنگ کے فاختہ کے بچے پکڑ لیے جن پر ان کی ماں سو رہی تھی، اتنے میں ابوحسن میرے پاس آ گئے، انہوں نے مجھے مار کر کہا: ''کیا تمہیں پتہ نہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ کے دونوں کناروں کے درمیانی علاقہ کو حرم قرار دیا ہے''۔ [2] اسی روایت کو طبرانی نے بطریق محمد بن فلیح، بواسطہ عمرو بن یحییٰ اس سے زیادہ مختصر انداز میں نقل کیا ہے اس میں فرماتے ہیں: اتنے میں صحابیٔ رسول ابوحسن آ گئے، پھر وہ حدیث ذکر کی۔ ذہبی [3] فرماتے ہیں: وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دور تک زندہ رہے۔

۹۷۵۵ ابوالحسن رافع بن عمرو طائی ناموں میں تذکرہ ہوا ہے۔

۹۷۵۶ ابوحسن [4] مولا بنی نوفل ابوحسان میں تذکرہ گزر چکا ہے۔

۹۷۵۷ ابوحسین تصغیر، یہ بھی پہلے گزر چکا ہے۔

۹۷۵۸ ابوالحَشر

صہیب کے ساتھ حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ کا پیش آمدہ ایک قصہ ذکر کیا جاتا ہے جسے ابن ابی شیبہ نے بطریق ابوالضحیٰ بحوالہ مسروق نقل کیا ہے، فرمایا کہ صہیب رضی اللہ عنہ کا حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزر ہوا تو ان سے اعراض کر لیا، حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کیا آپ کو میری طرف سے کوئی ناپسندیدہ بات پہنچی ہے؟ فرمایا: ایسی کوئی بات نہیں، میں نے آپ کے متعلق ایک خواب دیکھا ہے جو مجھے پسند نہیں، پوچھا: آپ نے کیا دیکھا؟ فرمایا: میں نے دیکھا کہ ایک انصاری کے دروازے پر آپ کا یہ ہاتھ گردن سے بندھا ہے جن کا نام ابوالحشر ہے۔ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے اچھی بات دیکھی ہے، قیامت تک میرے لیے دین کو جمع کر دیا ہے۔

۹۷۵۹ ابوحصیرہ [5]

ابن اسحاق کا بیان ہے کہ نبی ﷺ نے انہیں خیبر کی کھجوریں دی تھیں، ان کا نام لکھنے میں اختلاف ہے بعض صاد کی زیر سے اور بعض ظاء سے لکھتے ہیں۔

---

[1] المعجم الکبیر (۹۸۰/۲۲) مجمع الزوائد (۲۵۳/٦) جامع المسانید (۵۳۰/۱۳) اسد الغابہ (٤۱۸/٤)

[2] زوائد المسند (۱٦۷/۱) [3] تجرید (۱۵۹/۲) [4] اسد الغابہ (۵۸/٤) [5] اسد الغابہ (۵۸۰۸) تجرید (۱۵۹/۲)

Marfat.com

۹۷۶۰ ابوحصین العبسی

ان کا نام لقمان تھا، ناموں میں گزرا ہے۔

۹۷۶۱ ابوحصین سدوسی ✿

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے کہ ان کی حدیث نعیم بواسطہ اپنے چچا وہ بحوالہ اپنے والد روایت کرتے ہیں۔

۹۷۶۲ ابوحصین سلمی ✿

بغوی نے ان کا ذکر کیا ہے کہ واقدی نے بواسطہ عبداللہ بن یحییٰ، عمر بن حکم بحوالہ جابر روایت کی ہے کہ ابوحصین سلمی کان سے سونا لے کر نبی ﷺ کے پاس آئے، پھر لمبی حدیث ذکر کی۔ ✿

۹۷۶۳ ابوحصین انصاری سالمی ✿

قاضی اسمٰعیل کی کتاب ''احکام القرآن'' میں ان کا ذکر آتا ہے، جو بطریق اسباط بن نصر بواسطہ سدی اپنی قوم کے کسی فرد سے روایت کرتے ہیں کہ ابوالحصین کے دو بیٹے تھے، وہ بغرضِ تجارت شام سے مدینہ آئے۔ وہ دونوں نصرانی ہو کر شام میں جا بسے تھے، ابوالحصین نے نبی ﷺ کے پاس آ کر یہ واقعہ ذکر کیا، آپ نے فرمایا: ''دین کے معاملہ میں کوئی زور زبردستی نہیں''۔ ✿ اس وقت جنگ کا حکم نازل نہیں ہوا تھا۔ ابوالحصین کو دِل میں بڑی بے اطمینانی ہوئی جس پر یہ آیت نازل ہوئی: ''تیرے رب کی قسم! جب تک یہ اپنے باہمی تنازعات میں آپ کو فیصل نہیں مان لیتے، ایمان والے نہیں ہو سکتے''۔ ✿ اسی طرح یہ روایت طبری نے بطریق اسباط بواسطہ سدی نقل کی ہے۔ ادھر المزی نے جعفر بن محمد کے حالات میں ذکر کیا ہے کہ ابوداؤد نے ''کتاب الناسخ والمنسوخ'' میں بواسطہ جعفر بن محمد، عمرو بن حماد سے بحوالہ اسباط بن نصر اسی مفہوم کی روایت نقل کی ہے۔ لیکن نزول آیت کے بارے کہا کہ حصین نامی ایک انصاری کے بارے میں نازل ہوئی۔ نیز طبری نے بطریق محمد بن اسحاق مغازی والے، بواسطہ محمد بن ابی محمد عکرمہ یا سعید بن جبیر سے بحوالہ ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کی ہے کہ یہ آیت بنی سالم بن عوف کے حصین نامی ایک انصاری کے بارے میں نازل ہوئی۔ (حدیث)

میں کہتا ہوں: راویوں میں حصین بن محمد سالمی ہیں جن سے زہری نے سماع کیا ہے اور ان کے بارے میں کہا ہے کہ وہ انصار کے سرداروں میں سے تھے۔ ان سے ان کی حدیث صحیح میں اور اس میں یہ ذکر نہیں کیا کہ کس نے ان سے یہ حدیث بیان کی ہے۔ ابن ابی حاتم کا بیان ہے کہ ان سے ان کی روایت تو بواسطہ عتبان بن مالک ہے، ایسا ہی ابن حبان نے ثقات التابعین میں ان کا ذکر کیا ہے۔ اس تفصیل سے وہ صحابی نہیں ہو سکتے، اگرچہ اس میں دونوں مشترک ہیں کہ وہ انصار میں سے بنی سالم سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس سلسلہ میں ''حصین'' نامی حضرات میں اس سے زیادہ تفصیل گزر چکی ہے۔

✿ اسد الغابہ (۵۸۱۰) تجرید (۱۵۹/۲) ✿ اسد الغابہ (۵۸۱۱) تجرید (۱۵۹/۲) ✿ اسد الغابہ (۴۱۸/۴)
✿ اسد الغابہ (۵۸۰۹) تجرید (۱۵۹/۲) ✿ اسد الغابہ (۴۱۸/۴) ✿ سورۃ النساء (۶۵)

Marfat.com

۹۷۶۴ ابوحفص

عمر بن خطاب امیر المومنین رضی اللہ عنہ، پہلے تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۷۶۵ ابوحفص بن عمرو*

بن مغیرہ مخزومی، فاطمہ بنت قیس کے خاوند، بقول بعض: ابوعمرو بن حفص بن مغیرہ، عین میں تذکرہ ہونا ہے۔

۹۷۶۶ ابوالحکم

رافع بن سنان، تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۷۶۷ ابوالحکم بن سفیان ثقفی

حکم بن سفیان میں تذکرہ گزر چکا ہے۔

۹۷۶۸ ابوالحکم بن حبیب*

بن ربیعہ بن عمرو بن عمیر ثقفی۔ مدائنی نے جسر کے روز ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ شہید ہونے والوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔ اسی دِن کو ''جسر الناطف کا دِن'' کہا جاتا ہے۔ مدائنی فرماتے ہیں: اس روز ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ امیر لشکر کے ساتھ ثقیف کے تین سو افراد شہید ہوئے، ان میں سے اسی افراد نے سفید بالوں پر خضاب لگا رکھا تھا۔ ابن فتحون نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۹۷۶۹ ابوحکیم قشیری

بہز بن حکیم کے دادا، یہ معاویہ بن حیدہ ہیں، تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۷۷۰ ابوحکیم بن مقرن مزنی

ان کا نام عقیل تھا، بھائیوں میں سے ایک ہیں۔ پہلے تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۷۷۱ ابوحکیم کنانی

قعقاع بن حکیم کے دادا۔ بغوی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا تذکرہ کیا ہے اور بحوالہ قعقاع بن حکیم ان کے دادا کے حوالہ سے روایت کی ہے وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی پرورش میں تھے، فرماتے ہیں: میں نے آپ سے عرض کی: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھئے کہ ان جوتوں میں نماز پڑھنا کیسا ہے جن سے وہ راستوں میں چلتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مٹی ان دونوں کو پاک بنا دیتی ہے''۔ بغوی فرماتے ہیں: یہ روایت مجھے صرف ابن سمعان کے ہاں ملی ہے جو حدیث میں کمزور راوی ہے۔

---

* اسد الغابہ (۵۸۱۳) تجرید (۱۵۹/۲)

* اسد الغابہ (۵۸۱۵) تجرید (۱۵۹/۲)

Marfat.com

۹۷۷۲ ابوحکیم یزید

بقول بعض: حکیم ابو یزید، خیر خواہی کے بارے میں ان کی حدیث ہے، ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۷۷۳ ابوحکیم مزنی ✿

بقولِ باوردی، انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ اہل حمص سے ان کی حدیث منقول ہے۔ چنانچہ وہ حدیث انہوں نے ابن السکن اور طبرانی بحوالہ شریح بن عبید نقل کی ہے کہ ابوحکیم کا زعم ہے کہ انہوں نے فرمایا: نبی ﷺ کا ارشاد ہے کہ ''اگر میری اُمت پر صرف سورۃ الکہف ہی نازل ہوتی تو بھی ان کے لیے کافی تھی''۔ ✿ ایک اثر (حدیث یا قولِ صحابی) موقوف میں ان کا ذکر آتا ہے جسے عبدالرزاق نے بطریق عبداللہ بن مرداس نقل کیا ہے کہ مجھ سے ایک شخص مسئلہ پوچھنے آیا، میں نے اس سے کہا: عبداللہ بن مسعود یا ابوحکیم مزنی کے پاس جاؤ پھر جنبی شخص کے روزہ رکھنے کا قصہ ذکر کیا۔ اسی روایت کو طبرانی نے بھی ذکر کیا ہے، اس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ فتویٰ دینے میں شہرت رکھتے تھے۔

۹۷۷۴ ابوحکیم

بقول بعض: ابوحکمیہ، عمرو بن ثعلبہ، ناموں میں پہلے تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۷۷۵ ابوحُلوہ

مولا عباس بن عبدالمطلب۔ فاکہی نے کتابِ مکہ میں ان کا ذکر کیا ہے کہ ابن جریج مروی ہے: مولا عباس نبی ﷺ کی خدمت میں آ کر عرض کرنے لگے: میں ابومرہ مولا عباس ہوں، آپ نے فرمایا: نہیں! تم تو ابوحُلوَہ ہو۔

۹۷۷۶ ابوحلیمہ ✿

نام معاذ ابن حارث انصاری قاری تھا، پہلے ذکر ہو چکا ہے۔

۹۷۷۷ ابوحماد انصاری ✿

بغوی نے ان کا ذکر کیا ہے لیکن ان کی کوئی حدیث نقل نہیں کی۔ ابوموسیٰ نے ذکر کرنے کے بعد بحوالہ واہب بن عبداللہ وہ عقبہ بن عامر اور ابوحماد یا ابوحامد انصاری اصحابِ رسول ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے کسی مومن کو کسی گناہ میں مبتلا دیکھ کر اس پر پردہ ڈالا اس کے لیے زندہ درگور لڑکی کو بچانے کا ثواب ہے''۔ ✿

میں کہتا ہوں: ابوحماد عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی کنیت ہے، اگر ان کا یہ قول نہ ہوتا کہ ''دونوں اصحاب رسول ﷺ'' تو امکان

✿ اسد الغابہ (۵۸۱۸) تجرید (۱۶۰/۲) ✿ کنز العمال (۲۶۱۶)

✿ تجرید (۱۶۰/۲) ✿ اسد الغابہ (۵۸۱۹) تجرید (۱۶۰/۲)

✿ ابوداؤد کتاب الادب (۴۸۹۱) مسند احمد (۱۴۷/۳) المستدرک (۳۸۴/۴)
المعجم الکبیر (۷۹۵/۱۷) (۸۶۴/۲۲) اسد الغابہ (۴۲۰/۴)

Marfat.com

تھا واؤ گر گئی ہے۔

۹۷۷۸ ابوحماد

عقبہ بن عامر جہنی مشہور صحابی ہیں۔ تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۷۷۹ ابوحمامہ

بغوی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے کہ میں نے صحابہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں کسی مصنف کی کتاب میں ان کا نام دیکھا ہے۔ (اس کے علاوہ) نہ میں ان کے نام سے واقف ہوں اور نہ ان کی کسی حدیث کے بارے کبھی کچھ سنا ہے۔ ابوالجارود نے بھی صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق ابن اسحاق بواسطہ یعقوب بن عتبہ بحوالہ حارث بن ابی بکر وہ اپنے والد وہ حمامہ وہ اپنے والد کی سند سے ان کی حدیث نقل کرتے ہیں۔

۹۷۸۰ ابوحمراء* (مولا نبی صلی اللہ علیہ وسلم)

نام ہلال بن حارث، بقول بعض: ابن ظفر۔ یہ قول ابن عیسیٰ نے تاریخ حمص میں نقل کیا ہے۔ ناموں میں پہلے ان کا ذکر ہوا ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: بقول بعض: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ لیکن ان کی حدیث صحیح نہیں۔

۹۷۸۱ ابوحمراء* (دوسرے)

بدر و اُحد میں شریک ہوئے۔ بقول بعض: مولا عفراء ایک قول: ''مولا حارث بن رفاعہ'' کا ہے۔

۹۷۸۲ ابوحمزہ

انس بن مالک، خادمِ رسول۔ مشہور صحابی ہیں، ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۷۸۳ ابوحمزہ انصاری

جن سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا بیٹا حمزہ ہے۔ حاء کی قسم ثانی میں حمزہ میں ان کا تذکرہ پہلے ہو چکا ہے۔

۹۷۸۴ ابوحمید ساعدی*

مشہور صحابی ہیں۔ نام عبدالرحمٰن بن سعد، ایک قول: عبدالرحمٰن بن عمرو سعد اور ایک قول منذر بن سعد بن منذر کا ہے۔ دادا کا نام کسی نے مالک بتایا ہے، کسی نے یوں نسب لکھا ہے۔ عمرو بن سعد بن منذر بن سعد بن خالد بن ثعلبہ بن عمرو۔ بقول بعض: سہل بن سعد کے چچا ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی ایک احادیث نقل کی ہیں۔ صحیحین میں ان کا ان کے ساتھ ذکر ہے۔ ان سے ان کا پوتا سعید بن منذر بن ابی حمید، حضرت جابر صحابی، عباس بن سہل بن سعد، عبدالملک بن سعید بن سوید، عمرو بن سلیم عروہ، اور محمد بن عمرو بن عطاء

---

* اسد الغابہ (۵۸۲۰) تجرید (۱۶۰/۲) * اسد الغابہ (۵۸۲۱) استیعاب (۲۹۶۰) تجرید (۱۶۰/۲)
* اسد الغابہ (۵۸۲۲) تجرید (۱۶۰/۲)

Marfat.com

وغیرہ حضرات روایت لیتے ہیں۔ خلیفہ اور ابن سعد وغیرہ کا قول ہے: اُحد اور بعد کے غزوات میں شریک رہے۔ امام واقدی فرماتے ہیں: خلافتِ معاویہ کے اخیر میں یا خلافتِ یزید کے آغاز میں فوت ہوئے۔

۹۷۸۵ ابوحمید (یا ابوحمیدہ شک ہے)

بلاذری نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کر کے ان کا نام لکھا ہے اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مسند میں ان کی حدیث نقل کی ہے، جو ابوحمید ساعدی کی دوگنی احادیث میں شامل ہے۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حسن بن موسیٰ اور ابوکامل دونوں زہیر سے وہ عبداللہ بن عیسیٰ سے وہ موسیٰ بن عبداللہ بن یزید سے وہ ابوحمید یا ابوحمیدہ سے (زہیر کو شک ہے) وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی عورت کو نکاح کا پیام دے تو اسے دیکھنے میں کوئی حرج نہیں۔ (حدیث)

ابن فتحون نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ظاہر یہی ہے کہ وہ ساعدی کے علاوہ ہیں، اس واسطے کہ اگر وہی ہوتے تو زہیر بن معاویہ کو ان کے بارے میں شک نہ گزرتا۔

۹۷۸۶ ابوحُمَیْضَہ انصاری ✿

سالمی، نام معبد بن عباد۔ تذکرہ ہوا ہے۔

۹۷۸۷ ابوحُمَیْضَہ حزنی ✿

ابن السکن اور عثمانی وغیرہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابن حبان بھی لکھتے ہیں کہ انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ ابن السکن اور طبرانی مسند اہل شام میں بحوالہ غضیف بن حارث روایت کرتے ہیں کہ مجھ سے ابوحمیضہ مزنی نے بیان کیا کہ ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کھانے میں شریک تھے، آپ ایک شخص سے مرد تھا یا عورت تھی بات کرنے میں مشغول تھے ہم تھوڑا تھوڑا کر کے کھانے لگے پھر آپ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور کھانے میں شریک ہو گئے، اس کے بعد فرمایا: ایسے کھاؤ جیسے ایمان والے کھاتے ہیں۔ پھر بڑا لقمہ لے کر اشارہ کیا کہ ایسا اسی طرح کے پانچ یا چھ لقمے پھر اگر ان کے ساتھ کوئی چیز ہو تو فبہا ورنہ پانی پی کر اٹھ جائے''۔ ✿ ابن السکن لکھتے ہیں: مجھے ان کی صرف یہی روایت ملی ہے۔

۹۷۸۸ ابوحنش

ابن سعد نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا کہ کسی نے ان سے کہا آپ امارت (امیر بننے) کا سوال نہیں کرتے؟ ایسا ہی تجرید میں ہے۔

۹۷۸۹ ابوحنّہ

پہلے بھی یہ نام گزرا ہے، واقدی نے یہی نام لیا ہے۔

✿ مسند احمد (۴۲۴/۵) ✿ اسد الغابہ (۵۸۳۱) استیعاب (۲۹۶۳)
✿ اسد الغابہ (۵۸۲۳) تجرید (۱۶۰/۲) ✿ اسد الغابہ (۴۲۱/۴)

Marfat.com

۹۷۹۰ ابوحنّه انصاری

ابوحبہ بن غزیہ کے بھائی ابن ابی خیثمہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور میں نے مغلطائی کے قلم سے نقل کیا ہے۔

۹۷۹۱ ابوحنہ (دوسرے)

بقول بعض: ان کا نام مالک بن عامر یا ابن عمیر ہے، پہلے تذکرہ ہوا ہے۔

۹۷۹۲ ابوحَوَاله ازدی

نام عبداللہ ابن حوالہ، تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۷۹۳ ابوحیان

حیان کے حالات میں تذکرہ ہو چکا ہے۔ نسب بیان نہیں ہوا، جو ناموں میں سے حرفِ حاء میں گزرا ہے۔

۹۷۹۴ ابوحیوہ کندی * یا حضرمی

رجاء بن حیوہ کے دادا، ابونعیم نے ان کا ذکر کیا ہے اور بسند طبرانی ان کی سند سے بحوالہ خارجہ بن مصعب بحوالہ رجاء بن حیوہ انہوں نے اپنے والد سے بحوالہ اپنے دادا روایت کی ہے۔ ایک باندی نبی ﷺ کے پاس سے گزری جو حج کر رہی تھی۔ آپ نے فرمایا: یہ کس کی ہے، لوگوں نے کہا: فلاں شخص کی۔ فرمایا: کیا وہ اس سے ہمبستر ہوتا ہے؟ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں۔ فرمایا: وہ اس کے بچہ کا کیا کرے گا؟ اس کا دعویٰ کرے گا حالانکہ یہ اس کا بیٹا نہیں یا اسے غلام بنائے گا اور وہ اس کے کانوں اور آنکھوں میں غذا پہنچاتا ہے، میں نے تو اس پر ایسی لعنت بھیجنے کا ارادہ کر لیا تھا جو اس کے ساتھ قبر میں داخل ہو جائے''۔ *

۹۷۹۵ ابوحیّه تمیمی

نام حابس تھا، پہلے ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

قسم ثانی ازحرفِ حاء

قسم ثانی خالی ہے۔

قسم ثالث ازحرفِ حاء

۹۷۹۶ ابوحدیره الاجذمی

بقول بعض: جذامی دورِ نبوی پایا اور جابیہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے خطبہ میں موجود تھے۔ حافظ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا

---

* اسد الغابہ (۵۸۲۶) تجرید (۱۶۱/۲)

* مجمع الزوائد (۳۰۰/٤) المعجم الکبیر (۷٦٦/۲۲) اسد الغابہ (٤۲۲/٤)

Marfat.com

ذکر کیا ہے اور ان کا قصہ نقل کیا ہے کہ عبدالعزیز بن نبھان نے کریب بن ابرہہ سے پوچھا: کیا آپ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے خطبہ میں شریک تھے؟ انہوں نے کہا: نہیں۔ انہوں نے سفیان بن وہب کے پاس آدمی بھیجا، انہوں نے فرمایا: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے، حمد وثناء کے بعد فرمایا: جو مال اللہ تعالیٰ نے بطورِ غنیمت عطا کیا ہے، میں اسے لخم وجذام کے دو قبیلوں میں عدل وانصاف سے تقسیم کرتا ہوں۔ تو ابوحدیرہ کھڑے ہو کر کہنے لگے: اے عمر! میں انصاف کے بارے میں آپ کو اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں.... قصہ ہے۔ اِسے مسدد نے اپنی ''مسند کبیر'' میں اور ابوعبید نے ''الاطول'' میں بروایت عبدالحمید بن جعفر بواسطہ یزید بحوالہ سفیان بن وہب اسی مفہوم میں نقل کیا ہے۔

۹۷۹۷ ابوالحصین حنفی

اسلام پر ثابت قدم رہنے والوں میں سے تھے، جن کے متعلق ابن المطرّح حنفی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو مخاطب کر کے کہتا ہے: ع

''بنی حنیفہ میں سے ہم آپ کو دھوکا دینے والے نہیں، وہ اور منیٰ تک رقص کرنے والیاں کافر ہیں، ماسوائے میرے ابوحصین عامر اور ابن سفیان کے یہ نیک ہیں''۔

وثیمہ نے کتاب الردۃ مین اور ابن فتحون نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۹۷۹۸ ابوحناءہ

ابن ابی ازیہر دوسی۔ دورِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پایا ہے۔ ابوازیہر کا قتل غزوۂ بدر کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں ہوا ہے۔ انہی ابوحناءہ کی ایک سمیہ نامی بیٹی تھی جس سے مجاشع بن مسعود نے نکاح کیا تھا، جس کا نصر بن حجاج کے ساتھ ایک واقعہ پیش آیا ہے۔

قسم رابع ازحرفِ حاء

۹۷۹۹ ابوحبیب عنبری ✿

ذہبی رحمۃ اللہ علیہ ✿ نے تجرید میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ان میں اور ہرماس کے دادا میں فرق ظاہر کیا ہے، جبکہ دونوں ایک ہیں۔ دونوں عنوانات میں ابوموسیٰ کی تخریج کا حوالہ دیا ہے جبکہ مجھے ''ذیل'' میں صرف ایک جگہ ملا ہے۔

۹۸۰۰ ابوحبیش غفاری ✿

ابوموسیٰ نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔ جیسا کہ اس کا بیان آرہا ہے۔ یہ نام خاء اور نون سے ''خنیش'' ہے ابن مندہ نے درست لکھا ہے۔

✿ اسد الغابہ (۵۷۹۱) تجرید (۱۵۸/۲)

✿ تجرید (۱۵۸/۲)

✿ اسد الغابہ (۵۸۹۳) تجرید (۱۵۸/۲)

Marfat.com

۹۸۰۱ ابوحزامہ سعدی [1]

ابن مندہ نے حاء میں ذکر کیا ہے، لیکن درست خاء ہے۔ جیسا کہ تذکرہ ہونا ہے۔

۹۸۰۲ ابوالحسن الراعی

ذہبی نے تجرید میں ان کا تذکرہ کر کے لکھا ہے کہ کذاب (پرلے درجہ کا جھوٹا) ہے اس نے صحابی ہونے کا دعویٰ کیا ہے حالانکہ اس کا وجود ہی نہیں۔ اس سے روایت کرنے میں علی بن عون ایک شیخ منفرد ہے، جن سے صدر الدین بن حَمُّوَیہ جوبنی اور مؤید محمد بن علی حلبی روایت کرتے ہیں، وہ کذاب ہے۔ میزان [2] میں لکھتے ہیں: ابوالحسن بن نوفل راعنی نے کہا: شق قمر کی رات میں نے رسول اللہ ﷺ کو سوار کیا۔ علی بن عون کہتے ہیں: چھ سو سال (یعنی چھٹی صدی کے بعد) ترکستان میں میری ان سے ملاقات ہوئی۔

۹۸۰۳ ابوحسنہ خزاعی

کسی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کر دیا ہے جو ایک لفظی غلطی کا نتیجہ ہے اور ابوضمرہ انس بن عیاض سے بواسطہ ہشام بن عروہ بحوالہ اپنے والد مسند روایت کی ہے کہ ابوحسنہ خزاعی اونٹوں والوں نے انہیں بتایا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے ہدی کے جانوروں میں سے تھک کر لاچار ہو جانے والے جانوروں کے بارے میں پوچھا۔ حافظ صالح جزرہ فرماتے ہیں: اس میں ابوضمرہ نے عجیب لفظی غلطی کی ہے۔ وہ تو ناجیہ خزاعی تھے۔ انہوں نے شروع میں الف کا اضافہ کر کے جیم کو کھینچ کر حسنہ سے ابوحسنہ بنا دیا۔ حرفِ نون میں ناموں کے حصہ میں صحیح طور پر حدیث پہلے بیان ہو چکی ہے۔

۹۸۰۴ ابوحفصہ [3]

مستغفری نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے جو لفظی غلطی اور تبدیلی کا کرشمہ ہے۔ چنانچہ وہ بطریق شعبہ، مغیرہ بن عبداللہ کے واسطہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں ابوحفصہ کی مجلس میں بیٹھا.... پھر حدیثِ رقوب [4] (جس شخص کی کوئی اولاد فوت نہ ہوئی ہو) ذکر کی۔ درست نام ابوخفصہ ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ خاء میں بیان ہوگا۔

۹۸۰۵ ابوحکیم بن ابی یزید الکرخی [5]

بغوی نے ان کا ذکر کر کے کہا: مجھے جہاں تک علم ہے ان کی حدیث صرف عطاء بن السائب نے ذکر کی ہے، پھر بطریق حماد بن یزید انہوں نے بحوالہ اپنے والد روایت کی ہے۔

میں کہتا ہوں: اس صحابی کی کنیت ابویزید ہے، حرف ی میں وضاحت ہوگی۔ اس لیے یہ لازم نہیں آتا کہ ان کے بیٹے کا نام حکیم ہو تو ان کی کنیت بھی ابوحکم ہونی چاہیے۔ بغوی وغیرہ کی روایت میں ان کی کنیت ابویزید ہی لکھی ہے، لہٰذا ان کا تذکرہ حرف

---

[1] اسد الغابہ (۵۸۰٤) تجرید (۱۵۹/۲) [2] میزان الاعتدال (۳٦٤/٦)
[3] اسد الغابہ (۵۸۱٤) تجرید (۱۵۹/۲) [4] مسند احمد (۳٦۷/۵) مجمع الزوائد (۱۱/۳)
[5] اسد الغابہ (۵۸۱۷) تجرید (۱۵۹/۲)

Marfat.com

حاء میں وہم پر مبنی ہے۔

۹۸۰۶ ابوالحسیر

انس بن رافع، ناموں میں تذکرہ ہوا ہے۔

۹۸۰۷ ابوحَیُوہ الصُنابحی ✿

بقول ابوموسیٰ: ابوبکر بن ابی علی نے ان کا ذکر کیا ہے اور ان کی ایک حدیث بھی نقل کی ہے، لیکن نام اور نسبت میں لفظی غلطی کا ارتکاب کیا ہے، فرماتے ہیں: یہ نام تو ابوخَیرہ ہے اور الصباحی ہے نہ کہ صنابحی۔ خاء میں درست نام ذکر ہوگا۔

۹۸۰۸ ابوحیّہ النمیری ✿

ذہبی رحمۃ اللہ علیہ ✿ نے تجرید میں ان کا ذکر کیا ہے کہ ان کا نام ہیثم بن الربیع ہے۔ ابن ناصر کا قول ہے: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ سلف میں مجھے ان کی موافقت کرنے والا کوئی نہیں ملا۔ بلکہ واقعہ یہ ہے کہ ابوحیہ نہ صحابی ہیں اور نہ انہیں رؤیت و ادراک حاصل ہے۔ معجم الشعراء میں مرزبانی لکھتے ہیں: ابوحیہ میں بے وقوفی اور عقل کی خرابی تھی اور بصرہ فروکش ہوتے وہ رجزیہ اور قصیدہ گو شاعر تھے۔ ابوعمرو بن العلاء انہیں برتری دیتا تھا۔ انہوں نے ہشام بن عبدالملک کا دور بھی پایا ہے۔ منصور اور پھر مہدی کے دور حکومت تک زندہ رہے۔ جب منصور کا انتقال ہوا تو انہوں نے اس کا مرثیہ کہا، وہی مندرجہ ذیل شعر کے قائل ہیں: ع

''خبردار! دوست کے گھر والوں میں سے ایک قبیلہ نے بوسیدہ چادر اوڑھ لی جب راتیں خلط ملط ہوگئیں۔
جب رات اور دِن آدمی سے تقاضا کرنے لگیں تو اس سے ایسی چیز تقاضا کرنے لگ جاتی ہے جس کا تقاضا کرنا ملول اور بور نہیں کرتا''۔

محمد بن سلام الجمحی نے انہیں شعراء کے طبقہ میں سے بشار بن برد اور ان کے نیچے کے طبقہ کے شعراء میں شمار کیا ہے۔ ابوالفرج اصبہانی لکھتے ہیں: ابوحیہ الہیثم بن ربیع بن زرارہ بن کثیر بن جناب بن کعب بن مالک بن عامر بن نمیر بن عامر بن صعصعہ النمیری دورِ بنی امیہ اور بنی عباس کے بزرگ پیشرو مخضرمی شاعر ہیں۔ وہ بصرہ کے رہائشی اور فصیح رجزیہ اور قصیدہ گو شاعر تھے، لیکن اس سب کے باوجود وہ بے وقوف، بزدل، بخیل، بے حد جھوٹے، بہرکیف ان تمام رزائل میں مشہور تھے۔

میں کہتا ہوں: شاید جن لوگوں نے انہیں صحابہ رضی اللہ عنہم میں شمار کیا ہے ان کی دلیل ان کا مخضرمی ہونا ہے، جو ایک باطل دلیل ہے کیونکہ جن بعض مخضرمین کو کسی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں شمار کیا ہے ان سے مراد وہ لوگ ہیں جنہوں نے دورِ جاہلیت اور اسلام دیکھا ہے، نیز اموی اور عباسی حکومتوں کا دور پانے والے کو مخضرمی کہا جاتا ہے۔ اس لحاظ سے ابوحیہ قسم ثانی میں شامل ہیں نہ کہ قسم اوّل میں۔ ابوبکر بن ابی خیثمہ بحوالہ محمد بن سلامہ جمحی نقل کرتے ہیں کہ ابوحیہ کی ایک تلوار تھی جس کا نام ''لعاب المنية'' تھا۔ لیکن مزے کی بات کہ اس میں اور لکڑی میں کوئی فرق نہ تھا۔ وہ سب سے زیادہ بزدل تھے۔ مجھے ان کے ایک پڑوسی نے بتایا کہ ایک رات ان کے گھر کتا گھس آیا انہوں نے سمجھا شاید چور ہے۔ میں نے جھانک کر دیکھا انہوں نے اپنی تلوار ''لعاب المنية'' سونت

✿ اسد الغابہ (۵۸۲۵) تجرید (۱۵۹/۲) ✿ تجرید (۱۶۱/۲) ✿ التجرید (۱۶۱/۲)

Marfat.com

لی اور کہنے لگے: ارے او ہمیں دھوکا دینے والے! ہم پر جرأت کرنے والے۔ اللہ کی قسم! تو نے اپنے لیے بہت بری چیز منتخب کی ہے، مال تھوڑا ہے اور تلوار تیز اور چمکدار تم خود ہی میری طرف سے ملنے والی سزا سے پہلے ہی معافی مانگ لو۔ وہ یہ ساری باتیں صحن کے درمیان میں کھڑے ہو کر کہہ رہے تھے۔ اسی اثناء میں وہ کتا باہر نکلا تو انہوں نے بے ساختہ کہا:

''الحمد للہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں کتے کی صورت میں بدل دیا اور ہمیں جنگ سے بچا لیا''۔

ابو محمد بن قتیبہ لکھتے ہیں: ابو حیّہ نمیری سب سے جھوٹا انسان تھا۔ ایک دِن اس نے کہا کہ وہ صحرا میں جا کر کوّوں کو بلائے گا تو وہ اس کے اردگرد جمع ہو جائیں گے ان میں سے جتنے چاہے گا پکڑ لے گا۔ کسی نے اس سے کہا: ابو حیّہ! اگر ہم تمہیں صحرا میں لے جائیں اور تم کووں کو بلاؤ اور وہ نہ آئیں تو پھر ہم تمہیں کیا سزا دیں؟ اس نے کہا: تب تو اللہ انہیں دور ہی رکھے۔ لکھتے ہیں: ایک دِن اس نے کہا: مجھے ایک ہرن نظر آیا جس پر میں نے تیر پھینکا لیکن تیر بچ کر نکل گیا، بھاگتے ہوئے تیر پھر اس کے آڑے ہوئے پھر وہ بچ نکلا پھر آڑے آیا اللہ کی قسم کئی بار تیر اس کے آڑے آتا اور وہ بچ نکلتا، بالآخر اسے پچھاڑ دیا۔ مبرد نے بحوالہ ابن ابی حبیرہ روایت کی ہے کہ ابو حیہ نمیری بڑا دروغ گو شخص تھا وہ فرزدق کے حوالہ سے کئی باتیں بیان کرتا، ایک دِن میں نے اس کو سنا کہنے لگا: ایک دفعہ ہرن نظر آیا تو میں نے اس پر تیر چلایا پھر اسی طرح کا واقعہ ذکر کیا۔ رقاشی بحوالہ امام اصمعی لکھتے ہیں: ابو حیہ نمیری ابو جعفر منصور کے دربار میں آیا، اس نے منصور کی مدح اور بنی حسن کی ہجو کر رکھی تھی۔ تو منصور نے اسے اس کی اُمید سے کم انعام دیا۔ تو وہ حیرہ چلا گیا جہاں خمارہ کے پاس شراب پینے لگا اور اس کا ایک مشکیزہ خرید لیا پھر اس کا اس کے ساتھ ایک برا قصہ ذکر کیا۔

ابن قتیبہ[1] لکھتے ہیں: ابن مناذر کی ابو حیہ نمیری سے ملاقات ہوئی تو کہا: مجھے اپنا کوئی شعر سناؤ! اس نے شعر سنایا۔ اس نے کہا: یہ کیا ہے؟ کہا: شعر ایسا ہوتا ہے؟ ابو حیّہ نے کہا: کیوں اس میں کیا عیب ہے؟ یہی عیب ہے کہ تم نے سن لیا ہے۔ ابو عبید بکری ''شرح امالی القالی'' میں لکھتے ہیں: ابو حیہ نمیری اسلامی دور کا شاعر ہے اس نے بنی امیہ حکومت کا آخری زمانہ اور حکومتِ بنی عباس کا ابتدائی دور پایا ہے۔ اس کا انتقال منصور کی خلافت کے آخر میں ہوا۔

میں کہتا ہوں: پہلے جو حوالہ مرزبانی کا گزر چکا ہے کہ اس نے منصور کی وفات پر مرثیہ کہا تھا اس سے پتہ چلتا ہے اور مرزبانی ہی کا بیان ہے کہ سلمہ بن عیاش العامری شاعر نے ابو حیہ نمیری سے کہا: جانتے ہو؟ لوگ کیا کہتے ہیں؟ اس نے کہا: کیا کہتے ہیں؟ کہا کہ لوگ سمجھتے ہیں کہ میں تم سے زیادہ شاعر ہوں۔ اس نے کہا: اِنا لِلّٰہِ (افسوس!) لوگ ہلاک ہو گئے۔

اسی واقعہ کو مرزبانی نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں: کئی لوگوں سے بحوالہ سلمہ بن عیاش العامری (جو بصرہ کے شعراء میں سے تھا) محمد بن سلیمان بن علی نے کہا کہ میں نے ابو حیہ سے کہا، پھر یہی الفاظ ذکر کیے۔

میں کہتا ہوں: محمد بن سلیمان کی گورنری مہدی کی جانب سے اور اس کے بعد بھی رہی۔ جو تقریباً ۱۱۰ھ اور اس کے بعد کا دور ہے۔ تو یہ مؤرخین وغیرہ کے اتنے زیادہ اقوال اس بات کی وضاحت کرتے ہیں کہ ابو حیہ نہ صحابی ہیں اور نہ اسے دورِ نبوت حاصل ہے اور یہی معتبر قول ہے۔ واللہ اعلم!

---

[1] الشعر والشعراء لابن قتیبہ (۷۵۰)

Marfat.com

حرفِ خاء

قسم اوّل ازحرفِ خاء

۹۸۰۹ ابوخارجہ ✿ عمرو بن قیس الخزرجی العبدی، ناموں میں ذکر ہو چکا ہے۔

۹۸۱۰ ابوخالد حکیم بن حزام الاسدی۔

۹۸۱۱ ابوخالد یزید بن ابی سفیان الاموی، تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۸۱۲ ابوخالد ✿ (بے نسبت)

ان کا ابواحمد الحاکم نے بحوالہ امام بخاری، اسی طرح المستغفری نے ذکر کیا ہے کہ صحابی ہیں جن کی حدیث اعمش سے بواسطہ مالک بن حارث بحوالہ ابوخالد مروی ہے۔ انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ فرمایا: ہم لوگ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس گئے، آپ نے اہل شام کو ہم سے زیادہ انعام دیا۔ ابن ابی شیبہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور ابوموسیٰ نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۹۸۱۳ ابوخالد ✿

حارث بن قیس بن خلدہ بن مخلد بن عامر بن زریق بن عبد حارثہ بن مالک بن غضب بن جشم انصاری زرقی۔ ابن اسحاق ✿ وغیرہ نے شرکاءِ بدر اور بیعت عقبہ وغیرہ کے مواقع میں ان کا ذکر کیا ہے اور امام واقدی رحمۃ اللہ علیہ نے بطریق ضمرہ بن سعید نقل کیا ہے کہ ابوخالد زرقی کو جنگ یمامہ میں کئی گہرے زخم آئے جو خلافتِ فاروقی میں ہرے ہو کر بہہ پڑے جس سے ان کا انتقال ہو گیا۔

۹۸۱۴ ابوخالد حارثی ✿

از بنی حارث بن سعد ابن شاہین نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق ابراہیم بن بکیر بلوی بواسطہ بُثَیر ابن ابی قسیمہ سلامی روایت نقل کی ہے کہ مجھے ابوخالد حارثی، جو بنی حارث بن سعد سے تعلق رکھتے تھے، بتایا کہ میں ہجرت کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا میں نے دیکھا کہ آپ تبوک جانے کا ارادہ رکھتے ہیں تو ہم لوگ آپ کے ساتھ نکل پڑے، چلتے چلتے ہمارا گزر ثمود کی بستی حجر پر ہوا۔ آپ علیہ السلام نے ہمیں ان کے گھروں میں داخل ہونے سے منع فرمایا اور ہمیں ان کے پاس کے پانی کے چشموں

✿ اسد الغابہ (۵۸۳٤) ✿ اسد الغابہ (۵۸۳٤) استیعاب (۲۹٦٦) تجرید (۱٦۱/۲)

✿ اسد الغابہ (۵۸۲۸) تجرید (۱٦۱/۲) ✿ السیرۃ النبویۃ (۱٦۱/۲) ✿ اسد الغابہ (۵۸۲۹) تجرید (۱٦۱/۲)

Marfat.com

اور کنوؤں سے بھی منع کر دیا.... پھر لمبی حدیث ذکر کی۔ اسی میں ہے کہ آپ جلدی ظہر کی نماز پڑھ کر ایک قبیلہ کے پاس آئے، وہاں آپ نے اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کو دیکھا تو فرمایا: تم لوگ ابھی تک اس کا پانی تیز کر رہے ہو۔ وہ چشمہ ایسا تھا کہ اس کا پانی کم تھا جس سے برتن بھی نہ بھرتا تھا۔ فرماتے ہیں: آپ نے اس جگہ کا نام تبوک رکھ دیا۔ اس کے بعد آپ نے اپنے ترکش سے ایک لمبا نیزہ نکال کر فرمایا: اتر کر یہ نیزہ اس میں گاڑ دو اور اللہ کا نام لینا۔ چنانچہ وہ اترے اور بسم اللہ پڑھ کر وہ نیزہ گاڑ دیا۔ تو پانی جوش سے فوارہ کی طرح نکلنے لگا۔ ✿ اسی قصہ میں ابراہیم فرماتے ہیں: ہمارے جذام کے ابوعقال نامی ایک صاحب آئے ان کے متعلق مشہور تھا کہ یہ ابدال ہیں۔ وہ کہنے لگے: مجھے وہ بابرکت جگہ دکھاؤ جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تھے اور وہ چھوٹا سا گڑھا (معمولی سا گڑھا) تھا، جس سے پیالہ بھی نہ بھرتا تھا۔ آپ نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی اور اسے جاری کر دیا۔ چنانچہ ہم انہیں لے کر ادھر گئے۔ وہ جب اس کے پاس کھڑے ہوئے تو کہنے لگے: ہاں یہی، یہی ہے۔ اللہ کی قسم! یہ وہ پانی ہے جسے جبرائیل علیہ السلام نے بہایا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لیے برکت کی دُعا کی۔ یہ تو بڑی برکت والا ہے۔ فرماتے ہیں: وہ چشمہ بدستور اسی طرح رہا یہاں تک کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ابن عریض یہودی کو بھیجا جس نے اسے پاٹ دیا۔

میں کہتا ہوں: اس حدیث کی سند میں غیر معروف راوی ہیں۔

۹۸۱۵ ابوخالد السلمی ✿

محمد بن خالد کے دادا بغوی نے کنیٰ میں ان کا ذکر بطریق ابوالملیح، محمد بن خالد سلمی سے انہوں نے اپنے دادا سے جنہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے روایت کی ہے، پھر ایک حدیث ذکر کی۔ ✿ بقول بعض: ان کا نام زید ہے جس کی تفصیل ناموں میں گزر چکی ہے۔ ابن مندہ نے ان کا نام اللجلاج بتایا ہے، یہ بھی پہلے بیان ہو چکا، مجھے سوائے مذکورہ روایت کے کسی روایت میں ان کا نام نہیں ملا۔

۹۸۱۶ ابوخالد الکندی ✿

خالد بن معدان کے دادا۔ حسن سمرقندی نے اسی نام سے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ اور ابوموسیٰ کا قول ہے کہ انہوں نے ان کی کوئی روایت نقل نہیں کی۔

۹۸۱۷ ابوخالد القرشیّ ✿

المخزومی۔ خالد کے والد۔ ان سے ان کے بیٹے بحوالہ اپنے والد طاعون کے بارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔

✿ جامع المسانید (۵٤۷/۱۳) اسد الغابہ (٤۲٤/٤)

✿ اسد الغابہ (۵۸۳۰)

✿ مسند احمد (۲۷۲/۵) المعجم الکبیر (۸۰۱/۲۲) السنن الکبریٰ (۳۷٤/۳) مجمع الزوائد (۲۹۲/۲)

✿ اسد الغابہ (۵۸۳۱) تجرید (۱٦۱/۲)

✿ اسد الغابہ (۵۸۳۳) استیعاب (۲۹٦۵) تجرید (۱٦۱/۲)

Marfat.com

تجرید [1] میں ان کا ذکر کر کے لکھا ہے: ان کی کوئی شان ہے۔

۹۸۱۸ ابوخِداش اللخمی [2]

شرفِ صحابیت حاصل ہے اور اہل شام میں شمار ہوتے ہیں ان سے عبداللہ بن مُحیریز ان کا قول نقل کرتے ہیں۔ ابن مندہ نے ان کا اسی طرح مختصر ذکر کیا ہے اور ابن السکن نے بطریق ثور بن یزید بحوالہ عبداللہ بن محیریز، ابوخداش صحابیٔ رسول ﷺ ذکر کیا ہے، فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کی معیت میں غزوہ کیا میں نے آپ ﷺ کو فرماتے سنا: ''تمام مسلمان تین چیزوں میں برابر کے شریک ہیں: پانی، گھاس اور آگ''۔ [3] قسم اخیر میں ان الفاظ پر اعتراض کا ذکر ہوگا اور وہ الفاظ یہ ہیں: ''ایک صحابیٔ رسول''۔

۹۸۱۹ ابوخراش

حدرد بن ابی حدرد اسلمی۔ ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۸۲۰ ابوخراش السلمی [4]

بغوی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور ابن المقری نے حیوہ سے بواسطہ ولید بن ابی ولید روایت کی ہے کہ عمران بن ابی انس نے بحوالہ ابوخراش سلمی ان سے بیان کیا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: ''جس نے ایک سال تک اپنے (مسلمان) بھائی سے ناراضگی رکھی تو گویا اس نے اس کا خون بہا دیا''۔ [5] ان کے ہاں سلمی ہی لکھا ہوا ہے، حالانکہ وہ اسلمی ہیں۔ جیسا کہ ابن وہب نے بواسطہ حیوہ نقل کیا ہے۔ بقول بعض: یہی حدرد بن ابی حدرد ہیں جن کا تذکرہ ان سے پہلے ہوا ہے۔

۹۸۲۱ ابوالخریف بن ساعدہ [6] صفی میں ذکر ہوا ہے۔

۹۸۲۲ ابوخُزاعہ [7]

حمص فروکش ہوئے، ان کی حدیث کثیر بن مرہ سے مروی ہے، تجرید میں ان کا ذکر ہے۔ [8]

۹۸۲۳ ابوخِزامہ [9]

بنی حارث ابن سعد ہُذَیم عذری کے فرد ہیں ان کی حدیث زہری بواسطہ ابن ابی خزامہ وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ ابوخزامہ کا نام یعمر تھا، امام مسلم وغیرہ نے ان کا یہی نام بتایا ہے۔ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: آپ کی کیا رائے ہے جو دم اور دوا ہم کرتے ہیں..... (حدیث) [10] امام مسلم کی کتاب الکنیٰ میں ابوخزامہ بن یعمر لکھا ہے، ایسا ہی یعقوب بن

---

[1] تجرید (۱۶۱/۲) [2] اسد الغابہ (۵۸۳۶) تجرید (۱۶۱/۲)

[3] ابوداؤد (۳۴۷۷) مسند احمد (۵ز/۳۶۴) جامع المسانید (۵۴۹/۱۳) اسد الغابہ (۴۲۵/۴)

[4] تجرید (۱۰۱/۲) [5] ابوداؤد کتاب الادب باب فیمن یھجر احاہ المسلم (۴۹۱۵)

[6] اسد الغابہ (۵۸۴۷) [7] تجرید (۱۶۲/۲) [8] ایضًا

[9] اسد الغابہ (۵۸۴۲) تجرید (۱۶۲/۲) [10] مسند احمد (۴۲۱/۳)

Marfat.com

سفیان نے کہا اور بیہقی نے اسے قوی قول کہا ہے اور ایک اور طریق سے ان کا نام زید بن حارث بتایا ہے۔ ابوعمر لکھتے ہیں: ایک حدیث میں زہری سے راوی کی غلطی کی وجہ سے کسی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کر دیا ہے۔ جبکہ یہ تابعی ہیں، لگتا ہے ان کا میلان اس طرف ہے، جس نے یوں کہا: ابوخزامہ بحوالہ اپنے والد روایت کرتے ہیں۔ ابن فتحون لکھتے ہیں: ان کی حدیث باوردی اور طبرانی نے بطریق ابن قتیبہ نقل کی ہے جیسا کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے کہا۔ اسی طرح یہ روایت طبرانی نے بطریق عبدالرحمٰن بن اسحاق بحوالہ زہری روایت کی ہے۔ بقول بعض: زہری بواسطہ ابوخزامہ وہ اپنے والد سے، اس کو ابن عبدالبر نے راجح کہا ہے مبہمات میں اس کی طرف اشارہ ہوگا۔ ''خزامہ'' ناموں اور حارث بن سعد اور سعد ہذیم میں اُن سب لوگوں کی غلطی کا بیان ہوا ہے، جنہوں نے ان کا ایسا ہی نام بتایا۔

۹۸۲۴ ابوخزامہ *

رفاعہ بن عرابہ الجھنی۔ خلیفہ بن خیاط نے ان کی یہ کنیت بتائی ہے، ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۸۲۵ ابوخزامہ بن اوس *

بن اصرم بن زید بن ثعلبہ بن غنم انصاری۔ ابن اسحاق * نے شرکاء بدر میں اور ابن حبان نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ لیکن میں نے ایک نسخہ میں جو حافظ ابوعلی العسکری کے قلم سے لکھا ہے، اس نام کو الف کے بدلہ یاء سے ''خزیمہ'' دیکھا ہے۔ فرماتے ہیں: ''ابوخزیمہ'' میرے خیال میں یہ اسی نسخہ کا فساد ہے جس سے نقل کیا گیا ہے۔

۹۸۲۶ ابوخزیمہ بن یربوع *

بن عمرو انصاری عدوی کا بیان ہے کہ یہ اُحد میں شریک تھے * بقول بعض: ان کا نام یربوع ہے۔ ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۸۲۷ ابوخصَفہ *

علی بن مدینی اور عبدہ بن عبداللہ الصفار وغیرہ نے وہب بن جریر سے بواسطہ شعبہ بحوالہ میسرہ بن عبداللہ جعفی روایت کی ہے، فرمایا: میں ابوخصفہ کی مجلس میں بیٹھا۔ انہوں نے فرمایا: ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ جانتے ہو فقیر کون ہے؟ ہم نے عرض کی: جس کے پاس مال نہ ہو۔ آپ نے فرمایا: (حقیقی) فقیر وہ ہے جس کا مال تو ہو لیکن اس نے آگے کچھ نہ بھیجا ہو۔ * آپ نے تین بار یہ ارشاد فرمایا: ایک روایت میں ہے کہ آپ سے رقوب کے بارے میں پوچھا گیا تھا، اس وقت آپ نے فرمایا تھا۔

---

* اسد الغابہ (۵۸۴۸) استیعاب (۲۹۷۰) * اسد الغابہ (۵۸۴۲) استیعاب (۲۹۷۰)
* السیرۃ النبویۃ (۲۶۱/۲) * اسد الغابہ (۵۸۴۴) تجرید (۱۶۲/۲)
* اسد الغابہ (۴۲۹/۴) * اسد الغابہ (۵۸۴۵) تجرید (۱۶۲/۲)
* مسند احمد (۳۶۷/۵) مجمع الزوائد (۱۱/۳) جامع المسانید (۵۵۴/۱۳) اسد الغابہ (۴۲۹/۴)

Marfat.com

۹۸۲۸ ابوخُصَیفَہ [1] (تصغیر ہے)

طبرانی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق یزید بن عبدالملک نوفلی، یزید بن خصیفہ وہ بواسطہ اپنے والد اپنے دادا کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اچھے چہروں کے پاس بھلائی تلاش کرو''۔ [2] اسی سند سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے: ''جب تم میں سے کوئی اپنے گھر سے نکلے تو وہ ((لا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ)) پڑھ لیا کرے''۔ [3]

میں کہتا ہوں: یزید ضعیف ہے ہمارے شیخ الشیوخ ''کتاب الوشی'' میں لکھتے ہیں: اگر یہ یزید بن خصیفہ ہی ہیں تو وہ یزید بن عبداللہ بن خصیفہ مشہور ثقہ ہیں جو سائب بن یزید سے روایت کرتے ہیں۔ البتہ مجھے ان کے والد کا نام راویوں میں اور نہ ان کے دادا کا ذکر صحابہ رضی اللہ عنہم میں ملا ہے اور اگر یہ کوئی اور ہیں تو پھر مجھے نہ ان کے بارے علم ہے نہ ان کے والد اور دادا کے بارے میں۔

میں کہتا ہوں: یہی مشہور ہے ادھر المزی نے التہذیب میں یزید بن عبدالملک کو ان سے روایت کرنے والوں میں ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ خصیفہ کے والد کا نام عبداللہ بن یزید ہے۔ بقول بعض: وہی خصیفہ بن یزید ہیں۔ اس بنا پر مذکورہ حدیث کے صحابی خصیفہ ہوئے المزی نے یزید بن عبداللہ بن خصیفہ کے سوانح میں لکھا ہے کہ خصیفہ کے والد کا نام یزید ہے ایک قول ہے: عبداللہ بن یزید بن سعید بن ثمامہ الکندی ہے۔

۹۸۲۹ ابوالخطّاب [4]

بقول ابوعمر: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ لیکن ان کا نام معلوم نہیں۔ ان سے وتر کے بارے میں بروایت ابوثویر بن ابی فاختہ ایک حدیث مروی ہے۔ ادھر ابن فتحون نے ان کا تعاقب کرتے ہوئے لکھا ہے درست یہ ہے کہ ان سے ثویر نے روایت کی ہے۔ بغوی فرماتے ہیں: کوفہ کے رہائشی تھے۔ ابواحمد الحاکم لکھتے ہیں: ابراہیم بن عبداللہ الخزاعی ان صحابہ میں ان کا ذکر کیا ہے جن کی کنیت ان کے نام پر غالب ہے۔ ابن السکن، ابن ابی خیثمہ، بغوی، عبداللہ بن احمد نے اپنی کتاب ''السنۃ'' میں اور طبرانی نے بطریق اسرائیل، بواسطہ ثویر بن ابی فاختہ روایت کی ہے کہ میں نے ایک صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وسلم، جنہیں ابوالخطاب کہا جاتا تھا، کو فرماتے سنا جب ان سے وتر کے بارے میں پوچھا گیا کہ میرا دِل تو چاہتا ہے کہ جب میں آدھی رات کے وقت اٹھ کر نماز پڑھوں اس وقت ہی وتر ادا کروں، بے شک اللہ تعالیٰ ساتویں گھڑی میں آسمانِ دنیا کی طرف (رحمت کا) نزول فرماتے ہیں۔ اور فرماتے ہیں: ہے کوئی دعا کرنے والا۔ (حدیث) اس کے آخر میں ہے: ''جب فجر کی نماز کا وقت ہوتا ہے تو بلند ہو جاتا ہے''۔ [5]

---

[1] اسد الغابہ (٥٨٤٦) تجرید (١٦٢/٢)

[2] المعجم الکبیر (٩٨٣/٢٢) مجمع الزوائد (١٩٥/٨) کنز العمال (١٦٧٩٦) جامع المسانید (٥٥٥/١٣)

[3] المعجم الکبیر (٩٨٣/٢٢) مجمع الزوائد (١٢٨/١٠، ١٢٩٩) جامع المسانید (٥٥٥/١٣)

[4] اسد الغابہ (٥٨٤٧) تجرید (١٦٢/٢)

[5] المعجم الکبیر (٩٢٧٩/٢٢) مجمع الزوائد (٢٤٥/٢) (١٢٨/١٠) (١٢٩/١٠) جامع المسانید (٥٥٥/١٣)

Marfat.com

ابواحمد زبیری کی روایت میں بحوالہ طبرانی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے وتر کے بارے میں پوچھا: آپ کے علاوہ کسی نے یہ روایت مرفوع نقل نہیں کی۔

۹۸۳۰ ابوخلّاد

وہی سائب بن خلاد ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۸۳۱ ابوخلّاد الرُّعَینی ✿

وہی عبدالرحمٰن بن زہیر، ان کا بھی پہلے ذکر ہو چکا ہے۔

۹۸۳۲ ابوخلّاد ✿ (بے نسبت)

نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ علیہ السلام نے فرمایا: ''جب تم ایسا شخص دیکھو جسے دنیا سے بے رغبتی نصیب ہوئی ہے تو اس کے قریب رہو''۔ (حدیث) ان سے ابوفروہ الجزری روایت کرتے ہیں۔ بقول بعض: ان میں واسطہ ابومریم ہیں پھر امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ ✿ نے فرمایا: یہی بہتر ہے۔ یہ روایت بزار نے بطریق ابوفروہ، بواسطہ ابوخلاد جنہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے نقل کی ہے اور لکھا ہے کہ ہم نے انہیں مسند میں اس لیے شامل کیا کہ ان کا کہنا ہے: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ باوجودیکہ انہوں نے خود نہیں کہا کہ میں نے آپ علیہ السلام کو دیکھا یا آپ ﷺ کا ارشاد سنا ہے۔ ابن ابی عاصم نے یہی روایت اسی سند سے نقل کی ہے، جس کے سیاق میں وہ لکھتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا، لیکن ان کے ہاں بواسطہ ابوخالد ✿ مروی ہے جبکہ درست ابوخلاد ہے۔ ادھر ابن مندہ کا خیال ہے کہ یہ سابقہ والی شخصیت ہیں۔ ابن ماجہ نے ان کا ذکر کیا تو فرمایا: بقول بعض ان کا نام عبدالرحمٰن بن زہیر ہے۔

۹۸۳۳ ابوخَلَف (خادم النبی ﷺ)

زمخشری نے ''ربیع الابرار'' میں ان کی ایک مرفوع حدیث نقل کی ہے کہ ''جب منافق کی تعریف کی جاتی ہے تو عرش تھرتھرانے لگتا ہے اور رب تعالیٰ ناراض ہوتا ہے''۔ انہوں نے یہ روایت بغیر اسناد کے نقل کی، میرے خیال میں اس میں سے انس رضی اللہ عنہ کا ذکر رہ گیا ہے۔

۹۸۳۴ ابوخلید الفہری ✿

بقول بعض ابوخلیدہ یا ابوجنیدہ، جیم میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

✿ اسد الغابہ (۵۸۵۵) ✿ اسد الغابہ (۵۸۴۸) تجرید (۱۶۲/۲)

✿ التاریخ الکبیر (۹۸/۹) ✿ التاریخ الکبیر (۲۷/۸) اسد الغابہ (۵۸۴۹) تجرید (۱۶۲/۲)

✿ اسد الغابہ (۵۸۵۷) استیعاب (۲۹۷۴)

Marfat.com

۹۸۳۵ ابوخمیصہ [1]

یہ معبد بن عباد ابن قشیر انصاری، ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۸۳۶ ابوخناس [2]

خالد بن عبدالعزیز الخزاعی، ناموں میں ذکر ہوا۔

۹۸۳۷ ابوخُنَیس الغفاری [3]

ان کا نام مشہور نہیں، ابن السکن لکھتے ہیں: ان کی حدیث ان کے گھرانے سے مروی ہے۔ ابوبکر بن عمرو بن عبدالرحمٰن کی کتاب میں ان کی حدیث ہے۔ انہوں نے ایسا ہی ''عمرو'' لکھا ہے، جبکہ درست نام عمر ہے۔ وہ ابن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن عمر امام مالک کے شیوخ و اساتذہ میں شامل ہیں۔ ابوبکر اور ابوخنیس کے درمیان ایک اور راوی ہے۔ الحاکم ابواحمد کا قول ہے: انہیں شرف صحابیت حاصل ہے اور ان کی حدیث بحوالہ ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن ابی ربیعہ نقل کی کہ میں نے ابوخنیس غفاری کو فرماتے سنا کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوہ تہامہ میں نکلا، یہاں تک کہ جب ہم لوگ عسفان میں پہنچے تو اس کے صحابہ آپ کے پاس آ کر عرض کرنے لگے: اللہ کے رسول! بھوک نے ہمیں بے حال کر دیا، ہمیں کسی جانور کے ذبح کرنے کی اجازت دیجیے جسے ہم کھائیں.....۔ (حدیث)

اسی میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا مشورہ ہے کہ آپ نے توشوں کو جمع کرنے کا کہا جس سے برکت ہوئی پھر یہ لوگ چل پڑے۔ راستہ میں بارش ہوئی اور یہ لوگ سواریوں سے اترے اور منہ لگا کر بارش کا پانی پیا، آپ ﷺ نے لوگوں کو خطبہ میں فرمایا: جس میں تین آدمی آئے جن میں سے دو بیٹھ گئے اور ایک اعراض کر کے چلا گیا: کیا میں تمہیں تین آدمیوں کی بات نہ سناؤ''۔ [2] (حدیث)

ذھلی فرماتے ہیں: یہ ابوبکر، ابن عمر بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن عمر ہیں۔ اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے شیخ ہیں۔

میں کہتا ہوں: ابن ابی عاصم اور دولابی نے اپنے دوسرے شیوخ سے اپنی روایتوں میں ان کا یہی نسب بیان کیا ہے، جو عبداللہ بن رجاء سے منقول ہے۔ حدیث کی سند حسن ہے، جو ہم بروایت اصبہانیین امالی المحاملی کے جزء ثانی میں عالی سند سے سنی ہے۔ صحیحین میں اس کا شاہد موجود ہے۔ اس کا ایک اور شاہد بحوالہ ان کے حاکم کی کتاب میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

۹۸۳۸ ابوخیثمہ الجعفی

عبدالرحمٰن بن ابی سبرہ، تذکرہ ہو چکا ہے۔

---

[1] اسد الغابہ (۵۸۵۷) استیعاب (۲۹۷۴) [2] تجرید (۱۸۲/۲)

[2] اسد الغابہ (۵۸۵۱) استیعاب (۲۹۷۵) تجرید (۱۶۲/۲)

[3] بخاری کتاب العلم باب من قعد ینتھی بہ المجلس (٦٦)
کتاب الصلاۃ باب الحلق والجلوس فی المسجد (٤٧٤) دلائل النبوۃ (۱۲۲/٦) جامع المسانید (۵۲۲/۱۳)

Marfat.com

۹۸۳۹ ابوخیثمه الانصاری السالمی [1]

حدیث کعب بن مالک میں ان کی توبہ کے قصہ کی طویل حدیث میں ان کا ذکر آتا ہے۔ اس میں ہے غزوۂ تبوک میں ایک شخص کے گھوڑے کی دھول اڑتی دکھائی دی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کرے ابوخیثمہ ہی ہو! [2] تو اللہ کی قدر وہ ابوخیثمہ ہی تھے۔ امام واقدی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ان ابوخیثمہ کا نام عبداللہ بن خیثمہ ہے وہ اُحد میں شریک ہوئے اور خلافتِ یزید بن معاویہ تک زندہ رہے۔

۹۸۴۰ ابوخیثمه انصاری (دوسرے ہیں)

ان کا نام مالک بن قیس، بقول بعض: یہ وہی ہیں جنہوں نے ایک صاع کھجوروں کا صدقہ پیش کیا جس پر منافقین نے انہیں ملامت کی تھی۔ ابن کلبی رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے: یہ وہی پہلے والے سالمی ہیں اور ان کا نام مالک بن قیس ہے۔ عبداللہ بن خیثمہ نہیں۔ واللہ اعلم!

۹۸۴۱ ابوخیثمه الحارثی

حاء میں ان کے متعلق تنبیہ گزر چکی ہے، اور جو اس کا قائل ہے کہ یہ نام ابوخثیمہ ہے تو اس بارے میں احتمال ہے۔ واللہ اعلم

۹۸۴۲ ابوالخیر الکِندی

یہ جفشیش ہیں، ناموں میں تذکرہ ہوا ہے۔

۹۸۴۳ ابوخیره العبدی [3]

ثم الصُّباحی۔ صُبَاح ابن لکیز بن افصی کی طرف نسبت ہے جو عبدالقیس کا بطن ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے تاریخ میں مختصراً، خلیفہ، دولابی، طبرانی اور ابواحمد الحاکم نے روایت نقل کی ہے کہ ابوخیرہ الصباحی نے فرمایا کہ عبدالقیس کا جو وفد رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا میں اس میں تھا، تو آپ نے ہمیں پیلو [4] کی شاخ مسواک کرنے کے لیے دی۔ ہم نے عرض کی، اللہ کے رسول! اگرچہ ہمارے پاس شاخیں ہیں پھر بھی ہم آپ کا ہدیہ اور آپ کی کرامت قبول کرتے ہیں۔ جس پر آپ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! عبدالقیس کی مغفرت فرما! اپنی مرضی سے بلا کسی دباؤ کے مسلمان ہوئے ہیں جبکہ ایک قوم سوائے جنگ اور گھبراہٹ کے ایمان لانے سے رکی رہی۔ [5] یہ طبرانی کے الفاظ ہیں۔ دولابی کی روایت میں ہے ہم چالیس مرد تھے۔ خطیب نے ''المؤتلف'' میں ان کا ذکر کیا

---

[1] اسد الغابہ (۵۸۵۲) تجرید (۱۶۳/۲)

[2] مسلم کتاب التوبہ (۶۹۴۷) دلائل النبوۃ (۲۲۳/۵) جامع المسانید (۵۲۳/۱۳)

[3] اسد الغابہ (۵۸۵۳) تجرید (۱۶۳/۲) [4] مسواک کرنے کا درخت

[5] مسند احمد (۲۰۵/۴) المعجم الکبیر (۹۲۳/۲۲، ۹۲۴) مجمع الزوائد (۶۲/۵) جامع المسانید (۵۶۰/۱۳) اسد الغابہ (۴۳۲/۴) دولابی فی الکنٰی (۲۷/۱)

Marfat.com

ہے کہ مجھے معلوم نہیں کہ کسی نے ان کا نام لیا ہو۔

۹۸۴۴ ابوخیرہ ✿ (دوسرے ہیں)

اثیری نے انہیں صباحی سے علیحدہ ذکر کیا ہے اور ان کی ایک حدیث نقل کی ہے اس کو طبرانی ✿ نے نقل کیا ہے، لیکن وہ صباحی کے حالات میں درج کی ہے، میرے نزدیک یہ اور ہیں۔ عبداللہ بن ہشام بن حسان بن یزید بن ابی خیرہ بحوالہ ابوخیرہ روایت کرتے ہیں: میرے اونٹ تھے جن پر میں بوجھ لادتا تھا۔ میں نبی ﷺ کے پاس آیا اور خیبر میں شرکت کی، فرمایا یا حنین فرمایا۔ تو ہم لوگ ان کے لیے اپنے اونٹوں پر پانی لاتے تھے۔ (حدیث) اسی میں ہے: تو رسول اللہ ﷺ نے میرے لیے برکت کی دُعا کی اور میرے بیٹے کو بھی دعا دی۔

قسم ثانی ازحرفِ خاء

قسم ثانی میں کسی کا ذکر نہیں۔

قسم ثالث ازحرفِ خاء

۹۸۴۵ ابو خِرَاش الهذلیّ ✿

خویلد بن مرہ ہیں، ناموں میں تذکرہ ہوا ہے۔

۹۸۴۶ ابوخرفاء العامری

انہیں دورِ نبوت نصیب ہوا ہے۔ ابوالفرج اصبہانی ✿ نے ذوالرمہ شاعر کے حالات میں ان کا تذکرہ بطریق محمد بن حجاج تمیمی کیا ہے کہ میں حج کر کے جب ''مرّ ان'' پہنچا تو خرقاء ذوالرمّہ کی اہلیہ کے ہاں آیا، انہیں سلام کر کے اپنا تعارف کرایا تو وہ فرمانے لگیں: کیا تم حجاج بن عمرو بن زید کے بیٹے ہو؟ میں نے کہا: جی ہاں۔ کہنے لگیں: اللہ تعالیٰ تمہارے والد پر رحم کرے وہ جلد ہی موت کے ہاتھ لگ گئے! تم کہاں سے آ رہے ہو؟ میں نے کہا: حج کر کے۔ کہنے لگیں: تمہارا حج ناقص ہے، کیا تم نے اپنے چچا ذوالرمّہ کا یہ شعر نہیں سنا؟ ع

''حج کی تکمیل اس طرح ہوتی ہے کہ سواریاں خرقاء کے سامنے کھڑی ہوں درآنحالیکہ اس نے نقاب اتارا ہوا ہو''۔

راوی کا بیان ہے کہ وہ گھر کے صحن میں بیٹھے ہوئے بھی کھڑی لگ رہی تھیں، کیونکہ وہ دراز قد، سفید رنگ، ضعیف العمر، لحیم شحیم تھیں۔ میں نے ان سے ان کی عمر پوچھی تو وہ بتانے لگیں: مجھے یہ تو معلوم نہیں کہ اب میں کتنے سالوں کی ہوں البتہ مجھے یاد ہے کہ جب حضرت حسین رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تو اس وقت میں کم سن بچی تھی، میں نے شمر بن ذی الجوشن کا دور پایا ہے، میرے والد نے جاہلیت کا زمانہ پایا اور اس میں کئی حملے کیے۔

✿ اسد الغابہ (۵۸۵٤) تجرید (۹۲۲/۲) ✿ المعجم الکبیر (۹۲۲/۲۲)

✿ اسد الغابہ (۵۸٤٦) استیعاب (۲۹٦۹) ✿ الاغانی (۱۲۳/۱٦)

Marfat.com

۹۸۴۷ ابوالخیبری

جاہلیت کا دور پایا ہے۔ ان سے محرز مولا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ وہ واقعہ نقل کرتے ہیں جو ان کا ان کے ساتھیوں کے ساتھ حاتم طائی کی قبر پر پیش آیا۔ جو ہم نے خرائطی کی ''مکارم الاخلاق'' میں بطریق ہشام بن کلبی بحوالہ محرز بن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کیا ہے۔ عبدالقیس کا ایک گروہ حاتم طائی کی قبر کے پاس سے گزرا اور اسی کے پاس ان لوگوں نے پڑاؤ کرلیا۔ ان میں سے ایک شخص اٹھا اور حاتم طائی کی قبر پر لات مار کر کہنے لگا: ''ہماری ضیافت کرو''۔ پھر یہ لوگ سو گئے، وہی شخص گھبرایا ہوا جاگا اور اس کی زبان پر یہ شعر جاری تھے:

''ابوالخیبری! تم خاندان کے بڑے ظالم اور منہ پھٹ آدمی ہو۔ تم اپنے ساتھیوں کو لے کر ایک ایسے گڑھے کے پاس مہمان نوازی طلب کرنے آئے ہو جس کی (میت کی) کھوپڑی زمین میں گھل مل گئی ہے۔ کیا تم میرے بستر کے پاس میرے لیے گناہِ بے ضیافتی تلاش کرنا چاہتے ہو جبکہ تمہارے پاس ہی قبیلہ طی اور اس کے جانور بندھے ہیں۔ ہماری تو عادت ہے کہ ہم جانوروں کے پاس آ کر ان میں سے عمدہ کا انتخاب کر کے اپنے مہمان کو خوب سیر کر کے کھلاتے ہیں''۔

کیا دیکھتا ہے کہ اس کی اونٹنی کی کونچیں کٹی پڑی ہیں، وہ (نحر) ذبح کر چکے ہیں۔ صبح جب چلنے لگے تو اپنے اس ساتھی کو کسی نے اپنے پیچھے سوار کرلیا۔ اسی اثناء میں انہیں دور سے پکارتا ہوا ایک شخص نظر آیا جو ایک اونٹ پر سوار تھا اور دوسرا اس کے ساتھ بندھا ہوا تھا، ان کے قریب آ کر کہنے لگا: تم لوگوں میں سے ابوالخیبری کون ہے؟ اس نے کہا: میں ہوں۔ آنے والے نے کہا: میں نے خواب میں حاتم کو دیکھا ہے، انہوں نے مجھے بتایا کہ تمہاری اونٹنی سے انہوں نے تمہارے ساتھیوں کی ضیافت و مہمان نوازی کی ہے، اور مجھے حکم دیا ہے کہ میں تمہیں سواری کا جانور دوں تو یہ اونٹ ہے اس پر سوار ہو جاؤ۔

اسی قصہ کو ابوالفرج اصبہانی [1] نے مذکورہ سند سے حاتم طائی کے حالات میں نقل کیا ہے کہ محرز بن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ولید مولا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے سنا کہ ابوالخیبری نامی ایک شخص تھا جس کا گزر اپنے ساتھیوں سمیت حاتم طائی کی قبر پر سے ہوا۔ اس رات ابوالخیبری پکار کر کہنے لگا: اپنے مہمانوں کی ضیافت کرو پھر وہ واقعہ ذکر کیا۔ اسی میں ہے: پھر وہ جتنی اللہ کی رضا تھی چلے اس کے بعد انہیں ایک سوار نظر آیا۔ وہ عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ تھے، کہنے لگے: حاتم کو میں نے خواب میں دیکھا ہے، انہوں نے تمہاری اونٹنی سے ضیافت کی ہے اور اس بارے میں اشعار کہے ہیں جنہیں اتنا دہرایا کہ مجھے یاد ہو گئے۔ پھر ان کا ذکر کیا، اسی میں ہے انہوں نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تمہیں اس اونٹ کو سواری کے لیے دوں چنانچہ اس پر سوار ہو کر چلے گئے۔

القسم الرابع از حرفِ خاء

۹۸۴۸ ابوخالد الکندی [2]

ابوموسیٰ نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے کہ ابوبکر بن ابی علی نے ان کا ذکر کیا اور بطریق ابوفروہ روایت نقل کی ہے کہ میں نے ابومریم کو فرماتے سنا کہ میں نے ابوخالد کندی سے سنا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: ''جب تم ایسا شخص

[1] الاغانی (۱۰۱/۱۶) [2] اسد الغابہ (۵۸۳۲) تجرید (۱۶۱/۲)

Marfat.com

دیکھو جسے دنیا سے بے رغبتی جیسی صفت عطا ہوئی ہے تو اس کے قریب رہو....''۔ (حدیث) [1]

یہ حدیث ابوخلاد الرعینی کی ہے، ان کی کنیت اور نسبت میں وہم ہوگیا ہے۔

۹۸۴۹ ابوخداش [2]

انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے، ان سے ابوعثمان روایت کرتے ہیں کہ ہم لوگ ایک غزوہ میں تھے لوگوں نے ایک جگہ پڑاؤ کیا، رستہ مار لیا اور اونچائی پر رسّے لگا لیے، جب آپ نے یہ صورتحال دیکھی تو فرمایا: سبحان اللہ! میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کئی غزوات میں شرکت کی ہے میں نے آپ ﷺ کو فرماتے سنا: ''تمام مسلمان تین چیزوں میں شریک ہیں: گھاس، پانی اور آگ''۔ [1] ابن مندہ نے ایسا ہی ذکر کیا ہے۔

ابوعمر لکھتے ہیں: ابوخداش الشَرعَبی کا نام حبان بن زید شامی ہے۔ ان کا صحابی ہونا صحیح ثابت نہیں۔ کسی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کر دیا ہے اور مذکورہ حدیث کی طرف اشارہ کیا اور پھر اسے بیان کیا۔ فرماتے ہیں: اسے یزید بن ہارون وغیرہ نے حریز بن عثمان سے بحوالہ ابوخداش نقل کیا ہے۔ بعض نے ان کا نام حبان بن زید شرعبی بتایا ہے، اور یہ اضافہ نقل کیا ہے: ایک صحابیٔ رسول ﷺ سے مروی ہے، وہ نبی ﷺ سے نقل کرتے ہیں۔ انہی ابوخداش نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

میں کہتا ہوں: ادھر ابوالیمان نے حریز بن عثمان سے بحوالہ حبان روایت کی ہے جن کی کنیت ابوخداش ہے کہ شرعب کے ایک بزرگ روم کی سرزمین پر فروکش ہوئے۔ پھر وہ حدیث نقل کی۔ اس سے ابن عبدالبر کی بات کی موافقت ہوتی ہے۔ ابن مندہ کے انہیں دو شخص قرار دینے پر ابن الاثیر نے ان کا عیب شمار کیا ہے۔ ایک سلمی جن کا ذکر قسم اوّل میں گزر چکا ہے، دوسرے شرعبی۔ فرماتے ہیں: ابوعمر نے انہیں جن سے ابوعثمان روایت لیتے ہیں اور انہیں جن سے ابن محیریز روایت کرتے ہیں، ایک شخص کہا ہے: یہی درست ہے۔ جبکہ ابن مندہ اور ان کے متبعین نے ان میں فرق کیا ہے۔ انہوں نے پہلے شخص کو شَرعَب کا بزرگ اور دوسرے کو لخمی قرار دیا ہے۔ اگر انہیں اس بات کا علم ہوتا کہ شرعب لخم کا بطن ہے تو ویسا ہی کرتے جیسا ابوعمر نے لکھا ہے۔

میں کہتا ہوں: انہوں نے شرعب اور لخم کی وجہ سے فرق نہیں کیا۔ بلکہ وجہ یہ بنی کہ دوسری روایات سے یہ ظاہر ہوا کہ شرعبی ہی حِبّان بن زید شام کے مشہور تابعی ہیں صحابی نہیں۔ وہ تو کسی صحابی سے روایت لیتے ہیں۔ اور کبھی کوئی مرسل روایت کرتے ہیں یہ ابوخالد سلمی صحابی کے علاوہ ہیں۔ اگرچہ وہ حدیث جو ان دونوں نے روایت کی ہے ایک ہے۔ اسے عمرو بن علی فلاس نے یحییٰ قطّان سے انہوں نے ثور بن زید سے انہوں نے حریز سے انہوں نے ابوخداش سے انہوں نے کسی صحابیٔ رسول ﷺ سے نقل کیا ہے۔ فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سات غزوات میں شرکت کی، یا فرمایا: تین میں شرکت کی۔ عمرو بن علی کہتے ہیں: میں نے معاذ بن معاذ سے پوچھا تو انہوں نے حریز بن عثمان سے بواسطہ حبان بن زید شرعبی انہوں نے بحوالہ ایک صحابیٔ رسول ﷺ روایت کی ہے، عمرو فرماتے ہیں: پھر ہمارے پاس یزید بن ہارون آئے، انہوں نے ہم سے یہ حدیث بیان کی۔

یہی روایت ابواحمد الحاکم نے ''الکنیٰ'' میں لکھی ہے جس کی سند یوں ہے بطریق فلاس، پھر بطریق اسمٰعیل بن رجاء الزبیدی حریز بحوالہ ابوخداش وہ ایک صحابی سے نقل کرتے ہیں۔ ابوداؤد نے سنن میں عالی سند نقل کی، علی بن جعد سے وہ حریز سے وہ حبان

---

[1] ابن ماجہ الزھد باب الزھد فی الدنیا (٤١٠١) المعجم الکبیر (٩٧٥/٢٢) اسد الغابہ (٤٢٤/٤)

[2] اسد الغابہ (٥٨٣٥) تجرید (١٦١/١) مسند احمد (٣٦٤/٥) جامع المسانید (٥٤٩/١٣) اسد الغابہ (٤٢٥/٤)

Marfat.com

سے وہ قرن کے ایک شخص سے وہ مسدد، وہ عیسیٰ بن یونس وہ حریز سے وہ خداش سے وہ ایک مہاجر صحابی سے، اس سے پتہ چلا کہ ابوخداش کا نام حبان بن زید شرعبی ہے اور یہ تابعی ہیں صحابی نہیں۔ اور انہوں نے کسی نام والے صحابی سے روایت کی ہے جن کی نسبت میں اختلاف ہے، کوئی شرعبی اور کوئی قرنی تو کوئی کچھ اور کہتا ہے۔

۹۸۵۰ ابوخداش الشرعبیؔ [1]

حِبّان بن زید۔ کسی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ شام کے رہنے والے ہیں ان کا صحابی ہونا ثابت نہیں۔ یہ ابن عبدالبر کا قول ہے، اور بات بھی یہی ہے۔

۹۸۵۱ ابوخراش الرُّعَیْنی [2]

بقول ذہبی: [2] بقی بن مخلد نے ان کی ایک حدیث روایت کی ہے۔

میں کہتا ہوں: ابن مندہ نے انہیں صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کیا ہے جو غلطی ہے۔ چنانچہ وہ بطریق ابونعیم بحوالہ ابوخراش الرعینی روایت کرتے ہیں، فرمایا: میں جب مسلمان ہوا تو میری دونوں بیویاں آپس میں سگی بہنیں تھیں، میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ان دونوں میں سے جس کو چاہو طلاق دے دو''۔ [2]

میں کہتا ہوں: سند میں نقص اور تحریف واقع ہوئی ہے۔ اسی روایت کو ابن ابی شیبہ نے بحوالہ ابوخراش، وہ الدیلمی سے جو فیروز ہیں نقل کی ہے۔ یہ حدیث انہی سے مشہور ہے اور ان کا قصہ مشہور ہے۔ ابن ماجہ نے یہ روایت سنن میں ابوبکر بن ابی شیبہ سے اسی سند سے نقل کی ہے اور ابواحمد الحاکم نے الکنیٰ میں بطریق حسین بن سنان حرانی، عبدالسلام بن حرب سے نقل کی ہے یوں ابن مندہ کی سند سے ابووہب کا نام رہ گیا۔ اور جیشانی کی جگہ ابوالخیر کو برقرار رکھا، نیز اس سے الصحابی بھی رہ گیا۔

ابن مندہ نے رعینی کے حالات میں عمران بن عبداللہ کی روایت، ابوخراش سے انہوں نے فضالہ بن عبید سے نقل کی ہے جو وہم پر مبنی ہے۔ ادھر امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور ابواحمد الحاکم نے فضالہ سے روایت کرنے والے شخص میں (ان دونوں نے یہ نہیں کہا: وہ رعینی ہیں) اور رعینی میں فرق کیا ہے۔ جس کی تائید ابن یونس کے ''تاریخ مصر'' میں لکھے قول سے بھی ہوتی ہے کہ ابوخراش اور ان سے روایت کرنے والے عمران کی اس کے علاوہ کوئی حدیث معروف نہیں۔

۹۸۵۲ ابوخَلف (خادم النبی صلی اللہ علیہ وسلم)

زمخشری نے ''ربیع الابرار'' میں بحوالہ ابوخلف خادم النبی صلی اللہ علیہ وسلم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ قول نقل کیا ہے کہ ''جب فاسق کی تعریف کی جاتی ہے تو عرش تھرتھرانے لگتا ہے اور رب تعالیٰ ناراض ہوتا ہے''۔ ان کے ہاں اسی طرح بغیر سند کے لکھا ہے جبکہ اس میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کا نام رہ گیا ہے، مذکورہ حدیث ابویعلی کی کتاب میں ایک کمزور ترین سند سے بواسطہ ابوخلف اعمیٰ (نابینا) بحوالہ حضرت انس رضی اللہ عنہ خادم النبی صلی اللہ علیہ وسلم مروی ہے۔ ابن ماجہ نے ابوخلف کی بحوالہ حضرت انس رضی اللہ عنہ ایک اور حدیث بھی روایت کی ہے۔

---

[1] استیعاب (۲۹۶۷) تجرید (۱۶۱/۲) [2] اسد الغابہ (۵۸۳۸) تجرید (۱۶۱/۲) [2] تجرید (۱۶۱/۲)

[2] ابوداؤد کتاب الطلاق باب فی من اسلم و عندہ نساء (۲۲۴۳) ترمذی کتاب النکاح (۱۱۲۹، ۱۱۳۰)

ابن ماجہ کتاب النکاح (۱۹۵۰) مسند احمد (۲۳۲/۴) جامع المسانید (۵۵۲/۱۳) اسد الغابہ (۴۲۶/۴)

Marfat.com

حرفِ دال

قسم اوّل ازحرفِ دال

۹۸۵۳ ابوداؤد انصاری مازنی [1]

بقول بعض: ان کا نام عمرو یا عمیر ہے، دولابی کا قول ہے: میں نے ابن البرقی کو فرماتے سنا: ان کا نام عمیر بن عامر بن مالک بن خنساء بن مبذول بن عمرو بن غنم بن مازن بن النجار ہے۔ "التصحیف" میں عسکری رقمطراز ہیں کہ جھنی فرمایا کرتے تھے کہ یہ لفظ ابودوَاد (الف سے پہلے ہمزہ کے ساتھ) ہے، ابن الدباغ نے اسے صحیح کہا ہے ایسا ہی ابوعلی الغسانی نے ابن عبدالبر کے "اوہام" میں لکھا ہے جبکہ ابن فتحون نے اس کی تردید کرتے لکھا ہے کہ مسلم، نسائی، ابواحمد، طبری، ابن جارود اور ابن السکن سب نے ان کی کنیت ابوداوَد (واوَ سے پہلے الف کے ساتھ) لکھی ہے۔

میں کہتا ہوں: یہی مشہور ہے۔ ابن اسحاق [2] اور خلیفہ نے اسی پر بھروسا کیا ہے۔ اور اسی کے ساتھ ان سے مروی روایت میں آیا ہے۔ ابن اسحاق وغیرہ کا بیان ہے کہ وہ بدر اور بعد کے معرکوں میں شریک ہوئے۔ امام احمد نے بطریق ابن اسحاق بحوالہ ان کے والد انہوں نے ایک مازنی سے انہوں نے ابوداوَد کے حوالہ سے بدر میں ان کی شرکت کا قصہ ذکر کیا ہے۔ [3] دولابی کی بطریق جعفر بن حمزہ بن ابی داوَد مازنی بواسطہ ان کے والد بحوالہ ان کے دادا جو بدری صحابی ہیں روایت ہے، فرمایا: ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کی معیت میں نکلے یہاں تک کہ مسجد ذوالحلیفہ کے پاس پہنچے آپ نے چار رکعتیں پڑھیں اور پھر حج کا احرام باندھا۔ (حدیث) ابن سعد نے بواسطہ واقدی انہوں نے اپنی مسند سے بحوالہ ام عمارہ نقل کیا ہے کہ ابوداوَد مازنی اور سلیط بن عمرو بیعت عقبہ میں حاضر ہونا چاہتے تھے، پہنچے تو لوگ بیعت کر چکے تھے بعد میں انہوں نے اسعد بن زرارہ کے ہاتھ پر بیعت کی جو عقبہ کی رات نقباء کے سردار تھے۔

۹۸۵۴ ابودجانہ انصاری [4]

ان کا نام سماک بن خرشہ یا ابن اوس بن خرشہ بتایا جاتا ہے۔ اس پر اتفاق ہے کہ وہ بدر میں شریک اور یمامہ میں شہید ہوئے تھے۔ ابن اسحاق [5] نے بطریق یزید بن السکن مسنداً روایت کی ہے کہ جنگ بدر میں گھمسان کا رَن پڑا تو مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ اور ابودجانہ سماک بن خرشہ آپ علیہ السلام کا دفاع کرنے لگے، مصعب تو شہید ہوگئے اور ابودجانہ کو بہت زخم آئے۔ بقول بعض

---

[1] اسد الغابہ (۵۸۵۵) تجرید (۱۶۳/۲) [2] السیرۃ النبویۃ (۲۰۷/۲)
[3] مسند احمد (۴۵۰/۵) جامع المسانید (۵۶۵/۱۳) السیرۃ النبویۃ (۲۰۷/۲)
[4] اسد الغابہ (۵۸۵۶) تجرید (۱۶۳/۲) [5] السیرۃ النبویۃ (۵۴/۳)

Marfat.com

وہ مسیلمہ کذاب کے مارنے میں شریک تھے۔ صحیح مسلم میں بطریق حماد بن سلمہ بواسطہ ثابت بحوالہ انس رضی اللہ عنہ ان کا ذکر ثابت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُحد کے روز ہاتھ میں تلوار لے کر فرمایا: اس تلوار کو اس کے حق سمیت کون پکڑے گا؟ تو ابو دجانہ نے وہ تلوار سنبھالی اور اس سے مشرکین کی کھوپڑیاں چیرتے چلے گئے۔ ''الکنیٰ'' میں دولابی نے بطریق عبیداللہ بن وازع بواسطہ ہشام بن عروہ وہ بحوالہ اپنے والد روایت کرتے ہیں کہ زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اُحد کے روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک تلوار پیش کر کے فرمایا: اس تلوار کو اس کے حق سمیت کون پکڑے گا؟ تو ابو دجانہ سماک بن حرب کھڑے ہوئے۔ عرض کی: میں، لیکن اس کا حق کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اس سے کسی مسلمان کو قتل نہ کرنا اور اسے ہاتھ میں لے کر کسی کافر سے نہ بھاگنا''۔ ❁

۹۸۵۵ ابوالدحداح انصاری ❁

''انصاری'' حلیف ہونے کی وجہ سے کہلاتے ہیں۔ ابوعمر لکھتے ہیں: مجھے نہ ان کا نام معلوم ہے اور نہ نسب۔ میں ان کے بارے میں اس سے زیادہ نہیں جانتا کہ انصار میں سے ہیں اور ان کے حلیف ہیں۔ بغوی لکھتے ہیں: ابودحداح انصاری، اس سے زیادہ کچھ نہیں کہا۔ امام احمد، بغوی اور حاکم نے بطریق حماد بن سلمہ بواسطہ ثابت بحوالہ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کی ہے کہ ایک شخص نے عرض کی: اللہ کے رسول! فلاں کے پاس کھجور کا درخت ہے جس سے میں اپنی چار دیواری بنانا چاہتا ہوں۔ آپ علیہ السلام نے اس شخص سے کہا: ''اسے وہ کھجور کا درخت جنت کے ایک کھجور کے درخت کے بدلہ میں دے دو''۔ ❁ اس شخص نے انکار کر دیا۔ حضرت ابودحداح اس کے پاس آئے اور اس سے فرمایا میرے گھر کے بدلہ میں یہ کھجور کا درخت مجھے فروخت کر دو، تو اس نے ایسا ہی کیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ عرض کی: اللہ کے رسول! میں نے اپنے گھر کے بدلہ میں وہ کھجور کا درخت خرید لیا ہے، اب اس سائل کو دے دیں میں نے وہ آپ کو دے دی ہے۔ جس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ابودحداح کے لیے جنت میں کتنے ہی کھجور کے پھیلے ہوئے درخت ہیں''۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ جملہ کئی بار فرمایا۔ پھر وہ اپنے گھر آئے، اپنی اہلیہ سے کہا: ام دحداح اس گھر سے نکلو کیونکہ میں نے اسے ایک جنتی کھجور کے درخت کے بدلہ میں بیچ دیا ہے، تو انہوں نے فرمایا: کیا ہی وارے کا سودا ہے یا اس سے ملتا جلتا کوئی لفظ کہا۔ یہی روایت ہمیں مسند عبد بن حمید میں عالی سند سے لکھی ملی ہے۔ جو حدیث جابر بن سمرہ سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابودحداح کا جنازہ پڑھایا پھر ایک شاخ لے کر فرمایا..... (حدیث) اس کے آخر میں ہے: ''ابودحداح کے لیے کتنے ہی کھجور کے درخت ہیں''۔ اسی طرح یہ روایت انہوں نے حجاج بن محمد سے بواسطہ شعبہ، سماک سے بحوالہ ان کے روایت کی ہے۔ نیز محمد بن جعفر سے بواسطہ شعبہ بحوالہ ابودحداح نقل کی ہے۔ مسلم نے بندار سے انہوں نے محمد بن جعفر سے کہ ابودحداح سے مروی ہے ابن مندہ نے بطریق عبداللہ بن حارث بحوالہ ابن مسعود روایت کی ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ''جو اللہ تعالیٰ کو اچھا قرض دیتا ہے اللہ تعالیٰ اسے بڑھا چڑھا کر دے گا''۔ ❁ تو ابودحداح نے کہا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ تعالیٰ ہم سے قرض لینا چاہتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

❁ مسلم کتاب فضائل الصحابۃ باب من فضائل ابی دجانۃ (۶۳۰۳) مسند احمد (۱۲۲/۳) دلائل النبوۃ (۲۳۴/۳)

❁ اسد الغابہ (۵۸۵۷) تجرید (۱۶۳/۲)

❁ مجمع الزوائد (۳۲۴/۹) موارد الظمان (۲۲۷۱) ❁ البقرۃ (۲۴۵)

Marfat.com

ہاں۔ (حدیث) اس میں ان کے صدقہ کا ذکر ہے۔ بطریق عقیل، ابن شہاب سے مرسلاً اس کا مفہوم منقول ہے۔ ثابت بن دحداح کے حالات میں گزر چکا ہے کہ ان کی کنیت ابودحداح تھی، وہ نبی ﷺ کی حیات میں فوت ہوئے جس کی بنیاد پر ابوعمر نے کہا: وہ یہی ہیں۔ حق بات یہ ہے کہ وہ اور ہیں۔

ابن اسحاق کی روایت ہے کہ ابودحداح کا انتقال ہوا جو انصار میں باہر سے آ کر آباد ہوئے۔ تو نبی ﷺ نے عاصم بن عدی کو بلا بھیجا اور فرمایا: کیا اس کا تم لوگوں سے کوئی نسبی رشتہ ہے؟ عرض کی: نہیں۔ تو آپ ﷺ نے ان کی میراث ان کے بھتیجے ابولبابہ بن عبدالمنذر کو دی۔ [1] یہ واقعہ مناسب ہے کہ ثابت کے لیے ہو کیونکہ پہلے ان کے حالات میں گزر چکا ہے کہ وہ اُحد میں زخمی ہوئے، بقول بعض: اسی میں شہید ہوئے۔ ایک قول ہے کہ زندہ رہے بعد میں زخم مندمل ہوا تو وفات پا گئے۔ یہی راجح ہے۔ رہے یہ صحابی جن کا عنوان ہے تو یہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانہ تک زندہ رہے۔ چنانچہ ابونعیم کی روایت ہے کہ ابودحداح نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: ''جس کی پریشانی دنیا ہوگی اللہ تعالیٰ اس کے لیے میرا پڑوس حرام کر دے گا۔ کیونکہ میں دنیا کی بربادی کے لیے مبعوث ہوا ہوں نہ کہ دنیا کو آباد کرنے کے لیے''۔ [2] **تشریح** (یعنی دنیا کی وہ چیزیں جو اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل اور اس میں رکاوٹ پیدا کرتی ہیں)۔

میں کہتا ہوں: فضیل تک اس کی سند صحیح نہیں۔ اسی روایت کو طبرانی نے اس سے مکمل نقل کیا ہے جو جبرون بن عیسیٰ سے بواسطہ یحییٰ بن سلیمان بحوالہ فضیل مروی ہے۔ اور جبرون کی روایت کردہ حدیثیں بے بنیاد ہوتی ہیں۔

۹۸۵۶ ابوالدَّحداح [3]

بقول بعض: ابوالدَحداحہ ان کا نام ثابت ہے۔ ناموں میں ذکر ہو چکا ہے، مقاتل بن سلیمان کا زعم ہے کہ ان کا نام عمر ہے۔

۹۸۵۷ ابوالدرداء انصاری [4]

نام عویمر، تذکرہ ہو چکا ہے۔ بقول بعض: عامر اور لقب عویمر ہے۔

۹۸۵۸ ابودرّہ البلوی [5]

ابن یونس نے ان کا ذکر کیا ہے کہ انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے فتح مصر میں شریک تھے اور ان کی کوئی روایت مشہور نہیں۔ علی بن قدید فرماتے ہیں: میں نے ان کے گھر کے دروازہ پر لکھا دیکھا: ''یہ گھر ابودرّہ بلوی صحابیٔ رسول اللہ ﷺ کا ہے''۔ [6]

۹۸۵۹ ابوالدنیا [7] (بے نسبت)

مطین نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا اور محمد بن اسمٰعیل، ہشام بن عمار، صدقہ بن خالد، عمر بن قیس، عطاء ان کے

---

[1] ذکرہ ابن ابی شیبہ فی مصنفہ (۲۶۵/۱۱)

[2] المعجم الکبیر (۷۶۴/۲۲) کنز العمال (۶۲۷۹) مجمع الزوائد (۳۲۵/۹) اسد الغابہ (۴۳۴/۴)

[3] اسد الغابہ (۵۸۶۴) استیعاب (۲۹۸۰) [4] اسد الغابہ (۵۸۶۵) [5] اسد الغابہ (۵۸۵۹) تجرید (۱۶۳/۲)

[6] اسد الغابہ (۴۳۵/۴) [7] اسد الغابۃ (۵۸۶۰) تجرید (۱۶۳/۲)

Marfat.com

سلسلۂ سند میں ابوالدنیا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص جمعہ کے لیے آئے وہ غسل کر لیا کرے''۔ ہشام بن عمار فرماتے ہیں: یہ ابوالدنیا مشہور صحابی ہیں۔ اسی طرح بغوی نے بحوالہ ہشام نقل کیا ہے اور ابن مندہ بطریق ولید بن مسلم، عمر بن قیس سے نقل کرتے ہیں، لیکن متن میں یہ الفاظ ہیں: ''جمعہ کا غسل ہر بالغ پر واجب ہے''۔ [1] ابونعیم لکھتے ہیں: یہی درست ہے پہلے الفاظ غلط ہیں: ''العلل'' میں الدارقطنی لکھتے ہیں: یہ روایت محمد بن بکر برسانی نے عمر بن عطاء سے بحوالہ ابودرداء نقل کی ہے۔ صدقہ بن خالد فرماتے ہیں: عمر کی عطاء سے بحوالہ ابوالدنیا سند لفظاً غلط ہے۔

ابوبشر دولابی ''الکنیٰ'' میں لکھتے ہیں: اس میں غلطی ہشام بن عمار سے ہوئی۔ خطیب نے ''الکفایۃ'' میں بطریق احمد بن علی الابّار روایت کی ہے کہ میں نے ہشام بن عمار سے پوچھا: کیا آپ سے صدقہ بن خالد نے بیان کیا.... پھر وہ حدیث نقل کی۔ انہوں نے فرمایا: ہاں۔ الابار فرماتے ہیں: مجھے یہ حدیث اہل حمص کے ہاں عمر بن قیس سے بواسطہ عطاء بحوالہ ابودرداء لکھی نظر آتی ہے۔ مجھے لگتا ہے ان کی کتاب میں اندماج ہوکر ''عن ابی الدنیا ہوگیا'' یعنی راء دال میں مل گئی۔ ولید بن مسلم کا مذکورہ طریق ان سب کی تردید کرتا ہے اور یہی بات باقی رہ جاتی ہے کہ اس میں لفظی غلطی ہوئی ہے۔

القسم الثانی ازحرفِ دال

° اس میں کسی مرد کا ذکر نہیں۔

القسم الثالث ازحرفِ دال

۹۸۶۰ ابوالدھماء البنانی

دورِ نبوت پایا ہے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہاں آئے، اور آپ سے استدعا کی بنی بنانہ کو واپس قریش میں لوٹایا جائے۔ وہ لوگ ان سے جدا ہوکر بنی شیبان کے پاس چلے گئے تھے، ابودھماء ان کے سردار تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: مجھے تو اس بات کا علم نہیں۔ تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے آپ کو بتایا کہ ان کی بات صحیح ہے تو آپ نے ان سے فرمایا: آئندہ سال تم لوگ میرے پاس آجانا۔ اسی اثناء میں ان کے سردار ابودھماء قتل ہوگئے، جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت کا زمانہ ہوا تو یہ لوگ آگئے آپ نے انہیں قریش میں شامل کر دیا۔ اور جب حضرت عثمان شہید کر دیئے گئے تو انہیں بھی واپس لوٹا دیا گیا۔ جس کے بارے میں عبدالرحمٰن بن حسان کہتے ہیں: ع

''سدھائے ہوئے تجیبی نے ایسی ضرب لگائی کہ اس نے بنانہ کو بنی شیبان میں واپس پہنچا دیا''۔

یعنی جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت ہوئی یہ سارا واقعہ بلاذری کا ذکر کردہ ہے۔ زبیر بن بکار نے اس کا کچھ حصہ نقل کیا ہے وہ اپنی روایت میں لکھتے ہیں: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میرے والد انہیں سلام بھیجا کرتے تھے اور میرے پوچھنے پر فرمانے لگے: یہ ہماری بنی لؤی بن غالب سے ہی بچھڑی قوم ہے۔

---

[1] بخاری کتاب الجمعۃ باب غسل الجمعۃ (۸۷۹، ۸۹۵) مسلم کتاب الجمعۃ باب وجوب غسل الجمعۃ (۱۹۵٤)
ابوداؤد کتاب الطھارۃ باب الغسل یوم الجمعۃ (۳٤۱) اسد الغابہ (٤/٤۳۵)

Marfat.com

القسم الرابع ازحرف دال

۹۸۶۱ ابوالدرداء (بےنسبت)

ایک مرسل حدیث روایت کرنے کی بنا پر کسی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کر دیا ہے جو وہم پر مبنی ہے۔ چنانچہ ابن ابی الدنیا اور الشُعب میں بیہقی ان کے طریق اور ابودرداء الرھاوی تک ان کی سند سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''دنیا سے احتیاط کرو کیونکہ یہ ہاروت و ماروت سے بڑھ کر جادوگرنی ہے''۔ (حدیث) [1] بیہقی فرماتے ہیں: بعض کا قول ہے ابودرداء رھاوی سے وہ ایک صحابی سے نقل کرتے ہیں۔ ذہبی [2] لکھتے ہیں: ہمیں معلوم نہیں یہ ابودرداء کون ہیں اور وہ حدیث منکر ہے، اس کی کوئی اصل نہیں۔

۹۸۶۲ ابوالدیلمی

بغوی نے ان کا ذکر کیا ہے، میرے خیال میں درست ابن الدیلمی ہے جو فیروز ہیں، فاء میں جن کا ذکر ہو چکا ہے۔ بغوی لکھتے ہیں: یہ شام کے رہنے والے ہیں، ان کے نسب کا پتہ نہیں۔ پھر بطریق عروہ بن رویم، بواسطہ ابوادریس الخولانی بحوالہ ابودیلمی روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''سب سے افضل عبادت اللہ تعالیٰ کے بارے میں اچھا گمان رکھا ہے''۔ [3] فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: میں اپنے بندہ سے اس کے گمان کے مطابق معاملہ کرتا ہوں۔

---

[1] کنز العمال (٦٠٦٥) اتحاف السادة المتقين (٦٨/٨) كشف الخفاء (٥٨/١)

[2] ميزان الاعتدال (٥٢٢/٤)

[3] كنز العمال (٥٨٤٣) جمع الجوامع (٦٢٤٦)

Marfat.com

حرفِ ذال

القسم الاوّل ازحرفِ ذال

۹۸۶۳ ابوذباب المذحجی*

ازسعد العشیرۃ۔ بقول ابوعمر: ان کے اسلام لانے کی بڑی دلچسپ حدیث ہے، وہ شاعر بھی تھے۔ یہی عبداللہ بن ابی ذباب کے والد ہیں۔ ابوموسیٰ نے ذیل میں ان کا ذکر کیا ہے کہ حسن بن احمد سمرقندی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے: ''ابوذباب سعدی'' اس سے زیادہ کچھ نہیں لکھا۔ ابوموسیٰ نے بطریق عمارہ بن زید بحوالہ عبداللہ بن ابی ذباب انہوں نے اپنے والد سے نقل کیا ہے، فرمایا: میں شکار کا شوقین تھا.... پھر ایک واقعہ ذکر کیا، پھر فرمایا: میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا وہ جمعہ کا دِن تھا میں آپ کے منبر کے روبرو بیٹھا تھا، آپ خطبہ دینے منبر پر چڑھے حمد وثناء کے بعد فرمایا: ''میں واضح معجزات و دلائل کے ساتھ تمہاری طرف اللہ کا رسول (بن کر آیا) ہوں، اور میرے منبر کے آگے سعد العشیرہ کا ایک شخص بیٹھا ہے جو اسلام لانے آیا ہے، اس نے مجھے اور نہ میں نے اسے اس سے پہلے کبھی دیکھا ہے، نماز کے بعد یہ تم لوگوں سے ایک عجیب واقعہ ذکر کرے گا''۔ فرماتے ہیں: آپ نے نماز پڑھائی مجھے آپ سے بڑی مسرت ہوئی، نماز کے بعد فرمانے لگے: سعد العشیرہ کے بھائی قریب ہو جاؤ، ہمیں اپنا، صافی اور قراط یعنی اپنے کتے اور اپنے بت کا واقعہ سناؤ۔ فرماتے ہیں: میں کھڑے ہو کر اپنا واقعہ سنانے لگا۔ یہاں تک کہ جب وہ قصہ ختم ہونے لگا تو میں نے دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ خوشی کی وجہ سے سونے کی طرح چمک رہا تھا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اسلام کی دعوت دی اور میرے سامنے قرآن مجید پڑھا تو میں مسلمان ہو گیا.....۔ (حدیث) ایسا ہی ''شرف المصطفیٰ'' میں ابوسعید نیشاپوری نے طویل نقل کیا ہے، اس کے آخر میں ہے پھر میں نے آپ سے اپنی قوم کے پاس آنے کی اجازت مانگی، میں نے جا کر انہیں اسلام کی رغبت دلائی تو وہ مسلمان ہو گئے۔ میں انہیں لے کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ گیا۔ اسی کے متعلق میں کہتا ہوں: ع

''جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہدایت لے کر آئے تو میں نے ان کا اتباع کیا اور قراط کو ذلت کے گھر میں پھینک دیا۔
سعد العشیرہ کو میری طرف سے یہ پیام کون دے گا کہ میں نے فنا ہونے والی چیز کے بدلہ باقی رہنے والی چیز (آخرت) خرید لی ہے''۔

۹۸۶۴ ابوذباب (دوسرے)

فاکہی نے بطریق محمد بن یعقوب بن عتبہ انہوں نے اپنے والد سے انہوں نے حارث بن ابی ذباب سے وہ اپنے والد

---

* کنز العمال (۵۸۴۳) جمع الجوامع (۶۲۴۶)

Marfat.com

عباس سے نقل کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے قصی بن کلاب کے اشعار پڑھے: ع

''میں لوئ کی اولاد سے محتاط لوگوں کا بیٹا ہوں، مکہ میں میری ولادت ہوئی اور میں یہیں پلا بڑھا۔ میرے لیے بطحاء ہے جس کا معد کو پتہ ہے اور اس کا ظاہری علاقہ جو چاہے میں بھی وہی چاہتا ہوں۔ اگر اس میں قیدار اور نبیت کی اولاد امید نہ کرے تو میں غالب نہیں''۔

۹۸۶۵ ابوذر الغفاری*

مشہور زاہد (تارک الدنیا)۔ سچی بات کرنے والے۔ ان کے اور ان کے والد کے نام میں اختلاف ہے۔ مشہور یہ ہے کہ وہ جندب بن جنادہ بن السکن ہیں، ایک قول ہے: ابن عبداللہ۔ ایک قول ہے: ان کا نام بریر، بقول بُریر تصغیر ہے۔ یہی اختلاف ان کے والد کے بارے میں ہے۔ صرف السکن جو ان کے دادا ہیں ان کے بارے میں نہیں۔ بقول بعض: یزید اور عرفہ ایک قول ہے: ان کا نام یہی السکن بن جنادہ بن قیس بن عمرو بن مُلَیل (تصغیر ہے) ابن صُعیر (یہ بھی تصغیر ہے) ابن حرام، ابن غفار، ایک قول ہے: ان کے دادا کا نام سفیان بن عبید بن حرام بن غفار ہے اور ان کی والدہ کا نام رملہ بنت وقیعہ غفاریہ ہے، ایک قول ہے: یہ عمرو بن عبسہ کے ماں شریک بھائی ہیں۔ ابن ماجہ کی روایت میں لکھا ہے کہ نبی ﷺ نے ابوذر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے جنیدب! تصغیر کے ساتھ، یہ اختلاف جو ان کے اور ان کے والد کے نام میں ہے سارے کا سارا ابن عساکر نے بحوالہ ان کے قائلین نقل کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں: بریر بریق کی لفظی بگڑی ہوئی صورت ہے۔ ایسا زید اور یزید ہے۔ اسلام کی طرف سبقت کرنے والے ہیں۔ ان کے اسلام لانے کا واقعہ دو طرح سے صحیحین میں ہے، جن میں اختلاف ظاہر ہے۔ بخاری کی کتاب میں بطریق ابوحمزہ بحوالہ ابن عباس رضی اللہ عنہما منقول ہے کہ جب ابوذر رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ کی بعثت کی اطلاع ملی تو انہوں نے اپنے بھائی سے کہا: تم اس وادی میں جانا اور مجھے اس شخص کی اطلاع دو جس کا کہنا ہے کہ وہ نبی ہے اور اس کے پاس آسمان سے وحی آتی ہے اس کی بات غور سے سننا پھر مجھے آ کر بتانا۔

چنانچہ وہ بھائی روانہ ہوا اور وہاں پہنچ کر آپ علیہ السلام کی گفتگو سنی پھر ابوذر کے پاس واپس آیا اور ان سے کہا: میں نے دیکھا ہے وہ شخص اچھے اخلاق کا حکم دیتا ہے اور ایسا کلام سناتا ہے جو شعر و شاعری سے بالاتر ہے۔ تو ابوذر بولے: میں جو چاہتا تھا اس کی تم نے مجھے تشفی نہ کرائی پھر خود سامانِ سفر اور ایک پانی کا مشکیزہ لیا اور چلتے چلتے مکہ پہنچ گئے مسجد میں آئے، نبی ﷺ کو جانتے نہ تھے تلاش کیا اور کسی سے پوچھنا مناسب نہ سمجھا یہاں تک کہ شام پڑ گئی۔ وہیں ٹیک لگا کر لیٹ گئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ ایک مسافر شخص ہے چنانچہ یہ ان کے پیچھے ہو لیے۔ اور کسی نے ایک دوسرے سے نہیں پوچھا یہاں تک کہ صبح ہو گئی پھر اپنی مشک اور زادِ سفر لے کر مسجد میں آ گئے۔ یہ دِن بھی گزر گیا اور نبی ﷺ سے ملاقات نہیں ہوئی شام ہوئی تو اسی جگہ لیٹ گئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ گزرے اور دِل میں کہنے لگے: اس مسافر کا ابھی تک گھر نہیں آیا پھر انہیں اٹھا کر اپنے ساتھ لے گئے۔ اور کسی نے دوسرے سے نہیں پوچھا یہاں تک کہ تیسرا دِن گزر گیا پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ہی پوچھا: تم مجھے بتاتے نہیں کہ کیسے آنا ہوا؟ انہوں نے فرمایا کہ

---

* اسد الغابہ (۵۸۶۲) استیعاب (۲۹۸۵) تجرید (۱۶۴/۲)

Marfat.com

اگر تم مجھ سے عہد کرتے ہو کہ میری رہنمائی کرو گے تو میں بتاتا ہوں۔ چنانچہ انہوں نے وعدہ کیا تو انہوں نے بتا دیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ برحق ہیں۔ اور واقعی اللہ کے رسول ﷺ ہیں۔ صبح تم میرے پیچھے پیچھے چلنا اگر مجھے تمہارے بھائی کی کوئی تشویشناک بات محسوس ہوئی تو میں پیشاب کے بہانے ٹھہر جاؤں گا۔ اور اگر میں چلتا ہا تو میرے پیچھے چلتے رہنا، یہاں تک کہ تم میرے ساتھ اس گھر میں داخل ہو جانا جہاں میں داخل ہوں گا۔ چنانچہ وہ ان کے پیچھے روانہ ہوئے یہاں تک کہ نبی ﷺ کے پاس جا پہنچے، یہ بھی وہیں چلے گئے۔ آپ ﷺ کی بات سنی اور اسی جگہ مسلمان ہو گئے۔ نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: ''اپنی قوم کے پاس واپس چلے جاؤ اور انہیں بتاؤ یہاں تک کہ تمہارے پاس میرا حکم پہنچے''۔ عرض کی: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے، میں ان لوگوں کے درمیان ضرور اس کا اعلان کروں گا چنانچہ وہاں سے باہر نکلے مسجد حرام میں آئے اور بلند آواز سے کہا: اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ۔ لوگ ان پر ٹوٹ پڑے اور مارتے مارتے بے دم کر دیا۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے آ کر انہیں اپنے پہلو میں دبوچ لیا اور فرمانے لگے: رکو! تم جانتے نہیں یہ غفاری آدمی ہے جو شام تک تمہاری تجارتی گزرگاہ ہے، یوں انہیں وہاں سے چھڑایا، دوسرے دِن پھر یہی شوق و جذبہ لے کر اعلان کیا، انہوں نے پھر زدوکوب کیا، پھر حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھ ملا کر چھڑا لیا۔ [1]

مسلم میں بطریق عبداللہ بن الصامت بحوالہ ابوذر ان کے اسلام لانے کا قصہ مشہور ہے۔ ابتداء میں ہے نبی ﷺ کی بعثت سے پہلے میں جس رخ اللہ مجھے متوجہ کر دیتا اس طرف نماز پڑھ لیتا، ہم اپنی والدہ کے ساتھ اپنے ماموں کے ہاں آئے ہوئے تھے، ان کے پاس ایک آدمی آیا کہ انیس آپ کے گھر رہے گا۔ میرے بھائی کو پتہ چلا وہ کہنے لگا: اللہ کی قسم! میں تمہیں نہیں ٹھہراؤں گا چنانچہ ہم لوگ روانہ ہو گئے۔ میرا بھائی بھی چل پڑا وہ مکہ آیا۔ بعد میں اس نے مجھ سے کہا: میں مکہ گیا تھا وہاں میں نے ایک صاحب دیکھے ہیں جنہیں لوگ صابی (عربوں کے دین سے بے دین) کہتے ہیں۔ وہ تمہارے زیادہ مشابہ ہے۔ فرماتے ہیں: میں مکہ آیا، میں نے ایک شخص سے پوچھا: وہ صابی کہاں ہے؟ تو اس نے شور مچانا شروع کر دیا۔ صابی! صابی! لوگوں نے مجھ پر تیر برسائے گویا میں سرح ہدف بن گیا ہوں۔ کعبہ کے پردوں میں چھپ کر جان بچائی، وہاں میں پندرہ رات دِن رہا جہاں میرا کھانا پینا صرف آبِ زم زم تھا۔

فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ ہم سے ملے وہ دونوں حضرات مسجد حرام میں آئے۔ اللہ کی قسم! میں سب سے پہلا انسان ہوں جس نے انہیں اسلام والا سلام کیا۔ میں نے کہا: السلام علیك یا رسول اللّٰه! آپ ﷺ نے فرمایا: وعلیك السلام و رحمة اللّٰه! تم کون ہو؟ میں نے کہا: میں ایک غفاری ہوں۔ تو آپ کے ساتھی نے کہا: اللہ کے رسول! مجھے آج رات اس کی مہمان نوازی کی اجازت دیجئے تو وہ مجھے اپنے اس گھر میں لے گئے جو مکہ کی نچلی جانب تھا۔ مجھے کشمش کی مٹھی دی۔ فرماتے ہیں: میں اپنے بھائی کے پاس آیا اور اسے بتایا کہ میں تو مسلمان ہو چکا ہوں۔ وہ کہنے لگا: میں بھی تمہارے دین پر ہوں ہم اپنی والدہ کے پاس آئے۔ انہیں بتایا وہ بھی کہنے لگیں: میں تمہارے دین پر ہوں۔ فرماتے ہیں: پھر میں اپنی قوم کے پاس آیا انہیں اسلام کی

---

[1] بخاری کتاب مناقب الانصار باب اسلام ابی ذر الغفاری (۳۸۶۱)
مسلم کتاب فضائل الصحابہ باب فضائل ابی ذر الغفاری (۲۴۷۴)

Marfat.com

دعوت دی تو چند لوگوں نے میرا اتباع کر لیا۔

ہم نے ان کے اسلام لانے کے بارے میں تیسری حدیث بھی روایت کی ہے جس کی طرف اشارہ ان کے بھائی انیس کے حالات میں ہو چکا ہے کہ یہ چار آدمیوں کے بعد اسلام لائے۔ پھر اپنی قوم کے علاقوں میں چلے گئے۔ جہاں نبی ﷺ کی مدینہ آمد تک مقیم رہے، اسی دوران معرکۂ بدر و اُحد گزر گیا۔ انہیں اس کے بعد ہی ہجرت کا حکم ملا۔ وہ قد کے لانبے گندمی رنگ اور دبلے پتلے جسم کے مالک انسان تھے۔ ابو قلابہ بنی عامر کے ایک شخص سے نقل کرتے ہیں: میں منیٰ کی مسجد میں آیا وہاں ایک گندم گوں دبلے جسم والا آدمی دیکھا جس نے معمولی جوڑا پہن رکھا تھا میں نے ہیئت سے اندازہ لگا لیا کہ یہ ابوذر ہی ہیں۔ مسند یعقوب بن شیبہ میں بروایت سلمہ بن اکوع مروی ہے کہ ابوذر رضی اللہ عنہ دراز قد تھے۔ طبرانی نے حدیث ابودرداء سے نقل کیا ہے کہ جب ابوذر آتے تو ان سے ابتداء کرتے اور جب نہ ہوتے تو انہیں تلاش کرتے۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے بطریق عراک بن مالک روایت کی ہے کہ ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: ''قیامت کے دِن اس شخص کی مجلس ونشست گاہ میرے زیادہ نزدیک ہوگی جسے میں جس حال پر چھوڑے جا رہا ہوں وہ اسی طرح میرے بعد رخصت ہوا ہوگا۔ اللہ کی قسم! میرے علاوہ تم میں سے ہر ایک کے ساتھ دنیا چمٹ گئی ہے''۔ ❁ اس کے رجال تو ثقہ ہیں البتہ عراک بن مالک سے ابوذر رضی اللہ عنہ تک سلسلہ منقطع ہے۔ ابویعلی نے دوسری سند سے اس کا مفہوم بحوالہ ابوذر رضی اللہ عنہ متصلاً نقل کیا ہے، لیکن اس کی سند ضعیف ہے، کتاب الزہد میں امام احمد رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: میں نے یزید بن ہارون کو محمد بن عمرو سے بحوالہ عراک بن مالک روایت کرتے سنا کہ ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''قیامت کے روز میری نشست گاہ تم لوگوں سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کے قریب ہوگی''۔ کیونکہ میں نے آپ ﷺ کو فرماتے سنا ہے: قیامت کے روز میرے نزدیک اس کی مجلس زیادہ قریب ہوگی جو دنیا سے اسی حالت سے رخصت ہوا جس پر میں اسے چھوڑ جا رہا ہوں۔ اللہ کی قسم! میرے علاوہ تم میں سے ہر ایک کے ساتھ کچھ دِن لگ گئی ہے۔ انہوں نے مسند میں ایسا ہی لکھا ہے۔ لیکن میرے خیال میں یہ سند منقطع ہے کیونکہ عراک کا سماع ابوذر سے نہیں ہے۔

ابوذر رضی اللہ عنہ نبی ﷺ سے اور ان سے انس، ابن عباس، ابوادریس خولانی، زید بن وہب، اَحنف بن قیس، جبیر بن نفیر، عبدالرحمٰن بن تمیم، سعید بن المسیب، خالد بن وہبان جو ابوذر کے خالہ زاد ہیں بقول بعض: ابن اُبان ایک قول ہے وہ ان کے بھتیجے ہیں۔ ابوذر رضی اللہ عنہ کی اہلی، ہ عبداللہ بن الصامت، ابواسماء الرحبی، خرشہ بن حر، زید بن ظبیان معرور بن سوید، یزید بن شریک، ابوعثمان نہدی، ابوالاسود دؤلی۔ ابومراوح غفاری، عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ عبدالرحمٰن بن حجیرہ، عبدالرحمٰن بن شماسہ اور عطاء بن یسار وغیرہ حضرت روایت کرتے ہیں۔ ابواسحاق سبیعی بواسطہ ہانی بن ہانی بحوالہ حضرت علی روایت کرتے ہیں۔ ابوذر علم کا بھرا تھیلا ہے جس پر گرہ لگا دی گئی ابوداؤد نے یہ روایت جید سند سے نقل کی ہے۔ ابوداؤد ہی اور امام احمد عبداللہ بن عمرو سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: ''اس دھرتی پر اور اس آسمان کے نیچے ابوذر رضی اللہ عنہ سے زیادہ سچے لہجہ والا کوئی نہیں''۔ ❁ اس باب میں حضرت

❁ مسند احمد (۱۶۵/۵)

❁ ترمذی کتاب المناقب باب مناقب ابی ذر (۳۸۰۱، ۳۸۰۲)

ابن ماجہ المقدمۃ باب فی فضائل اصحاب رسول اللہ ﷺ (۱۵۶) مسند احمد (۲۲۳/۲)

Marfat.com

علی، ابودرداء، ابوہریرہ، جابر، اور ابوذر رضی اللہ عنہم سے مروی روایات ہیں جن کے طُرُق ابن عساکر نے ان کے حالات میں ذکر کیے ہیں۔

آجری بحوالہ ابوداؤد نقل کرتے ہیں کہ ابوذر بدر میں شریک نہیں ہوئے۔ لیکن ابوعمر نے انہیں بدری صحابہ رضی اللہ عنہم میں شامل کیا ہے، وہ علم میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے ہم پلہ تھے۔ سیرۃ نبویہ میں ابن اسحاق نے ضعیف سند سے نقل کیا ہے کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: (قحط کا زمانہ تھا) لوگ غزوۂ تبوک میں بچھڑنے لگے، لوگ کہنے لگے: اللہ کے رسول! فلاں شخص پیچھے رہ گیا ہے، آپ نے فرمایا: ''اگر اس کے برعکس ہے تو اللہ تعالیٰ نے تم کو اس سے راحت بخشی ہے''۔ ادھر ابوذر نے اپنے اونٹ پر کافی دیر لگا دی۔ جب وہ نہ اٹھا تو اپنا سامان اپنی پیٹھ پر رکھے چل نکلے، کسی مسلمان کی نظر پڑ گئی، کہنے لگا: یہ شخص تو راستہ پر آ رہا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کرے ابوذر ہی ہوں۔ جب لوگوں نے غور سے دیکھا تو کہنے لگے: اللہ کے رسول! یہ تو واقعی ابوذر ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ ابوذر پر رحم فرمائے، اکیلا رہے گا، اکیلا فوت ہوگا اور اکیلا ہی اٹھایا جائے گا''۔ ✿ پھر ان کی وفات کا ذکر کیا.....۔ ✿

ربذہ میں ان کی وفات ہوئی، تاریخ وفات میں اختلاف ہے۔ ۳۱ھ بقول بعض اس کے بعد ہوئی اسی پر اکثریت کی رائے ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ان کی نمازِ جنازہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔ جو ایک سند سے مروی ہے جس پر قدح کی بات نہیں۔ مدائنی فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ربذہ میں ان کی نمازِ جنازہ پڑھائی پھر مدینہ آئے اور کچھ مدت بعد وفات پا گئے۔

۹۸۶۶ ابوذر (دوسرے)

تجرید میں ذہبی ✿ نے ذکر کیا ہے کہ بقی بن مخلد کی مسند میں ان کی ایک حدیث ہے، ہوسکتا ہے یہ بعد والے ہوں۔

۹۸۶۷ ابوذرہ بن معاذ ✿

بن زرارہ انصاری ظفری۔ بقول بعض: ان کا نام حارث ہے۔ طبری فرماتے ہیں: یہ ان کے والد اور بھائی ابونملہ اُحد میں شریک ہوئے۔

میں کہتا ہوں: یہ ابونملہ کے سگے بھائی ہیں، ابواحمد الحاکم نے ان کا ذکر کیا ہے۔ ابونملہ کے حالات میں ان کا نسب بیان ہوگا۔

۹۸۶۸ ابوذرہ الحرمازی

دولابی نے ان کا ذکر کیا ہے ان کا نام نصلہ بن طریف بن نہصل ہے، ناموں میں ذکر ہو چکا ہے۔

القسم الثانی ازحرفِ ذال، خالی ہے۔

✿ المستدرك (۵۰/۳) دلائل النبوة (۲۲۲/۵) كنز العمال (۳۳۲۳۲) البداية والنهاية (۸/۵)

✿ تین لفظوں کی مقدار جگہ خالی ہے۔ ✿ تجريد (۱٦۰/۲) ✿ اسد الغابه (۵۸٦۳) استيعاب (۲۹۸٦) تجريد (۱٦٤/۲)

Marfat.com

القسم الثالث ازحرفِ ذال

۹۸۶۹ ابوذؤیب الھذلی *

مشہور شاعر۔ نام: خویلد بن خالد بن محرث ابن رُبَیْد ابن مخزوم بن صاہلہ۔ بقول بعض: ان کا نام خالد بن خویلد ہے، باقی نسب اسی طرح ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ مخزوم میں یکجا ہو جاتا ہے۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے حالات میں ان کا بقیہ سلسلۂ نسب ہے۔ محمد بن سلام جمحی نے ''طبقات الشعراء'' میں عمرو بن العلاء کی روایت نقل کی ہے کہ میں نے عمر بن معاذ سے پوچھا: سب سے بڑا شاعر کون ہے؟ تو انہوں نے ایک قصہ ذکر کیا۔ ابوذؤیب خویلد بن خالد مغرب کی جانب اپنے ایک گھر میں فوت ہوئے۔ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے انہیں قبر میں اتارا۔ ابوعمر کی روایت ہے کہ کسی نے حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ سے پوچھا: سب سے بڑا شاعر کون ہے؟ آپ نے فرمایا: آدمی یا قبیلہ؟ لوگوں نے کہا: قبیلہ؟ فرمایا: ہذیل۔ ابن سلام فرماتے ہیں: میں کہتا ہوں: ہذیل میں سب سے بڑا شاعر ابوذؤیب ہے۔ عمر بن شبہ کا قول ہے: وہ اپنے اس قصیدہ کی وجہ سے ہذیل کے تمام شعراء پر فوقیت رکھتے ہیں: ع

''نفس کو اگر تم رغبت دلاؤ گے تو یہ رغبت کرنے والا ہے، اور جب اسے تھوڑے کا عادی بنا دو گے تو یہ قناعت و صبر کرنے لگے گا''۔

مرزبانی لکھتے ہیں: وہ فصیح، زیادہ غریب (عام استعمال سے ہٹ کر کرنے والے) شعر گوئی پر قدرت رکھتے تھے، جاہلیت میں ایک عرصہ گزرا۔ اسلام کا دور پایا تو مسلمان ہوگئے۔ ان کے عمومی اشعار اسلام کے کہے ہوئے ہیں۔ ان کی اولاد میں سے پانچ افراد طاعون میں مبتلا ہوئے اور ایک ہی سال فوت ہوگئے۔ وہ سب کے سب مرد تھے جو جنگجو اور بہادر تھے۔ وہ اپنے ایک قصیدہ میں فرماتے ہیں، جس کا مطلع یہ ہے: ع

''کیا تو موت اور اس کی آفت سے غمزدہ ہے، سو دیکھ! زمانہ کسی جزع فزع کرنے والے کا درد دُور نہیں کرتا''۔

اسی میں وہ کہتے ہیں: ع

''برا بھلا کہنے والوں کے لیے میرا صبر و استقلال نہیں یہ دکھانے کے لیے ہے کہ میں زمانہ کے حادثات سے نہیں ڈگمگاتا ہوں، اور جب موت اپنے پنجے گاڑ لیتی ہے تو دیکھے گا کہ کوئی تعویذ سودمند نہیں ہوتا، دِل کو اگر تم رغبت دلاؤ گے تو وہ رغبت ہی کرنے والا ہے اور اگر اسے تھوڑی چیز کا عادی بنا دو گے تو یہ اس پر صبر کرنے لگے گا''۔

ابن مندہ نے بطریق البلوی ابوذؤیب شاعر کی روایت نقل کی ہے کہ میں مدینہ آیا تو یہاں کے لوگ پھوٹ پھوٹ کر ایسے رو رہے تھے جیسے کوئی زخمی روتا ہے۔ جب سب نے احرام باندھا تو میں نے پوچھا: کیا ہوا ہے؟ انہوں نے بتایا: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم فوت ہوگئے ہیں۔

ابن عبدالبر کا بیان ہے کہ ابن اسحاق یہ روایت ابوالآکام سے نقل کی ہے۔ جس کی ابتداء میں یہ الفاظ ہیں: ہمیں معلوم ہوا

* اسد الغابہ (۵۸۶۵) تجرید (۱۶۴/۲)

Marfat.com

کہ رسول اللہ ﷺ بیمار ہیں۔ مجھے لگا جیسے کوئی جنگ چھڑی ہے میں نے یہ رات سب سے زیادہ لمبی پائی جس کی تاریکی چھٹتی ہی نہ تھی کہ روشنی نمودار ہو یہاں تک کہ جب سحری کا وقت ہوا تو میری آنکھ لگی میں نے سنا کوئی کہہ رہا ہے: ع

''نخلستان اور معقل کے ٹیلوں کے درمیان اسلام پر ایک بہت بڑی مصیبت ٹوٹ پڑی۔ نبی محمد (ﷺ) وفات پا چکے ہیں۔ اور ہماری آنکھیں ان پر مسلسل آنسو بہا رہی ہیں''۔ [1]

فرماتے ہیں: میں گھبرا کر جاگا، آسمان کی طرف دیکھا تو مجھے سعد ذابح ستارہ نظر آیا، جس کی تاویل میں نے یہ سمجھی کہ عرب میں ایک مصیبت آنی ہے، پھر مجھے معلوم ہوا کہ نبی ﷺ انتقال کر گئے ہیں۔ میں اپنی اونٹنی پر سوار ہو کر چل پڑا۔ پھر اپنا قصہ ذکر کیا۔ اسی میں ہے: انہوں نے نبی ﷺ کی تجہیز دیکھی ابھی تک آپ ﷺ کو غسل نہیں دیا گیا، اس وقت آپ ﷺ کے پاس صرف آپ کے اہل خانہ تھے، پھر سقیفہ بنی ساعدہ میں اپنی موجودگی اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کا خطبہ سننے کا ذکر کیا اور اپنا وہ قصیدہ بیان کیا جس میں نبی ﷺ کا مرثیہ کہا تھا: ع

''ان کی وفات کی وجہ سے ستارے بے نور اور چودھویں کا چاند ماند پڑ گیا اور بطحاء کی وادی کے ٹیلے ریزہ ریزہ ہو گئے''۔

فرماتے ہیں: پھر ابوذؤیب اپنے دیہات واپس ہو گئے، جہاں اپنی وفات تک مقیم رہے۔ خلافتِ عثمانی میں مکہ کے راستہ میں فوت ہوئے۔ ان کے علاوہ کا قول ہے: زمانۂ عثمانی میں افریقا کے راستہ میں ایک مقام پر فوت ہوئے۔ وہ غزوۂ افریقا میں شریک تھے اور ابن زبیر رضی اللہ عنہما کے ساتھ تھے۔ بقول بعض: وہ رومی زمین میں جنگ کے دوران فوت ہوئے۔ مرزبانی کا قول ہے: خلافت عثمانی میں افریقا میں فوت ہوئے۔ ایک قول ہے: وہ مصر کی راہ میں فوت ہوئے۔ ابن زبیر رضی اللہ عنہما نے ان کی تجہیز و تکفین کی۔ ابن البرقی کا قول ہے: معروف بن خربوذ بحوالہ ابوالطفیل روایت کرتے ہیں کہ صحابیٔ رسول عمرو بن الحمق کا گمان ہے کہ کسی کتاب میں ہے کہ سب سے بڑی زمین ام صبّار بنی سلیم کا حرہ ہے اور سب سے کمینہ قبیلہ محارب خصفہ ہے اور سب سے بڑا شاعر ابوذؤیب ہے، فرماتے ہیں: ابوالحارث عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن سفیان الہذلی بحوالہ اپنے والد روایت کرتے ہیں کہ ابوذؤیب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت میں ان کے پاس آئے۔ کہنے لگے: امیر المومنین! سب سے افضل کونسا عمل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ پر ایمان رکھنا۔ کہا: میں نے تو یہ کام کر لیا ہے، اس کے بعد کونسا عمل ہے؟ فرمایا: اللہ کی راہ میں جہاد۔ کہا: اچھا یہ تو مجھ پر لازم ہے۔ مجھے نہ جنت کی اُمید ہے اور نہ جہنم کا خدشہ ہے۔ پھر وہیں سے وہ، ان کا بیٹا اور بھتیجا ابوعبید چل نکلے یہاں تک کہ وہ روم کی زمین میں فوت ہو گئے۔ لشکر عافہ کی زمین میں کشاں کشاں جا رہا تھا اس وقت انہوں نے اپنے بیٹے اور بھتیجے سے کہا: ایسا تو نہیں ہو سکتا کہ تم دونوں میرے پاس رہو اس لیے قرعہ اندازی کر لو، قرعہ ابوعبید کے حق میں نکلا تو وہ تدفین تک ان کے پاس رہے۔

قسم رابع از حرفِ ذال - خالی ہے۔

---

[1] پہلا اور دوسرا مصرعہ اسد الغابہ (۴/۴۳۸) میں ہے۔

Marfat.com

حرفِ راء

القسم الاوّل ازحرفِ راء

۹۸۷۰ ابوراشد الازدی ✿

عبدالرحمٰن بن عبید ہیں، ناموں میں ذکر ہو چکا ہے۔

۹۸۷۱ ابوراشد (دوسرے)

ابوملیکہ میں تذکرہ ہونا ہے۔

۹۸۷۲ ابورافع القبطی ✿ (مولاءِ رسول اللہ ﷺ)

ان کا نام: ابراہیم، اسلم، سنان، یسار، صالح، عبدالرحمٰن، قزمان، یزید، ثابت اور ہرمز بتایا جاتا ہے۔ ابن عبدالبر فرماتے ہیں: ان کا نام اسلم زیادہ مشہور ہے۔ یحییٰ بن معین کا قول ہے: ان کا نام ابراہیم ہے۔ یہی قول مصعب الزبیری کا ہے۔ ان کا لقب بُرَیہ ہے جو ابراہیم کی تصغیر ہے۔ ابن شاہین نے بحوالہ ابوداؤد نقل کیا ہے کہ ان کا نام قزمان تھا، بعد میں ابراہیم رکھا گیا۔ ایک قول ہے: اسلم ہے۔ ابن حبان نے یہ اضافہ نقل کیا ہے کہ یسار اور ہرمز بھی بتایا جاتا ہے۔ ایک قول ہے: یہ عباس بن عبدالمطلب کے غلام تھے، انہوں نے نبی ﷺ کو ہبہ کر دیا، آپ نے انہیں اس وقت آزاد کر دیا تھا جب انہوں نے آپ کو عباس بن عبدالمطلب کے اسلام لانے کی خوشخبری سنائی۔ محفوظ تو یہ ہے کہ وہ اسلم ہیں جب انہوں نے عباس رضی اللہ عنہ کو یہ خوشخبری دی کہ نبی ﷺ کو خیبر والوں پر فتح ہوئی ہے۔ جس کا ایک واقعہ ہے وہ بدر سے پہلے اسلام لے آئے تھے، لیکن اس میں شرکت نہ کر سکے۔ البتہ اُحد اور بعد کے معرکوں میں شریک رہے۔

نبی ﷺ اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں ان سے ان کی اولاد میں سے رافع، حسن، عبیداللہ اور مغیرہ روایت کرتے ہیں اور پوتوں میں سے حسن، صالح، عبیداللہ جو علی بن ابی رافع کی اولاد ہے۔ فضل بن عبیداللہ بن ابی رافع، ابوسعید المقبری، سلیمان بن یسار، عطاء بن یسار، عمرو بن شرید، ابوغَطَفان بن ظریف، سعید بن ابی سعید مولا حزم، حصین داؤد کے والد اور شرحبیل بن سعد وغیرہ۔ امام واقدی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ ابورافع مدینہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کچھ مدت پہلے یا بعد میں فوت ہوئے۔ ابن حبان کا قول ہے: خلافتِ علی بن ابی طالب میں فوت ہوئے۔

۹۸۷۳ ابورافع انصاری

ابوداؤد میں مخابرہ کی حدیث میں ان کا ذکر آتا ہے، جو بطریق مجاہد بواسطہ ابن رافع بن خدیج بحوالہ ان کے والد مروی

✿ اسد الغابہ (۵۸۶۶) استیعاب (۲۹۸۷) تجرید (۱۶۴/۲) ✿ اسد الغابہ (۵۸۶۷) تجرید (۱۶۴/۲)

Marfat.com

ہے۔فرمایا: ہمارے پاس ابورافع آئے.... پھر وہ حدیث ذکر کی۔احتمال ہے کہ یہ بعد والے ہوں۔

۹۸۷۴ ابورافع ظہیر بن رافع بن خدیج، ناموں میں ذکر ہو چکا ہے۔

۹۸۷۵ ابورافع الحکم بن عمرو الغفاری، ناموں میں ذکر ہو چکا ہے۔

۹۸۷۶ ابورافع الغفاری بقی ابن مخلد نے ان کی ایک حدیث نقل کی ہے، احتمال ہے کہ پہلے والے ہوں۔

۹۸۷۷ ابورافع

مولا نبی ﷺ، دوسرے ہیں۔قبطی نہیں۔مصعب الزبیری نے ان کا ذکر کیا ہے کہ ابورافع، ابواحیحہ سعید بن عاص بن امیہ کے غلام تھے، تو ان کی اولاد میں سے سوائے خالد بن سعید کے سب نے اپنا حصہ آزاد کر دیا۔انہوں نے اپنا حصہ نبی ﷺ کو سونپ دیا، آپ نے انہیں آزاد کر دیا۔وہ کہا کرتے تھے: میں رسول اللہ ﷺ کا مولا (آزاد کردہ غلام) ہوں۔امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے دورِ حکومت میں جب عمرو بن سعید بن عاص بن امیہ مدینہ کا حاکم بنا، اس نے ابورافع رضی اللہ عنہ کے بیٹے کو بلایا پوچھا تم کس کے مولا ہو؟ کہا: رسول اللہ ﷺ کا، تو عمرو بن سعید نے اسے سو کوڑے مارے اور پھر پوچھا: تم کس کے مولا ہو؟ اس نے کہا: رسول اللہ ﷺ کا۔پھر سو کوڑے لگائے۔یہاں تک کہ پانچ سو کوڑے لگائے۔مبرد نے ''الکامل'' میں ذکر کیا ہے، اس کا تقاضا ہے کہ یہ وہ ابورافع ہیں جن کا ذکر ہو چکا ہے۔ابن عبدالبر نے اسی کو اختیار کیا ہے اور مذکورہ قصہ ابورافع قبطی کے حالات میں لکھا ہے۔جو عبداللہ کاتبِ علی رضی اللہ عنہ کے والد ہیں۔جبکہ یہ بالکل غلط ہے، اس واسطے کہ وہ ابورافع جو عبیداللہ کے والد ہیں وہ تو عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کے غلام تھے، نہیں آپ ﷺ نے آزاد کر دیا تھا۔

ابوعمر فرماتے ہیں: نقلاً یہ قصہ ثابت نہیں کیونکہ اس میں اضطراب بہت زیادہ ہے۔عمرو بن دینار، جریر بن ابی حازم اور ایوب کی روایت ہے کہ جس نے ابورافع میں سے اپنا حصہ روک لیا تھا وہ صرف خالد ہی ہیں۔ایک اور روایت میں ہے کہ ماسوائے ایک حصہ کے وہ ابواحیحہ کے تھے، تو ان کی اولاد نے اپنا حصہ آزاد کر دیا۔آپ ﷺ نے وہ ایک حصہ خرید کر انہیں آزاد کر دیا۔

میں کہتا ہوں: ابوسعید بن الاعرابی نے یہ قصہ اپنی معجم میں بطریق جریر بن حازم بواسطہ حماد بن موسیٰ جن کا تعلق مدینہ سے ہے نقل کیا ہے کہ عثمان بن البہی بن ابی رافع نے ان سے بیان کیا کہ میرے دادا ابواحیحہ نے میراث چھوڑی بدر کے روز اپنی اولاد کے ساتھ روانہ ہوئے۔ان میں سے تین سعید، عبیداللہ اور عاص نے تو اپنا حصہ آزاد کر دیا یہ تینوں بدر کے روز کفر پر مرے۔تو سعید کی اولاد میں سے سوائے خالد بن سعید کے سب نے انہیں آزاد کر دیا۔کیونکہ خالد کو ابواحیحہ کی لونڈی کی وجہ سے ابورافع پر غصہ تھا وہ اس سے شادی کرنا چاہتے تھے۔خالد نے انہیں روکا لیکن انہوں نے بات نہ مانی، اور ان پر حملہ کر دیا۔جب ابورافع مسلمان ہو گئے، ہجرت کر لی تو رسول اللہ ﷺ سے خالد کے بارے میں بات کی، انہوں نے آزاد کرنے، ہبہ کرنے یا فروخت کرنے سے انکار کیا۔بعد میں انہیں ندامت ہوئی۔اور نبی ﷺ کو ہبہ کر دیا۔آپ ﷺ نے اپنا حصہ آزاد کر دیا، ابورافع کہا کرتے تھے، میں رسول اللہ ﷺ کا مولا ہوں۔جب عمرو بن سعید بن عاص مدینہ کا والی بنا تو بہی بن ابی رافع کو بلا بھیجا، پوچھا تم کس کے مولا ہو؟ اس نے کہا: رسول اللہ ﷺ کا۔تو اس نے سو کوڑے لگائے، پھر پوچھا: تم کس کے مولا ہو؟ تو یہی جواب دیا۔یہاں تک کہ پانچ سو

Marfat.com

درّے لگائے جب جان کا خوف ہوا تو کہہ دیا، میں تمہارا مولا ہوں۔ جب عبدالملک بن مروان نے عمرو بن سعید کو قتل کر دیا تو بھی نے اس کی مدح کی اور عمرو بن سعید کی ہجو کی۔ اس سے معلوم ہوا اس واقعہ والے ابورافع عبداللہ کے والد کے علاوہ کوئی شخص ہیں اس لیے کہ ان کی اولاد میں بھی نامی کوئی نہیں۔

۹۸۷۸ ابورائطه ✿ ابوریطہ میں تذکرہ ہونا ہے۔

۹۸۷۹ ابوالرباب کتاب النساء الرباب میں ذکر ہوگا۔

۹۸۸۰ ابوالربذاء بقول بعض میم اور دال سے تذکرہ ہونا ہے۔

۹۸۸۱ ابوربعی عمرو بن الاہتم التمیمی، تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۸۸۲ ابوالربیع عبداللہ بن ثابت انصاری، حدیث جابر بن عتیک میں ان کا ذکر ہو چکا ہے۔

۹۸۸۳ ابوربیعه ✿ (بے نسبت)

ابوموسیٰ کا قول ہے: ابوزکریا بن مندہ نے اپنے دادا کی کتاب کے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے اور ان کی کوئی حدیث نقل نہیں کی۔

۹۸۸۴ ابو رحیمه ✿ (بے نسبت)

حاء سے یا خاء سے۔ ابونعیم نے ان کا ذکر کیا اور بطریق رَوْح بن جناح، عطاء بن نافع بواسطہ حسن بحوالہ ابورحیمہ روایت نقل کی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو سینگی لگائی تو آپ نے مجھے ایک درہم دیا۔ ✿ اس کی سند میں ضعف ہے۔

۹۸۸۵ ابورداد الليثی ✿

بقول ابواحمد الحاکم اور ابن حبان، انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے ان کی حدیث زہری نے بواسطہ ابوسلمہ بن عبدالرحمٰ بحوالہ ان کے نبی ﷺ سے نقل کی ہے۔ اسی سند کی حدیث ابوداؤد ✿ نے نقل کی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں کہ رداد نے بحوا عبدالرحمٰن بن عوف انہیں بتایا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''میں رحمٰن ہوں میں نے رَحِم (رش داری) کو پیدا کیا''۔ ایسا ہی ابن حبان نے ثقات التابعین میں ''رداد اللیثی'' لکھا ہے۔ پھر بطریق معمر بواسطہ زہری، ابوسلمہ سے ردّاد سے بحوالہ عبدالرحمٰن بن عوف بیان کی، فرماتے ہیں: میرا گمان نہیں کہ معمر نے اسے یاد رکھا ہو۔

میں کہتا ہوں: ابن عیینہ نے زہری سے ترمذی میں ان کی متابعت کی ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حدیث معمر ہے

✿ اسد الغابہ (۵۸۶۸) تجرید (۱۶۵/۲) ✿ اسد الغابہ (۵۸۷۱) تجرید (۱۶۵/۲)

✿ اسد الغابہ (۵۸۷۳) تجرید (۱۶۵/۲) ✿ جامع المسانید والسنن (۴۰/۱۱۴) اسد الغابہ (۴۴۲/۴)

✿ اسد الغابہ (۵۸۷۴) تجرید (۱۶۵/۲) ✿ ابوداؤد کتاب الزکوۃ باب صلۃ الرحم (۱۶۹۵، ۱۶۹۶)

Marfat.com

غلطی ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ''الادب المفرد'' میں بطریق ابن ابی عتیق، زہری، ابوسلمہ محمد بن عبدالرحمٰن، بواسطہ ابوردّاد اللیثی بحوالہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم روایت کی ہے۔ شعیب نے بحوالہ زہری اس کی متابعت کی ہے۔ ابوحاتم رازی لکھتے ہیں: اس سلسلہ میں ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عبدالرحمٰن کی روایت مشہور ہے۔ اس میں ابوردّاد کا قصہ ہے وہ یہ کہ ابوردّاد بیمار ہوئے تو عبدالرحمٰن بن عوف ان کی عیادت کرنے گئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں سے بہترین اور صلہ رحمی کرنے والا ابومحمد ہے۔ تو انہوں نے کہا: عبدالرحمٰن.... پھر حدیث ذکر کی۔

۹۸۸۶ ابوالبردین * (بے نسبت)

بغوی نے ان کا ذکر کیا ہے لیکن ان کی کوئی حدیث ذکر نہیں کی۔ ابن مندہ کا قول ہے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر آتا ہے۔ لیکن ان کا صحابی ہونا ثابت نہیں۔ ان کی حدیث حارث بن ابی اسامہ اور طبرانی نے مسند شامیین میں بطریق عبدالحمید بن عبدالرحمٰن بحوالہ ابوالبردین نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو قوم بھی اکٹھے ہو کر اللہ تعالیٰ کی کتاب پڑھتی اور ایک دوسرے کو سکھاتی ہے تو وہ اللہ کے مہمان ہیں اور فراغت تک فرشتے انہیں گھیر لیتے ہیں''۔ *

۹۸۸۷ ابورزین * (بے نسبت)

بقول ابوعمر: ان سے صرف ان کا بیٹا عبداللہ روایت کرتا ہے یہ دونوں نامعلوم شخص ہیں۔ شکار کے چھپ جانے کے بارے میں ان کی حدیث آتی ہے۔

۹۸۸۸ ابورزین * (دوسرے ہیں)

بقول بعض: اہل صفہ میں شامل ہیں، خلعیات میں ہم نے بطریق عمرو بن بکر سکسکی، محمد بن زید، ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن، وہ بحوالہ اپنے والد روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل صفہ میں سے ایک شخص سے کہا: جن کی کنیت ابورزین تھی۔ ابورزین! جب تم خلوت میں ہوا کرو تو اللہ تعالیٰ کے ذکر میں اپنی زبان کو حرکت دینا کیونکہ جب تک تم اپنے رب کا ذکر کرتے رہے تو نماز میں شامل لکھے جاؤ گے۔ ابورزین! جب لوگ جہاد کے لیے جانے لگیں اور تم چاہو کہ تمہیں بھی انہی جیسا اجر ملے تو مسجد سے جدا نہ ہونا۔ وہاں بغیر اجرت اذان دیتے رہنا''۔ * اس کی سند ضعیف ہے۔

ان کا ذکر ایک اور حدیث میں بھی آتا ہے جو عقیلی نے ''الضعفاء'' * میں محمد بن اشعث جو ایک مجہول راوی ہے کے حالات میں نقل کی ہے جو اس کے طریق سے بواسطہ ابوسلمہ بحوالہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مروی ہے کہ ابورزین نے عرض کی: اللہ کے رسول! میرے راستہ میں قبرستان آتا ہے تو کیا کوئی ایسی بات ہے جو میں وہاں سے گزرتے ہوئے ان سے کہوں؟ آپ نے فرمایا: یوں کہو!

---

* اسد الغابہ (۵۸۷۵) تجرید (۱۶۵/۲)

* المعجم الکبیر (۸۴۴/۲۲) مجمع الزوائد (۱۲۲/۱) جامع المسانید (۴۲/۱۴) اسد الغابہ (۴۴۳/۴)

* اسد الغابہ (۵۸۷۷) تجرید (۱۶۵/۲) * اسد الغابہ (۵۸۷۹) تجرید (۱۶۵/۲)

* حلیۃ الاولیاء (۳۶۶/۱) اسد الغابہ (۴۴۴/۴) * الضعفاء (۱۹/۴)

Marfat.com

السلام علیکم یا اهل القبور من المسلمن انتم لنا سلف و نحن لکم تبع و انا ان شاء اللّٰه بکم لاحقون۔ تو ابورزین نے کہا: اللہ کے رسول! کیا وہ سنتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: ''سنتے تو ہیں لیکن جواب نہیں دے سکتے''۔ ابورزین! کیا تم خوش نہیں کہ ان کی تعداد میں فرشتے تمہیں جواب دیں؟ عقیلی فرماتے ہیں: یہ روایت اسی سند سے مشہور ہے جو کتابوں میں (اور حفاظ کے سینوں میں) محفوظ نہیں۔ مردوں کو سلام کی اصل روایت اس کے علاوہ صحیح سند سے نقل کی جاتی ہے۔

۹۸۸۹ ابورزین العقیلی [1]

لقیط بن عامر ناموں میں ذکر ہوا ہے۔

۹۸۹۰ ابورعلہ القشیری

خواتین کے حصہ میں ام رعلہ میں تذکرہ ہوگا۔

۹۸۹۱ ابورفاعہ العدوی [2]

تمیم بن اَسد۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے یہی نام لیا ہے کسی نے ابن اُسید کسی نے اُسَید (تصغیر) کسی نے کہا: ان کا نام عبداللہ بن حارث ہے، یہی خلیفہ وغیرہ کا قول ہے۔

یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور ان سے حمید بن ہلال، وصلہ بن اشیم جو دونوں عدوی اور بصری ہیں روایت کرتے ہیں۔ صحیح مسلم میں حدیث حمید سے ان کی حدیث آتی ہے، فرمایا: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا پھر قصہ ذکر کیا کہ آپ ان کی خاطر منبر سے اترے اور گفتگو کی، آپ کی عادت تھی جب کوئی مسافر شخص دین کی کوئی بات پوچھتا تو آپ منبر سے اتر آتے، چنانچہ آپ لوہے کے پایہ والی ایک کرسی پر تشریف فرما ہوئے۔ اور مجھے وہ چیزیں سکھانے لگے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو سکھائی تھیں۔ (حدیث) [3] الحاکم مصعب زبیری کے طریق سے روایت ہے کہ ابورفاعہ عدوی صحابی ہیں ان کا نام عبداللہ بن حارث بن اسید بن عدی بن مالک بن بن الدوَل بن حِسل بن عدی بن عبدمناۃ ہے عبدالرحمٰن بن سمرہ کی معیت میں سجستان کی جنگ میں شرکت کی رات کی آخری گھڑ کھڑے ہوئے گرنے کی وجہ سے فوت ہوگئے۔

ابن عبدالبر نے لکھا ہے کہ بصرہ کے فضلاء (فضیلت والے) صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے تھے۔ کابل میں ۴۴ھ میں شہید ہوئے خلیفہ کا قول ہے کہ ابن عامر نے ۴۴ھ میں کابل فتح کیا جس میں ابوقتادہ عدوی بقول بعض: اس میں شہید ہونے والے ابورفا عدوی تھے۔ عدی بن غنام کا قول ہے: ابورفاعہ صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور اسود بن کلثوم کی قبر بیہق میں ہے۔ یہی قول مسلم کا ہے کہ ابورفا کی قبر بیہق میں ہے۔

۹۸۹۲ ابورقاد

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو مخاطب کیا تھا۔ زید رضی اللہ عنہ کے حالات میں بطریق واقدی یہ بات بیان ہو چکی ہے۔

---

[1] اسد الغابہ (۵۸۷۸) استیعاب (۲۹۹۳) تجرید (۱۶۵/۲) [2] اسد الغابہ (۵۸۸۰) تجرید (۱۶۵/۲)

[3] مسلم کتاب الجمعہ باب حدیث التعلیم فی الخطبۃ (۲۰۲۲)
نسائی کتاب الزینۃ باب الجلوس علی الکراسی (۵۳۹۲) مسند احمد (۴۴/۱۴)

Marfat.com

۹۸۹۳ ابورقیّہ (تصغیر ہے)

تمیم بن اوس داری، ناموں میں ذکر ہوا ہے۔

۹۸۹۴ ابورِمثہ البلوی ✿

بقول ترمذی: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ مصر کے رہائشی تھے اور افریقا میں فوت ہوئے۔ انہوں نے وصیت کی تھی کہ میری قبر زمین سے برابر کر دی جائے۔ اہل مصر سے ان کی حدیث منقول ہے۔ اسی طرح ابوعمر نے ان کا تذکرہ کیا ہے، ان میں اور بعد والے ابورمثہ تمیمی میں فرق کیا ہے، جبکہ المزی نے ان سے اختلاف کرتے ہوئے لکھا ہے کہ بعد والے تیمی، بقول بعض بلوی ہیں۔

۹۸۹۵ ابورمثہ التیمی ✿

از تیم الرباب بقول بعض: التیمی، کا نام رفاعہ بن یثربی ہے۔ ایک قول ہے: یثربی بن عوف، کسی نے یثربی بن رفاعہ کہا ہے اسی پر طبرانی کا اعتماد ہے ایک قول ہے: ان کا نام حیان ہے جس پر کئی لوگوں کا اعتماد ہے۔ بقول بعض: حبیب بن حیان، بقول بعض: حسحاس۔ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں ان سے ایاد بن لقیط، ثابت بن منقذ روایت لیتے ہیں۔ تین اصحاب السنن نے ان کی روایت لی ہے۔ ابن خزیمہ، ابن حبان اور الحاکم نے ان کی حدیث کو صحیح لکھا ہے۔

۹۸۹۶ ابورَمْداء البلوی ✿

ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے کہ ان کا نام یاسر ہے۔

۹۸۹۷ ابورُھم الغفاری ✿

نام: کلثوم بن حصین بن خالد بن المعیسر بن زید بن العمیس بن احمس بن غفار ہے، بقول بعض: ابن حصین بن عبید بن خلف بن حماس بن غفار غفاری۔ کنیت اور ناموں دونوں میں شہرت رکھتے ہیں۔ بیعت رضوان ✿ میں شریک تھے۔ فتح مکہ کے موقعہ پر نبی علیہ السلام نے انہیں مدینہ میں اپنا نائب مقرر کیا تھا۔ یہی بات ابن اسحاق سے مغازی میں مروی ہے۔ انہوں نے غزوۂ تبوک کی طویل حدیث نبی ﷺ سے روایت کی ہے۔ اسے بعض نے مختصراً نقل کیا ہے۔ ان سے ان کا بھتیجا اور مولا، ابوحازم تمار روایت کرتے ہیں۔ امام احمد اور بغوی وغیرہ نے بطریق معمر بحوالہ زہری روایت کی ہے کہ مجھے ابورُہم کے بھتیجے نے بتایا کہ انہوں نے ابورُہم کو فرماتے سنا: میں نے غزوۂ تبوک میں نبی ﷺ کے ساتھ شرکت کی۔ پھر وہ ✿ حدیث نقل کی۔ ابن سعد ✿ لکھتے ہیں:

✿ اسد الغابہ (۵۸۸۱) تجرید (۱۶۶/۲)

✿ اسد الغابہ (۵۸۸۲) استیعاب (۲۹۹۶) تجرید (۱۶۶/۲)

✿ اسد الغابہ (۵۸۸۳) استیعاب (۲۹۹۷) تجرید (۱۶۶/۲)

✿ اسد الغابہ (۵۸۹۳) استیعاب (۳۰۰۱) تجرید (۱۶۶/۲)

✿ جامع المسانید (۴۴۸/۴) ✿ مسند احمد (۳۴۹/۴) ✿ الطبقات (۱۷۹/۴)

Marfat.com

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ✿ اپنی قوم کو غزوۂ تبوک کی تیاری کے لیے بھیجا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی الادب المفرد، صحیح ابن حبان، معجم طبرانی میں ان کی حدیث ہے۔ ابوعروبہ کا بیان ہے کہ اُحد میں ان کے سینہ کی ہڈی اور گردن میں تیر پیوست ہوا تھا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں اپنا لعاب لگایا تو تندرست ہو گئے۔

۹۸۹۸ ابورُھم بن قیس اشعری ✿

برادر ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہما ان کے بھائی ابو بردہ بن قیس کے سوانح میں ان کی حدیث گزر چکی ہے جو طاعون کے متعلق ہے اس کی سند صحیح ہے۔ میں نے تاریخ مظفری میں ابن قتیبہ کے حوالہ سے دیکھا ہے کہ ابورہم فتنوں میں جلدی کرتے تھے اور ان کے بھائی ابوموسیٰ ان سے روکتے تھے پھر ایک واقعہ ذکر کیا۔ ابن قتیبہ فرماتے ہیں: بقول بعض: یہ ابورہم مشہور نہیں۔

میں کہتا ہوں: شاید یہ وہی ہیں پھر مجھے مسند احمد میں بطریق قتادہ ابوموسیٰ کی سند کے دوران حسن کی روایت مل گئی کہ ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کا ابورہم نامی ایک بھائی تھے جو فتنوں میں جلدی کرتے تھے۔ ابوموسیٰ نے ان سے ایک حدیث بیان کی۔ جب دو مسلمان اپنی تلواریں لیے روبرو ہو جاتے ہیں اور ان سے ایک دوسرے کو قتل کر دے تو دونوں جہنم میں جائیں گے''۔ ✿

۹۸۹۹ ابورُھم (دوسرے)

نام: مجدی بن قیس، تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۹۰۰ ابورُھم الارحبیّ

ناموں میں مطعم میں ان کا تذکرہ ہو چکا ہے، بغوی نے ان کا ذکر کیا ہے اور ابوعبید کے حوالہ سے نقل کیا ہے: ابورہم شاعر نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ایک سو پانچ سال کی عمر میں ہجرت کی ان کا تعلق بنی اَرْحَب سے تھا، جو ہمدان کے ہیں۔

۹۹۰۱ ابورُھم

بقول بعض: السمعی۔ میرے نزدیک یہ احزاب کے علاوہ ہیں۔ ابن سعد ✿ کا قول ہے: کوفہ کے رہنے والے تھے۔ شام جا بسے، یہ صحابی ہیں۔ نہ ان کا نسب لکھا ہے اور نہ نام۔ ابن ابی خیثمہ کی روایت ہے کہ ابورہم صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس نے اپنے امام (خلیفہ) کی بات نہ مانی اس کا اجر ضائع ہو گیا''۔ ✿ اسحاق بن راھویہ نے یہ روایت اپنی مسند میں بحوالہ بقیہ اور حسن بن سفیان نے بحوالہ اسحاق جبکہ ''دولابی'' نے بطریق ثور بن یزید یزید بن مرثد سے بحوالہ ابورہم نقل کی ہے، فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: ''جب تم میں سے کوئی سفر سے واپس آئے تو اپنے گھر والوں کے لیے ہدیہ

✿ الطبقات (٣٤٩/٤) مجمع الزوائد (٣٤٢/٥) ✿ اسد الغابہ (٥٨٩٣) استیعاب (٢٩٩٨) تجرید (١٦٧/٢)

✿ نسائی کتاب التحریم باب تحریم القتل (٤١٢٩) (٤١٣٠) ابن ماجہ کتاب الفتن باب اذا التقی المسلمان بیفیھما (٣٩٦٤) مسند احمد (٤١٢/٤)

✿ اسد الغابہ (٥٨٩٤) تجرید (١٦٧/٢) ✿ اسد الغابہ (٥٨٩٠) تجرید (١٦٧/٢)

✿ الطبقات (١٧٩/٥) ✿ السنن الکبریٰ (٨٧/٩) جامع المسانید (٥٨/١٤) اسد الغابہ (٤٤٨/٤)

Marfat.com

لے کر جائے۔ اگر اور کچھ نہ ملے تو اپنے تھیلے میں پتھر ہی ڈال لے۔ یا ایندھن کا گٹھا لے جائے اس سے انہیں خوشی ہوگی''۔ ان تینوں احادیث سے ابورہم کے صحابی ہونے کا پتہ چلتا ہے، ان میں سے پہلی حدیث ابن ماجہ نے دوسری سند سے بواسطہ یزید بن ابی حبیب انہوں نے ابوالخیر سے بحوالہ ابورہم نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سب سے افضل سفارش یہ ہے کہ تم نکاح کرانے میں سفارش کرو تاکہ دو افراد مل جائیں۔ اسی طرح طبرانی نے نقل کیا ہے البتہ متن میں یہ الفاظ زائد روایت کیے ہیں ''اور سب سے بڑا گناہ یہ ہے کہ کوئی کسی مسلمان کا مال ناجائز طور پر ہتھیا لے''۔ (حدیث)

اگر کسی راوی سے ''السمعی'' کہنے میں غلطی نہ ہوئی ہو تو یہ صحابی ہیں انہیں سمعی کہا جاتا ہے یہ ''احزاب بن اسید'' نہیں ہیں کیونکہ انہیں صحابی ہونے کا شرف حاصل نہیں ہے۔ اور یہ ناممکن نہیں کہ ایک ہی کنیت اور نسبت دو آدمیوں کی واقع ہو جائے۔

۹۹۰۲ ابورھیمہ [1] (تصغیر ہے) السمعی

مستغفری اور بردعی نے ان کا ذکر کیا ہے اور ابوموسیٰ نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابن مندہ نے ابونخیلہ اللہبی کے حالات میں ان کا ذکر کیا ہے جس کی تفصیل حرفِ نون میں آ رہی ہے۔ کیونکہ ابوموسیٰ نے بطریق ابن مندہ ان کا تذکرہ کیا ہے اور اس کا جواز پیش کیا ہے کہ وہ اس سے پہلے والی شخصیت ہے۔ اس کا احتمال ہے۔

۹۹۰۳ ابوالروم [1]

بن عمیر بن ہاشم بن عبدالدار بن عبدمناف بن قصی العبدری، مصعب کے بھائی ہیں۔ بقول البلاذری: ان کا نام عبدمناف ہے، جب مسلمان ہوئے تو یہ نام چھوڑ دیا۔ سابقین اوّلین میں سے ہیں۔ حبشہ ہجرت کی، پھر وہاں سے واپس آ کر اُحد میں شریک ہوئے۔ ابن کلبی کا قول ہے: خیبر سے پہلے آ کر اس میں شریک ہوئے۔ امام واقدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ان کی ہجرت الی الحبشہ پر اتفاق نہیں۔ ہیثم بن عدی وغیرہ نے اس کی نفی کی ہے۔

۹۹۰۴ ابورومیّ [1]

یعقوب بن سفیان نے ان کا ذکر کیا ہے اور بحوالہ ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کی ہے کہ ابورومی سب سے برے (شریر) شخص تھے، آپ ﷺ نے فرمادیا: اگر مجھے ابورومی نظر آ گیا تو میں اس کی گردن اتار دوں گا۔ صبح وہ خود ہی نبی ﷺ کی طرف آنے لگے، وہ آپ علیہ السلام کے صحابہ کے ساتھ تھے، ان سے باتیں کر رہے تھے۔ آپ نے جب دور سے انہیں دیکھا تو فرمایا: ابورومی خوش آمدید! اور انہیں جگہ دینے لگے۔ آپ نے ان سے فرمایا: ''ابورومی! گزشتہ رات تم نے کیا عمل کیا ہے؟'' وہ عرض کرنے لگے: ''اللہ کے رسول! میں ایسا کیا عمل کر سکتا ہوں حالانکہ میں تو سب سے شریر آدمی ہوں؟'' آپ ﷺ نے فرمایا: ''خوش ہو! کیونکہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے عمل کو جنت تک کا ذریعہ بنا دیا ہے، اس واسطے کہ اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے مٹاتا ہے اور جو چاہتا ہے برقرار رکھتا ہے''۔ [2]

---

[1] اسد الغابہ (٥٨٩٦) تجرید (١٦٧/٢) [2] اسد الغابہ (٥٨٨٥) تجرید (١٦٦/٢)
[1] اسد الغابہ (٥٨٨٦) تجرید (١٦٦/٢) [2] الدر المنثور (٦٧/٤)

Marfat.com

۹۹۰۵ ابورویحه الثُمالی *

ان کا نام ربیعہ بن السکن ہے، ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔ ابوموسیٰ کا قول ہے: ابورویحہ فزعی خثعم سے تعلق رکھتے ہیں۔ فرمایا: میں نبی ﷺ کے پاس آیا آپ لوگوں میں بھائی چارہ قائم فرما رہے تھے یہی قول مستغفری کا ہے۔

۹۹۰۶ ابورویحه الخَثعَمی *

نبی ﷺ نے ان میں اور بلال مؤذن کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا تھا۔ بقول بعض: ان کا نام عبداللہ بن عبدالرحمٰن خثعمی ہے۔ ابورویحہ نے نبی ﷺ سے کوئی بھی مسنداً حدیث نہیں نقل کی ہے۔ پھر انہوں نے بطریق محمد بن اسحاق یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم میں بھائی چارہ قائم کیا۔ تو بلال مولا ابوبکر مؤذن رسول اللہ ﷺ اور ابورویحہ عبداللہ بن عبدالرحمٰن خثعمی دونوں بھائی بنے۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے شام میں رجسٹریشن کی تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا: آپ کی رجسٹریشن کس کے ساتھ کروں؟ انہوں نے کہا: ابورویحہ کے ساتھ میں ان سے مذکورہ بھائی چارہ نہیں توڑ سکتا۔ چنانچہ آپ نے بلال رضی اللہ عنہ کی وجہ سے انہیں ان کے ساتھ ملا دیا اور حبشہ کا دیوان (رجسٹر) خثعم کے ساتھ شامل کر دیا۔ آج تک وہ شام میں خثعم کے ساتھ ہیں۔ ابواحمد الحاکم کا قول ہے: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ مجھے ان کے نام کا پتہ نہیں۔ ابوموسیٰ فرماتے ہیں: ابوعبداللہ بن مندہ نے ''الکنیٰ'' میں ان کا ذکر کیا ہے لیکن ہمارے پاس ان کی کتاب میں صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر نہیں۔ پھر بطریق ابواحمد الحاکم بحوالہ ابوالدرداء روایت کی ہے کہ جب عمر بیت المقدس کی فتح سے واپس آئے اور جابیہ جانے لگے تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے ان سے درخواست کی مجھے شام ٹھہرا دیں، چنانچہ آپ نے ایسا ہی کیا۔ اور حضرت بلال بولے: ابورویحہ میرا بھائی ہے۔ نبی ﷺ نے ہم میں بھائی چارہ قائم فرمایا تھا۔ پھر وہ دونوں بنی خولان کے ایک گھر والے کے پاس فروکش ہوئے۔ پھر وہ اور ان کا بھائی بنی خولان کے قبیلہ کے ہاں گئے ان سے کہا: ہم تم سے رشتہ لینے آئے ہیں۔ ہم دونوں کافر تھے، اللہ تعالیٰ نے ہمیں راہِ ہدایت نصیب فرمائی۔ غلام تھے، اللہ تعالیٰ نے آزادی عطا فرمائی۔ نادار و فقیر تھے، اللہ تعالیٰ نے بے نیاز کر دیا۔ اب اگر تم لوگ ہماری شادیاں کر دو تو اللہ کا شکر ہے اور اگر ہمیں واپس بھیج دو تو اللہ کے سوا نہ کوئی طاقت ہے اور نہ کوئی قوت۔ چنانچہ ان لوگوں نے ان دونوں کو رشتے دے دیئے۔ ابوعمر لکھتے ہیں: ابورویحہ سے مروی ہے کہ میں نبی ﷺ کے پاس آیا تو آپ ﷺ نے مجھے پرچم بنا کر دیا اور فرمایا: ''جاؤ لوگوں میں اعلان کرو! جو ابورویحہ کے جھنڈے تلے آ جائے گا اسے امن ہے''۔ *

میں کہتا ہوں: یہ بات ربیعہ بن السکن کے حالات میں ہو چکی ہے۔ ابوموسیٰ نے فزعی اور خثعمی میں فرق کیا ہے۔ ادھر ابن الاثیر * ان کا تعاقب کرتے ہوئے لکھتے ہیں: فزع خثعم کا بطن ہے۔ جو فَزَع بن شہران بن عِفرس بن حِلف بن افل۔ یہی خثعم ہیں ان سے یہ بات رہ گئی کہ پہلے شخص کا نام ربیعہ بن السکن ہے اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے بھائی کا نام عبداللہ بن عبدالرحمٰن ہے۔ میں ان کے حالات میں ذکر کر چکا ہوں کہ یہ ان کے علاوہ ہیں جن کے ساتھ نبی ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا بھائی چارہ قائم فرمایا

---

* اسد الغابہ (۵۸۸۸) تجرید (۱۶۶/۲) * اسد الغابہ (۵۸۸۷) تجرید (۱۶۶/۲)
* الاسماء والکنی للدولابی (۱۹۲/۱) اسد الغابہ (۴۴۷/۴) * اسد الغابہ (۴۴۷/۴)

Marfat.com

تھا۔ابن عساکر نے فزعی کی حدیث خثعمی کے سوانح میں نقل کی ہے، شاید وہ دونوں اُن کے نزدیک ایک شخصیت ہیں۔ واللہ اعلم!

۹۹۰۷ ابورئاب

ذال میں ذکر ہوا ہے، بقول بعض ابوذئاب ہی ابورئاب ہیں۔

۹۹۰۸ ابوریحانہ الازدی*

بقول بعض: انصاری ان کا نام شمعون تھا، ناموں میں حرف شین میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۹۰۹ ابوریحانہ القرشی*

ناموں میں عقبہ بن مالک الجھنی کے حالات میں ان کی حدیث گزر چکی ہے۔

۹۹۱۰ ابوریطہ المذحجی*

دولابی، طبرانی اور ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق عبداللہ بن احمد الیحصبی بواسطہ علی بن ابی علی، شعبی سے بحوالہ ابوریطہ بن کرامہ مذحجی روایت نقل کی ہے، فرمایا: ہم نبی ﷺ کے پاس تھے۔ آپ نے ایک سفر کرنے والی جماعت سے فرمایا: ہرگز تمہارے ساتھ شوئی بیمار جانور نہ ہو اور کسی سائل کو ہرگز نہ ہٹانا اور ہرگز کوئی گمشدہ جانور اپنے ساتھ شامل نہ کرنا، اگر تمہارا (اس سفر سے) نفع (کمانے) اور سلامتی (سے واپسی) کا ارادہ ہے..... (حدیث)* طبرانی کی روایت میں لکھا ہے، ابوریطہ عبداللہ بن کرامہ سے مروی ہے، مستغفری نے بطریق عمر بن صبیح، ابوحریز قاضی سجستان، بواسطہ شعبی بحوالہ ابوریطہ مذحجی نبی ﷺ سے روایت کی ہے کہ ایک دفعہ آپ مغرب اور عشاء کے درمیانی وقت میں بیٹھے تھے کہ ایک جماعت گزری جو آہستہ آہستہ جا رہی تھی.... پھر وہ حدیث ذکر کی۔* بغوی نے ان کا ذکر کیا تو لکھا، ابوریطہ، ان کی کوئی روایت نہیں نقل کی۔

۹۹۱۱ ابوریطہ* (دوسرے، بے نسبت)

ابونعیم نے ان کا تذکرہ کیا اور بطریق حسن بن سفیان بحوالہ ریطہ روایت کی ہے ان کے والد صحابیٔ رسول ﷺ تھے۔ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں رکابی چاٹ لوں یہ مجھے اسے کھانے سے بھر کر صدقہ کرنے سے زیادہ بہتر ہے۔* ابوموسیٰ نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔

---

* استیعاب (۳۰۰٤) تجرید (۱٦۷/۲) * اسد الغابہ (۵۸۹۸) تجرید (۱٦۷/۲)
* اسد الغابہ (۵۵۹۰۰) تجرید (۱٦۷/۲)
* مجمع الزوائد (۲۱۲/۳) المعجم الکبیر (۳۷٦/۲۲) کنز العمال (۱۷٦/۷) (٤٤۰۲۲)
* المعجم الکبیر (۹٤۱/۲۲) مجمع الزوائد (۲۱۲/۳) الکنی للدولابی (۳۱/۱)
* اسد الغابہ (۵۸۹۹) تجرید (۱٦۷/۲) * جامع المسانید (٦٤/۱٤) اسد الغابہ (٤۵۰/٤)

Marfat.com

۹۹۱۲ ابورِیمہ [1]

ابن حبان نے بغیر نام کے ان کا صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کیا ہے اور ان کے حالات کا کچھ بیان نہیں کیا۔ ابن مندہ اور ابونعیم بطریق منہال بن خلیفہ بحوالہ ازرق بن قیس روایت کرتے ہیں کہ ہمیں ابوریمہ نامی ایک شخص نماز پڑھاتے تھے وہ دائیں بائیں ایسے سلام پھیرتے تھے کہ ان کے رخساروں کی سپیدی نظر آتی تھی۔ پھر انہوں نے فرمایا: میں نے تمہیں ایسے ہی نماز پڑھائی ہے جیسے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے دیکھا ہے۔ [2] ابن مندہ کا بیان ہے شعبہ نے یہ روایت بواسطہ ازرق بن قیس بن عبداللہ بن ریاح بحوالہ ایک صحابی جن کا نام نہیں ذکر کیا نقل کی ہے۔ ''اطراف'' میں المزی نے لکھا ہے: ابوداؤد نے اسی سند سے نقل کی ہے۔ لیکن مجھے سنن کے کسی نسخہ میں یہ حدیث نہیں ملی جن میں سے ایک نسخہ ابوالفضل بن طاہر کا ایک نسخہ جو خطیب کے قلم سے منقول ہے۔ حفاظِ (حدیث) کی ایک جماعت نے دونوں کا مقابلہ کیا وہ انتہائی محفوظ ہے۔ اس پر اتفاق ہے کہ صحابی ابورمثہ یعنی ثاء سے پہلے میم ہے ایسا ہی طبرانی یہ حدیث ابورمثہ کی مسند کے حوالہ سے اپنی معجم میں روایت کی ہے اور اسی طرح میں نے مستدرک حاکم میں دیکھی ہے۔ واللہ اعلم!

القسم الثانی ازحرفِ راء - خالی ہے۔

القسم الثالث ازحرفِ راء

۹۹۱۳ ابورافع الصائغ [3]

ان کا نام نُفیع ہے مدنی ہیں بصرہ فروکش ہوئے۔ یہ بنت نجار کے مولا ہیں۔ بقول بعض: ان کے چچا زاد ہیں۔ ابن سعد نے اہل بصرہ کے پہلے طبقہ میں ان کا ذکر کیا۔ لکھتے ہیں: یہ بہت پہلے مدینہ سے چلے گئے تھے۔ ثقہ ہیں۔ الحاکم ابواحمد نے الکنی میں بطریق مرحوم العطار بواسطہ ثابت البنانی بحوالہ ابورافع روایت کی ہے کہ جاہلیت میں انہوں نے درندے کا گوشت کھالیا تھا۔ [4]

میں کہتا ہوں: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بکثرت اسی طرح خلفاء اربعہ، ابن مسعود، زید بن ثابت، ابی بن کعب اور ابوموسیٰ وغیرہ سے روایت کرتے ہیں۔ ان سے ان کا بیٹا عبدالرحمٰن، ثابت البنانی، بکر مازنی، قتادہ اور سلیمان تیمی وغیرہ روایت کرتے ہیں۔

عجلی کا قول ہے: اکابر تابعین میں سے معتبر ہیں۔ طبرانی نے اس بات کو وزنی قرار دیا ہے کہ ان کی کنیت ہی ان کا نام ہے اور ان کی توثیق کی ہے۔ ابوعمر کا قول ہے: تابعین علماء میں سے مشہور ہیں۔ دورِ جاہلیت پایا ہے۔ ابراہیم حربی نے ''غریب الحدیث''

---

[1] اسد الغابہ (۵۹۰۱) تجرید (۱۶۷/۲)

[2] ابوداؤد کتاب الصلاۃ باب فی الرجل یتطوع فی مکانہ الذی صلی بہ المکتوبۃ (۱۰۰۷) مسند احمد (۳۱۸۲)

[3] اسد الغابہ (۵۸۶۸) استیعاب (۲۹۸۸) تجرید (۱۶۴/۲)

[4] اسد الغابہ (۴۴۱/۴)

Marfat.com

میں عمدہ سند سے بحوالہ ابورافع روایت کی ہے۔ فرمایا: حضرت عمر رضی اللہ عنہ مجھ سے مزاح کر کے کہتے: سب سے جھوٹا صائغ ہے۔ جو آج کوکل کہتا ہے۔

۹۹۱۴ ابورجاء العطاردی *

بقول بعض: نام عمران بن ملحان، یا ابن تیم، ابن عبداللہ۔ ایک قول ہے: ان کا نام عطارد ہے۔ ابن قتیبہ لکھتے ہیں: ہجرت سے گیارہ (۱۱) سال پہلے پیدا ہوئے۔ اور ہشام بن عبدالملک کی خلافت تک زندہ رہے۔ تاریخ مظفری میں میں نے ایسا ہی لکھا دیکھا ہے۔ اشعث بن سوار کا قول ہے: ان کی عمر ایک سوستائیس (۱۲۷) سال تھی۔ صحیح بخاری میں ایک طریق سے مروی ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے تو ہم لوگ آگ کی طرف یعنی مسیلمہ کذاب کی طرف بھاگے۔ بقول ابوحاتم: دورِ جاہلیت کے ہیں۔ فتح کے بعد اسلام لائے اور ایک سوبیس (۱۲۰) سال زندہ رہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حضرت حسن سے پہلے فوت ہوئے۔ ان کی وفات دس (۱۰) میں ہوئی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل روایت کرتے ہیں۔ حضرت عمر، علی، عمران بن حصین، سمرہ بن جندب، ابن عباس اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں۔ جبکہ ان سے روایت کرنے والے مندرجہ ذیل افراد ہیں: ایوب، جریر بن حازم، عوف الاعرابی، مہدی بن میمون، عمران القصیر، ابوالاشہب اور الجعد ابوعثمان۔ ابن سعد کا قول ہے: انہیں علم، قرآن اور روایت حاصل تھی وہ معتبر ہیں۔ اپنی قوم کی چالیس سال امامت کی اور عمر بن عبدالعزیز کی خلافت میں فوت ہوئے۔ واقدی کا قول ہے: ۱۰۷ھ میں فوت ہوئے۔ جو وہم ہے۔ ذہلی فرماتے ہیں: حسن سے پہلے فوت ہوئے، میرے خیال میں ۱۰۷ھ کا سال ہے۔ یحییٰ بن معین، ابوزرعہ اور ابن عبدالبر نے انہیں ثقہ لکھا ہے اور یہ اضافہ نقل کیا ہے، البتہ ان سے کبھی غفلت ہو جاتی تھی۔

۹۹۱۵ ابورزین الاسدی

مسعود بن مالک، تابعی ہیں۔ اس میں اختلاف ہے کہ آیا انہوں نے دورِ نبوت پایا ہے یا نہیں۔ قسم چہارم میں ان کا تذکرہ ہوگا۔

۹۹۱۶ ابوالرّقاد ان کا نام شویس ہے۔

۹۹۱۷ ابورمح الخزاعی

دعبل بن علی نے طبقات الشعراء میں ان کا تذکرہ کیا ہے کہ اہل حجاز کے مخضرمی ہیں۔ انہوں نے ہی حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما کا مندرجہ ذیل اشعار میں مرثیہ کہا۔ میں آلِ محمد کے گھرانوں سے گزرا تو وہ مجھے ایسے نظر نہ آئے جیسے آباد تھے۔ اللہ تعالیٰ ان گھروں اور مکینوں کو دور نہ کرے اگرچہ وہ اپنے مکینوں سے خالی ہو گئے۔

۹۹۱۸ ابورهم السمعی

بقول بعض الظہری۔ نام احزاب بن اسید تھا۔ ناموں میں تذکرہ ہوا ہے۔

---

* اسد الغابہ (۵۸۷۲) تجرید (۱۶۵/۲)

Marfat.com

القسم الرابع ازحرف راء

۹۹۱۹ ابورزین*

مسعود بن مالک اسدی، ان کے مولا ہیں۔ بقول بعض: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مولا ہیں۔ نام عبید ہے، کوفہ فروکش ہوئے، ابن ام مکتوم، علی بن ابی طالب، ابوموسیٰ اشعری، ابوہریرہ رضی اللہ عنہ وغیرہ سے روایت کرتے ہیں۔ جبکہ ان سے ان کا بیٹا عبداللہ، اسمٰعیل بن ابی خالد، عطاء بن السائب، اعمش، منصور، موسیٰ بن ابی عائشہ اور مغیرہ بن مقسم روایت کرتے ہیں۔ ابوحاتم فرماتے ہیں: بقول بعض: صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ساتھ دیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح کے باب الطہارۃ میں ان کا فعل تعلیقاً ذکر کیا ہے اور ''الادب المفرد'' میں ان کی سند سے روایت کی ہے۔ اور امام مسلم اور چاروں نے ان کی روایت سے بحوالہ صحابہ رضی اللہ عنہم حدیث نقل کی ہے۔ ابن شاہین کا بیان ہے صحابی ہیں۔ ابوموسیٰ نے ان کا تعاقب کرتے ہوئے لکھا ہے: یہ صحابی نہیں اور نہ انہوں نے دورِ نبوی پایا ہے۔ پھر بطریق عاصم بن ابی وائل روایت کی ہے، انہیں ابورزین پر تعجب نہیں ہوتا جو بوڑھے ہو گئے۔ وہ عہد فاروقی میں لڑکے تھے اور میں مرد تھا۔ بقول بعض: وہ ابووائل سے بڑے تھے۔ عالم سمجھدار تھے۔ ایسا ہی تہذیب میں المزی کے قلم سے لکھا ہے مغلطائی ان کا تعاقب کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''فهما'' فاء سے غلط ہے ''بهما'' ہے۔ ایسا ہی امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے یحییٰ قطان سے بحوالہ ابوبکر نقل کیا ہے: ابورزین مجھ سے بڑے ہیں۔ یحییٰ فرماتے ہیں: وہ دونوں کا علم رکھتے تھے، ابوزرعہ اور عجلی وغیرہ نے انہیں ثقہ لکھا ہے۔

میں کہتا ہوں: ان کی حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جو مرسل ہے، ابوالحسن بن قطان نے انکار کیا ہے کہ انہوں نے ابن ام مکتوم کا دور پایا ہو شعبہ کا قول ہے جو ابن ابی حاتم نے بحوالہ ان کے مراسیل میں نقل کیا ہے، انہوں نے ابن مسعود سے سماعِ حدیث نہیں کیا ہے۔ بقول بعض: عبیداللہ بن زیاد نے ۶۰ھ کے بعد انہیں قتل کر دیا تھا۔ ایک قول ہے جماجم تک ۸۰ھ کے بعد زندہ رہے جس کی تاریخ ابن قانع نے پچانوے (۹۵) لکھی ہے۔

۹۹۲۰ ابورھم الانماری*

ابوبکر بن علی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور یہ روایت* نقل کی ہے کہ ابورہم انماری نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب لیٹنے لگتے تو فرماتے: بسم اللّٰه اللهم اغفر لی ذنبی واخسئ شیطانی وفكّ رهانی. (حدیث)* ابوموسیٰ نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے جو غلط ہے اور تحریف وتصحیف کا نتیجہ ہے، یہ نام تو زہیر انماری تھا ایسا ہی ابن ابی عاصم نے لکھا ہے جو ان کی کتاب الدعاء میں ہے اور طبرانی نے یہ دعا نقل کی ہے۔

---

* اسد الغابہ (۵۸۷۶) استیعاب (۳۰۰۰) تجرید (۱۶۵/۲)
* اسد الغابہ (۵۸۸۹) تجرید (۱۶۶/۲)
* الاحاد والمثانی (۲۸۷۸)
* ابوداؤد کتاب الادب باب ما یقال عند النوم (۵۰۵۴) کنز العمال (۱۸۲۳۶) مرقاۃ (۲۴۰۹)

Marfat.com

۹۹۲۱ ابورهم الظهری [1]

ابوبکر بن علی نے ان کا تذکرہ کیا ہے اور ابوموسیٰ نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے جو غلط ہے یہ السَمعی ہیں اور ان کا نام احزاب ہے۔ صحابی نہیں ہیں۔ ابن ابی عاصم [2] نے بحوالہ یحییٰ بن سعید العطار ان کا ذکر کیا ہے کہ حمص میں دوسو میں انہیں وظیفہ ملتا تھا، بہت بوڑھے تھے، پیلا خضاب لگاتے تھے، ان کا عمارہ نامی بیٹا یزید بن المہلب کے ساتھ شہید ہوا۔

۹۹۲۲ ابورهیمه الشجاعی [3]

ابوموسیٰ نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے اور حوالہ جعفر مستغفری کا دیا ہے جو غلط ہے شجاعی سماعی کی بگڑی ہوئی صورت ہے اور جو حدیث مستغفری نے ذکر کی ہے وہ وہی حدیث ہے جو قسم اوّل میں بطریق سلیمان بن داؤد مکی ان کے اتباع میں گزری ہے۔

۹۹۲۳ ابوریحانه [4]

عبداللہ بن مطر۔ ابونعیم نے ان کا ذکر کیا ہے جو غلط ہے۔ کیونکہ ابوریحان صحابی کا نام شمعون ہے، رہے عبداللہ بن مطر تو یہ تابعی ہیں، خادم نبی ﷺ حضرت سفینہ سے روایت کرتے ہیں۔

۹۹۲۴ ابوریطه مذحجی [5]

ابوموسیٰ نے ان میں اور ابورائطہ میں فرق کیا ہے جبکہ دونوں ایک ہیں اور حدیث بھی ایک ہے۔ بقول بعض: ابورائطہ سے اور بقول بعض: ابوریطہ سے مروی ہے جس کی وضاحت قسم اوّل میں کر چکا ہوں۔

۹۹۲۵ ابوریمه

قسم اوّل میں ان کے متعلق کلام ہو چکا ہے۔

---

[1] اسد الغابہ (۵۸۹۱) تجرید (۱٦٦/۲) [2] الاحاد والمثانی (۳۳۳/۵) [3] اسد الغابۃ (۵۸۹۵) تجرید (۱٦۷/۲)
[4] اسد الغابۃ (۵۸۹۷) تجرید (۱٦۷/۲) [5] اسد الغابۃ (۵۹۰۲) تجرید (۱٦۷/۲)

Marfat.com

حرفِ زا

القسم الاوّل ازحرفِ زاء

۹۹۲۶ ابوزرارہ انصاری

ابن ابی خیثمہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابوعمر لکھتے ہیں: اس میں تامّل ہے۔ بغوی کا قول ہے: ان کا نام معلوم نہیں، اور نہ میں یہ جانتا ہوں آیا صحابی ہیں یا نہیں؟ پھر انہوں نے اور ابن ابی خیثمہ نے یہ روایت نقل کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس نے تین بار منادی (مؤذن) کی آواز سنی اور جواب نہیں دیا اسے منافقوں میں شمار کیا جائے گا''۔ ✿1 یہی روایت دوسرے شیخ سے بحوالہ ابان مرسل نقل کی ہے۔ بعض نے یہ امکان ظاہر کیا ہے کہ ابوزرارہ، عبدالرحمٰن بن سعد بن زرارہ ہی ہیں۔ قسم ثانی حرف عین میں ان کا تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۹۲۷ ابوزرارہ نخعی ✿2

انہیں آنے کی سعادت حاصل ہے۔ ابن کلبی کا قول ہے: یہ بات ابن الاثیر نے بحوالہ ابن دباغ نقل کی ہے، جبکہ جمہرہ میں زرارہ نام ہے نہ کہ کنیت۔

میں کہتا ہوں: بات یہی ہے، ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے، میں نے صرف احتمال کی وجہ سے ذکر کر دیا ہے۔

۹۹۲۸ ابوزعراء ✿3

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے کہ اہل مصر میں شمار ہوتے ہیں، پھر ان کی روایت نقل کی ہے، فرماتے ہیں: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں نکلا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم سواریوں پہ تھے۔ میں نے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے دجال سے زیادہ بڑے فتنے کا اپنی امت کے بارے میں خوف ہے..... (حدیث) ✿4 اس میں ہے گمراہ حکمرانوں کا خوف ہے۔ محمد بن ربیع جیز نے اُن صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے جو مصر میں داخل ہوئے کہ اہل مصر کی ان سے ایک حدیث مروی ہے پھر مذکورہ سند سے اسے بیان کیا۔

۹۹۲۹ ابوزعنہ ✿5

شاعر۔ نام میں اختلاف ہے۔ عامر بن کعب بن عمرو بن خدیج/عبداللہ بن عمرو/کعب بن عمرو، طبری فرماتے ہیں: بدر میں

✿1 جامع المسانید (۶۹/۱۴) ✿2 اسد الغابہ (۵۹۰۳) تجرید (۱۶۷/۲) ✿3 ایضًا
✿4 اسد الغابہ (۵۹۰۳) تجرید (۱۶۷/۲) ✿5 السلسلۃ الصحیحۃ (۱۵۸۲) /۱۹۸۹) جامع المسانید (۷۱/۱۴) کنز العمال (۲۹۰۴۳)
✿1 اسد الغابہ (۵۹۰۷) استیعاب (۳۰۰۸) تجرید (۱۶۷/۲)

Marfat.com

ریک ہوئے، یہی ابوعمر کا بیان ہے۔

میں کہتا ہوں: ابن اسحاق ✿ کا بیان ہے: اُحد میں شریک ہوئے، پھر فرماتے ہیں بنی جشم بن خزرج کے ایک شخص وزعنہ بن عبداللہ بن عمرو بن عتبہ نے اُحد کے روز کہا، میں ابوزعنہ ہوں، بڑھاپا مجھے باز رکھتا ہے۔ باعث رسوائی وشرمندگی کے کام سے صرف درد کی وجہ سے بچا جا سکتا ہے۔ خزرجی جو جشم سے ہے اپنے علاقوں کی حفاظت کرتا ہے۔

۹۹۳۰ ابوزمعہ بلوی ✿

عسکری نے ان کا نام عُبَید ابن ارقم بتایا ہے، ابوموسیٰ کی کتاب میں یہ نام بغیر تصغیر عَبِید اور والد کے نام کے بغیر لکھا ہے۔ غوی اور ابن السکن وغیرہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق ابن لہیعہ بحوالہ ابوقیس مولا بنی جمح روایت کی ہے کہ میں نے ابوزمعہ بلوی کو فرماتے سنا (اور وہ بیعت رضوان کے شرکاء میں سے تھے) ایک دِن فسطاط تشریف لائے میدان میں کھڑے ہوئے انہیں عبداللہ بن عمرو کی بعض سختیوں کا علم ہوا تھا، فرمانے لگے: لوگوں پر سختی نہ کرو کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے: بنی اسرائیل کے ایک شخص نے ننانوے (۹۹) قتل کیے تھے۔ ✿ حدیث طویل ہے۔ یہ حدیث میں نے معجم بغوی میں حرف قاف کے آخر میں دیکھی ہے، مجھے اس کا سبب معلوم نہ ہو سکا پھر میں نے دوسرا نسخہ دیکھا۔ بقول بعض: ان کا نام عبید بن آدم ہے۔

۹۹۳۱ ابوزہراء بلوی ✿

صحابی ہیں۔ فتح مصر میں شریک تھے۔ ابن مندہ نے بحوالہ ابن یونس ان کا ذکر کیا ہے، مجھے یہ لفظی غلطی لگتی ہے۔ یہ نام تو ابوزعراء ہے، کیونکہ تاریخ ابن یونس میں ابوزعراء کے علاوہ اور کوئی نہیں۔ ایسا ہی ابن ربیع جیزی کی کتاب ''مصر میں داخل ہونے والے صحابہ رضی اللہ عنہم'' میں ہے۔

۹۹۳۲ ابوزہراء قشیری

قسم ثالث میں ان کا ذکر ہوگا، ممکن ہے اس قسم میں سے ہوں، کیونکہ ان کے حالات میں آتا ہے کہ ان لوگوں میں سے تھے جنہیں حضرت یزید بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما نے شام کی بعض فتوحات میں امیر مقرر کیا تھا، اور بارہا گزر چکا ہے کہ فتوحات میں صرف صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہی امیر بنائے جاتے تھے۔ اور اس واقعہ میں دحیہ بن خلیفہ کے ساتھ ملا دیا ہے۔

۹۹۳۳ ابوزہیر بن اسید

بن جعونہ۔ قرہ بن دعموص کے حالات میں ان کا ذکر ہو چکا ہے۔

۹۹۳۴ ابوزہیر الانماری ابوالزہیر نامی حضرات میں ذکر ہوا ہے۔

✿ السیرۃ النبویۃ (۱۳۱/۳) ✿ اسد الغابہ (۵۹۰۸) استیعاب (۳۰۰۹) تجرید (۱۶۸/۲)
✿ المعجم الکبیر (۷۸۸/۲۲) مجمع الزوائد (۲۱۳/۱۰) جامع المسانید (۷۳/۱٤)
✿ اسد الغابہ (۵۹۱۰) تجرید (۱۶۸/۲)

Marfat.com

۹۹۳۵ ابوزهير ثقفی*

ابن حبان ''الصحابہ'' میں لکھتے ہیں: وفد میں شامل تھے۔ بقول بغوی: طائف کے رہائشی تھے۔ بقول ابن ماکولا: نبی ﷺ کے پاس آئے۔ ابواحمد نے ''الکنی'' میں ابوزہیر بن معاذ اور ابوزہیر ثقفی میں فرق کیا ہے۔ ثقفی کے متعلق لکھتے ہیں: ان کا نام عمارہ بن حمید تھا اور یہ ابوبکر بن ابی زہیر کے والد ہیں اور حدیث ابوزہیر مسند احمد ابن ماجہ اور الدارقطنی نے الافراد میں حسن غریب سند سے بطریق نافع بن عمر جمحی بحوالہ ابوزہیر نبی ﷺ سے نقل کی ہے کہ نبی ﷺ نے طائف کے علاقے نبادہ میں ہم سے خطاب کیا، فرمایا: ''عنقریب تمہیں جہنمیوں سے جنتی علیحدہ نظر آئیں گے''۔ لوگوں نے عرض کی: اللہ کے رسول ﷺ! کس طرح؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اچھی اور بری تعریف سے، تمہی ایک دوسرے کے گواہ ہو''۔* الدارقطنی کا قول ہے: امیہ بن صفوان اس میں منفرد ہے اور حاکم نے یہ روایت بطریق سفیان بن عیینہ نقل کی ہے جو سنداً صحیح ہے۔ حدیث معاذ ناموں میں گزر چکی ہے۔ المزی نے یہ بھی نقل کیا ہے کہ انہیں عمارہ بن رویبہ بھی کہا جاتا ہے۔

۹۹۳۶ ابوزهير*

بن معاذ بن ریاح ثقفی۔ بقول حسین بن محمد قبانی: صحابی ہیں۔ ایک قول ہے: معاذ ان کا نام ہے، حاکم ابواحمد کا قول ہے۔ ابراہیم حربی کا بیان ہے: ابوزہیر بن معاذ ان صحابہ رضی اللہ عنہم سے ہیں جن کے ناموں سے زیادہ ان کی کنیت مشہور ہے۔ اور پھر ان کی یہ حدیث نقل کی: ''جب تم نام رکھو تو عبداللہ اور عبدالرحمٰن جیسے نام رکھو''۔* یہی حدیث طبرانی نے معاذ ثقفی کے حالات میں نقل کی ہے میں نے وہیں اس کی علت بیان کی ہے اور المزی نے ابوزہیر ثقفی کے حالات میں درج کی ہے، فرماتے ہیں: بقول بعض ابوزہیر بن معاذ۔

۹۹۳۷ ابوزهير النميری*

بقول بعض: ابوزہیر الانماری جنہیں ابوزھر بھی کہا جاتا ہے، راجح یہی ہے کہ وہ اور ہیں۔ ابن مندہ صبیح بن مخرمہ کے طریق سے بحوالہ ابومُصبح مقبری روایت کرتے ہیں، فرمایا: ہم ابوزہیر نمیری کے پاس بیٹھا کرتے تھے جو صحابی تھے۔ وہ بہت اچھی گفتگو کرتے اور جب ہم میں سے کوئی شخص دعا کرتا تو فرماتے: آمین کہہ کر ختم کرنا، کیونکہ دعا میں آمین ایسے ہی ہے جیسے خط پر مہر۔ پھر ابوزہیر کہنے لگے: میں تمہیں اس کے متعلق بتاتا ہوں ایک رات ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چلتے ہوئے باہر نکلے، ایک خیمہ میں ایک شخص کے پاس ٹھہر گئے جس نے دعا کرنے میں اصرار کیا اور رسول اللہ ﷺ اس کی بات سنتے جا رہے تھے۔ آپ ﷺ نے

---

* اسد الغابہ (۵۹۱۳) تجرید (۱۶۸/۲)
* ابن ماجہ کتاب الزھد باب الثناء الحسن (۴۲۲۱) مسند احمد (۴۱۶/۲)
* اسد الغابہ (۵۹۱۴) تجرید (۱۶۸/۲)
* مجمع الزوائد (۵۰/۸) المعجم الکبیر (۳۸۳/۲۰) کنز العمال (۴۵/۹۶) اتحاف السادۃ المتقین (۳۸۷/۵)
* اسد الغابہ (۱۹۱۵) تجرید (۱۶۸/۲)

Marfat.com

یا: ''اگر اس نے مہر لگا دی تو اس کی دعا قبول ہے''۔ لوگوں میں سے ایک شخص عرض کرنے لگا: کس چیز سے مہر لگائے؟ آپ ﷺ فرمایا: ''آمین سے، اگر اس نے آمین سے دعا ختم کی تو قبول ہوئی''۔ چنانچہ جس شخص نے آپ ﷺ سے یہ بات سنی وہ اس (دعا کرنے والے) کے پاس پہنچا اور کہنے لگا: ''مبارک ہو، [1] بھائی ہر دعا آمین پر ختم کیا کرو''۔ پھر فرماتے ہیں: یہ غریب حدیث ہے، جس میں فریابی صُبح سے نقل کرنے میں منفرد ہے۔ بغوی اور طبرانی نے مسند شامیین میں بطریق ضمضم بن زرعہ بواسطہ شریح بن عبید حضرمی بحوالہ ابوزہیر نمیری (جو صحابی ہیں) روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ٹڈیوں (جو سبزہ کھاتی ہیں، گھریلو نجاست کھانے والی ٹڈیاں مراد نہیں) کو قتل نہ کرو، کیونکہ یہ اللہ کے لشکروں میں سے ایک بڑی فوج ہے۔ [2] بقول بغوی: شام کے رہائشی ہیں۔ یحییٰ بن نفیر کے حالات میں اس کا کچھ تذکرہ ہوا ہے۔ احتمال ہے یہ ابوزہیر بن جعونہ ہوں جن کا ذکر ہو چکا ہے کیونکہ وہ بھی شامی ہیں۔

۹۹۳۸ ابوزوائد یمانی [*]

مطین اور الکنی میں دولابی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ فاکہی اور جعفر فریابی نے کتاب النکاح میں ابراہیم بن زہرہ سے صحیح سند کے ساتھ نقل کیا ہے کہ ہم طواف کر رہے تھے تو طاؤس مجھ سے کہنے لگے: یا تمہیں نکاح کرنا ہی پڑے گا یا میں تمہیں وہ بات کہوں جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ابوزوائد سے کہی تھی: ''کیا تم عاجزی یا زنا کی وجہ سے نکاح نہیں کر رہے؟''

اور طبرانی بطریق زیاد بن نصر بواسطہ سلیم بن مطین بحوالہ اپنے والد وہ ابوزوائد سے روایت کرتے ہیں، فرمایا: حجۃ الوداع [*] کے موقعہ پر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا، پھر لمبی حدیث ذکر کی جس کا کچھ حصہ ابوداؤد نے اسی سند سے نقل کیا ہے جس کی طرف حرف ذال میں اشارہ ہو چکا ہے۔ ان میں سے کسی کا کہنا ہے: ابوزوائد وہی ذوالزوائد ہیں جن کا امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے تاریخوں میں ذکر کیا ہے اور اسی سند سے اس حدیث کا ایک گوشہ نقل کیا ہے۔

۹۹۳۹ ابوزیاد [*]

مولا بنی جمح۔ یہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے اور ان سے خالد بن معدان روایت کرتے ہیں۔ ایسا ہی تجرید [*] میں ہے شاید ان کے نزدیک یہ مخضرمی ہیں مجھے ان کی ایک اور مرفوع حدیث مل گئی ہے جو طبرانی نے مسند شامیین میں بطریق سفیان بن حبیب، ثور بن یزید سے بواسطہ خالد بن معدان بحوالہ ابوزیاد نقل کی ہے۔ فرمایا: ''میں اس بات کو نہیں بھولا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا جب آپ ﷺ نماز پڑھتے تو دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ کے اوپر رکھتے تھے''۔

---

[1] ابوداؤد کتاب الصلاۃ باب التامین وراء الامام (۹۳۸) کنز العمال (۳۲۳۳) مرقاۃ المصابیح (۸٤٦٥)

[2] المعجم الکبیر (۷۵۷/۲۲) مجمع الزوائد (۳۹/٤) جامع المسانید (۷۵/۱٤)

[*] اسد الغابہ (۵۹۰۹) تجرید (۱٦۹/۱)

[1] ابوداؤد کتاب الخراج والمارۃ باب فی کراھیۃ الافتراض فی آخر الزمان (۲۹۵۹) التاریخ الکبیر (۲٦۵/۳) الاحاد والمثانی (۱۱۸/۵) المعجم الکبیر (۸۹٤/۲۲) جامع المسانید (۷۸/۱٤)

[*] تجرید (۱٦۹/۲) [1] تجرید (۱٦۱)

Marfat.com

۹۹۴۰ ابوزیاد انصاری

ناموں میں زرارہ میں تذکرہ ہوا ہے۔

۹۹۴۱ ابوزید*

جنہوں نے قرآن جمع کیا تھا۔* صحیح بخاری میں حدیث انس میں بغیر نام کے ان کا ذکر آتا ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میرے چچاؤں میں سے ایک ہیں۔ ان کے نام کے بارے اختلاف ہے۔ اوس/ ثابت بن زید/ معاذ/ سعد بن عبید/ قیس بن السکن یہی راجح ہے، جیسا کہ میں نے حرفِ قاف میں بیان کیا ہے۔

۹۹۴۲ ابوزید*

بن اخطب۔ نام عمرو بن اخطب بن رفاعہ بن محمود بن بشر بن عبداللہ بن الضیف بن احمر بن عدی بن ثعلبہ بن حارثہ بن عمرو بن عامر انصاری خزرجی۔ ابوزید کنیت سے مشہور ہیں۔* عزرہ بن ثابت کے نانا ہوتے ہیں۔ ترمذی نے ان کی روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے میرے چہرے پر ہاتھ پھیرا اور میرے لیے دعا فرمائی۔* امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کی صرف اس حدیث میں اس سے میرا حسن و جمال بڑھ گیا۔ فرماتے ہیں: مجھے کئی لوگوں نے بتایا کہ ان کی عمر سو (۱۰۰) سے زائد کی ہوگئی پھر بھی ان کے سر اور داڑھی کے بال سیاہ تھے۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کی روایت میں دوسری سند سے ہے جو ابونہیک سے مروی ہے کہ مجھ سے ابوزید نے بیان کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے پانی طلب کیا تو میں ایک برتن میں پانی لے کر حاضر ہوا، اس میں کہیں سے ایک بال پڑ گیا، میں نے بال نکال پھینکا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اے اللہ! اسے حسن و جمال عطا فرما''۔* فرماتے ہیں: میں نے انہیں چورانوے (۹۴) برس کی عمر میں دیکھا، ان کی داڑھی میں ایک بھی سفید بال نہ تھا۔ ابن حبان اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ مسلم میں اسی سند سے ہے: ہمیں رسول اللہ ﷺ نے فجر کی نماز پڑھائی اور خطاب کرنے منبر پر تشریف لے گئے، اور ظہر تک خطاب کیا..... (حدیث) شمائل ترمذی میں مذکورہ طریق سے بحوالہ ابوزید مروی ہے مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ابوزید میرے قریب آ کر میری پشت پر ہاتھ پھیرنا''۔* میں نے آپ کی پشت مبارک پر ہاتھ پھیرا اور مہر نبوت پر انگلی رکھی..... (حدیث) ابن حبان اور حاکم نے اسے بھی صحیح لکھا ہے۔

۹۹۴۳ ابوزید بن الضحاک نام ثابت ہے۔

---

* اسد الغابہ (۵۹۱۷) تجرید (۱۶۹/۲) * اسد الغابہ (۴۵۶/۴)
* اسد الغابہ (۵۹۲۲) استیعاب (۳۰۱۶) تجرید (۱۶۹/۲) * جامع المسانید (۸۱/۴)
* مسند احمد (۳۴/۵) جامع المسانید (۸۳/۱۴)
* مسند احمد (۳۴۱/۵) المستدرک (۱۳۹/۴) المصنف لعبدالرزاق (۱۹۴۶۲)
مجمع الزوائد (۳۷۸/۹) المعجم الکبیر (۲۸/۱۷)
* مسند احمد (۳۴۱/۵) جامع المسانید (۸۳/۱۴)

Marfat.com

۹۹۴۴ ابوزید بن عُبَید نام سعد ہے۔

۹۹۴۵ ابوزید بن عمرو بن جدیدہ نام قُطبہ ہے۔

۹۹۴۶ ابوزید بن غرزہ

نام عمرو ہے۔ ناموں میں ان حضرات کا تذکرہ ہو چکا ہے سب کا تعلق انصار سے ہے۔

۹۹۴۷ ابوزید انصاری ✿ خزرجی

ابوزید نحوی بصری کے دادا، بقول حاکم ابواحمد صحابی ہیں اور نحوی کا نام سعید بن اوس بن ثابت بن بشیر بن ابی زید ہے۔ واقدی کا قول ہے: یہ قرآن جمع کرنے والے کے علاوہ ہیں، پہلے بیان ہو چکا ہے کہ ان کی اولاد نہ تھی۔

۹۹۴۸ ابوزید بن عمرو الجذامی ✿

ابن اسحاق نے جذامی میں وفد میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۹۹۴۹ ابوزید الارحَبیّ

نام عمرو بن مالک ہے۔ ناموں میں تذکرہ ہوا ہے۔

۹۹۵۰ ابوزید انصاری (دوسرے)

بغوی نے ان کا ذکر کیا ہے اور یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یعنی خوارج، اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتے ہیں، لیکن اللہ تعالیٰ کے کسی حکم کے تابع نہیں، جو ان سے جنگ کرے گا وہ ان سے زیادہ اللہ تعالیٰ کے عہد کو پورا کرنے والا ہوگا۔ ✿

۹۹۵۱ ابو زید انصاری (دوسرے)

ابن کلبی کا بیان ہے اُحد میں شہید ہوئے۔ ابن فتحون نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۹۹۵۲ ابوزید (بے نسبت)

بغوی نے ان کا ذکر کیا ہے اور بحوالہ غنم بن حویص روایت کی ہے فرمایا: میں نے ابوزید کو فرماتے سنا: میں نے نبی ﷺ کی معیت میں تیرہ غزوے کیے۔ ✿ امام احمد نے یہ روایت مسند ابوزید بن اخطب انصاری میں نقل کی ہے لیکن ان کی روایت میں لکھا ہے شعبہ بواسطہ تمیم نقل کرتے ہیں میں نے ابوزید کو فرماتے سنا، پھر ان کا ذکر کیا اور نسب نہیں بیان کیا۔

✿ اسد الغابہ (۵۹۱۷) استیعاب (۳۰۱۹)

✿ تجرید (۱۶۹/۲)

✿ المستدرک (۱۴۷/۲) المعجم الکبیر (۲۹/۱۷) کنز العمال (۳۱۲۵۱) (۳۱۶۰۰)

✿ مسند احمد (۳۴۰/۵)

Marfat.com

۹۹۵۳ ابوزید

فاطمہ بنت قیس اپنی طویل حدیث میں فرماتی ہیں جو مطلّقہ (طلاق یافتہ) کے خرچ اور رہائش کے متعلق ہے پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے ابوزید یعنی اسامہ بن زید (جوان کی کنیت ہے) کی بیوی ہونے کا شرف بخشا، اسے مسلم نے بطریق ابوبکر بن ابی جہم بحوالہ فاطمہ نقل کیا ہے۔

۹۹۵۴ ابوزید الجَرْمی [1]

بقول ابواحمد: صحابی ہیں۔ اس کی سند میں کلام ہے۔ بغوی فرماتے ہیں: مجھے ان کا صحابی ہونا، نہ ہونا معلوم نہیں۔

میں کہتا ہوں: ان کی حدیث بغوی اور طبرانی [2] نے نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: والدین کا نافرمان، احسان جتلانے والا اور شراب کا عادی جنت میں نہیں جائے گا۔'' عُبَید بن اسحاق عطار بے حد ضعیف راوی ہے۔ دارقطنی کا قول ہے، العلل میں لکھتے ہیں: اسے یزید بن ابی زیاد نے مجاہد سے نقل کیا ہے کہ ابوسعید خدری سے مروی ہے اور عبدالکریم کا قول ہے: مجاہد سے بحوالہ عبداللہ بن عمرو منقول ہے۔

۹۹۵۵ ابوزید الغافقی [3]

ابن مندہ [4] نے ان کا ذکر کیا ہے کہ اہل مصر میں شمار ہوتے ہیں۔ پھر بطریق عمرو بن شراحیل معافری بحوالہ ابوزید غافقی یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسواکیں تین قسم کی ہیں۔ پیلو، اگر پیلو نہ ہو تو زیتون یہ بھی نہ ہو تو بن''۔

ابووھب کا قول ہے جو اس روایت کے راوی ہیں: عَتُم [5] سے مراد زیتون ہے۔ ابن مندہ فرماتے ہیں: غریب ہے ہم اسی سند سے جانتے ہیں۔

۹۹۵۶ ابوزید

نبی ﷺ سے سماع کیا ہے ان سے حسن بصری نے سنا ہے۔ ابن مندہ نے اس بات کا جواز پیش کیا ہے یہ عمرو بن اخطب ہیں۔

۹۹۵۷ ابو زید (بے نسبت)

طبرانی نے الاوسط میں بطریق حسن بن دینار بواسطہ یزید الرشک روایت کی کہ میں نے ابوزید جو صحابی ہیں۔ کو فرماتے سنا: میں نبی ﷺ کے ساتھ تھا آپ نے ایک شخص کو تہجد میں سورۃ فاتحہ پڑھتے سنا تو کھڑے ہو کر غور سے سننے لگے یہاں تک کہ اس نے سورۃ ختم کر لی پھر فرمایا: پورے قرآن میں اس جیسی سورت نہیں۔ بقول بعض ممکن ہے یہ عمرو بن اخطب ہوں۔

---

[1] اسد الغابۃ (۵۹۲۰) تجرید (۱۶۹/۲) [2] المعجم الکبیر (۹۳۱/۲۲)

[3] اسد الغابۃ (۵۹۲۳) تجرید [4] بطم سبز کلونجی کھانسی وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

[5] جامع المسانید (۸۹/۱۴) اسد الغابۃ (۴۵۸/۴)

Marfat.com

۹۹۵۸ ابو زید (بے نسبت)

ابو مسلم کجی نے اپنی کتاب السنن میں ان کی حدیث نقل کی ہے ابوزید صحابی رسول ﷺ نے فرمایا: نبی ﷺ کا ارشاد ہے ''مسافر اپنے موزوں پر تین دن تین راتیں مسح کرے اور مقیم رات دن مسح کرے''۔

۹۹۵۹ ابوزینب بن عوف انصاری *

بقول ابوموسیٰ: ابوالعباس بن عقدہ نے کتاب الموالاۃ میں بطریق علی بن حسن العبدی، سعد سے جو اسکاف ہیں بحوالہ اصبغ بن نباتہ روایت کی ہے کہ حضرت علی نے کھلے میدان میں لوگوں سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ سے غدیر کے روز جس نے سنا وہ اٹھ کھڑا ہو چنانچہ دس بارہ آدمی کھڑے ہوئے ان میں ابوایوب اور ابوزینب بن عوف بھی تھے، ان سب نے کہا: ہم گواہی دیتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: انہوں نے آپ کا ہاتھ پکڑ کر بلند کر کے فرمایا: کیا تم لوگ گواہی نہیں دیتے کہ میں نے حق پہنچا دیا ہے؟ ہم نے عرض کی: ہم ضرور گواہی دیتے ہیں۔ تو آپ نے فرمایا: جس کا میں دوست اس کا علی دوست'' * اس کی سند میں کئی ایک ایسے راوی ہیں جو رفض کی جانب منسوب ہیں۔

القسم الثانی ازحرف زاء

۹۹۶۰ ابوزرعہ بن زنباع وہی روح الجذامی ہیں ناموں میں تذکرہ ہوا ہے۔

القسم الثالث ازحرف زاء

۹۹۶۱ ابو زبید الطائی

مشہور شاعر ہیں دور نبوی پایا ہے۔ ان کے اسلام لانے میں اختلاف ہے نام حرملہ بن منذر ہے بقول بعض: منذر بن حرملہ بن معدیکرب.... طائی بقول طبری ابوزبید جاہلیت میں بنی تغلب میں اپنے ماموؤں کے پاس جزیرہ میں مقیم تھا اور دورِ اسلام میں ولید بن عقبہ بن ابی مُعَیط کی جزیرہ اور کوفہ پر ولایت کے دور میں اس کے پاس چلا گیا تھا۔ ولید اس کے ساتھ دوستی یاری رکھتا رہا یہاں تک کہ وہ مسلمان ہو گیا۔ اسلام میں اس کی حالت اچھی ہو گئی۔ ابومورّع اور اس کے ساتھی ولید پر جاسوس مقرر کرتے، کسی نے ان سے کہہ دیا کہ ولید ابھی ابوزبید کے ساتھ شراب پی رہا ہے یہ لوگ جھٹ سے پہنچے، ولید نے اپنے سامنے رکھی کوئی چیز چارپائی تلے چھپا دی، انہوں نے چارپائی پر جھپٹا مارا اور اس کے نیچے سے ایک صراحی نکال لی جس میں انگور کا رس تھا جسے دیکھ کر یہ لوگ شرمندہ ہو گئے۔

ابن قتیبہ لکھتے ہیں: ابوزبید مسلمان نہیں ہوا تھا بلکہ اپنے مذہب نصرانیت پر ہی مرا تھا۔ مرزبانی کا قول ہے: نصرانی تھا، لمبی عمر پائی تھی بقول بعض ڈیڑھ سو (۱۵۰) سال زندہ رہا، اسلام کا زمانہ پایا لیکن مسلمان نہیں ہوا۔ حضرت عمر نے اسے اس کی قوم کے

---

* اسدالغابۃ (۵۹۲۶) تجرید (۱۷۰/۲)

* مسند احمد (۴۱۹/۵) المعجم الکبیر (۴۰۵۲) مجمع الزوائد (۱۰۴/۹) جامع المسانید (۹۰/۱۴)

Marfat.com

صدقات زکوٰۃ وصول کرنے پر مقرر کیا تھا آپ نے اس کے علاوہ کسی غیر مسلم کو یہ ڈیوٹی نہیں سونپی تھی۔ امیر معاویہ کے دور تک زندہ رہا۔ کوفہ میں ولید بن عقبہ بن ابی معیط کا ہم نشین تھا۔ جب ولید پر یہ تہمت لگائی گئی کہ اس نے شراب پی ہے اور کوفہ کی گورنری سے ہٹا دیا گیا، تو ابوزبید نے کہا: ع

معبود (برحق) کی قسم! اگر تلوار کی دھار اور زبان کی گفتگو ہوتی تو نہ میرے صاف گھر کی تلاشی ہوتی اور نہ وہ وہاں آتے اور نہ تیرے درمیان شور وشغب حائل ہوتا"۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت پر مرثیہ کہا: ع

"معزز لوگ جن اخلاق و اوصاف کے مالک ہوتے ہیں وہ ایسے شخص کا خاندان ہے جو دین کا جامع اور پسندیدہ ہے مردوں کی قسموں میں کیا ہی خوب صاحب بصیرت انسان تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پسندیدہ کے برابر اچھے لوگ نہیں ہو سکتے"۔

یہ اشعار ابوالفرج اصبہانی نے بحوالہ مبرد نقل کیے ہیں مرزبانی نے ان میں سے کچھ بھی نقل نہیں کیا۔ اصبہانی فرماتے ہیں۔ ابوزبید کا قط تیرہ (۱۳) بالشت لمبا تھا اس کا بھائی اعور عجمی بادشاہوں کا خاص بندہ تھا جب اس کی وفات ہوئی تو ولید بن عقبہ کی قبر کے پاس دفن کیا گیا: جب اشجع سلمی کا وہاں سے گزر ہوا تو اس نے یہ اشعار کہے: ع

"میں ابوزبید کی ہڈیوں کے پاس سے گزرا، جو کھلے میدان میں سرد پڑی تھیں۔ ولید اس کا سچا دوست تھا، اب اس کی قبر ولید کی قبر کی ہم نشین ہے۔"

ابوزبید اپنے اشعار میں شیر کی تعریف کرنے میں بڑی دلچسپی لیتا تھا۔ جس کا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک واقعہ بھی ہے بقول بعض: اس کی قوم اسے کہنے لگی: ہمیں خدشہ ہے کہ تمہاری شیر کی تعریف کی وجہ سے عرب ہمیں گالیاں دیں گے۔ چنانچہ اس نے شیر کی تعریف میں اشعار کہنے چھوڑ دیے۔ مرزبانی لکھتے ہیں: ولید کی وفات اس سے پہلے ہوگئی تو یہ اس کی قبر پر سے گزرا تو کہا: ع

"اے قبر والے سلام ہو جس کی ملاقات کے درمیان قبر حائل ہوگئی ہے اے مجھے چھوڑنے والے! جب میں تیری ملاقات کے لئے آتا تھا تو تیری عادت بے رخی کی تو نہ تھی"۔

۹۹۶۲ ابوزبیر (بیت المقدس کے مؤذن)

دورِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پایا ہے، دور فاروقی میں اذان دیتے تھے ابواحمد الحاکم نے الکنی میں روایت کی ہے کہ ابوزبیر کا قول ہے: ہمارے پاس عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ آئے، مجھ سے فرمانے لگے: جب اذان دیا کرو تو تسلسل سے دیا کرو اور جب اقامت کہا کرو تو جلدی سے کہا کرو۔

۹۹۶۳ ابوزہراء قشیری*

ابن عساکر نے الکنی میں ان کا ذکر کیا ہے کہ ان لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے دورِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پایا ہے اور فتح دمشق میں

---

* تجرید (۱۶۸/۲)

Marfat.com

شریک ہوئے۔ اور اہل ثنیہ اور حوران کی صلح کے لئے حضرت یزید بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما کی جانب سے دور فاروقی میں مامور ہوئے پھر بطریق سیف بن عمر ''فتوح'' میں یہ روایت نقل کی ہے کہ یزید بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما نے فتح دمشق کے بعد ایک لشکر میں دحیہ بن خلیفہ کلبی اور ابوزہراء کو ثنیہ اور حوران کی طرف دمشق کی صلح کے لئے تدمُر بھیجا۔ اور اس مہم کی فتح کا بندوبست بھی انہی کے سپرد ہوا۔ ابوزہراء کے بھائی کا پاؤں فتح دمشق کے معرکہ میں کٹ چکا تھا۔ جب بنوقشیر نے بنی جعدہ کی ہجو کی تو اس پر فخر کیا۔ جس کا جواب انہیں نابغہ جعدی نے دیا پھر وہ اشعار نقل کیے۔ پھر سیف نے دمشق میں شراب پینے والوں کا واقعہ نقل کیا کہ حضرت عمر نے انہیں حد لگائی۔ جس کے بارے میں ابوزہراء نے کہا: ع

''میں نے صبر سے کام لیا بے صبری نہیں کی اگرچہ میرے بھائی مر گئے حالانکہ میں تو ایک دن بھی شراب سے باز نہ رہ سکتا تھا امیر المومنین نے اسے موت کے گھاٹ اتار دیا، اب اس کے یار انگور کا رس نکالنے والوں کے پاس بیٹھ کے روتے ہیں''۔

۹۹۶۴ ابو زیاد*

مولا آل درّاج الجمحیین۔ دورِ نبوی پایا ہے مسدّد نے اپنی مسند کبیر میں صحیح سند سے بواسطہ خالد بن معدان بحوالہ ابوزیاد مولا آلِ درّاج روایت کی ہے فرمایا: مجھے یہ بات نہیں بھولتی کہ صدیق اکبر جب نماز پڑھنے لگتے، تو اپنی داہنی ہتھیلی سے بائیں کلائی کو ہاتھ کے جوڑ (گٹے) کے ساتھ ملا کر پکڑتے۔ ابن عساکر نے یہ جواز پیش کیا ہے کہ یہ ربیعہ بن درّاج کے مولا ہو سکتے ہیں۔ پھر اس ربیعہ کا نسب بیان نہیں کیا۔

میں کہتا ہوں: میں نے ربیعہ بن دراج کا تذکرہ اور ان کا نسب حرفِ راء کی قسم اوّل میں بیان کیا ہے۔

۹۹۶۵ ابو زید قیس بن عمرو ہمدانی، ناموں ذکر ہوا ہے۔

القسم الرابع ازحرفِ زاء

۹۹۶۶ ابورُزعہ فَرْعی*

ابوموسیٰ نے ذیل میں ان کا ذکر کیا ہے کہ ابن طرخان نے صحابہ میں ان کا ذکر کیا ہے اور ان کی یہ حدیث نقل کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں جھنڈا باندھ کر دیا تھا۔* (حدیث) یہ غلطی لفظی تبدیلی سے پیدا ہوئی درست ابورُوَیحہ ہے۔ حرفِ راء میں ان کا نسب بھی قلمبند ہوا ہے، ان کا نام عبداللہ بن عبدالرحمٰن ہے۔

۹۹۶۷ ابوزرعہ*

مولا مقداد بن اسود، بقول ابوعمر: ان کا نام عبدالرحمٰن ہے، جو تابعی ہیں اور ان کی حدیث مرسل ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ*

---

* تجرید (۱۶۹/۲) * اسدالغابۃ (۵۹۰٤) تجرید (۱۶۸/۲) * جامع المسانید (۷۰/۱٤) اسد الغابہ (٤۵۲/٤)
* اسد الغابہ (۵۹۰۵) تجرید (۱۶۹/۲) * التاریخ الکبیر (۳۵٦/۵)

Marfat.com

فرماتے ہیں: ان کی حدیث منقطع ہے۔

میں کہتا ہوں: ابوعمر سے پہلے مجھے کسی کا حوالہ نہیں ملا کہ اس نے ان کا صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کیا ہو۔ ان سے ابو ہلال راسبی نے روایت لی ہے جو قتادہ اور ان کے طبقہ سے روایت کرتے ہیں۔

۹۹۶۸ ابوزید عامر (عمر) بن حدیدہ

ابوعمر نے انصار میں سے ابوزید کنیتوں والوں میں ان کا ذکر کیا ہے جبکہ یہ وہ ابوزید ہیں جن کا نام قطبہ بن عامر بن حدیدہ ہے۔

۹۹۶۹ ابوزید انصاری

بغوی نے ان میں اور ابوزید عمرو بن اخطب میں فرق کیا ہے جو عروہ (عزرہ) بن ثابت کے دادا ہیں، پھر ان کے حالات میں حدیث تمیم بن حویص روایت کی ہے کہ میں نے ابوزید کو فرماتے سنا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں تیرہ (۱۳) غزووں میں شرکت کی۔ اور عروہ (عزرہ) کے دادا کے حالات میں یہ حدیث نقل کی ہے: ''ہمیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی پھر منبر پر تشریف فرما ہوئے اور ظہر تک خطبہ دیا''۔ (حدیث) امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دونوں حدیثیں مسند ابی زید عمرو بن خطب میں نقل کی ہیں۔

۹۹۷۰ ابوزُبَید بن الصَّلت*

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور مراد زبید کے والد کو لیا ہے، اس وقت عنوان صلت بن معدیکرب کندی کا ہوگا۔ مناسب تھا جب انہوں نے انہیں حرفِ کنیت سے تعبیر کیا ہے تو ابوزبید الصلت کہتے ہیں لیکن ابن مندہ کا یہ اکثر استعمال ہے جسے میں کئی بار بیان کر چکا ہوں۔

* اسد الغابہ (۵۹۲۸) تجرید (۱۷۰/۲)

Marfat.com

حرفِ سین

القسم الاوّل ازحرفِ سین

۹۹۷۱ ابوسالم حنفی ثمّ سُحَیْمی

ابن السکن نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور پھر ام سالم سے بحوالہ ان کے خاوند ابوسالم سے روایت نقل کی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تین بار فرماتے سنا: فلاں کی اولاد کے لیے ہلاکت ہے۔

۹۹۷۲ ابوسائب

عثمان بن مظعون جمحی، نام سے مشہور ہیں، سابقین اوّلین سے ہیں۔ ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۹۷۳ ابوسائب*

یزید عمر کے بھانجے، ناموں میں ذکر ہوا ہے۔

۹۹۷۴ ابوسائب انصاری

بقول بعض: ثقفی گرُدَم کے والد، ان کے بیٹے کے حالات میں ان کا ذکر ہوا ہے۔

۹۹۷۵ ابوسائب ثقفی

نام مالک ہے، بقول بعض: زید یا یزید ہے، میم میں ان کا ذکر ہوا ہے۔

۹۹۷۶ ابوسائب*

صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر ملتا ہے، لیکن میں انہیں نہیں جانتا یہ ابوعمر کا قول ہے۔ مسند بقی بن مخلد میں ابوسائب بے نسبت کی دو حدیثیں ہیں، لگتا ہے انہی میں کے ایک ہیں۔

۹۹۷۷ ابوسائب*

مولا غیلان بن سلمہ ثقفی۔ ابوعلی جیانی نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے کہ عروہ بن سلمہ کا بیان ہے کہ ان کے والد ابوسائب مولا غیلان نے انہیں حدیث سنائی۔

---

* اسد الغابہ (۵۹۲۹) تجرید (۱۷۰/۲) * اسد الغابہ (۵۹۳۲) استیعاب (۳۰۲٤)

* اسد الغابہ (۵۹۳۰)

Marfat.com

۹۹۷۸ ابوسائب [1]

ایک صحابیٔ رسول ﷺ ہیں۔ ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے کہ اہل مدینہ میں شمار ہوتے ہیں، پھر بطریق عیاش سنداً بحوالہ ابوسائب ایک صحابی کی روایت نقل کی ہے، فرمایا: ایک شخص نے آ کر نماز پڑھی اور رسول اللہ ﷺ اسے دیکھ رہے تھے جب وہ نماز مکمل کر چکا آپ نے تین بار فرمایا: ''جاؤ نماز پڑھو''۔ (حدیث) [2] ابونعیم ان کا تعاقب کرتے ہوئے لکھتے ہیں: محفوظ اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحہ کی روایت ہے۔ داؤد بن قیس اور محمد بن غیلان سب علی بن یحییٰ سے وہ اپنے والد سے وہ اپنے چچا رفاعہ بن رافع کے حوالہ سے نقل کرتے ہیں۔ ممکن ہے اس حدیث میں علی بن یحییٰ کے دو شیخ (استاد) ہوں۔

۹۹۷۹ ابوسبرہ الجعفی [3]

وہی یزید بن مالک۔ محمد بن عبداللہ بن نمیر نے ان کا نام نقل کیا ہے اور ان کی حدیث ان کے بیٹے عبدالرحمٰن بن سبرہ کے حالات میں بیان ہو چکی ہے۔

۹۹۸۰ ابوسَبُرہ بن حارث [4]

بقول بعض: ابوہبیرہ سین کے بجائے ھاء۔ الف میں ان کا ذکر ہو چکا ہے اور بعض کا انہیں ابواسیرہ کا کہنا بھی بیان ہوا ہے۔

۹۹۸۱ ابوسَبُرہ بن ابی رھم [5]

بن عبدالعزی بن ابی قیس بن عبدود.... قرشی عامری۔ اسلام کی طرف سبقت کرنے والوں میں سے ہیں۔ دوسری مرتبہ کی ہجرت میں حبشہ گئے ان کے ساتھ ام کلثوم بنت سہیل بن عمرو بھی تھیں۔ سب کا اتفاق ہے کہ بدر میں شریک ہوئے والدہ کا نام برہ بنت عبدالمطلب ہے جو رسول اللہ ﷺ کی پھوپھی ہیں۔ اور ابوسلمہ بن عبدالاسد کے ماں شریک بھائی ہیں۔ زبیر بن بکار کا بیان ہے رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد مکہ مقیم ہو گئے جہاں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت میں فوت ہوئے۔ زبیر لکھتے ہیں: ہمیں معلوم نہیں کہ ان کے علاوہ کوئی بدری صحابی مکہ آ کر بس گیا ہو۔

۹۹۸۲ ابوسَبُرہ [1] (بے نسب)

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق یوسف بن سفر روایت کی ہے کہ اوزاعی نے فرمایا مجھ سے قزعہ نے بیان کیا ہمارے پاس صحابیٔ رسول ﷺ ابوسبرہ تشریف لائے۔ میں نے ان سے عرض کی: اللہ آپ پر رحم فرمائے مجھے نبی ﷺ سے سنی ہوئی کوئی حدیث سنایئے۔ انہوں نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے: ''جس نے فجر کی نماز پڑھ لی وہ اللہ تعالیٰ کی

---

[1] اسد الغابہ (۵۹۳۱) ابوداؤد کتاب الصلاۃ (۸۵۷، ۸۵۸) ترمذی کتاب الصلاۃ (۳۰۲) نسائی کتاب السھو (۱۳۱۲) ابن ماجہ کتاب الطھارۃ (۴۹۰) مسند احمد (۳۴۰/۴) جامع المسانید (۹۶/۱۴)

[2] اسد الغابہ (۵۹۳۳) تجرید (۱۷۰/۱) [3] تجرید (۱۷۱/۱) [4] اسد الغابہ (۵۹۳۵) استیعاب (۳۰۲۵)

[5] اسد الغابہ (۵۹۳۷) تجرید (۱۷۱/۱)

Marfat.com

ذمہ داری میں ہے سو اللہ تعالیٰ سے ڈرو وہ تم سے اپنی ذمہ داری کا مطالبہ کرے''۔ ❁

۹۹۸۳ ابوسبرہ الجھنی معبد بن عوسجہ، تذکرہ ہو چکا ہے۔

۹۹۸۴ ابوسبرہ

عیسیٰ بن سبرہ کے دادا۔ حبان میں ذکر ہوا ہے۔ بغوی فرماتے ہیں: میرے خیال میں مدینہ کے رہائشی ہیں، پھر ان کی حدیث بطریق ابن انیس، بواسطہ عیسیٰ بن سبرہ انہوں نے اپنے والد سے بحوالہ اپنے دادا نقل کی۔

۹۹۸۵ ابوالسبع بن عبدقیس انصاری

بدر میں شریک تھے، ان کا نام ذکوان ہے، پہلے بیان ہو چکا ہے۔

۹۹۸۶ ابوسَرُوَعہ نوفلی ❁

عقبہ ابن عامر ہیں، یہ اکثریت کا قول ہے ناموں میں ان کا ذکر ہوا ہے۔ بقول بعض: ان کے بھائی ہیں، ان کا نام حارث ہے یہ عدوی کا قول ہے ان کا بیان ہے: فتح مکہ میں مسلمان ہوئے، ایسا ہی زبیر وغیرہ کا کہنا ہے۔ سروعہ کے سین میں اختلاف ہے، اکثریت فتح (زبر) کی قائل ہے ایک قول زیر کا ہے را ساکن ہے ادھر حمیدی کا گمان ہے کہ انہوں نے الدارقطنی کے قلم سے عین پر پیش لکھا دیکھا ہے۔ شاید عدمِ نقطہ (نقطہ نہ ہونے) کی علامت تھی جسے وہ پیش سمجھ بیٹھے۔

۹۹۸۷ ابوسَرِیحہ ❁

بروزنِ عظیمہ، حذیفہ بن اُسید، پہلے ذکر ہو چکا ہے۔

۹۹۸۸ ابوسعاد جھنی ❁

بقول بعض: ان کا نام جابر بن اسامہ ہے، ناموں میں ذکر ہو چکا ہے کہ ابن ماکولا ❁ نے ان کا نام بتایا ہے۔ ایک قول ہے: یہ بعد والے ہیں۔

۹۹۸۹ ابوسعاد الحمصیّ ❁

ابوزرعہ نے کتاب الزھد میں روایت نقل کی ہے کہ ابن ابی عوف کا قول ہے: حضرت ابودرداء ابوسعاد کے پاس سے گزرے، جو صحابیٔ رسول ﷺ تھے۔ ابوسعاد فرمانے لگے: سبحان اللہ! نہ کچھ بیچتے ہیں اور نہ خریدتے ہیں۔ ابودرداء بولے: ''جس نے اپنی دنیا کی چیزیں جمع کیں اس نے اپنی آخرت کو نقصان پہنچایا''۔ ابوعمر نے ان میں اور جھنی میں فرق کیا ہے کہ یہ حمص فروکش

❁ جامع المسانید (۱۰۰/۱٤) اسد الغابہ (٤٦۲/٤) ❁ اسد الغابہ (٥٩۳٩) استیعاب (۲۰۲۸) تجرید (۱۷۱/۲)

❁ اسد الغابہ (٥٩٤۰) استیعاب (۳۰۲۹) تجرید (۱۷۱/۲) ❁ اسد الغابہ (٥٩٤۲) استیعاب (۳۰۳۰) تجرید (۱۷۱/۲)

❁ الاکمال (۳۰٦/٤) ❁ اسد الغابہ (٥٩٤۲) تجرید (۱۷۱)

Marfat.com

ہوئے اور ان کی حدیث نقل کی۔

۹۹۹۰ ابوسعاد ✿

یہ جہینہ کے ہیں۔ روح بن قاسم بواسطہ اسمٰعیل بن امیہ اسی سند سے بحوالہ عقبہ بن عامر روایت کرتے ہیں۔

میں کہتا ہوں: عقبہ بن عامر مشہور صحابی ہیں جن کا تذکرہ ناموں میں ہوا۔ اس کی کنیت کے بارے میں اختلاف ہے، ابوحماد اکثریت کا قول ہے۔ ابوعمر/ ابوعامر/ ابوسعاد وغیرہ مختلف اقوال ہیں۔ واللہ اعلم

۹۹۹۱ ابوسعدان ✿ (شامی، بے نام ونسب)

ابوعمر نے ان کا ذکر کیا کہ مکحول نے ان سے ہجرت کے بارے میں مرفوع حدیث روایت کی ہے۔ ذہبی ✿ کا قول ہے: اس کی سند کمزور ہے۔

۹۹۹۲ ابوسعد انصاری ثم حارثی محیصہ بن مسعود۔

۹۹۹۳ ابوسعد عیاض بن زہیر الفہری۔

۹۹۹۴ ابوسعد سلمہ بن اسلم بن حریش، ان سب کا ذکر ناموں میں ہوا ہے۔

۹۹۹۵ ابوسعد الخیر ✿

بقول بعض: ابوسعید الخیر۔ ابن السکن: صحابی ہیں۔ بقول بعض: نام عمرو ہے۔ ابواحمد الحاکم: مجھے ان کا نام ونسب معلوم نہیں۔ پھر بیان کرتے ہیں: یہ ابوسعید الانماری ہیں، حالانکہ ایسا نہیں۔ کیونکہ ان کی دو حدیثیں اس حدیث کے علاوہ ہیں جس میں انماری کے حالات میں اختلاف ہے۔ بلکہ یہ ابوسعد یا ابوسعید ہیں چنانچہ ترمذی ''العلل المفردہ'' ابن ابی داؤد الصحابہ میں اور ابواحمد الحاکم ان سے ایک اور طریق سے پھر یہ سب بطریق ابوفروہ رُہاوی، معقل کندی، عبادہ بن نُسی بحوالہ ابوسعید روایت کرتے ہیں۔ فرمایا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے رات میں روزہ رکھنا فرض نہیں کیا ہے جس نے رکھا اس نے مشقت کی اس کا کوئی اجر نہیں ہے''۔ ✿

یہی روایت دولابی نے الکنی میں ایک اور سند سے بحوالہ ابوفروہ نقل کی ہے کہ ابوسعید الخیری سے مروی ہے، حاکم کی روایت میں ہے ابوسعد الخیری سے منقول ہے ابن مندہ نے یہ روایت نقل کر کے کہا: غریب ہے، ہمیں اسی سند سے معلوم ہے۔ ترمذی کا قول ہے: میں نے محمد یعنی امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا تو انہوں نے فرمایا: میں اس عبادہ بن نسی سے ناواقف ہوں جس نے ابوسعد الخیر سے یہ حدیث سنی ہے اور دولابی الکنی میں بطریق ابوفراس شعبانی روایت کرتے ہیں کہ یہ لوگ امیر معاویہ کے دور میں غزوۂ قسطنطنیہ

✿ اسد الغابہ (۵۹۴۱) تجرید (۱۷۱/۲) ✿ اسد الغابہ (۵۹۴۹) استیعاب (۳۰۳۵) تجرید (۱۷۲/۱)

✿ اسد الغابہ (۱۶۲) ✿ اسد الغابہ (۵۹۴۴) جمع الجوامع (۴۹۶۹) تجرید (۱۷۲/۲)

✿ کنز العمال (۲۳۹۲۵) جمع الجوامع (۴۹۶۹)

Marfat.com

میں تھے اور یزید بن شجرہ ہمارے امیر تھے۔ ہمارے پاس سے ابوسعد الخیر صحابیٔ رسول ﷺ گزرے پھر ایک واقعہ نقل کیا۔ ابوسعد الخیر نے فرمایا: میں نے تو رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے: ''جن چیزوں کو آگ پر پکایا گیا ہو ان کے کھانے سے وضو کرلیا کرو''..... (حدیث) ❁ اسے امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے اسی سند سے نقل کیا ہے، اس کے سیاق میں فرماتے ہیں: میں ابوسعد الخیر کے پاس تھا، اور پھر فرماتے ہیں: ابوسعید الخیر۔ اکثریت ابوسعد بلاشک کہتی ہے۔

۹۹۹۶ ابوسعد انصاری زرقی ❁

سعید بن عبدالعزیز اور حاکم کا قول ہے: صحابی ہیں، ابن ماجہ بطریق یونس بن میسرہ یہ روایت کرتے ہیں کہ ہم لوگ ابوسعد زرقی صحابیٔ رسول کے ساتھ قربانی کے جانور خریدنے گئے۔ پھر وہ حدیث ذکر کی۔ ❁ ابن ابی حاتم بحوالہ اپنے والد ان کے صحابی ہونے میں متردد ہے۔ طبرانی کی روایت میں یونس کے مذکورہ طریق سے مروی ہے میں ابوسعد الخیر کے ساتھ نکلا، اگر یہ روایت محفوظ ہے تو یہ سابقہ شخصیت ہیں، ابوسعید اسماء بنت یزید کے خاوند کے حالات میں ان کا ذکر ہوگا۔

۹۹۹۷ ابوسعد الانماری

بقول بعض: ابوسعید، تذکرہ ہونا ہے۔

۹۹۹۸ ابوسعد ساعدی ❁

ابن ابی داؤد نے اور ان کے اتباع میں ابن شاہین نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے، اور ان سے بطریق ابوعمرو اوزاعی، یحییٰ بن ابی کثیر، قرہ بن ابی قرہ روایت کی ہے کہ سعد ساعدی نے ایک شخص کو عصر کے بعد نفل پڑھتے دیکھا تو فرمایا: اس وقت (نمازِ نفل) نہ پڑھو، کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: ''عصر کی نماز کے بعد (نفل) نماز نہ پڑھا کرو''۔ ❁ الدارقطنی نے العلل میں ان کا نام درست لکھا ہے ابواسید ساعدی، ابن ابی داؤد کو ان کے بارے وہم ہوا ہے۔

۹۹۹۹ ابوسعد بن فضالہ انصاری ❁

بقول بعض: ابن ابی فضالہ۔ ایک قول ہے: ابوسعید بن فضالہ بن ابی فضالہ۔ ابن سعد نے اہل خندق کے طبقہ میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابن السکن فرماتے ہیں: غیر معروف ہیں۔ ترمذی، ابن ماجہ، ابن خزیمہ، ابن حبان اور حاکم نے بطریق عبدالحمید بن جعفر، انہوں نے اپنے والد سے بواسطہ زیاد بن مینا بحوالہ ابوفضالہ جو صحابی ہیں روایت کی ہے علی بن مدینی کا قول ہے: اس کی سند بہتر ہے، اکثریت کے ہاں یہ نام عین کے سکون سے لکھا ہے، جس پر ابواحمد الحاکم کا بھروسہ ہے، فرماتے ہیں: یہ صحابی ہیں لیکن مجھے ان کا نام ونسب یاد نہیں۔ ابن ماجہ میں دونوں طرح ہے۔ ترمذی میں یاء کی زیادتی سے لکھا ہے تجرید میں ذہبی لکھتے ہیں: ابوسعد بن

❁ المعجم الکبیر (۷۷۶/۲۲) مجمع الزوائد (۲۴۹/۱۰) الکنی للدولابی (۳۵/۱) جامع المسانید (۱۱۹/۱۴)
❁ اسد الغابہ (۵۹۴۳) تجرید (۱۷۲/۲) ❁ اسد الغابہ (۴۶۵/۴) ❁ اسد الغابہ (۵۹۴۶) تجرید (۱۷۲/۲)
❁ جامع المسانید (۱۲۰/۱۴) اسد الغابہ (۴۶۵/۴) ❁ اسد الغابہ (۵۹۴۷) تجرید (۱۷۳/۲)

Marfat.com

ابی فضالہ کی، ابواحمد کی کتاب الکنی میں ایک متصل حدیث ہے، پھر فرماتے ہیں: ابوسعید بن فضالہ۔ بقول بعض: ابوسعد، ترمذی نے ریاء میں ان کی اسی طرح ایک حدیث نقل کی ہے اور انہیں دو شخص قرار دیا ہے، باوجودیکہ جو حدیث حاکم نے روایت کی وہی ترمذی نے نقل کی ہے۔ اسی طرح حاکم کی کتاب الکنی میں عین کے سکون سے ہے، بغوی الکنی میں لکھتے ہیں: ابوسعد بن ابی فضالہ انصاری، مدینہ کے رہائشی تھے پھر ان کی حدیث بیان کی۔ فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: ''اللہ تعالیٰ جب اوّلین و آخرین کو قیامت کے روز جس میں کوئی شک نہیں جمع فرمائے گا تو ایک اعلان کرنے والا اعلان کرے گا جس نے کسی کو کسی عمل میں شریک کیا ہے وہ اسی سے اس عمل کا ثواب مانگے اللہ تعالیٰ شریکوں کے شرک سے بے نیاز ہے''۔ ❁ ابن ابی خیثمہ نے ایسا ہی نقل کیا ہے، فوائد صولی میں لکھا ہے: یحییٰ بن معین اس سند سے بحوالہ ابوسعید بن فضالہ بن ابی فضالہ روایت کرتے ہیں۔ حافظ ابن عساکر کا قول ہے: یہ وہم ہے، درست پہلی سند ہے۔ ایسا ہی امام احمد نے محمد بن ابی بکر سے نقل کیا ہے۔ ان کی سہیل بن عمرو سے روایت ہے، اسے بھی ابن سعد نے نقل کیا ہے۔

۱۰۰۰۰ ابوسعد بن وهب نضری ❁

از بنی نضیر، جو قریظہ کے بھائی ہیں۔ مغازی میں ابن اسحاق کا قول ہے: بنی نضیر میں سے سوائے دو آدمیوں کے کوئی مسلمان نہیں ہوا۔ یامین بن عمرو بن کعب اور ابوسعد بن وہب، ان دونوں نے اپنے مال محفوظ کر لیے۔ پھر ابن سعد نے بسند واقدی ان کی حدیث نقل کی ہے، فرمایا: میں اس وقت موجود تھا جب رسول اللہ ﷺ نے مہروز کے پانی کی تقسیم کی تھی کہ اوپر والا ٹخنوں تک پہنچنے پر پانی کو روکے، پھر چھوڑ دے۔ ❁ ابوعمر کے کلام میں ہے وہ معرکۂ قریظہ کے روز رسول اللہ ﷺ کے پاس اتر آئے تھے۔ یہ غلط ہے جس کا تعاقب رشاطی نے کیا ہے کیونکہ بنی نضیر کا واقعہ بنی قریظہ کے واقعہ سے بہت مدت پہلے کا ہے۔

۱۰۰۰۱ ابوسعد انصاری ❁

ابن ابی فدیک نے ان کی حدیث بواسطہ یحییٰ بن ابی خالد بحوالہ ابوسعد نقل کی ہے۔ ایسا ہی ابوعمر کا مختصر قول ہے۔ ابن مندہ فرماتے ہیں: اسے محمد بن اسمٰعیل بن فدیک نے یحییٰ بن ابی خالد سے بواسطہ ابن ابی سعد انصاری بحوالہ اپنے والد نبی ﷺ سے نقل کیا ہے: ''ندامت و پشیمانی بھی توبہ ہے''۔ ❁

میں کہتا ہوں: یہ روایت حکیم ترمذی حنفی نے ''نوادر الاصول'' میں بطریق ابن ابی فدیک اسی سند سے ان الفاظ میں نقل

❁ ترمذی کتاب التفسیر باب من سورة الکهف (۳۱۵٤)
ابن ماجہ کتاب الزهد باب الریاء والسمعة (٤۲۰۳) مسند احمد (٤٦٦/۳)

❁ اسد الغابہ (٥۹٤۸) تجرید (۱۷۳/۲)

❁ ابوداؤد کتاب الاقضیة باب ابواب من القضاء (۳٦۳۸) ابن ماجہ کتاب الرهون باب الشرب فی الادویة (۲٤۸۱)
جامع المسانید (۱۱٦/۱٤) اسد الغابہ (٤٦٦/٤)

❁ اسد الغابہ (٥۹٤۳) تجرید (۱۷۲/۲)

❁ مجمع الزوائد (۱۹۹/۱۰) المعجم الکبیر (۱۷۷٥/۲۲) حلیة الاولیاء (۳۹۸/۱۰)

Marfat.com

کی ہے: ''گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہے جیسا بے گناہ اور ندامت خود توبہ ہے''۔ ابونعیم اعتماد سے لکھتے ہیں: ''یہ پہلے والے نضری ی ہیں''۔ جو بہتر نہیں، اور ابوبکر نے یقین سے لکھا ہے کہ انہوں نے ہی یہ حدیث نقل کی ہے: ''قربانی کا بہترین جانور کالی ناک الا دنبہ ہے''۔ یہ بھی صحیح نہیں۔

۱۰۰۰۲ ابوسعد بن اوس *

بن معلّٰی ابن لوذان بن حارثہ بن عدی انصاری اوسی۔ طبری نے ذیل میں ان کا ذکر کیا ہے کہ ۹۴ھ میں فوت ہوئے، ان کا نام حارث ہے۔

ابوسعید کنیت والے

۱۰۰۰۳ ابوسعید خدری سعد بن مالک بن سنان۔

۱۰۰۰۴ ابوسعید عبشمی عبدالرحمٰن بن سمرہ۔

۱۰۰۰۵ ابوسعید سعیدی خالد بن اخیحہ سعد بن عاص۔

۱۰۰۰۶ ابوسعید انصاری یزید بن ثابت بن ودیعہ۔

۱۰۰۰۷ ابوسعید مخزومی المسیب ابن حزن بن ابی وہب۔

۱۰۰۰۸ ابوسعید مخزومی عمرو بن حریث۔

۱۰۰۰۹ ابوسعید کاتب وحی زید بن ثابت انصاری خزرجی۔

۱۰۰۱۰ ابوسعید رافع بن المعلی بدری

ان سب حضرات کا تذکرہ ناموں میں ہو چکا ہے۔ بقول بعض: ابوسعید بن معلّٰی کا نام حارث بن اوس بن معلّٰی ہے۔ ایک قول ہے: حارث بن نفیع، بقول بعض: یہ سابقہ شخصیت کا نام ہے۔

۱۰۰۱۱ ابوسعید بن معلّی انصاری

دوسرے ہیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی حدیث نقل کی ہے جو بروایت حفص بن عاصم ان سے مروی ہے، ان سے عبید بن حنین بھی روایت کرتے ہیں۔ بقول ابوعمر: جس نے انہیں رافع بن معلّٰی کہا اسے وہم ہوا ہے کیونکہ وہ بدر میں شہید ہوئے تھے۔ یہ بات حارث بن نفیع بن معلّٰی کے بارے میں سب سے صحیح ہے۔ مؤرخین نے ان کی تاریخ وفات ۷۴ھ یا ۷۳ھ لکھی ہے۔ ان کا کہنا

* اسد الغابہ (۵۹۵۵) تجرید (۱۷۳/۲)

Marfat.com

ہے: وہ چونسٹھ (۶۴) سال زندہ رہے۔

میں کہتا ہوں: یہ غلط ہے، کیونکہ اس سے یہ لازم آتا ہے ان کا یہ واقعہ نبی ﷺ کے ساتھ بچپنے میں پیش آیا تھا جبکہ حدیث کا سیاق اس کے خلاف ہے۔ اس واسطے کہ صحیح میں ان کی حدیث میں ہے میں نماز پڑھ رہا تھا نبی ﷺ کا وہاں سے گزر ہوا، آپ ﷺ نے مجھے بلایا، میں آپ کے پاس اس وقت تو حاضر نہ ہو سکا نماز [1] پڑھنے کے بعد آ گیا۔ (حدیث) ان کی ایک اور حدیث بھی ہے جس کا آغاز اس طرح ہے: ''ہم لوگ بازار جاتے''۔ ابوعمر کا قول ہے: ان کی والدہ کا نام امیمہ بنت قُرط بن خنساء ہے۔ بنی سلمہ سے تعلق رکھتی ہیں۔

۱۰۰۱۲ ابوسعید انصاری [2]

اسماء بنت یزید بن السکن کے شوہر۔ ان کا نام سعید بن عمارہ/ عمارہ بن سعید اور عامر بن مسعود بتایا جاتا ہے۔ حاکم نے آخری قول کو فضول لکھا ہے اور کہا ہے عامر بن مسعود دوسرے ہیں جو تابعی ہیں، اُن کی کنیت ابوسعید ہے، ابن مندہ کی روایت ہے کہ ابوسعید انصاری رضی اللہ عنہ محاضرے کے دِن مروان بن الحکم کے پاس سے گزرے تو وہ بچھڑے ہوئے تھے۔ آپ نے فرمایا: ابن الزرقاء اگر مجھے معلوم ہوتا کہ تم ہی وہ (فتنہ پرداز) ہو تو میں تمہارے خلاف چڑھ دوڑتا۔ تو عبدالملک بن مروان نے اس بات کی وجہ سے ان سے بغض رکھنا شروع کر دیا، جب وہ خلیفہ بنا تو انہیں بلا بھیجا، آپ نے فرمایا: ''مجھے اس بارے میں نبی ﷺ کی وصیت یاد ہے''۔ اس نے پوچھا: وہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: ''ان کے محسنوں کی بات قبول کرو اور ان کے بروں سے درگزر کرو''۔ [3] چنانچہ اس نے انہیں چھوڑ دیا۔ بقول بعض: یہ وہی ابوسعید زرقی ہیں جن کا تذکرہ ہونا ہے۔ جس پر المزی کا اعتماد ہے، جبکہ ابن مندہ نے دونوں میں فرق کو یقینی کہا ہے، شاید یہی زیادہ درست ہے۔

۱۰۰۱۳ ابوسعید سعد بن عامر [4]

بن مسعود زرقی۔ ابن السکن نے ان کا ذکر کیا ہے اور یہ روایت نقل کی ہے کہ عبدالملک بن مروان نے ابوسعید، سعد بن عامر زرقی کی طرف پیام بھیجا۔ بقول بعض: ان کی نبی ﷺ سے ملاقات ہوئی اور آپ سے ہدی (قربانی حج) کے بارے میں پوچھا اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے۔ نسائی بطریق شعبہ بحوالہ ابوسعید زرقی عزل کی حدیث نقل کرتے ہیں۔ ان سے عبداللہ بن مرہ، یونس بن میسرہ اور مکحول شامی روایت کرتے ہیں۔ بقول سعید بن عبدالعزیز، صحابی ہیں۔ ایک قول ہے: انہی کو سعید الخیر کہا

---

[1] بخاری کتاب تفسیر القرآن باب ما جاء فی فاتحۃ الکتاب (٤٤٧٤) کتاب فضائل القرآن باب (٥٠٠٦) ابوداؤد کتاب الصلاۃ باب ما جاء فی فاتحۃ الکتاب (١٤٥٨) نسائی کتاب الافتتاح (٩١٢) ابن ماجہ کتاب الادب باب ثواب القرآن (٣٨٧٥) مسند احمد (٤٥٠/٣) (٢١١/٤)

[2] نسائی کتاب المساجد (٣٩) باب صلاۃ الذی یمر علی المسجد (٧٢٨)

[3] اسد الغابہ (٥٩٥٢) استیعاب (٣٠٤٠) تجرید (١٧٢/٢)

[4] المعجم الکبیر (٧٧٧/٢٢) مجمع الزوائد (٣٦/١٠) جامع المسانید (١٢٨/١٤) اسد الغابہ (٤٦٧/٤)

[5] ۹۹۹۱ میں ان کا تذکرہ ہو چکا ہے۔

Marfat.com

جاتا ہے۔

۱۰۰۱۴ ابوسعید الانماری ✿

بقول بعض: ابوسعد۔ خلیفہ کا قول ہے: یہ انمار مذحج سے تعلق رکھتے ہیں۔ ابواحمد فرماتے ہیں: مجھے ان کا نام ونسب یاد نہیں، اہل شام کے محدثین ان کی حدیث روایت کرتے ہیں۔ پھر ان کی یہ حدیث نقل کی کہ عبدالملک بن مروان نے کہا: مجھ سے ابوسعید نماری نے بیان کیا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: ''اللہ تعالیٰ نے مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ میری اُمت کے ستر ہزار افراد غیر حساب جنت میں داخل فرمائے گا۔ پھر ان میں سے ہر ہزار ستر ہزار کی شفاعت کرے گا اور میرے لیے تین مٹھیاں (جیسا اس کے شایانِ شان ہے) بھرے گا''۔ ✿ قیس کا قول ہے: میں نے ابوسعید کے کپڑے پکڑ کر پوچھا: کیا واقعی آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے؟ انہوں نے فرمایا: ہاں! میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے اور میرے دِل نے یاد رکھا ہے۔ آپ نے تین بار ایسا کیا۔ ابوسعید کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے بیٹھے اس کا حساب لگایا تھا۔ فرمایا: اللہ اکبر یہ تو ہمارے مہاجرین کو شامل ہے اور تھوڑی سی ہم اپنے اعرابیوں سے مدد طلب کرلیں گے۔

میں کہتا ہوں: اس کی سند صحیح ہے اور سارے صحیح کے رجال میں سوائے قیس بن حجر شامی کے جو ثقہ راوی ہیں۔ قیس بن حجر الکندی نے ولید بن عبدالملک سے بیان کیا کہ ابوسعید الخیر نے ان سے بیان کیا اور طبرانی نے بطریق ابوتوبہ بحوالہ معاویہ نقل کی ہے، فرمایا: ابوسعید انماری۔ بقول بعض: قیس بن حارث۔ دوسری سند سے زبیدی سے بواسطہ عبداللہ بن عامر فرمایا: قیس بن حارث سے مروی ہے کہ ابوسعید الخیری انصاری ان سے بیان کرتے ہیں پھر اس کا ایک گوشہ نقل کیا۔ اس اختلاف کی وجہ سے اس سند کا صحیح ہونا غیر یقینی ہے۔ ابن ماکولا ✿ نے ان کا اتباع کیا ہے۔ یہ ابوسعد الخیر ہیں ان کا نام بجیر ہے۔ خطیب سے پہلے یہ قول ابوالحسن بن سمیع نے طبقات الحمصیین میں لکھا ہے۔ اسی طرح انہوں نے شام کے رہائشی صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے، اسی طرح ابن جوصاء نے ان کی حدیث نقل کی ہے۔

۱۰۰۱۵ ابوسعید ✿ (بے نسب)

حاکم نے انہیں سابقہ شخصیت سے الگ ذکر کیا ہے، پھر حارث بن محمد اشعر سے بحوالہ ابوسعید کنیت والے شخص روایت کی ہے، فرمایا: میں بالائی حصے سے مدینہ آیا، میں ابھی پہنچا بھی نہ تھا کہ بھوک کی وجہ سے بے حد تھک گیا۔ اسی دوران جب میں مدینہ کے کسی بازار میں چل رہا تھا میں نے سنا ایک شخص اپنے ساتھی سے کہہ رہا تھا: کیا تمہیں معلوم ہے آج رات نبی ﷺ کی مہمان نوازی ہوئی ہے۔ میں نے جب مہمان نوازی کا سنا اور بھوک سے میری حالت غیر ہوئی جارہی تھی تو میں آپ کے پاس آ گیا میں نے عرض کی: اللہ کے رسول! کیا آج رات آپ کی ضیافت تھی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ میں نے عرض کی: کیا چیز تھی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک برتن کھانا تھا۔ میں نے عرض کی: اس کا باقیماندہ کیا ہوا؟ آپ نے فرمایا: اٹھا لیا گیا۔ میں نے عرض کی: آپ کی ابتدائی

✿ اسد الغابہ (۵۹۵٤) تجرید (۱۷۲/۲) ✿ الاحاد والمثانی (۲۲۵/٤) (۲۹۷/۵)

✿ الاکمال (٤۲/۱) ✿ اسد الغابہ (۵۹۵۷) استیعاب (۳۰۳۷) تجرید (۱۷۳/۲)

Marfat.com

اُمت میں ہوگا یا آخری میں؟ آپ نے فرمایا: اوّل میں اور تم گروہ در گروہ میرا اتباع کرو گے۔ یعنی بعض بعض سے مل [1] جائیں گے۔ یہی روایت ابن مندہ نے دوسری سند کے ذریعہ بحوالہ ابن جابر نقل اور اس کے الفاظ نہیں بیان کیے اس کے رجال ثقہ ہیں۔

۱۰۰۱۶ ابوسعید بن زید

مسند میں ایسا ہی لکھا ہے۔ شعبی سے مروی ہے کہ میں ابوسعید بن زید کے بارے میں گواہی دیتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس سے ایک جنازہ گزرا تو آپ کھڑے ہوگئے۔ طبرانی کی روایت میں ہے ابوسعید خدری کے بارے میں گواہی دیتا ہے۔ ابن الاثیر [2] کا قول ہے: لگتا ہے یہ زیادہ صحیح ہے۔

میں کہتا ہوں: ایسا نہیں، بلکہ جو وہ سمجھے ہیں ان کا وہم ہے۔ بغوی نے عبداللہ بن احمد سے نقل کیا ہے جیسا کہ قطیعی کے ہاں مرقوم ہے پھر مجھے مسند سعید بن زید (جو عشرہ مبشرہ میں سے ایک ہیں) میں اور مسند بزار میں ایک حدیث مل گئی۔

۱۰۰۱۷ ابوسعید [3]

بقول بعض: ابوسعد، نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں: ''نیکی اور صلہ رحمی، پڑوسی سے اچھا سلوک شہروں کی آبادی اور عمر میں اضافہ کا باعث ہے''۔ [4] بقول ابوعمر: ان سے ابوملیکہ نے روایت کی ہے، جس میں تامّل ہے۔

۱۰۰۱۸ ابوسعید عبسیّ

واقدی کی نضر بن سعید عبسی سے وہ بواسطہ اپنے والد بحوالہ اپنے دادا روایت کرتے ہیں، فرمایا: نبی ﷺ نے بنی عبس شعار عشرہ قرار دیا ہے۔

۱۰۰۱۹ ابوسفیان بن حارث [5]

بن عبدالمطلب بن ہاشم ہاشمی۔ رسول اللہ ﷺ کے چچا زاد اور رضاعی بھائی۔ دونوں کی رضاعی والدہ حلیمہ سعدیہ ہیں۔ بقول ابن المبارک اور ابراہیم بن المنذر ان کا نام مغیرہ تھا۔ بقول بعض: ان کی کنیت ہی ان کا نام ہے۔ مغیرہ ان کے بھائی ہیں رسول اللہ ﷺ کے مشابہ تھے، عبداللہ بن امیہ کے ساتھ ان کا ذکر ہوا ہے۔ حاکم کی روایت ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''ابوسفیان بن حارث جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں''۔ [6] فرماتے ہیں: ان کے سر میں رسولی تھی جسے حجام نے ان کا سر مونڈتے کاٹ دیا تو خون بہنے سے فوت ہوگئے۔ لوگ کہتے ہیں ان کی شہادت کی موت ہوئی ہے۔ یہ مرسل روایت ہے اس کے رجال ثقہ ہیں۔ ابوسفیان رسول اللہ ﷺ کی ایذاء رسانی اور آپ کی برائی بیان کرنے والوں میں سے تھے اور مسلمانوں کو تکلیف پہنچاتے تھے جس کی طرف حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے اپنے مشہور قصیدے میں اشارہ کیا ہے:

---

[1] کنز العمال (۳۱۳۷۹) اسد الغابہ (٤٦٩/٤) [2] اسد الغابہ (۵۹۵۳) تجرید (۱۷۳/۲)
[3] اسد الغابہ (٤٦٩/٤) [4] اسد الغابہ (۵۹۵۸) تجرید (۱۷۳/۲) [5] اسد الغابہ (٤٦٩/٤)
[6] اسد الغابہ (۵۹۵۹) تجرید (۱۷۳/۲) [7] المستدرک (۲۵۵/۳) الطبقات (۳٦۱/٤)

Marfat.com

''تم نے (میرے محبوب) محمد کی برائی کی اور میں تمہیں اس کا جواب دیتا ہوں، جس کی اللہ تعالیٰ کے ہاں جزاء ہے''۔

بقول بعض: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انہیں سمجھایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو جا کر کہو: ''اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ نے آپ کو ہم پر بڑی فضیلت بخشی''۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا، آپ نے ان کا عذر قبول کیا اور فرمایا: ''آج تم پر کوئی گرفت نہیں''۔ جس پر ابوسفیان بے ساختہ بول اٹھے: ع

''آپ کی زندگی کی قسم! جس دِن میں محمد کے لشکر کی مغلوبیت کے لیے اور لات کے لشکر کے غالب ہونے کے لیے جھنڈا اٹھائے ہوئے تھا، تو میری مثال اس رات کے مسافر کی طرح تھی جس کی رات تاریک ہو۔ اب یہ وہ اوقات ہیں جن میں میری رہنمائی کی جا رہی ہے تا کہ میں ہدایت یافتہ ہو جائیں''۔

ابوسفیان فتح مکہ کے موقعہ پر مسلمان ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کی جانب روانہ تھے، انہوں نے ملاقات کی اور اسلام لے آئے۔ حنین میں شریک ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ثابت قدم رہے۔ مسلم کی روایت ہے، حضرت عباس فرماتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خچر کو کفار کی جانب ایڑ لگا رہے تھے، میں اس کی لگام پکڑے اسے روک رہا تھا اور ابوسفیان نے اس کا رکاب پکڑا ہوا تھا۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا: چچا عباس! بیعت رضوان والوں کو آواز دیجئے..... (حدیث)

دولابی حدیث ابوسفیان بن حارث سے منقطع سند کے ذریعہ روایت کرتے ہیں، بقول بعض: انہوں نے مارے شرم کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سر نہیں اٹھایا۔ محمد بن اسحاق نے ان کا وہ قصیدہ بھی نقل کیا ہے جس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مرثیہ کہا تھا: ع

لقد عظمت مصیبتنا وجلّت　　عشیّة قیل قدمات الرسول

''جس شام ہمیں بتایا گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وفات پا گئے ہیں اس وقت ہماری مصیبت دوبالا ہوگئی''۔

ان کی مسند اُوہ حدیث بھی نقل کی ہے جسے الدارقطنی نے کتاب الاخوۃ میں اور ابن قانع نے بطریق سماک بن حرب روایت کیا ہے کہ میں نے سجستان میں مدرک بن مہلب کے لشکر میں ایک بزرگ سے سنا جو ابوسفیان بن حارث سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ اس قوم کو پاک نہیں کرتا جس کا کمزور طاقتور سے اپنا حق وصول نہیں کر سکتا''۔ اس کی سند صحیح ہوتی اگر یہ بے نام شیخ نہ ہوتا۔ ابوالحسن نے حنین کے موقعہ پر ان کے اشعار میں سے چند یہ نقل کیے ہیں: ع

''آدمی کا چچا زاد اس کے چچاؤں میں سے ہے جو اس کے والد کے بیٹے اور اس کے آگے کی قوت ہے، آج یہ اس کے ایام میں سے ایک دِن ہے جس میں رشتہ دار اپنی رشتہ داری کے اور مسلمان اپنے اسلام کے دفاع کے لیے جنگ کر رہا ہے''۔

عمر بن شبہ اخبارِ مدینہ میں عبدالعزیز بن عمران سے نقل کرتے ہیں کہ مجھے پتہ چلا عقیل بن ابی طالب نے ابوسفیان کو قبرستان میں گھومتے دیکھ کر پوچھا: عم زاد (کزن)! آپ یہاں کیا کر رہے ہیں؟ فرمایا: میں اپنی قبر کی جگہ دیکھ رہا ہوں تا کہ اسے اپنے گھر میں شامل کر لوں، اور اس کی کشادہ جگہ میں ایک قبر کھدوانے کا حکم دیا۔ قبر کھد گئی تو ابوسفیان اس کے پاس تھوڑی دیر بیٹھ کر

Marfat.com

لوٹ گئے۔ دو دِن بھی نہ گزرے تھے ان کا انتقال ہوگیا اور اسی میں انہیں دفن کیا گیا۔ بقول بعض: خلافت فاروقی میں ۱۵ھ میں فوت ہوئے۔ آپ نے ہی ان کا جنازہ پڑھایا۔ ایک قول ہے: ۲۰ھ میں فوت ہوئے۔ یہ بات الدارقطنی نے کتاب الاخوۃ میں نقل کی ہے۔ بغوی کی کتاب میں ان کے حالات میں لکھا ہے، عاصم الاعور کا قول ہے: درخت تلے سب سے پہلے ابوسفیان بن حارث نے بیعت کی، جو درست نہیں۔ کیونکہ اوروں نے اسی سند سے لکھا ہے۔ ابوسنان بن وہب یہی درست ہے اور تمام اہل مغازی کے ہاں یہی مشہور ہے ابوسنان کا نام عبداللہ ہے، عبادلہ میں ان کا ذکر ہو چکا ہے، عنقریب ابوسنان میں ان کا واقعہ بیان ہوگا۔

۱۰۰۲۰ ابوسفیان

صخر بن حرب بن امیہ بن عبد شمس، اپنے نام وکنیت سے مشہور ہیں۔ ان کی کنیت ابوحنظلہ بھی ہے ناموں میں تذکرہ ہوا ہے۔

۱۰۰۲۱ ابوسفیان

سراقہ بن مالک نام سے شہرت رکھتے ہیں۔

۱۰۰۲۲ ابوسفیان

مدلوک دونوں کا تذکرہ ناموں میں ہوا ہے۔

۱۰۰۲۳ ابوسفیان بن حارث

ان کا نام ونسب نہیں لیا گیا۔ بریدہ کے دوست ہیں۔ ابن اسحاق نے فرمایا: اُحد میں شہید ہوئے۔ مستغفری نے انہی کے طریق سے ان کا ذکر کیا ہے اور ابن فتحون نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے، شاید یہ بعد والے ہیں۔

۱۰۰۲۴ ابوسفیان بن حارث بن قیس [1]

بن زید بن ضبیعہ بن زید بن مالک بن عوف انصاری اوسی۔ عدوی کا بیان ہے: اُحد میں شہید ہوئے ابن کلبی شرکاءِ بدر میں ان کا ذکر کرتے ہیں۔ بلاذری کا قول ہے: انہیں ابوالبنات کہا جاتا ہے۔ جب اُحد کا معرکہ ہوا تو فرمانے لگے: میں جنگ کر کے اپنی بیٹیوں کے ہاں واپس جاؤں گا۔ جب مسلمانوں کے پاؤں اکھڑنے لگے تو کہنے لگے: اے اللہ! میں اپنی بیٹیوں کے پاس نہیں جانا چاہتا بلکہ تیری راہ میں قتل ہونا چاہتا ہوں، چنانچہ شہید ہوگئے تو اس کی وجہ سے نبی ﷺ نے ان کی تعریف فرمائی۔

۱۰۰۲۵ ابوسفیان [2] (بے نسبت)

نبی ﷺ کی یہ حدیث بیان کرتے ہیں۔ رمضان کا عمرہ حج کے برابر ہے۔ [2] ان سے ان کا بیٹا عبداللہ روایت کرتا ہے۔ ابوعمر نے ان کا ذکر کیا کہ اس کی سند مدنی ہے۔

---

[1] اسد الغابہ (۵۹۶۰) استیعاب (۳۰۴۴) [2] اسد الغابہ (۵۹۶۲) تجرید (۱۷۴/۲)

[2] بخاری کتاب العمرۃ باب عمرۃ فی رمضان (۱۷۸۲) مسلم کتاب الحج باب فضل العمرۃ فی رمضان (۲۰۲۸) نسائی کتاب الصیام (۲۱۰۹) مسند احمد (۲۲۹/۱) الصحیح لابن حبّان (۳۷۰۰) اسد الغابہ (۴۷۳/۴)

Marfat.com

۱۰۰۲۶ ابوسفیان ✿

بن حویطب بن عبدالعزیٰ قرشی عامری۔ بقول ابوعمر: فتح مکہ کے روز اپنے والد کے ساتھ مسلمان ہوئے اور جنگ جمل میں شہید ہوئے۔

۱۰۰۲۷ ابوسفیان بن ابی وداعه سهمی نام عبداللہ ہے، تذکرہ ہوا ہے۔

۱۰۰۲۸ ابوسفیان سدوسی

بقول ابن مندہ: ابوموسیٰ محمد بن المثنی، عمرو بن سفیان سے وہ اپنے والد سے بحوالہ اپنے دادا روایت کرتے ہیں کہ مشرک تھا پھر مسلمان ہوگیا۔

۱۰۰۲۹ ابوسفیان بن محصن الاسدی ✿

احمد بن خازم کے نسخہ میں نقطوں سے لکھا ہے۔ ان کی روایت ہے نحر کے روز ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رمی جمرات کی پھر میں نے قمیص پہن لی تو رسول اللہ ﷺ نے ہم سے فرمایا: ''آج کے دِن سے عرفات سے نکلنے تک قمیض (سلا ہوا کوئی بھی کپڑا) نہ پہننا''۔ ✿ ابن مندہ نے اسے نقل کیا ہے اور ابونعیم نے اس وجہ سے راجح قرار دیا ہے کہ یہ ابوسنان بن وہب بن محصن ہیں جس میں تردد ہے اس لیے کہ ابوسنان کے بارے میں کہا جاتا ہے وہ قریظہ کے محاصرے میں شہید ہوگئے جو حجۃ الوداع سے مدت پہلے کا واقعہ ہے۔ بظاہر اوّل قول صحیح ہے لگتا ہے یہ ان کے چچا ہیں، اس میں کیا ممانعت ہے کہ دونوں ایک واقعہ نقل کریں۔

۱۰۰۳۰ ابوسفیان قرشی

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے گورنر اوس بن خالد بن یزید طائی کے حالات میں ان کا ذکر ہوا ہے کہ عہد فاروقی میں قتل ہوگئے تھے اور یہ پہلے بھی معلوم ہے کہ حجۃ الوداع میں جو قریشی بچا تھا وہ مسلمان بن کر حاضر ہوا تھا۔

۱۰۰۳۱ ابوسفیان بن وهب بن ربیعه ابن اسد بن صهیب

بن مالک.... اسدی۔ ابن حبان نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے کہ بدر میں شریک ہوئے مستغفری نے ان کی پیروی کی ہے۔ احتمال ہے یہ ابوسنان بن وہب بن محصن ہوں ان کے نام میں لفظی غلطی اور نسب میں تبدیلی واقع ہوئی ہے ورنہ یہ ان کے رشتہ داروں میں سے دوسرے ہیں۔

۱۰۰۳۲ ابوسکینه ✿

تصغیر ہے۔ بعض کا قول ہے: اس کے شروع میں فتحہ ہے، عبدالصمد بن سعید نے ان کا ذکر حمص میں آنے والے صحابہ رضی اللہ عنہم

✿ استیعاب (۳۰۴۵) تجرید (۱۷۴/۲) ✿ اسد الغابہ (۵۹۶۳)

✿ جامع المسانید (۱۳۱/۱۴) ✿ اسد الغابہ (۵۹۶۶) تجرید (۱۷۴/۲)

Marfat.com

میں کیا ہے۔ فرماتے ہیں: ان کا نام محلّم بن سوّار ہے۔ بغوی کا قول ہے: شام میں سکونت اختیار کی، ابن مندہ کا قول ہے: یہ ثابت نہیں، پھر ان کی حدیث یزید بن ربیعہ کے طریق سے بحوالہ بلال بن سعد نقل کی ہے، میں نے ابوسکینہ سے سنا وہ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے تھے.... پھر عتق کی فضیلت کے بارے میں حدیث ذکر کی۔ اور اس طریق سے، اسے ابن جارود، باوردی اور ابن سکن نے نقل کیا ہے، یزید ضعیف راوی ہے۔ ان سے کئی طرق سے بحوالہ یزید مروی ہے، اس میں یہ نہیں کہ وہ صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ہیں، اس میں سے ایک بغوی کے ہاں بحوالہ ابوتوبہ مروی ہے۔ اسے ابوعمر نے طریقہ کے وزن پر ذکر کیا ہے، اس کے شروع میں الف لام کا اضافہ کیا، فرماتے ہیں: ابوسکینہ، ابن فتحون کا قول ہے، اس میں ابواحمد حاکم نے پیروی کی ہے۔

۱۰۰۳۳ ابوسلافه یہ بعد والے ہیں۔

۱۰۰۳۴ ابوسلاله ✿

اسلمی۔ بعض کا قول ہے ابوسلاۃ، بعض نے کہا: ابوسلامہ، ابوعمر نے ابوحاتم کی اتباع میں فرمایا: ان کی حدیث حکام بن سلمہ کے ہاں بحوالہ عبداللہ بن عبداللہ، ان سے مروی ہے، یہ مفردہ کنیتوں میں بخاری کے کلام سے ماخوذ ہے۔ فرماتے ہیں: حکام نے بحوالہ ابوسلالہ اسلمی فرمایا، فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''عنقریب تم پر ایسے حکمران مقرر ہوں گے جو تمہارے سامنے حدیث بیان کریں گے اور جھوٹ بولیں گے''۔ اسے ابواحمد حاکم نے بخاری کے طریق سے نقل کیا ہے اور ابن مندہ نے بطریق ابوحاتم الرازی، بواسطہ یوسف بن موسیٰ بحوالہ حکام نقل کیا ہے اسی طرح اسے ابن جارود نے بحوالہ ابوحاتم رازی روایت کیا لیکن ان کا نسب سلمی بیان کیا ہے، ابوموسیٰ کا قول ہے: ابن مندہ نے ایک اور مرتبہ فرمایا: ابوسلامہ طبرانی کا قول ہے: ابوسلام اور ابوموسیٰ کی طرف اس کی نسبت کی ہے، انہوں نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔

میں کہتا ہوں: بغوی، ابوعلی بن سکن نے یقین کیا ہے کہ وہ ابوسلامہ ہیں۔ ابن سکن کا قول ہے: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے، پھر ابن سکن نے عبدالرحمٰن بن شریک کے طریق سے بحوالہ عاصم بن عبیداللہ، انہوں نے اپنے والد سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ہمارے ہاں ابوسلامہ سلمی آئے، ہم نے دو ماہ ان کی مہمانداری کی، انہوں نے ہم سے حدیث بیان کی کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''عنقریب تم پر ایسے امیر ہوں گے کہ تمہارے رزق ان کے ذریعے ہوں گے، وہ تم پر اس میں سے روک لیں گے یہاں تک کہ تم ان کے جھوٹ کی تصدیق کرو گے اور ان کے ظلم پر ان کی مدد کرو گے، تو انہیں وہ حق دو جو وہ تم سے قبول کرلیں، اگر وہ حق کی خلاف ورزی کریں تو ان سے جنگ کرو، جو اس حالت میں مرگیا وہ شہید ہے''۔ ✿

اسے بغوی نے بحوالہ ابوسلامہ سلامی نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں ہر شخص کو اس کی والدہ کے ساتھ حسن سلوک کی وصیت کرتا ہوں''۔ ✿

✿ اسد الغابہ (٥٩٦٧) تجرید (١٧٤/٢)

✿ المعجم الکبیر (٩٣٤/٢٢) ابن ابوعاصم (١٠٤/٢٢) مجمع الزوائد (٢٢٨/٥) جامع المسانید والسنن (١٤٨/١٤) الجرح والتعدیل (٣٨٧/٩)

✿ ابن ماجہ (٣٦٥٧) احمد ...

Marfat.com

میں نے کتاب ابن سکن کے قابل اعتماد مجموعے میں اسے میم کے بدلے فا سے یعنی اَسلمی کے بدلے سلمی میں دیکھا ہے، اور بغوی کے نسخے میں سلامی ہے۔ جنہوں نے کہا ہے کہ وہ ابوسلالہ دولام کے ساتھ ہیں۔ وہ ابوعبیداللہ مرزبانی ہیں۔ انہوں نے کتاب السیرۃ العادلہ میں ان کا ذکر کیا ہے، اور جنہوں نے کہا ہے وہ سلمی ہیں وہ باوردی ہیں۔

۱۰۰۳۵ ابوسلامہ سلامی پہلے والے میں ان کا ذکر ہے۔

۱۰۰۳۶ ابوسلام*

رسول اللہ ﷺ کے خادم ہیں، ابواحمد حاکم نے کہا: رسول اللہ ﷺ کے موالی میں ان کا شمار ہے۔ انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ خلیفہ بن خیاط نے صحابہ رضی اللہ عنہم کے ناموں میں ان کا ذکر کیا ہے۔ جو بنو ہاشم کے موالی ہیں۔ حاکم نے مسعر کے طریق سے بحوالہ ابوسلام خادم رسول اللہ ﷺ نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ''جو مسلمان صبح اور شام کے وقت یہ دعا پڑھے ((رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا....)). (الحدیث) * اس میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہو جاتے ہیں۔ اسے ابن ابوشیبہ نے بحوالہ مِسعر اسی طرح روایت کیا ہے۔ بغوی نے بحوالہ ابوبکر نقل کیا ہے، اسے ابوداؤد اور نسائی نے شعبہ کے طریق سے بحوالہ ابوسلام نقل کیا ہے کہ وہ حمص کی مسجد میں تھے، ان کے پاس سے ایک آدمی گزرا، لوگوں نے کہا: یہ نبی کریم ﷺ کے خادم ہیں، وہ ان کی طرف بڑھے اور کہا: مجھ سے حدیث بیان کیجئے، پھر یہ حدیث اسی طرح بیان کی:۔

اسے نسائی اور بغوی نے اسی طرح ہشیم کے طریق سے بحوالہ ابوعقیل ہاشم بن بلال نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ہم سے سابق بن ناجیہ نے بحوالہ ابوسلام نقل کیا ہے، ہمارے پاس سے ایک شخص اشعث گزرا، لوگوں نے کہا: انہوں نے نبی کریم ﷺ کی خدمت کی ہے، میں نے ان سے کہا: آپ نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت کی ہے، انہوں نے کہا: جی ہاں۔ میں نے اس سے کہا: مجھے آپ ﷺ کی ایسی حدیث سناؤ جو میرے اور تمہارے علاوہ کسی کے درمیان بیان نہ کی گئی ہو، انہوں نے کہا: میں نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''جس نے صبح کے وقت کہا....''۔ (الحدیث)

اسی طرح ابوسلام نے اس حدیث کو خادم سے روایت کیا ہے اور خادم مبہم ہیں۔ اسے ابوداؤد نے کتاب العلم میں شعبہ کے طریق سے نقل کیا ہے۔ دوسری حدیث میں فرماتے ہیں: شعبہ سے اس سند سے بحوالہ ایک شخص جو نبی کریم ﷺ کا خادم ہے مروی ہے، اس سند میں ایک اور غلطی ہوئی کہ یہ حرف سین کی آخری قسم میں سابقہ حالات میں بیان ہوئی، اور شعبہ کی اس بارے میں حدیث محفوظ ہے، اور مذکورہ ابوسلام ممطور حبشی ہیں اور وہ تابعی ہیں۔ میں نے ان کے حالات کو آخری قسم میں ذکر نہیں کیا کیونکہ رسول اللہ ﷺ کے موالی میں ابوسلام کا شمار ہے۔ شاید یہ آخری ہیں جنہوں نے صاحب ترجمہ کے خلاف کچھ بھی روایت نہیں کیا۔

۱۰۰۳۷ ابوسلامہ ثقفی*

صحابہ میں ان کا ذکر ہے۔ بعض نے کہا: ان کا نام عروہ ہے، اسی طرح ابن عبدالبر نے نقل کیا ہے۔

---

* اسد الغابہ (۵۹۶۸) تجرید (۱۷۴/۲) * ابوداؤد (۵۰۷۲) ابن ماجہ (۳۸۷۰) مسند احمد (۳۳۷/٤)

* اسد الغابہ (۵۹۶۹) الاستیعاب (۳۰۵۲) تجرید (۱۷۵/۲)

Marfat.com

۱۰۰۳۸ ابوسلامہ سلمی *

بعض نے کہا: حبیبی، ان کا نام خداش ہے۔ وہ اس حدیث سے پہچانے جاتے ہیں۔ میں ایک شخص کو اپنی والدہ کے ساتھ حسن سلوک کرنے کی وصیت کرتا ہوں۔ (الحدیث) * یہ ابوعمر کا قول ہے۔

میں کہتا ہوں: احمد، ابن ماجہ وغیرہ نے منصور کے طریق سے بحوالہ ابوسلامہ حدیث کو روایت کیا ہے، میں نے حرف خاء میں اس کی طرف اشارہ کر دیا ہے، اسے دولابی نے شیبان کے طریق سے بحوالہ منصور روایت کیا ہے۔ اور عبید اور ابوسلامہ کے درمیان عرفطہ سلمی کا اضافہ کیا ہے۔

۱۰۰۳۹ ابوسلمہ بن سفیان

بن عبداسد جو ان کے بعد صحابی ہیں، ان کے بھتیجے ہیں۔ بدر سے پہلے ان کے والد وفات پا گئے۔ جیسا کہ ان کے بھائی اسود کے سوانح میں گزر چکا ہے، اور ان کی والدہ ام جمیل بنت مغیرہ بن ابوعاص بن امیہ ہیں۔ ان کی اولاد ہے۔

ان میں سے محمد بن عبدالرحمٰن بن ابوسلمہ بن سفیان ہیں جو اوقص کے نام سے معروف ہیں، موسیٰ ہادی کے زمانے میں مدینہ کے قاضی تھے، پھر رشید کے بعد بغداد کے قاضی بنے۔ زبیر بن بکار نے ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۰۴۰ ابوسلمہ بن عبداسد *

بن ہلال بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم مخزومی۔ جو اسلام میں سبقت حاصل کرنے والے ہیں۔ اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۰۴۱ ابوسلمہ * (بے نسبت)

ابواحمد حاکم نے فرمایا: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے، اور اپنی خلافت میں ان کی تعریف کی، جب ان کی بیوی نے ان کی شکایت کی، ابوبکر بن ابوعاصم اور ابواحمد حاکم نے اسے دو طریق سے بحوالہ معاویہ بن قرۃ مزنی روایت کیا ہے۔ فرماتے ہیں: میں پنیر اور گھی کے زمانے میں مدینہ آیا، اور دیہاتی گندم لا رہے تھے، تو ایک شخص بھرپور نظروں سے لوگوں کو دیکھ رہا تھا۔ میں نے خیال کیا کہ وہ غریب ہے، میں اس کے قریب گیا اور اسے سلام کیا، اس نے سلام کا جواب لوٹایا، اس نے مجھ سے کہا: تم اس ملک کے ہو؟ میں نے کہا: جی ہاں! اور اس کے پاس بیٹھ گیا، میں نے کہا: تم کون ہو؟ اس نے کہا: بنو ہلال سے ہوں۔ میرا نام خمس ہے، پھر مجھ سے کہنے لگا: کیا تم سے وہ حدیث بیان نہ کروں جسے میں نے اس وقت سنا تھا جب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ موجود تھے۔ میں نے کہا: کیوں نہیں۔ اس نے کہا: اسی اثناء میں کہ ہم ان کے پاس بیٹھے تھے کہ ان کے پاس ایک عورت آئی اور بیٹھ گئی، اس نے کہا: امیرالمومنین! میرے شوہر کا شر بڑھ گیا ہے۔ اور اس کی خیر کم ہوگئی ہے۔ انہوں نے پوچھا: تمہارا شوہر کون ہے؟ کہنے لگی: ابوسلمہ،

---

* اسد الغابہ (۵۹۷۰) تجرید (۱۷۵/۲)
* ابن ماجہ (۳۶۵۷) مسند احمد (۳۱۱/٤) طبرانی (٤۱۸/٤) حاکم (۱۵۰/٤) ابن کثیر (۱۵۱/٤)
* اسد الغابہ (۵۹۷۱) تجرید (۱۷۵/۲)
* اسد الغابہ (۵۹۷۲) تجرید (۱۷۵/۲)

Marfat.com

انہوں نے کہا: اس شخص کو شرف صحابیت حاصل ہے اور وہ شخص مسیحا ہے۔ [1] پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے پاس بیٹھے ہوئے آدمی سے پوچھا: کیا ایسا نہیں ہے؟ اس نے کہا: اے امیر المومنین! جو آپ نے فرمایا، ایسا ہی ہے۔ پھر حدیث بیان کی، اس میں سے بعض خمس کے سوانح میں گزر چکا ہے۔

۱۰۰۴۲ ابوسلمہ (بے نسبت)

یہ دوسرے ہیں، حاکم ابواحمد نے پہلے والے سے جدا ان کا ذکر کیا ہے اور احمد بن عبداللہ بن حکیم کے طریق سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ابراہیم خزاعی فرماتے ہیں: ابوسلمہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث روایت کی، فرماتے ہیں: ''شیطان کہتا ہے، مجھ سے صاحب مال بچ نہیں سکتا....''۔ (الحدیث)

۱۰۰۴۳ ابوسلمہ [2]

عبدحمید بن سلمہ کے دادا ہیں، بغوی نے کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے، انہوں نے اور ابن ماجہ نے عثمان لیثی کے طریق سے بحوالہ عبدالحمید بن سلمہ، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے اپنے دادا سے روایت کیا ہے کہ ان کے ماں باپ اپنا جھگڑا لے کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے، ان میں سے ایک مسلمان تھا اور دوسرا کافر تھا، آپ نے اسے اختیار دیا وہ مسلمان کی طرف متوجہ ہوا۔

حرف سین میں سلمہ کے حالات میں وضاحت سے یہ گزر چکا ہے، بغوی کے ہاں یہ دوسرے طریق سے ہے۔ بحوالہ عبدالحمید بن ابوسلمہ، انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے، انہوں نے اپنے دادا کے حوالے سے نقل کیا ہے۔ انہوں نے ابوسلمہ کے والد کا عنوان قائم کیا ہے، جو صحیح نہیں، محفوظ روایت یہ ہے کہ اس میں عبدالحمید بن سلمہ ہیں، اور جس نے عبدالحمید بن ابوسلمہ کہا یعنی ابو کی زیادتی کی تو یہ محض غلط ہے۔

۱۰۰۴۴ ابوسلمی راعی [3]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خادم ہیں، بعض کا قول ہے کہ ان کا نام حریث ہے۔ ابن مندہ وغیرہ کے نزدیک ان کا نام ہے جو اسماء میں گزر چکا ہے۔ بغوی کے ہاں عالی سند سے ان کی حدیث ہے جس میں نہ ان کا نام ہے نہ کنیت ہے۔ پھر اسے ابوسلام اسود کے طریق سے نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: ہم سے ابوسلمی نے روایت کیا۔

۱۰۰۴۵ ابوسلمی [4] (بے نسبت)

ابن ابوحاتم نے ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: میں نے اپنے والد سے کہا: سری بن یحییٰ نے روایت کیا، فرماتے ہیں: ابوسلمی نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو صبح کی نماز میں پڑھتے ہوئے سنا: ﴿جب سورج لپیٹ دیا جائے گا﴾۔ [5] انہوں نے کہا:

---

[1] الجرح والتعدیل (۱۵۱/۱) [2] اسد الغابہ (۵۹۷۲) تجرید (۱۷۵/۲)
[3] اسد الغابہ (۵۹۷٤) تجرید (۱۷۵/۲) [4] اسد الغابہ (۵۹۷۵) تجرید (۱۷۵/۲)
[5] سورۃ الشمس (۱)

Marfat.com

میں نے حسان بن عبداللہ سے پوچھا: کیا سری اس شیخ سے ملے ہیں؟ انہوں نے کہا: جی ہاں۔ اسی طرح ابوعمر نے ان کا ذکر کیا ہے جو کہ کتاب ابن ابوحاتم میں ہے، ابواحمد حاکم نے ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: ابوسلیمان یا ابوسلمٰی، پھر فرمایا: ابوسلیمان یا ابوسلمٰی کا اس حدیث میں ذکر وہم ہے، مجھے معلوم نہیں کس سے مروی ہے، مجھے سری بن یحییٰ کی سماعت معلوم نہیں، نہ کسی صحابی کے حوالے سے روایت کرنا معلوم ہے۔

اس حدیث کو ابوولید طیالسی نے روایت کیا ہے کہ ہم سے سری بن یحییٰ نے بحوالہ عنبرہ کے ایک شخص کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے یہ سنا: مجھے ابراہیم بن محمد فرائضی نے ابوولید کے حوالے سے خبر دی، پھر اسے ذکر کیا وہی صحیح ہے۔ بعض کا قول ہے: یہ مضموم ہیں، بخلاف پہلے کے جن کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۰۴۶ ابوسلیط انصاری بدری ✿

بعض نے کہا: ان کا نام اسید ہے، بعض نے کہا: ان کا نام انس ہے، بعض کا قول ہے: سبرہ جو اپنی کنیت سے مشہور ہیں، بدری صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر ہے، ان کی روایت کو احمد اور بغوی رحمۃ اللہ علیہما نے ابن اسحاق کے طریق سے بحوالہ والد عبداللہ بن ابوسلیط نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: ہمارے پاس نبی کریم ﷺ کی طرف سے منع کرنے والا آیا اور ہمیں پالتو گدھے کے گوشت کھانے سے منع فرمایا اور جوش مارتی ہوئی ہانڈی سے تو ہم نے انہیں انڈیل دیا۔

۱۰۰۴۷ ابوسلیمان

خالد بن ولید مخزومی، سیف اللہ۔

۱۰۰۴۸ ابوسلیمان

مالک بن حویرث لیثی، اسماء میں ان دونوں کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۰۴۹ ابوسمح ✿

رسول اللہ ﷺ کے مولیٰ ہیں۔ بعض کا قول ہے: ان کا نام ابوذرّ ہے۔ بغوی کا قول ہے: نبی کریم ﷺ کے خادم ہیں۔ نبی کریم ﷺ سے روایت کیا، ان سے محل بن خلیفہ نے روایت کیا، ابوزُرعہ کا قول ہے: مجھے ان کا نام معلوم نہیں، مجھے ان کی ایک حدیث کے علاوہ معلوم نہیں۔

ابن خزیمہ، ابوداؤد اور نسائی، ابن ماجہ، بغوی نے ان کی حدیث نقل کی ہے۔ بطریق یحییٰ بن ولید، بحوالہ ابوسمح، فرماتے ہیں: میں نبی کریم ﷺ کی خدمت کرتا تھا، جب آپ ﷺ غسل کرنا چاہتے تو فرماتے: ''میری طرف پیٹھ کرلو''۔

بزار کا قول ہے: اس طریق کے علاوہ ہمیں حدیث ابوسمح کا علم نہیں۔ ابوعمر کا قول ہے: انہیں قتل کر دیا گیا، وہ نہیں جانتے انہوں نے کہاں وفات پائی۔

✿ اسد الغابہ (۵۹۷۷) الاستیعاب (۳۰۵۹) تجرید (۱۷۵/۲) ✿ اسد الغابہ (۵۸۷۸) تجرید (۱۷۵/۲)

Marfat.com

۱۰۰۵۰ ابوالسمح

شرحبیل بن سمط کندی، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۰۵۱ ابوسنابل بن بعکك*

جعفر بن حارث بن عمیلہ کے وزن پر ہے ابن سباق بن عبدالدار قرشی عبدری، ان کا نام صبہ ہے۔

بعض کا قول ہے: نون کے ساتھ ہے۔ بعض نے کہا: عمر، ایک قول ہے: عامر، ایک قول ہے: اصرم، ایک قول ہے: لبید ربہ۔ اضافت کے ساتھ ہے۔ بغوی کا قول ہے: کوفہ میں رہے۔ بخاری کا قول ہے: مجھے معلوم نہیں کیونکہ وہ نبی کریم ﷺ کے بعد زندہ رہے۔

انہوں نے نبی کریم ﷺ سے روایت کی اور ان سے اسود بن یزید نخعی، زُفَر بن اوس بن حَدَثان نصری نے روایت کی۔

ابن سعد* وغیرہ کا قول ہے: مکہ میں مقیم رہے یہاں تک کہ وفات پا گئے۔ فتح مکہ کے مسلمانوں میں سے ہیں۔

ترمذی، نسائی، ابن ماجہ نے ان کی حدیث بروایت منصور بحوالہ اسود نقل کی ہے۔ یہ حدیث سبیعہ کے قصے کے بارے میں ہے۔

ترمذی کا قول ہے: ہمیں اسود کا ابوسنابل سے سماعت کرنا معلوم نہیں، صحیحین میں بھی ان کا ذکر سبیعہ اسلمیہ کے قصے میں ثابت ہے، جب ان کے شوہر وفات پا گئے، پھر ان کے ہاں بچے کی ولادت ہوئی۔ پیغامات نکاح وصول کرنے کے لیے تیار ہو گئیں۔ انہوں نے انہیں ڈانٹا، فرماتے ہیں: یہاں تک کہ چار ماہ دس دِن کی عدت گزارو، انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سوال کیا، انہوں نے انہیں بتایا کہ وہ عدت سے نکل چکی ہیں۔ یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ ابوسنابل فقیہ تھے، ورنہ ان پر بغیر علم فتویٰ دینے کا الزام عائد ہوتا کہ انہوں نے نکیر کی تھی، لیکن ان کا عذر یہ ہے کہ انہوں نے عموم کو دلیل بنایا، جبکہ اس عموم سے حمل والی عورت جب بچہ جن لے، مخصوص ہے۔

بغوی کے ہاں مغیرہ کے طریق سے بحوالہ ابوسنابل مروی ہے کہ سبیعہ کے ہاں اپنے شوہر کی وفات کے انتیس راتوں کے بعد بچے کی ولادت ہوئی، انہوں نے زیب و زینت اختیار کی اور نکاح کرنا چاہا، ان سے ابوسنابل نے کہا: تم ایسا نہیں کر سکتی، وہ نبی ﷺ کے پاس آئیں آپ ﷺ نے فرمایا: کیوں نہیں! اگرچہ ابوسنابل کی ناک خاک آلود ہو۔* ابن سعد نے نقل کیا ہے کہ وہ ان لوگوں میں سے تھے جنہوں نے سبیعہ کو نکاح کا پیغام دیا تھا۔ ابن برقی نے ذکر کیا ہے کہ انہوں نے ان سے بعد میں نکاح کر لیا اور ان سے سنابل بن ابوسنابل پیدا ہوئے۔

۱۰۰۵۲ ابوسنان بن وهب*

ان کا نام عبداللہ ہے، بعض کا قول ہے: وہب بن عبیداللہ اسدی، موسیٰ بن عقبہ کا قول ہے: بدر میں شریک ہونے والوں

---

* اسد الغابہ (۵۹۷۹) الاستیعاب (۳۰۶۰) تجرید (۱۷۵/۲) * طبقات الکبریٰ (۳۳۲/۵)
* مسند احمد (۳۰۵/٤) * اسد الغابہ (۵۹۸۰) تجرید (۱۷۵/۲)

Marfat.com

میں سے تھے، ابوسنان بن وہب اسدی۔ ان کا نام نہیں لیا۔ شعبی کا قول ہے: درخت کے نیچے بیعت کرنے والوں میں سے پہلے ابوسنان بن وہب ہیں، اور ان کا نام نہیں لیا، اسے عمر بن شبہ نے نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: وہ ابوسنان بن محصن کے علاوہ ہیں، جو عکاشہ اور ام قیس کے بھائی ہیں، کیونکہ ابن محصن وفات پا گئے جبکہ نبی کریم ﷺ بنوقریظہ کا محاصرہ کئے ہوئے تھے۔ یہ بیعت رضوان جو درخت کے نیچے ہوئی تھی، اس سے پہلے کا واقعہ ہے۔

حاکم ابواحمد نے عاصم احول کے طریق سے بحوالہ شعبی روایت کیا، فرماتے ہیں: میرے پاس ایک عامر اور ایک اسدی آیا، وہ دونوں اپنے اپنے قبیلوں پر فخر کر رہے تھے۔ میں نے کہا: بنواسد کی چھ خصلتیں ہیں جو عرب کے کسی قبیلے کو حاصل نہیں، بیعت رضوان میں سب سے پہلے بیعت کرنے والے ابوسنان عبداللہ بن وہب اسدی ہیں۔ انہوں نے کہا: یا رسول اللہ! اپنا ہاتھ بڑھایئے میں آپ سے بیعت کروں، آپ ﷺ نے فرمایا: ''کس چیز پر؟'' اس نے کہا: جو کچھ آپ کے دِل میں ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میرے دِل میں کیا ہے؟ کہا فتح یا شہادت۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ پھر ان سے بیعت لی، فرماتے ہیں: پھر لوگ ابوسنان کی بیعت پر آ کر بیعت کرنے لگے۔ ❁1

اسے حسن بن علی حلوانی اور محمد بن اسحاق سراج نے اسماعیل بن ابوخالد کے کئی طرق سے بحوالہ شعبی اسے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: درخت کے نیچے سب سے پہلے بیعت کرنے والے ابوسنان بن وہب ہیں.... پھر قصہ ذکر کیا۔ اسے ابن مندہ نے عاصم کے طریق سے بحوالہ زرّ بن حُبَیش نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: درخت کے نیچے سب سے پہلے ابوسنان بن وہب نے بیعت کی۔

بغوی نے اس میں لفظی غلطی کی ہے جو ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلب کے سوانح میں گزر چکی ہے، اور ابونعیم فضل بن دکین کے طریق سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ابوسنان اسدی ان کا نام وہب بن عبداللہ ہے، واقدی کا دعویٰ ہے کہ جن کا یہ قصہ پیش آیا وہ عکاشہ کے بھتیجے ہیں، فرماتے ہیں: رہے ابوسنان تو وہ بنوقریظہ کے حصار کے وقت فوت ہوئے۔ واللہ اعلم!

۱۰۰۵۳ ابوسنان بن محصن

عکاشہ کے بھائی ہیں، ابن اسحاق ❁ نے بدر میں حاضر ہونے والوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔ میرے خیال میں وہ ابوسفیان بن محصن کے علاوہ ہیں جیسا کہ میں نے پہلے بیان کیا ہے اور ابوسنان بنوقریظہ کے محاصرے کے وقت فوت ہوئے۔ اور ابوسفیان حجۃ الوداع میں شریک تھے، میں نے بیان کیا ہے کہ وہ ان صحابی کے علاوہ کوئی اور ہیں جن کا ذکر ابھی گزرا ہے۔ واقدی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام اس کے خلاف ہے۔

۱۰۰۵۴ ابوسنان انصاری

ام سنان کے شوہر ہیں، صحیحین میں ان کا ذکر ثابت ہے۔ بطریق عطاء بحوالہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کہ نبی کریم ﷺ نے انصار کی ایک خاتون سے جنہیں ام سنان کہا جاتا تھا، فرمایا: ''تمہیں کس نے روکا ہے کہ ہمارے ساتھ حج کرو''۔ ❁ فرماتی ہیں: ابوفلاں

❁1 دلائل النبوة (۱۳۷/٤) ❁ السيرة النبوية (۲٤۲/۲)

❁ بخاری (۱۷۸۲) مسلم (۱۲۵٦) مسند احمد (۲۲۹/۱)

Marfat.com

یعنی ان کے شوہر کے دو اونٹ تھے، انہوں نے اور ان کے بیٹے نے ایک پر حج کیا اور دوسرا کھیتی کو سیراب کرتا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''رمضان میں عمرہ کرنا حج کے برابر ہے''۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: ''جب رمضان کا مہینہ آئے تو عمرہ کرو''۔ مسلم میں ہے: ''رمضان میں عمرہ کرنا حج کے برابر ہے یا میرے ساتھ حج کے برابر ہے''۔

۱۰۰۵۵ ابوسنان اشجعی ✿

جراح اشجعی کے سوانح میں ذکر ہے، بعض کا قول ہے: وہ معقل بن سنان ہیں، راجح یہ ہے کہ وہ اس کے علاوہ ہیں۔

۱۰۰۵۶ ابوسنان بن صیفی

بن صخر بن خنساء بن سنان بن عبید بن عدی بن غنم بن کعب بن سلمہ انصاری سلمی، ابن اسحاق ✿ نے بدر میں حاضر ہونے والوں میں ان کا ذکر کیا ہے، خندق میں شہید ہوئے۔

۱۰۰۵۷ ابوسنان عبدی

پھر صباحی، ابوعبیدہ معمر بن مثنی کا قول ہے: وفد میں تھے، رسول اللہ ﷺ نے ان کے چہرے پر ہاتھ پھیرا۔ ان کی عمر طویل تھی، حتیٰ کہ نوے سال تک جا پہنچے، وہ مسجد بنوصباح کے مؤذن تھے۔ ان کا چہرہ نبی ﷺ کے ہاتھ پھیرنے کی وجہ سے چمکتا تھا، شریف اور با آبرو تھے۔

۱۰۰۵۸ ابوسنان بن حریث مخزومی

زبیر بن بکار نے شماس بن عثمان مخزومی کے سوانح میں ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: جب عثمان بن شماس کی وفات ہوئی تو بنت حریث مخزومیہ نے یہ اشعار کہے گویا وہ ان کی زوجہ تھیں: ع

''اے میری آنکھ نہ رکنے والے آنسو بہا دے اور عثمان بن شماس کے صدمے پر رو، جو سخت حملے والا اور مبارک تھا کثرت سے جھنڈے اٹھاتا اور گھوڑوں پر سوار ہوتا تھا جب کوئی مصیبت ٹوٹتی تو وہ بے وطن ہو کر دشمن کو ڈرا دیتا ایسا تیر چلاتا کہ کھوپڑی قلم کر دیتا۔ میں نے یہ اشعار اس غم کی گھڑی میں کہے جب لوگ اس کی موت کی خبر دینے لگے، بہادر نے دیت دے دی اور کھانے والے اور پہننے والے کو مصیبت میں مبتلا کر دیا''۔

فرماتے ہیں: غزوۂ اُحد میں شہید ہوئے تھے۔ پھر ان کے بھائی ابوسنان بن حریث نے انہیں جواب دیا:

''اپنی شرم وحیاء کو پردے میں اور پوشیدہ رکھو، عثمان بھی انسان تھا اگر اس کی وفات کا وقت ہو گیا تھا تو اپنی جان کو مت کوسو، خوف و پریشانی کا دِن بھی اللہ کی رضا میں گزارنا چاہیے۔ اللہ کا شیر حمزہ بھی فوت ہو گیا، لہٰذا صبر سے کام لو انہوں نے وہی جام چکھا ہے جو عثمان بن شماس نے چکھا تھا''۔

✿ اسد الغابہ (۵۹۸۱) تجرید (۱۷۶/۲) ✿ السیرۃ النبویہ (۲۵۷/۲)

Marfat.com

۱۰۰۵۹ ابوسهل

بریدہ بن حصیب اسلمی، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۰۶۰ ابوسهل [1] (بے نسبت)

ابوعمر کا قول ہے: صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر ہے، میں انہیں نہیں جانتا۔

میں کہتا ہوں: تجرید [2] میں ذکر ہے کہ مسند بقی بن مخلد میں ان کی ایک حدیث ہے۔

۱۰۰۶۱ ابوسهله [3]

سائب بن خلاد، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۰۶۲ ابوسود [4]

بعض کا قول ہے: وہ وکیع بن ابوسود کے دادا ہیں جنہوں نے خراسان پر حملہ کیا، بعض کا قول ہے: ان کا نام حسان بن قیس ہے، یہ ابن قانع کا قول ہے۔ اس میں تردد ہے۔ ابن کلبی نے بنوتمیم کے نسب میں فرمایا ہے: بنوغدانہ بن یربوع بن حنظلہ وکیع بن ابوسود، وہ وکیع بن حسان بن قیس بن ابوسود بن کلب بن عوف بن نامل بن عوف بن غُدانہ، یہ وہی ہے جس نے خراسان کے امیر قتیبہ بن مسلم کو قتل کیا، یہ سلیمان بن عبدالملک کی خلافت کی بات ہے۔

اس سے ظاہر ہوا کہ حسان وکیع کا والد ہے اور ابوسود حسان کے دادا ہیں، یہی قابل اعتماد ہیں۔

اسے احمد نے ابن مبارک کے طریق سے بحوالہ ابوسود نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے ہیں: یمین فاجرہ سے مراد یہ ہے کہ کوئی شخص کسی مسلمان کے مال کو ہتھیا لے اور رشتہ داری ختم کر لے۔ [5]

اسے حسن بن سفیان، بغوی، ابن مندہ، ابن مبارک کے طریق سے، اسے ابوعلی بن سکن نے بطریق عبدالرزاق، انہوں نے معمر سے روایت کیا، ابن درید کا قول ہے۔ ابوسود وکیع کا دادا مجوسی ہے۔ اسی طرح ابن کلبی نے کتاب المناقب میں فرمایا: ابوعمر کا قول ہے: یہ بعید نہیں، کیونکہ بنوتمیم کے گھر فرس کے گھروں کے قریب ہیں۔

میں کہتا ہوں: حاجب کے قصہ میں جو عطارد کے والد ہیں، اس کی تائید ہوتی ہے کہ ان ابوسود کے نسب میں ہے جو اس پر دلالت کرتا ہے۔ بابک عجمی نام ہے، شاید وہ مجوسی ہو گئے تھے۔ اس کے بیٹوں نے اس کی پیروی کی، ابوسود کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سماعت کی تصریح اور آپ سے روایت اس کے بعد ہے۔ تابعین کا ان کی حدیث روایت کرنا اس بات کا پتہ دیتا ہے کہ وہ مسلمان ہوئے اور شرف صحابیت سے سرفراز ہوئے تھے۔ ابواحمد حاکم نے بحوالہ بخاری بیان کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا: یہ مرسل حدیث ہے۔

---

[1] اسد الغابہ (۵۹۸۵) الاستیعاب (۳۰۶۴) تجرید (۱۷۶/۲) [2] التجرید (۱۷۶/۲)
[3] اسد الغابہ (۵۹۸۶) تجرید (۱۷۶/۲) [4] اسد الغابہ (۵۹۸۳) تجرید (۱۷۶/۲)
[5] مسند احمد (۷۶/۵) مجمع الزوائد (۱۷۹/۴)

Marfat.com

اس کا احتمال ہے کہ ان کے مرسل ہونے سے مراد وہ شخص ہو کہ سند میں ان کا نام نہیں لیا گیا، اور وہ اکثر محدثین کے نزدیک مرسل ہے کیونکہ یہ ان کے حکم میں ہے۔ احتمال ہے کہ وہ عنعنہ ہو اور ان کے نزدیک ان کا صحابی ہونا ثابت نہ ہوا ہو۔

بغوی کا قول ہے: مجھے ابوسود کی اس حدیث کے علاوہ کوئی حدیث معلوم نہیں، اور میں نہیں جانتا کہ معمر کے علاوہ کسی نے اس کو روایت کیا ہو۔

۱۰۰۶۳ ابوسُوَید انصاری

بعض کا قول ہے جھنی، اسماء میں سوید جھنی کے سوانح میں گزر چکے ہیں۔

۱۰۰۶۴ ابوسُوَید*

بغوی نے اور ابوعلی بن سکن نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ اور ابوبشر دولابی نے کنیتوں میں ان کے علاوہ دوسرے راویوں نے ہشام بن سعد کے طریق سے طوالہ اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں سے ایک شخص ابوسوید سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سحری کھانے والوں کے لیے دعا مانگی۔* اسی طرح جنہوں نے صحابہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں کتابیں لکھیں، انہوں نے سوید دال کے ساتھ لکھا ہے۔

۱۰۰۶۵ ابوسیارہ متعی*

بغوی کا قول ہے: شام میں رہے، بعض نے کہا: ان کا نام عمر ہے، کسی نے کہا: عمیر بن اُعلم، ایک قول یہ ہے کہ ان کا نام حارث بن مسلم ہے۔ بقول بعض: عامر بن ہلال۔

ابن سکن وغیرہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ احمد، بغوی، ابن ماجہ وغیرہ نے سلیمان بن موسیٰ کے طریق سے بحوالہ ابوسیارہ متعی روایت کیا ہے، فرماتے ہیں: میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کھجور کی زکوٰۃ لے کر آیا۔

سلیمان نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کسی کا زمانہ نہیں پایا، اس وجہ سے یہ سند منقطع ہے۔ بعض لوگوں کا گمان ہے کہ ابوسیارہ ان لوگوں میں سے تھے جو لوگوں کے ساتھ جاہلیت میں عرفات سے لوٹتے تھے جبکہ ایسا نہیں ہے۔ فاکہی نے ذکر کیا ہے کہ ابوسیارہ مکہ پر قصی کے غالب ہونے سے پہلے تھے، یہ اس پر دلالت کرتا ہے کہ زمانۂ نبوت سے پہلے ان کا زمانہ گزر چکا تھا، ان دونوں کے درمیان اس تفریق سے اس کو تقویت ملتی ہے کہ یہ متعی ہیں اور وہ عدوانی ہیں۔ بعض کا قول ہے: عامری، بنو عامر بن لوی سے ہیں۔ ان کا نام عمرو یا عمیر یا عامر ہے۔ اور ان کا نام عمیلہ بنت اعزل.... عدوانی ہے، بعض نے کہا: بنو عبد بن بعیض بن عامر بن لوی سے ہیں۔ وہ عرفہ سے قیس کے پاس ہوتے ہوئے گزرتے کیونکہ وہ ان کے ماموں تھے۔ اسے زبیر بن بکار نے نقل کیا ہے، اور محمد بن حسن مخزومی سے بھی نقل کیا ہے کہ ابوسیارہ گدھے پر سوار ہو کر عرفات سے لوٹتے تھے، ان کے گدھے نے بیمار ہوئے بغیر چالیس

---

* اسد الغابہ (۵۹۸٤) تجرید (۱۷٦/۲)

* المعجم الکبیر (۸٤٥/۲۲) مجمع الزوائد (۱۵۱/۳) جامع المسانید والسنن (۱٤۷/۱٤) کشف (۹۷٤)

* اسد الغابہ (۵۹۸۷) تجرید (۱۷٦/۲)

Marfat.com

سال کی عمر پائی، یہاں تک کہ ضرب المثل بن گئی۔ لوگ کہنے لگے: ابوسیارہ کی سواری سے زیادہ صحت مند، وہ شخص جو عرفات سے واپس آتا تھا وہ بعثت سے قبل فوت ہوگیا وہ متمنی کے علاوہ کوئی اور ہے، جنہوں نے کھجور کے عشر وزکوٰۃ کے بارے میں پوچھا تھا۔ واللہ اعلم!

۱۰۰۶۶ ابوسیف القین*

وہ لوہار ہیں، انصار میں سے ہیں، ام سیف کے شوہر ہیں جو نبی کریم ﷺ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دودھ پلاتی تھیں۔ صحیحین میں ثابت کے طریق سے بحوالہ انس ان کا ذکر ثابت ہے۔ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''آج رات میرے ہاں لڑکا پیدا ہوا، میں نے اس کا نام اپنے والد ابراہیم کے نام پر رکھا اور اسے ام سیف جو مدینہ میں ایک لوہار جسے ابوسیف کہا جاتا تھا، اس کی بیوی کے حوالہ کیا ہے''۔* فرماتے ہیں: ہم ابوسیف کے پاس پہنچے وہ اپنی بھٹی میں پھونک رہا تھا۔ گھر دھوئیں سے بھر گیا تھا۔ میں جلدی سے ابوسیف کے پاس گیا، میں نے کہا: ابوسیف رُک جاؤ! رسول اللہ ﷺ تشریف لائے ہیں، پھر حدیث ذکر کی۔ یہ مسلم کے الفاظ ہیں، بخاری کی روایت میں ہے ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ ابوسیف لوہار کے پاس آئے، وہ نبی کریم ﷺ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے رضاعی باپ تھے، آپ ﷺ نے اسے اٹھایا اور بوسہ دیا.....۔ (الحدیث)

براء بن اوس کے سوانح میں گزر چکا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے اپنے صاحبزادے حضرت ابراہیم کو ام بردہ بنت منذر کے سپرد کیا جو براء بن اوس کی زوجہ تھیں، وہ انہیں دودھ پلاتی تھیں، نبی کریم ﷺ ان کے پاس آتے، ان سے ملاقات کرتے، اور یہاں قیلولہ فرماتے۔

اسے واقدی نے نقل کیا ہے، اگر یہ ثابت ہے تو اس کا احتمال ہے کہ ام بردہ نے انہیں دودھ پلایا، پھر ام سیف کے حوالے کر دیا، اگر ایسا نہیں تو جو صحیح میں ہے وہی قابل اعتماد ہے۔

۱۰۰۶۷ ابوسیلان

ابن حبان نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں، کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔ جو حرف سین میں ہے۔ فرماتے ہیں: بعض نے کہا کہ انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے یہ عبادلہ عبداللہ بن سیلان میں گزر چکا ہے۔ احتمال ہے کہ یہ ان کی کنیت ہے۔

القسم الثانی ازحرفِ سین

۱۰۰۶۸ ابوسعد

مالک بن اوس بن حدثان نصری، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۰۶۹ ابوسعد

یا ابوسعید بن حارث.... مخزومی، ابوفرج اصبہانی نے ذکر کیا ہے کہ خالد بن عاص بن ہشام نے ان کی بیٹی فاطمہ سے نکاح

---

* اسد الغابہ (۵۹۸۸) تجرید (۱۷۶/۲) * بخاری (۱۳۰۳) مسلم (۵۹۷۹) مسند احمد (۱۹۴/۳)

Marfat.com

کیا، ان سے حارث بن خالد پیدا ہوئے، جنہیں مکہ کا امیر بنایا گیا۔ عاص بن ہشام بدر میں قتل ہوا، اس کے بیٹے کو شرف صحابیت حاصل ہے، حارث بن ہشام مشہور صحابی ہیں۔ خلافت عمر میں شہید ہوئے۔ ابوسعد نبی کریم ﷺ کے زمانے میں کم عمر تھے۔

زبیر بن بکار نے ذکر کیا ہے کہ صخرہ بنت ابوجہل بن ہشام ان ابوسعد کی زوجہ تھیں، ان سے اولاد ہوئی۔

القسم الثالث ازحرف سین

۱۰۰۷۰ ابوساسان

بن منذر، رقاشی، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے حاکم نے عشرہ مبشرہ سے سماعت کرنے والوں میں انہیں شمار کیا ہے۔

۱۰۰۷۱ ابوسحیف

بن قیس بن حارث بن عباس، انہوں نے نبوت کا زمانہ پایا اور خلافت ابوبکر میں یرموک میں شامل ہوئے۔ مصر کی فتح میں شریک تھے پھر وہاں سکونت اختیار کی، مروان بن حکم مصر میں خلافت کے سپرد کئے جانے کے بعد آئے وہاں کے لوگوں نے ان سے جنگ کی کیونکہ اس سے پہلے وہ ابن زبیر سے بیعت کر چکے تھے۔ وہ ان کے روکنے والے چند افراد میں سے تھے۔ خرسان سے تھے، جب مروان غالب ہو گیا تو یہ ابوسحیف طرابلس کی طرف بھاگ گئے اور اپنی وفات تک وہیں رہے۔

۱۰۰۷۲ ابوسعید مقبری

ان کا نام کیسان ہے جیسا کہ اسماء میں گزر چکا ہے۔

۱۰۰۷۳ ابوسعید*

ابواسید ساعدی کے مولیٰ ہیں، ابن مندہ نے صحابہ میں ان کا ذکر کیا ہے۔ لیکن کوئی ایسی بات ذکر نہیں کی جو ان کے صحابی ہونے پر دلالت کرتی ہو۔ لیکن ثابت ہے کہ انہوں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا زمانہ پایا، تو یہ اس قسم میں سے ہیں۔

ابن مندہ کا قول ہے ابونضرہ عبدی نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کا طویل قصہ روایت کیا ہے۔ وہ ان کی روایت کی طرح ہے۔ ہم نے اسے اس طریق سے روایت کر دیا ہے۔ اس میں کوئی ایسی بات نہیں جو ان کے صحابی ہونے پر دلالت کرتی ہو۔

۱۰۰۷۴ ابو سلمہ

تمیم بن حذیم، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۰۷۵ ابو سمال أسدی

سمعان بن ہُبیرہ میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۰۷۶ ابو سُوَید عبدی

انہوں نے نبوت کا زمانہ پایا، بخاری نے کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔ حاکم ابواحمد نے ان کی پیروی کی ہے، اور وکیع کے طریق سے بحوالہ ابوسُوَید عبدی نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: ہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دروازے پر تھے ..... پھر قصہ ذکر کیا۔

* اسدالغابۃ (۵۹۵۱)، تجرید (۱۷۳/۲)

Marfat.com

اسے ابوعقیل نے بحوالہ ابوسوید عبدی نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ہم ابن عمر کے پاس آئے اور ان کے دروازے پر بیٹھ گئے..... پھر قصہ ذکر کیا، حدیث کو احمدؒ نے نقل کیا ہے، وکیع، ابوعقیل سے زیادہ حافظہ والے ہیں۔ واللہ اعلم

القسم الرابع ازحرف سین

۱۰۰۷۷ ابوسبرہ نخعی

صحیح یہ ہے کہ یہ جعفی ہیں جن کا ذکر قسم اول میں گزر چکا ہے۔ ابن مندہ نے لفظی غلطی کی ہے۔

۱۰۰۷۸ ابو سعد اعمی

تابعی ہیں، ان کی حدیث مرسل ہے۔ بعض نے صحابہ میں ان کا ذکر کیا ہے۔ حمیدی کا قول ہے: ہم سے سفیان نے بحوالہ ابوسعد اعمی نقل کیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ایک آزاد شخص کو قرض کی وجہ سے بیچ دیا۔ ابواحمد حاکم نے کنیتوں میں ان لوگوں میں ان کا ذکر کیا ہے جن کا نام معلوم نہیں، فرماتے ہیں: وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ (یعنی اس آزاد شخص پر اتنا قرض ہوگیا کہ خود اس کی اپنی قیمت لگ گئی)۔

۱۰۰۷۹ ابوسعید بن وھب قُرظی *

ابن اثیر نے ان کا ذکر کیا ہے۔ * انہیں کنیت میں وہم ہے۔ وہ ابوسعد ہیں۔ جیسا کہ گزر چکا ہے، وہ نضری ہیں۔ بنونضیر سے ہیں، بنوقریظہ سے ہیں۔

۱۰۰۸۰ ابوسعید *

بے نسبت، ان سے مکحول نے روایت کی ہے، اسے ابن عبدالبر نے مختصر نقل کیا ہے۔ اسی طرح ابن اثیر * نے ان کا ذکر کیا ہے۔ جو استیعاب میں ہے۔ ابوسعدان ہیں، جیسا کہ گزر چکا ہے۔

۱۰۰۸۱ ابو سفینہ

حارث بن عمرو السہمی: اسی طرح عبدغنی کے کمال میں واقع ہے، مزی نے اس کا اقرار کیا ہے، صحیح یہ ہے کہ ابومسقبہ ہیں میم میں ان کا ذکر آئے گا۔

۱۰۰۸۲ ابو سلام أسلمی

ابوموسیٰ نے علیحدہ ان کا ذکر کیا ہے، انہیں وہم ہوا ہے جیسا کہ میں نے خبردار کیا ہے۔

---

* اسدالغابۃ (۵۹۴۸)، تجرید (۱۷۳/۲) * اسدالغابۃ (٤٦٦/٤)

* اس نمبر میں ان کے سوانح گزر چکے ہیں (۹۹۸۶) * اسدالغابۃ (٤٦٦/٤)

Marfat.com

۱۰۰۸۳ ابوسلمہ انصاری*

عبدالحمید بن سلمہ کے دادا ہیں، نبی کریم ﷺ نے انہیں ان کے ماں باپ کے پاس جانے کا اختیار دیا، ان کا نام رافع ہے۔ اسی طرح ابوموسیٰ کا قول ہے، صحیح یہ ہے کہ عبدالحمید کے دادا کا نام سلمہ ہے، اور وہ اپنے دادا کی روایت میں عبدالحمید بن زید بن سلمہ ہیں۔ رہے رافع عبدالحمید کے دادا تو وہ اس کے علاوہ ہیں وہ عبدالحمید بن جعفر ہیں۔

۱۰۰۸۴ ابوسلمہ خدری

بعض نے صحابہ میں ان کا ذکر کیا ہے، وہ خطا ہے جو ساقط کرنے سے پیدا ہوئی، صحیح یہ ہے بحوالہ ابوسلمہ اور وہ ابن عبدالرحمٰن ہیں بحوالہ خدری اور وہ ابوسعید ہیں، سند سے عن ساقط کر دیا گیا تھا۔ واللہ اعلم

۱۰۰۸۵ ابوسلیمان

جبیر بن مطعم کی اولاد میں سے ہیں۔ بغوی نے صحابہ میں ان کا ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں: مدینہ میں سکونت اختیار کی، ان کے گمان میں یہ غلط ہے کہ انہیں شرف صحابیت حاصل ہے، انہوں نے زہیر بن محمد کی روایت سے بحوالہ عثمان بن ابوسلیمان، انہوں نے اپنے والد سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے مغرب کی نماز میں سورۂ طور پڑھی۔

ابن سکن کا قول ہے: صحیح یہ ہے جو سعید بن سلمہ بن ابوحسام نے بحوالہ والد نافع بن جبیر بن مطعم روایت کیا ہے۔ فرماتے ہیں: اسے ابن جریج نے بحوالہ جبیر روایت کیا ہے، دارقطنی کا قول ہے: اگر زہیر نے عن ابیہ سے مراد اپنے قریب کا جد لیا ہے تو وہ وہم ہے، کیونکہ ابوسلیمان وہ ابن جبیر بن مطعم ہیں، انہیں شرف صحابیت حاصل نہیں، اگر ان سے مراد دور کے جد ہیں تو وہ ابن جریج کی روایت کی طرح ہے، صحیح یہ ہے: سعید بن سلمہ کی روایت۔ واللہ اعلم

۱۰۰۸۶ ابو سہلۃ

مولیٰ عثمان، بعض کا قول ہے: ابوشہلہ۔

بعض نے کہا: انہیں شرف صحابیت حاصل ہے، ان سے خنیس بن ابوحازم نے روایت کی، اسی طرح تجرید میں ہے، ان کے تابعی ہونے پر کسی نے تنبیہ نہیں کی، انہوں نے اپنے مولیٰ عثمان سے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے فضائل کے بارے میں حدیث روایت کی، بعض نے اسے مرسل کہا ہے: جیسا کہ ابواحمد حاکم نے ان کے سوانح میں نقل کیا ہے، ترمذی، ابن ماجہ نے مذکور، حدیث کو اسماعیل بن ابوخالد کے طریق سے بحوالہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نقل کیا ہے۔

بخاری، ابن حبان، عجلی وغیرہ نے تابعین میں ان کا ذکر کیا ہے۔ دارقطنی نے ذکر کیا ہے کہ محمد بن بشر نے اسے اپنی روایت میں بحوالہ اسماعیل بن ابوخالد نقل کیا ہے۔ ث

---

* ۱۰۰۳۸ میں ان کے سوانح گزر چکے ہیں۔

Marfat.com

حرفِ شین معجمہ

القسم الاول ازحرفِ شین

۱۰۰۸۷ ابوشاہ یمانی*

بعض نے کہا: وہ کلبی ہیں، بعض نے کہا: وہ فارسی ہیں، ان لوگوں میں سے ہیں جو یمن سے سیف بن ذی یزن کی نصرت کے لئے آئے، اسی طرح جس نے سلفی کی تحریر میں دیکھا ہے، بعض نے کہا: فارسی میں اس کا مطلب بادشاہ ہے، فرماتے ہیں: جس نے گمان کیا کہ وہ شاہوں میں سے کسی کا نام ہے، اس نے وہم کیا۔

صحیحین میں ان کا ذکر حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ثابت ہے، جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح کے دن خطبہ میں فرمایا: ایک شخص جسے ابوشاہ کہا جاتا تھا اس نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھ کو لکھ دیجئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ابوشاہ کو لکھ کر دو''۔ ✿ یعنی مذکورہ خطبہ۔

۱۰۰۸۸ ابوشباث

ان کا نام خدیج بن سلامہ ہے۔ ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۰۸۹ ابوشبیب*

بے نسبت۔ بے نام، تجرید میں اور مسند بقی بن مخلد میں ان کا ذکر ہے۔

۱۰۰۹۰ ابوشجرہ سلمی*

عمرو بن عبدالعزی میں ان کا ذکر گزر چکا ہے، بعض نے کہا: ان کا نام سلیم بن عبدالعزی نے، ان کی والدہ خنساء شاعرہ ہیں وہ دیہات میں رہتے تھے۔ زبیر بن بکار نے خالد بن ولید کے سوانح میں ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں: ابوشجرہ بن عبدالعزی سلمی نے خالد کے مرتدین سے قتال کے بارے میں فرمایا: ع

''اگر سلمٰی جنگ کی صبح پوچھے، جیسے اگر میں اس سے دور ہو جاؤں تو اس سے پوچھوں، لوَی بن غالب کے خاندان میں جنگ کی صبح نیزہ بازی میری ایک ضرورت تھی جو میں نے پوری کر دی، اسی طرح کہتے ہیں میں نے خالد کے لشکر سے اپنے نیزے کو سیراب کر دیا، اور اس کے بعد مجھے امید ہے کہ میں لمبی عمر جیوں گا۔''

میں کہتا ہوں: اس شعر تک اس کا قصہ عمر کے ساتھ ہے، مبرد* نے کامل میں ان کا ذکر کیا ہے، ابوشجرہ عمر کے پاس سواری کا اونٹ مانگنے آئے، انہوں نے پوچھا: تم کون ہو؟ اس نے کہا: میں ابوشجرہ سلمی ہوں، آپ نے فرمایا: اے اپنی جان

---

* اسد الغابۃ (۵۹۸۹)، الاستیعاب (۳۰۶۹) تجرید (۱۷۶/۲) * مسند احمد (۲۳۸/۸)
* تجرید (۱۷۷/۲) * اسد الغابۃ (۵۹۹۱)، تجرید (۱۷۷/۲) * الکامل (۳۸۸/۱)

Marfat.com

دشمن! کیا تم نے یہ شعر نہیں کہے پھر شعر کا ذکر کیا، پھر دُرّے کو اٹھانے کے لئے جھکے تو وہ بھاگ نکلے، اور اپنی اونٹنی پر سوار ہو گئے وہ کہہ رہے تھے: ع

''ابوحفص نے ہمیں ھدیہ دینے میں بخل کیا، ہر زور سے مارنے والے کا ایک دن پتہ ہوتا ہے''۔

میں نے ان کا اس قسم میں ذکر کیا ہے کیونکہ خنساء اور ان کی اولاد اسلام لائی، جیسا کہ میں عنقریب ان کے سوانح میں ذکر کروں گا۔

مرزبانی نے فرمایا: بعض نے کہا: ان کا نام عمرو ہے بعض نے کہا عبداللہ بن عبدالعزی.... بن سلیم، بعض نے کہا: عمرو بن حارث بن.... مخضرم، بہت زیادہ شعر کہنے والے تھے، ان کا حضرت عمر کے ساتھ قصہ مشہور ہے یعنی ماضی کی خبر، ان کے عباس بن مرداس کے بارے میں اشعار ہیں وہ ان میں کہتے ہیں: ع

''عباس میرے لئے آرزوئیں چلاتا ہے اور میں نے صحر کے علاوہ کوئی گناہ نہیں کیا''۔

باقی خبر عمرو بن عبدالعزی کے سوانح میں واقدی کی کتاب الردۃ میں ہے۔

۱۰۰۹۱ ابوشجرہ کندی ان کا نام معاویہ بن محصن ہے، ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۰۹۲ ابوشجرہ رھاوی یزید بن شجرہ، ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۰۹۳ ابوشراك فهری ✿

بنوضبہ بن حارث بن فہر سے ہیں، واقدی اور ابومعشر نے اہل بدر میں ان کا ذکر کیا ہے، ان کا نام عمرو بن ابوعمرو ہے، محمد بن سعد نے یہ جائز قرار دیا ہے کہ وہ عمرو بن حارث ہیں جن کا ذکر پہلے گزر چکا ہے، کہ موسیٰ بن عقبہ نے ان کا ذکر کیا، واقدی کا قول ہے، ابوشراک ۳۶ھ میں فوت ہوئے۔ ✿

۱۰۰۹۴ ابوشریح خزاعی ✿

پھر کعبی، خویلد بن عمرو، بعض کا قول ہے، عمرو بن خویلد، بعض نے کہا: ھانی، کسی نے کہا: کعب بن عمرو، ایک قول ہے عبدالرحمٰن۔ پہلا قول زیادہ مشہور ہے، ابوعمیر اور ابوخیثمہ نے کعب کا یقین کیا ہے۔ ھارون الحمال نے خویلد اور کعب میں تردد کیا ہے۔ طبری ✿ کا قول ہے: وہ خویلد بن عمرو بن صخر بن عبدعزی بن معاویہ بن بنو عدی بن عمرو بن ربیعہ سے ہیں، فتح سے پہلے اسلام لائے، ان کے پاس فتح کے دن خزاعہ کا جھنڈا تھا۔ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے کئی احادیث روایت کیں۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے بھی روایت کی، ان سے نافع بن جبیر بن مطعم، ابوسعید مقبری، ان کے بیٹے سعید بن ابوسعید، فضیل والد حارث، سفیان بن ابوعوجاء نے روایت کی۔

✿ اسدالغابۃ (۵۹۹۵)، تجرید (۱۷۷/۲) ✿ طبقات الکبریٰ (۳۰٤/۳)

✿ اسدالغابۃ (۵۹۹۷)، الاستیعاب (۳۰۷۲)، تجرید (۱۷۷/۲) ✿ تاریخہ (۳۳۹/۵)

Marfat.com

ابن سعد ❁ کا قول ہے: مدینہ میں ۶۸ھ میں وفات پائی۔ طبقات نے خندقیین میں ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: فتح سے پہلے اسلام لائے، اسی طرح کئی ایک نے ان کی وفات کی تاریخ کے بارے میں کہا۔

ان کا عمرو بن سعید اشدق کے ساتھ ایک واقعہ پیش آیا جب وہ یزید بن معاویہ کی طرف سے مدینہ کے امیر تھے، صحیحین میں ہے کہ ابوشریح نے عمرو سے کہا: وہ مکہ کی طرف لشکر کشی کرنے والے تھے، مجھے اجازت دیجئے اے امیر المؤمنین! کہ آپ سے ایک حدیث بیان کروں..... پھر حدیث کا ذکر کیا ''کسی کے لئے جائز نہیں کہ مکہ میں خون بہائے .....اس میں عمرو بن سعید کا قول ہے: حرم کسی گنہگار کو پناہ نہیں دیتا، طبری ❁ کا قول ہے، ۶۸ھ میں مدینہ میں وفات پائی۔

۱۰۰۹۵ ابوشریح حارثی

ان کا نام ھانی بن یزید ہے، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے، آپ ﷺ نے ان کے سب سے بڑے بیٹے پر ان کی کنیت رکھی۔

۱۰۰۹۶ ابوشریح انصاری ❁

ابوعمر کا قول ہے۔ میں ان کی کنیت کے بغیر انہیں نہیں جانتا، اور اسی طرح ان کا ذکر کیا ہے، انہوں نے صحابہ میں ان کا ذکر کیا ہے۔

میں کہتا ہوں: مستغفری کی کتاب میں ہے: ابوشریح، بے نسبت ہیں۔ اور ان کی انصار کی طرف نسبت نہیں کی، مجھے معلوم نہیں، وہ ایک ہیں یا دو ہیں، پھر مجھے معلوم ہوا کہ وہ جن کا مستغفری نے ذکر کیا ہے وہ ابوشریح خزاعی ہے۔ انہوں نے ان کا ذکر کیا کہ وہ کہتے ہیں: وہ خزاعی ہیں، انہوں نے ذکر کیا ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے روایت کی ہے کہ آپ فرماتے ہیں: وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے سرکش شخص وہ ہے جو اپنے (مقتول) کے قاتل کے علاوہ کسی اور کو قتل کر دے''۔ ❁

یہ ابوشریح خزاعی کی حدیث ہے، اسے عبداللہ بن احمد نے مسند کی زیادات میں عبدالرحمٰن بن اسحاق کے طریق سے بحوالہ ابوشریح، مسند ابوشریح خزاعی میں نقل کیا ہے۔

۱۰۰۹۷ ابوشعیب لحّام ❁

انصار سے ہیں، صحیح میں حدیث ابومسعود بدری میں ان کا ذکر ہے۔ فرماتے ہیں: انصار کا ایک شخص جس کی کنیت ابوشعیب تھی، آیا، اس نے اپنے غلام لحام سے کہا: میرے لئے کھانا بناؤ جو پانچ آدمیوں کو کفایت کرے، پھر نبی کریم ﷺ کو بلایا۔

امالی المحاملی کے جزء نو میں ہمیں یہ روایت ملی اور بغوی کی کتاب میں، ابن سکن، ابن مندہ کے ہاں عبداللہ بن نمیر کے طریق سے بحوالہ انصار کے ایک شخص جسے ابوشعیب کہا جاتا ہے فرماتے ہیں: میں نبی کریم ﷺ کے پاس آیا، اور آپ کے چہرے پر بھوک کے اثرات دیکھے..... پھر حدیث ذکر کی۔

❁ طبقات الکبریٰ (۳۲/۴) ❁ تاریخہ (۳۳۶/۵)

❁ اسد الغابۃ (۶۰۰۳)، الاستیعاب (۳۰۷۳)، تجرید (۱۷۷/۲)

❁ مسند احمد (۳۲/۴)، مجمع الزوائد (۱۷/۷) ❁ اسد الغابۃ (۶۰۰۱)، تجرید (۱۷۷/۲)

Marfat.com

ابن مندہ کا قول ہے: اسے ثوری اور شعبہ اور عباس نے روایت کیا ہے، اور بحوالہ ابوشعیب نہیں لکھا، فرماتے ہیں: ابوشعیب نامی ایک شخص سے روایت ہے، پھر زہیر بن معاویہ اور عمار بن زُرَیق کے طریق سے بحوالہ جابر کہ ایک شخص جسے ابوشعیب کہا جاتا ہے..... پھر حدیث ذکر کی۔

۱۰۰۹۸ ابوشقرہ تمیمی*

ان سے مخلد بن عقبہ نے روایت کی، ابوعمر نے مختصر ان کا ذکر کیا ہے۔ ابوموسیٰ فرماتے ہیں، یحییٰ بن مندہ نے اپنے دادا پر استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے اور ان کی حدیث بیان کی ہے، ان کے دادا نے ان کا ذکر کیا ہے مگر یہ کہ ان کی حدیث کا ذکر نہیں کیا۔ اسے ابونعیم نے حسن بن سفیان کے طریق سے پھر حماد بن یزید منقری کی روایت سے بحوالہ ابوشقرہ روایت کیا ہے۔ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم سائے کو اس طرح دیکھو کہ ان کے سروں پر اونٹوں کی کوہانوں کی طرح ہے تو انہیں بتاؤ کہ ان کی نماز قبول نہیں''۔ * بعض راویوں نے کہا: الفیٔ سے مراد فرع (شاخ) ہے۔

۱۰۰۹۹ ابوشماس بن عمر جذامی*

ابن اسحاق نے جذام کے وفد میں ان کا ذکر کیا ہے، جو لوگ نبی علیہ السلام کے پاس اپنی قوم کے اسلام کے لئے آئے اور اپنے قیدیوں کو واپس مانگا جنہیں زید بن حارثہ نے قیدی بنایا تھا۔

۱۰۱۰۰ ابوشمر ضبابی

وہ ذوالجوشن ہیں، جن کا ذکر پہلے گزر چکا ہے۔

۱۰۱۰۱ ابوشمر بن ابرھہ

بن شرحبیل بن ابرہہ بن صباح حمیری پھر ابرھی، رشاطی نے بحوالہ ہمدانی حمیر کے انساب میں ان کا ذکر کیا ہے۔ وہ نبی کریم ﷺ کے پاس وفد کی صورت میں آئے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ صفین میں شہید ہوئے۔

رشاطی کا قول ہے: ابن عبدالبر نے اور ابن فتحون نے اس کا ذکر نہیں کیا، ابن مندہ کا قول ہے: ابوشمر بن ابرہہ بن صباح اصبحی، بعض نے کہا: انہیں شرف صحابیت حاصل ہے۔ اخبار میں ان کا ذکر ہے۔

میں کہتا ہوں: ان دونوں کے علاوہ راویوں نے ذکر کیا ہے کہ وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد میں وفد کے ساتھ آئے تو ان سے بنت ابوموسیٰ اشعری نے نکاح کیا یہ بھی احتمال ہے کہ پہلے یہ وفد آیا ہو پھر اپنے ملک کی طرف لوٹ گیا ہو، پھر دوبارہ وفد آیا ہو جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو جہاد کی طرف بلایا، پھر میں نے اسے تاریخ دمشق میں پایا، فرماتے ہیں: ابوشمر بن ابرہہ بن صباح بن لہیعہ بن شیبہ بن مرہ، پھر فرماتے ہیں: کریب بن ابرہہ کے بھائی، پھر فرماتے ہیں وہ مصری ہیں۔ پھر فرمایا: بعض کا قول ہے: وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس وفد آیا پھر کئی طرق سے حدیث روایت کی: بحوالہ ابن وہب، انہوں نے حارث بن یزید سے روایت کی کہ

---

* اسدالغابۃ (۶۰۰۲)، تجرید (۷۷/۲) * المعجم الکبیر (۳۷۰/۲۲)، مجمع الزوائد (۱۳۷/۵)
جامع المسانید والسنن (۱۷۳/۱۴) * تجرید (۱۷۸/۲)

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن سعد نے اساود میں ۳۱ھ میں جہاد کیا، معاویہ بن خدیج کی آنکھ شہید ہوگئی، ابوشمر بن ابرہہ، جندل بن شریح شہید ہوگئے، ان کا نام غزوۂ خندق کے تیراندازوں میں لیا جاتا ہے۔

یحییٰ بن بکیر کے طریق سے بحوالہ لیث مروی ہے کہ وہ ان لوگوں کے ساتھ تھے جو ابن ابوحذیفہ کے ساتھ معاویہ کے پاس رہن رکھے گئے، پھر انہوں نے قیدخانے کو توڑا اور نکلے، ابوشمر رک گئے، انہوں نے کہا، میں اس میں قیدی بن کر داخل نہیں ہوں گا، وہ وہاں سے فرار ہوئے اور اقامت پذیر ہوئے۔

پھر میں نے مقدمہ کتاب انساب میں جو سمعانی کی کتاب ہے۔ اس میں ان کا ذکر بطریق ابن لہیعہ، بحوالہ ربیعہ بن قیس پایا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا، تین قبائل کہتے ہیں کہ وہ عرب ہیں۔ وہ عرب سے بھی قدیم ہیں، جرھم وہ عاد کے بقیہ لوگ ہیں، ثقیف وہ ثمود کے بقیہ لوگ ہیں، ابوشمر بن ابرہہ آگے بڑھے اور فرمایا: اور یہ قوم وہ تبع کے باقی لوگ ہیں۔

۱۰۱۰۲ ابوشموس بلوی ✿

ابن سکن کا قول ہے: انہیں شرف صحابیت اور روایت حاصل ہے۔ ان کا نام معلوم نہیں، بغوی کا قول ہے: شام میں رہے، ابن حبان کا قول ہے۔ بعض نے کہا: انہیں شرف صحابیت حاصل ہے۔

میں کہتا ہوں: بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی تعلیقاً حدیث ذکر کی ہے اور کتاب الکنیٰ المفردہ میں اسے موصولاً نقل کیا ہے۔ ہمیں طبرانی کی معجم کبیر میں یہ عالی سند سے ملی ہے لیکن اس سند میں ضعف ہے۔ وہ سلیمان بن مطیر کے طریق سے بحوالہ ابوشموس بلوی مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھیوں کو بئر حجر سے روکا ہے..... الحدیث۔

بغوی کا قول ہے: ابوشموس کی اس حدیث کے علاوہ کوئی روایت مروی ہے۔ اس کی سند میں ضعف ہے۔

۱۰۱۰۳ ابوشمیلہ شنئ ✿

ابوسعید بن اعرابی اور مستغفری وغیرہ نے صحابہ میں انؔ کا ذکر کیا ہے، اور محمد بن اسحاق کے طریق سے بحوالہ ابن عباس نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: ابوشمیلہ، شنوءۃ کے ایک شخص تھے، ان پر شراب کا نشہ غالب تھا، ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: ابوشمیلہ کو نشے کی حالت میں لایا گیا، وہ کئی بار پی چکے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مٹی کی ایک مٹھی لی، اور ان کے چہرے پر مارا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اسے مارو'' ✿ لوگوں نے اسے کپڑوں، جوتوں، ہاتھوں اور مِتخ یعنی ہلکی لاٹھی سے یا ترٹہنی سے مارا، ابن فتحون نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۱۰۴ ابوشہم

قسم ثالث میں ان کا ذکر آئے گا۔

✿ اسدالغابۃ (۶۰۰۳)، تجرید (۱۷۷/۲)

✿ اسدالغابۃ (۶۰۰۴)، الاستیعاب (۳۰۷۸) تجرید (۱۷۸/۲)

✿ السنن الکبریٰ (۳۲۰/۸) (۳۲۱)، اسدالغابۃ (۹/۵)

Marfat.com

۱۰۱۰۵ ابوشهم*

صاحب جُبَیذہ، ان کا نام اور نسب معلوم نہیں۔

بغوی کا قول ہے: کوفہ میں رہے، ابن سکن نے ذکر کیا ہے کہ ان کا نام زید یا یزید بن ابوشیبہ ہے، نسائی، بغوی نے یزید بن عطا کے طریق سے بحوالہ ابوشھم ان کی حدیث روایت کی ہے وہ بہت بہادر شخص تھے۔ ان کے پاس سے ایک لونڈی گزری انہوں نے اس کی کمر پر اپنا ہاتھ رکھ دیا۔ فرماتے ہیں: میں نبی کریم ﷺ کے پاس اگلے دن گیا آپ ﷺ لوگوں سے بیعت لے رہے تھے، آپ ﷺ نے ہاتھ پیچھے کرلیا، فرمایا: ''کیا جبیذہ والے سے ہاتھ ملاؤں''۔ میں نے کہا: میں دوبارہ ایسا نہ کروں گا، آپ ﷺ نے فرمایا: ''ہاں اب'' پھر اس سے بیعت لے لی، اس کی اسناد قوی ہے۔

بعض کا قول ہے: ابوشہم کا نام عبید بن کعب ہے، تابعین میں ابوشہم ہیں جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، ان سے اسماعیل بن ابوخالد نے روایت کی، ابواحمد نے صحابہ کے بعد کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۱۰۶ ابوشيبه أنصاری خدری*

ابوزُرعہ کا قول ہے: انہیں شرف صحابیت حاصل ہے، ان کا نام معلوم نہیں، ابن سکن کا قول ہے، ان کی ایک حدیث ہے، ان کا نام معلوم نہیں، بغوی کا قول ہے: رومی تھے۔

ابن سعد نے انصار کے تیسرے طبقے میں فرمایا: ابوشیبہ خدری، ہمیں ان کا نام نہیں بتایا، ہمیں ان کا نام، اور نسب انصار کی کتاب میں نہیں ملا، ابن مندہ کا قول ہے، اہل حجاز میں ان کا شمار ہے، طبرانی کا قول ہے: ابوسعید کا بھائی ہے، ابن سکن، طبرانی، بغوی، دولابی اور ابن مندہ نے یونس بن حارث کے طریق سے ان کی حدیث نقل کی ہے، فرماتے ہیں مجھ سے شرس نے بحوالہ اپنے والد نقل کیا ہے، فرماتے ہیں، میں قسطنطنیہ کے غزوے میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ نکلا، جب ہم پہنچے ہم نے پڑاؤ کیا تو ہم نے غیبی آواز سنی، ہم اس کی طرف متوجہ ہوئے، وہ کہنے لگے: میں ابوشیبہ خدری ہوں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''جس نے اخلاص کے ساتھ گواہی دی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو وہ جنت میں داخل ہوگا''۔ *

اسی طرح فرمایا: صحیح یہ ہے یزید بن معاویہ ہیں، طبرانی نے قصہ ذکر نہیں کیا، اور سند میں یہ نہیں کہا بحوالہ ان کے والد، ابواحمد حاکم نے دو طریق سے اسے نقل کیا ہے، ابوعمر نے اس کی پیروی کی ہے، ابن عائذ، دولابی، ابن مندہ نے سلیمان بن موسیٰ کوفی کے طریق سے بحوالہ یونس بن حارث نقل کیا ہے، میں نے شرس کو بحوالہ ان کے والد حدیث روایت کرتے ہوئے سنا: فرماتے ہیں: ابوشیبہ خدری وفات پا گئے اور ہم قسطنطنیہ کا محاصرہ کئے ہوئے تھے۔ جب ابوشیبہ کی غیبی آواز آئی، کہنے لگے: اے لوگو! بہت سے لوگوں کے ساتھ میں بھی ان کی طرف متوجہ ہوگیا، تو اس نے سر جھکایا ہوا تھا، انہوں نے کہا: میں رسول اللہ ﷺ کا ساتھی ہوں، میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''جس نے اخلاص کے ساتھ گواہی دی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو وہ جنت میں

---

* اسدالغابۃ (۸۰۲٤) تجرید (۱۷۸/۲) * اسدالغابۃ (٦۰۰٦)، تجرید (۱۷۸/۲)

* المعجم الکبیر (۳۱۳/۱۲)، مجمع الزوائد (۱۸/۱)

Marfat.com

داخل ہوگا۔"

عمل کرتے رہو اور امید پر نہ بیٹھے رہو، اور فوت ہو گئے ہم نے انہیں اسی جگہ دفن کر دیا۔

ابو حاتم رازی نے کہا: شرس اور ان کے والد دونوں مجہول ہیں۔

۱۰۱۰۷ ابوشیبہ

دوسرے ہیں، بے نسبت، دار قطنیؒ نے علل میں ذکر کیا ہے کہ حماد بن مسلمہ نے بحوالہ ابوشیبہ روایت کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب تمہارے پاس تمہاری قوم میں سے کوئی آئے تو اس کا مسلمان بھائی اس کے لئے جگہ کشادہ کرے تاکہ وہ بیٹھ جائے.....الحدیث۔ اس میں تین چیزیں ہیں جو تمہارے بھائی کی محبت کو خالص کر دیں گی۔ فرماتے ہیں: اسے ابومطرف بن ابو وزیر نے بحوالہ شیبہ بن عثمان، انہوں نے اپنے چچا سے روایت کیا اگر انہوں نے اسے یاد رکھا ہے تو بہت اچھا کیا۔

۱۰۱۰۸ ابوشیخ بن ابوثابت ✿

انصاری، خزرجی، حسان بن ثابت کے بھتیجے ہیں، ابن اسحاق ✿ نے اُحد و بدر میں شریک ہونے والوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔ بئر معونہ پر شہید ہوئے، ان کے والد ابی جاہلیت میں فوت ہو گئے تھے۔ واقدی اور ابن کلبی کا قول ہے: وہ ابی بن ثابت حسان کے بھائی ہیں۔ ان کی کنیت ابوشیخ ہے۔ ابن اسحاق نے موسیٰ بن عقبہ کی موافقت کی ہے، فرماتے ہیں اہل بدر میں سے ہیں: ابوشیخ بن ابی بن ثابت، ابن کلبی اس میں موافق نہیں کہ وہ ابوحسان یحییٰ بن سعید اموی کے بھائی ہیں، بحوالہ ابن اسحاق۔ ✿

القسم الثانی ازحرفِ شین

۱۰۱۰۹ ابوشحمہ

بن عمر بن خطاب، ایک انتہائی ضعیف روایت میں ہے کہ ان کے والد نے انہیں زنا کی وجہ سے کوڑے مارے جس سے وہ فوت ہو گئے، جوذقانی نے ان کا ذکر کیا ہے، اگر یہ ثابت ہے تو وہ اس قسم میں سے ہیں۔

القسم الثالث ازحرفِ شین

۱۰۱۱۰ ابوشجرہ

کثیر بن مرہ، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۱۱۱ ابوشداد العمانی ✿

انہوں نے نبی کریم ﷺ کا زمانہ پایا، اور ان کے سامنے آپ ﷺ کا خط پڑھا گیا، ایک سو بیس (۱۲۰) سال زندہ رہے۔

✿ اسدالغابۃ (۶۰۰۷) الاستیعاب (۳۰۸۱) تجرید (۱۷۸/۲) ✿ السیرۃ النبویۃ (۲۶۲/۲)

✿ السیرۃ النبویۃ (۲۶۲/۲) ✿ اسدالغابۃ (۵۹۹۳)، الاستیعاب (۳۰۷۰) تجرید (۱۷۷/۲)

Marfat.com

بخاری، ابن ابوخیثمہ نے اور سمویہ نے اپنے فوائد میں اور ابن سکن وغیرہ نے ابوحمزہ، عبدالعزیز بن زیاد حنظلی کے طریق سے نقل کیا ہے کہ مجھ سے ابوشداد نے جو اہل زمار میں سے ایک شخص ہیں: عمان کی بستیوں میں سے ایک بستی میں روایت کیا، فرماتے ہیں: ہمارے پاس نبی کریم ﷺ کا ایک خط چمڑے کے ٹکڑے میں آیا: ''محمد رسول اللہ ﷺ کی طرف سے اہل عمان کی طرف، سلامتی ہو! امابعد اس گواہی کا اقرار کرو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں، زکوٰۃ دو، مساجد کی طرف قدم اٹھاؤ، اور فلاں فلاں کام کرو، ورنہ میں تم سے جنگ کروں گا''۔ ❁

ابوشداد کا قول ہے: ہمیں کوئی ایسا شخص نہ ملا جو ہمیں یہ خط پڑھ کر سنائے۔ حتیٰ کہ ہمیں ایک لڑکا ملا، جس نے ہمیں پڑھ کر سنایا۔ میں کہتا ہوں: عمان کا ان دنوں حاکم کون تھا؟ فرماتے ہیں: کسریٰ کے گورنروں میں سے ایک گورنر تھا۔

مطین نے ان ابوحمزہ حنظلی کے طریق سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: میں نے عمان میں ایک شخص کو دیکھا جس کی کنیت ابوشداد تھی اس کی عمر ایک سو بیس سال تھی۔ ابوعمر کا قول ہے: ابوشداد عمانی زماری، انہوں نے تعاقب کیا ہے کہ زمار صنعاء میں ہے، عمان میں نہیں، اور عمان بحرین کا ضلع ہے، اور زمار اس کی ایک بستی ہے، بعض کا قول ہے: میم بے نقط، یہ رشاطی کا قول ہے، احتمال ہے کہ ابوعمر نے اسے یاد کیا ہے کہ اس کی اصل زمار میں ہے، عمان میں سکونت اختیار کی، اس طرح ابن فتحون نے استیعاب کے اوھام میں قول ابوعمر زماری کا تعاقب کیا ہے، اور ان سے روایت کرنے والے عبدالعزیز بن شداد ہیں، وہ ابن زیاد ہیں۔

۱۰۱۱۲ ابوشداد ❁

دوسرے ہیں، شامی ہیں، دولابی کا قول ہے: ان کا نام سالم ہے۔ ابن مندہ کا قول ہے: سالم بن سالم عیسیٰ حمصی ہیں، ابواحمد حاکم نے کنیتوں میں معن بن عیسیٰ کے طریق سے بحوالہ ابوشداد نقل کیا ہے، وہ نبی کریم ﷺ کی وفات کے وقت سمجھدار تھے، آپ ﷺ سے روایت نہیں کی، اور آپ ﷺ سے کچھ نہیں سنا، فرماتے ہیں: میں ابوامامہ کے پاس آیا تو وہ مشروب پی رہے تھے، اس کا دو تہائی پی چکے تھے اور ایک تہائی باقی تھا۔

اسے دولابی نے اور ابن مندہ نے اس طریق سے بحوالہ ایک شخص جسے ابوشداد کہا جاتا ہے، انہوں نے ابوامامہ سے روایت کی، ان سے معاویہ بن صالح نے روایت کی۔

۱۰۱۱۳ ابوشراحیل

یا ابوشرحبیل وہ ذوالکلاع حمیری ہیں، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۱۱۴ ابوشریک ❁

مستغفری نے صحابہ میں ان کا ذکر کیا ہے اور ابن اسحاق کے طریق سے نقل کیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں زمین عطا کی تھی۔

❁ اسدالغابۃ (٦/٥)، جامع المسانید والسنن (١٦٠/١٤)، جمع الجوامع (٤٣٤٥)

❁ اسدالغابۃ (٥٩٩٤)، تجرید (١٧٧/٢) ❁ اسدالغابۃ (٦٠٠٠)، تجرید (١٧٧/٢)

Marfat.com

۱۰۱۱۵ ابوشعیب*

بے نسبت، انہوں نے نبوت کا زمانہ پایا، اور بیت المقدس کی فتح میں حاضر ہوئے، احمد نے حماد بن سلمہ کے طریق سے بحوالہ عبید بن آدم، ابومریم اور ابوشعیب نقل کیا ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ جابیہ میں تھے، پھر بیت المقدس کی فتح کا ذکر کیا۔

ابوسفیان بحوالہ عبید فرماتے ہیں: میں نے حضرت عمر کو حضرت کعب سے فرماتے ہوئے سنا: تمہارا کیا خیال ہے کہ میں نماز کہاں پڑھوں.....الحدیث، عمر کا قول ہے: جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی تھی، میں وہاں نماز پڑھوں گا، یعقوب بن شیبہ نے اس طریق سے اسے نقل کیا ہے جو اس سے زیادہ مکمل ہے۔ فرماتے ہیں، عمر جابیہ میں تھے، حضرت خالد بن ولید بیت المقدس آئے، پھر قصہ ذکر کیا، انہوں نے کہا: اسے عمر نے قیساریہ کی فتح کے بعد فتح کیا ہے، یہاں تک کہ کہنے لگے: عمر نے لوگوں کو مشورے میں شریک کیا۔ اور کہا: وہ اہل کتاب ہیں، ان کے پاس علم ہے، وہ قیساریہ کی طرف گئے اور اسے فتح کر لیا، پھر بیت المقدس کی طرف آئے اور ان سے صلح کی، اور مریم علیہا السلام کے عبادت خانے کے پاس نماز پڑھی، پھر انہوں نے اپنی قمیص کی دونوں آستینوں میں سے ایک میں تھوکا، ان سے کہا گیا اس میں تھوکیے، کیونکہ یہاں اللہ کے ساتھ شرک کیا جاتا ہے، انہوں نے فرمایا: اگر اس میں اللہ کے ساتھ شرک کیا جاتا ہے تو اس میں اللہ کا بہت زیادہ ذکر بھی کیا جاتا ہے، پھر فرمایا: عمر کو اس کی ضرورت نہیں کہ وہ جہنم کی وادی کے پاس نماز پڑھے۔

نماز کے قصے میں فرماتے ہیں، میں وہاں نماز پڑھوں گا جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج کی رات نماز پڑھی، پھر وہ قبلہ کی طرف بڑھے اور نماز پڑھی۔

ابن عساکر نے ان سوانح کو ابوشعیب حضرمی کے سوانح سے ملا دیا ہے، جنہوں نے استنجاء کے بارے میں ابوایوب سے روایت کی، ان سے عثمان بن ابوشوکہ نے روایت کی، مجھے معلوم ہوا کہ وہ اس کے علاوہ ہیں، حاکم ابواحمد نے حضرمی کے بارے میں بیان کیا ہے کہ انہیں ابواشعث کہا جاتا تھا۔

۱۰۱۱۶ ابوشمر بن قیس

بن فہر بن عمرو بن وھب بن ربیعہ بن معاویہ اُکرمین کندی ابن کلبی کا قول ہے۔ زمانہ جاہلیت اور زمانہ اسلام میں شریف شاعر تھے۔

۱۰۱۱۷ ابوشہاب ھذلی

ابوذؤیب کے والد ہیں، خلافت عمر میں اپنے والد کے ساتھ جہاد کیا، ابن مرزوق نے ہذلیین کے اشعار میں ان کا ذکر کیا ہے

۱۰۱۱۸ ابوشھم تیمی

تیم الرباب سے ہیں۔ دورِ جاہلیت کے ہیں، اسلام کا زمانہ پایا، ابوعبیدہ معمر بن مثنی نے کلاب اوّل والی حدیث میں

---

* اسد الغابۃ (۶۰۰۱) تجرید (۱۷۷/۲)

Marfat.com

ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: ابوشہم نے اسلام سے قبل اور خلافت عثمان بن عفان تک زندہ رہے۔

۱۰۱۱۹ ابوشیبان

انہوں نے آپ ﷺ کا زمانہ پایا۔ ابن ابوشیبہ نے معن بن عبدالرحمٰن کے طریق سے ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: ایک شخص نے شام کی طرف جہاد کیا، اسے شیبان کہا جاتا تھا، اس کا والد بہت بوڑھا تھا، اس نے اس کے بارے میں یہ اشعار کہے: ع

''شیبان تجھے کیا معلوم کتنی راتیں ایسی گزری ہیں جن میں میں نے تجھے شام کا دودھ پلایا جبکہ شام کا دودھ ہمیں بھی لذیذ تھا۔ تو نے مجھ سے لاپروائی کی یہاں تک کہ مجھے چھوڑ دیا اور میری یہ حالت ہوگئی کہ قریب کا آدمی مجھے دو دکھائی دیتے ہیں، شیبان جب تم لشکروں کے پاس آؤ گے تو انہیں دیکھو گے کہ وہ ایسے دِن گزار رہے ہیں جو مصیبت زدہ ہیں''۔

فرماتے ہیں: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ اشعار پہنچے تو انہوں نے انہیں لوٹا دیا۔

۱۰۱۲۰ ابوشَیِیم مزنی

واقدی ✿ نے ان کا ذکر بحوالہ ان کے شیخ کیا ہے۔ کہتے ہیں: ابوشیم مزنی اسلام لائے، ان کا اسلام سنورنے کے بارے میں احادیث مروی ہیں۔ فرماتے ہیں: جب ہم غزوہ احزاب میں عیینہ بن حصن کے ساتھ نکلے، وہ ہمیں واپس لایا، جب خیبر کے نزدیک آیا تو اس نے خواب دیکھا، وہ آیا، اس نے دیکھا کہ نبی کریم ﷺ خیبر فتح کر چکے ہیں، اس نے کہا: اے محمد! میرے حلیفوں سے آپ نے جو غنیمتیں لی ہیں، مجھے بھی اس میں سے دیجئے، میں آپ سے اور آپ سے قتال کرنے سے ہٹ جاؤں گا۔ آپ ﷺ نے اسے کچھ نہ دیا، تو وہ واپس لوٹ گیا۔ اس سے حارث بن عوف ملا۔ اس نے اس سے کہا: کیا میں نے تمہیں نہیں کہا تھا، اللہ کی قسم! محمد مشرق اور مغرب پر غالب آئیں گے۔

القسم الرابع ازحرف شین

۱۰۱۲۱ ابوشبل (بے نسبت)

دولابی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے، وہ وہم ہے۔ واصل بن مرزوق کے ہاں حدیث بحوالہ بنومخزوم کے ایک شخص مروی ہے جس کی کنیت ابوشبل ہے، بحوالہ ان کے دادا مروی ہے۔ وہ صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ہیں، مبہمات میں اس کا بیان آئے گا۔

۱۰۱۲۲ ابوشجرہ ✿

ابوزاہریہ کے شیخ ہیں، دولابی اور مستغفری نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے، ابوموسیٰ نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔ اس سے متنبہ کیا ہے کہ انہیں وہم ہوا ہے۔ بعض نے جائز کہا ہے کہ وہ یزید بن شجرہ ہیں، ان کی کنیت ابوشجرہ ہے، ان کے صحابی ہونے میں اختلاف ہے، لیکن ابواحمد حاکم نے ابوشجرہ یزید بن شجرہ اور ابوشجرہ شیخ ابوزاہریہ میں اختلاف کیا ہے، میری رائے

✿ مغازی (٦٥٠) ✿ ۱۰۰۸۵ میں ان کے سوانح گزر چکے ہیں۔

Marfat.com

صحیح ہے۔

کثیر بن مرہ میں گزر چکا ہے کہ بغوی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے سوانح میں ابوزاہریہ کے طریق سے بحوالہ ابوشجرہ ایک حدیث نقل کی ہے، وہ یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''صفوں کو سیدھا رکھو...''۔ (الحدیث) اس میں ہے: ''جس نے صف کو جوڑا، اللہ اسے جوڑے گا''۔ ✿ لگتا ہے کہ وہ کثیر بن مرہ کے علاوہ کوئی اور ہیں۔ واللہ اعلم

۱۰۱۲۳ ابوشَرَیح ✿ (بے نسبت)

مسند بقی بن مخلد میں ان کی حدیث ہے، تجرید ✿ میں فرمایا: ہوسکتا ہے وہ ھانی بن یزید ہوں۔

میں کہتا ہوں: بلکہ وہ ابوشریح خزاعی ہیں، یہ حدیث ان کی روایت ہے۔

۱۰۱۲۴ ابوشریح مصری

ان کی حدیث مرسل روایت کی ہے۔ ان میں سے بعض صحابہ رضی اللہ عنہم نے ان کا ذکر کیا ہے۔ ساعدی نے لیث کے طریق سے بحوالہ ابوشریح مصری، انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی، فرماتے ہیں: ''مؤمن کے ہتھیار سے جب اللہ کے رستے میں دفاع کیا جاتا ہے تو ہر روز اس کے صالح اعمال کے ساتھ اس کا وزن کیا جاتا ہے''۔

۱۰۱۲۵ ابوشمیر

بغوی نے ان کا ذکر کیا ہے، فرمایا: انہیں وہم ہوا ہے، فرماتے ہیں: ہم سے محمد بن علی نے بحوالہ شمیر روایت کیا، فرماتے ہیں: میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا: میرے والد بہت بوڑھے ہیں، اور میرے بھائی ہیں، میں ان کے پاس جانا چاہتا ہوں۔ شاید وہ اسلام قبول کرلیں۔ تو میں انہیں آپ کے پاس لے آؤں آپ علیہ السلام نے فرمایا: ''اگر وہ اسلام لے آئیں تو ان کے لیے بہتر ہے، اگر انکار کریں تو اسلام وسیع ہے'' یا فرمایا کشادہ ہے۔

بغوی کا قول ہے: میرے خیال میں محمد بن علی کو اس بارے میں وہم ہوا، ہم سے ابوخیثمہ نے بحوالہ والد مجمع بن عتاب بن شمیر نقل کیا، یعنی عتاب بن شمیر کو شرفِ صحابیت حاصل ہے۔

۱۰۱۲۶ ابوشھلہ

حرف شین میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

✿ مسند احمد (۹۷/۲) اسد الغابہ (۵/۵) ✿ اسد الغابہ (۵۹۹۸) تجرید (۱۷۷/۲)

✿ التجرید (۱٦٤)

Marfat.com

حرف صاد مہملہ

القسم الاوّل ازحرفِ صاد

۱۰۱۲۷ ابوصالح

حمزہ بن عمرو اسلمی ہیں، ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۱۲۸ ابوصبرہ

تجرید میں مذکور ہے کہ مسند بقی بن مخلد میں ان کی ایک حدیث ہے۔

۱۰۱۲۹ ابوصخر عقیلی [1]

بخاری، مسلم، ابن حبان وغیرہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ بعض کا قول ہے: ان کا نام عبداللہ بن قدامہ ہے، اسے ابن عبدالبر نے بیان کیا ہے، اور ابن خزیمہ نے اپنی صحیح میں اور حسن بن سفیان نے اپنی مسند میں سالم بن نوح کے طریق سے بحوالہ ابوصخر جو بنو عقیل کے ایک شخص ہیں اور بعض روایتوں میں فرمایا: عبداللہ بن قدامہ، فرماتے ہیں: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں مدینہ آیا، تاکہ تجارت کا مال فروخت کروں۔ میں نے کہا: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤں، میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف متوجہ ہوا اور آپ سے مدینہ کے راستے میں ابوبکر اور عمر کے درمیان میری ملاقات ہوئی، میں ان کے پیچھے چل پڑا، ایک یہودی کے پاس گئے جو تورات کو کھولے ہوئے اسے پڑھ رہا تھا، اس کا بیٹا موت کی سختی میں تھا، آپ اس کی عیادت کرنے گئے۔

فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف جھکے اور میں بھی آپ کے ساتھ جھکا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اے یہودی! میں تمہیں اس ذات کی قسم دیتا ہوں جس نے موسیٰ علیہ السلام پر تورات اتاری اور تمہیں اس ذات کی قسم دیتا ہوں جس نے بنی اسرائیل کے لیے دریا کو پھاڑا، یہودی پر یہ بات بڑی گراں گزری، کیا تم میری صفت اور میرا ظاہر ہونا اپنی کتاب میں پاتے ہو؟'' اس نے اپنے سر سے اشارہ کیا: نہیں۔ فرماتے ہیں، اس کے بیٹے نے کہا: وہ موت کی حالت میں تھا، اس ذات کی قسم جس نے موسیٰ علیہ السلام پر تورات کو اتارا، انہیں آپ کی صفت، مبعوث ہونا اور آپ کا ظاہر ہونا اپنی کتاب میں ملا ہے، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ آپ اللہ کے رسول ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اپنے بھائی کے پاس سے اس یہودی کو اٹھا دو، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے اسے غسل دے کر، کفن دیا اور اس کی نمازِ جنازہ پڑھی''۔ [2]

---

[1] اسد الغابہ (٦٠١١) تجرید (١٧٨/٢)

[2] مسند احمد (٤١١/٥) دلائل النبوۃ (٢٨٤/٦) جامع المسانید والسنن (١٨٤/١٤) اسد الغابہ (١٢/٥)

Marfat.com

ابن سعد کا قول ہے: ہم سے علی بن محمد مدائنی نے بحوالہ عبداللہ بن شقیق اسی طرح روایت کیا ہے اور اسے عبدالوہاب بن عطاء نے بحوالہ جریری روایت کیا ہے، فرماتے ہیں: بحوالہ عبداللہ بن قدامہ انہوں نے ایک اعرابی سے روایت کیا ہے، اسماعیل بن علیہ نے فرمایا: بحوالہ ابوصخر، انہوں نے اعراب کے ایک شخص سے نقل کیا، اسے احمد نے بحوالہ ابن علیہ نقل کیا ہے۔

۱۰۱۳۰ ابوصرمہ بن ابوقیس ✿

انصاری مازنی، بعض کا قول ہے: ان کا نام قیس بن مالک ہے۔ ایک قول ہے: ابن ابوقیس، بقول بعض: ابن سعد، ابن برقی نے فرمایا: وہ قیس بن صِرمہ بن ابوصرمہ بن مالک بن عدی بن نجار ہیں، ابن قانع اور دمیاطی نے اسی طرح ان کا نسب بیان کیا ہے۔

عزل کے بارے میں نبی ﷺ سے روایت کی، انہوں نے بحوالہ ابوایوب وغیرہ روایت کیا ہے۔

ان سے عبداللہ بن مُحیریز اور لؤلؤہ جو انصار کی مولاۃ ہیں اور محمد بن قیس اور زیاد بن نعیم نے روایت کی۔

عسکری نے ان سے روایت کرنے والوں میں محمد بن یحییٰ بن حبان کا ذکر کیا ہے، محفوظ یہ ہے کہ ان دونوں کے درمیان واسطہ ہے۔ بغوی نے ان کی حدیث بطریق یحییٰ بن سعید ان سے روایت کی ہے۔ لؤلؤہ کا واسطہ اس میں ثابت ہے، دوسرے طریق سے ان سے حذف کے ساتھ روایت ہے۔ ابوعمر کا قول ہے: ان کے بدر میں شریک ہونے میں اختلاف ہے، ان کا تعاقب کیا گیا ہے کہ ابن اسحاق، موسیٰ بن عقبہ اور واقدی نے ان کا اِن میں ذکر نہیں کیا، نسائی، ترمذی کے ہاں ان کی حدیث ہے۔ محمد بن ربیع جیزی نے ان صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے جو مصر آئے۔ فرماتے ہیں: یحییٰ بن عثمان نے ذکر کیا ہے کہ وہ مصر کی فتح میں شریک تھے، احمد بن یحییٰ بن وزیر نے ذکر کیا ہے کہ وہ عقبہ بن عامر کے پاس آئے۔

زیاد بن ابوایوب کے طریق سے منقول ہے، فرماتے ہیں: ہم ابوایوب کے ساتھ سمندر میں تھے، ہمارے پاس ابوصرمہ انصاری تھے جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھی ہیں..... بعض کا قول ہے: ابوصرمہ ہیں جن کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی: ''کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ فجر کی سفید دھاری سیاہ دھاری سے جدا ہو جائے....''۔ (الآیۃ) ✿

۱۰۱۳۱ ابوصُعَیر عُذری

اس کے بارے میں ثعلبہ بن حُصَیر میں اختلاف گزر چکا ہے۔ بغوی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے: مدینہ میں رہے۔

۱۰۱۳۲ ابوصفرہ

عسعس بن سلامہ، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۱۳۳ ابوصُفرہ ازدی ✿

مہلب کے والد جو مشہور امیر ہے۔ ان کے صحابی ہونے میں اور ان کے نام میں اختلاف ہے، بعض کا قول ہے: ان کا نام ظالم بن سارق ہے، بعض نے کہا: ابوسَرّاق، ایک قول ہے: قاطع بن سارق بن ظالم، بعض نے کہا: غالب بن سراق۔

✿ اسد الغابہ (٦٠١٢) تجرید (١٧٩/٢) ✿ سورۃ البقرۃ (١٨٧) ✿ اسد الغابہ (٦٠١٤) الاستیعاب (٣٠٨٧)

Marfat.com

ابن کلبی نے ان کا نسب بیان کیا ہے، فرماتے ہیں: ظالم بن سارق بن صُبح بن کندی بن عمرو بن عدی بن وائل بن .... ازد، بعض نے کہا کہ ان کی اصل عجم ہے۔ اور ازد کی طرف منسوب ہے۔

ابن سکن نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور محمد بن عبد بن حمید کے طریق سے نقل کیا ہے کہ ابوصفرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، اس شرط پر آپ سے بیعت کرنے لگے کہ وہ زرد جوڑا پہنیں گے، جس کے پیچھے ایک جُبہ ہوگا، جسے وہ گھسیٹ رہے ہوں گے، وہ دراز قد، ڈیل ڈول والے، خوبصورت اور فصیح اللسان تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ان کا حسن و جمال دیکھا تو فرمایا: ''تم کون ہو''۔ انہوں نے کہا: میں قاطع بن سارق بن ظالم بن عمر بن شہاب بن حلقام بن جلند بن سلم ہوں جو ہر کشتی کو غصب کر لیتا تھا، میں شہزادہ ہوں، جس کا باپ بھی بادشاہ تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم ابوصفرہ ہو اپنے نام سے سارق اور ظالم ختم کر دو''۔ انہوں نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی پکار اور عبادت کے لائق نہیں اور آپ اللہ کے بندے اور برحق اور سچے رسول ہیں۔ اللہ کے رسول! میری اٹھارہ نرینہ اولاد ہے، اور مجھے ایک بیٹی نصیب ہوئی ہے، جس کا نام میں نے صفرہ رکھا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم تو واقعی ابوصفرہ ہو''۔ واقدی کتاب الردۃ میں فرماتے ہیں: قبیلہ ازد دَبا سے اسلام کا اقرار کرتے ہوئے نبی علیہ السلام کے پاس آئے، حذیفہ بن یمان ازدی کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے زکوٰۃ وصول کرنے کے لیے بھیجا، اور ان کے لیے زکوٰۃ کے فرائض لکھوائے، پھر ارتداد اور حضرت عکرمہ کی ان سے جنگ والی حدیث ذکر کی، جس میں ان کے ان پر غالب آنے اور ان کے قیدیوں کو حذیفہ کے ساتھ صدیقہ اکبر رضی اللہ عنہ کی طرف روانہ کرنے کا ذکر ہے۔ جب اہل دَبا کے قیدی آئے ان میں ابوصفرہ بھی تھے جو ابھی نابالغ لڑکے تھے، صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کو رملہ بنت حارث کے گھر ٹھہرایا۔ آپ کی خواہش تھی کہ ان میں سے جنگجوؤں کو قتل کر دیا جائے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ سے فرمایا: اے خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مومن قوم تھی جنہوں نے اپنے مال پر بخل کیا، صدیق اکبر نے فرمایا: جس شہر میں جانا چاہتے ہو جاؤ، تم لوگ آزاد ہو چنانچہ یہ لوگ نکلے اور بصرہ فروکش ہو گئے تو ابوصفرہ بصرہ آنے والوں میں سے مہلب کے والد ہیں۔

ابوعمر فرماتے ہیں: ابوصفرہ عہد نبوی میں مسلمان تھے لیکن آپ کے پاس نہ آ سکے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس اپنے دس لڑکوں سمیت آئے، دس لڑکوں میں سے مہلب سب سے کم سن تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان لوگوں کو دیکھ کر مسکرا رہے تھے اور خوش ہو رہے تھے، یہ تمہارے بیٹوں کا سردار ہے جو اس وقت کم سن تھے۔

اخبار بصرہ میں عمر بن شبہ لکھتے ہیں: عثمان بن ابی العاص جو ان دنوں بصرہ کے گورنر تھے، انہوں نے ابوصفرہ کو ازد کے چند لوگوں کے ساتھ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا، آپ نے ان لوگوں کے نام پوچھے، ابوصفرہ سے پوچھا تو انہوں نے کہا: میں ظالم بن سارق ہوں، ان کے سر اور داڑھی کے بال سفید تھے، جب آئے تو خضاب لگا کر آئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: تم ابوصفرہ ہو، یوں یہ کنیت ان کے نام پر غالب آ گئی۔

میں کہتا ہوں: یہ واقدی کی روایت کے خلاف ہے کہ جب وہ آئے تو اس وقت نابالغ لڑکے تھے۔

اصمعی دیوان زیاد اعجم میں فرماتے ہیں ابوصفرہ نے عثمان بن ابی عاص سے زمین کا ٹکڑا مانگا تو انہوں نے مہالبہ میں انہیں جائیداد دے دی، کسی نے ان سے کہہ دیا کہ انہوں نے ابھی تک ختنہ نہیں کرایا تو انہوں نے انہیں بلا بھیجا، کہا: تمہارا ناس ہو تم نے

Marfat.com

ابھی تک پا کی حاصل نہیں کی، وہ کہنے لگے، امیر المؤمنین! اللہ کی قسم! میں تو دن میں پانچ بار پا کی حاصل کرتا ہوں۔ انہوں نے فرمایا: میں تم سے ختنے کے بارے میں پوچھ رہا ہوں، انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! اللہ امیر المؤمنین کو عزت بخشے، اس کا پتہ نہیں۔ چنانچہ پھر انہوں نے ان کے ختنے کرانے کا حکم دیا۔ جس پر زیاد بن عجم نے یہ شعر کہا: ع

''کچھ لوگوں نے بڑی عمر میں جا کے ختنہ کرایا، حالانکہ وہ عجمی تھے۔ اس کے بعد عرب بن گئے''۔

ابوفرج نے اغانی میں ابوعیینہ مہلبی کے سوانح میں لکھا ہے۔ ابوصفرہ کا نام سارق ہے۔ بقول بعض غالب، ابن قتیبہ کا قول ہے مہلب، عمان کے دبا نامی گاؤں کے تھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں مسلمان ہوئے، پھر (نعوذ باللہ) مرتد ہو گئے۔ حضرت حذیفہ کے حکم کے مطابق اترے آپ نے انہیں ابوبکر کی طرف بھیج دیا، جنہوں نے انہیں آزاد کر دیا۔

ہمیں ابوصفرہ کی سند حدیث ملی ہے جسے طبرانی نے اوسط میں زیاد بن عبداللہ قرشی کے طریق سے نقل کیا ہے کہ میں ہند بنت مہلب بن ابی صفرہ کے ہاں آیا جو حجاج کی بیوی تھی، اس کے ہاتھ میں سلائی تھی جس سے سوت کات رہی تھی، میں نے کہا: گورنر کی بیوی ہو کر آپ سوت کات رہی ہیں، وہ کہنے لگیں: میرے والد میرے دادا کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: ''تم عورتوں میں سے زیادہ اجر والی وہ عورت ہے، جس کا طاق (بغیر گریبان کے کپڑا) زیادہ لمبا ہوگا''۔ ❁

طبرانی کا قول ہے: ابوصفرہ نے اس کے علاوہ کوئی مسند حدیث بیان نہیں کی، ان سے صرف اسی سند سے مروی ہے۔ جس میں یزید بن مروان بن زیادہ منفرد ہیں۔

میں کہتا ہوں: یزید متروک ہے، اور وہ حدیث جسے ابن سکن نے نقل کیا ہے اس پر اعتراض کیا جا سکتا ہے۔

۱۰۱۳۴ ابوصفوان عبداللہ بن بشر مازنی۔

۱۰۱۳۵ ابوصفوان مالک بن عمیرہ۔

۱۰۱۳۶ ابوصفوان مخرمہ بن نوفل، مسور کے والد ہیں، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۱۳۷ ابوصفوان ❁ یا ابن صفوان مبہمات میں ذکر ہے۔

۱۰۱۳۸ ابوصفیہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مولی ہیں، بخاری کا قول ہے: مہاجرین میں ان کا شمار ہے۔ اسے معلیٰ بن عبدالرحمٰن کے طریق سے نقل کیا ہے، میں نے یونس بن عبید سے سنا وہ اپنی والدہ سے کہہ رہے تھے آپ نے ابوصفیہ کو کیا کرتے دیکھا؟ وہ کہنے لگیں: میں نے ابوصفیہ کو دیکھا، وہ اصحاب نبی تھے اور مہاجرین مسلمانوں سے تھے، گٹھلیوں پر تسبیح کا شمار کرتے، عبدالواحد بن زید نے بحوالہ یونس بن عبید ان کی پیروی کی ہے۔ فرماتی ہیں. میں نے ابوصفیہ کو دیکھا جو مہاجرین میں سے ہیں وہ گٹھلیوں پر تسبیح پڑھ رہے تھے،

❁ مجمع الزوائد (۱۳/٤ ، ۹۳/٤) ❁ اسد الغابۃ (٦٠١٦) ، تجرید (۱۷۹/۲)

Marfat.com

سے بغوی نے نقل کیا ہے۔ اور دوسرے طریق سے بحوالہ ابی بن کعب نقل کیا ہے، بحوالہ ابوصفیہ مولی رسول اللہ ﷺ، کہ ان کے لئے چٹائی بچھائی جاتی اس پر کنکریاں لائی جاتیں، وہ نصف نہار تک ذکر کرتے جب نماز پڑھ لیتے اور واپس آتے تو وہ دوبارہ لائی جاتیں وہ ذکر کرتے یہاں تک کہ شام ہو جاتی۔

۱۰۱۳۹ ابوصممہ

بعض نے کہا: مستغفری نے یہاں مہملہ ذکر کیا ہے، ضاد میں عنقریب آئے گا۔

۱۰۱۴۰ ابوصہیب

حاکم ابواحمد نے ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں، انہوں نے نبی ﷺ سے روایت کی، ان سے ھلال نے میرا خیال ہے، بن یساف نے روایت کی۔ عبدالرزاق کا قول ہے، بحوالہ معمر، انہوں نے ھلال سے روایت کی۔

القسم الثانی ازحرفِ صاد - خالی ہے۔

القسم الثالث ازحرفِ صاد

۱۰۱۴۱ ابوصُحار سعدی

نبی کریم ﷺ کے زمانے میں ایک شخص تھے، حنین میں مشرکوں کے ساتھ شریک تھے، پھر اسلام لائے۔

ابوعبداللہ بن اعرابی نے کتاب النوادر میں ان کا ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں: سرو جی کا قول ہے، ابوصحار سعد نے فرمایا: سعد ن ابوبکر بن ہوازن، ان سے ان کی زوجہ نے کہا: ہمارے لیے روئی خرید کر لاؤ، تو انہوں نے کہا: انتظار کرو یہاں تک کہ پہاڑ روئی کے گالے بن جائیں جیسا کہ ایک قریش نے کہا ہے۔ پھر تم سستے داموں روئی لے لینا، ان کی قوم نے ان کو اسلام کی دعوت دی تو انہوں نے انکار کر دیا، حنین کے موقع پر انہوں نے یہ شعر کہا: ع

''سنو! اگر تمہارے پاس یہ خبر پہنچے کہ قریش ہوازن پر غالب آ گئے تو جنگوں کی کچھ شرطیں ہوتی ہیں''۔

یہ اشعار اور ان کا جواب عبداللہ بن وہب اسدی کے سوانح میں گزر چکا ہے، فرماتے ہیں: پھر ابوصحار اس کے بعد اسلام لائے اور ان کا اسلام سنور گیا، عبیداللہ بن عباس بقیع کے پاس رہتے تھے جس کی ان کے بارے میں ایک حدیث ہے، اور اس کے متعلق ان کے مدحیہ اشعار نقل کیے۔ ابوعبداللہ بن خالویہ نے اپنی کتاب میں ان کا واقعہ ذکر کیا ہے۔

القسم الرابع ازحرفِ صاد

۱۰۱۴۲ ابوصالح

ام ہانی کے مولیٰ ہیں، مشہور تابعی ہیں۔ بعض راویوں نے ان کے طریق سے حدیث میں وہم کیا ہے، اسے حسن بن سفیان نے اپنی مسند میں نقل کیا ہے، اور ابونعیم نے اپنے طریق سے ان کا صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کیا ہے، وہ وہم ہیں۔ حسن نے رزین

Marfat.com

کے طریق سے بحوالہ ابوصالح نقل کیا ہے۔ ام ہانی نے انہیں آزاد کیا تھا۔ فرماتے ہیں: میں ہر ماہ ان کے پاس آتا، اور ہر دو ماہ میں آنا ہوتا، ایک دِن میں ان کے پاس گیا تو نبی کریم ﷺ اچانک وہاں تشریف لائے تو ام ہانی کہنے لگیں: اے چچا زاد، میں بوڑھی ہوگئی ہوں، جسم بھاری ہوگیا ہے، جس سے میرے عمل میں ضعف آ گیا ہے، اس سے چھٹکارے کا کیا طریق ہے؟ آپ نے فرمایا: ''بوان خوشخبری ہو، خیر کثیر کی، سومرتبہ الحمدللہ کہہ لیا کرو، یہ سو غلام آزاد کرنے کے برابر ہے۔ سومرتبہ اللہ اکبر کہہ لیا کرو، جس کا ثواب اللہ کی راہ میں ایسے سو گھوڑے دینے کے برابر ہے جو زین کسے اور لگام والے ہوں، سومرتبہ سبحان اللہ کہہ لیا کرو جو سو قلادہ والے اونٹوں کے برابر ہے جنہیں حج کی قربانی کے لیے بھیجا جائے اور سومرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کہہ لیا کرو، کوئی گناہ تمہیں شرک کی طرف نہیں لے جائے گا''۔

رزین نے اسی طرح کہا ہے، یہ ضعیف ہے، درست اس طرح ہے کہ اچانک حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو ام ہانی رضی اللہ عنہا کہنے لگیں: بھیا! جس شخص کو تھوڑی بہت معرفت ہوگی، اس سے یہ مخفی نہیں کہ ابوصالح، ام ہانی کے غلام، مشہور تابعی ہیں۔

۱۰۱۴۳ ابوصباح بن نعمان

کسی نے ان کا نام غلط لکھ دیا ہے، درست ضاد کے ساتھ ہے جیسا کہ عنقریب آئے گا۔

Marfat.com

حرفِ ضاد معجمہ

القسم الاوّل ازحرفِ ضاد

۱۰۱۴۴ ابوهبيب بلوی
بعض کا قول ہے: ابوضبیب، ان کا ذکر آئے گا۔

۱۰۱۴۵ ابوضُبَیس جهنی ✿
ابن مندہ کا قول ہے: میں نے ابن یونس سے بحوالہ واقدی ذکر کرتے ہوئے سنا ✿ کہ وہ صحابی ہیں، اسکندریہ میں فروکش ہونے والوں میں ذکر کیا اور بحوالہ واقدی مروی ہے کہ وہ اصحابِ شجرہ میں سے ہیں۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی خلافت کے آخر میں وفات پائی، واقدی رحمۃ اللہ علیہ نے عرنیین کے تعاقب میں نکلنے والوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۱۴۶ ابوضُبَیس بلوی ✿
محمد بن ربیع جیزی نے مصر میں آنے والے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا نام لیا ہے۔ واقدی نے محمد بن سعد مولیٰ بنومخزوم کے طریق سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ۹ھ ربیع الاوّل میں میری قوم کا وفد آیا، مجھے ان کے آنے کا پتہ چلا، میں نے انہیں اپنے ہاں اتارا، وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے، ان میں سے ایک بوڑھے شخص ابوضبیس نے کہا: یا رسول اللہ! میں ضیافت میں رغبت رکھتا ہوں، کیا میرے لیے اس میں اجر ہے؟ آپ نے فرمایا: ''ہاں! اور ہر امیر، غریب کے ساتھ نیکی صدقہ ہے''۔

۱۰۱۴۷ ابوضحاك
عمرو بن حزم بن زید انصاری۔

۱۰۱۴۸ ابوالضحاك
فیروز دیلمی، ان دونوں کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۱۴۹ ابوضحاك انصاری ✿
حسن بن سفیان نے اپنی مسند میں ان کا ذکر کیا ہے اور ابراہیم بن قیس انصاری کے طریق سے نقل کیا ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیبر کی طرف چلے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنے مقدمہ میں کیا، اور ان سے کہا: ''بے شک جبرائیل تم سے محبت رکھتے ہیں''۔ انہوں نے کہا: مجھے معلوم ہو چکا ہے کہ جبرئیل مجھ سے محبت رکھتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ہاں! اور وہ بھی جو جبرائیل سے بہتر ہے، اللہ تم سے محبت رکھتا ہے''۔ ✿

✿ اسد الغابہ (٦٠١٨) تجرید (١٧٩/٢) ✿ المغازی (٥٧١) ✿ تجرید (١٧٩/٢)

✿ اسد الغابہ (٦٠١٩) تجرید (١٧٩/٢) اسد الغابہ (١٥/٥) ✿ اسد الغابہ (٦٠٢٠) تجرید (١٨٠/٢)

Marfat.com

۱۰۱۵۰ ابوضمرہ بن عیص [1]

اسماء میں جندع بن ضمرہ کے حالات میں ان کے نام کے بارے میں اختلاف کا ذکر کیا اور کلام..... [2]

۱۰۱۵۱ ابوضمرہ حمیری

ضمرہ کے والد ہیں، ابن مندہ نے کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ان پر بغوی سبقت لے گئے ہیں اور ان سے پہلے محمد بن سعد، انہوں نے ان کا وصف بیان کیا ہے کہ وہ مولیٰ رسول اللہ ہیں، بعض کا قول ہے: ان کا نام سعد ہے، بقول بعض: رَوح ہے۔ ضمیرہ کے سوانح میں اس کتاب میں جسے نبی کریم ﷺ نے آل ضمیرہ کے لیے لکھا ان کی روایت گزر چکی ہے۔

مصعب زبیری کا قول ہے: ابوضمیرہ کا دارعقیق میں گھر تھا اور وہ اس ابوضمیرہ کے علاوہ ہیں جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مولیٰ ہیں، ابن سعد اور بلاذری نے فرمایا: حسین بن عبداللہ بن ضمیرہ مہدی کے پاس خط لے کر گیا، اس نے اسے اپنی آنکھوں پر رکھ لیا اور اسے تین سو دینار دیئے، وہ سفر میں تھا اور اس کے ساتھ اس کی قوم اور یہ خط تھا، انہیں چوروں نے آلیا، انہوں نے سب کچھ لے لیا، خط نکالا اور اسے پڑھا پھر انہیں جو کچھ لیا تھا لوٹا دیا، اور ان سے پوچھ گچھ نہ کی، پھر بغوی نے بحوالہ اسماعیل بن ابواوس اس کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۱۵۲ ابوضمیمہ [3]

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور عطاء خراسانی کے طریق سے بحوالہ حسن بصری نقل کیا ہے: میں نے ابوضمیمہ سے سنا، انہوں نے نبی کریم ﷺ کا زمانہ پایا، فرماتے ہیں: میں نے نبی کریم ﷺ سے انصاف کے دروازوں کے بارے میں پوچھا، آپ ﷺ نے فرمایا: ''اپنے نفس سے لوگوں کو انصاف دینا، لوگوں میں سلام پھیلانا''۔ [4]

میں کہتا ہوں: عطاء کا قول ہے: اس میں ضعف ہے، اور اس حدیث کے ان سے راوی پر کذب کی تہمت ہے، وہ اسحاق بن نجیح ہیں، اسے ابونعیم نے دوسرے طریق سے روایت کیا ہے، فرمایا: بحوالہ ابوتمیمہ۔ واللہ اعلم!

القسم الثانی ازحرفِ ضاد - خالی ہے۔

القسم الثالث ازحرفِ ضاد - خالی ہے۔

القسم الرابع ازحرفِ ضاد

۱۰۱۵۳ ابوضمضم [5]

ان کا نام اور نسبت معلوم نہیں، ابوعمر نے کتاب ابن سکن کے حاشیہ میں ان کا ذکر کیا ہے۔ میں نے اسے ان کی تحریر سے

---

[1] بیاض فی الاصل، تین کلمک. [2] ... [3] اسد الغابہ (۶۰۲۳) تجرید (۱۸۰/۲)

[4] جامع المسانید والسنن (۱۹۵/۱۴) اسد الغابہ (۱۶/۵) [5] اسد الغابہ (۶۰۲۱) تجرید (۱۸۰/۲)

Marfat.com

پڑھا ہے۔ ابو ضمضم غیر منسوب ہیں۔ ثابت نے بحوالہ انس نقل کیا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''کیا تم پسند نہیں کرتے کہ تم ابو ضمضم کی طرح ہو جاؤ؟'' لوگوں نے کہا: یا رسول اللہ! کون ابو ضمضم؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ابو ضمضم جب صبح ہوتی ہے تو کہتا ہے: اے اللہ! میں نے اپنی عزت کو اس پر صدقہ کیا جس نے مجھ پر ظلم کیا''۔ ❶

فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ان کی مغفرت کر دی گئی، اور صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا شمار کیا ہے۔ فرماتے ہیں: ان سے حسن اور قتادہ نے روایت کی۔ اسی طرح ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ مسلمانوں میں سے ایک شخص فرماتے ہیں.... پھر اسی طرح ذکر کیا۔ ❷ ابو عمر کا قول ہے: میرا خیال ہے یہ ابو ضمضم مذکور ہے۔

میں کہتا ہوں: حاکم ابو احمد نے اس کی پیروی کی ہے، انہوں نے حماد بن زید کے طریق سے بحوالہ قتادہ نقل کیا ہے، دونوں کہتے ہیں: ابو ضمرہ نے کہا: اے اللہ!.... پھر اسے ذکر کیا پھر حدیث ابو ہریرہ، سعید بن عبدالرحمٰن کے طریق سے بحوالہ سفیان نقل کی ہے، وہ بھی جامع سفیان میں ہے۔

اسے ابن سنی نے عمل الیوم واللیلۃ میں نقل کیا ہے، بطریق شعیب بن بیان، بحوالہ انس، مرفوعاً۔

ابن فتحون نے ابن عبدالبر کے قول کا تعاقب کیا ہے کہ ان سے حسن اور قتادہ نے روایت کی، فرماتے ہیں: یہ وہم ہے، اس میں ڈھکی چھپی بات نہیں، کیونکہ نبی کریم ﷺ اپنے اصحاب کو ابو ضمضم کے بارے میں خبر دے رہے تھے، وہ اسے نہیں جانتے تھے اور کہنے لگے، ابو ضمضم کون ہے؟ اور ابو عمر کا قول ہے: ان سے حسن اور قتادہ نے روایت کی ہے۔

اسے بزار اور ساجی نے ابو نضر ہاشم بن قاسم کے طریق سے بحوالہ انس حدیث نقل کی ہے، اس میں ہے، وہ کہنے لگے: ابو ضمضم کون ہے؟ آپ نے فرمایا: ابو ضمضم جب صبح ہوتی ہے تو کہتا ہے: اے اللہ!.... (الحدیث)

بزار کی روایت میں یہ اضافہ ہے: وہ سخت آدمی تھے۔ ابن فتحون کا قول ہے: وہ شخص اس امت میں سے نہیں تھا، وہ اس سے پہلے تھا۔ آپ ﷺ نے اس کے حال کی خبر ترغیب دینے کے لیے دی تاکہ وہ اس کے اعمال کی طرح عمل کریں۔ اس سے وہم نہیں ہوتا کہ حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ میں جو صحابی ہیں وہ ابو ضمضم خطا سے ہیں بلکہ وہ عُلبہ بن زید اَنصاری ہیں جیسا کہ حرف عین میں گزر چکا ہے۔ اگر اس بات کی تصریح نہ ہوتی کہ ابو ضمضم پہلے گزر چکا ہے تو یہ جائز تھا کہ علبہ کی کنیت ابو ضمضم ہو، لیکن ابو داؤد کی روایت سے بحوالہ موسیٰ بن اسماعیل اس سے انکار ہے، ابو بکر خطیب نے کتاب الموضح میں روح بن عبادہ کے طریق سے بحوالہ عبدالرحمٰن بن عجلان روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے کوئی عاجز ہے کہ وہ ابو ضمضم کی طرح ہو؟'' وہ کہنے لگے: ''ابو ضمضم کون ہے؟ یا رسول اللہ ﷺ!'' آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم سے پہلے ایک شخص تھا.....''۔ (الحدیث) ❸

ابو داؤد کا قول ہے، اسے ابو نضر نے بحوالہ انس روایت کیا ہے اور حماد کی روایت زیادہ صحیح ہے، اسے محمد بن ثور کے طریق سے بحوالہ قتادہ موقوفاً نقل کیا ہے۔

بخاری نے اپنی تاریخ میں اسے مسنداً نقل کیا ہے اور بزار اور ساجی نے ابو نضر کے طریق سے اور بزار نے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ محمد بن عبداللہ اسے روایت کرنے میں تنہا ہیں، اسے بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں اور عقیل نے ضعفاء میں نقل کیا ہے۔

---

❶ اسد الغابہ (۱۶/۵) ❷ جامع المسانید والسنن (۱۹۳/۱۴) ❸ عمل الیوم واللیلۃ (۲۲) اسد الغابہ (۱۶/۵)

Marfat.com

حرفِ طاء

القسم الاوّل ازحرفِ طاء

۱۰۱۵۴ ابوطخفه طخفہ میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۱۵۵ ابوطریف هذلی *

بغوی، مطین، ابن حبان، ابن سکن وغیرہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے، طائف کے محاصرے میں شریک تھے، ابن قانع کا قول ہے: ان کا نام کیسان ہے۔ ابوعمر کا قول ہے: ان کا نام سنان ہے۔ احمد، حسن بن سفیان وغیرہ نے زکریا بن اسحاق کے طریق سے روایت نقل کی ہے، بغوی کی روایت میں ابوشمیرہ ہے، مجھ سے ابوطریف نے نقل کیا کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اہل طائف کا محاصرہ کیے ہوئے تھے۔ فرماتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں مغرب کی نماز پڑھائی حتیٰ کہ کوئی شخص اگر اپنی کمان سے تیر پھینکتا تو اس تیر کے گرنے کی جگہ دیکھ سکتا، ابن خزیمہ نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔

۱۰۱۵۶ ابوطریف عدی بن حاتم طائی، ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۱۵۷ ابوطفیل *

عامر بن واثلہ بن عبداللہ بن عمرو بن جحش، بعض نے کہا: جہیش بن جُدی.... کنانی، پھر لیثی، انہوں نے جوانی میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور آپ سے احادیث یاد کیں۔ ابن عدی کا قول ہے: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے، بحوالہ ابوبکر، عمر، علی، معاذ، حذیفہ، ابن مسعود، ابن عباس، نافع بن عبدحارث، زید بن ارقم وغیرہ احادیث روایت کیں، ان سے زہری، ابوزبیر، قتادہ، عبدالعزیز بن رُفیع، عکرمہ بن خالد، عمرو بن دینار، یزید بن ابوحبیب، معروف بن خربوذ وغیرہ نے روایت کی۔

مسلم کا قول ہے: ۱۰۰ھ میں وفات پائی اور صحابہ رضی اللہ عنہم میں وفات پانے والوں میں آخری تھے۔ ابن برقی کا قول ہے: ۱۰۲ھ میں وفات پائی، وہ اپنا نام اور کنیت دونوں سے مشہور ہیں اور بحوالہ مبارک بن فضالہ ۱۰۷ھ میں وفات پائی۔ وہب بن جریر بن حازم نے اپنے والد کے حوالے سے بتایا: ۱۱۰ھ میں مَیں مکہ میں تھا۔ میں نے ان کا جنازہ دیکھا اور اس بارے میں دریافت کیا، مجھ سے کہا گیا کہ یہ ابوطفیل ہیں۔

ابن سکن کا قول ہے: ان سے روایات ثابت ہیں کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا، اور رہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سماعت کرنا

---

* اسد الغابہ (٦٠٢٧) تجرید (١٨٠/٢)

* اسد الغابہ (٦٠٢٨) الاستیعاب (٣٠٩٥) تجرید (١٨٠/٢)

Marfat.com

تو وہ ثابت نہیں۔

ابن سعد نے بحوالہ ابوطفیل ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: میں تلاش کرنے والوں کے ساتھ آپ ﷺ کو ڈھونڈ رہا تھا، جبکہ آپ ﷺ نماز میں تھے..... (الحدیث) یہ ضعیف ہے، کیونکہ اس میں اختلاف نہیں ہے کہ ابوطفیل اس رات میں پیدا نہیں ہوئے۔

میں کہتا ہوں: میرا خیال ہے یہ ابوطفیل کی بحوالہ ان کے والد روایت ہے۔

صالح بن احمد بن حنبل نے بحوالہ اپنے والد فرمایا: ابوطفیل مکی ہے، ثقہ ہیں، بخاری نے تاریخ صغیر میں بحوالہ ابوطفیل نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: انہوں نے نبی کریم ﷺ کی زندگی کے آٹھ سال پائے، ابوعمر کا قول ہے: وہ ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما کی فضیلت کے قائل تھے، لیکن حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ان دونوں پر مقدم کرتے تھے۔

۱۰۱۵۸ ابوطلحه انصاری [1]

زید بن سہل..... انصاری، بخاری۔ اپنے نام اور کنیت سے مشہور ہیں۔ انہوں نے کہا: ع

''میں ابوطلحہ ہوں میرا نام زید ہے، ہر روز میرے تھیلے میں شکار ہوتا ہے، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے''۔

۱۰۱۵۹ ابوطلحه أنصاری

یہ دوسرے ہیں، خطیب نے مبہمات میں ان کا ذکر کیا ہے یہ وہی ہیں جنہوں نے ایک شخص کی ضیافت کی اور اسے اپنے کھانے پر ترجیح دی، ان کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی: ﴿اپنی ذات پر ترجیح دیتے ہیں....﴾ [2] ذکر کیا کہ وہ ابوطلحہ کے علاوہ ہیں، جو ام سلیم کے شوہر ہیں، اور اس کا نسب بیان کیا ہے کہ وہ اس روایت میں واقع ہیں جسے مسلم نے نقل کیا ہے، تو انصار کا ایک شخص کھڑا ہوا جسے ابوطلحہ کہا جاتا تھا، گویا انہوں نے اسے بعید سمجھا ہے کہ ابوہریرہ، ابوطلحہ کو جو ام سلیم کے خاوند ہیں نہ جانتے ہوں، یہاں تک کہ ان سے یہ عبارت تعبیر کی، دوسرے لوگوں نے یقین کیا ہے کہ یہ مانع نہیں کہ یہ قصہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے مدینہ تشریف لانے کے اوائل میں پیش آیا ہو، اس سے پہلے کہ غالب اپنے اہل کو پہچانے۔

۱۰۱۶۰ ابوطلحه

درع خولانی، طبرانی کا قول ہے: ان کی صحبت میں اختلاف ہے، حماد بن سلمہ کے طریق سے بحوالہ ابوطلحہ خولانی مروی ہے۔ ان کا نام درع ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''چار لشکر ہوں گے تم پر شام میں جانا لازم ہے....''۔ (الحدیث) [3]

ابن یونس کا قول ہے: مصر کی فتح میں شریک تھے۔

۱۰۱۶۱ ابوطليق [4]

بعض کا قول ہے، طلیق، بغوی اور ابن سکن وغیرہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ مختار بن فُلفُل کے طریق سے نقل

---

[1] اسد الغابہ (٦٠٢٩) الاستیعاب (٣٠٩٦) [2] سورۃ الحشر (٩)

[3] المعجم الکبیر (٢٧٥/٤) [4] اسد الغابہ (٦٠٣٠) تجرید (١٨٠/٢)

Marfat.com

کیا ہے، فرماتے ہیں: مجھ سے طلق بن حبیب بصری نے نقل کیا ہے کہ ابوطلیق نے ان سے بیان کیا کہ ان کی زوجہ ام طلیق ان کے پاس آئی اور ان سے کہا: اے ابوطلیق! حج کا موسم آ گیا ہے، ان کے پاس ایک اونٹ اور ایک اونٹنی تھی۔ وہ اونٹنی پر حج کرتے اور اونٹ پر غزوات میں شریک ہوتے۔ انہوں نے ان سے کہا کہ انہیں اونٹ دے دیں تا کہ وہ اس پر حج کریں، انہوں نے کہا: کیا تم نہیں جانتی کہ میں نے اسے اللہ کے راستے میں جہاد کے لیے روکا ہوا ہے؟ انہوں نے کہا: حج بھی اللہ کے راستے میں ہوتا ہے، مجھے اونٹ دے دے اللہ تم پر رحم کرے، انہوں نے انکار کیا۔ وہ کہنے لگیں: پھر مجھے اونٹنی دے دو اور تم اونٹ پر حج کرو، انہوں نے کہا: میں تمہیں اپنے آپ پر ترجیح نہیں دوں گا۔ انہوں نے کہا: اپنے خرچ میں سے مجھے دے دو۔ انہوں نے کہا: میرے پاس اپنے اور اپنے عیال کے خرچ سے زائد نہیں جو تمہیں دے دوں، جسے تمہارے لیے چھوڑوں۔ انہوں نے کہا: اگر تم مجھے دے دو تو اللہ تعالیٰ تمہیں اس کے بدلے میں دے گا، فرماتے ہیں: جب میں نے اس پر بھی انکار کیا تو کہنے لگیں: جب تم رسول اللہ ﷺ سے ملو تو میری طرف سے سلام کہنا، اور آپ ﷺ بتانا جو کچھ میں نے تم سے کہا ہے۔ فرماتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور اس کی طرف سے آپ کو سلام پہنچایا، اور جو کچھ اس نے کہا تھا آپ ﷺ کو اس کی خبر دی، آپ ﷺ نے فرمایا: ''ام طلیق نے سچ کہا، اگر تم اسے اونٹ دے دو تو وہ اللہ کے راستے میں ہے، اگر تم اسے اونٹنی دے دو تو وہ اور تم اللہ کے راستے میں ہو، اگر تم اسے اپنے خرچ میں سے دو تو اللہ تعالیٰ تمہیں اس کا بدلہ دے گا''۔ ❁ انہوں نے کہا کہ وہ آپ سے پوچھ رہی ہیں کیا چیز حج کے برابر ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''رمضان میں عمرہ کرنا''۔

حفص بن غیاث کے الفاظ ہیں جو بحوالہ ابوبشر دولابی منقول ہیں، اسے ابن ابوشیبہ، ابن سکن اور ابن مندہ نے عبدالرحیم بن سلیمان کے طریق سے بحوالہ مختار نقل کیا ہے، اس کی سند جید ہے۔

۱۰۱۶۲ ابوطویل کندی

شطب ممدود، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۱۶۳ ابوطیبہ حجام*

مولیٰ انصار، بنوحارثہ سے ہیں، بعض کا قول ہے: بنوبیاضہ سے ہیں۔ بعض نے کہا: ان کا نام دینار ہے، اسے ابن عبدالبر نے بیان کیا ہے، اور یہ صحیح نہیں، حاکم ابواحمد نے ذکر کیا ہے کہ دینار حجام آخری تابعی ہیں، ابن مندہ نے دینار حجام کی ایک حدیث بحوالہ ابوطیبہ نقل کی ہے، بعض نے کہا: ان کا نام میسرہ ہے۔

بغوی نے معجم الصحابہ میں بحوالہ احمد بن عبید ابوطیبہ نقل کیا ہے کہ انہوں نے ان کے دادا ابوطیبہ کے نام کے بارے میں سوال کیا، انہوں نے فرمایا: میسرہ، بعض کا قول ہے: نافع، عسکری کا قول ہے: ایک قول ہے کہ ان کا نام نافع ہے جو صحیح نہیں، ان کا نام معلوم نہیں۔

❁ المعجم الكبير (٣٢٤/٢٢) الآحاد والمثانى (١٧٦/٥) مجمع الزوائد (٢٨٠/٣) كشف الاسرار (٣٨/٢)

* اسد الغابہ (٦٠٣٢) تجرید (١٨١/٢)

Marfat.com

میں کہتا ہوں: اسی طرح فرمایا: اسی طرح مسند محیصہ بن مسعود میں مسند احمد میں ان کا نام ہے، پھر یزید بن ابوحبیب سے بحوالہ محیصہ روایت ہے کہ ان کا ایک غلام پچھنے لگاتا تھا جس کا نام نافع ابوطیبہ تھا، نبی کریم ﷺ سے اپنی کمائی کے بارے میں پوچھا، آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے اونٹ کو چارا کھلا دیا کرو۔

اسے احمد وغیرہ نے لیث کی حدیث سے بحوالہ محیصہ بن مسعود نقل کیا ہے کہ ان کا ایک غلام پچھنے لگاتا تھا جس کا نام نافع ابوطیبہ تھا، ان کا ذکر صحیحین میں ثابت ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کو پچھنے لگائے، یہ حدیث انس اور جابر وغیرہ سے ہے۔

ابن ابوخیثمہ نے ضعیف سند سے بحوالہ جابر نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ہمارے پاس ابوطیبہ رمضان کے اٹھارہ دنوں کے بعد آئے۔ ہم نے ان سے کہا: آپ کہاں تھے؟ انہوں نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو پچھنے لگائے تھے۔ [1]

ابن سکن نے دوسری ضعیف سند سے حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ ہم نبی کریم ﷺ کے دروازے پر بیٹھے تھے۔ ہمارے پاس ابوطیبہ اپنے کپڑے میں کوئی چیز اٹھائے ہوئے آئے۔ ہم نے کہا: ابوطیبہ! یہ تمہارے پاس کیا ہے؟ انہوں نے کہا: میں نے نبی کریم ﷺ کے پچھنے لگائے تھے، آپ ﷺ نے مجھے میری اجرت عطا فرمائی۔

القسم الثانی ازحرفِ طاء

اس میں رجال میں سے کسی کا ذکر نہیں۔

القسم الثالث ازحرفِ طاء

۱۰۱۶۴ ابوطفیل سہیل بن عوف۔

۱۰۱۶۵ ابوطمحان قینی ان کا نام حنظلہ ہے، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

القسم الرابع ازحرفِ طاء

۱۰۱۶۶ ابوطالب بن عبدالمطّلب

بن ہاشم بن عبدمناف..... ہاشمی۔ نبی کریم ﷺ کے چچا ہیں، آپ ﷺ کے والد کے سگے بھائی ہیں۔ ان کی والدہ فاطمہ بنت عمرو بن عائذ مخزومیہ ہیں، اپنی کنیت سے مشہور ہوگئے۔ ان کا نام عبدمناف ہے۔ بعض نے کہا: عمران، حاکم کا قول ہے: اکثر متقدمین کے نزدیک ان کا نام ہی ان کی کنیت ہے، نبی کریم ﷺ سے پینتیس (۳۵) سال قبل ولادت ہوئی۔ جب عبدالمطلب کی وفات ہوئی تو انہوں نے محمد ﷺ کے بارے میں ابوطالب کو وصیت کی، انہوں نے آپ کی کفالت اور اچھی تربیت کی اور آپ کے ساتھ شام کی طرف سفر کیا، اس وقت وہ نوجوان تھے۔

جب آپ ﷺ مبعوث ہوئے تو آپ ﷺ کی نصرت کے لیے کھڑے ہوئے، اور آپ ﷺ سے آپ کے دشمنوں کو ہٹایا، اور آپ کی کئی مرتبہ تعریف کی، ان میں سے ایک ان کا یہ شعر ہے، جب اہل مکہ نے پانی طلب کیا اور ان پر بارش ہوگئی: ع

[1] مسند احمد (۴۲۵/۵) المعجم الکبیر (۹۵۴/۲۲)

Marfat.com

''وہ سفید چہرے والے ہیں جن کی وجہ سے بادلوں سے پانی مانگا جاتا ہے وہ یتیموں کا رکھوالا اور بیواؤں کا محافظ ہے''۔

ایک شعر یہ ہے: ؏

''اللہ نے اپنے نام سے ان کا نام علیحدہ کیا ہے، عرش والا محمود ہے اور یہ محمد ہے''۔

ابن عیینہ کا قول بحوالہ علی بن زید ہے: میں نے اس شعر سے بہتر نہیں سنا۔ احمد نے حبہ عُرَنی کے طریق سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو منبر پر ہنستے دیکھا حتیٰ کہ ان کی داڑھیں نظر آنے لگیں۔ پھر ابوطالب کا قول ذکر کیا کہ وہ ہمارے پاس آئے اور میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بطن نخلہ میں نماز پڑھ رہا تھا، انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا: آپ دونوں کیا کر رہے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اسلام کی دعوت دی۔ انہوں نے کہا: جو آپ کہہ رہے ہیں اس میں حرج نہیں لیکن اللہ کی قسم! میری کمر ٹوٹ جائے گی۔

بخاری نے تاریخ میں طلحہ بن یحییٰ کے طریق سے بحوالہ عقیل بن ابوطالب روایت کیا ہے، فرماتے ہیں: قریش نے ابوطالب سے کہا: تیرے اس بھتیجے نے ہمیں ایذا دی ہے.... پھر قصہ ذکر کیا۔ فرماتے ہیں: یا عقیل میرے پاس محمد کو لے آؤ۔ فرماتے ہیں: میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو لے کر دوپہر کے وقت آیا، انہوں نے کہا: تیرے یہ چچا زاد دعویٰ کرتے ہیں کہ تم انہیں ایذاء دیتے ہو۔ انہیں تکلیف دینے سے رُک جاؤ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کیا تم اس سورج کو دیکھ رہے ہو؟ یہ آ جائے تو پھر بھی اسے چھوڑنے کا نہیں''۔

تو اس پر ابوطالب نے فوراً کہا: [1] اللہ کی قسم! میرے بھتیجے نے کبھی جھوٹ نہیں بولا۔ عبدالرزاق کا قول ہے: ہم سے سفیان نے بحوالہ حبیب بن ابوثابت جنہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اللہ تعالیٰ کے قول کے بارے میں سنا: ﴿وہ اس سے دور کرتے اور خود اس سے رکتے ہیں﴾۔ [2]

یہ آیت ابوطالب کے بارے میں نازل ہوئی، وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایذاء کو روکتے اور خود اس چیز سے رُکتے جسے لے کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم آئے۔

ابن عدی نے ہیثم بکاء کے طریق سے بحوالہ انس نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ابوطالب بیمار ہوئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی عیادت کی۔ انہوں نے کہا: اے میرے بھتیجے! اپنے رب سے دعا کرو جس نے تمہیں بھیجا ہے کہ مجھے عافیت دے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اے اللہ! میرے چچا کو شفا دے''۔ تو وہ کھڑے ہو گئے گویا رسیوں سے آزاد ہوئے ہوں۔

انہوں نے کہا: اے بھتیجے! تیرا رب تیری بات مانتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''چچا جان! آپ اگر اس کی اطاعت کریں آپ کی بات بھی ضرور مانے گا''۔ [3]

مغازی میں یونس بن بکیر کی زیادات میں بحوالہ ابوسفر مروی ہے، فرماتے ہیں: ابوطالب نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف پیغ

---

[1] دلائل النبوۃ (۱۸۷/۲) [2] سورۃ الانعام (۲۶)

[3] مستدرک حاکم (۵۴۲/۱) مجمع الزوائد (۳۳۰/۲)

Marfat.com

بھیجا کہ مجھے اپنی جنت کے انگور کھلایئے، تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اسے کافروں پر حرام کر دیا ہے، اور رافضہ کا قول لیا ہے کہ وہ مسلمان فوت ہوئے، انہوں نے اس بات کو لیا ہے جو ان کی طرف منسوب ہے: ع

''آپ نے مجھے دعوت دی اور میں جانتا ہوں کہ آپ سچے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ کہا، آپ اس سے پہلے امانت دار تھے، میں جانتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دین دنیا کے تمام ادیان سے بہتر ہے''۔

ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ نے ترجمے کے شروع میں فرمایا: بعض کا قول ہے کہ وہ اسلام لائے اور ان کا اسلام صحیح نہیں۔

میں بعض شیعہ کی تصانیف سے واقف ہوں کہ انہوں نے ابوطالب کا اسلام لانا ثابت کیا ہے۔ اس میں سے وہ ہے جسے یونس بن بکیر کے طریق سے بحوالہ ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کیا گیا ہے، فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابوطالب کے پاس ان کے مرض میں آئے تو ان سے کہا: ''اے چچا! کلمہ لا الہ الا اللہ کہہ دیجئے، تاکہ قیامت والے دِن میں آپ کی شفاعت کرسکوں''۔ ❁

فرماتے ہیں: اے بھتیجے! اللہ کی قسم! اگر مجھ پر اور میرے اہل پر میرے بعد عار نہ ہوتی کہ وہ کہیں گے کہ میں نے موت کی گھبراہٹ میں یہ کلمہ کہا تو میں ضرور کہہ دیتا۔

تو ان کے ہونٹ حرکت کرتے ہوئے دکھائی دیئے۔ تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ ان کی طرف جھکے اور ان کی بات سنی۔ پھر اپنا سر ان سے اٹھایا اور کہا: انہوں نے اللہ کی قسم وہ کلمہ کہا ہے جس کا آپ نے ان سے سوال کیا تھا۔

اسحاق بن عیسیٰ ہاشمی کے طریق سے بحوالہ ان کے والد مروی ہے میں نے مہاجر مولیٰ بنو نفیل کو فرماتے ہوئے سنا فرماتے ہیں: میں نے ابورافع کو فرماتے ہوئے سنا، میں نے ابوطالب کو فرماتے ہوئے سنا: میں نے اپنے بھتیجے محمد بن عبداللہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ انہیں ان کے رب نے صلہ رحمی کے ساتھ بھیجا ہے اور یہ کہ ایک اللہ کی عبادت کی جائے اس کے ساتھ کسی اور کی عبادت نہ کی جائے، اور محمد سب سے بڑے سچے اور امانت دار ہیں۔

ابن مبارک کے طریق سے بحوالہ ابوعامر ہوزنی مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ابوطالب کے جنازے کے سامنے سے گزرے۔ اور آپ فرما رہے تھے: ''رشتہ داری تم سے جڑی رہے گی''۔ ❁ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ مسلمان ہوئے تو ابوطالب نے ان سے کہا: اپنے چچا زاد کا ساتھ نہ چھوڑنا۔ عمران بن حصین سے مروی ہے کہ ابوطالب نے جعفر بن ابی طالب سے کہا: جب وہ اسلام لا چکے تھے، اپنے عم زاد کا بازو چوموں چنانچہ حضرت جعفر نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: صدیق اکبر ابوقحافہ کو ساتھ لے کر آئے اور انتہائی سن رسیدہ بزرگ تھے جن کی نظر بھی جاتی رہی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھتے ہی فرمایا: ''بوڑھے میاں کو کیوں تکلیف دی میں خود ہی ان کے پاس آ جاتا''۔ ❁ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں چاہتا ہوں اللہ تعالیٰ انہیں اجر عطا فرمائے۔ اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق دے کر بھیجا ہے، اگر آپ کے چچا ابوطالب اسلام لے آتے تو مجھے اپنے والد کی نسبت ان کے اسلام لانے سے زیادہ خوشی ہوتی کیونکہ اس سے آپ کو مسرت ہوتی تھی۔ ان احادیث کی سندیں بے حد کمزور ہیں۔ آخری حدیث میں ابوطالب کے مسلمان ہونے کا ثبوت مراد نہیں، چنانچہ عمر بن شبہ نے کتاب مکہ میں، ابویعلی، ابوبشر اور سمویہ

❁ بخاری (٤٧٧٢) مسلم (٣٩) ❁ بدایہ والنہایہ (١٢٥/٣) کنز العمال (٣٤٤٣)

❁ المعجم الکبیر (٢٩/٩) مجمع الزوائد (١٧٤/٦)

Marfat.com

نے اپنے فوائد میں بحوالہ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کی ہے جس میں ابوقحافہ کے اسلام لانے کا واقعہ ہے جب انہوں نے بیعت کے لیے ہاتھ بڑھایا تو ابوبکر صدیق رو پڑے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا بات ہے؟ ✿ عرض کی: اگر آپ کے چچا کا ہاتھ ان کی جگہ ہوتا اور وہ اسلام لے آتے تو اللہ تعالیٰ آپ کو مسرت بخشتا یہ مجھے ان کے اسلام لانے سے زیادہ پسند ہوتا۔ اس کی سند صحیح ہے۔ حاکم نے اسی سند سے نقل کیا ہے کہ شیخین (بخاری و مسلم) کی شرط پر صحیح ہے۔ بالفرض اگر یہ ثابت بھی ہو جائے تو صحیح حدیث اس سے ٹکرا رہی ہے۔ پہلی حدیث صحیحین میں بطریق زہری مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ابوطالب کی وفات کے وقت ان کے پاس تشریف لے گئے۔ وہاں ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ بھی تھا آپ نے فرمایا: چچا جان! لا اِلٰہ الا اللہ کہہ لیں تا کہ میں اللہ تعالیٰ کے سامنے آپ کی سفارش کر سکوں، تو ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ بولا: ابوطالب! کیا تم عبدالمطلب کے دین سے منہ پھیر رہے ہو؟ وہ دونوں مسلسل انہیں یہی بات کہتے رہے یہاں تک کہ انہوں نے آخری بات یہی کہی میں عبدالمطلب کے دین پر ہوں۔ جس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب تک مجھے ممانعت نہیں ہو جاتی میں آپ کے لیے استغفار کرتا رہوں گا''۔ ✿ جس پر یہ آیت نازل ہوئی: ﴿نبی اور ایمان والوں کے لیے اس بات کی گنجائش نہیں کہ وہ مشرکین کے لیے استغفار کریں﴾۔ ✿ اور یہ آیت نازل ہوئی: ﴿اے نبی! آپ جسے چاہیں ہدایت نہیں دے سکتے بلکہ اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت سے نوازتا ہے﴾۔ ✿ یہی صحیح ہے جس سے اس روایت کی تردید ہو جاتی ہے جو ابن اسحاق نے ذکر کی ہے کیونکہ اگر انہوں نے کلمۂ توحید کہا ہوتا تو اللہ تعالیٰ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے لیے استغفار کرنے سے نہ روکتا۔ یہ جواب اس شخص کے اعتراض کے زیادہ مناسب ہے جس کا کہنا ہے کہ عباس باوجودیکہ مسلمان تھے لیکن انہوں نے شہادت ادا نہیں کی، نا قابل توجہ ہے۔ مذکورہ رافضی نے اس بات کا جواب دیا ہے کہ ''وہ عبدالمطلب کے دین پر ہیں'' کہ عبدالمطلب بھی مسلمان تھے اور دلیل میں ایک مقطوع اثر پیش کیا جو جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے جسے میں عنقریب ذکر کروں گا جو منقطع اور اس کے رجال (راویوں) کے ضعیف ہونے کی وجہ سے دلیل بننے سے قاصر ہے۔

رہی دوسری حدیث جس میں ابوطالب کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کرنے کی گواہی ہے اس کا اور ابوطالب کے اشعار کا جواب یہ ہے کہ اس کی مثال ایسے ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے قریش کے کافروں کا حال بیان کیا: ''انہوں نے اس کا انکار کیا جبکہ ان کے دِل اس کا یقین رکھتے ہیں کہ یہی ظالم اور سرکش ہیں''۔ ✿ ان کا کفر عناد و ضد کی وجہ سے تھا جو تکبر و نفرت سے پیدا ہوا، اس کی طرف ابوطالب نے اپنی اس بات سے اشارہ کیا ہے ''اگر قریش مجھے عار نہ دلائیں''۔ رہی تیسری حدیث جو ہوزنی کا اثر ہے اور مرسل ہے، اس کے باوجود اس میں رشتہ داری آپ کو جوڑے رکھے گی۔ ان کے مسلمان ہونے کی کوئی بات نہیں بلکہ اس کے منافی بات موجود ہے وہ یہ کہ آپ ان کے جنازے کی طرف مخالف سمت سے آئے ورنہ آپ جنازے کے ساتھ چلتے اور خود نمازِ جنازہ پڑھاتے۔ اس سے زیادہ صحیح روایت میں ہے جو ابوداؤد اور نسائی نے نقل کی اور ابن خزیمہ نے اسے صحیح کہا ہے، بطریق ناجیہ بن کعب بحوالہ حضرت علی رضی اللہ عنہ مروی ہے، فرمایا: جب ابوطالب کا انتقال ہوا میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا کہ آپ کا گمراہ چچا چل بسا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے

✿ مجمع الزوائد (۱٤۱/۷) ✿ بخاری کتاب الجنائز باب اذا قال المشرك عند الموت (۱۳٦۰)
مسلم کتاب الایمان باب الدلیل علی صحة اسلام .... (۱۳۱) ✿ سورة التوبة (۱۱۳)
✿ سورة القصص (٥٦) ✿ سورة النمل (۱٤)

Marfat.com

رمایا: جاؤ ان کی نعش دفن کر دو اور یہ کام ختم کرنے تک مجھ سے کوئی بات نہ کرنا۔ [1] چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا۔ جب واپس آیا تو آپ ﷺ نے مجھے کئی دعائیں دیں۔ مذکورہ رافضی نے ایک اور سند سے بواسطہ ناجیہ بن کعب بحوالہ حضرت علی یہ روایت ''لفظ ضال (گمراہ) کے بغیر'' نقل کی ہے۔

رہی چوتھی اور پانچویں حدیث کہ ابوطالب نے اپنے بیٹوں کو نبی ﷺ کے اتباع کا حکم دیا اور خود اتباع نہ کرنا بجائے خود عناد وضد ہے جو ان کی اچھی مدد اور آپ علیہ السلام کا دفاع اور آپ علیہ السلام کی وجہ سے اپنی قوم کی دشمنی مول لینے کا سبب ہے۔

رہی صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی بات کہ مجھے ابوطالب کے اسلام لانے سے زیادہ خوشی ہوتی، سے مراد یہ ہے کہ اگر وہ اسلام لے آتے۔ جس کی وضاحت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی ایک روایت سے ہو جاتی ہے کہ فتح مکہ کے روز ابوبکر، ابوقحافہ کا ہاتھ تھامے آئے، رسول اللہ ﷺ نے ان کی پیرانہ سالی دیکھ کر فرمایا: ''میاں کو کیوں تکلیف دی میں خود ہی ان کے پاس آ جاتا''۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''میں چاہتا ہوں اللہ تعالیٰ انہیں اجر دے۔ اللہ کی قسم! اگر ابوطالب ایمان لے آتے تو مجھے اپنے والد کے اسلام سے زیادہ ان کے اسلام کی خوشی ہوتی''۔

ابن اسحاق کا بیان ہے: فتح مکہ کی رات جب حضرت عباس ابوسفیان کو لے کر آئے تو راہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ مل گئے، عباس رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: اگر یہ شخص بنی عدی کا ہوتا تو تم اس کے قتل سے خوش نہ ہوتے!؟ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: میں تمہارے اسلام سے بنسبت خطاب کے اسلام کے زیادہ خوش ہوں، اگر اسلام لاتے۔

پھر رافضی نے بطریق راشد الحمانی روایت کی ہے کہ ابوعبداللہ یعنی جعفر الصادق سے کسی نے جنتی لوگوں کے بارے میں پوچھا، انہوں نے فرمایا: انبیاء جنت میں، صلحاء جنت میں، اسباط (نواسے/ پوتے) جنت میں ہیں۔ سب لوگوں سے زیادہ عزت والے محمد ﷺ حضرت آدم علیہ السلام اور ان کے بعد والے آباء واجداد سے، آگے ہوں گے۔ یہ قسمیں اس کی باتیں کر رہی ہوں گی۔ عبدالمطلب کا حشر اس عالم میں ہوگا کہ ان کے ساتھ انبیاء کا نور ہوگا اور بادشاہوں کا جمال ہوگا۔ ابوطالب انہی کی جماعت میں اٹھائے جائیں گے جب پیشی کے لئے روانہ ہوں گے اور جنتی اپنے ٹھکانوں میں اور جہنمی اپنے ویرانوں میں جا پہنچیں گے۔ ایک شعلہ بلند ہوگا جسے ہر دیکھنے والا بلاشک وشبہ آگ کا بادل سمجھے گا۔ اس وقت ہر مذہب کا وہ شخص حاضر ہوگا جسے رب کی معرفت تو ہوگی لیکن وہ اپنے نبی کو نہ جانتا ہوگا اور جو شخص اکیلا ہوگا، جن میں بوڑھے، بچے ہوں گے۔ ان سے کہا جائے گا رب تعالیٰ تمہیں اس آگ میں کود جانے کا حکم دیتا ہے تو جو کوئی اس میں کود پڑے گا وہ بلند جنتوں تک پہنچ جائے گا اور جو اڑا رہے گا وہ آگ کا بادل اسے اپنی لپیٹ میں لے لے گا۔ یہی روایت ابوبشر احمد بن ابراہیم بن یعلی بن اسد سے بحوالہ ابوصالح حمادی وہ اپنے والد سے بحوالہ اپنے دادا روایت کرتے ہیں کہ میں نے راشد حمانی کو فرماتے سنا.... پھر اسے ذکر کیا۔ یہ غالی رافضیوں کا سلسلہ ہے۔ آخری حدیث مختلف طریق کے ذریعہ، بوڑھے آدمی، زمانۂ فترت میں فوت ہونے والے، کوڑھی، اندھے بہرے پیدا ہونے والے، مجنون یا پاگل پیدا ہونے والے یا جس پر بالغ ہونے سے پہلے پاگل پنا طاری ہو جائے کے حق میں وارد ہوئی ہے۔ ان میں سے ہر ایک اپنی دلیل پیش کرے گا کہ اگر مجھے سمجھ بوجھ ہوتی یا میں یاد رکھتا تو ایمان لے آتا، تو ان کے لیے آگ بلند ہوگی اور ان سے کہا جائے گا: اس میں

---

[1] ابوداؤد کتاب الجنائز باب الرجل یموت لہ قرابۃ مشرک (۳۲۱٤)
نسائی کتاب الطہارۃ باب الغسل من موارۃ المشرک (۱۹۰) مسند احمد (۱/۱۳۰)

Marfat.com

کود پڑو! جو اس میں داخل ہو جائے گا وہ اس کے لیے گلزار بن جائے گی اور جو رکا رہا اسے زبردستی داخل کیا جائے گا۔ یہ اس کا مطلب ہے جو اس قسم کی احادیث ہیں، جس کے طرق میں نے علیحدہ رسالے میں جمع کیے ہیں۔ ہم بھی یہی اُمید رکھتے ہیں کہ عبدالمطلب اور ان کے گھرانے کے لوگ اس میں خوشی سے داخل ہو جائیں اور نجات حاصل کر لیں لیکن ابوطالب کے بارے میں اس کے خلاف حدیث آتی ہے۔ ایک تو یہ آیت براءت اور صحیحین کی حدیثِ عباس کہ انہوں نے نبی ﷺ سے کہا: آپ اپنے چچا ابوطالب کو کیا فائدہ پہنچائیں گے کیونکہ وہ آپ کی حفاظت کرتا اور آپ کے لیے لوگوں سے ناراض رہتا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''وہ پایاب آگ میں ہے اگر میں نہ ہوتا تو وہ جہنم کے سب سے نچلے طبقے میں ہوتا''۔ یہ کفر پر مرنے والے شخص کا درجہ ہے اگر وہ توحید پر مرے ہوتے تو جہنم سے بالکل نجات یافتہ ہوتے۔ اس بارے میں صحیح احادیث اور کئی روایات موجود ہیں۔ مدینہ میں جب محمد بن عبداللہ بن حسن نے خروج کیا تو منصور نے اس پر فخر کیا جس کے بارے میں ان کی خط و کتابت مشہور ہے۔ ان میں سے منصور ایک خط میں لکھتا ہے: جب نبی ﷺ مبعوث ہوئے تو ان کے چار چچے تھے جن میں سے دو آپ پر ایمان لائے، ان میں سے ایک میرا جد امجد تھا اور دو نے کفر جن میں سے ایک تمہارا جدّ اعلیٰ تھا۔ عبداللہ بن المعتز کا شعر ہے جس میں فاطمین کو مخاطب کرتے ہوئے کہتا ہے: ع

''تم لوگ ہمارے مقابلہ میں آپ ﷺ کی بیٹی کی اولاد ہو اور ہم آپ علیہ السلام کے مسلمان چچا کی اولاد میں سے ہیں''۔

اسی طرح رافضی نے ابوطالب کی وفات کا واقعہ بطریق علی بن محمد بن متیم نقل کیا ہے میں نے اپنے والد سے انہوں نے اپنے دادا سے کہ میں نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا: ابوطالب تمام حالات میں عبدالمطلب کے پیروکار رہے یہاں تک کہ دنیا سے انہی کے مذہب پر رہتے ہوئے رخصت ہوئے۔ اور مجھے وصیت کی تھی کہ مجھے ان کی قبر میں دفن کرنا۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو بتایا، آپ نے فرمایا: ''جاؤ! انہیں دفن کر آؤ''۔ میں آیا انہیں غسل دیا کفنانے کے بعد انہیں حجون لے آیا عبدالمطلب کی قبر کھودی تو وہ قبلہ کی جانب رُخ کیے ہوئے تھے چنانچہ انہیں بھی ان کے ساتھ دفن کر دیا۔ متیم کہتے ہیں: ''حضرت علی رضی اللہ عنہ اور ان کے آباء و اجداد میں سے کسی نے شرک نہیں کیا، صرف اللہ کی عبادت کی اور مرتے دم تک اسی پر قائم رہے''۔ یہ روایت ابوبشر سے منقول ہے جس کا ذکر ہو چکا ہے وہ ابوبردہ سلمی سے وہ حسن بن ماشاء اللہ سے وہ اپنے والد سے وہ علی بن محمد بن متیم سے، یہ غالی شیعوں کا سلسلۂ روایت ہے جس پر خوش ہونے کی ضرورت نہیں۔ اس سے زیادہ صحیح جو پہلے گزر چکا ہے وہ اس سے ٹکرا رہا ہے۔ وہی معتبر ہے پھر اس رافضی نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''پھر جن لوگوں نے نبی پر ایمان لا کر ان کی مدد و نصرت کی اور نور ان پر نازل ہوا (یعنی قرآن) اس کی پیروی کی حقیقت میں یہی لوگ کامیاب ہیں''[1] کو بطورِ دلیل پیش کیا ہے کہ ابوطالب نے جیسا کہ مشہور ہے آپ کی مدد کی، آپ کی وجہ سے قریش کی دشمنی مول لی، جس کا کوئی مؤرخ انکار نہیں کرتا۔ لہٰذا وہ بھی فلاح پانے والوں میں سے ہوں گے۔ یہ ان کے علم کی رسائی ہے۔ ہم مانتے ہیں کہ خواجہ ابوطالب نے آپ کی مدد کی اور اس میں بہت ہمت و کوشش کی لیکن انہوں نے آپ پر نازل ہونے والے نور کا اتباع نہیں کیا جو اللہ تعالیٰ کی کتابِ عزیز ہے جو توحید کی دعوت دیتی ہے فلاح و کامیابی اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتی جب تک اس پر تمام صفات مرتب نہیں ہوتیں۔

مرزبانی لکھتے ہیں: ابوطالب کا انتقال بعثت کے دسویں (۱۰) سال ہوا، اس وقت ان کی عمر اَسّی (۸۰) سے زائد تھی

---

[1] سورۃ الاعراف (۱۵۷)

Marfat.com

ن سعد بحوالہ واقدی بیان کرتے ہیں: وہ سال کی پندرہ شوال میں فوت ہوئے۔ ہمیں ابوطالب کی وہ روایت جوانہوں نے نبی ﷺ سے کی ہے جسے خطیب نے "روایۃ الاباء عن الابناء" نامی کتاب میں بطریق احمد بن حسن (جو دبیس سے مشہور ہیں) نقل کی ہے۔ حسین بن علی کہتے ہیں: میں نے ابوطالب کو فرماتے سنا: مجھ سے میرے بھتیجے محمد (ﷺ) نے بیان کیا۔ جو اللہ کی قسم سچا انسان ہے، میں نے اس سے پوچھا: اللہ تعالیٰ نے تمہیں کیا دے کر مبعوث کیا ہے؟ اس نے کہا: "صلۂ رحمی، نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ ادا کرنے کے ساتھ"۔ خطیب لکھتے ہیں: میں نے یہ سند صرف اسی شیخ سے لکھی ہے اور دبیس المقریٔ بڑی عجیب وغریب اور زیادہ تر منکر روایات نقل کرتا ہے۔ نیز خطیب فرماتے ہیں: ابونعیم نے ہمیں بتایا کہ ابورافع فرماتے ہیں میں نے ابوطالب کو فرماتے سنا: مجھ سے محمد (علیہ السلام) نے بیان کیا کہ اللہ تعالیٰ نے اسے صلہ رحمی، صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے اس کے ساتھ کسی کی پکار نہ کرنے کے ساتھ بھیجا ہے، اور محمد میرے نزدیک بے حد سچا اور امین ہے۔ خطیب لکھتے ہیں: علم حدیث کے ناقلین اس حدیث کو ثابت نہیں کرتے اور اس کی اسناد میں بے شمار مجہول راوی ہیں۔ اور جعفر بن عبدالواحد قصہ گو بے حد کمزور راوی ہے۔ ابن سعد طبقات میں بحوالہ عمرو بن سعید روایت کرتے ہیں کہ ابوطالب نے فرمایا: میں اپنے بھتیجے کے ساتھ ذوالمجاز میں تھا مجھے سخت پیاس لگی، میں نے اس سے شکایت کی حالانکہ اس کے پاس کچھ بھی نہ تھا۔ وہ جھک کر نیچے اترا زمین کی طرف اپنی لاٹھی کی اور پانی لے آیا، کہنے لگا: چچا جان! پیئیں! میں نے پی لیا۔

اس سلسلے میں وہ احادیث جو اس رافضی نے ذکر نہیں کی ہیں وہ "تمام" نے اپنے فوائد میں نقل کی ہیں۔ عبداللہ بن عمر سے مرفوع روایت کرتے ہیں۔ جب قیامت کا دِن ہوگا تو میں اپنے والدین، چچا ابوطالب اور جاہلیت میں اپنے ایک بھائی کے لیے شفاعت کروں گا۔ "تمام" فرماتے ہیں: ولید منکر احادیث نقل کرتا ہے۔ حافظ ابن عساکر کا قول ہے جو حدیث مسلم نے حدیث ابی سعید خدری سے نقل کی وہ صحیح ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے ابوطالب کا تذکرہ ہوا آپ نے فرمایا: "میری شفاعت سے انہیں فائدہ ہوگا۔ انہیں جہنم کی پایاب (پاؤں تک پہنچنے والی) آگ میں عذاب ہوگا جس سے ان کا دماغ کھولے گا"۔

۱۰۱۶۷ ابوطرفہ کندی ✿

تابعی۔ ان کی حدیث مرسل ہے، بعض نے اس کی وجہ سے ان کا ذکر صحابہ رضی اللہ عنہم میں کیا ہے۔ مستغفری نے بقیہ کے طریق سے ان کا ذکر کیا ہے کہ مجھ سے ولید بن کامل نے بحوالہ ابوطرفہ کندی روایت کیا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس کی صحت اس کے مرض پر غالب آجائے تو وہ دوا نہ کرے"۔ ✿

۱۰۱۶۸ ابوطریف

مولیٰ عبدالرحمٰن بن طریف، تابعی ہیں۔ ان کی حدیث مرسل ہے۔ اس وجہ سے بعض نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابوداؤد نے کتاب القدر میں عمر بن عبداللہ مولیٰ عفرہ کے طریق سے بحوالہ ابوطریف نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ہمیں یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "میں نے اپنے رب سے انسان کی اولاد میں سے لہو میں مشغول لوگوں کے بارے سوال کیا"۔

✿ اسد الغابہ (٦٠٢٦) تجرید (١٨٠/٢) ✿ اسد الغابہ (١٨/٥)

Marfat.com

حرفِ ظاء

القسم الاوّل ازحرفِ ظاء

۱۰۱۶۹ ابوظبیان

ان کا نام عبداللہ بن حارث بن کبیر عامدی ہے، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۱۷۰ ابوظَبیہ ✿

نبی کریم ﷺ نے انہیں دودھیا جانور دیا تھا۔ ابن مندہ کا قول ہے: ابوسلامہ نے بحوالہ ابوسلام ان سے حدیث روایت کی ہے، اسے بحوالہ عبدالرحمٰن نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: بحوالہ ابوسلمہ، اسے ابواحمد حاکم نے ابواسامہ کے طریق سے موصولاً نقل کیا ہے، اس کے الفاظ بحوالہ ابوسلام مولیٰ قریش مروی ہیں، فرماتے ہیں: میں کوفہ میں آیا، میں جمعہ کے دِن مجلس عظیم میں بیٹھا پھر ایک شخص آیا، اس نے لوگوں کو سلام کیا، اور کہنے لگا: میں ابوظبیہ ہوں، رسول اللہ ﷺ نے مجھے دودھیا جانور دیا تھا آپ مجھے بتاتے تھے کہ میں اس کے بعد ضرورت مند ہو جاؤں گا، مجھے وظیفہ ملتا تھا۔

انہیں مغیرہ بن شعبہ کے بارے میں خوف ہوا، میں آپ سے جمعہ سے لے کر جمعہ تک سوال کرتا ہوں، ان سے لوگوں نے کہا: اے ابوظبیہ! آپ ہم سے ایسی حدیث بیان کریں جسے آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے۔ انہوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''واہ واہ! پانچ چیزیں میزان میں وزن رکھتی ہیں۔ سبحان اللہ، الحمدللہ، لا اِلٰہ الا اللہ، اللہ اکبر، مومن جس کی صالح اولاد فوت ہو جائے تو وہ ثواب کی اُمید رکھے''۔ ✿ فرماتے ہیں: اسے ولید بن مسلم بحوالہ ابوسلمیٰ جو رسول اللہ ﷺ کی بکریاں چرانے والے ہیں ✿ روایت کیا ہے، فرماتے ہیں: میں ان سے کوفہ کی مسجد میں ملا، انہوں نے ذکر کیا کہ نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: ''تم میرے بعد زندہ رہو گے اور تم سے سوال کیا جائے گا''۔ پھر اسی طرح حدیث نقل کی۔ ولید کی روایت زیادہ راجح ہے، کیونکہ عبدالرحمٰن بن یزید جن سے ابواسامہ نے روایت کی ضعیف ہیں، وہ شامی ہیں جو کوفہ میں آئے، پھر انہوں نے ان سے حدیث بیان کی، لوگوں نے ان کا نام پوچھا، انہوں نے کہا: عبدالرحمٰن بن یزید، انہوں نے گمان کیا کہ وہ ابن جابر ہیں اور وہ ثقہ راوی ہیں، تو انہوں نے ان سے حدیث نقل کی اور اسے جابر کی طرف منسوب کر دیا۔

کوفہ کی ایک جماعت کے ساتھ یہ پیش آیا۔ ان میں ابواسامہ شامل ہیں وہ ابن جابر نہیں۔ وہ ابن تمیم ہیں۔ ان کا اور ان کے بیٹے کا نام ابن جابر اور ان کے بیٹے جیسا ہے۔ ان کی نسبت بھی ایک جیسی ہے، عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر کوفہ کبھی نہیں آئے

✿ اسد الغابہ (٦٠٣٤) الاستیعاب (٣١٠٠) تجرید (١٨١/٢) ✿ جامع المسانید والسنن (٢٣٩/١٤) اسد الغابہ (٢٢/٥)

✿ المعجم الکبیر (٨٧٣/٢٢) الآحاد والمثانی (٣٤٧/١) المستدرک (٥١١/١) جامع المسانید والسنن (٢٣٩/١٤) مسند جامع (٢٧٠/١٦)

Marfat.com

جب یہ ثابت ہوگیا۔ تو عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر، جو معتبر ہیں، کا قول بحوالہ ابوسلمہ، جو چرواہے ہیں، یہ عبدالرحمٰن بن یزید بن تمیم کے قول سے زیادہ صحیح ہے جو ضعیف ہیں بحوالہ ابوظبیہ، عبداللہ بن علاء بن زبیر جو ثقات میں سے ہیں، وہ عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر کے اس قول کی وجہ سے موافق ہیں۔ میں نے احتمال کی وجہ سے اس قسم میں ان کا ذکر کیا۔

القسم الثانی ازحرفِ ظاء - خالی ہے۔

القسم الثالث ازحرفِ ظاء

۱۰۱۷۱ ابوظبیه کلاعی

ابوبشر دولابی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے، کیونکہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پایا، اور ابومغیرہ کے طریق سے بحوالہ ابوظبیہ سلفی کلاعی ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں: جمعہ کے دِن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جابیہ کے مقام پر ہمیں خطبہ دیا، اور یہ آیت پڑھی: ﴿جب آسمان پھٹ جائے گا﴾۔ [1]

پھر وہ منبر سے اترے اور سجدہ کیا، لوگوں نے ان کے ساتھ سجدہ کیا۔ اسی طرح احمد نے بحوالہ ابومغیرہ عبدالقدوس بن حجاج نقل کیا ہے، اس کے رجال ثقات ہیں، لیکن احمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بے نقط ہے، اس طرف اشارہ کیا کہ اس میں لفظی غلطی ہے، صحیح نقطے کے ساتھ ہے۔

عباس بن محمد دوری نے فرمایا: میں نے ابن معین کو فرماتے ہوئے سنا: ابوظبیہ کلاعی معاذ بن جبل کے ساتھی ہیں، ابن خراش کا قول ہے: مجھے امید ہے کہ انہوں نے معاذ سے سنا، ابویعلی نے اَعمش کے طریق سے بحوالہ شہر بن حوشب نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: میں مسجد میں داخل ہوا تو ابوامامہ بیٹھے ہوئے تھے، میں ان کے پاس بیٹھ گیا تو شیخ ابوظبیہ آئے، لوگ سوائے صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی کو ان کے برابر نہیں سمجھتے تھے۔

ابوظبیہ نے بھی عمر بن خطاب سے روایت کیا، اور جابیہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے خطبہ کے وقت موجود تھے۔ بحوالہ معاذ، مقداد، عمرو بن العاص، ان کے بیٹے عبداللہ بن عمرو بن عبسہ وغیرہ۔ ان سے تابعین میں سے ثابت بنانی، شہر بن حوشب، شریح بن عبید وغیرہ نے روایت کی۔

ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی الادب المفرد میں ان کی حدیث صحابہ رضی اللہ عنہم کے حوالے سے مروی ہے۔

ابن ابوحاتم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے ابوزُرعہ سے ابوظبیہ کے نام کے بارے میں پوچھا، انہوں نے کہا: میں کسی کو نہیں جانتا جو ان کا نام بتائے۔ ابوزرعہ دمشقی نے اہل دمشق کے تابعین کے طبقہ علیا میں ان کا ذکر کیا ہے۔

القسم الرابع ازحرفِ ظاء - خالی ہے۔

---

[1] سورہ انشقاق آیۃ (۹)

Marfat.com

حرفِ عین

القسم الاوّل ازحرفِ عین

۱۰۱۷۲ ابوعازب

فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''ملائکہ نے اللہ کی اطاعت میں عقل کے ساتھ کوشش کی، بنوآدم میں سے مومنوں نے اللہ کی اطاعت میں اپنی عقلوں کے بقدر کوشش کی، تو یہ علم وعقل میں ان سے زیادہ ثابت ہوئے''۔ بغوی رحمۃ اللہ علیہ نے میسرہ بن عبدربہ کے طریق سے جو متروک راوی ہیں بحوالہ ابوعازب روایت کیا ہے۔

۱۰۱۷۳ ابوالعاص بن ربیع*

بن عبدالعزی بن عبدشمس بن عبدمناف عبشمی، ہالہ بنت خویلد کے والد ہیں، ان کا لقب جرو بطحاء ہے۔ زبیر بن بکار کا قول ہے: انہیں امین کہا جاتا تھا۔ ان کے نام میں اختلاف ہے۔ بعض نے کہا: لقیط، مصعب زبیری، عمرو بن علی فلاس، علائی، حاکم ابواحمد اور دوسرے راویوں کا قول ہے۔ بلاذری نے اسے ترجیح دی ہے۔ بعض کا قول ہے: زبیر، اسے زبیر نے بحوالہ عثمان بن ضحاک بیان کیا ہے۔ بعض نے کہا: ہشیم۔ اسے ابن عبدالرزاق نے بیان کیا ہے، بعض نے کہا: مہشم، اسے زبیر اور بغوی نے بیان کیا ہے۔

اسے ابن مندہ نے بیان کیا ہے، ابونعیم نے اس کی پیروی کی ہے کہ انہیں کہا گیا، ان کا نام یاسر ہے۔ میرا خیال یہ ہے کہ وہ یاسم سے بدلا گیا ہے۔ وہ بعثت سے قبل تھے جیسا کہ زبیر نے بحوالہ اپنے چچا مصعب روایت کیا ہے۔ بعض اہل علم کا قول ہے کہ ان کا رسول اللہ ﷺ سے بھائی چارہ تھا۔ آپ ﷺ رات کا کھانا اکثر ان کے گھر کھاتے، آپ ﷺ نے اپنی بڑی بیٹی زینب رضی اللہ عنہا سے ان کا نکاح کر دیا، وہ ان کی خالہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کی بیٹی تھیں، پھر اس پر اتفاق نہیں کہ وہ ہجرت کے بعد اسلام لائے۔

ابن اسحاق کا قول ہے: یہ مکہ کے مالدار، امانت دار اور تاجر لوگوں میں شمار ہوتے تھے۔

حاکم ابواحمد نے صحیح سند سے بحوالہ شعبی رحمۃ اللہ علیہ نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: زینب بنت رسول اللہ ﷺ ابوالعاص بن ربیع کی زوجہ تھیں، انہوں نے ہجرت کی اور ابوالعاص اپنے دین پر تھے۔ اس پر اتفاق ہے کہ وہ تجارت کے لیے شام گئے۔ جب مدینے کے قریب پہنچے تو بعض مسلمانوں نے ارادہ کیا کہ اس کی طرف جائیں اور اس کا سامان لے کر اسے قتل کر دیں۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا تک یہ بات پہنچی تو انہوں نے کہا: یا رسول اللہ! کیا مسلمان کا عقد اور وعدہ ایک نہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ہاں''۔ انہوں نے کہا: گواہ رہیے کہ میں نے ابوالعاص کو پناہ دی۔ جب رسول اللہ ﷺ کے اصحاب نے دیکھا تو بغیر ہتھیار ان کی طرف نکلے، ان سے ابوالعاص نے کہا: آپ قریش میں شرف والے ہیں، اور آپ رسول اللہ ﷺ کے چچا زاد اور داماد ہیں۔ آپ اسلام نہیں لائیں

---

* اسد الغابہ (٦٠٣٥) تجرید (١٨١/٢)

Marfat.com

گے تو اہل مکہ کے جو اموال آپ کے پاس ہیں آپ کو نہیں ملیں گے۔ انہوں نے کہا: تم مجھے بری بات کا حکم دیتے ہو کہ میں دھوکے سے اپنے دین کو بدل لوں، وہ چلے گئے یہاں تک کہ مکہ آئے، ہر حقدار کو اس کا حق دیا پھر کھڑے ہوئے اور کہا: اے اہل مکہ! میں نے اپنا ذمہ پورا کر دیا؟ انہوں نے کہا: جی ہاں۔ انہوں کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ پھر ہجرت کر کے مدینہ آئے تو رسول اللہ ﷺ نے ان کا اپنی بیٹی سے پہلا نکاح برقرار رکھا۔

یہ حدیث سند کی صحت کے ساتھ شعبی تک مرسل مروی ہے، وہ شاذ ہے۔ اس کی مخالفت اس روایت سے ہوتی ہے جو اس سے زیادہ ثابت ہے۔ ابن اسحاق کے مغازی میں ہے مجھ سے یحییٰ بن عباد بن زبیر نے بحوالہ عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کیا ہے، فرماتی ہیں: جب اہل مکہ نے اپنے قیدیوں کے فدیے بھیجے تو رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی نے ابوالعاص کے فدیے میں اپنا وہ ہار بھیجا جو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے انہیں شادی کے موقع پر دیا تھا۔ جب رسول اللہ ﷺ نے اسے دیکھا تو آپ ﷺ پر شدید رقت طاری ہوگئی۔ اور مسلمانوں سے فرمایا: ''اگر تم چاہو تو ان کے قیدی کو واپس بھیج دو اور ان کا ہار لوٹا دو''۔ [1] انہوں نے ایسا ہی کیا۔

ابن اسحاق نے ان کا قصہ اس سے بھی طویل نقل کیا ہے۔ وہ بدر میں مشرکین کے ساتھ شریک تھے اور قیدیوں میں شامل تھے۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے ان کا فدیہ دیا، رسول اللہ ﷺ نے ان کے لیے شرط رکھی کہ انہیں مدینہ بھیج دیں، انہوں نے ایسا ہی کیا، پھر قریش کے قافلے میں آئے تو مسلمانوں نے انہیں قیدی بنا لیا، اور جو کچھ ان کے پاس تھا لے لیا۔ تو انہیں حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے پناہ دی وہ مکہ لوٹے، لوگوں کی امانتیں واپس کیں پھر مدینہ ہجرت کی اور اسلام لائے۔ نبی کریم ﷺ نے اپنی بیٹی انہیں لوٹا دی۔ دونوں روایتوں کے درمیان جمع کرنا ممکن ہے۔

ابن اسحاق نے ذکر کیا ہے کہ بدر کے دِن انہیں عبداللہ بن جُبیر بن نعمان نے قید کیا، واقدی رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے کہ خراش بن صمہ نے انہیں قیدی بنایا، فرماتے ہیں: ان کے بھائی عمرو بن ربیع ان کا فدیہ لے کر آئے، موسیٰ بن عقبہ نے ذکر کیا کہ دوسری مرتبہ انہیں ابوبصیر ثقفی اور ان کے ساتھی مسلمانوں نے انہیں قید کیا، جب وہ ساحل پر ٹھہرے اور حدیبیہ اور فتح کے درمیان مدت ہدنہ میں قریش کے تاجروں کا راستہ روکتے تھے۔

ابن مقری نے اپنے فوائد میں ابراہیم بن سعد کے طریق سے بحوالہ زہری روایت کیا ہے، فرماتے ہیں: ابوالعاص بن ربیع جنہیں قریش کے قافلے میں ابوجندل بن سہیل اور ابوبصیر بن عتبہ بن اسید کے ساتھ رہنے کا موقع ملا تو وہ انہیں قید کر کے لے آئے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: زینب نے ابوعاص کو مال و متاع کے ساتھ پناہ دی ہے چنانچہ باہر نکلے اور ان کی ہر چیز انہیں واپس کر دی، انہوں نے ابوعاص سے مدینہ جانے کی اجازت چاہی تو اس نے اجازت دے دی تھی۔ پھر وہ شام گئے جب یہ نکلیں تو ہشام بن اسود اور دوسرے لوگوں نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا پیچھا کیا، یہاں تک کہ انہیں گھر واپس لے آئے۔ آپ ﷺ نے انہیں لانے کے لیے مدینہ آدمی بھیجا، مدینہ پہنچ کر ابوعاص ان سے مل گئے جو فتح مکہ سے کچھ عرصہ پہلے کا زمانہ تھا۔ راوی کا بیان ہے پھر وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ یمن گئے جب حضرت علی رضی اللہ عنہ واپس لوٹے تو انہیں یمن میں اپنا نائب مقرر کر آئے۔ پھر جس دِن صدیق

---

[1] ابوداؤد، کتاب الجهاد، باب فی فداء الأسير بالمال (٢٦٩٢) مسند احمد (٢٧٦/٦) مستدرك (٢٣٦/٣) السنن الكبرىٰ (٣٢٢/٦) مختصر تاريخ دمشق (٤٤/٢٩، ٤٥)

Marfat.com

اکبر رضی اللہ عنہ کی بیعت ہوئی تو ابوعاص حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے۔ حاکم کا بیان ہے کہ ابوعاص حدیبیہ سے پانچ ماہ قبل اسلام لا کر مکہ لوٹ گئے، ابن سعد نے یہ اضافہ نقل کیا ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کسی مہم میں شریک نہیں ہوئے۔

بیہقی نے بحوالہ زینب رضی اللہ عنہا قوی سند سے نقل کیا ہے، فرماتی ہیں: میں نے نبی علیہ السلام سے عرض کی کہ ابوعاص اگر قریب ہوں تو چچا زاد ہیں اگر دور ہوں تو بچے کے والد ہیں، اب میں انہیں پناہ دے چکی ہوں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے نکاح کے ساتھ اپنی بیٹی ان کے ساتھ رخصت کر دی۔ لگتا ہے یہ مذکورہ قصے سے ماخوذ ہے۔

ترمذی حدیث ابن عباس میں فرماتے ہیں: اس کی سند میں کوئی حرج نہیں، لیکن اس کی سند معروف نہیں ہے۔ میں نے عبد بن حمید کو بحوالہ یزید بن ہارون فرماتے سنا، انہوں نے یہ دونوں حدیثیں ذکر کیں، فرمایا: سند کے اعتبار سے حدیث ابن عباس بہت عمدہ ہے، لیکن عمل عمرو بن شعیب کی حدیث پر ہے۔

ترمذی، ابن ماجہ بطریق حجاج بن ارطاۃ بحوالہ عمرو بن شعیب، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے اپنے دادا سے نقل کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زینب کو مہر جدید کے ساتھ ابوعاص کے ساتھ رخصت کیا۔ صحیحین میں حدیث مسور بن مخرمہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا، جس میں ابوعاص کے داماد ہونے کی تعریف کی کہ ''اس نے مجھ سے جو کچھ کہا سچ کہا، اور جو وعدہ کیا پورا کیا''۔

واقدی رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے ہمیں ابوعاص کے داماد ہونے پر کوئی عیب نہیں، صحیحین میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے وقت امامہ بنت زینب جو ابوعاص بن ربیع سے تھیں اٹھا لیتے تھے۔ ✿

حاکم نے صحیح سند سے بحوالہ قتادہ نقل کیا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انہی امامہ سے ان کی خالہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی وفات کے بعد شادی کی تھی۔ ابن مندہ کا قول ہے کہ ان سے ابن عباس، عبداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں۔

ابراہیم بن منذر کا قول ہے: ابوعاص بن ربیع کا انتقال خلافت صدیقی میں ذی الحجہ ۱۲ھ میں ہوا۔ یہی تاریخ ابن سعد، ابن اسحاق نے نقل کی ہے۔ انہوں نے زبیر بن عوام کو وصیت کی تھی۔ ابوعبید نے شاذ قول نقل کیا ہے کہ ان کا انتقال ۱۳ھ میں ہوا، اس سے عجیب تر قول ابن مندہ کا ہے کہ جنگ یمامہ میں شہید ہوئے۔

۱۰۱۷۴ ابوعاکیه بن عبید ازدی

بعض کا قول ہے: علیکہ، ان کا ذکر آئے گا۔

۱۰۱۷۵ ابوعالیه مزنی

ان کا نام اور نسب معلوم نہیں، حاکم نے کنیتوں میں ان کا ذکر نہیں کیا۔ طبرانی نے مسند شامیین میں ابومعید کے طریق سے اور ان کا نام غیلان ہے بحوالہ ابوعالیہ مزنی روایت کیا ہے، فرماتے ہیں: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد سخت فتنے ہوں گے، اس میں دیہاتیوں کے مسلمان بہتر لوگ ہیں، جو لوگوں کے خونوں اور مال کا فدیہ نہیں لیں گے''۔

۱۰۱۷۶ ابوعامر أشعری ✿

ابوموسیٰ کے چچا ہیں، ان کا نام عبید بن سلیم بن حضار ہیں۔ ان کا باقی نسب عبداللہ بن قیس میں گزر چکا ہے۔ ابن قتیبہ نے

✿ بخاری (٦٥١٦) مسلم (٥٤٣/٤٣) ابوداؤد (٩١٧) نسائی (٧١٠) ✿ اسد الغابہ (٦٠٣٦) الاستیعاب (٣١٠٣) تجرید (١٨١/٢)

Marfat.com

صحبہ کی طرف ہجرت کرنے والوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔ گویا وہ ابتدائی دور میں آئے اور اسلام لائے، اور ذکر کیا ہے کہ وہ نابینا تھے، پھر دیکھنے لگے۔

صحیحین میں قصہ حُنین میں ان کا ذکر ثابت ہے۔ نبی کریم ﷺ نے انہیں سریہ میں بھیجا، بخاری مسلم [1] میں ابوبُردہ بن ابوموسیٰ اشعری کے طریق سے بحوالہ ان کے والد مروی ہے، فرماتے ہیں: جب نبی کریم ﷺ حنین سے فارغ ہوئے تو ابوعامر کو لشکر کے ساتھ اوطاس بھیجا، تو ان سے دُرید بن صمہ ملے، انہوں نے درید کو قتل کر دیا، پھر حدیث ذکر کی، اس میں ہے: ابوعامر نے ان کے گھٹنوں پر مارا، تو ان کو بنوجُشم کے ایک شخص نے تیر مارا، انہوں نے اشارہ کیا، اور کہا: میرا قاتل کون ہے؟ میں اس کی طرف گیا اور اسے جالیا، جب اس نے مجھے دیکھا تو پیٹھ پھیر لی۔ میں نے کہا: تمہیں حیا نہیں آتی، میں اس تک پہنچا اور اسے قتل کر دیا، پھر میں ابوعامر کی طرف لوٹا اور کہا: اللہ تعالیٰ نے تیرے قاتل کو قتل کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا: اس تیر کو نکالو، میں نے اسے نکالا تو اس سے پانی بھی نکلا، انہوں نے کہا: اے بھتیجے! رسول اللہ ﷺ کے پاس جاؤ اور آپ کو میری طرف سے سلام دو اور آپ سے کہو کہ وہ آپ سے کہتا ہے کہ میرے لیے مغفرت مانگیں..... (الحدیث) اس میں ہے رسول اللہ ﷺ نے پانی منگوایا اور اس سے وضو کیا، پھر اپنے ہاتھ بلند کیے اور فرمایا: ''اے اللہ! عبید ابوعامر کی مغفرت فرما''۔

۱۰۱۷۷ ابوعامر اشعری [2]

یہ دوسرے ہیں، بخاری وغیرہ نے عبدالرحمٰن بن غنم سے حدیث معازف روایت کی، بخاری کی روایت میں ہے: بحوالہ ابوعامر یا ابومالک اشعری، اللہ کی قسم! انہوں نے مجھ سے جھوٹ نہیں بولا، میں نے رسول اللہ ﷺ سے فرماتے ہوئے سنا: ''میری اُمت میں سے کچھ لوگ باریک ریشم یا موٹا ریشم اور موسیقی کے آلات کو حلال کر لیں گے''..... (الحدیث) [3] اسی طرح اس میں شک ہے۔

اسے ابن حبان نے اپنی صحیح میں بخاری کے طریق سے نقل کیا ہے کہ مجھ سے ابوعامر اور ابومالک اشعری نے روایت کیا، وہ دونوں فرماتے ہیں: ہم نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، پھر اسے ذکر کیا، اگر یہ روایت محفوظ ہے تو ابوعامر ابوموسیٰ کے چچا کے علاوہ ہیں گویا وہ عامر کے والد ہیں جن سے ابوعامر نے یہ حدیث روایت کی: ''بہترین قبیلہ اشعری ہے.....''۔ (الحدیث)

اسے ترمذی نے نقل کیا ہے، احمد رحمۃ اللہ علیہ نے ابن ابوحسین کے طریق سے بحوالہ عامر یا ابوعامر یا ابومالک اشعری کہ نبی کریم ﷺ اپنے اصحاب کے ساتھ بیٹھے تھے کہ جبرائیل علیہ السلام دوسری صورت میں تشریف لائے، انہیں مسلمانوں میں سے ایک شخص نے روک لیا..... (الحدیث) اس میں اسلام کے بارے میں سوال ہے۔

ابن مندہ اور ابونعیم نے اس طریق سے نقل کیا ہے، لیکن ان کے ہاں بحوالہ ابوعامر یا صرف ابومالک مروی ہے۔

ابن ماجہ نے دوسرے طریق سے بحوالہ ابومالک اشعری دوسری حدیث روایت کی ہے۔ اس میں ابوعامر کا ذکر نہیں۔

---

[1] مسلم (٦٣٥٦) [2] اسد الغابہ (٦٠٣٨) الاستیعاب (٣١٠٥)

[3] بخاری (٥٥٩٠) ابوداؤد (٦٠٣٩)

Marfat.com

۱۰۱۷۸ ابوعامر اشعری ✿

عامر کے والد ہیں۔ ان سے پہلے والے میں ان کا ذکر ہے۔ ان کے نام میں اختلاف ہے۔ ایک قول ہے: عبداللہ بن ہانی، بخاری نے یقین کیا ہے کہ وہ عبید بن وہب ہے۔ ایک قول ہے: عبداللہ بن عمار یا عبیداللہ، ایک قول ہے: ان کے والد کا نام وہب ہے۔

ترمذی نے ان کی حدیث عبداللہ بن معاذ کے طریق سے بحوالہ والد عامر بن ابوعامر اشعری روایت کی ہے، فرماتے ہیں: غریب ہے۔

اسے بغوی نے اس طریق سے نقل کیا ہے اور خلیفہ بن خیاط نے یمن کے قبائل میں سے شام آنے والے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ خلافت عبدالملک بن مروان میں وفات پائی۔

۱۰۱۷۹ ابوعامر ✿

دوسرے، بے نسبت۔ جبرائیل علیہ السلام کے آنے اور اسلام کے بارے میں پوچھنے کے بارے میں حدیث روایت کی، اور ابوعامر اور ابو مالک کے سوانح میں اس کا ذکر ہے۔

۱۰۱۸۰ ابوعامر اشعری ✿

ابوموسیٰ کے بھائی ہیں، بعض کا قول ہے: ان کا نام ہانی بن قیس یا عبدالرحمٰن یا عباد یا عبید ہے اور اسے ابوعمر نے نقل کیا ہے۔

۱۰۱۸۱ ابوعامر ثقفی ✿

محمد بن حسن شیبانی نے کتاب آثار میں بحوالہ محمد بن قیس نقل کیا ہے کہ ایک آدمی ابوعامر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہر سال شراب کا مٹکا دیتا تھا..... (الحدیث) اسے مستغفری نے ابوجحیفہ کے طریق سے نقل کیا ہے اور ابن سکن کے ہاں دوسرے طریق سے بطریق زید بن ابوانیسہ انہوں نے ثقیف کے ایک شخص سے روایت کیا ہے، جسے ابوعامر کہا جاتا تھا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شراب کا مٹکا تحفہ بھیجا کرتا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اے ابوعامر! یہ تمہارے بعد حرام کر دی گئی''۔ انہوں نے کہا: یا رسول اللہ! اسے بیچ دیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ''جس ذات نے اس کا پینا حرام کیا، اسی نے اس کا بیچنا بھی حرام کیا ہے''۔

اسے طبرانی نے اوسط میں اس طریق سے نقل کیا ہے، لیکن فرماتے ہیں: ثقیف کا ایک شخص کی کنیت ابوتمام ہے۔ ابوموسیٰ نے اس میں لفظی غلطی کی ہے، جیسا کہ آخری حرف میں آئے گا۔

۱۰۱۸۲ ابوعامر سکونی ✿

بغوی نے ان کا ذکر کیا ہے، اور ان کی کوئی حدیث روایت نہیں کی۔ ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور ابن لہیعہ کی روایت

✿ تجرید (۱۸۱/۲) ✿ اسد الغابہ (۶۰۴۲) تجرید (۱۸۲/۲) ✿ اسد الغابہ (۶۰۳۷) تجرید (۱۸۱/۲)
✿ اسد الغابہ (۶۰۴۰) تجرید (۱۸۲/۲) ✿ اسد الغابہ (۶۰۴۴) تجرید (۱۸۲/۲)

Marfat.com

سے بحوالہ عبدالرحمٰن بن غنم روایت کی ہے۔ میں نے ابوعامر سکونی سے سنا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: نیکی کس سے ختم ہوتی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تم پوشیدہ عمل کو علانیہ کرو۔

ابن مندہ کا قول ہے، اسماعیل بن عیاش نے بحوالہ ابوعامر حدیث روایت کی ہے۔ ان کا نسب بیان نہیں کیا، میرے خیال میں وہ یہ ہے۔

۱۰۱۸۳ ابوعامر*

دوسرے ہیں، بے نسبت۔ ابن مندہ نے بطریق عیسیٰ بن عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ بحوالہ ابوعامر ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے مجھے شام کی طرف بھیجا..... پھر حدیث ذکر کی۔ *

اسی طرح اس میں ہے، شاید یہ عامر کے والد ہیں۔

۱۰۱۸۴ ابوعامر*

دوسرے ہیں، بے نسبت۔ مطین نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں: ان سے اہل کوفہ نے روایت کی، طبرانی نے مالک بن مغول کے طریق سے بحوالہ ابوعامر روایت کیا ہے: ان میں کوئی بات ہوگئی تھی تو وہ نبی ﷺ کے پاس آنے سے رُکے رہے، جب آئے تو آپ ﷺ نے پوچھا: ''کس وجہ سے آنا نہ ہوا؟'' عرض کی: مجھے یہ آیت یاد آ گئی تھی ﴿اے ایمان والو! اپنی جانوں کی خیر مناؤ، جب تم ہدایت یافتہ ہو تو گمراہ شخص تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتا﴾۔ * تو نبی علیہ السلام نے فرمایا: ''جب تم ہدایت یافتہ ہو تو کفار میں سے تمہارا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا''۔ *

۱۰۱۸۵ ابوعائشہ

محمد تابعی مشہور کے والد ہیں، دولابی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ان سے کوئی حدیث مروی نہیں۔

۱۰۱۸۶ ابوعبادہ انصاری

ان کا نام سعید بن عثمان ہے۔ اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے، بغوی کا قول ہے: انصار کے قبیلہ معینہ کی طرف ان کی نسبت کا ذکر نہیں۔

۱۰۱۸۷ ابوعباس

عبداللہ بن عباس ہاشمی، معبد بن عباس ان کے بھائی ہیں اور سہل بن سعد ساعدی، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

---

* اسد الغابہ (٦٠٤٥) تجرید (١٨٢/٢) * ترمذی (٣٩٤٧) مسند احمد (١٢٩/٤) جامع المسانید والسنن (٢٥/١٤)
* اسد الغابہ (٦٠٤٣) تجرید (١٨٢/٢) * سورہ مائدہ (١٠٧) مجمع الزوائد (١٩/٧)
* مجمع الزوائد (١٩/٧)

Marfat.com

جن کی کنیت ابوعبداللہ ہے اور نام بھی یہی سمجھا جاتا ہے، اسی سے وہ مشہور ہیں

۱۰۱۸۸ ابوعبداللہ أرقم

بن ابوارقم، اسود بن سریع تمیمی، اور ثوبان مولیٰ رسول اللہ ﷺ اور جابر بن سمرہ سوائی، جبار بن صخر، جد بن قیس، جو دونوں انصاری ہیں، جعفر بن ابوطالب ہاشمی، حذیفہ بن یمان عبسی، حرملہ بن عمرو مدلجی، حسن بن علی بن ابوطالب ہاشمی، زبیر بن عوام اسدی، زیاد بن لبید انصاری، سلمان فارسی، شرحبیل بن حسنہ، طارق بن شہاب، عامر بن ربیعہ، عبید بن خالد، عبید بن مروان، عتبہ بن فرقد، عتبہ بن مسعود ہذلی، عمرو بن عاص سہمی، عمرو بن عوف مزنی، عباس بن ابوربیعہ مخزومی، محمد بن عبداللہ بن جحش، نافع بن حارث ثقفی جو ابوبکر کے بھائی ہیں۔ نعمان بن بشیر انصاری، اسماء میں ان سب کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۱۸۹ ابوعبداللہ اشعری

حدیث انس میں مسند عبد بن حمید میں بحوالہ حمید ان کا ذکر ہے۔ فرماتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہارے پاس ایسے لوگ آئیں گے ان کے دِل بہت نرم ہوں گے، اشعری ہوں گے، ان میں ابوعبداللہ ہوگا، وہ شعر پڑھ رہے ہوں گے اور کہہ رہے ہوں گے: ع

''کل ہم اپنے محبوب سے ملیں گے محمد اور ان کی جماعت سے''۔

احمد بن منیع نے بحوالہ یزید بن ہارون اسی طرح نقل کیا ہے۔ ایک قول ہے: بحوالہ حمیدہ ان میں ابوموسیٰ ہیں۔ واللہ اعلم!

۱۰۱۹۰ ابوعبداللہ خطمی [1]

ملیح بن عبداللہ کے دادا ہیں، بعض نے کہا: ان کا نام حصین ہے۔ جیسا کہ اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔ ملیح نے اپنے والد کے دادا کے حوالے سے روایت کیا ہے۔ مبہمات میں ان کی حدیث کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۱۹۱ ابوعبداللہ اسلمی [2]

ابوخذرد ہیں، والد عبداللہ بن ابوحدرد، حاء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۱۹۲ ابوعبداللہ قینی [3]

ابن مندہ نے بحوالہ ابوسعید بن یونس نقل کیا ہے کہ انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ ان سے ابوعبدالرحمٰن حبلی نے روایت کیا ہے، بعض نے کہا: حبلی کے شیخ کی کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے۔ طبرانی [4] نے ابن لہیعہ کے طریق سے بحوالہ ابوعبدالرحمٰن قینی نقل کیا ہے کہ کچھ چوروں نے ایک شخص سے جس نے سورۂ بقرہ یاد کر رکھی تھی، ایک بکری خریدی جو وہ اپنے ساتھ لائے، انہوں نے ان سے تقاضا کیا تو وہ غائب ہوگئے، پھر کہیں سے ہتھے چڑھے تو انہیں نبی علیہ السلام کے پاس لے آئے۔ آپ نے اس سے فرمایا: چوری کی چیز بیچ دو۔ وہ فرماتے ہیں: میں اسے لے کر باہر نکلا تو اصحاب محمد (ﷺ) نے مجھ سے تین دِن سودا کیا پھر مجھے معلوم ہوا میں نے

---

[1] اسد الغابہ (٦٠٥٠) تجرید (١٨٢/٢) [2] اسد الغابہ (٦٠٤٩) تجرید (١٨٢/٢)

[3] اسد الغابہ (٦٠٥٢) الاستیعاب (٣١٠٨) تجرید (١٨٣/٢) [4] المعجم الکبیر (٢٩١/٢٢)

Marfat.com

اسے چھوڑ دیا، احتمال ہے کہ دونوں ایک ہوں۔

۱۰۱۹۳ ابوعبداللہ مخزومی

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور خالد بن یزید بن ابو مالک کے طریق سے بحوالہ ابوعبداللہ مخزومی نقل کیا ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''اللہ کے راستے میں جو قدم غبار آلود ہوں گے اللہ تعالیٰ ان پر آگ حرام کر دے گا''۔ خالد ضعیف ہیں۔

۱۰۱۹۴ ابوعبداللہ

اصحاب نبی ﷺ میں سے ایک شخص ہیں۔ بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: ان سے یحییٰ بکاء نے روایت کی۔ فرماتے ہیں، ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ان سے لے لو۔

ابن مندہ نے بطریق حماد بن سلمہ بحوالہ یحییٰ بکاء اسی طرح روایت کی ہے، اور یحییٰ بکاء ضعیف راوی ہیں۔

ابن حزم کا قول ہے: طحاوی کا دعویٰ ہے کہ وہ نافع ابوبکرہ کے بھائی ہیں، فرماتے ہیں: اس میں وہم ہوا ہے۔ بلکہ شاید وہ اسود بن سریع یا عتبہ بن غزوان یا عتبہ بن فرقد ہیں۔

میں کہتا ہوں: میرا خیال نہیں کہ انہوں نے یہ بات درست لکھی ہو۔ عتبہ بن غزوان تو وہ بہت پہلے وفات پا گئے۔ انہوں نے یحییٰ بکاء نے بالکل ان کا زمانہ نہیں پایا، اسی طرں اسود بن سریع نے ان کا زمانہ نہیں پایا۔ رہے عتبہ بن فرقد عبسی، ممکن ہے کہ انہوں نے ان کا زمانہ پایا ہو، ان لوگوں میں کہ جابر بن سَمُرہ میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔ اور نعمان بن بشیر، پھر مجھے معجم بغوی میں ملا، ابوعبداللہ بے نسبت پھر عطاء بن سائب کے طریق سے بحوالہ عرفجہ، فرماتے ہیں: ہم عتبہ بن فرقد کے پاس تھے وہ ہم سے رمضان کے بارے میں احادیث بیان کر رہے تھے، جب اصحاب رسول اللہ ﷺ میں سے ایک شخص آیا تو وہ خاموش ہو گئے، انہوں نے کہا: اے ابوعبداللہ! ہم سے رمضان کے بارے میں حدیث بیان کرو۔ انہوں نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا.... پھر حدیث ذکر کی۔ پھر اسے دوسرے طریق سے بحوالہ عرفجہ نقل کیا ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ایک شخص نے بحوالہ عتبہ اسی طرح نقل کیا ہے۔

۱۰۱۹۵ ابوعبداللہ

بے نسبت، بلاذری نے ان کا ذکر کیا ہے۔ انہوں نے اور احمد نے اپنی مسند میں حماد کے طریق سے بحوالہ ابونضرہ نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: اصحاب رسول ﷺ میں سے ایک صحابی بیمار ہوئے ان کے پاس ان کے ساتھی عیادت کرنے کے لیے آئے تو وہ رونے لگے، انہوں نے کہا: اے ابوعبداللہ! تم کس لئے رو رہے ہو؟ کیا رسول اللہ ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ ''تم اپنے کام سے کام رکھنا اور صبر کرنا یہاں تک کہ تم مجھ سے ملاقات کرو''۔ انہوں نے کہا: کیوں نہیں، لیکن میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''اللہ تعالیٰ نے اپنے دائیں ہاتھ میں ایک مٹھی لی اور فرمایا: یہ لوگ جنت کے لیے ہیں، اور مجھے کوئی پرواہ نہیں، اور ایک مٹھی اور لی اور فرمایا: یہ لوگ آگ کے لیے ہیں، اور مجھے کوئی پرواہ نہیں''۔

اسد الغابہ (٦٠٥٣) تجرید ١٨٣/٢ مسند احمد (٢٢٥/٥) اسد الغابہ (٦٠٥٧) تجرید (١٨٣/٢)
مسند احمد (١٧٦/٤) جامع المسانید والسنن (٢٥٢/١٤) اسد الغابہ (٣١/٥) اسد الغابہ (٦٠٥٥) تجرید (١٨٣/٢)
اسد الغابہ (٦٠٥٤) تجرید (١٨٣/٢)

Marfat.com

۱۰۱۹۶ ابوعبداللہ ✿

بے نسبت، دوسرے ہیں۔ حسن بن سفیان نے اپنی مسند میں ان کی حدیث روایت کی، بطریق ولید بن مسلم، بحوالہ ابوعبداللہ، فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''لوگوں کا کیا ہی برا تکیہ کلام ہے کہ لوگ یوں سمجھتے ہیں یا لوگوں نے کہا''۔ اس کی سند صحیح، متصل ہے۔ جو ولید کی تدلیس سے محفوظ ہے۔

ابوداؤد نے سنن میں وکیع کے طریق سے بحوالہ اُوزاعی نقل کیا ہے، اس میں فرماتے ہیں: بحوالہ ابوقلابہ، فرماتے ہیں: ابومسعود نے ابوعبداللہ سے یا ابوعبداللہ نے ابومسعود سے فرمایا، میں نے رسول اللہ ﷺ سے اپنے بارے میں نہیں سنا، ان کا گمان ہے..... (الحدیث) ابوداؤد کا قول ہے: ابوعبداللہ یہ حذیفہ بن یمان میں اسی طرح فرمایا: اس میں تردد ہے، کیونکہ ابوقلابہ نے حذیفہ کو نہیں پایا، ولید کی روایت میں تصریح ہے کہ ابوعبداللہ نے ان سے بیان کیا، ولید کو میں اوزاعی کی حدیث سے جو وکیع سے مروی ہے جانتا ہوں۔

ابن مندہ کا قول ہے: یہ ابوعبداللہ وہی ہیں جن سے ابونصرہ نے روایت کیا۔

میں کہتا ہوں: اس کا احتمال ہے۔

۱۰۱۹۷ ابوعبداللہ ✿ (بے نسبت)

میرا خیال ہے ان لوگوں میں سے ہیں جن کا ذکر گزر چکا ہے، جائز ہے کہ وہ عتبہ بن فرقد ہوں۔ نسائی نے نقل کیا ہے بطریق شعبہ، بحوالہ عرفجہ یعنی ابن عبداللہ ثقفی سے، فرماتے ہیں: میں عتبہ بن فرقد کے گھر میں تھا، میں نے چاہا کہ حدیث بیان کروں اور اصحاب نبی ﷺ مجھ سے حدیث بیان کرنے کے زیادہ حقدار ہیں، پھر ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے حدیث بیان کی اور رمضان کی فضیلت کے بارے میں حدیث نقل کی۔ اسے ثوری نے بحوالہ ایک صحابی نقل کیا ہے۔

اسے محمد بن فضیل نے بحوالہ عطاء اسی طرح نقل کیا ہے، لیکن فرمایا: اصحاب رسول اللہ ﷺ میں سے ایک شخص سے عتبہ بن فرقد نے روایت کی۔

اسے ابن عیینہ نے بحوالہ عتبہ بن فرقد بیان کیا ہے، نسائی کا قول ہے: ابن عیینہ سے حدیث شعبہ صحیح ہونے میں اولیٰ ہے۔

میں کہتا ہوں: ان کے قول کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ ابراہیم بن طہمان انہوں نے بحوالہ عرفجہ روایت کیا ہے، فرماتے ہیں کہ میں عتبہ کے پاس تھا تو ایک صحابی آئے عتبہ نے جب انہیں دیکھا تو روک لیا، عتبہ نے کہا: اے فلاں! ہم سے حدیث بیان کرو پھر اس کا ذکر کیا۔

اسے حارث بن ابواسامہ نے نقل کیا ہے۔

میں کہتا ہوں: اسے حماد بن سلمہ نے بحوالہ عرفجہ روایت کیا ہے۔ فرماتے ہیں: میں عتبہ بن فرقد کے پاس تھا وہ ہم سے رمضان کے بارے میں حدیث بیان کر رہے تھے کہ ایک صحابی آئے تو عتبہ خاموش ہو گئے، پھر فرمایا: اے ابوعبداللہ! ہم سے رمضان کے مہینے کے بارے میں حدیث بیان کیجئے۔ انہوں نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے فرماتے ہوئے سنا: ''رمضان کا مہینہ مبارک مہینہ ہے، اس میں جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں''۔ ✿

✿ ترمذی (٦٨٢) ابن ماجہ (٦٨٢) جامع المسانید والسنن (٢٣٤/١٤) اسد الغابہ (٣٠/٥) ✿ مسند احمد (١٧٦/٤) جامع المسانید والسنن (٢٥٢/٤١) اسد الغابۃ (٣١/٥) ✿ اسد الغابۃ (٦٠٥٥) الاستیعاب (٣١٠٩) تجرید (١٨٣/٢)

Marfat.com

اسے ابن مندہ نے نقل کیا ہے، اس سے پہلے باوردی ہیں۔

۱۰۱۹۸ ابوعبداللہ*

دوسرے ہیں، بے نسبت۔ ان سے ابو مصبح مقریٔ نے اللہ کے راستے میں چلنے کی فضیلت کے بارے میں حدیث بیان کی، اس میں مالک بن عبداللہ خثعمی کا قصہ ہے۔ میں نے مالک کے سوانح میں ذکر کیا ہے کہ وہ جابر بن عبداللہ انصاری ہیں۔

ان لوگوں کا ذکر جن کی کنیت عبدالرحمٰن ہے، جو ان کا نام سمجھا جاتا ہے اور اس سے مشہور ہو گئے

۱۰۱۹۹ ابوعبدالرحمٰن

بلال بن حارث مزنی، بلال بن رباح مؤذن، بشر بن ارطاۃ، ابن ابوارطاۃ عامری، حارث بن ہشام مخزومی، زید بن خالد جھنی، زید بن خطاب عدوی، سائب بن خباب، شرحبیل جعفی، ضحاک بن قیس فہری، عبداللہ بن حنظلہ بن ابوعامر انصاری، عبداللہ بن سائب، عبداللہ بن عامر، عبداللہ بن عتیبہ بن مسعود، عبداللہ بن ابوربیعہ مخزومی، عبداللہ بن عمر، عبداللہ بن عمرو، ایک قول ہے، عبداللہ بن مسعود، عویم بن ساعدہ، مسور بن مخرمہ زہری، معاویہ بن خدیج کندی، معاویہ بن ابوسنان اموی، اسماء میں ان سب کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۲۰۰ ابوعبدالرحمٰن انصاری*

جن سے نبی علیہ السلام نے فرمایا: ''اپنے بیٹے کا نام عبدالرحمٰن رکھو''۔ انہوں نے قاسم نام رکھنے کے بعد عبدالرحمٰن رکھا، صحیحین میں ان کا ذکر ثابت ہے۔

۱۰۲۰۱ ابوعبدالرحمٰن جھنی*

مصر میں آئے، بغوی کا قول ہے: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دو احادیث روایت کیں۔ مصر میں سکونت اختیار کی، ان سے ابوخیر مرثد بن عبداللہ یزنی نے روایت کی۔

میں کہتا ہوں: ان میں سے ایک احمد، ابن ماجہ، طحاوی کے ہاں محمد بن اسحاق کی روایت سے بحوالہ ابوالخیر ان سے مروی ہے۔ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی، فرماتے ہیں: ''میں کل یہود کی طرف جاؤں گا، تم سلام سے ابتدا نہ کرنا''..... (الحدیث)*

* اسد الغابہ (٦٠٥٦) تجرید (١٨٣/٢)
* اسد الغابہ (٦٠٥٩) الاستیعاب (٣١١٠) تجرید (١٨٣/٢)
* اسد الغابہ (٦٠٦٠) الاستیعاب (٣١١٠) تجرید (٨٣/٢)
* مسند ابویعلی (١٣٧٤/٢)

Marfat.com

ابن لہیعہ اور عبدالحمید بن جعفر نے ان کی مخالفت کی ہے۔ انہوں نے بحوالہ ابونضرہ غفاری روایت کی ہے۔ اسے احمد، نسائی اور طحاوی نے ابن لہیعہ کی روایت سے نقل کیا ہے۔ بعض کا قول ہے: بحوالہ محمد بن اسحاق، عبدالحمید بن جعفر کی روایت کی طرح ہے۔ اسے طحاوی نے عبداللہ بن عمرو رقی کی بحوالہ ابن اسحاق روایت کے بغیر نقل کیا ہے۔ ہم نے ضیاء کی مختارہ میں محمد بن سلمہ کے طریق سے بحوالہ ابن اسحاق اسے روایت کیا ہے، اسے معجم طبرانی میں عبدالحمید بن جعفر کی روایت کے پیچھے بحوالہ یزید بن ابوحبیب روایت کیا ہے، ان دونوں میں سے دوسری کو بغوی نے ابن اسحاق کے طریق سے اسی طرح اس سند میں دو مذحجی سواروں کے واقعہ کے بارے میں جنہوں نے رسول اللہ ﷺ سے بیعت کی، نقل کیا ہے۔

بخاری، ترمذی، بغوی، طبرانی، دولابی، عسکری، ابن یونس باوردی وغیرہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔

ابن سعد ✿ نے خندق میں حاضر ہونے والوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابوفتح ازدی نے تنہا ان کا ذکر کیا ہے، انہوں نے بیان کیا کہ ان کا نام زید ہے۔ میں نے حافظ عماد الدین بن کثیر کے خط میں پڑھا ہے کہ انہوں نے کہا: وہ مشہور صحابی عقبہ بن عامر ہیں۔

۱۰۲۰۲ ابوعبدالرحمٰن خطمی ✿

بخاری اور طبرانی وغیرہ نے صحابہ میں ان کا ذکر کیا ہے۔ بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے بحوالہ موسیٰ بن عبدالرحمٰن خطمی نقل کیا ہے کہ انہوں نے محمد بن کعب قرظی سے عبدالرحمٰن کے بارے میں سوال کیا، تم نے اپنے والد سے کیا سنا، میں نے کہا کہ میں نے اپنے والد سے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''شطرنج سے کھیلنے والا اس شخص جیسا ہے جو خون میں لت پت ہو''۔

اسے طبرانی نے حاتم بن اسماعیل کے طریق سے بحوالہ جُعید نقل کیا ہے۔ اس کے الفاظ ہیں: وہ اپنے والد عبدالرحمٰن سے پوچھتے ہیں، میں نے اپنے والد کو فرماتے ہوئے سنا: ''جس نے جوا کھیلا پھر کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگا تو اس کی مثال اس شخص جیسی ہے جو پیپ اور خنزیر کے خون سے وضو کرے، کیا ہم کہیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی نماز قبول کر لی ہے''۔ ✿ ابونعیم کا قول ہے، اسے ان کے علاوہ نے روایت کیا ہے۔ اس میں ان کے والد کا ذکر نہیں کیا۔

۱۰۲۰۳ ابوعبدالرحمٰن فہری ✿

ان کے نام میں اختلاف ہے۔ یزید بن انیس یا کرز بن ثعلبہ یا عبید یا حارث، ابن یونس نے مصر کی فتح میں حاضر ہونے والوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابوداؤد، بغوی نے ان کی حدیث نقل کی ہے۔ ہمیں عالی سند سے مسند دارمی میں یہ ملی ہے۔ بطریق یعلی بن عطاء بحوالہ ابوہمام عبداللہ بن یسار، ان سے روایت ہے کہ وہ حنین میں حاضر تھے۔

ابوعمر کا قول ہے: یہ وہی ہیں جنہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے رسول اللہ ﷺ کا کعبہ میں مقام پوچھا۔

✿ طبقات الکبریٰ (۷۰/٤) ✿ اسد الغابہ (٦٠٦٢) تجرید (۱۸۳/۲)

✿ مسند احمد (۳۷۰/٥) المعجم الکبیر (۷٤۸/۲۲) مجمع الزوائد (۱۱۳/۸) جامع المسانید (۲٦۲/۱٤)

✿ اسد الغابۃ (٦٠٦٤) الاستیعاب (۳۱۱۳) تجرید اسماء الصحابۃ (۱۸۳/۲)

Marfat.com

میں کہتا ہوں: ابن مندہ نے ان دونوں کے درمیان فرق کیا ہے۔ یہ وہی ہیں کہ اس کا راجح ہونا ظاہر ہے، کئی راویوں نے صراحت کی ہے کہ عبداللہ بن یسار بحوالہ ابوعبدالرحمٰن فہری روایت کرنے میں تنہا ہے، گویا ابوعمر نے جب فہری اور قرشی کو ایک نسبت کو دیکھا تو انہوں نے گمان کیا کہ وہ دونوں ایک ہیں۔

۱۰۲۰۴ ابوعبدالرحمٰن قرشی*

محمد بن عبدالرحمٰن بن سائب کے چچا ہیں، ابن مندہ کا قول ہے: صحابہ میں ان کا ذکر ہے اور وہ ثابت نہیں، محمد بن عبدالرحمٰن بن سائب نے بحوالہ ابوعبدالرحمٰن قرشی نقل کیا ہے کہ ابن عباس نے ان سے اس جگہ کا پوچھا، جہاں نبی کریم ﷺ نماز کے لیے آئے تھے* یعنی کعبہ میں، فرماتے ہیں: ہاں! باب بنوشیبہ کے قریب، کعبہ کی جانب تیسرے ٹکڑے کے پاس، اس میں نماز کے لیے کھڑے ہوئے، انہوں نے ان سے پوچھا: کیا آپ نے انہیں کھڑا کیا تھا، انہوں نے کہا: جی ہاں! میں نے انہیں کھڑا کیا تھا۔

۱۰۲۰۵ ابوعبدالرحمٰن قینی*

ابوعبداللہ کی کنیتوں میں ان کا ذکر گزر چکا ہے، بعض کا قول ہے: وہ اس کے علاوہ ہے۔ ابن کلبی نے ذکر کیا ہے کہ انہیں ذوالشوکہ کہا جاتا ہے۔ کیونکہ ان کے پاس ایک کانٹا تھا جب وہ لڑائی کرتے تو اسے جدا نہ کرتے، فرماتے ہیں: بڑے ڈیل ڈول والے تھے، شام کی فتوح میں شریک تھے، اجنادین کے دن ابوعبیدہ کے ساتھ لڑائی میں شریک ہوئے، اور آٹھ رومیوں کو قتل کیا، جنہیں ابوعبیدہ نے بلند آواز سے پڑھا: ع

''میں قضاعہ کے مضبوط آدمی کی طرح اللہ کی اطاعت کروں گا جو کیا ہی اچھی فرمانبرداری ہے''۔

خلیفہ وغیرہ نے ذکر کیا ہے کہ معاویہ نے روم کے جہاد میں انہیں امیر بنایا تھا، انہوں نے انطاکیہ میں جہاد کیا، ۴۵ھ سے ۴۸ھ تک۔

۱۰۲۰۶ ابوعبدالرحمٰن مخزومی*

ان کا طبرانی نے ذکر کیا ہے، اور عثمان بن عبدالرحمٰن کی روایت سے بحوالہ ان کے والد، انہوں نے اپنے دادا سے روایت کیا ہے کہ سعید نے رسول اللہ ﷺ سے وصیت کے بارے میں پوچھا، آپ نے فرمایا: ''چوتھائی''۔* میرا خیال ہے وہ سعید بن ربوع ہے۔ کیونکہ ابوداؤد نے زید بن حباب کے طریق سے بحوالہ جد والد عمرو بن عثمان بن سعید مخزومی نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کے دِن فرمایا: ''چار افراد کو میں حِلّ وحرم میں پناہ نہیں دوں گا''.....۔ (حدیث)

۱۰۲۰۷ ابوعبدالرحمٰن المذحجی*

عیاض بن عبدالرحمٰن مذحجی نے بحوالہ اپنے والد، انہوں نے اپنے دادا سے ان کی حدیث نقل کی ہے۔ یہ ابن مندہ کا قول ہے۔

---

* اسد الغابہ (٦٠٦٥) تجرید (١٨٤/٢) * اسد الغابہ (٣٤/٥)
* اسد الغابہ (٦٠٦٦) تجرید (١٨٤/٢) * اسد الغابہ (٦٠٦٧) تجرید (١٨٤/٢)
* المعجم الکبیر (٧٤٧/٢٢) مجمع الزوائد (٢١٣/٤) جامع المسانید والسنن (٤٦٨/١٤)
* اسد الغابہ (٦٠٦٨) تجرید (١٨٤/٢)

Marfat.com

۱۰۲۰۸ ابوعبدالرحمٰن نخعی ان کا ذکر ہے، اسی طرح تجرید میں ہے۔

۱۰۲۰۹ ابوعبدالرحمٰن

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو گود لینے والے تھے، دولابی، مطین، ابن سکن نے ان کا ذکر کیا ہے اور علی بن ہاشم کے طریق سے بحوالہ ابوعبدالرحمٰن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو گود لینے والے تھے سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ہم نے اس سے کہا: آپ ہم سے فضائل علی بن ابوطالب بیان کیوں نہیں کرتے؟ انہوں نے کہا: اس کا احاطہ کرنا مشکل ہے۔ ہم نے کہا: اس میں سے کچھ بیان کیجئے۔ آپ نے فرمایا: میں ایسا کروں گا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آنے کی اجازت طلب کی، میں اس وقت گھر میں تھا، میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: ''قیامت کے دِن سب سے پہلے تم اپنے سر سے مٹی جھاڑتے ہوئے اٹھو گے''۔

میں کہتا ہوں: عباد، غالی رافضی ہے۔ اور علی بن ہاشم شیعہ ہے۔ اسے مطین اور دولابی نے علی بن ہاشم کے طریق سے بحوالہ ابوعبدالرحمٰن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو گود لینے والے، روایت کیا ہے، فرماتے ہیں: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا، آپ پر چادر تھی، اس کا کچھ حصہ علی پر اور کچھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تھا، ایک روایت میں الفاظ ہیں: ''اس کا نصف آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور نصف حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تھا''۔ ❁

۱۰۲۱۰ ابوعبدالعزیز ❁

ابن ابوعاصم نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق بقیہ بن عبدالغفور انصاری، انہوں نے والد عبدالعزیز سے نقل کیا ہے، انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے، انہوں نے ایک حدیث ذکر کی، سعید نامی لوگوں میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

طبری نے تفسیر سورۂ اعراف میں بحوالہ والد عبدالعزیز شامی نقل کیا ہے۔ انہیں شرفِ صحابیت حاصل تھا۔ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس نے اپنے عمل صالح پر اللہ کی حمد وثنا نہیں کی، اور اپنے نفس کی تعریف کی تو اس کا شکر کم ہوگا اور اس کا عمل ضائع ہو جائے گا، جس نے یہ گمان کیا کہ اللہ تعالیٰ نے بندوں کو اختیار دے رکھا ہے تو اس نے انبیاء پر نازل ہونے والی چیزوں کا انکار کیا: ﴿خبردار! اسی کے لیے پیدا کرنا اور اس کا حکم چلتا ہے﴾۔ ❁ ❁

۱۰۲۱۱ ابوعبدالملک

قیس بن سعد بن عبادہ انصاری خزرجی ہیں، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۲۱۲ ابوعبدالملک

حکم بن ابوعاص ثقفی، عثمان کے بھائی ہیں، ان کا ذکر بھی گزر چکا ہے۔

❁ تجرید (۱۸٤/۲) ❁ اسد الغابہ (٦٠٦١) تجرید (۱۸۳/۲)

❁ طبرانی (۲۹۲/۲۲) الآحاد والمثانی (۱۰۱/٥) جامع المسانید والسنن (۲٦۱/۱٤)

❁ اسد الغابہ (٦٠٦٩) تجرید (۱۸٤/۲) ❁ سورۃ اعراف آیۃ (٥٤)

❁ الآحاد والمثانی (۲۲۷/٥) جامع المسانید والسنن (۲٦۹/۱٤) کنز العمال (۷٦۷۷) اسد الغابہ (۳٦/٥)

Marfat.com

۱۰۲۱۳ ابوعبد یسوع

بیہقی کے دلائل میں یونس بن بکیر کی زیادات میں مغازی ابن اسحاق میں ان کی حدیث ہے، مبہمات میں ان کا ذکر آئے گا۔

۱۰۲۱۴ ابوعبس بن جبر*

بن عمرو بن زید بن جشم بن مجدعہ بن حارثہ بن حارث بن خزرج بن عمرو بن مالک بن اوس انصاری اوسی، بعض کا قول ہے: جاہلیت میں ان کا نام عبدالعزیٰ یا معبد تھا، نبی کریم ﷺ نے ان کا نام عبدالرحمٰن رکھا، ابن کلبی کا قول ہے: کعب بن اشرف کو قتل کرنے والوں میں سے ہیں، ابن مندہ نے اپنی مسند سے جسے وہ محمد بن طلحہ تیمی تک لے گئے ہیں نقل کیا ہے، بحوالہ عبدالمجید بن ابوعبس بن محمد بن ابوعمس بن جبر، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے اپنے دادا سے روایت کیا ہے۔ فرماتے ہیں: کعب بن اشرف شعر کہتا اور لوگوں کو آپ ﷺ کی مدد سے باز رکھتا تھا۔ پھر ان کے قتل کے قصہ میں حدیث کا ذکر کیا۔

موسیٰ بن عقبہ وغیرہ نے بدر میں حاضر ہونے والوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔ بعض کا قول ہے: ان کی عمر اس وقت اڑتالیس (۴۸) سال تھی، وہ اور ان کے والد بردہ دونوں نے بنوحارثہ کے بت توڑے تھے، جب وہ اسلام لائے۔

زبیر بن بکار نے موفقیات میں فرمایا: مجھ سے محمد بن ضحاک نے بحوالہ اپنے والد فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے ابوعبس بن جبر کو ان کی بینائی جانے کے بعد عصا دیا اور فرمایا: ''اس سے روشنی حاصل کرو''۔ تو ان کے سامنے روشنی ہوتی تھی۔ *

مدائنی کا قول ہے: ۳۴ھ میں ستر (۷۰) سال کی عمر میں وفات پائی، ان پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے نماز جنازہ پڑھی۔

بخاری میں عبایہ بن رفاعہ کے طریق سے ان سے مروی حدیث ہے، جو اللہ کے راستے میں چلنے کے بارے میں ہے۔

کنیتوں میں بطریق ابن ابوذئب بحوالہ صالح مولیٰ توأمہ ذکر کیا ہے کہ عثمان نے ابوعبس کی عیادت کی جو بدری صحابی تھے۔

ان سے اسی طرح ان کے بیٹے زید اور پوتے ابوعبس بن محمد بن ابوعبس نے روایت کی۔

ابن سعد* کا قول ہے: رسول اللہ ﷺ نے ان کے درمیان اور خنیس بن حذافہ کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا ہے۔

۱۰۲۱۶ ابوعبس بن عامر*

بن عدی بن سواد بن عدی بن غنم بن کعب بن سلمہ انصاری سلمی ہیں، ابن کلبی نے ذکر کیا ہے کہ وہ بدر میں شہید ہوئے۔

۱۰۲۱۷ ابوعبیداللہ*

حرب بن عبیداللہ کے دادا ہیں، ابوعمر کا قول ہے: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے، ان کی کوئی حدیث مجھے یاد نہیں۔

میں کہتا ہوں: ابوداؤد نے کتاب الخراج میں بطریق عطاء بن سائب بحوالہ حرب بن عبیداللہ ثقفی، انہوں نے اپنے دادا

---

* اسد الغابہ (۶۰۷۰) تجرید (۱۸۴/۲) * بیاض فی الأصل نحو کلمتین
* طبقات الکبریٰ (۲۳/۳) * اسد الغابہ (۶۰۷۱) تجرید (۱۸۴/۲)
* اسد الغابہ (۶۰۷۲) تجرید (۱۸۴/۲)

Marfat.com

سے نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا، اور اسلام قبول کیا۔ آپ ﷺ نے مجھے اسلام سکھایا اور مجھے بتایا کہ میں زکوٰۃ کیسے لوں؟.... (الحدیث) عطاء بن سائب پر اختلاف کا ذکر کیا۔ عبدالسلام بن حرب کی ان سے روایت میں ہے، بحوالہ حرب بن عبیداللہ انہوں نے اپنے دادا سے روایت کیا ہے، اور ان کا نام نہیں لیا۔

بطریق ابواحوص انہوں نے حرب سے، انہوں نے اپنے دادا ابوأمہ سے اور بطریق ثوری، انہوں نے عطاء سے بحوالہ حرب، مرسل روایت کیا ہے، ایک روایت میں ان سے مروی ہے بحوالہ بکر بن وائل کے ایک شخص اس نے اپنے ماموں سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: میں نے کہا: یا رسول اللہ! میں اپنی قوم سے زکوٰۃ لوں؟ اس میں دوسرا اختلاف ہے۔ بعض کا قول ہے: ان کے دادا کا نام حرب بن عبیداللہ ہے۔

۱۰۲۱۸ ابوعبید (بے نسبت)

ان سے خالد بن معدان نے روایت کی ہے، قسم رابع میں ان کا ذکر آئے گا۔

۱۰۲۱۹ ابوعبید بن مسعود*

بن عمرو بن عمیر بن عوف..... ثقفی، جو گھوڑے کی لڑائی میں مسلمانوں کی جماعت میں شہید ہوئے، یہ منبر والے ہیں، بعض نے کہا: ابوعبید یوم جسر میں شہید ہوئے، مختار بن ابوعبید کے والد ہیں جو ۱۳ھ میں عبداللہ بن زبیر کی خلافت میں کوفہ پر غالب آیا تھا۔

ابوبکر بن ابوشیبہ نے اپنی مصنف میں فرمایا ہم سے ابواسامہ نے بحوالہ قیس بن ابوحازم فرمایا: ابوعبید بن مسعود ثقفی نے فرات کو نہروان تک عبور کیا، لوگوں نے اس کے پیچھے پل کو کاٹ دیا، جس سے وہ اور اس کے ساتھی قتل کئے گئے۔

بلاذری کا قول ہے، بعض نے کہا: ایک ہاتھی نے ابوعبید پر پاؤں رکھ دیا۔ جس سے وہ فوت ہوگئے تو ان کے بھائی حکم نے جھنڈا لے لیا، وہ شہید ہوئے تو جبر بن ابوعبید نے لیا وہ بھی شہید ہوگئے۔

۱۰۲۲۰ ابوعبید زرقی*

بعض نے کہا: عبیداللہ، ان کے صحابی ہونے میں اختلاف ہے۔

بغوی نے ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق ابن قاری نقل کیا ہے کہ مجھ سے ابن ابوعبید زرقی نے نقل کیا ہے کہ وہ اپنے والد کے ساتھ نکلے، جب رات ہوئی تو راستے میں ایک شخص سفر کر رہا تھا، فرماتے ہیں: ہم نے اس کے پاس رات گزاری جب صبح ہوئی تو کہا: تمہیں کیا ہوا اکیلے سفر کر رہے ہو؟ کیا تم نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے نہیں سنا؟ اس نے کہا: میں مسافر نہیں، میں اس پانی سے اس تک آیا ہوں۔ انہوں نے کہا: تم کون ہو؟ انہوں نے کہا: انصاری۔ کہنے لگے: خوشخبری ہو۔ انہوں نے کہا: میں ان میں سے نہیں بلکہ ان کے موالی میں سے ہوں۔ انہوں نے کہا: تو تم ان میں سے ہو..... پھر طویل حدیث ذکر کی۔ اس میں آپ ﷺ کا قول ہے: ''اے اللہ! انصار کی مغفرت فرما''۔ اس میں یہ قول بھی ہے: ''ہمارے حلیف ہم میں سے ہیں اور ہمارے موالی ہم میں

---

* اسد الغابہ (٦٠٧٦) الاستیعاب (٣١١٧) تجرید (٨٥/٢) * اسد الغابہ (٦٠٧٥) تجرید (١٨٥/٢)

Marfat.com

سے ہیں''۔ابن مندہ نے اسے مختصر نقل کیا ہے، ابوداؤد نے انصار کے فضائل میں ابن ابوعبید زرقی کے طریق سے بحوالہ ان کے والد نقل کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اے اللہ! انصار کی مغفرت فرما''....حدیث مختصر ہے۔

۱۰۲۲۱ ابوعبید*

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مولیٰ ہیں، حاکم ابواحمد نے ان لوگوں میں ان کا ذکر کیا ہے جن کا نام معلوم نہیں، ترمذی نے شمائل میں اور دارمی نے شہر بن حوشب کے طریق سے ان کے حوالے سے حدیث نقل کی ہے۔فرماتے ہیں: میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہانڈی پکائی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دست کا گوشت پسند تھا.....۔ (الحدیث)*

اس کے رجال سوائے شہر بن حوشب کے صحیح ہیں، بغوی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے، مجھ سے عباس نے بحوالہ یحییٰ بن معین نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ابوعبید جن سے شہر نے روایت کیا ہے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ہیں۔

۱۰۲۲۲ ابوعبید*

رفاعہ بن رافع کے مولی ہیں، دولابی، طبرانی نے ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق عبداللہ بن معقل، بحوالہ ابوعبید مولیٰ رفاعہ نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''وہ شخص ملعون ہے جس نے اللہ کے لیے سوال کیا، وہ شخص ملعون ہے جس سے اللہ کے لیے سوال کیا گیا تو اس نے نہ دیا''۔*

۱۰۲۲۳ ابوعبیدہ

بعض کا قول ہے: ابومحجن ثقفی کی کنیت ہے، ان کا نام ابومحجن ہے جو کنیت کی طرح رکھا گیا۔

۱۰۲۲۴ ابوعبیدہ بن جراح فہری

اس اُمت کے امین ہیں، سبقت لے جانے والے عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔ان کا نام عامر بن عبداللہ بن جراح ہے۔ اپنی کنیت سے مشہور ہوگئے۔اپنے دادا کی طرف نسبت ہے، ان کا ذکر پہلے گزر چکا ہے۔

۱۰۲۲۵ ابوعبیدہ بن عمرو*

بن محصن بن عتیک بن عمرو بن مبذول بن ....انصاری۔ابوعمر نے مختصراً ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: بئر معونہ میں شہید ہوئے۔

۱۰۲۲۶ ابوعبیدہ بن عمارہ*

بن ولید بن مغیرہ مخزومی، اجنادین میں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے ساتھ شریک تھے، ان کی والدہ فاطمہ بنت ولید بن

---

* اسد الغابہ (٦٠٧٣) الاستیعاب (٣١١٦) تجرید (٦٤/٢)
* مسند احمد (٤٨٤/٤) (٤٨٥/٤) * اسد الغابہ (٦٠٧٤) تجرید (١٨٤/٢)
* المعجم الکبیر (٩٤٣/٢٢) مجمع الزوائد (١٠٣/٣) جامع المسانید والسنن (٢٨٥/١٤) کنز العمال (١٦٧٢٥)
* اسد الغابہ (٦٠٨٠) تجرید (١٨٥/٢) * اسد الغابہ (٦٠٧٨) الاستیعاب (٣١١٥) تجرید (١٨٥/٢)

Marfat.com

مغیرہ ہے، زبیر بن بکار نے ان کا ذکر کیا ہے، میں نے ان کے بھائی ولید بن عمارہ کے سوانح میں عمارہ کی والدہ کا قصہ ذکر کیا۔

۱۰۲۲۷ ابوعبیدہ

ابوراشد ازدی کے مولیٰ ہیں، عبدالقیوم میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔ ابن سکن، باوردی، حاکم نے ان کی کنیت ابوعبید رکھی ہے۔

۱۰۲۲۸ ابوعبیدہ دیلی *

ابوعمر نے ان کا ذکر کیا ہے، بعض کا قول ہے: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے، مجھے ان کی کوئی روایت معلوم نہیں، ابن ابو عاصم نے وحدان میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابن مندہ نے مسافع میں ان کا ذکر کیا ہے، وہاں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۲۲۹ ابوعتاب اشجعی *

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے، فرمایا: ابو مالک اشجعی نے بحوالہ عبدالرحمٰن بن نوفل، انہوں نے عتاب اشجعی سے، انہوں نے اپنے والد سے نقل کیا ہے ﴿قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ﴾ * کی قراءت کے بارے میں جبکہ سونے کا وقت ہو۔

ابونعیم کا قول ہے، اس میں صحیح ابواسحاق کی روایت بحوالہ فروہ بن نوفل، انہوں نے اپنے والد سے نقل کیا ہے، ابن اثیر * کا قول ہے: لیکن ابن مندہ کے پاس معذور ہیں، کیونکہ اگر وہ ان کا تذکرہ چھوڑتا تو لوگ اپنے استدراک میں اس کا ذکر کرتے، اگرچہ ان سے روایت کرنے میں بعض راوی شاذ ہیں۔

میں کہتا ہوں: وہ ایسا ہی ہے، احتمال ہے کہ حدیث کی دو سندیں دو صحابہ رضی اللہ عنہم سے ہوں۔

۱۰۲۳۰ ابوعثمان انصاری *

ابن سکن اور طبرانی نے بطریق ابن ابوزناد بحوالہ ابوعثمان انصاری نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دروازہ کھٹکھٹایا اور میں اپنی بیوی کے پاس تھا..... (الحدیث) * اس میں ہے: ”پانی سے پانی واجب ہے“۔ بعض نے کہا: بحوالہ عتبان بن مالک وہ مشہور ہے۔ اس میں تعدد کا احتمال ہے۔

۱۰۲۳۱ ابوعثمان حجبی

وہ شیبہ بن عثمان ہیں، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۲۳۲ ابوعثمان بکالی

ان کا نام عمرو بن عبداللہ ہے جیسا کہ گزر چکا ہے۔

---

* اسد الغابہ (۶۰۷۸) الاستیعاب (۳۱۱۵) تجرید (۱۸۵/۲)
* اسد الغابہ (۶۰۸۲) تجرید (۱۸۵/۲) * سورۃ الکافرون الآیۃ (۱)
* اسد الغابہ (۳۹/۵) * اسد الغابہ (۶۰۸۷) تجرید (۱۸۵/۲)
* طبرانی (۹۲۹/۱۲) جامع المسانید والسنن (۲۸۸/۱۴) اسد الغابہ (۴۰/۵)

Marfat.com

۱۰۲۳۳ ابوعدیسہ

بغوی نے ان کا ذکر کیا ہے، اوران سے کوئی حدیث روایت نہیں کی۔

۱۰۲۳۴ ابوعدی

ان کا نام طلب بن عمیر بن وہب ہے۔ بدری ہیں اسماء میں گزر چکے ہیں۔

۱۰۲۳۵ ابوعذرہ

قسم ثالث میں ان کا ذکر آئے گا۔

۱۰۲۳۶ ابوعرس*

ابوعمر کا قول ہے: انہوں نے نبی کریم ﷺ سے روایت کی: ''جس کی دو بیٹیاں ہوں انہیں کھلائے....''۔ (الحدیث)*

فرماتے ہیں: یہ ضعیف مجہول طریق سے مروی ہے، اسی طرح اسے مختصر ذکر کیا ہے، حاکم نے بطریق اسحاق بن ادریس بحوالہ ابوعرس نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس کی دو بیٹیاں ہوں انہیں اپنی وسعت کے مطابق کھلائے پلائے اور پہنائے، اوران پر صبر کرے تو اس کے لیے آگ سے حجاب ہو جائیں گی جس کی تین بیٹیاں ہوں وہ ان پر صبر کرے''۔*

پھر اسی طرح ذکر کیا، اور یہ اضافہ کیا: ''اس پر صدقہ اور جہاد نہیں''۔

۱۰۲۳۷ ابوعریان محاربی*

بغوی اور طبرانی وغیرہ نے ان کی حدیث نقل کی ہے بطریق خلدہ خالد بن دینار بحوالہ محمد بن سیرین کہ ان سے نماز میں سہو کے بارے میں سوال کیا گیا، انہوں نے کہا: مجھ سے ابوعریان نے حدیث بیان کی کہ اللہ کے نبی ﷺ نے ایک دِن نماز پڑھی اور گھر میں چلے گئے، لوگوں میں ایک لمبے ہاتھوں والا شخص تھا....۔ (الحدیث)*

ابوعمر نے ان کا ذکر کیا ہے، ان سے محمد بن سیرین نے ذوالیدین کے قصے میں حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی طرح روایت کی ہے۔ بعض کا قول ہے: وہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہیں، اور ابوعریان ابوخلدہ کی غلط شکل ہے، بعض نے کہا: وہ ابوعریان ہیثم بن اسود نخعی ہیں۔ پھر ابوعریان نخعی کی احادیث میں سے نقل کیا، وہ خطا ہے۔ کیونکہ ابوعریان نخعی صحابی نہیں۔ اور نہ ہی ان کا نبوت کا زمانہ پانا ثابت ہے، جیسا کہ ان کے سوانح میں گزر چکا ہے۔

۱۰۲۳۸ ابوعریب ملیکی

عریب میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

---

* اسد الغابہ (۶۰۸۹) تجرید (۱۸۶/۲) * جامع المسانید والسنن (۲۸۹/۱۴) اسد الغابہ (۴۱/۵)
* کنز العمال (۴۵۳۹۰) * اسد الغابہ (۶۰۹۱) الاستیعاب (۳۱۲۷) تجرید (۱۸۶/۲)
* طبرانی (۹۳۰/۲۲) جامع المسانید والسنن (۲۹۰/۱۴) مجمع الزوائد (۱۵۲/۲) اسد الغابہ (۴۱/۵)

Marfat.com

۱۰۲۳۹ ابوعریض [1]

ابوعمر کا قول ہے: ابوحاتم رازی نے بحوالہ ابوعریض ان کا ذکر کیا ہے۔ وہ اہل خیبر میں سے رسول اللہ ﷺ کے رہنما (گائیڈ) تھے۔ فرماتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ نے عطا کیا.... پھر منکر حدیث نقل کی۔ [2]

اس حدیث کو حاکم نے کنیتوں میں بحوالہ ابوحاتم نقل کیا ہے، اور اس کا تعاقب کیا ہے۔ فرماتے ہیں، میں نے کہا: یا رسول اللہ! مجھے خوف ہے کہ جو آپ کہہ رہے ہیں مجھے نہ دیا جائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''کیوں نہیں! عنقریب تمہیں یہ دیا جائے گا''۔ میں نے کہا: یا رسول اللہ! مجھے یہ کون دے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ابوبکر'' میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اور انہیں اس کی خبر تھی، انہوں نے فرمایا: ان کی طرف جاؤ اور انہیں کہو ابوبکر کے بعد مجھے یہ کون دے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''عمر''۔ انہوں نے پوچھا: عمر کے بعد کون دے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''عثمان'' جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ دیکھا تو خاموش ہو گئے۔

اس کا طریق ضعیف ہے کہ محمد بن جابر حنفی اور ان سے روایت کرنے والے ضعیف ہیں۔ لیکن اسے یعقوب بن عبدالرحمٰن حنفی نے بحوالہ محمد بن جابر اسے روایت کیا ہے۔ اسے ابوموسیٰ نے عبداللہ بن موسیٰ بن اسحاق ہاشمی کے طریق سے بحوالہ یعقوب نقل کیا ہے، اس کے الفاظ یہ ہیں: میرے رسول اللہ ﷺ پر قرض تھا، میں آپ ﷺ کے پاس آیا اور قرض کا تقاضا کیا، آپ ﷺ نے مجھے عطا فرمایا: پھر بھی باقی بچ گیا، میں نے کہا: یا رسول اللہ! آپ کی کیا رائے ہے، اگر میں آپ کو نہ پاؤں تو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تو ابوبکر کے پاس آؤ''۔ مجھ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ ملے، انہوں نے کہا: واپس جاؤ اور پوچھو، اگر ابوبکر بھی نہ ملیں تو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تو عمر کے پاس آؤ''۔ مجھے حضرت علی رضی اللہ عنہ ملے، انہوں نے کہا: آپ ﷺ سے پوچھو اگر عمر بھی نہ ملیں تو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''عثمان کے پاس آؤ''۔

۱۰۲۴۰ ابو عزہ ھذلی [3]

ان کا نام یسار ابن عبد ہے، بعض کا قول ہے: ابن عبداللہ یا ابن عمرو، حاکم نے تین قول بیان کئے ہیں، پہلا قول اکثر ہے اسی پر بخاری نے اعتماد کیا ہے، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے جنہوں نے کہا: ابن عمرو، ابواحمد عسکری نے نقل کیا ہے کہ وہ عبداللہ اضافت کے ساتھ ہے، حاکم نے بحوالہ ابونعیم فضل بن دُکین اسے نقل کیا ہے۔ بعض کا قول ہے: وہ مطر بن عکامس ہیں، کیونکہ ابوعزہ اور مطر کی حدیث ایک ہے، ایسا نہیں ہے۔ کیونکہ حدیث ابوعزہ کے بعض طرق میں ان کا نام یسار ہے۔ جیسا کہ اسماء میں گزر چکا ہے۔

ترمذی رحمۃ اللہ علیہ [4] نے ان کی حدیث نقل کی ہے اور اپنے جامع میں بطریق ایوب بحوالہ ابوعزہ ان کا نام لیا ہے اور مرفوع حدیث نقل کی ہے: ''جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کے لیے کسی زمین میں مرنے کا ارادہ کرتا ہے، تو اس کی طرف کوئی حاجت پیدا کر دیتا ہے''۔ ترمذی کا قول ہے: انہیں شرفِ صحابیت حاصل نہیں، ان کا نام یسار بن عبد ہے۔

---

[1] اسد الغابہ (٦٠٩٢) تجرید (١٨٦/٢) [2] جامع المسانید والسنن (٢٩١/١٤) اسد الغابہ (٤٢/٥)

[3] اسد الغابہ (٦٠٩٣) الاستیعاب (٣١٢٩) تجرید (١٨٦/٢) [4] ترمذی (٢١٤٧)

Marfat.com

حاکم نے بطریق عبداللہ بن ابوحمید بحوالہ ابوعزہ رضی اللہ عنہ مرفوع حدیث نقل کی ہے: ''پانچ چیزیں اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا''۔

۱۰۲۴۱ ابوعزیز بن عبدالرحمٰن *

ان کا نام ابیض ہے، اسماء میں گزر چکے ہیں۔

۱۰۲۴۲ ابوعزیز بن جندب *

بن نعمان، ابوعمر کا قول ہے: صحابی ہیں، مشہور نہیں۔ بعض نے کہا: جندب بن نعمان ہیں۔ راجح ہے کہ وہ ابوجندب ہیں اور ابوعزیز ان کی کنیت ہے۔ جیسا کہ اسماء میں گزر چکا ہے۔

۱۰۲۴۳ ابوعزیز بن عمیر *

بن ہاشم بن عبد مناف بن عبدالدار عبدری، ابوعمر کا قول ہے ان کا نام زُرارہ ہے صحابی ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سماع حاصل ہے۔ اہل مغازی کا اتفاق ہے کہ مشرکوں کے ساتھ بدر میں قیدی بنائے گئے۔

ابن اسحاق * کا قول ہے: مجھ سے نُبیہ بن وہب نے بیان کیا، فرماتے ہیں میں نے بحوالہ ابوعزیز سنا، فرماتے ہیں: میں بدر کے قیدیوں میں تھا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ''قیدیوں کے ساتھ اچھا سلوک کرو''۔ ابن مندہ کا قول ہے جب انہوں نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا عنوان قائم کیا، ان سے نبیہ بن وہب نے روایت کیا، ان کی مسند معروف نہیں، پھر اپنی سند سے ذکر کیا جسے وہ خلیفہ بن خیاط تک لے گئے کہ انہوں نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابونعیم نے ان کا تعاقب کیا ہے، فرماتے ہیں: ان کا اسلام لانا مجھے معلوم نہیں۔

زبیر بن بکار، ابن کلبی، ابوعبید، بلاذری، دارقطنی نے کہا کہ ابوعزیز اُحد کے دِن کافر قتل ہوئے۔ ابوعمر نے اسے ردّ کیا کیونکہ ابن اسحاق نے بنوعبدالدار سے مقتول گیارہ (۱۱) آدمیوں میں ابوعزیز کا ذکر نہیں کیا، ان میں ابویزید بن عمیر شامل ہیں، اور خلیفہ بن خیاط سے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر چھوٹ گیا ہے۔

۱۰۲۴۴ ابوعسیب *

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مولیٰ ہیں، اپنی کنیت سے مشہور ہیں۔ پہلے گزر چکا ہے کہ بعض نے کہا ان کا نام احمر یا سفینہ مولیٰ ام سلمہ رضی اللہ عنہا ہے، راجح یہ ہے کہ وہ اس کے علاوہ ہیں۔

احمد، حارث بن ابواسامہ، طبرانی، حاکم نے بطریق یزید بن ہارون بحوالہ مسلم بن عبید ان کے حوالے سے بخار اور طاعون * کے بارے میں حدیث نقل کی۔

---

* اسد الغابہ (٦٠٩٤) تجرید (١٨٦/٢) * اسد الغابہ (٦٠٩٥) تجرید (١٨٦/٢)
* اسد الغابہ (٦٠٩٦) تجرید (١٨٦/٢) * السیرۃ النبویۃ (٤٣/٥)
* اسد الغابہ (٦٠٩٧) الاستیعاب (٣١٣٢) تجرید (١٨٧/٢)
* مسند احمد (٨١/٥) المعجم الکبیر (٩٧٤/٢٢) جامع المسانید والسنن (٤٩٥/١٤) مسند جامع (٣٠٩/١٦)

Marfat.com

حاکم کے ہاں بحوالہ ابوبصیران کی حدیث ہے۔ ابن مندہ نے دوسری حدیث بروایت حشرج بن نباتہ، بحوالہ ابوبصیرہ نقل کی ہے، اس کی اسناد حسن ہیں۔

۱۰۲۴۵ ابوعسیم*

بعض نے کہا: پہلے والے ہیں۔ بغوی، حاکم نے ان دونوں میں فرق کیا ہے۔ بغوی کا قول ہے: مجھے معلوم نہیں صحابی ہیں یا نہیں؟ دونوں نے بطریق حماد بن سلمہ انہوں نے ابوعسیم سے روایت کیا ہے، فرماتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی تو لوگ کہنے لگے: ہم آپ پر نماز جنازہ کیسے پڑھیں؟ انہوں نے کہا: اس دروازے سے تھوڑے تھوڑے داخل ہو اور نماز پڑھو۔ اور دوسرے دروازے سے باہر چلے جاؤ جب آپ ﷺ کو لحد میں رکھ دیا گیا تو مغیرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ ﷺ کے پاؤں کی جانب کچھ درستگی باقی ہے، میں اتر کر ٹھیک کر آتا ہوں چنانچہ قبر میں اترے، آپ ﷺ کے پاؤں کو بوسہ دیا اور لوگوں سے کہا مجھ پر مٹی ڈال دو، جب آدھی پنڈلیوں تک مٹی پہنچی تو باہر نکل آئے، فرمانے لگے: میں تم سب سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کے قریب ہو کر آیا ہوں۔* اسی طرح ابومسلم کجی نے حماد کے طریق سے اسے نقل کیا ہے، اسے ابن مندہ نے ابوعسب کے سوانح میں نقل کیا ہے۔

۱۰۲۴۶ ابوعصیب*

بغوی نے ابوعسیب کے سوانح میں لکھا ہے کہ اس سے پہلے ان کی حدیث بطریق حشرج بن نباتہ گزر چکی ہے کہ مجھ سے ابوبصیر نے بحوالہ ابوعصیب نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لائے اور مجھے بلایا، میں آپ ﷺ کے پاس آ گیا، پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے تو وہ بھی آپ کے پاس آ گئے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بلایا تو وہ بھی آ گئے۔ پھر آپ ﷺ پیدل چلنے لگے، ہم آپ کے ساتھ تھے، یہاں تک کہ کسی انصاری کے کسی باغ میں گئے، ان سے کہا: ''ہمیں کھجوریں کھلائیں''۔ وہ کھجور کا خوشہ لے کر آ گئے۔ آپ ﷺ اور آپ کے صحابہ نے وہ کھا لیا، پھر آپ ﷺ نے پانی طلب فرمایا، پانی پی کر فرمایا: ''قیامت کے دِن تم سے اس نعمت کے بارے میں سوال ہوگا''۔* حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خوشہ اٹھا کے زمین پر دے مارا، جس کی کھجوریں نبی علیہ السلام کے سامنے بکھر گئیں اور حیران ہو کر کہنے لگے کیا قیامت کے دِن ہم سے اس کی بھی پوچھ ہوگی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ہاں! صرف تین چیزیں مستثنیٰ ہیں، اتنا کپڑا جس سے اپنا ستر ڈھانپے اور اتنا کھانا جس سے اپنی بھوک مٹا سکے۔ اور سر چھپانے کی جگہ جہاں گرمی اور سردی سے بچ سکے''۔ میں نے اس احتمال سے ان کا ذکر ابوعصیب سے علیحدہ کیا ہے کہ یہ اور ہیں۔

۱۰۲۴۷ ابوعصیر

صاحب فردوس نے ذکر کیا ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے روایت کیا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اے اللہ! مجھے دنیا

---

* اسد الغابہ (٦٠٩٨) تجرید (١٨٧/٢) * مسند احمد (٨١/٥) * ۱۰۲۳۹ میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔
* مسند احمد (٨١/٥) جامع المسانید (٢٩٧/١٤) المسند الجامع (٣٠٩/١٦)

Marfat.com

ایسی کر کے دکھا جیسا کہ آپ اپنے نیک بندوں کو دکھاتے ہیں''۔ [1] ان کے بیٹے نے ان کی سند نہیں بیان کی۔

۱۰۲۴۳ ابوعطیہ بکری [2]

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور یحییٰ بن عمر کے طریق سے نقل کیا ہے کہ ہم سے مسلم نے بحوالہ عبداللہ ابوفاطمہ ازدی نقل کیا ہے۔ میں نے ابوعطیہ بکری سے سنا: میرے گھر والے مجھے نبی کریم ﷺ کے پاس لے گئے اور میں نوجوان لڑکا تھا، ابوفاطمہ نے کہا: میں نے ابوعطیہ کو دیکھا کہ بجستان میں جمعہ کی نماز پڑھا رہے تھے۔ [3] وہ مدینہ کے باہر میل کے فاصلے پر ٹھہرے ہوئے تھے، میں نے ابوعطیہ کو دیکھا کہ سر اور داڑھی سفید تھی میں نے انہیں دیکھا کہ سفید عمامہ [4] باندھے ہوئے تھے۔

۱۰۲۴۹ ابوعطیہ مُزنی [5]

بکر بن سوادہ نے بحوالہ عبدالرحمٰن بن عطیہ، انہوں نے اپنے والد سے انہوں نے اپنے دادا سے روایت کیا ہے، اہل مصر میں ان کا شمار ہے، ابن مندہ نے بحوالہ ابن یونس فرمایا۔

۱۰۲۵۰ ابوعطیہ [6] (بے نسبت)

طبرانی وغیرہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ بغوی، حاکم نے بطریق اسماعیل بن عیاش، اور طبرانی نے بقیہ کے طریق سے، دونوں نے بحوالہ بُحیر بن سعد، بحوالہ ابوعطیہ نقل کیا ہے: ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں فوت ہوگیا، بعض لوگوں نے کہا: یا رسول اللہ! اس پر نماز جنازہ نہ پڑھیں، آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم میں کسی نے اسے کوئی عمل خیر کرتے دیکھا، ایک شخص نے کہا: اس نے فلاں فلاں رات ہمارے ساتھ چوکیداری کی۔ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ان کی نماز جنازہ پڑھی، پھر اس کی قبر کے پاس گئے اور اس پر مٹی ڈالی۔

فرمایا: ''تمہارے ساتھی خیال کرتے ہیں کہ تم اہل دوزخ میں سے ہو، میں گواہی دیتا ہوں کہ تم اہل جنت میں سے ہو''۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''تم سے لوگوں کے اعمال کے بارے سوال نہیں کیا جائے گا تم سے غیبت کے بارے میں سوال کیا جائے گا''۔ [7] اسماعیل کے الفاظ ہیں۔ بغوی کی روایت سے ابواحمد کے ہاں ہے، تم سے فطرت کے بارے میں پوچھا جائے گا، بقیہ روایت اس کے شروع میں ہے۔ ابوعطیہ نے کہا: رسول اللہ ﷺ بیٹھ گئے، لوگوں نے کہا کہ ایک آدمی وفات پا گیا، انہوں نے کہا: ''کیا اسے کسی نے دیکھا ہے؟'' اس میں ہے، کسی نے کہا: میں نے اللہ کے راستے میں اس کے ساتھ چوکیداری کی، پھر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم سے لوگوں کے اعمال کے بارے میں نہیں پوچھا جائے گا لیکن تم سے فطرت کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ بغوی کی روایت میں یہ اضافہ ہے یعنی اسلام۔

---

[1] اتحاف السادة المتقين [2] اسد الغابہ (٦١٠٠) تجرید (١٨٧/٢) [3] یجمع جمع کی نماز پڑھ رہے تھے۔
[4] جامع المسانید والسنن (٢٩٨/١٤) (٤٥/٥) [5] اسد الغابہ (٦١٦١) تجرید (١٨٧/٢)
[6] اسد الغابہ (٦١٠٢) تجرید (١٨٧/٢)
[7] المعجم الكبير (٩٤٥/٢٢) مجمع الزوائد (٢٨٨/٥) جامع المسانيد والسنن الآحاد والمثانی (١٩٦/٥)

Marfat.com

اسے ابونعیم نے محمد بن عثمان بن ابوشیبہ کے طریق سے نقل کیا ہے، ابوعمر نے ان کے حالات کو ابوعطیہ وادعی کے حالات میں ملا دیا ہے۔ فرماتے ہیں: بعض کا قول ہے: ابوعطیہ کا نام مالک بن ابوعامر ہے، ابوولید بن دباغ نے اس کا تعاقب کیا ہے کہ ابوعطیہ جن کے حالات بیان کیے جا رہے ہیں، ان کا نسب بیان نہیں کیا گیا۔

حاکم نے بحوالہ واقدی اسے الگ ذکر کیا ہے۔ اور وادعی کے نام میں اختلاف ہے، ان کا ذکر ان لوگوں میں ہے جن کا نام معلوم نہیں۔

میں کہتا ہوں: ایسا ہی ہے جیسا انہوں نے کہا: ابواحمد کا قول ہے، ایک شخص فوت ہوگیا..... ان سے خالد بن معدان نے روایت کیا، مناسب ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا شمار ہو۔

میں کہتا ہوں: ابن عساکر کے کلام میں ہے کہ وہ ابوعطیہ مذبوح ہیں، حاکم نے مذبوح کو بھی ان لوگوں میں ذکر کیا ہے، جن کا نام معلوم نہیں۔ ابوبکر بن ابومریم نے بحوالہ حماد بن سعدان کے حوالے سے روایت کیا، محمد بن اسماعیل نے اسی طرح ذکر کیا ہے۔

میں کہتا ہوں: گویا ابن عساکر نے جب ابوبکر بن ابومریم کے مذبوح شامی اور خالد بن معدان شامی کی روایت کو دیکھا، انہوں نے گمان کیا کہ یہ وہی ہیں، پھر مجھے معلوم ہوا کہ وہ کوئی اور ہیں، جیسا کہ ابواحمد نے کہا۔ واللہ اعلم!

۱۰۲۵۱ ابوعطیہ

دوسرے ہیں، بے نسبت۔ ابن سکن نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں: ان کی حدیث میں اختلاف ہے۔ پھر عمرو بن ابومقدام کے طریق سے بحوالہ ابوعطیہ روایت کیا ہے، فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''رمضان میں عمرہ حج کے برابر ہے۔ ابن سکن کا قول ہے: ''ان کے علاوہ کسی نے ان سے روایت نہیں کی، دوسرے راویوں نے جائز کہا ہے کہ وہ وادعی ہوں''۔ اگر وہی ہیں تو حدیث مرسل ہے۔

۱۰۲۵۲ ابوعفیر

بغوی نے ان کا ذکر کیا ہے اور ان کی کوئی حدیث روایت نہیں کی۔

۱۰۲۵۳ ابوعقبہ فارسی *

مولیٰ انصار، ان کا نام رُشَید ہے۔ پہلے گزر چکا ہے۔ ابوداؤد نے بطریق ابواسحاق، انہوں نے بحوالہ عبدالرحمٰن بن ابوعقبہ فارسی نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: میں اُحد میں شریک تھا، میں نے ایک شخص کو نیزہ یا تلوار ماری، اور میں نے کہا: ''لو! میں فارسی لڑکا ہوں''۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم نے یہ کیوں نہ کہا: میں انصاری لڑکا ہوں؟''*

یہ ابن اسحاق کے مغازی میں ہے۔ اس میں فرمایا: عبدالرحمٰن بن ابوعقبہ، بحوالہ ان کے والد۔

---

* اسد الغابہ (٦١٠٣) الاستیعاب (٣١٣٥) تجرید (١٨٧/٢)

* ابوداؤد (٥١٢٣) ابن ماجہ (٢٧٨٤) مسند احمد (٢٩٥/٥) جامع المسانید والسنن (٢٩٩/١٤)

Marfat.com

۱۰۲۵۴ ابوعقبہ

اہبان بن اوس اسلمی، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۲۵۵ ابوعقبہ*

بقی بن مخلد نے اپنی مسند میں حدیث روایت کی ہے۔ تجرید میں ان کا تذکرہ ہے۔ شاید وہ عقبہ فارسی ہیں۔ ان پر تنبیہ ہے کہ عقبہ کا اسماء میں ذکر ہے۔

بغوی نے ان کے سوانح ذکر کئے ہیں، فرماتے ہیں: ابوعقبہ فارسی اور بطریق داؤد بن حُصَین، بحوالہ عبدالرحمٰن بن ابوعقبہ ابوعقبہ کے حوالے سے نقل کیا ہے، اہل فارس کے مولیٰ تھے۔ فرماتے ہیں: میں اُحد کے دِن حاضر تھا.... پھر اسے ذکر کیا۔

۱۰۲۵۶ ابوعقرب بکری*

بنوعُرَیج سے ہیں، بن بکر بن عبدمناۃ بن کنانہ، ان کا قول ہے: لیثی، وہ غلط ہے۔

ان کے نام میں اختلاف ہے۔ بعض نے کہا: خالد بن بجیر یا عوتج یا عرتج، ان کے جد اعلیٰ ابن خویلد کے نام کی طرح، بعض کا قول ہے: معاویہ بن خویلد، بعض نے کہا: بلکہ معاویہ ان کے بیٹے کا نام ابونوفل ہے جو ان سے روایت کرتے ہیں، بعض نے کہا: ان سے روایت کرنے والے کا نام معاویہ بن مسلم ہے۔ اس وجہ سے ان کا نام مسلمہ ہے، ایک قول ہے کہ ابن عقرب، اس وجہ سے یہ ابوعقرب ان کے دادا ہیں، بعض کا قول ہے: ابونوفل کا نام عمرو ہے۔

ابن سعد کا قول ہے: اہل مکہ میں سے تھے، پھر بصرہ میں رہے۔ بعض کا قول ہے: نہایت سخی تھے، نسائی کے پاس ان کی حدیث بطریق اسود بن سنان بحوالہ والد ابونوفل بن ابوعقرب فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے روزے کے بارے میں پوچھا، اس کی سند حسن ہے۔

حاکم نے دوسرے طریق سے بحوالہ والد ابونوفل بن ابوعقرب لہب بن ابولہب کا قصہ نقل کیا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے اسے بددعا دی کہ اسے درندہ کھائے۔

۱۰۲۵۷ ابوعقیل انصاری*

صاع والے ہیں، صحیح میں حدیث ابن مسعود میں ان کا ذکر ثابت ہے۔ فرماتے ہیں: جب نبی کریم ﷺ نے ہمیں صدقہ کا حکم دیا تو ہم چند چیزیں صدقے میں لائے، ابوعقیل نے نصف صاع صدقہ دیا، ایک شخص نے اس سے زیادہ صدقہ دیا تو منافق کہنے لگے: اللہ تعالیٰ کو اس صدقے کی ضرورت نہیں..... (الحدیث)

قتادہ نے اس آیت کی تفسیر میں ان کا نام لیا: ﴿وہ لوگ جو برضا و رغبت دینے والے اہل ایمان کی مالی قربانیوں پر باتیں

---

* ۱۰۲۴۸ کے تحت گزر چکا ہے۔ * اسد الغابہ (٦١٠٤) تجرید (١٨٧/٢)

* اسد الغابہ (٦١٠٦) الاستیعاب (٣١٣٩) تجرید (١٨٨/٢)

Marfat.com

بناتے ہیں۔ [1]

اسے طبری وغیرہ نے نقل کیا ہے۔ اس میں ہے عبدالرحمٰن بن عوف اپنا آدھا مال لے آئے۔ انصار کے غریب مسلمانوں میں سے ایک شخص شحاث ابوعقیل آگے بڑھے اور کہنے لگے: یا رسول اللہ! میں کھجور کے دو صاع کے عوض رات بھر کنوئیں سے ڈول کھینچتا رہا، ایک صاع میں نے اپنے گھر والوں کے لیے رکھ دیا اور دوسرا صاع یہ ہے، منافقوں نے کہا: اللہ اور اس کے رسول ﷺ ابوعقیل کے صاع سے غنی ہیں۔

اسے ابن ابوشبہ اور طبرانی نے اسی طرح اور طبرانی، باوردی نے بطریق موسیٰ بن عبیدہ بحوالہ ابوعقیل نقل کیا ہے کہ وہ رات بھر دو صاع کھجور کے عوض ڈول کھینچتے رہے.... پھر حدیث ذکر کی۔ [2]

موسیٰ ضعیف ہیں، لیکن قتادہ کی مرسل روایت سے ان کی تقویت ہوتی ہے۔ ابن مندہ نے سعید بن عثمان کے طریق سے بحوالہ ان کی دادی بنت عدی نقل کیا ہے کہ ان کی والدہ عمیرہ بنت سہل بن رافع ان دو صاع والے تھے جنہیں منافقوں نے لعن طعن کی، وہ اپنی بیٹی عمیرہ کے ساتھ ایک صاع کھجور کا صدقہ لے کر آئے..... (الحدیث)

ابوعمر نے بحوالہ ابن کلبی نقل کیا ہے کہ ان کا نام عبدالرحمٰن بن بیحان ہے، بنواسد سے ہیں۔ ایک قول ہے: عبدالرحمٰن بن ثعلبہ بن بیحان ہے۔ تعدد کا احتمال ہے۔ کیونکہ ایک قصے میں نصف صاع ہے، دوسرے میں ایک صاع ہے۔ ابوخیثمہ کے ساتھ بھی اسی طرح پیش آیا، کعب بن مالک نے صحیح مسلم میں توبہ والی طویل حدیث میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۲۵۳ ابوعقیل بن لبید

بن ربیعہ عامری، جو مشہور شاعر ہیں۔ ان کا ذکر گزر چکا ہے۔ اس میں ان کی بیٹی کا قول ہے جنہوں نے ولید بن عقبہ کو مخاطب کیا: ع

''جب ابوعقیل کی طرف سے ہوائیں چلتی ہیں تو ہم ولید کو یاد کرتے ہیں''۔

۱۰۲۵۹ ابوعقیل بلوی [1]

اوس کے حلیف ہیں۔ بنو حجبی سے پھر بنوعمرو بن عوف سے ہیں۔ ابن اسحاق [2] نے بدر میں حاضر ہونے والوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔ بعض کا قول ہے: ان کا نام عبداللہ بن عبدالرحمٰن یا عبدالرحمٰن بن عبداللہ ہے۔

۱۰۲۶۰ ابوعقیل احمدی

بغوی نے ان کا ذکر کیا ہے اور فرماتے ہیں: مدنی ہیں، پھر بطریق ابن ابوحبیبہ بحوالہ ابوعقیل احمدی کہ انہوں نے فرمایا: میری بیوی نے حج کا وعدہ کیا پھر مجھے غزوہ اُحد پیش آیا، اسے یہ بات ناگوار گزری، میں نے نبی ﷺ سے اس کا ذکر کیا، وہ لوگوں میں تھے، آپ ﷺ نے فرمایا: ''اسے کہو کہ رمضان میں عمرہ کرے کیونکہ وہ حج کے برابر ہوتا ہے''۔ ام عقیل میں ان کا ذکر آئے گا۔

---

[1] سورۃ التوبۃ الآیۃ (۷۹) [2] جامع المسانید والسنن (۳۰۳/۱۴) اسد الغابہ (۴۷/۵)
[1] اسد الغابہ (۶۱۰۵) الاستیعاب (۳۱۳۸) تجرید (۱۸۸/۲) [2] السیرۃ النبویۃ (۲۵۱/۲)

Marfat.com

۱۰۲۶۱ ابوعقیل مُلَیلی

ان کا نام لاحق بن مالک ہے، ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۲۶۲ ابوعقیل جعدی*

ان سے اسلم مولیٰ عمر نے روایت کی، فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ستو کا شربت پیا اور مجھے آخر میں دیا۔

ابوعمر نے مختصراً ان کا ذکر کیا ہے۔ ابن اثیر* نے اور اسے ان سے پہلے والے کو ایک ہی قرار دیا ہے، لیکن حدیث ملیلی کا مدار مسور بن مخرمہ پر ہے۔ یہ ابوعمر نے فرمایا: وہ اسلم مولیٰ عمر سے ہے۔ واللہ اعلم!

۱۰۲۶۳ ابوعقیل

عدی بن عدی کے دادا ہیں، ابوعمر نے ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں ان سے کہا گیا: وہ صحابی ہیں، مجھے ان کی کوئی حدیث یاد نہیں۔

۱۰۲۶۴ ابوعقیل ام عقیل میں ان کا ذکر آئے گا۔

۱۰۲۶۵ ابوعکر*

بن ام شریک جنہوں نے اپنا نفس نبی کریم ﷺ کو ہبہ کر دیا، بعض نے کہا: ان کا نام مسلم بن سلمی ہے، اسی طرح ابوعمر نے مختصر ان کا ذکر کیا ہے۔ ان کا قول ہے کہ ابن ام شریک ہیں عجیب ہے۔ وہ ام شریک کے خاوند ہیں، اس کا واضح بیان ام شریک کے سوانح میں آئے گا، اسی طرح ایک قول ہے۔

وہ ام شریک بنت ابوعکر ہیں، صحیح روایت میں ہے لگتا ہے ابوعمر کے سامنے یہ نام الٹ ہو گیا، لیکن اس سے لازم آتا ہے کہ یہ ام شریک کے بیٹے کے حالات ہوں۔ ایسا نہیں ہے بلکہ یہ ان کے شوہر کے حالات ہیں۔

ابن سعد نے بحوالہ منیر بن عبداللہ دوسی نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ام شریک کے شوہر اسلام لائے وہ غزیہ بنت جابر دوسیہ ہیں، ازد سے ہیں۔ وہ ابوعکر ہیں، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہجرت کر کے رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے، ان کے ساتھ قبیلہ دوس نے بھی ہجرت کی، ام شریک فرماتی ہیں: میرے پاس ابوعکر کے گھر والے آئے اور کہنے لگے: شاید تم اس کے دین پر ہو، میں نے کہا: ہاں! اللہ کی قسم! میں اسی کے دین پر ہوں۔ انہوں نے کہا: کچھ شک نہیں، اللہ کی قسم! ہم تمہیں سخت تکلیفیں دیں گے۔ وہ ہمیں ہمارے گھر سے سوار کر کے لے گئے، ہم اس وقت ذی الخلصہ میں تھے، وہ صنعاء میں ہے۔ وہ چلے اور منزل پر پہنچنا چاہتے تھے، انہوں نے مجھے ایک سست اونٹ پر بٹھا دیا جس کا پالان اور رکاب سخت تھا۔*

وہ مجھے روٹی کے ساتھ شہد کھانے کو دیتے اور پانی کا ایک قطرہ نہ پلاتے، جب ٹھیک دوپہر ہوئی اور سورج گرم ہو گیا، ہم

---

* اسد الغابہ (٦١٠٧) تجرید (١٨٨/٢) * اسد الغابہ (٤٨/٥)

* اسد الغابہ (٦١٠٨) الاستیعاب (٣١٤١) تجرید (١٨٨/٢) * جمل ثقال البطی الثقیل

Marfat.com

گرمی میں چل رہے تھے۔ یہ لوگ اترے اور خیمے لگا لیے۔

انہوں نے مجھے دھوپ پہ چھوڑ دیا، یہاں تک کہ میری عقل، سماعت اور بینائی چلی گئی، انہوں نے میرے ساتھ تین دِن ایسا کیا، وہ مجھے تیسرے دِن کہنے لگے: اپنے دین کو چھوڑ دو، وہ فرماتی ہیں: مجھے معلوم نہیں وہ کیا کہہ رہے تھے، سوائے اس کے کہ کچھ کہہ رہے تھے، میں نے اپنی انگلی سے آسمان کی طرف توحید کا اشارہ کیا، اور کہنے لگے: اللہ کی قسم! میں اسی دین پر ہوں، میری حالت انتہائی نازک ہوگئی، اچانک میں نے اپنے سینے پر ڈول رکھنے کی ٹھنڈک محسوس کی، میں نے اسے پکڑا اور اس میں سے ایک گھونٹ پانی پیا۔ پھر وہ مجھ سے ہٹا لیا گیا۔ میں نے اسے دیکھا تو وہ آسمان اور زمین کے درمیان لٹکا ہوا تھا، میں اسے پکڑ نہیں سکتی تھی، پھر میری طرف دوبارہ لٹکایا گیا، میں نے اس میں سے پانی پیا، پھر وہ بلند ہوگیا، میں اسے دیکھنے لگی تو وہ آسمان و زمین کے درمیان لٹکا ہوا تھا۔ پھر میری طرف تیسری مرتبہ لٹکایا گیا، میں نے پیا یہاں تک کہ میں سیراب ہوگئی، میں نے اپنے سر، چہرے اور کپڑے پر ڈالا، وہ لوگ باہر نکلے اور دیکھا، کہنے لگے: اے اللہ کی دشمن! تمہارے پاس یہ کہاں سے آیا؟ انہوں نے کہا، میں نے ان سے کہا: اللہ کا دشمن میرے علاوہ ہے جس نے اس کے دین کی مخالفت کی، رہا تمہارا یہ قول کہ یہ تمہارے پاس کہاں سے آیا؟ تو وہ اللہ کی طرف سے ہے، جو مجھے اللہ نے عطا کیا۔ وہ کہنے لگیں: وہ جلدی سے اپنے مشکیزوں اور برتنوں کی طرف گئے تو انہیں بندھا ہوا پایا جنہیں کھولا نہیں گیا تھا، وہ کہنے لگے: ہم گواہی دیتے ہیں کہ تیرا رب ہی ہمارا رب ہے، جس نے ہمارے تم سے اس سلوک کے بعد تمہیں رزق دیا، اسی نے اسلام شروع کیا، پھر وہ اسلام لے آئے۔ ان سب نے رسول اللہ ﷺ ✿ کی طرف ہجرت کی، وہ میری ان پر فضیلت کو جانتے تھے، اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے میرے لیے کیا، یہ وہی ہیں جنہوں نے نبی کریم ﷺ کے لیے اپنے نفس کو ہبہ کر دیا تھا، وہ حسین و جمیل تھیں۔ لیکن عمر رسیدہ ہو چکی تھیں۔ کہنے لگیں: میں نے اپنے نفس کو آپ ﷺ کے لیے ہبہ کر دیا میں اسے آپ پر صدقہ کرتی ہوں، نبی کریم ﷺ نے اسے قبول فرما لیا، تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہنے لگیں: کوئی عورت کسی مرد کے لیے اپنے نفس کو ہبہ کرے اس میں بھلائی نہیں، ام شریک کہنے لگیں: میں وہ ہوں، اللہ نے میرا نام مومنہ رکھا ہے، فرمایا: ﴿ کوئی مومن عورت اگر اپنا نفس نبی کریم ﷺ کے لیے ہبہ کرے..... ﴾۔ (الآیۃ) ✿ جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے آپ کی مرضی میں جلدی کی ہے۔

میں کہتا ہوں: اگر یہ ثابت ہو جائے تو شاید ابوعکر فوت ہوگئے یا انہیں طلاق دے دی تھی، جنہیں یہ گمان ہے کہ انہوں نے اپنے نفس کو نبی کریم ﷺ کے لیے ہبہ کر دیا تو یہ ام شریک دوسری ہیں، جیسا کہ خواتین کی کنیتوں میں آئے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ میں نے ڈول کے بارے میں ان کا قصہ دوسرے طریق سے روایت کر دیا ہے۔ عنقریب ان کے سوانح میں آئے گا۔

۱۰۲۶۶ ابوعلاء انصاری ✿

بعض نے کہا: اُحد میں شریک ہوئے، طبرانی نے واقدی کے طریق سے بحوالہ ایوب بن علاء انصاری، انہوں نے اپنے

✿ جامع المسانید والسنن (۴۴۰/۱۶) (۴۴۱/۱۶) اسد الغابہ (۴۹/۵)

✿ سورۃ الاحزاب الآیۃ (۵۰) ✿ اسد الغابہ (۶۱۰۹) تجرید (۱۸۸/۲)

Marfat.com

والد کے دادا سے روایت کیا ہے۔ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ پر اُحد کے دِن دو زِرہیں دیکھیں۔ ✿ اسے دوسرے طریق سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ایوب بن نعمان ابوموسیٰ نے اسے دوطریق سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ابوعلاء/ ابونعمان۔

۱۰۲۶۷ ابوعلاء ✿

مولیٰ محمد بن عبداللہ بن جحش ہیں، خلیفہ بن خیاط کا قول ہے: بنواسد بن خزیمہ میں سے نبی کریم ﷺ کے صحابی ہیں، پھر ایک جماعت کا ذکر کیا، پھر فرمایا: محمد بن عبداللہ بن جحش ان کے مولی ابوالعلاء۔

۱۰۲۶۸ ابوعلقمہ بن اعور سلمی ✿

ابن اسحاق نے مغازی میں غزوہ تبوک میں ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: مجھ سے محمد بن طلحہ بن یزید بن رکانہ نے بحوالہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے شراب کے بارے میں آخر میں مارا، انہوں نے غزوۂ تبوک میں شرکت کی رات کے وقت ابوعلقمہ بن الاعور سلمی نشے کی حالت میں آپ کے حجرہ تک پہنچ گئے یہاں تک کہ حجرے کا ایک کڑا کاٹ ڈالا، آپ ﷺ نے ان کی حالت دیکھ کر فرمایا: ''اسے تم میں سے کوئی شخص پکڑ کر اس کی جگہ پہنچا دے''۔ ✿

ابوموسیٰ نے اپنے استدراک وغیرہ میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۲۶۹ ابوعلکثہ ✿

بن عبید ازدی، ابن مندہ نے مختصراً ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: ابوراشد کے بھائی ہیں، ان کے بھائی کی حدیث میں ان کا ذکر ہے۔ ابونعیم کا قول ہے: ابن مندہ نے لفظی غلطی کی ہے، وہ ابوعبیدہ ہیں، ان کا نام قیوم ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کا نام عبدالقیوم رکھا، ابوعبیدہ ان کی کنیت ہے، ابن اثیر ✿ نے ابونعیم کو اسی پر برقرار رکھا ہے تو وہ وہم میں شریک ہیں۔ صحیح بات ابن مندہ کی ہے۔ عبدالقیوم، ابوراشد کے مولیٰ ہیں، ان کے بھائی نہیں، ابوعلکثہ ان کے بھائی ہیں، جیسا کہ ابن مندہ کا قول ہے، وہ ازد کے قبائل سے تھے، عبدان مروزی نے دعویٰ کیا ہے کہ ان کا نام حارث ہے۔

۱۰۲۷۰ ابوعلیبہ حضرمی

بغوی رحمۃ اللہ علیہ نے کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے، اسماء میں گزر چکا ہے کہ ان کا نام حرملہ ہے۔

۱۰۲۷۱ ابوعلی بن عبداللہ ✿

بن حارث بن رحضہ بن عامر بن رواحہ بن حجر بن معیص بن عامر بن لوی قرشی عامری، فتح مکہ کے وقت اسلام لائے،

✿ المعجم الکبیر (۹۳۸/۲۲) جامع المسانید والسنن (۳۲۳/۱٤) اسد الغابہ (٤۹/٥)

✿ اسد الغابہ (٦۱۱۱) الاستیعاب (۳۱٤۲) تجرید (۱۸۸/۲) ✿ اسد الغابہ (٦۱۱۲) تجرید (۱۸۸/۲)

✿ السنن الکبریٰ (۳۱٥/۸) اسد الغابہ (٥۰/٥) کنز العمال (۱۳۷۰۳)

✿ اسد الغابہ (٦۱۱۳) تجرید (۱۸۸/۲) ✿ اسد الغابہ (٥۰/٥)

✿ اسد الغابہ (٦۱۱٤) تجرید (۱۸۹/۲)

Marfat.com

یمامہ میں شہید ہوئے، زبیر بن بکار نے ان کا ذکر کیا ہے اور ابن عبدالبر نے ان کی پیروی کی ہے۔

۱۰۲۷۲ ابوعلی

قیس بن عاصم تیمی منقری.... ابوعلی۔ طلق بن علی حنفی.... اور ابوعلی، معقل بن یسار مزنی، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۲۷۳ ابوعلی بن بجیر [1]

یا بجیر، تجرید [2] میں ان کا ذکر ہے، بقی بن مخلد کا حوالہ دیا ہے۔

۱۰۲۷۴ ابوعمارہ

براء بن عازب، اور ابوعمارہ خزیمہ بن ثابت انصاریان، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۲۷۵ ابوعمر

قدامہ بن مظعون، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۲۷۶ ابوعمر

بعض کا قول ہے: ابوعمرو بن حباب بن منذر، ان کی طرح قتادہ بن نعمان دونوں انصاری ہیں۔ ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۲۷۷ ابوعمر [3]

مولیٰ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ، حسن بن سفیان نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ اور بقیہ کے طریق سے بحوالہ عکرمہ اور وہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کے مولیٰ ہیں روایت کیا ہے کہ مجھ سے ابوعمر مولیٰ عمر نے حدیث بیان کی، فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کوئی شخص اپنے بھائی کے لقمہ کو نہ دیکھے''۔ [4]

ابونعیم نے اس کو نقل کیا ہے اور ابوموسیٰ نے اس کی پیروی کی ہے۔

۱۰۲۷۸ ابوعمر انصاری [5]

اسحاق بن راھویہ نے اپنی مسند میں بحوالہ عمر انصاری، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: ''جس نے ظہر سے پہلے چار رکعتیں پڑھیں گویا اس نے بنو اسماعیل میں سے چار غلام آزاد کیے''۔ [6]

اسے طبرانی نے اپنے طریق سے اور ابونعیم نے ان سے اور ابوموسیٰ نے اپنے طریق سے نقل کیا ہے۔ طبرانی نے بطریق ابونعیم فضل بن دکین، بحوالہ انصار کے ایک شیخ، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے اپنی والدہ سے نقل کیا ہے اور ان کا نام نہیں لیا۔

---

[1] تجرید (۱۸۸/۲) [2] التجرید (۱٦٦) [3] اسد الغابہ (٦۱۱۹) تجرید (۱۸۹/۲)

[4] جامع المسانید والسنن (۳۰۸/۱٤) کنز العمال (٤۰۸۱٦) اسد الغابہ (۵۱/۵)

[5] اسد الغابہ (٦۱۱۸) تجرید (۱۸۹/۲) [6] المعجم الکبیر (۹٦٤/۲۲) مجمع الزوائد (۲۲۱/۲) اسد الغابہ (۵۱/۵)

Marfat.com

۱۰۲۷۹ ابوعمر بن شیسیم عبدی

پھر محاربی، ابن کلبی نے ان لوگوں میں ان کا ذکر کیا ہے جو نبی کریم ﷺ کے پاس گئے، وہ عبدقیس کے شریف لوگوں میں تھے۔ رشاطی کا قول ہے: ابوعمر نے اور ابن فتحون نے ان کا ذکر نہیں کیا۔

۱۰۲۸۰ ابوعمرو

بن بدیل بن ورقاء خزاعی، ابن کلبی نے ان کا ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں: وہ اہل مصر کے ان رؤساء میں سے تھے جنہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کا محاصرہ کیا۔

میں کہتا ہوں: ان کے والد بدیل کا ذکر گزر چکا ہے۔ اور ان کے دونوں بھائی عبداللہ اور نافع جو بدیل کے بیٹے ہیں۔

۱۰۲۸۱ ابوعمرو جریر بن عبداللہ، ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۲۸۲ ابوعمرو*

بن حفص بن مغیرہ بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم قرشی، مخزومی۔ فاطمہ بنت قیس کے شوہر ہیں۔ بعض کا قول ہے: ابوحفص بن عمرو بن مغیرہ ہیں، ان کے نام میں اختلاف ہے۔ بعض نے کہا: احمد یا عبدحمید ہے۔ بعض نے کہا: ان کا نام ہی ان کی کنیت ہے۔ ان کی والدہ دُرّہ بنت خزاعی ثقفیہ ہیں، وہ نبی کریم ﷺ کے زمانے میں علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ یمن کی طرف گئے وہ وہیں وفات پا گئے، بعض نے کہا: بلکہ راجح ہے کہ وہ شام کی فتوحات میں لوٹے، علی بن رباح نے بحوالہ ناشرہ بن سُمَی یہ ذکر کیا ہے، میں نے عمر کو کہتے ہوئے سنا، میں خالد بن ولید کے معزول ہونے کے بارے میں تم سے عذر کرتا ہوں، ابوعمرو بن حفص نے فرمایا: آپ نے ہم سے ایسے امیر کو معزول کر دیا جس کو رسول اللہ ﷺ نے امیر بنایا تھا، پھر قصہ ذکر کیا، اسے نسائی نے نقل کیا ہے۔

بغوی کا قول ہے: مدینہ میں رہے، پھر محمد بن عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ کے طریق سے بحوالہ ابوعمرو نقل کیا ہے، ان کی زوجہ فاطمہ بنت قیس ہے، پھر ان کا مختصر قصہ ذکر کیا۔

۱۰۲۸۳ ابوعمرو

سعد بن معاذ، اوس کے سردار ہیں، ابوعمر، سفیان بن عبداللہ ثقفی، ابوعمرو، سوید بن مقرن مزنی، ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۲۸۴ ابوعمر

صفوان بن بیضاء فہری، ابوعمرو، صفوان بن معطل، ان دونوں کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۲۸۵ ابوعمرو*

بن عدی بن حمراء خزاعی، ان کے بھائی عبداللہ کا ذکر گزر چکا ہے۔ یہ ابوعمرو فتح مکہ کے مسلمانوں میں سے ہیں۔

---

* اسد الغابہ (۶۱۲۲) تجرید (۱۸۹/۲) * تجرید (۱۸۹/۲)

Marfat.com

واقدی نے بطریق سلمہ بن ابوعبدالرحمٰن بن عوف، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے ابوعمر بن عدی سے روایت کی ہے، فرماتے ہیں: میں نے سہیل بن عمرو کو دیکھا جب انہیں رسول اللہ ﷺ کی وفات کی اطلاع ملی تو انہوں نے تلوار لٹکائی ہوئی تھی، پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا خطبہ دیا جو انہوں نے مدینہ میں دیا تھا، گویا انہوں نے اسے سنا تھا۔

۱۰۲۸۶ ابوعمرو بن مغیث

نسائی نے دو طریق سے ان کی حدیث نقل کی ہے، بحوالہ ابن اسحاق، ان میں سے ایک کے بارے میں فرماتے ہیں: مجھ سے ایسے شخص نے بیان کیا جس پر میں تہمت نہیں لگاتا، بحوالہ ابوعمرو بن مغیث دوسرے طریق سے اس واسطے کو ساقط کر دیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا...: پھر دعا کے بارے میں حدیث ذکر کی، جب کسی بستی میں جانے کا ارادہ کرتے۔

اس حدیث کو ثقات وغیرہ کی ایک جماعت نے بحوالہ صہیب روایت کیا ہے، اور وہ محفوظ ہے۔

بحوالہ صاع بن کیسان، انہوں نے ابومروان سے، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے اپنے دادا سے روایت کی ہے۔

۱۰۲۸۷ ابوعمرو

عبادہ بن نعمان انصاری، اسماء میں گزر چکے ہیں۔

۱۰۲۸۸ ابوعمرو*

بن کعب بن مسعود انصاری، بئر معونہ میں شہید ہونے والوں میں ان کا ذکر کیا ہے، ان کا نام معلوم نہیں۔

۱۰۲۸۹ ابوعمرو

ہاشم بن عتبہ بن ابووقاص، ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۲۹۰ ابوعمرو انصاری*

یحییٰ حمانی نے اپنی مسند میں ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: ہم سے ابواسحاق حمیسی نے بحوالہ انس روایت کیا، فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جنت کے لیے کھڑے ہو جاؤ جس کی چوڑائی آسمانوں اور زمین کے برابر ہے''۔ ایک شخص نے کہا: واہ واہ، اس کے بھائی نے اسے بلایا، انہوں نے کہا: اے ابوعمرو! جنت کا سودا نفع ہے، رب کعبہ کی قسم! اُحد کے اس پار جنت ہے، فرماتے ہیں، پھر وہ لڑنے لگے اور شہید ہو گئے۔*

میں کہتا ہوں: احتمال ہے کہ مقتول سعد بن ربیع ہوں اور ان سے کہنے والے سعد بن معاذ ہوں، کیونکہ سعد بن ربیع اُحد میں شہید ہوئے، ان سعد بن معاذ کے ساتھ ان کا قصہ گزر چکا ہے۔

---

* اسد الغابہ (٦١٢٦) تجرید (١٨٩/٢)

* اسد الغابہ (٦١٢٠) تجرید (١٨٩/٢)

* اسد الغابہ (٥١/٥)

Marfat.com

۱۰۲۹۱ ابوعمرو انصاری ✿

دوسرے ہیں، طبرانی نے ان کا ذکر کیا ہے اور جعفر بن محمد صادق کے طریق سے بحوالہ ان کے والد، بحوالہ محمد بن حنفیہ نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: میں نے صفین کے دِن ابوعمرو انصاری کو دیکھا، وہ بدری اُحدی ہیں۔ وہ روزہ سے تھے۔

پھر فرمایا، میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''جس نے اللہ کے راستے میں تیر مارا اور وہ نشانے پر لگا یا خطا گیا یہ اس کے لیے قیامت کے دِن نور ہوگا''۔ وہ سورج کے غروب سے پہلے شہید ہوگئے۔ ✿

دوسری روایت میں یہ قصہ بحوالہ ابوعمرہ ہے۔

۱۰۲۹۲ ابوعمرو شیبانی ✿

حارث بن ابواسامہ نے اپنی مسند میں ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق حسان بن ابراہیم کرمانی بحوالہ ابوعمرو شیبانی نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ سفر میں بیٹھے تھے۔ کسی نے چڑیا کا بچہ پکڑ لیا اور وہ چڑیا ان کے خیموں پر منڈلانے لگی، تو نبی ﷺ نے بچہ کو واپس رکھنے کا حکم دیا پھر فرمایا: اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر اس سے زیادہ مہربان ہے جتنی یہ چڑیا اپنے بچے پر شفیق ہے۔

میں کہتا ہوں: اگر یہ محفوظ نہیں، تو وہ سعد بن ایاس کے علاوہ ہیں جو مشہور تابعی ہیں، اگر وہ نبی کریم ﷺ سے نہیں ملے۔ میرا خیال ہے کہ اس حدیث کے صحابی ساقط ہیں، شیخ حارث اس میں ضعیف ہیں۔

۱۰۲۹۳ ابوعمرو نخعی ✿

نبی کریم ﷺ کے پاس نخع سے آنے والے وفد میں تھے، ابومحمد بن قتیبہ نے غریب حدیث میں ان کا ذکر کیا ہے، ان کے لیے خواب کا ذکر کیا۔ ابن اثیر ✿ نے بحوالہ غسانی اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے، وہ زرارہ بن قیس، عمرو بن زُرارہ کے والد ہیں، اسماء میں ان کا ذکر اور ان کی حدیث گزر چکی ہے۔

۱۰۲۹۴ ابوعمرو ✿

بے نسبت۔ طبرانی، ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے۔ طبرانی نے ابن وہب کے طریق سے بحوالہ زامل بن عمرو، انہوں نے اپنے والد سے انہوں نے اپنے دادا سے، انہوں نے نبی کریم ﷺ سے روایت کیا ہے کہ نبی ﷺ عیدالفطر کے دِن آئے، آپ کے دائیں طرف ابی بن کعب تھے، پھر حدیث ذکر کی، اس میں ہے: ''اے لوگو!.....الخ''۔ ✿

اسے ابن مندہ نے خالد بن نزار، بحوالہ ابراہیم بن طہمان، بحوالہ زامل اسی طرح نقل کیا ہے۔

✿ اسد الغابہ (٦١٢١) تجرید (١٨٩/٢) ✿ المعجم الکبیر (٩٥١/٢٠) مجمع الزوائد (٢٧٠/٥)

✿ تجرید (١٨٩/٢) ✿ اسد الغابہ (٦١٢٧) تجرید (١٩٠/٢)

✿ اسد الغابہ (٥٣/٥) ✿ اسد الغابہ (٦١٢٨) تجرید (١٨٩/٢)

✿ المعجم الکبیر (٩٥٢/٢٢) مجمع الزوائد (٨١/٤) جامع المسانید والسنن (٣١٢/١٤)

Marfat.com

۱۰۲۹۵ ابوعمرہ انصاری [1]

بعض نے کہا: ان کا نام بشر یا بشیر ہے، پہلا قول ابومسعود دوسرا ان کے پوتے یحییٰ بن ثعلبہ بن عبداللہ بن ابوعمرو کا ہے۔ یہ ابن مندہ کی روایت ہے، بعض نے کہا: ان کا نام ثعلبہ بن عمرو..... نجار ہے۔ بعض نے کہا: ان کے بھائی ہیں۔ موسیٰ بن عقبہ نے اس کا یقین کیا ہے۔ ابن کلبی کا قول ہے: ان کا نام عمرو بن محصن ہے۔ پھر یہ نسب بیان کیا، دوسری جگہ فرمایا: ان کا نام بشیر بن عمرو ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا زاد مقوم بن عبدالمطلب کے شوہر ہیں۔

ابن مندہ نے بطریق یونس بن بکیر بحوالہ عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابوعمرہ، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے اپنے دادا سے روایت کیا ہے کہ وہ بدر یا اُحد کے دِن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آپ کے (چچا زاد اور پھوپھی زاد) بھائی تھے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پیادہ کو ایک ایک حصہ اور گھوڑ سوار کو دو دو حصے دیئے۔

ابوداؤد [2] نے بطریق ابوعبدالرحمٰن مقری، انہوں نے بحوالہ ابوعمرہ انہوں نے اپنے والد کے دادا سے اسے نقل کیا ہے۔

امیہ بن خالد کے طریق سے بحوالہ آل عمرہ کا ایک شخص، انہوں نے اپنے والد کے دادا سے نقل کیا ہے۔ اسے ابن مندہ نے نقل کیا ہے۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے مؤطا میں فرمایا: روایت سے.... بحوالہ زید بن خالد جہنی بعض نے اس کی مخالفت کی ہے۔ فرمایا بحوالہ ابن ابوعمرہ، بحوالہ زید، حدیث میں ہے: سب سے اچھے شہید ہیں، اسے ابن جریج نے بحوالہ عبدالرحمٰن بن ابوعمرہ نقل کیا ہے۔

۱۰۲۹۶ ابوعمرہ انصاری [3]

دوسرے ہیں، اسے ابواحمد حاکم نے اور مستغفری نے طبرانی نے بطریق دراوردی بحوالہ ایوب بن بشر نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ہم میں سے ایک شخص بیمار ہوا، اسے ابوعمرہ کہا جاتا ہے، اس کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آئے، اور اسے پکارا، اس کے گھر والوں نے کہا: یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اسے چھوڑ دو، اگر یہ طاقت رکھتا ہے تو مجھے جواب دے گا''۔ فرماتے ہیں: عورتیں چیخنا چلانا شروع ہوگئیں، انہیں مردوں نے خاموش کرایا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''انہیں چھوڑ دو!....''۔ [4]

ابن عبدالبر کا قول ہے: اگر وہ اس وقت فوت ہوگئے تو وہ ابوعمرہ والد عبدالرحمٰن کے علاوہ ہیں۔

۱۰۲۹۷ ابوعمرہ [5]

بن سکن انصاری، زبیر بن بکار نے اخبار مدینہ میں فرمایا: میم سے محمد بن حسن نے بحوالہ یحییٰ بن عبداللہ بن ابوقتادہ فرمایا فرماتے ہیں: ابوعمرہ بن سکن اُحد میں شہید ہوئے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں قبر میں دفن کرنے کا حکم دیا، وہ مقبرہ بنوحرام میں سب سے پہلے دفن کئے گئے۔

---

[1] اسد الغابہ (٦١٢٩) الاستیعاب (٣١٤٧) تجرید (١٩٠/٢) [2] ابوداؤد (٢٧٣٤)

[3] اسد الغابہ (٦١٣٠) الاستیعاب (٣١٤٨) تجرید (١٩٠/٢) [4] اسد الغابہ (٥٥/٥)

[5] پہلے والے میں ان کے حالات گزر چکے ہیں۔

Marfat.com

۱۰۲۹۸ ابوعمیر

مسعود بن ربیعہ قاری، بنوزہرہ کے حلیف ہیں، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۲۹۹ ابوعمیرہ أزدی

مستغفری نے بحوالہ یحییٰ بن بکیر، انہوں نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے مصر آنے والوں میں ان کا ذکر کیا ہے، ابوموسیٰ نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۳۰۰ ابوعمیلہ

قسم رابع میں ان کا ذکر آئے گا۔

۱۰۳۰۱ ابوعنبہ خولانی*

صحابی ہیں، اپنی کنیت سے مشہور ہیں، ان کے نام میں اختلاف ہے۔ بعض نے کہا: عبداللہ بن عنبہ یا عمارہ، خلیفہ، بغوی، ابن سعد* نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ بغوی کا قول ہے: شام میں رہے۔ عبدالصمد بن سعید نے حمص میں آنے والے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔

احمد بن محمد بن عیسیٰ نے حمص کے رجال میں فرمایا: انہوں نے جاہلیت کا زمانہ پایا اور عبدالملک کی خلافت تک زندہ رہے۔ وہ معاذ کے ہاتھ پر اسلام لانے والوں میں تھے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت حیات تھے، وہ نابینا تھے، اسی طرح بطریق ابوزاہریہ بحوالہ ابوعنبہ نقل کیا ہے، صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ہیں، جمعہ کے دِن سورۂ جمعہ کی قراءت کے بارے میں حدیث ذکر کی، وہ نابینا تھے۔

انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم، عمر وغیرہ سے روایت کی، ان سے بکر بن زرعہ، ابوزاہریہ، شرحبیل بن سعد، لقمان بن عامر اور دوسرے لوگوں نے روایت کی۔

بغوی، ابن ماجہ نے بطریق جراح بن ملیح، بحوالہ بکر بن زرعہ نقل کیا ہے کہ میں نے ابوعنبہ خولانی سے سنا، انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قبلتین کی طرف نماز پڑھی، فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا۔

بغوی کی روایت میں ہے: میں نے ابوعنبہ سے سنا، وہ اصحاب نبی ہیں، انہوں نے دونوں قبلوں کی طرف نماز پڑھی، یہ ان لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے جاہلیت* میں خون کھایا۔

فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ''اللہ تعالیٰ اس دین کو تروتازہ رکھے گا، لوگوں کو اپنی فرمانبرداری کی توفیق دے گا''۔*

---

* اسد الغابہ (٦٦٣٣) الاستیعاب (٣١٥٦) تجرید (١٩٠/٢)

* طبقات کبریٰ (١٦٥/٧) * جامع المسانید والسنن (٣١٩/١٤) اسد الغابہ (٥٦/٥)

* ابن ماجہ (حدیث: ٨) احمد (١٧٧٩٩) الآحاد والمثانی (٤٤٤/٤)

Marfat.com

بغوی نے بقیہ کے طریق سے بحوالہ ابوعنبہ خولانی نقل کیا ہے، فرماتے ہیں کہ اسلام میں جو رخنہ بھی پڑا وہ پُر ہو گیا، اللہ اسلام اور مسلمانوں کو تر و تازہ رکھے گا۔ ابوعنبہ دورِ جاہلیت کے ہیں، حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے ساتھی ہیں، اسلام لائے، امام احمد رحمۃ اللہ علیہ [1] نے بحوالہ محمد بن زیاد نقل کیا ہے کہ مجھ سے ابوعنبہ نے بیان کیا، فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ جب کسی بندے سے بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اسے عمل صالح کی توفیق دیتا ہے، پھر اس پر موت آجاتی ہے''۔

شریح کا قول ہے: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ اہل شام نے فرمایا: وہ صحابی نہیں، وہ اہل یمن اور یرموک کی مدد کے لیے بھیجے جانے والوں میں تھے۔ ابن ابوحاتم نے بحوالہ اپنے والد فرمایا: وہ صحابی نہیں، ابوزرعہ دمشقی نے طبقہ العلیا میں ان کا ذکر کیا ہے جو صحابہ رضی اللہ عنہم سے ملے ہوئے ہیں، اسے ابن عائذ اور بخاری نے تاریخ میں نقل کیا ہے۔ بطریق طلیق بن شہر، بحوالہ ابوعنبہ خولانی، فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ جابیہ آئے پھر قصہ ذکر کیا۔

ابن سعد [2] نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے جو لوگ شام میں آئے، خلیفہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ اہل شام کے تیسرے طبقے میں ان کا ذکر ہے، فرماتے ہیں: ۱۱۸ھ میں وفات پائی، ابن عیسیٰ کا قول پہلے گزرا ہے، زیادہ مناسب ہے۔ واللہ اعلم!

ابن مبارک نے زہد میں بطریق محمد بن زیاد روایت کی ہے کہ ابوعنبہ خولانی کی مجلس میں تھے، عبداللہ بن عبدالملک طاعون سے بھاگ کر آئے پھر ابوعنبہ کے اس پر انکار کا قصہ ذکر کیا، فرماتے ہیں: ''جب طاعون آتا وہ لوگ جمے رہتے اِدھر اُدھر نہ بھاگتے''۔

۱۰۳۰۲ ابوعوسجه الضبّی [3]

حاکم نے کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے، انہوں نے اور بغوی نے دارقطنی نے افراد میں بطریق محمد بن اسحاق صنعانی بحوالہ عوسجہ، ان کے والد سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم موزوں پر مسح کرتے تھے۔ [4] اسے بخاری [5] نے اس طریق سے نقل کیا ہے۔ ہمیں فوائد ابوعباس اُصم میں عالی سند سے یہ روایت ملی ہے۔ بغوی کا قول ہے: محمد بن اسحاق صنعانی نے فرمایا: یہ خطا ہے، انہوں نے علی کے ساتھ سفر کیا۔

۱۰۳۰۳ ابوعَوْجَاء

ابن ابوعوجاء کے سوانح میں مبہمات میں ان کا ذکر آئے گا۔

۱۰۳۰۴ ابوعوف

سلمہ بن سلامہ بن وقش انصاری، ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

---

[1] مسند احمد (۲۰۰/٤) [2] طبقات کبریٰ (۱٦٥/۷) [3] اسد الغابہ (٦۱۳٥) تجرید (۱۹۰/۲)
[4] جامع المسانید والسنن (۳۲۱/۱٤) اسد الغابہ (٥۷/٥) [5] بخاری (٦۱/۸)

Marfat.com

۱۰۳۰۵ ابوعویمر اسلمی *

مستغفری نے بطریق ابواویس بحوالہ ابوعویمر اسلمی ذکر کیا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے بجلی کی طرف اشارہ کرنے سے منع فرمایا۔

۱۰۳۰۶ ابوعیاش *

زرقی انصاری، ان کا نام زید بن صامت ہے۔ بعض نے کہا: ابن نعمان، بعض نے کہا: ان کا نام عبید بن معاویہ ہے، بعض نے کہا: عبدالرحمٰن بن معاویہ بن صامت ہے۔

انہوں نے نبی کریم ﷺ سے صلوٰۃ الخوف کے بارے میں روایت کیا، ابوداؤد، نسائی نے جید سند سے ان کی حدیث نقل کی ہے۔ بطریق شعبہ بحوالہ مجاہد ان کے حوالے سے فرماتے ہیں: ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ عسفان کے مقام پر تھے اور مشرکوں کے کمانڈر خالد بن ولید تھے، ابن سعد کا قول ہے: اُحد اور اس کے بعد غزوات میں شریک ہوئے، بعض کا قول ہے، خلافت معاویہ رضی اللہ عنہ تک زندہ رہے۔

۱۰۳۰۷ ابوعیاش

بعض کا قول ہے: ابن عائش یا ابن ابی عیاش، انہوں نے نبی کریم ﷺ سے روایت کیا: ''جس نے صبح کے وقت لا اِلٰہ الا اللہ کہا.....''۔ (الحدیث) سہیل بن ابوصالح کی روایت سے، بحوالہ ان کے والد، ان سے مروی ہے، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ نے ان کی حدیث نقل کی ہے۔ اس کے بعض طرق میں ہے۔ بحوالہ ابن ابوعیاش، اس کے بعض طرق میں ہے، بحوالہ ابوعیاش زرقی، بعض نے کہا: پہلے والے ہیں، حاکم نے اسی کو اختیار کیا ہے۔ بعض نے کہا: اس کے علاوہ ہیں۔ ابوبشر دولابی کی کنیتوں میں ہے، ابوعیاش زرقی، ان سے زید بن اسلم نے روایت کی حدیث: ''جو صبح کے وقت کہے.....الخ''۔

۱۰۳۰۸ ابوعیسٰی

مغیرہ بن شعبہ ثقفی، مشہور صحابی ہیں، ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

القسم الثانی ازحرف عین

۱۰۳۰۹ ابوعاصم عبید بن عمیر لیثی۔

۱۰۳۱۰ ابوعائشہ عبداللہ بن فضالہ لیثی۔

۱۰۳۱۱ ابوعبداللہ کثیر بن صلت۔

۱۰۳۱۲ ابوعبدالرحمٰن سائب بن ابولبابہ۔

---

* اسد الغابہ (٦١٣٦) تجرید (١٩٠/٢) * اسد الغابہ (٦١٣٧) تجرید (١٩٠/٢)

Marfat.com

۱۰۳۱۳ **ابوعبدالملك** محمد بن عمر ابن حزم۔

۱۰۳۱۴ **ابوعبدالملك** مروان بن حکم۔

۱۰۳۱۵ **ابوعتیق** محمد بن عبدالرحمٰن بن ابوبکر صدیق۔

۱۰۳۱۶ **ابوعثمان** عتبہ بن ابوسفیان، اسماء میں ان سب کا نام گزر چکا ہے۔

۱۰۳۱۷ ابوعثمان بن عبدالرحمٰن

بن عوف زہری، ان کی والدہ بنت ابوحسیر ہیں، یہ وہی ہیں جن سے عبدالرحمٰن بن عوف نے ہجرت کے شروع میں نکاح کیا، نبی کریم ﷺ نے ان کے درمیان اور سعد بن ربیع کے درمیان بھائی چارہ قائم کر دیا۔ جب ان سے نکاح کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''ولیمہ کرو، اگرچہ ایک بکری کا ہو''۔ صحیح میں اس کی خبر ہے، زبیر بن بکار نے عبدالرحمٰن کی اولاد کا ذکر کیا ہے۔ اس میں ابوعثمان ہیں، گویا وہ کمسنی میں وفات پا گیا، اس کا تعاقب نہیں کیا۔

۱۰۳۱۸ ابوعمیر*

بن ابوطلحہ، زید بن سہل اَنصاری ہیں، اس قصے والے ہیں جس میں ہے: ''اے ابوعمیر! نغیر (چڑیا) کا کیا ہوا؟''*

یہ صحیحین میں بطریق ابوتیاح بحوالہ انس ہے، بعض نے کہا: ان کا نام حفص ہے۔ نبی کریم ﷺ کی حیات میں وفات پا گئے۔ صحیح مسلم* میں بطریق ثابت بحوالہ اَنس مروی ہے کہ ابوطلحہ کا ایک بیٹا فوت ہو گیا.... پھر اس کی موت کا قصہ نقل کیا، انہوں نے ابوطلحہ سے کہا: وہ پہلے سے سکون میں ہے اور ان کے ساتھ رات گزاری، نبی کریم ﷺ کو معلوم ہوا تو ان کے لیے برکت کی دعا کی، تو ان کے ہاں عبداللہ بن ابوطلحہ پیدا ہوئے، ابوعمیر میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

القسم الثالث ازحرفِ عین

۱۰۳۱۹ ابوعالیہ ریاحی

ان کے مولیٰ ہیں، ان کا نام رفیع بن مہران ہے، جاہلیت کا زمانہ پایا، بعض نے کہا: خلافت ابوبکر میں آئے اور اس میں داخل ہوئے۔ بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں بطریق مسلم بن قتیبہ، بحوالہ ابوخلدہ نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: میں نے ابوعالیہ سے پوچھا: کیا تم نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا ہے؟ انہوں نے کہا: میں آپ ﷺ کی وفات کے دو سال بعد اسلام لایا۔

حاکم نے بطریق علی بن نصر جہضمی بحوالہ ابوخلدہ نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: میں نے ابوعالیہ سے پوچھا: کیا آپ نے نبی کریم ﷺ کا زمانہ پایا ہے؟ انہوں نے کہا: نہیں، میں آپ کے دو یا تین سال بعد آیا، میں نے حافظ عبدالغنی مقدسی کی کتاب میں صحابہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں کتاب اوہام ابونعیم میں دیکھا ہے کہ ابونعیم نے ابوعالیہ ریاحی سے صحابہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں روایت کی اور ان کے

* اسد الغابہ (٦١٣١) تجرید (١٩٠/٢) * بخاری (٦١٢٩) (٦٢٠٣) * مسلم (٦٢٧٢)

Marfat.com

سوانح میں ابوعالیہ براء کے سوانح میں سے کچھ ملا دیا۔

ابوعالیہ نے بحوالہ کثیر صحابہ رضی اللہ عنہم سے اسے مرسل روایت کیا ہے۔ اس میں سے ابن مسعود، ابوذر، حذیفہ اور علی ہیں۔ بحوالہ ابوموسیٰ، ابوایوب، خوبان، رافع بن خدیج، ابوہریرہ، ابوسعید وغیرہ روایت کیا۔

ان سے خالد حذاء، داؤد بن ابوہند، ابن سیرین، ربیع بن انس، بکر بن عبداللہ مزنی، قتادہ، ثابت، حمید بن ہلال، منصور بن زاذان اور دوسرے لوگوں نے روایت کیا۔

بعض نے کہا: وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی، ابوداؤد کا قول ہے: صحابہ رضی اللہ عنہم کے بعد ابوعالیہ سے بڑھ کر قرآن جاننے والا کوئی نہ تھا۔ ان کے بعد سعید بن جبیر ہیں، فرماتے ہیں: نضر بن شمیل بحوالہ عاصم، میں نے ابوعالیہ سے کہا: تمہارے خیال میں بڑا کون ہے؟ انہوں نے کہا: ابوایوب، عجلی کا قول ہے، ثقہ تابعی ہیں، کبار تابعین میں سے ہیں۔ ابوخلدہ کا قول ہے: ۹۰ھ میں فوت ہوئے، ایک قول ہے: ۹۳ھ میں، مدائنی نے کہا: ۹۶ھ میں، ابوعمر ضریر نے کہا: ۹۸ھ میں فوت ہوئے۔ ابن حبان نے اسی کا یقین کیا ہے۔

۱۰۳۲۰ ابوعامر*

بن عمرو بن حارث بن غیمان اصبحی، ذہبی نے تجرید* میں ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: مجھے معلوم نہیں کہ صحابہ رضی اللہ عنہم میں کسی نے ان کا ذکر کیا ہو۔ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تھے، ان کے بیٹے مالک کی عثمان وغیرہ سے روایت ہے۔

۱۰۳۲۱ ابوعائشہ مسروق بن اجدع ہمدانی، کوفہ کے فقیہ ہیں، اسماء میں گزر چکے ہیں۔

۱۰۳۲۲ ابوعبیداللہ صنابحی عبدالرحمٰن بن عسیلہ، اسماء میں گزر چکے ہیں۔

۱۰۳۲۳ ابوعبداللہ جدلی ان کا نام عبد بن عبد ہے، ابن کلبی نے ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۳۲۴ ابوعبداللہ قیس بن ابوحازم اُحمسی۔

۱۰۳۲۵ ابوعبداللہ عمرو بن میمون ازدی، دونوں اسماء میں گزر چکے ہیں۔

۱۰۳۲۶ ابوعبداللہ اشعری

حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے زمانے میں جہاد کیا، خالد بن ولید اور امراء اجناد، معاذ بن جبل، یزید بن ابوسفیان، عمرو بن العاص، شرحبیل بن حسنہ، ابودرداء سے روایت کی۔

ان سے ابوصالح اشعری، اسماعیل بن عبیداللہ بن ابومہاجر، زید بن واقد، یزید بن ابومریم نے روایت کی ہے، ابن سمیع نے طبقہ اولیٰ میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابوزُرعہ دمشقی فرماتے ہیں: مجھے ان کا نام معلوم نہیں، مجھے معلوم نہیں کہ کسی نے ان کا نام لیا ہو،

* تجرید (۱۸۱/۲) * التجرید (۱۶۵)

Marfat.com

ابن حبان نے ثقات تابعین میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۳۲۷ ابوعبداللہ قیسی ✿

انہوں نے نبوت کا زمانہ پایا ہے، خلافتِ عمر میں عتبہ بن غزوان کی معیت میں اصطخر کا جہاد کیا اور اسے فتح کیا، پھر مال غنیمت حاصل کیا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عتبہ کی طرف لکھا کہ انہیں ستر کے وظیفے میں اور ان کے عیال کو دس میں شامل کر دو۔ ہشام بن عمارہ نے اپنے فوائد میں ان کا ذکر کیا ہے، محمد بن خریم کی روایت بحوالہ ہیثم بن عمران، وہ ان کے جد اعلیٰ ہیں۔

۱۰۳۲۸ ابوعبدالرحمٰن

حجر بن اُدبر، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۳۲۹ ابوعبدالرحمٰن

بے نسبت۔ ابوبکر نے ان کا قول سنا، ان سے عمرو بن دینار نے روایت کی ہے۔ بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔ حاکم نے اس کی پیروی کی ہے۔ ان کا نام معلوم نہیں۔

۱۰۳۳۰ ابوعثمان اصبحی ✿

جاہلیت میں عمرہ کیا، ان سے ابوقبیل معافری نے روایت کی، ابن مندہ اور ابن یونس نے ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۳۳۱ ابوعثمان صنعانی

ان کا نام شراحیل بن مرثد ہے۔ ابوبکر کے زمانے میں مرتدین سے جہاد کیا، پہلے گزر چکے ہیں۔

۱۰۳۳۲ ابوعثمان نہدی

عبدالرحمٰن بن معقل، اسماء میں گزر چکے ہیں۔

۱۰۳۳۳ ابوعذبہ

انہوں نے نبوت کا زمانہ پایا، خلافت عمر میں حمص آئے، یعقوب بن سفیان نے بحوالہ ابوعذبہ حمصی نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: میں عمر کے پاس چار کا چوتھا تھا جو شام سے آیا، ہم حج کے ارادے سے آئے تھے، اسی اثناء میں ہم اس کے پاس تھے..... پھر اہل عراق کا قصہ ذکر کیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے اللہ! ان پر ثقفی لڑکے کو امیر بنا جو ان کی اچھائیوں کو قبول نہ کرے اور ان کی برائیوں سے درگزر نہ کرے۔ ابن سعد ✿ نے اس روایت کی وجہ سے اہل شام کے تابعین میں ان کا ذکر کیا ہے۔

✿ اسد الغابہ (٦٠٥٢) تجرید (١٨٣/٢) (١٨٤/٢) ✿ اسد الغابہ (٦٠٨٤) تجرید (١٨٥/٢)

✿ طبقات الکبریٰ (١٥٢/٧)

Marfat.com

۱۰۳۳۴ ابوعُذرہ*

ابن ابوخیثمہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور مسلم نے کنیتوں میں ان کی پیروی کی ہے۔ اور اوہام میں ان کا شمار کیا ہے۔ ہاں! انہوں نے نبوت کا زمانہ پایا صحابی نہیں، یہ بخاری، دولابی، حاکم کا قول ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی، ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ نے ان کی حدیث بروایت عبداللہ بن شداد واسطی اعرج، بحوالہ ابوعذرہ نقل کی ہے۔ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پایا، بحوالہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، حمام* میں جانے کے بارے میں حدیث ذکر کی، ابوزُرعہ کا قول ہے، مجھے معلوم نہیں کہ کسی نے ان کا نام لیا ہو، ابن حبان نے ثقات تابعین میں ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: ایک قول ہے کہ صحابی ہیں۔

۱۰۳۳۵ ابوعریان

ہیثم بن اسود نخعی، اسماء میں گزر چکے ہیں۔

۱۰۳۳۶ ابوعطیہ وادعی*

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں جہاد کیا، پھر ابن مسعود کے ساتھ رہے۔ ان کے نام میں اختلاف ہے۔ بعض نے کہا: مالک بن عامر یا ابن ابوعامر یا مالک بن حمزہ یا ابن ابوحمزہ یا عمرو بن جندب یا ابن ابوجندب۔

ان سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا: ہمارے پاس عمر بن خطاب کا خط آیا، بحوالہ ابن مسعود اور ابوموسیٰ وغیرہ روایت کی، ان سے ابواسحاق سبیعی، عمارہ بن عمیر، محمد بن سیرین، خیثمہ بن عبدالرحمٰن، اعمش اور دوسرے لوگوں نے روایت کی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ ان کی جنگوں میں شریک تھے۔

ابوداؤد نے دوسری روایت میں فرمایا: خلافت عبدالملک میں وفات پائی، ابوعمر نے ان کے سوانح کو ابوعطیہ کے سوانح سے ملا دیا، جن سے خالد بن معدان نے روایت کیا، صحیح یہ ہے کہ دونوں الگ ہیں۔

۱۰۳۳۷ ابوعکرمہ

صعصعہ بن صوحان عبدی، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۳۳۸ ابوعلاء

قبیصہ بن جابر اسدی، ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۳۳۹ ابوعمر

اسود بن یزید نخعی، عبداللہ بن قیس سلمانی، سعد بن ایاس شیبانی، اسماء میں گزر چکے ہیں۔

---

* اسد الغابہ (۶۰۸۸) الاستیعاب (۳۱۲۵) تجرید (۱۸۶/۲) * ترمذی (۲۸۰۲)

* اسد الغابہ (۶۱۰۲) تجرید (۱۸۷/۲)

Marfat.com

۱۰۳۴۰ ابوعمرو حمیری

پھر سیبانی، والد ابوزرعہ، یحییٰ بن عمر فلسطینی نے ان کا ذکر کیا ہے، بعض نے کہا: ان کا نام زرعہ ہے۔

ابن جوصا نے بحوالہ ابن سمیع طبقہ اولیٰ میں ان لوگوں میں کیا ہے جو صحابہ رضی اللہ عنہم کے بعد ہیں اور انہوں نے جاہلیت کا زمانہ پایا۔ عمر، ابودرداء، عقبہ بن عامر سے سنا۔

ان سے ان کے بیٹے، عمرو بن عبدالملک فلسطینی نے روایت کی۔ ابوزرعہ نے تابعین کے طبقہ اولیٰ میں فرمایا: ابوعمر، ان کا نام زرعہ ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سنا، رملہ میں اترے، یعقوب بن سفیان نے اہل مصر کے ثقات تابعین میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۳۴۱ ابوعُمیلہ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پایا، فتح خیبر کے بارے میں ان سے قصہ نقل کیا۔ واقدی ✿ نے مغازی میں ان کا ذکر کیا ہے۔ بطریق عیسیٰ بن عمیلہ، بحوالہ ان کے والد کے دادا، فرماتے ہیں: میں وادی جمح میں تھا، مجھے اس وقت پتہ چلا جب بنی سعد اپنے سامان اٹھائے بھاگے جا رہے تھے، میں ان کے سردار کے پاس آیا، پوچھنے پر اس نے بتایا: محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا لشکر اچانک آ گیا، ہم نہتے تھے، طاقتِ مقابلہ نہ تھی اس سے پہلے وہ قریظہ پر چڑھائی کر چکے ہیں، اب وہ خیبر میں ان کی طرف روانہ ہیں۔

میں کہتا ہوں: ان کے بیٹے علیہ کی ان سے اسلام کے بارے میں روایت سے پتہ چلتا ہے کہ وہ اسلام لائے، لیکن مجھے معلوم نہیں کہ کسی نے تصریح کی ہو کہ انہوں نے اسلام لانے کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہو۔

۱۰۳۴۲ ابوعنبس

حجر بن عنبس کوفی، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۳۴۳ ابوعیال

بن ابوعتبہ ہذلی، بنوضباعہ بن سعد بن ہذیل سے ہیں، عبد بن وجزہ ہذلی کے ماں شریک بھائی ہیں، ابن عساکر نے ان کا ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں: مخضرمی ہیں، جاہلیت کا زمانہ پایا اور اسلام لائے۔ خلافت عمر میں جہاد کیا، پھر مصر گئے، پھر خلافتِ معاویہ تک زندہ رہے اور یزید بن معاویہ کے ساتھ روم کی طرف جہاد کیا، معاویہ کی طرف قصیدہ لکھا۔ اس واقعہ کے بارے میں فرمایا: ع

> ''معاویہ بن صخر تک یہ پیام پہنچا دو کہ ایک جلد باز بہادر تمہارا مشتاق ہے۔ تمہارے بعد جنگ میں ابراج کی جانب ہمیں ایک الو ملا ہے جو پر جھاڑتا ہے۔ ایسا عجیب معاملہ ہے جس سے دِل تنگ ہوتے اور اس کے سامنے لوگوں کو اپنی روح نظر آ رہی تھی اور اس سے چھٹکارا بھی نہ تھا''۔

ان کے والد کا نام آیا نون کے باء ہے یا تا۔ اس میں اختلاف ہے۔

✿ المغازی (٥٦٣)

Marfat.com

القسم الرابع ازحرفِ عین

۱۰۳۴۴ ابوعامر انصاری ✿

ان سے فرات بہرانی نے روایت کیا کہ انہوں نے اہل دوزخ کے بارے میں پوچھا، ابن مندہ نے اسے مختصر نقل کیا ہے، ووہم ہے، وہ ابوعامر اشعری ہیں، قسم ثالث میں فرات کے سوانح میں حدیث گزر چکی ہے۔

۱۰۳۴۵ ابوعامر ثقفی ✿

ان سے محمد بن قیس نے روایت کیا، ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور ولید بن مسلم کے طریق سے بحوالہ محمد بن قیس، انہوں نے ایک صحابی سے روایت کیا کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سنا: ''خواب میں سبزہ دیکھنا جنت ہے، کشتی نجات، عورت بھلائی، بوجھ غم، دودھ فطرت، میں بیڑی کو ناپسند کرتا ہوں اور قید ہونا دین میں ثابت قدمی ہے''۔ ✿

ابن مندہ کا قول ہے: اسی طرح حیم نے بحوالہ ولید روایت کیا ہے، دوسرے راویوں نے کہا: بحوالہ ابوعامر۔

قسم اوّل میں ابوعامر ثقفی کے سوانح میں اسی طرح گزر چکا ہے۔ لیکن یہ دوسری حدیث ہے، ابوموسیٰ نے ابن مندہ پر اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے، لکھا کہ ابوعامر ایک ہیں اور حدیث، خواب میں سبزہ دیکھنا وہ کسی اور شخص سے مروی ہے۔

۱۰۳۴۶ ابوعامر انصاری ✿

حنظلہ غسیل ملائکہ کے والد ہیں، دارقطنی نے جو مؤتلف میں ذکر کیا ہے، ابوموسیٰ نے اس کے متعلق ذکر کیا ہے، کوفی سند سے جو ضعیف ہے، اسے اُجلح تک لے گئے ہیں، بحوالہ ابن عباس، فرماتے ہیں: اوس نے ابوقیس بن اُسلت اور ابوعامر والد غسیل ملائکہ کو، اور خزرج نے اسعد بن زرارہ کو اور معاذ بن عفراء کو بھیجا، وہ مسجد میں آئے، تو وہاں رسول اللہ ﷺ تھے، وہ انصار میں سے ✿ سب سے پہلے رسول اللہ ﷺ سے ملے، یہ روایت شاذ ہے کہ ابوعامر ان لوگوں کے ساتھ تھے جو انصار میں سے پہلی مرتبہ آئے تھے، ہوسکتا ہے کہ راوی نے ان سے یاد کیا ہے، ان کی حکایت میں ایسی بات نہیں جو ان کے اسلام لانے پر دلالت کرے اور نبی کریم ﷺ سے بیعت کرنے والوں میں بھی کسی نے ان کا شمار نہیں کیا، اور اگر بالفرض بیعت کرنے والوں میں ان کا نام مل بھی جائے تو لگتا ہے وہ مرتد ہوگئے تھے، کیونکہ ان کا مسلمانوں سے جدا رہنا اور مسلمانوں کے خلاف مشرکین کی مدد کرنا اور بعض جنگوں میں ان کا ساتھ دینا یہاں تک کہ ان کے بیٹے حنظلہ نے ان پر حملہ کرنا چاہا تھا پھر اسلام کے بارے ان کی فریب کاریاں سیر و مغازی میں مشہور ہیں۔ انہی کی وجہ سے منافقوں نے مسجد ضرار بنائی تھی۔ ✿ جس پر یہ آیت نازل ہوئی: ﴿اور اس شخص کے لیے کمین گاہ بنائیں جو اس سے پہلے اللہ اور اس کے رسول سے برسر پیکار رہ چکا ہے﴾۔ ✿

✿ اسد الغابہ (٦٠٣٩) تجرید (١٨٢/٢) ✿ اسد الغابہ (٦٠٤٠) تجرید (١٨٢/٢)

✿ جامع المسانید والسنن (٢٤٨/١٤) کنز العمال (٤١٤٦٤) اسد الغابہ (٢٦/٥)

✿ اسد الغابہ (٦٠٤١) تجرید (١٨٢/٢) ✿ اسد الغابہ (٢٦/٥)

✿ اسد الغابہ (٢٧/٥) ✿ سورۃ التوبۃ (١٠٧)

Marfat.com

۱۰۳۴۷ ابوعائشہ ✿

بے نسبت۔ ابونعیم نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور ابوموسیٰ نے ذیل میں ان کی پیروی کی ہے۔ دونوں نے بطریق حسن بن سفیان نقل کیا ہے، فرماتے ہیں ہم سے اسحاق بن بھلول بن حسان نے بحوالہ ابوعائشہ نقل کیا ہے، وہ سچے آدمی تھے۔ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک صبح ہمارے پاس آئے، اور فرمایا: ''میں نے خواب میں دیکھا گویا مجھے چابیاں اور ترازو دیئے گئے''۔ (الحدیث) اس میں ہے: ''ایک پلڑے میں مجھے رکھا گیا اور دوسرے پلڑے میں میری اُمت کو رکھا گیا، میرا ان سے وزن کیا گیا، تو میرا وزن ان سے زیادہ تھا''۔ ✿

اسی طرح یعقوب بن مشبہ نے مسند علل میں نقل کیا ہے، بحوالہ اسحاق بن بھلول، اسے ان سے ابن فتحون نے اپنی کتاب اوہام بن عبدالبر میں نقل کیا ہے، یعقوب کا کلام نقل نہیں کیا، سوائے اس مقام کے جس میں اسے نقل کیا، زیادہ لائق ہے کہ یہ مسند ابن عمر میں ہو، اس میں وہم کا ہونا مشکل ہے۔ اس میں سے ایک صحابی ساقط ہیں، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ابوعائشہ صحابی ہیں، ایسا نہیں ہے۔ بخاری نے کنی المفردہ میں نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ابوداؤد الحفری نے اس سند میں برابر فرمایا، ان کے قول رجل صادق کے بعد بحوالہ ابن عمر، فرماتے ہیں: ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے.... پھر اسی طرح حدیث ذکر کی۔

حاکم نے کنیتوں میں اس کی پیروی کی ہے، ابوعائشہ نے فرمایا: وہ سچے شخص تھے، ان سے عبداللہ بن عمر نے روایت کی، ان سے عبداللہ بن مروان نے روایت کی، اسی طرح ابن حبان نے ''ثقات تابعین'' کے آخر میں فرمایا: ابوعائشہ نے بحوالہ ابن عمر روایت کی، ان سے عبداللہ بن مروان نے روایت کی، یہ وہم ابن اثیر ✿ ذہبی ✿ اور اس شخص پر ہے جس نے ان دونوں کی پیروی کی۔

۱۰۳۴۸ ابوعائشہ ✿

دوسرے ہیں۔ بغوی اور ابن ابی عاصم نے وحدان میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابوموسیٰ نے کہا ہے کہ ممکن ہے یہ پہلے والے ہوں۔ ابونعیم نے ان کی بات اختیار کی ہے۔ چنانچہ وہ ان کی حدیث سابقہ شخصیت کے حالات میں نقل کرتے ہیں جبکہ وہ اور ہیں۔ ان کی حدیث بطریق یحییٰ بن سعد بواسطہ خالد بن معدان بحوالہ ان کے نقل کی ہے کہ یہود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر کہنے لگے: ہمارے سامنے تورات کے ان ابواب کی تشریح کریں جنہیں نبی کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ آپ نے فرمایا: وہ کیا باتیں ہیں؟ پھر اس حدیث کا ذکر کیا۔ بغوی نے یہ اضافہ نقل کیا ہے: انہوں نے آپ سے ملک الموت کے بارے میں پوچھا تھا، آپ نے فرمایا: ''وہ آدم علیہ السلام کا بیٹا ہے جس نے اپنے بھائی کا قتل کیا تھا''۔ ابواحمد الحاکم نے دونوں میں فرق کیا ہے، ان کے متعلق کہا ہے: ابوعائشہ مولا سعید بن عاص، ابوموسیٰ اشعری اور حذیفہ رضی اللہ عنہما سے اور ان سے مکحول، خالد بن معدان روایت کرتے ہیں، یہ تابعی ہیں۔

میں کہتا ہوں: حضرت حذیفہ اور ابوموسیٰ سے ان کی مروی روایات سنن ابی داؤد میں تکبیراتِ عید میں ہیں۔

✿ اسد الغابہ (٦٠٤٧) تجرید (١٨٢/٢) ✿ مسند احمد (٧٥/٢) مجمع الزوائد (٥٨/٩)

✿ اسد الغابہ (٢٨/٥) (٢٩/٥) ✿ تجرید (١٦٥) ✿ اسد الغابہ (٦٠٤٧) تجرید (١٨٢/٢)

Marfat.com

۱۰۳۴۹ ابوعبداللہ الخطمی [1]

ان کی ایک غریب حدیث ہے۔ تجرید [2] میں ایسا ہی لکھا ہے، یہ وہی ابوعبداللہ سعدی ہیں جن کا ذکر انہوں نے اسی طرح ان کے بعد کیا ہے کہ ان کی حدیث ملیح بن عبداللہ نے نقل کی ہے..... وہم سے ان کا دوبارہ ذکر کر دیا۔ جبکہ ان کے اصل مسودے میں لکھا ہے ابوعبداللہ الخطمی حجازی انصار کے فرد ہیں۔ ان کی حدیث ابن ابی فدیک نے عمر بن محمد سے بحوالہ [3] ملیح بن عبداللہ روایت کی ہے۔ اس سے زیادہ انہوں نے کچھ نہیں لکھا۔ جو ان کا اچھا اقدام ہے۔ جب ذہبی [4] نے انہیں دوسرے مقام پر خطمی کے بجائے سعدی لکھا دیکھا تو وہ انہیں دوسری شخصیت سمجھ بیٹھے۔

۱۰۳۵۰ ابوعبداللہ [5] (بے نسبت)

نبی ﷺ کا ساتھ نصیب ہوا ہے اور آپ سے اللہ کی راہ میں چلنے کی فضیلت کے بارے حدیث روایت کرتے ہیں، ان سے ابو مصبح مقری نے روایت کی ہے، مالک بن عبداللہ خثعمی کے حالات میں بیان ہو چکا ہے کہ یہ جابر بن عبداللہ انصاری اس سے ابن الاثیر نے خبردار کیا ہے اور نہ ذہبی نے۔

۱۰۳۵۱ ابوعبدالرحمٰن اشعری [6]

بقول بعض: اشجعی۔ نبی ﷺ سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں: ''پاکی ایمان کا نصف حصہ ہے''۔ [7] (جسے ''صفائی نصف ایمان ہے'' سے تعبیرہ کیا جاتا ہے)۔ اسے ابن مندہ اور ابونعیم نے نقل کیا ہے، ابن مندہ فرماتے ہیں: درست ''ابو مالک اشعری'' سے ہے۔ ایسا ہی ابن الاثیر [8] نے ان کا مختصر ذکر کیا ہے۔ ان کا یہ کہنا ہے کہ ''بقول بعض: اشجعی''۔ ابن مندہ اور ابونعیم کی کتاب میں نہیں۔ ابن مندہ نے ان کا ذکر صرف اس طرح کیا ہے کہ یحییٰ بن میمون، یحییٰ بن ابی کثیر سے وہ زید بن سلام، وہ ابوسلام وہ ابوعبدالرحمٰن اشعری سے..... پھر وہ حدیث ذکر کی۔ فرماتے ہیں: اسی حدیث کو اَبان العطّار نے یحییٰ سے نقل کیا تو کہا: ابو مالک سے مروی ہے جو درست ہے، ابونعیم نے ان کا اتباع کیا ہے۔

میں کہتا ہوں: ان کی وہ روایت جس کی ابن مندہ نے تصویب کی ہے اسے مسلم نے نقل کیا ہے۔

۱۰۳۵۲ ابوعبدالرحمٰن الصنابحی [9]

بغوی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے کہ مدینہ کے رہائشی تھے، پھر بطریق صلت بن بہرام، حارث بن وہب سے بحوالہ ابوعبدالرحمٰن صنابحی یہ حدیث روایت کی ہے: میری اُمت جب تک تین کام نہیں کرے گی مضبوط رہے گی۔ [10] جب تک یہود

---

[1] اسد الغابہ (٦٠٥٠) تجرید (١٨٢/٢) [2] تجرید (١٦٥)

[3] المعجم الکبیر (٧٤٩/٢٢) مجمع الزوائد (٩٩/٢) جامع المسانید (٢٥٨/١٤) کشف الاسرار (٥٠٠)

[4] تجرید (١٨٢/٢) [5] اسد الغابہ (٦٠٥٧) تجرید (١٨٣/٢) [6] اسد الغابہ (٦٠٥٨) تجرید (١٨٣/٢)

[7] مسند احمد (٢٤٢/٥، ٢٤٣) [8] اسد الغابہ (٣١/٥) [9] اسد الغابہ (٦٠٦٣) تجرید (١٨٣/٢)

[10] اسد الغابہ (٦٠٦٣) تجرید (١٨٣/٢)

Marfat.com

کی مشابہت میں مغرب کی نماز میں تاخیر نہیں کرے گی..... (حدیث) [1] اگر یہ ثابت ہو جائے کہ صنابح بن اعسر کی کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے تو یہ وہی ہیں ورنہ وہم ہے۔ ادھر ابن الاثیر [2] کا قول ہے: ابوعبدالرحمٰن صنابحی ان سے حارث بن وہب روایت کرتے ہیں، بقول بعض: یہ وہی ہیں جن سے عطاء بن یسار تاروں کے چڑھنے تک مغرب میں تاخیر کی ممانعت والی حدیث روایت کرتے ہیں۔ اور ابوعبداللہ صنابحی دوسرے ہیں جنہوں نے نبی ﷺ کا دور نہیں پایا ہے اور مذکورہ حدیث جو نمازِ مغرب کے بارے میں ہے ان کی حدیث ہے۔ رہی ان کی یہ بات کہ ابوعبداللہ صنابحی اور ہیں جنہوں نے دورِ نبوی نہیں پایا، ایسا نہیں جیسا انہوں نے کہا۔ چنانچہ میں نے عبداللہ الصنابحی کے حالات میں جو عبادلہ میں ہیں اس کی وضاحت کر دی ہے کہ وہ عبداللہ ہیں جو ان کا نام ہے نہ کہ کنیت۔ جو بات اہل علم کی گفتگو سے حاصل ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ صنابحہ تین ہیں۔ عبداللہ جن سے عطاء بن یسار روایت کرتے ہیں ان کے صحابی ہونے میں اختلاف ہے۔ جس نے انہیں ابوعبداللہ کہا اسے وہم ہوا ہے۔ شاید یہ وہ ہیں جن کی کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے اور صنابح نام ہے نسب نہیں۔ ابن الاعسر تو یہ بلا اختلاف صحابی ہیں۔ اور جس نے انہیں صنابحی کہا اسے بھی وہم ہوا ہے۔ اور عبدالرحمٰن بن عیلہ صنابحی جن کی کنیت ابوعبداللہ ہے جو مخضرمی ہیں شرفِ صحابیت سے محروم ہیں۔ بلکہ نبی کریم ﷺ کی وفات کے بعد مدینہ آئے اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نمازیں ادا کیں جس نے ان کا نام عبداللہ بتایا وہ اس کا وہم ہے۔

۱۰۳۵۳ ابوعبید [3]

بغوی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں: مجھے معلوم نہیں کہ انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے یا نہیں۔ پھر بطریق جبیر بن سعد بحوالہ ابوعبید مرفوع روایت کیا ہے: ''ابن آدم کا دِل چڑیا کی طرح ہے جو دِن میں سات مرتبہ پلٹتا ہے''۔ [4] اس سند میں صحیح ابوعبیدہ ہیں وہ ابن جراح ہیں، اسی طرح ابن ابودنیا، حاکم اور بیہقی نے شعب میں اس طریق سے نقل کیا ہے۔ اس کی سند منقطع ہے، کیونکہ خالد بن معدان ابوعبیدہ بن جراح سے نہیں ملے۔

۱۰۳۵۴ ابوعثمان بن سنہ [5]

خزاعی کعبی، حدیث کو مرسل روایت کیا ہے۔ بعض نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابن ابوعاصم نے کتاب الجہاد میں قصہ طائف میں اپنے طریق سے مرسل حدیث نقل کرنے کے بعد فرمایا: بہت سے لوگوں کا خیال ہے..... الخ، کہ ابوعثمان سنہ کو شرفِ صحابیت حاصل ہے، ایسا نہیں، وہ تابعین.....

اسے ابن مندہ نے ربیع بن سلمان کے طریق سے بحوالہ زہری، انہی سے لیلۃ الجن کے بارے میں نقل کیا ہے۔ اسے حرملہ نے بحوالہ ابن مسعود نقل کیا ہے، اسے ابونعیم نے نقل کیا ہے، اور اسے ٹھیک کہا ہے۔ اسی طرح لیث نے بحوالہ یونس نقل کیا ہے۔

میں کہتا ہوں: اسی طرح نسائی کے ہاں بحوالہ ابن وہب مروی ہے، ابوعثمان نے بحوالہ علی اور ابن مسعود وغیرہ روایت کیا

---

[1] المستدرك (۳۷۰/۱) المعجم الكبير (۹٤/۸) مجمع الزوائد (۳۱۱/۱) (۳۲/۳)

[2] اسد الغابہ (۳۳/۵) [3] اسد الغابہ (٦۰۷۷) تجرید (۱۸۵/۲)

[4] مستدرك (۳۰۷/٤) (۳۲۹/٤) [5] اسد الغابہ (٦۰۸٦) تجرید (۱۸٦/۲)

Marfat.com

ہے، ان سے زہری نے روایت کیا ہے۔ ابوزرعہ کا قول ہے: مجھے ان کا نام معلوم نہیں۔ یونس نے بحوالہ زہری نقل کیا ہے کہ مجھ سے ابوعثمان بن سنہ نے نقل کیا ہے، وہ اہل دمشق میں سے ہیں وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس ان لوگوں کے ساتھ آئے جو اہل شام سے ان کے پاس آئے تھے۔ وہ ان کی مجلس میں آتے تھے۔ حرملہ بن یحییٰ کے نسخے میں بحوالہ براء بن مقری ان کی حدیث موجود ہے۔ ابن مسعود کی حدیث میں عثمان بن سنہ خزاعی ہیں، وہ اہل شام میں سے ہیں، ابن مقری کا قول ہے: اصل مسودہ میں عثمان تھا، ابوعثمان صحیح کرلیا، یہی صحیح ہے۔

۱۰۳۵۵ ابوعشراء دارمی ✿

ابن اثیر نے ان کا ذکر کیا ہے۔ ✿ فرماتے ہیں: بعض نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ یہ صحیح نہیں، ان کے والد صحابی ہیں۔

میں کہتا ہوں: سنن میں ان کی حدیث بطریق حماد بن سلمہ بحوالہ والد ابوعشراء ہے، ان کے اور ان کے والد کے نام میں اختلاف ہے۔ میں مبہمات میں اس کی وضاحت کروں گا، جنہوں نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابن اثیر نے ان کا نام نہیں لیا۔ وہ ابن شاہین ہیں، مالک بن قہطم کے سوانح میں ان کا ذکر کیا ہے۔ یہ روایت ان کو بحوالہ ان کے والد معلوم ہے، تمام الرزای نے تصنیف میں ان کی حدیث کو ذکر کیا ہے اور جو کچھ انہوں نے ذکر کیا وہ غریب احادیث ہیں۔ اس کے اکثر حصے میں اختلاف ہے سوائے اس حدیث کے جو سنن میں ہے اور دوسری مسند میں ہے۔

۱۰۳۵۶ ابوعصیمہ انصاری

ابومعشر نے بدر میں حاضر ہونے والوں میں ان کا ذکر کیا ہے، ابوعمر نے ان کا تعاقب کیا ہے، فرماتے ہیں: یہ لفظی غلطی ہے، وہ ابوحُمیضہ ہیں، جیسا کہ حا میں گزر چکا ہے۔

۱۰۳۵۷ ابوعقیل ✿

بن عبداللہ بن ثعلبہ بن بیحان بلوی، اوس کے حلیف ہیں، بدر میں حاضر ہوئے، مستغفری نے ان کا ذکر کیا ہے۔ ذہبی نے بھی ان کا ذکر کیا ہے، ان سے پہلے ابوعقیل بلوی کا ذکر ہے۔ ان کا نام عبدالرحمٰن بن عبداللہ ہے۔ جو بنوحجبی کے حلیف ہیں، بدر میں شریک ہوئے، ان کے دو شمار کرنے میں وہم ہے۔ بنوحجبی اوس سے ہیں۔ ابن اثیر ✿ نے ایک سے زیادہ کا ذکر نہیں کیا۔ فرماتے ہیں: ابوعقیل کا نام عبدالرحمٰن بن عبداللہ بلوی ہے، پھر اوسی ہیں جو بنوحجبی بن ثعلبہ بن عمرو بن عوف کے حلیف ہیں۔

میں کہتا ہوں: عمرو بن عوف وہ ابن مالک بن اوس ہیں۔

۱۰۳۵۸ ابوعلاء عامری ✿

باوردی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق اسود بن شیبان بحوالہ ابوعلاء نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: میں بنوعامر

✿ اسد الغابہ (٦٠٩٩) تجرید (١٨٧/٢) ✿ اسد الغابہ (٤٤/٥) ✿ اسد الغابہ (٦١٠٥) تجرید (١٨٨/٢)
✿ اسد الغابہ (٤٧/٥) ✿ اسد الغابہ (٦١١٠) تجرید (٨٨/٢)

Marfat.com

کے وفد کے ساتھ نبی کریم ﷺ کے پاس گیا، وہ کہنے لگے: یارسول اللہ! آپ ہمارے سردار اور ہم پر دسترس رکھنے والے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ٹھہرو! ایسا نہ کہو، اپنی بات کہو، شیطان تمہیں دلیر نہ کرے، سردار (وقادر) تو اللہ تعالیٰ ہے''۔ ❁1

ابن مندہ کا قول ہے، اسی طرح اسود نے روایت کیا ہے اور دوسرے لوگوں نے ان کی مخالفت کی ہے، ابونعیم قول ہے، صحیح یہ ہے۔ بحوالہ ابوعلاء انہوں نے اپنے والد سے نقل کیا ہے، ابوعلاء وہ یزید بن عبداللہ بن شخیر ہیں، ان کے والد صحابی ہیں، اور وہی آئے تھے۔

اسے قتادہ نے بحوالہ والد ابوعلاء نقل کیا ہے، اور اسے ابونضرہ نے بحوالہ والد مطرّف بن عبداللہ بن شخیر نقل کیا ہے، یہ ان کی حدیث ہے۔

میں کہتا ہوں: اسی طرح ابوداؤد نے ابوسلمہ شعیب بن مہدی کی روایت سے بحوالہ مطرف نقل کیا ہے، میرے والد نے فرمایا: میں نبی کریم ﷺ کی طرف چلا۔

۱۰۳۵۹ ابوعلیط جمحی

صحیح یہ ہے: ابوغلیظ۔

۱۰۳۶۰ ابوعمرو بن حماس ❁

معروف تابعی ہیں۔ ان کی حدیث مرسل ہے۔ ابن مندہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر ہے، فرماتے ہیں: اہل حجاز میں ان کا شمار ہے، صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر ہے، بطریق ابن ابوذئب، بحوالہ ابوعمرو بن حماس انہوں نے نبی کریم ﷺ سے روایت کی ہے: ''عورتوں کے لیے راستے کا درمیانی مقام نہیں'' ❁ (یعنی دائیں یا بائیں ہوکر وقار سے چلیں)۔

حماس کا ذکر ان لوگوں میں گزر چکا ہے جو نبی کریم ﷺ کے زمانے میں پیدا ہوئے، ان کا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ قصہ ہے۔ خلیفہ کا قول ہے: ابوعمرو بن حماس ۲۳۹ھ میں فوت ہوئے، واقدی کا قول ہے: میں نے ان کا نام نہیں سنا۔

۱۰۳۶۱ ابوعیسیٰ انصاری ❁

حارثی، مدنی، بدر میں حاضر ہوئے، ابوعمر نے حاکم کی پیروی میں ان کا ذکر کیا ہے، ابواحمد نے بخاری ❁ سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا: ابن ابوذئب کا قول ہے: بحوالہ صالح مولیٰ توأمہ کہ عثمان ابوعیسیٰ کی طرف لوٹے، وہ بدری تھے، وہ خلافت عثمان میں فوت ہوئے۔

یہ خطا ہے جو لفظی غلطی سے پیدا ہوئے، جو بخاری کی کتاب میں ہے یہ ہے۔ ابوعبس اور وہ ابن جبیر ہیں۔ قسم اوّل میں ان کے سوانح گزر چکے ہیں، بدری صحابہ رضی اللہ عنہم میں معروف ہیں، ابوعمر نے اپنے سوانح میں ذکر کیا ہے کہ وہ ۳۴ھ میں خلافت عثمان میں فوت ہوئے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان کی نماز جنازہ پڑھی۔

❁1 دلائل النبوة (٤٩٨/٥) جامع المسانيد (٣٢٤/١٤) ارواء الغليل للالبانی (١٩١/١١) اسد الغابه (٤٩/٥)

❁2 اسد الغابه (٦١٢٤) تجريد (١٨٩/٢) ❁3 مجمع الزوائد (١١٥/٨) جامع المسانيد والنن (٣١١/١٤) اسد الغابة (٥٣/٥)

❁4 اسد الغابه (٦١٣٨) استيعاب (٣١٥٣) تجريد (٢١٣/٢) ❁5 تاريخ كبير (٥٧/٨)

Marfat.com

حرفِ غین

القسم الاوّل ازحرفِ غین

۱۰۳۶۲ ابوغادیہ جھنی*

ان کا نام یسار ہے، بن سبع، خلیفہ کا قول ہے: شام میں رہے، انہوں نے روایت کی کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے فرماتے ہوئے سنا: ''تمہارے خون اور اموال حرام ہیں.....''۔ ✿

دوری نے بحوالہ ابن معین فرمایا: ابوغادیہ جھنی، عمار کو قتل کرنے والے، انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ انہوں نے ان میں اور ابوغادیہ جھنی میں فرق کیا ہے، مزنی نے فرمایا: ان سے عبدالملک بن عمیر نے روایت کی، بغوی کا قول ہے: ابوغادیہ جھنی، بعض نے کہا: ان کا نام یسار ہے، شام میں رہے، بخاری کا قول ہے: جھنی صحابی ہیں، اور یہ اضافہ کیا: نبی کریم ﷺ سے سنا اور ابوحاتم نے ان کی پیروی کی ہے، فرماتے ہیں: ان سے کلثوم بن جبر نے روایت کی، ابن سمیع کا قول ہے، بعض نے کہا: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔

انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت کی، حاکم نے فرمایا جیسا کہ بخاری کا قول ہے، اور یہ اضافہ کیا وہ عمار بن یاسر کے قاتل ہیں، مسلم نے کنیتوں میں فرمایا: ابوغادیہ یسار بن سبع، عمارہ کو قتل کیا۔ شرفِ صحابیت حاصل ہے، بخاری کا قول ہے: ابوزرعہ دمشقی، سب کا قول ہے: بحوالہ دحیم کہ ابوغادیہ جھنی کا نام یسار بن سبع ہے، انَ سب نے جھنی ان کی نسبت لکھی ہے۔ اسی طرح دارقطنی، عسکری، ابن ماکولا ✿ کا قول ہے: اسی طرح یعقوب بن شیبہ نے مسند عمار میں فرمایا: ہم سے مسلم بن ابراہیم نے بحوالہ والد ربیعہ بن کلثوم بن جبیر فرمایا: میں ''واسط قصب'' میں عبداعلیٰ بن عبداللہ بن عامر کے پاس تھا، دربان نے کہا: یہ ابوغادیہ الجھنی ہیں، انہوں نے کہا: انہیں اندر بلاؤ! تو ان کے پاس ایک شخص آیا، جس نے پیوند لگے کپڑے پہن رکھے ہیں درمیانہ قد گویا وہ اس اُمت کا شخص نہیں ہے۔ جب وہ بیٹھا تو اس نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے بیعت کی، میں نے کہا: ''اپنے دائیں ہاتھ سے؟'' اس نے کہا: جی ہاں۔ کہنے لگے: رسول اللہ ﷺ نے ہمیں عقبہ کے دِن خطبہ دیا، آپ ﷺ نے فرمایا: ''اے لوگو! تمہارے آپس کے خون اور مال تم پر حرام ہیں''.....(الحدیث)

اپنی روایت میں فرمایا: ہم عمار بن یاسر کو بہت نرم دِل شمار کرتے تھے، اللہ کی قسم! میں مسجد قباء میں تھا، جب وہ کہہ رہے تھے معقل یعنی عثمان نے ایسا کیا۔ فرماتے ہیں: اللہ کی قسم! اگر میرے ساتھی ہوتے میں اسے روند ڈالتا یہاں تک کہ قتل کر دیتا، جب

---

* اسد الغابہ (٦١٤٠) تجرید (١٩١/٢) ✿ مسند احمد (٧٦/٤) ✿ الاکمال (١٠٤/٢)

Marfat.com

صفین کا دِن ہوا تو وہ پہلے دستے میں چلتے ہوئے آئے جب وہ دونوں صفوں کے درمیان ہوئے تو ایک شخص نے ان کے گھٹنے میں نیزہ مارا، وہ گرے خود ان کے سر سے اتر گیا۔ اس پر وار کیا تو وہ ان کا سر تھا۔ راوی (جو اس موقع پر موجود تھے) فرماتے ہیں: لوگ ان پر تعجب کرتے تھے کہ انہوں نے یہ روایت سنی: بے شک تمہارے خون اور مال حرام ہیں، پھر بھی حضرت عمار کو قتل کر دیا۔

اسے احمد اور ابن سعد نے بحوالہ عفان نقل کیا ہے۔ احمد نے بحوالہ عبدالصمد بن عبدالوارث باضافہ نقل کیا ہے، دونوں نے ربیعہ سے نقل کیا ہے عفان کی روایت میں ہے، میں نے عمار سے سنا وہ مدینہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے بارے میں نازیبا الفاظ کہتے تھے۔ میں نے انہیں قتل کی دھمکی دی کہ اگر مجھے اللہ تعالیٰ نے تم پر دسترس دی تو ایسا بھی کر گزروں گا۔ صفین کے روز وہ لوگوں کے علمبردار تھے۔ جب وہ سامنے ہوئے تو لوگوں نے کہا: یہ عمار ہے، میں نے ان کے گھٹنے میں نیزہ مارا، وہ گر پڑے، پھر میں نے انہیں قتل کر دیا۔ عمرو بن عاص کو خبر دی گئی، انہوں نے کہا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: عمار کا قاتل اور اس کا سامان چھین لینے والا آگ میں جائے گا۔

عمرو سے کہا گیا: آپ کیسے ان کے مقابلہ میں لڑ رہے تھے؟ آپ نے فرمایا: ''ان کا قاتل اور ان کا سلب (سامان) چھیننے والا''۔ ابن ابی الدنیا نے بحوالہ والد محمد بن ابومعشر نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: اسی اثناء میں کہ حجاج بیٹھا ہوا تھا، ایک آدمی قریب قریب قدم رکھتے چل رہا تھا۔ جب حجاج نے اسے دیکھا تو کہا: ابوغادیہ کو خوش آمدید! اسے اپنے ساتھ چارپائی پر بٹھایا، کہنے لگے: تم نے ابن سمیہ (عمارہ بن یاسر) کو قتل کیا ہے؟ اس نے کہا: ہاں۔ انہوں نے کہا: تم نے کیسے قتل کیا۔ اس نے کہا: میں نے ایسا ایسا کیا، یہاں تک کہ میں نے اسے قتل کیا۔ حجاج نے کہا: اے اہل شام! جسے یہ پسند ہو کہ قیامت والے دِن بڑے ہاتھوں والے شخص کو دیکھے تو وہ اس کی طرف دیکھ لے، پھر ابوغادیہ نے سرگوشی میں حجاج سے کوئی چیز مانگی تو حجاج نے دینے سے انکار کر دیا، تو ابوغادیہ کہنے لگا: ''ہم ان لوگوں کے لیے دنیا کو روندتے ہیں اور پھر اسی کا سوال کر کے محروم رہتے ہیں اور ان لوگوں کا خیال ہے میں قیامت کے روز بڑے ہاتھوں والا ہوں گا، ہاں! اللہ کی قسم! جس کی داڑھ اُحد کے برابر اور جس کی رات ورقان کے برابر اور جس کی نشست مدینہ اور ربذہ کے درمیانی مقام جتنی ہوگی وہ قیامت کے روز واقعی لمبے ہاتھوں والا ہوگا''۔ ✿

میں کہتا ہوں: یہ روایت منقطع ہے۔ ابومعشر شیعہ ہیں اور ضعیف ہیں، اور اس اضافہ میں سخت برائی ہے۔ ان جنگوں میں صحابہ رضی اللہ عنہم کے متعلق یہ گمان رکھنا چاہیے کہ وہ تاویل کرنے والے تھے اور مجتہد سے غلطی بھی ہو جائے تو اسے اجر ملے گا، تو ایسی بات جب لوگوں میں سے کسی کے حق میں ثابت ہو جائے تو پھر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے لیے بطریق اولیٰ ثابت ہوگی۔

۱۰۳۶۳ ابوغادیہ مزنی ✿

کئی نے ان کے اور جہنی کے درمیان فرق کیا ہے۔ ابن سعد نے ان کی مخالفت کی ہے۔ فرماتے ہیں: بصرہ میں آنے والے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ہیں۔ ابوغادیہ مزنی، عمار کو قتل کیا، مسلم نے کنیتوں میں فرمایا: ابوغادیہ مزنی، یسار بن سبع، عمار کے قاتل

✿ مسند احمد (۷۶/٤) جامع المسانید والسنن (۳۳۱/۱٤) اسد الغابہ (۵۹/۵)
✿ اسد الغابہ (٦۱٤۱) استیعاب (۳۱۵۵)
✿ ابوغادیہ مزنی میں ان کے حالات گزر چکے ہیں۔

Marfat.com

ہیں، انہیں شرف صحابیت حاصل ہے۔ نسائی نے اسی طرح فرمایا: سوائے اس کے کہ انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے: ابن حبان نے ثقات سے طبقہ ثالثہ میں فرمایا: ابوغادیہ مزنی، یسار ابن سبع مراسیل میں روایت کیا ہے۔

میں کہتا ہوں: ان کا یہ نام غلط ہے، یہ تو جھنی کا نام ہے۔ تمام نے اپنے فوائد میں بطریق مساور بن شہاب بن مسرور بن سعد بن ابوغادیہ نقل کیا ہے، مجھ سے میرے والد نے، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے اپنے دادا سعد سے، انہوں نے اپنے والد سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ کی جماعت میں تھے۔ آپ ﷺ کے پاس سے جنازہ گزرا، آپ نے اس کے بارے میں پوچھا، انہوں نے کہا: مزینہ سے ہے۔ تھوڑی دیر گزری تو دوسرا جنازہ گزرا، آپ ﷺ نے پوچھا: ''کس قبیلے سے ہے؟'' لوگوں نے کہا: ''مزینہ سے ہے''۔ پھر تھوڑی دیگر گزری کہ تیسرا جنازہ گزرا، آپ ﷺ نے پوچھا: ''کس قبیلے سے ہے؟'' انہوں نے کہا: ''مزینہ سے ہے''۔ آپ ﷺ نے فرمایا: چلو مزینہ! تم میں سے کسی کو دجال نہیں پا سکے گا.....۔ (الحدیث)

ابن عساکر نے اس کی تخریج کے بعد فرمایا: غریب، میں نے اسے اس طریق سے لکھا ہے، راجح یہ ہے کہ مزنی جھنی نہیں، لیکن جس نے کہا کہ مزنی عمار کا قاتل ہے، اسے وہم ہوا ہے۔

۱۰۳۶۴ ابوغادیہ*

ان کا نام معلوم نہیں، اور کسی کی طرف منسوب نہیں، ابن سکن نے ان کا ذکر کیا ہے، ابن عبدالبر نے ام غادیہ کے سوانح میں فرمایا، ان کا ذکر ان کے طریق سے مجہول ہے، ابوعمر نے کنیتوں میں ان کا عنوان قائم نہیں کیا۔ ابن فتحون نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔

میں کہتا ہوں: جس حدیث کی طرف اشارہ کیا گیا اسے ابونعیم نے اس طرح بطریق محمد بن عبدالرحمٰن طفاوی بحوالہ عاص بن عمرو طفاوی نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ابوغادیہ، حبیب بن حارث، ام غادیہ رسول اللہ ﷺ کی طرف ہجرت کر کے گئے، وہ اسلام لائے، ایک خاتون کہنے لگیں: یا رسول اللہ! مجھے وصیت کیجئے، آپ ﷺ نے فرمایا: ''جو بات کان کو بری لگی اس سے بچنا (یہی میری وصیت ہے)''۔ * خواتین کی کنیتوں میں دوسرے طریق سے ان کا ذکر آئے گا۔

ابوموسیٰ نے اس حدیث کو مزنی کے سوانح میں نقل کیا ہے۔ ابوموسیٰ نے بھی مزنی کے سوانح میں حدیث نقل کی ہے: ''میرے بعد سخت فتنے ہوں گے، لوگوں میں سب سے بہتر دیہاتوں میں رہنے والے مسلمان ہوں گے، جو لوگوں کے خون اور مال سے ذرا بھی اپنے ہاتھ تر نہیں کرتے''۔ * اس حدیث کو طبرانی نے مسند یسار بن سبع میں لکھا ہے، ابن اثیر نے یقین کیا ہے کہ یہ حدیث جھنی کی ہے، کیونکہ اس معنی کی حدیث ہم نے بطریق کلثوم بن جبران سے روایت کی ہے، اور ان کے یقین کرنے میں تردد ہے۔

۱۰۳۶۵ ابوغاضرہ فقیمی

ان کا نام عروہ ہے، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

---

* تقدم ترجمتہ فی أبی الغادیۃ المزنی * مسند احمد (٧٦/٤)

* المعجم الکبیر (٩١٤/٢٢) الآحاد والمثانی (٤٢/٥) مجمع الزوائد (٢٤/٧) جامع المسانید والسنن (٣٣٤/١٤)

Marfat.com

۱۰۳۶۶ ابوغزوان ✿

عبداللہ بن عمرو بن عاص کی حدیث میں ان کا ذکر ہے، اسے طبرانی نے بطریق ابن وہب نقل کیا ہے کہ مجھ سے حیی بن عبدالرحمٰن نے بحوالہ عبداللہ بن عمر حدیث بیان کی، فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ کے پاس سات آدمی آئے، آپ ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ہر ایک نے ان میں سے ایک ایک کو ٹھہرایا۔ نبی کریم ﷺ نے ایک آدمی کو ٹھہرایا، اور اس سے فرمایا: ''تمہارا کیا نام ہے؟'' اس نے کہا: ابوغزوان، فرماتے ہیں: آپ ﷺ نے اس کے لیے سات بکریوں کا دودھ دوہا، وہ ان کا سارا دودھ پی گیا، نبی کریم ﷺ نے اس سے کہا: ''اے ابوغزوان! کیا تم اسلام لاؤ گے؟'' اس نے کہا: ہاں! پھر اسلام لے آئے۔ نبی کریم ﷺ نے ان کے سینے پر دست مبارک پھیرا، جب صبح ہوئی تو ان کے لیے ایک بکری کا دودھ دوہا، اس کا دودھ ختم نہ ہوا، آپ ﷺ نے فرمایا: ''اے ابوغزوان! تمہیں کیا ہوا؟'' انہوں نے کہا: اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے، میں سیراب ہو گیا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: ''تم سات آنتوں سے کھاتے تھے، آج میرے ساتھ تم ایک آنت سے کھاتے ہو''۔ ✿

۱۰۳۶۷ ابوغزوان

دوسرے ہیں۔ ابن سعد نے ذکر کیا ہے کہ انہوں نے بعض سے سنا کہ ان کی کنیت عتبہ بن غزوان، ابوغزوان ہے، معروف یہ ہے کہ ان کی کنیت ابوعبداللہ ہے۔

۱۰۳۶۸ ابوغزیہ انصاری ✿

انہوں نے نبی کریم ﷺ سے نام اور کنیت کو جمع کرنے کی ممانعت کے بارے میں حدیث سنی، بروایت یزید بن ربیعہ، بحوالہ والد غزیہ بن ابوغزیہ انصاری، ابوعمر نے مختصراً ان کا ذکر کیا ہے۔

ابن مندہ نے بطریق ابوحاتم رازی بحوالہ ربیعہ حدیث نقل کی ہے، ان کی ایک اور حدیث ہے جسے مطین نے جابر جعفی کے طریق سے بحوالہ ابوغزیہ انصاری نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ایک صحابی تلاوت کر رہے تھے تو ایک سائبان سا نظر آیا، انہوں نے نبی کریم ﷺ سے اس کا ذکر کیا، آپ ﷺ نے فرمایا: ''اگر تم تلاوت کرتے رہتے تو اس میں سے عجیب چیزیں دیکھتے''۔

اسے ابونعیم نے نقل کیا ہے، احتمال ہے کہ اس سے پہلے والے صحابی کے علاوہ ہوں۔

۱۰۳۶۹ ابوغسیل أعمی

بعض کا قول ہے: ابوبصیر، ثعلبی نے تفسیر میں حمید طویل کے طریق سے ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: آپ ﷺ نے ایک نابینا کو وضو کرتے ہوئے دیکھا تو اس سے فرمایا: ''پاؤں کے تلوے'' تو وہ پاؤں کے نیچے سے دھونے لگا یہاں تک کہ اس کا نام ابوغسیل پڑ گیا، خطیب نے تاریخ میں بطریق ابومعاویہ بحوالہ محمد بن محمود بن محمد بن سلمہ نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک نابینا شخص کے پاس

✿ اسد الغابہ (٦١٤٢) تجرید (١٩١/٢) ✿ مجمع الزوائد (٣٢/٥) اسد الغابہ (٦٠/٥)

✿ اسد الغابہ (٦١٤٣) استیعاب (٣١٥٦) تجرید (١٩١/٢)

Marfat.com

سے گزرے جو وضو کر رہا تھا، آپ ﷺ نے فرمایا: ''اے ابوبصیر! پاؤں کے تلوے، پاؤں کے تلوے''۔ تو اس کا نام ابوبصیر پڑ گیا۔

ابوموسیٰ نے ذیل میں ذکر کیا ہے کہ ابن مندہ نے اپنی تاریخ میں محمد بن محمود بن محمد بن سلمہ ذکر کیا ہے۔ ابوموسیٰ نے دو طریق سے بحوالہ یحییٰ بن سعید نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ایک نابینا کو وضو کرتے ہوئے دیکھا، آپ ﷺ نے فرمایا: ''اپنے قدموں کے تلوے دھوؤ''۔ تو وہ اپنے قدموں کے تلوے دھونے لگا، بقیہ حدیث کا ذکر نہیں کیا۔

۱۰۳۷۰ ابوغطیف*

اسماء میں غطیف میں گزر چکے ہیں، ان کے بارے میں اختلاف ہے۔

۱۰۳۷۱ ابوغلیظ*

بن امیہ بن خلف جمحی، بعض نے کہا: ابن مسعود بن امیہ بن خلف، ابوغلیظ کے نام میں اختلاف ہے۔ بعض نے کہا: عنبسہ، بعض نے کہا: نشیط، وہ عبداللہ بن معاویہ جمحی کے جد اعلیٰ ہیں جو ترمذی کے شیخ ہیں۔ خطیب* نے اسماعیل بن اسحاق رقی کے سوانح میں بحوالہ ابوعباس بن نجیح نقل کیا ہے، وہ میرے نزدیک ابن نجیح کے فوائد میں عالی سند سے ہے، فرماتے ہیں: ہم سے اسماعیل نے بحوالہ ابوغلیظ بن اُمیہ بن خلف نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ نے دیکھا کہ میرے ہاتھ پر چڑیا تھی، آپ ﷺ نے فرمایا: ''یہ پہلا پرندہ ہے جس نے عاشورا کے دِن روزہ رکھا''۔* اسماعیل کا قول ہے: عبداللہ بن معاویہ ابوغلیظ کا بیٹا تھا، اسے دوسرے طریق سے بحوالہ اسماعیل بن اسحاق نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ابوعلیط، پھر اسے تیسرے طریق سے بحوالہ عبداللہ بن معاویہ نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: میں نے اپنے والد سے سنا کہ انہوں نے اپنے والد سے سنا کہ وہ اپنے دادا سے روایت کر رہے ہیں، بحوالہ ابوامیہ بن عنبسہ بن امیہ بن خلف، پہلا قول قابل اعتماد ہے۔

اسے ابن قانع نے نقل کیا ہے، اپنی کتاب میں فرمایا: بحوالہ عبداللہ بن معاویہ، پہلے کا ذکر کیا، لیکن اسے سلمہ بن امیہ بن خلف کے سوانح میں یہ گمان کرتے ہوئے کہ یہ ان کی کنیت ہے نقل کیا ہے۔ ایسا نہیں جو بغوی کا گمان ہے۔

۱۰۳۷۲ ابوغنیم

ان کا نام قیس ہے، ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۳۷۳ ابوغَوث*

بن حصین خثعمی۔ فرع کا ایک شخص ہے، جو مدینہ کے نواح میں معروف جگہ ہے۔ بغوی نے ان کا ذکر کیا ہے، اور ان کی کوئی حدیث روایت نہیں کی۔ ابن ماجہ* نے اپنی حدیث میں نقل کیا ہے، نبی کریم ﷺ سے میت کی طرف سے حج کے بارے میں

---

* اسد الغابہ (٦١٤٥) استیعاب * اسد الغابہ (٦١٤٥) تجرید (١٩١/٢)
* تاریخ بغداد (٢٩٥/٦) * جامع المسانید والسنن (٣٣٧/١٤) اسد الغابہ (٦١/٥)
* اسد الغابہ (٦١٤٦) تجرید (١٩٢/٢) * ابن ماجہ (٢٩٠٥)

Marfat.com

پوچھا گیا، ان سے عطاء خراسانی نے روایت کی، اور ان سے کچھ نہیں سنا، فرماتے ہیں وہ عرج پر اترتے تھے، وہ فرع کا نواحی علاقہ ہے۔

نوٹ: قسم ثانی خالی ہے اور یہی حال قسم ثالث کا ہے۔

القسم الرابع ازحرف غین

۱۰۳۷۴ ابوغلیط

ان سے ایک حدیث مروی ہے جس کی سند میں مجہول راوی ہیں۔ اس کے الفاظ عجیب ہیں ان کا نام سلمہ بن حارث ہے ایسا ہی تجرید ✿ میں لکھا ہے۔ ابن الاثیر کی کتاب میں ان کا ذکر نہیں۔ کنیتوں کے علاوہ ناموں میں بھی ان کا تذکرہ نہیں ہے۔ واللہ المستعان

✿ ابن ماجہ (۲۹۰۵)

Marfat.com

حرف الفاء

القسم الاوّل ازحرفِ فاء

۱۰۳۷۵ ابوفاطمه ازدی ✿

بعض نے کہا: دوسی، بعض کا قول ہے: لیثی، ابن یونس نے مصر کی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے، فرمایا: دوسی صحابی ہیں، مصر کی فتح میں حاضر ہوئے، حاکم نے ان لوگوں میں ان کا ذکر کیا ہے، جن کا نام معلوم نہیں۔ فرماتے ہیں: ابوزرعہ، بغوی اور ابن سمیع نے شام آنے والے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابن ربیع جیزی نے مصر آنے والے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابن برقی کا قول ہے: مصر میں تھے، ان سے تین احادیث مروی ہیں، مسلم نے کنیتوں میں فرمایا اور ابواحمد نے ان کی پیروی کی ہے، انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ فضل غلابی کا قول ہے: ان کی قبر شام میں فضالہ بن عبید کی قبر کی طرف ہے۔ حاکم نے ان کے اور ابوفاطمہ لیثی کے درمیان فرق کیا ہے۔ فرماتے ہیں: مصری اور دوسرے نے ابوفاطمہ ازدی ہیں۔ فرماتے ہیں، بعض کا قول ہے: شامی۔ واللہ اعلم۔

مزی نے تہذیب میں فرمایا: ان کے نام میں اختلاف ہے، بعض نے کہا: انیس یا عبداللہ بن انیس۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی، ان سے کثیر بن قُلَیب، کثیر بن مرہ، ابوعبدالرحمٰن حُبلی نے روایت کی، ان سے مسلم بن عبداللہ جہنی نے مرسل روایت نقل کی ہے۔ دوس کے پاس ان کی حدیث حسن سند سے ہے۔

ابن مبارک نے زہد میں بطریق حارث بن یزید بحوالہ کثیر اعوج نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: ہم ذی صواری کے مقام پر تھے، ہمارے ساتھ ابوفاطمہ ازدی تھے۔ ان کی پیشانی اور دونوں گھٹنے سجدوں کی کثرت سے سیاہ ہو چکے تھے۔

۱۰۳۷۶ ابوفاطمه انصاری ✿

ابن شاہین نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور ضعیف طریق سے ابان بن ابی عیاش سے جو متروک راوی ہیں، بحوالہ انس ان کی حدیث نقل کی ہے کہ ابوفاطمہ انصاری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: ''تم پر روزہ فرض ہے بے شک اس کی مثل نہیں''۔ ✿

✿ اسد الغابہ (٦١٥٠) تجرید (١٩٢/٢) ✿ اسد الغابہ (٦١٤٨) تجرید (١٩٢/٢)

✿ نسائی (٤١٧٨) ابن ماجہ (١٤٢٢) مسند احمد (٤٢٨/٣) طبرانی (٨١٠/٢٢) الآحاد والمثانی (٢١٨/٢) مجمع الزوائد (٢٤٩) جامع المسانید والسنن (٣٤٣/١٤) مسند جامع (٣٢٤/١٦) اسد الغابہ (٦٢/٥)

Marfat.com

احتمال ہے کہ یہ ازدی ہوں، کیونکہ انصاری ازد سے ہیں، اور روزے کا بھی ذکر کیا، جو حدیث ازدی کے بعض طرق میں ہے، لیکن حدیث کا مخرج مختلف ہے۔

۱۰۳۷۷ ابوفاطمہ لیثی

حاکم نے بحوالہ دوسی ان کا الگ ذکر کیا ہے اور یہ بخاری کے حوالے سے نقل کیا ہے۔ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے، انہوں نے دوسی کے سوانح میں فرمایا، بعض کا قول ہے: لیثی، اس کا احتمال ہے۔

۱۰۳۷۸ ابوفاطمہ ضمری*

بخاری کا قول ہے: ابن ابواویس نے فرمایا: مجھ سے میرے بھائی نے بحوالہ مسلم بن عقیل مولیٰ زرقیین نقل کیا، میں عبیداللہ بن ابوایاس بن ابوفاطمہ ضمری کے پاس گیا۔ اور کہا: اے ابوعقیل! مجھ سے میرے والد نے بحوالہ میرے دادا روایت کی، فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا: ''تم میں سے کون پسند کرتا ہے کہ وہ تندرست رہے بیمار نہ ہو؟'' (الحدیث) اس میں ہے: ''بے شک اللہ تعالیٰ مومن کو آزماتا ہے، وہ اس کی کرامت کی وجہ سے آزماتا ہے۔ یا اس لیے کہ اس کا اللہ کے نزدیک ایک مقام ہے جس پر وہ آزمائشوں کے بغیر نہیں پہنچ سکتا''۔ * ابوعقیل مذکور کے سوانح میں ان کا ذکر کیا ہے، اس پر اضافہ نہیں کیا۔

مجھے ابن مندہ کی معرفہ میں یہ روایت عالی سند سے ملی ہے۔ بطریق ابوعامر عقدی بحوالہ عبداللہ بن ابوایاس، انہوں نے اپنے والد سے، انہوں نے اپنے دادا سے روایت کیا ہے، ابن مندہ کا قول ہے: اسے رشدین بن سعد نے بحوالہ عبداللہ نقل کیا ہے۔

میں کہتا ہوں: لیکن ان کے والد کا نام ایاس کے بجائے انس ہے، اسی طرح فرمایا: اسے حاکم نے رشدین کے طریق سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ایاس، شاید نسخے سے وہم ہوا ہے۔

۱۰۳۷۹ ابوفراس اسلمی

ربیعہ بن کعب، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خدام میں سے ہیں، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۳۸۰ ابوفراس اسلمی*

دوسرے ہیں، ان کا نام معلوم نہیں، بخاری نے ان دونوں کے درمیان فرق کیا ہے۔ حاکم نے ان کی پیروی کی ہے۔ بخاری نے بحوالہ ابوفراس جو قبیلہ اسلم کا ایک شخص ہے ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: ایک شخص نے کہا: یا رسول اللہ! اسلام کیا ہے؟.... (الحدیث)

ابوعمر نے حاکم کی پیروی میں فرمایا: زیادہ قوی یہ ہے کہ وہ دو ہیں، کیونکہ ابوفراس کا شمار اہل بصرہ میں ہے۔

ان سے ابوعمران جونی، ربیعہ بن کعب نے روایت کی، اہل مدینہ میں ان کا شمار ہے۔ زید بن دثنہ کے پاس آئے یہاں تک کہ وہ حرہ کے بعد وفات پا گئے حاکم نے اضافہ کیا ہے، اور دونوں کی حدیث کا الگ ذکر کیا ہے، وہ روایت اس روایت کے علاوہ

---

* اسد الغابہ (٦١٥١) تجرید (١٩٧/٢) * مجمع الزوائد (٢٩٣/٢)

* اسد الغابہ (٦١٥٤) تجرید (١٩٢/٢)

Marfat.com

ہے۔ اوروں نے اس کی تائید کی ہے کہ مشہور یہ ہے کہ ربیعہ بن کعب سے ابوسلمہ عبدالرحمٰن کے علاوہ کسی نے روایت نہیں کی، میں نے مستدرک حاکم میں مبارک بن فضالہ کے طریق سے بحوالہ عمران جونی نقل کیا ہے کہ مجھ سے ربیعہ بن کعب اسلمی نے روایت کیا، فرماتے ہیں: میں نبی کریم ﷺ کی خدمت کیا کرتا تھا.....۔ (الحدیث)

یہ حدیثِ ربیعہ ہے جسے محدثین نے ان کے حوالہ سے روایت کیا ہے۔ اگر مبارک بن فضالہ نے اسے یاد کیا تو وہ پہلی ہے۔ انہوں نے تاخیر کی یہاں تک کہ انہیں ابوعمران جونی ملے، انہوں نے ان کا دوبارہ نام لیا، اور دوسری کنیت لکھی، یہ زیادہ مناسب ہے کہ انہیں وہم ہوا ہے، ہاں میں نے بغوی سے مروی سند سے ابوفراس اسلمی کا ذکر دوسری حدیث میں پایا ہے، فرماتے ہیں: ابوفراس اسلمی مدینہ میں رہے۔ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے حدیث روایت کی پھر بطریق ابن لہیعہ بحوالہ ابوفراس اسلمی نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: ہم میں سے ایک نوجوان رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رہتا تھا اور آپ کی ضروریات کا خیال رکھتا۔ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ کو بیت الخلاء کے لیے پانی لا کر دیا، تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''مجھ سے مانگو میں تمہیں دوں گا''۔ انہوں نے کہا: اللہ سے دعا کر دیجئے کہ مجھے قیامت کے دِن آپ کے ساتھ کرے''۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''پھر سجود کی کثرت سے میری مدد کرو''۔ [1] یہ ربیعہ بن کعب کی حدیث کی طرح ہے۔ گویا وہ اس روایت میں مذکور نوجوان ہیں، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ابوفراس ربیعہ بن کعب کے علاوہ ہیں۔

۱۰۳۸۱ ابوفروہ

حارث بن ہشام، قاف میں آئیں گے، اس میں کہتے ہیں: ابوقُرّہ۔

۱۰۳۸۲ ابوفروہ اشجعی

وہ نوفل والد فروہ ہیں، اسماء میں گزر چکے ہیں۔ کنیتوں میں مسند حارث میں ان کا ذکر ہے۔

۱۰۳۸۳ ابوفریعہ اسلمی [2]

ابوعمر کا قول ہے: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے، حنین میں حاضر ہوئے، مجھے معلوم نہیں کہ انہیں روایت حاصل ہے۔

ابن مندہ نے ان کے لیے ان کے پوتوں کے طریق سے ان کی مسند سے روایت کیا ہے۔ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب صفین کے دِن لوگ متفرق ہوگئے۔ آپ ﷺ کے ساتھ بنوسلیم رہے: ''اے بنوسلیم! اللہ تعالیٰ تمہیں اس دِن نہیں بھرے گا''۔ [3] فرماتے ہیں: ابوفریعہ ان کی کنیت ہے۔

۱۰۳۸۴ ابوفسیلہ

واثلہ بن اسقع، ان کا ذکر گزر چکا ہے۔ بغوی، ابن ماجہ نے ان کی حدیث بطریق عباد بن کثیر فلسطینی، بحوالہ ان کی ایک

---

[1] مسلم (۱۰۹٤) ابوداؤد (۱۳۲۰) ترمذی (۳٤۱٦) نسائی (۱۱۳۷)

[2] اسد الغابہ (٦۱٥۷) استیعاب (۳۱٦٥) تجرید (۱۹۳/۲)

[3] جامع المسانید والسنن (۳٤۷/۱٤)

Marfat.com

خاتون نقل کی ہے، ان کا نام فسیلہ تھا، میں نے اپنے والد کو فرماتے ہوئے سنا، میں نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا: کیا یہ عصبیت ہے کہ آدمی اپنی قوم سے محبت کرے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''نہیں! عصبیت یہ ہے کہ آدمی ظلم میں اپنی قوم کی مدد کرے''۔ ❁

ابوداؤد نے بطریق سلمہ بنت بسر بحوالہ بنت واثلہ بن اسقع، انہوں نے اپنے والد سے نقل کیا ہے۔

میں کہتا ہوں: یارسول اللہ! عصبیت کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''یہ کہ ظلم پر اپنی قوم کی مدد کرو''۔

ابن عساکر نے اس کا یقین کیا ہے اور ان کی پیروی کرنے والوں نے بھی ان کا یقین کیا ہے کہ فسیلہ وہ بنت واثلہ ہیں جو اس روایت میں واضح نہیں۔

۱۰۳۸۵ ابوفضالہ انصاری ❁

احمد، حارث بن ابواسامہ نے اپنی اپنی مسند میں ان کا ذکر کیا ہے، ابن ابوخیثمہ، بغوی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ اسد بن موسیٰ نے صحابہ میں، بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے کنیتوں میں مختصراً ان کا ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں: ہم سے موسیٰ نے بحوالہ فضالہ بن ابوفضالہ انصاری روایت کیا، ابوفضالہ صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ شہید ہوئے، وہ اہل بدر میں سے تھے۔

اسے ابن ابوخیثمہ نے بحوالہ ابن راشد روایت کیا ہے، فرماتے ہیں: ان سے بحوالہ فضالہ کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''مجھے مرنے سے پہلے امیر بنایا جائے گا''۔ پھر یہ اس سے رنگین ہوگی یعنی ان کے سر کے خون سے ان کی داڑھی رنگین ہوگی۔ ❁

فضالہ نے فرمایا: میرے والد صفین میں ان کے ساتھ تھے، اور آپ کے ساتھ شہید ہوئے۔ ابوفضالہ اہل بدر میں سے ہیں۔

احمد نے اسے طویل روایت کیا ہے۔ اس میں ابوفضالہ کا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ قصے کا اضافہ کیا ہے۔ اس میں فضالہ موجود تھے۔ اسی طرح اسے بغوی نے بحوالہ محمد بن راشد طویل نقل کیا ہے۔

۱۰۳۸۶ ابوفضل عباس بن عبدالمطلب ہاشمی، رسول اللہ ﷺ کے چچا ہیں۔

۱۰۳۸۷ ابوفورہ حدیر اسلمی، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۳۸۸ ابوفکیہہ جہمی ❁

مولیٰ صفوان بن امیہ، بعض کا قول ہے: مولیٰ بنوعبددار، بعض نے کہا: وہ ازد سے ہیں، اسلام کے ابتدائی دور میں ایمان لائے، تو امیہ بن خلف نے ان کے پاؤں میں رسی ڈال کر باندھ لیا۔ پھر انہیں کھینچا اور رمضاء مقام پر ڈال دیا، اور اس کا گلہ گھونٹنے لگے۔ اس کا بھائی ابی بن خلف آیا، اس نے کہا: اور زیادہ تکلیف دو، وہ اسی طرح کرتا رہا یہاں تک کہ اس نے گمان کیا کہ وہ فوت ہوگئے ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ان کے پاس سے گزرے اور انہیں خرید کر آزاد کر دیا۔

ان کا نام یسار ہے، تحتانیہ میں گزر چکا ہے۔ بعض نے کہا ان کا نام افلح بن یسار ہے۔ عمر بن شبہ نے فرمایا: بعض کا قول

❁ اسد الغابہ (٦١٥٨) تجرید (١٩٣/٢) ❁ مسند احمد (١٠٢/١) اسد الغابہ (٦٦/٥)

❁ مسند احمد (١٠٢/١) اسد الغابہ (٦٦/٥) ❁ اسد الغابہ (٦١٤٢) تجرید (١٩٣/٢)

Marfat.com

ہے: اشعریین کی طرف منسوب ہیں۔

۱۰۳۸۹ ابوفیل خُزاعی ✿

مطین، ابن سکن وغیرہ نے ان کا ذکر کیا ہے، سماک بن حرب کے طریق سے نقل کیا ہے کہ مجھ سے عبداللہ بن جبیر خزاعی نے بحوالہ ابوفیل نقل کیا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''اسے گالی نہ دو''۔ ✿ یعنی ماعز بن مالک کو جب انہیں رجم کیا گیا۔

بغوی کا قول ہے: ان کی اس کے علاوہ حدیث نہیں اور ان سے ماک بن حرب کے علاوہ کسی نے روایت نہیں کی، ابن سکن کی روایت میں ہے: اسے گالی نہ دو یعنی عریب بن مالک کو، کتاب کے حاشیہ میں ہے، عریب ان کا نام اور ماعز ان کا لقب ہے۔

القسم الثانی ازحرفِ فاء

اس میں رجال میں سے کسی کا ذکر نہیں۔

القسم الثالث ازحرفِ فاء

۱۰۳۹۰ ابوفالج انماری ✿

ابن ابوحاتم نے ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: انہیں شرفِ صحابیت حاصل نہیں۔ حاکم نے ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: جاہلیت میں خون کھایا، نبی کریم ﷺ کا زمانہ پایا، فتح کے بعد حمص آئے، معاذ بن جبل کے ساتھ تھے۔

یہ باقی سب بحوالہ محمد بن زیاد مذکور ہے، فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ کے چند ساتھیوں اور ان لوگوں کا زمانہ پایا جو اسلام لائے تھے اور نبی کریم ﷺ زندہ تھے، خون کا کھانا جاہلیت میں تھا۔

ان سے محمد بن زیاد الہانی، مروان بن رُوبہ نے روایت کی، بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے: ابو یمان نے فرمایا، ہم سے صفوان بن عمرو نے بحوالہ ابوفالج روایت کیا، فرماتے ہیں: حمص کی فتح کے بعد حمص آئے، احمد نے بطریق شرحبیل بن مسلم نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: میں نے دو آدمیوں کو جاہلیت میں خون کھاتے ہوئے دیکھا، وہ یہ ہیں: ابوعنبہ خولانی اور ابوفالج انماری۔ ✿

ابوزرعہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کے بعد طبقہ علیا میں ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: معاذ کے ساتھ تھے، ابوعیسیٰ نے حمصیین میں ابوعبیدہ اور معاذ کے ساتھیوں میں ان کا ذکر کیا ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے جابیہ کے خطبے میں ۱۶ھ میں موجود تھے۔

۱۰۳۹۱ ابوفراس نهدی

انہوں نے نبوت کا زمانہ پایا، ابوداؤد میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ ان کا قصہ ہے۔ اسحاق بن راہویہ نے ذکر کیا ہے کہ وہ ربیع بن زیاد حارثی ہیں، بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس کا ردّ کیا ہے۔ خلیفہ کا قول ہے: ربیع بن زیاد کی کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے، ممکن ہے کہ ان کی دو کنیتیں ہوں۔

✿ اسد الغابہ (٦١٦٢) تجرید (١٩٣/٢)

✿ طبرانی (٨١٧/٢٢) مجمع الزوائد (٣٩٩/٩) کشف الاسرار (٢٥٩/١) کنز العمال (٣٣٦٤٥) اسد الغابہ (٦٧/٥)

✿ اسد الغابہ (٦١٥٢) تجرید (١٩٢/٢) ✿ مسند احمد (٢٠٠/٤)

Marfat.com

۱۰۳۹۲ ابوفرقد

انہوں نے نبوت کا زمانہ پایا، اور اہواز کی فتح میں ۱۸ھ میں حاضر ہوئے۔ ابن ابوشیبہ کا قول ہے: ہم سے ریحان بن سعید نے بحوالہ ابوفرقد روایت کی۔ فرماتے ہیں: سوق اھواز میں فتح کے دِن ہم ابوموسیٰ کے ساتھ تھے۔ مشرکین میں سے ایک شخص دوڑا، اس سے مسلمانوں میں سے ایک شخص نے کہا: بچاؤ کرو۔ تو فوراً ابوموسیٰ نے فرمایا: یہ امان ہے، اور اسے چھوڑ دیا۔

القسم الرابع ازحرفِ فاء

۱۰۳۹۳ ابوفاختہ ✿

تابعی ہیں، تابعین میں معروف ہیں، مرسل حدیث نقل کی ہے۔ بعض نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے، ابن مندہ کا قول ہے: صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر ہے، جو ثابت نہیں۔ ہشام بن محمد بن عمارہ کے طریق سے بحوالہ ابوفاختہ روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ملے..... (الحدیث)

عجلی، ابن حبان وغیرہ نے ثقات تابعین میں ان کا ذکر کیا ہے، یہ قابل توجہ ہے۔ ان کا نام سعید بن علاقہ ہے، مذکور حدیث ابوداؤد طیالسی نے نقل کی ہے۔ بحوالہ والد عمرو بن ثابت، فرماتے ہیں: ابوفاختہ سے بحوالہ علی فرماتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور ہمارے ہاں رات گزاری..... (الحدیث) ✿

۱۰۳۹۴ ابوفاطمہ ضمری ✿

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے؛ ان کے سوانح میں ابوفاطمہ ازدی کی ایک حدیث نقل کی ہے، ان دونوں کا مخرج ایک ہے، گویا بعض راویوں نے ان کی نسبت میں غلطی کی ہے، احتمال ہے کہ لیثی پہلے پر مقدم ہوں کیونکہ لیث اور ضمرہ بنوکنانہ سے ہیں جیسا کہ دوس اور انصار ازد سے ہیں۔

۱۰۳۹۵ ابوفحم بن عمرو ✿

ابوموسیٰ نے بحوالہ مستغفری ان کا ذکر کیا ہے۔ انہوں نے بحوالہ ابوعلی سمرقندی میں ✿ بحوالہ ابوفحم بن عمرو نقل کیا ہے کہ انہوں نے احجار زیت کے پاس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔

میں کہتا ہوں: وہ واضح تبدیلی ہے۔ وہ بحوالہ عمیر مولیٰ آبی اللحم مروی ہے انہوں نے عمیر کو بدل کر عمر کر دیا، اور اسے اپنی جگہ سے مؤخر کر دیا، اور مولیٰ کو بدل کر بیٹا کر دیا، آبی کو بدل دیا وہ اسم فاعل ہے اسے کنیت بنا دیا، لام کو بدل کر فاء کر دیا، یہ حدیث عمیر سے مشہور ہے۔ واللہ اعلم!

✿ اسد الغابہ (٦١٤٧) تجرید (١٩٢/٢)

✿ مسند احمد (١٠١/١) مسند ابویعلیٰ (٥١٠) المعجم الکبیر (٢٦٢٢/٢٩) مجمع الزوائد (١٦٩/٩) جامع المسانید والسنن (٣٤١/١٤)

✿ ۱۰۳۷۱ میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔ ✿ اسد الغابۃ (٦١٥٣) تجرید (١٩٢/٢) ✿ اسد الغابہ (٦٤/٥)

Marfat.com

حرف القاف

القسم الاوّل ازحرفِ قاف

۱۰۳۹۶ ابوقابوس

ان کا نام مخارق ہے، ان کا ذکر گزر چکا ہے، بعض کا قول ہے: ابومخارق۔

۱۰۳۹۷ ابوقاسم انصاری ✿

انس کا قول ہے: رسول اللہ ﷺ بقیع میں تھے، ایک شخص نے کہا: اے ابوقاسم! رسول اللہ ﷺ متوجہ ہوئے تو اس نے کہا: یا رسول اللہ ﷺ! میں نے آپ کو نہیں بلایا، میری مراد فلاں تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''میرے نام پر نام رکھو اور میری کنیت پر کنیت نہ رکھو''۔ ✿

اسے بخاری نے نقل کیا ہے: مجھے اس شخص کا نام اور نسب معلوم نہیں۔

۱۰۳۹۸ ابوقاسم ✿

مولیٰ ابوبکر صدیق، خیبر میں شریک ہوئے، بعض کا قول ہے: اس کا نام قاسم ہے، اسے ابن ابوخیثمہ نے بطریق مطرف بحوالہ ابوقاسم مولیٰ ابوبکر صدیق نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: جب خیبر فتح ہوا تو ہم نے لہسن کھایا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے یہ بدبودار ترکاری کھائی وہ ہماری مسجدوں میں نہ آئے، یہاں تک کہ اس کی بدبو اس کے منہ سے دور ہو جائے''۔ ✿

مطین، بغوی، دولابی نے دوسرے طریق سے بحوالہ ابوقاسم مولیٰ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نقل کیا ہے کہ عہد نبوی ﷺ میں ایک شخص نے اپنے بھائی کو تلوار سے مارا، وہ مر گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم نے اس کے قتل کا ارادہ کیا تھا؟'' اس نے کہا: یا رسول اللہ! جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''جاؤ! جب تک چاہو زندہ رہو''۔ ابن ابوخیثمہ کے الفاظ ہیں، دوسروں کے نزدیک: ''جب تک طاقت رکھتے ہو زندہ رہو''۔

۱۰۳۹۹ ابوقاسم

محمد بن حاطب جمحی، ابوقاسم، محمد بن طلحہ بن عبیداللہ، اسماء میں گزر چکے ہیں۔

✿ اسد الغابہ (٦١٦٣) تجرید (١٩٣/٢)

✿ بخاری، کتاب البیوع، باب ما ذکر فی الأسواق (الحدیث: ٢١٢٠، ٢١٢١) السنن الکبریٰ (٣٠٨/٩) اسد الغابۃ (٦٨/٥)

✿ اسد الغابہ (٦١٦٤) تجرید (١٩٣/٢)

✿ جامع المسانید والسنن (٣٥١/١٤) اسد الغابہ (٦٨/٥)

Marfat.com

۱۰۴۰۰ ابوقاسم*

ان کا نام معلوم نہیں، کسی کی طرف نسبت نہیں، انہوں نے نبی کریم ﷺ سے روایت کی۔ ان سے بکر بن سوادہ نے روایت کی، مستغفری نے ان کا ذکر کیا ہے۔ ابوموسیٰ نے اپنے استدراک میں اور ابوعمر نے ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: مجھے معلوم نہیں، کیا وہ مولیٰ ابوبکر ہیں یا مولیٰ زینب بنت جحش ہیں؟ یا ان دونوں کے علاوہ کسی کے مولیٰ ہیں۔

میں کہتا ہوں: اس کا ذکر نہیں کہ مولیٰ زینب ہیں۔

۱۰۴۰۱ ابوقبیصہ

ذؤیب خزاعی ہیں، حاکم نے ذکر کیا، ابوقبیصہ ہُلب؟ دولابی نے ان کا ذکر کیا ہے۔ اسماء میں دونوں گزر چکے ہیں۔

۱۰۴۰۲ ابوقتادہ بن ربعی انصاری*

مشہور ہے کہ ان کا نام حارث ہے، واقدی، ابن قداح، ابن کلبی نے یقین کیا ہے کہ ان کا نام نعمان ہے۔ بعض کا قول ہے: ان کا نام عمرو ہے، ان کے والد ربعی ہیں، وہ ابن بلدمہ بن خناس بن عبید بن غنم بن سلمہ انصاری خزرجی سلمی ہیں۔ ان کی والدہ کبشہ بنت مطہر بن حرام بن سواد بن غنم ہیں۔ ان کے بدر میں حاضر ہونے کے بارے میں اختلاف ہے۔ موسیٰ بن عقبہ اور ابن اسحاق نے ان کا تذکرہ نہیں کیا، وہ اس پر متفق ہیں کہ وہ اُحد میں اور اس کے بعد کے غزوات میں شریک ہوئے۔ انہیں رسول اللہ ﷺ کا شہسوار کہا جاتا تھا۔

صحیح مسلم میں یہ ثابت ہے یہ سلمہ بن اکوع کی طویل حدیث میں ہے جس میں ذی قرد وغیرہ کا قصہ ہے۔

واقدی رحمۃ اللہ علیہ نے بطریق یحییٰ بن عبداللہ بن ابوقتادہ بحوالہ ان کے والد نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ مجھے ذی قرد کے دِن ملے میری طرف دیکھا تو فرمایا: ''اے اللہ! اس کے بالوں اور جلد میں برکت فرما اور اس کے چہرے کو سرخرو فرما''۔ میں نے عرض کی: اللہ کے رسول ﷺ! اور آپ کا چہرہ؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''یہ تمہارا چہرہ نہیں؟'' میں نے عرض کیا: جو تیر مجھے لگا تھا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''قریب ہو جاؤ''۔ میں نزدیک ہوا تو اس پر لعاب لگایا پھر نہ اس پر وار ہوا اور نہ وہ ہرا ہوا۔* طویل حدیث میں ان کا ذکر ہے۔

سلمہ بن اکوع نے طویل حدیث میں فرمایا جسے مسلم نے نقل کیا ہے: ''ابوقتادہ ہمارے اچھے شہسوار اور سلمہ بن اکوع ہمارے اچھے پیادہ ہیں''۔

یہ قصہ ابن مندہ کی معرفہ میں عالی سند سے ہے۔ خود حدیث ابوقتادہ میں معجم صغیر طبرانی کے آخر میں یہ قصہ ہے، انہیں

---

* اسد الغابہ (٦١٦٥) استیعاب (٣١٧٠) تجرید (١٩٤/٢)

* اسد الغابہ (٦١٦٦) تجرید (١٩٤/٢)

* المعجم الکبیر (٢٢/٧) کنز العمال (٢٩٩٠٨) مجمع الزوائد (٣٦٣/٩) اسد الغابہ (٦٩/٥)

Marfat.com

رسول اللہ ﷺ کا شہسوار کہا جاتا تھا۔

اسی طرح بحوالہ معاذ اور عمر روایت کیا، ان سے ان کے دونوں بیٹوں ثابت، عبداللہ اور ان کے مولا ابومحمد نے روایت کیا جو نافع اقرع ہیں۔ انس، جابر، عبداللہ بن رباح، سعید بن کعب بن مالک، عطا بن یسار اور دوسرے لوگوں نے روایت کی۔

ابن مندہ کا قول ہے: احد اور اس کے بعد غزوات میں حاضر ہوئے، حاکم کا قول ہے: بعض نے کہا: بدری ہیں۔ ایاس بن سلمہ نے بحوالہ اپنے والد فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہمارے شہسواروں میں سب سے بہتر ابوقتادہ ہیں۔ ابونضرہ نے بحوالہ ابوسعید فرمایا: مجھے اس شخص نے بتایا جو مجھ سے بہتر ہے ابوقتادہ۔

ایک روایت میں بحوالہ ابوقتادہ جو فاطمہ بنت محمد صالحیہ کے سامنے پڑھا گیا اور ہم سن رہے تھے بحوالہ نصیر بن شیرازی، ہمیں عبدالحمید بن عبدالرشید نے اپنی کتاب میں خبر دی کہ ہمیں حافظ ابوعلاء نے بحوالہ ابوقتادہ بتایا کہ انہوں نے بدر کی رات نبی کریم ﷺ کے لیے پہرہ دیا آپ ﷺ نے فرمایا: ''اے اللہ! ابوقتادہ کی حفاظت فرما، جیسا کہ اس نے تیرے نبی ﷺ کا اس رات پہرہ دیا''۔

اس میں بحوالہ قتادہ مروی ہے، فرماتے ہیں: مشرکین رسول اللہ ﷺ کی اونٹنیوں پر ٹوٹ پڑے تو میں ان کا پیچھا کر کے ان تک پہنچ گیا، مسعدہ کو میں نے قتل کر دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے جب مجھے دیکھا تو فرمایا: ''فلاح پائے چہرہ''۔ طبرانی کا قول ہے: ابوقتادہ سے ان کے بیٹے کے علاوہ کسی نے روایت نہیں کی۔ ہم نے اسے عبدہ سے سنا ہے، وہ فصیح، عقلمند اور دیانت دار خاتون تھیں۔

میں کہتا ہوں: پہلی حدیث بحوالہ ابوقتادہ طویل قصے کے ساتھ مروی ہے۔ بروایت عبداللہ بن رباح، بحوالہ ابوقتادہ، فرماتے ہیں: میں بعض سفروں میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا، جب اپنی سواری سے جھکے تو میں نے سہارا دیا، تو آپ ﷺ بیدار ہوئے پھر حدیث ذکر کی، اس میں ہے: ''اللہ تعالیٰ تمہاری حفاظت کرے جیسے تم نے اس کے نبی (ﷺ) کی حفاظت کی''۔

اسے مسلم نے طویل نقل کیا ہے۔ اس میں ہے ان لوگوں کے نماز پڑھے بغیر سوئے رہنے کا واقعہ ہے، اس کے آخر میں ہے: ''قوم کو پلانے والے سب سے آخر میں پئیں''۔ [1]

بدر کی رات عبدہ کی روایت میں ان کا قول غلط ہے، کیونکہ وہ بدر میں شریک نہیں، دوسری حدیث میں اس کی طرف اشارہ گزر چکا ہے۔

خلافت علی رضی اللہ عنہ میں کوفہ میں ابوقتادہ کی وفات ہوئی، بعض نے کہا: ان پر چھ تکبیریں کہی گئیں، فرماتے ہیں: وہ بدری ہیں، حسن بن عثمان نے فرمایا: ۶۰ھ میں فوت ہوئے، حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ جنگ میں شریک ہوئے۔ [2] خلیفہ کا قول ہے: مکہ پر انہیں امیر بنایا، اس کے بعد قثم بن عباس کو امیر بنایا، واقدی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے: مدینہ میں ۵۴ھ میں فوت ہوئے اور بہتر (۷۲) سال عمر پائی۔ بعض کا قول ہے: ستر (۷۰) سال کے تھے۔ فرماتے ہیں: مجھے معلوم نہیں ہمارے علماء میں اس بارے میں اختلاف ہو، اہل کوفہ نے روایت کی کہ وہ کوفہ میں فوت ہوئے۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اوسط میں پچاس (۵۰) اور ساٹھ (۶۰) کے درمیان وفات پانے والوں میں ان کا ذکر کیا ہے، اور ان

---

[1] مسلم (۳۱۱/۶۸۱) [2] جامع المسانید والسنن (۳۵۲/۱۴) اسد الغابہ (۶۹/۵)

Marfat.com

کی سند سے نقل کیا کہ مروان جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف سے مدینہ کے والی تھے، تو ابوقتادہ کی طرف ایک شخص کو بھیجا تا کہ انہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کے ٹھہرنے کی جگہ دکھائیں وہ ان کے ساتھ گئے، انہوں نے وہ مقامات انہیں دکھائے۔

عبدالرزاق کی روایت بھی اس کے مؤخر ہونے پر دلالت کرتی ہے جو بحوالہ عبداللہ بن محمد بن عقیل مروی ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ جب مدینہ آئے تو ان سے لوگ ملے، انہوں نے ابوقتادہ سے فرمایا: اے انصار کی جماعت! مجھے تمہارے سوا تمام لوگ ملے ہیں۔

۱۰۴۰۳ ابوقتادہ سدوسی

مسند بقی بن مخلد میں ان کی حدیث ہے، اسی طرح تجرید ✿ میں ہے۔

۱۰۴۰۴ ابوقتیلہ

ان کا نام مرثد بن وداعہ حمصی ہے، اسماء میں گزر چکے ہیں، ابن ابوخیثمہ اور بغوی نے کنیتوں میں اسے نقل کیا ہے۔

۱۰۴۰۵ ابوقحافہ

عثمان بن عامر تیمی، ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے والد ہیں، اسماء میں گزر چکے ہیں۔

۱۰۴۰۶ ابوقحافہ ✿

بن عفیف مری ہے، ابن عساکر نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں، بعض کا قول ہے: انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ دمشق ✿ میں رہے۔ فرماتے ہیں: ابوحسن رازی والد تمام نے ان میں سے بعض سے ذکر کیا ہے کہ سویقہ جناح میں جو گھر ہے وہ ابوقحافہ اور معاویہ جو عفیف کے بیٹے ہیں ان کے گھر ہیں، ان دونوں کو شرفِ صحابیت حاصل ہے۔

۱۰۴۰۷ ابوقدامہ انصاری ✿

ابوعباس بن عقدہ نے کتاب الموالاۃ میں ان کا ذکر کیا ہے۔ جس میں حدیث کے کئی طرق جمع ہیں: ''میں جس کا دوست ہوں علی اس کا دوست ہے''۔ ✿

اس میں محمد بن کثیر کے طریق سے بحوالہ ابوطفیل نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ہم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس تھے، انہوں نے کہا میں اللہ کی قسم دیتا ہوں جو غدیر خُم کے دِن حاضر تھے کھڑے ہوں، سترہ آدمی کھڑے ہوئے، ان میں ابوقدامہ انصاری تھے۔ انہوں نے گواہی دی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوموسیٰ نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے، اس کے بعد والے حالات میں ان کے والد کا نام اور تمام ان کا نسب ہے، مذکور ہے۔

✿ التجرید (۱۶۸) ✿ اسد الغابہ (۶۱۶۸) تجرید (۱۹۴/۲)

✿ اسد الغابہ (۷۰/۵) ✿ اسد الغابہ (۶۱۶۹) استیعاب (۳۱۷۳) تجرید (۱۹۴/۲)

✿ مسند احمد (۷۰/۴) المعجم الکبیر (۴۹۶۸/۵) مجمع الزوائد (۱۰۴/۹) جامع المسانید والسنن (۴۰۲/۱۴)

Marfat.com

۱۰۴۰۸ ابوقدامہ بن حارث ✿

بنوعبدمناۃ بن کنانہ سے ہیں، بعض کا قول ہے: بنوعبد بن کنانہ سے ہیں، ابن دباغ نے بحوالہ عدوی ان کا ذکر کیا ہے، رماتے ہیں: وہ اُحد میں شریک ہوئے، ابن عبدالبر کی کتاب پر اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابن اثیر ✿ نے اس کی پیروی کی ہے۔ ابن دباغ نے بحوالہ عدوی اضافہ کیا ہے، وہ اُحد میں پانچ سال کے تھے، زندہ رہے یہاں تک کہ صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ شہید ہوئے، ان کی نسل نہیں بڑھی، فرماتے ہیں بعض کا قول ہے: ابوقدامہ بن سہل بن حارث بن جعدبہ بن ثعلبہ بن سالم بن مالک بن واقف ہیں، وہ سالم ہیں۔

میں کہتا ہوں: یہ انصار میں سے دوسرے ہیں، بنوکنانہ کے ساتھ جمع نہیں ہوئے، وہ اس کے علاوہ ہیں۔ شاید یہ پہلے والے ہیں جن کا ذکر ابھی گزرا ہے۔

۱۰۴۰۹ ابوقراد سلمی ✿

ابن ابوعاصم، ابن سکن نے ان کا ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں: اہل بصرہ نے ان کی حدیث نقل کی ہے۔ دونوں نے اسے بطریق ابوجعفر خطمی بحوالہ ابوقراد سلمی نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ہم نبی کریم ﷺ کے پاس تھے، جب آپ نے وضو کے لیے پانی منگوایا اس میں ہاتھ ڈالا اور وضو کیا، ہم نے آپ کو تلاش کیا اور وہ پانی تھوڑا تھوڑا پی لیا، جب آپ ﷺ فارغ ہوئے تو فرمایا: ''اس کام پر تمہیں کس نے آمادہ کیا؟'' ہم نے کہا: اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت نے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اگر تم یہ پسند کرتے ہو کہ اللہ اور اس کا رسول تم سے محبت کرے تو امانتیں ادا کرو، بات کرو تو سچ بولو، اور اپنے پڑوسیوں سے اچھا سلوک کرو''۔ ✿ اس کا مدار عبداللہ بن قیس ہیں، وہ ضعیف راوی ہیں۔

ایک اور ضعیف راوی نے ان کی مخالفت کی ہے، وہ حسن بن ابوجعفر ہیں، ان دونوں نے اسے ابوجعفر خطمی سے بحوالہ عبدالرحمٰن بن ابوقراد روایت کیا، دونوں میں سے ایک طریق وہم ہے۔ یہ اس لائق ہے کہ یہ اولیٰ ہو۔ میں نے عبدالرحمٰن میں اس پر تنبیہ کر دی ہے۔

۴۰۴۱۰ ابوقرصافہ

ان کا نام جندرہ ہے۔ اسماء میں گزر چکے ہیں۔

۱۰۴۱۱ ابوقُرّہ ✿

مولیٰ عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام مخزومی، بعض کا قول ہے: ابوفروہ۔ ابوعمر کا قول ہے: رسول اللہ ﷺ کے عہد میں ایمان لائے۔ واقدی نے ان کے حوالے سے ذکر کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا: ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مال تقسیم کیا، میرے لئے

✿ پہلے سوانح میں گزر چکے ہیں۔ ✿ اسد الغابہ (۷۱/۵) ✿ اسد الغابہ (٦١٧٠) استیعاب (٣١٧٤) تجرید (١٩٤/٢)
✿ الآحاد والمثانی (۸۱/۳) ✿ تجرید (۱۹۵/۲)

Marfat.com

میرے مولیٰ کی طرح حصہ دیا، ابوعمر نے حرف فاء میں اور حاکم نے حرف قاف میں ان کا ذکر کیا ہے، دوسرا اولیٰ ہے۔

۱۰۴۱۲ ابوقُرّہ بن معاویہ

بن وہب بن قیس بن حجر کندی، ابن کلبی نے ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: شریف آدمی تھے، نبی کریم ﷺ کے پاس وفد میں آئے، ابن سعد نے ذکر کیا ہے کہ ان کا بیٹا عمرو بن ابوقرہ شریح کے بعد کوفہ کے قاضی بنا۔

۱۰۴۱۳ ابوقریع

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: طالب بن قریع نے بحوالہ اپنے والد، انہوں نے اپنے دادا سے حدیث روایت کی ہے، فرماتے ہیں: میں حج کے موقع پر رسول اللہ ﷺ کی اونٹنی کے ساتھ تھا۔

۱۰۴۱۴ ابوقصم

اُحد کے دِن لڑائی کے وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کی یہ کنیت رکھی۔ ابن اسحاق نے ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۴۱۵ ابوقطبہ بن عمرو

یا عامر بن حدیدہ انصاری، ان کا نام یزید ہے۔

۱۰۴۱۶ ابوقطن

وہ قبصہ بن مخارق ہلالی ہیں، اسماء میں دونوں گزر چکے ہیں۔

۱۰۴۱۷ ابوقُلب

تجرید میں مذکور ہے کہ بقی بن مخلد نے اپنی مسند میں ان کی ایک حدیث نقل کی ہے۔

۱۰۴۱۸ ابوقمراء

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے۔ اور بطریق ابوعبدالرحمٰن نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ہم سے شریک نے گویا وہ ابن ابونمر ہیں بحوالہ ابوقمراء فرماتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کی مسجد میں حلقہ باندھے ہوئے تھے، ہم باتیں کر رہے تھے، رسول اللہ ﷺ اپنے حجرے سے ہمارے پاس آئے، پھر اصحاب قرآن کے پاس بیٹھ گئے، فرمایا: ''اس مجلس کا مجھے حکم دیا گیا ہے''۔

۱۰۴۱۹ ابوقنشر

وہ حبان بن ابجر ہیں، اسماء میں گزر چکے ہیں، ابواحمد نے ان کی کنیت ذکر کی ہے۔

اسد الغابہ (٦١٧٢) تجرید (١٩٤/٢) اسد الغابہ (٧١/٥) اسد الغابہ (٦١٧٣) تجرید (١٩٥/٢)

جامع المسانید والسنن (٤٠٤/١٤) اسد الغابہ (٧١/٥) التجرید (١٦٨) اسد الغابہ (٦١٧٦) تجرید (١٩٥/٢)

کنز العمال (٤٠٤٠) جامع المسانید والسنن (٤٠٥/١٤) اسد الغابہ (٧٣/٥)

Marfat.com

۱۰۴۲۰ ابوقیس

صرمہ بن ابوقیس یا ابن ابوانس یا اس کے علاوہ ہیں، ان کے مکمل حالات حرف صاد میں گزر چکے ہیں۔

۱۰۴۲۱ ابوقیس بن حارث [1]

بن قیس بن عدی بن سعد بن سہم قرشی، اسلام کی طرف سبقت کرنے والے اور حبشہ کی طرف ہجرت کرنے والوں میں سے ہیں، اُحد اور اس کے بعد غزوات میں شریک ہوئے۔ عبداللہ بن حارث کے بھائی ہیں۔ یہ سب محمد بن اسحاق [2] نے ذکر کیا ہے۔

ابوعمر نے بحوالہ محمد بن اسحاق نقل کیا ہے کہ ان کا نام عبداللہ بن حارث ہے۔ ابن اثیر [3] نے تعاقب کیا ہے کہ مغازی کے نسخے بحوالہ ابن اسحاق اس پر متفق ہیں کہ عبداللہ ان کے بھائی ہیں، ان کا نام ہی ان کی کنیت ہے۔ موسیٰ بن عقبہ نے حبشہ کی طرف ہجرت کرنے والوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابن اسحاق [4] نے بھی ذکر کیا ہے کہ یمامہ میں شہید ہوئے، اسی طرح زبیر بن بکار نے ذکر کیا ہے۔

۱۰۴۲۲ ابوقیس بن عمرو

بن عبدودّ بن عبد بن ابوقیس بن عبدودقد بن نصر بن مالک بن حسل بن عامر قرشی عامری، ان کے والد قریش کے زمانے میں شہسوار تھے، یہ وہی ہیں۔ جنہوں نے غزوۂ خندق میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مبارزت کی تھی، تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انہیں قتل کردیا۔ زبیر نے ان ابوقیس کی ایک بیٹی ذکر کی ہے، عمرو بن عبدودّ کی نسل میں سوائے اس کی نسل کے کوئی باقی نہ رہا۔

۱۰۴۲۳ ابوقیس جہنی [5]

فتح کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے، گاؤں میں رہتے تھے، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی خلافت کے آخر تک زندہ رہے۔ [6] یہ واقدی رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کیا ہے۔

۱۰۴۲۴ ابوقیس بن معلی [7]

بن لوذان بن حارثہ انصاری خزرجی، ابن کلبی نے ذکر کیا ہے کہ وہ بدر میں حاضر ہوئے۔ ابن اثیر [8] نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۴۲۵ ابوقیس بن أسلت [9]

اسلت کا نام ونسبت یہ ہے: عامر بن جشم بن وائل بن زید بن قیس بن عامر بن مرہ بن مالک بن اوس اُوسی، ان کے نام میں

---

[1] اسد الغابہ (٦١٨٠) استیعاب (٣١٧٩) تجرید (١٩٦/٢) [2] السیرۃ النبویۃ (١١٦/٢) (١١٧/٢)
[3] اسد الغابہ (٧٣/٥) [4] السیرۃ النبویۃ (١١٦/٢) (١١٧/٢) [5] اسد الغابہ (٦١٨١) استیعاب (٣١٨١) تجرید (١٩٦/٢)
[6] اسد الغابہ (٧٥/٥) [7] اسد الغابہ (٦١٨٢) تجرید (١٩٦/٢) [8] اسد الغابہ (٧٥/٥) [9] اسد الغابہ (٦١٧٩) تجرید (١٩٥/٢)

Marfat.com

اختلاف ہے، بعض کا قول ہے: صیفی یا حارث یا عبداللہ یا صرمہ۔

ان کے اسلام لانے میں اختلاف ہے، ابوعبید قاسم بن سلام نے ان کے بیٹے عقبہ بن ابوقیس کے سوانح میں فرمایا: انہیں اور ان کے والد کو شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ عبداللہ بن محمد بن عمارہ بن قداح نے فرمایا: وہ شجاعت اور شعر و شاعری میں قیس بن خطیم کے برابر تھے۔ وہ اپنی قوم کو اسلام کی طرف رغبت دلاتے تھے۔ اور کہتے: اس شخص کی طرف بڑھو، یہ نبی کریم ﷺ کی طرف جانے اور آپ ﷺ کی بات سننے کے بعد کا قصہ ہے، اس سے پہلے وہ جاہلیت میں ایک الٰہ کی عبادت کرتے تھے، اور انہیں حنیف کہا جاتا تھا۔

ابن سعد نے بحوالہ واقدی رحمۃ اللہ علیہ کئی سندوں سے نقل کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ اوس اور خزرج میں سے دین ابراہیمی کو زیادہ بیان کرنے والا اور اس کے بارے میں زیادہ پوچھنے والا ابوقیس بن اسلت سے بڑھ کر کوئی نہ تھا، وہ یہودیوں سے ان کے دین کے بارے میں پوچھتے اور ان کے قریب رہتے، شام کے سفر میں نکلے تو آلِ جفنہ کے ہاں فروکش ہوئے، ان لوگوں نے ان کا بڑا اعزاز و اکرام کیا، وہاں انہوں نے راہبوں اور یہودی علماء سے پوچھا ان لوگوں نے انہیں اپنے دین کی دعوت دی تو یہ ان کا دین قبول کرنے سے باز رہے، ان میں سے ایک راہب ان سے کہنے لگا: ابوقیس! اگر تم دین ابراہیمی کے متلاشی ہو تو وہ وہیں ہے جہاں سے تم آئے ہو۔ تو ابوقیس نے کہا: میں دین ابراہیمی پر ہوں، اس کے بعد عمرہ کرنے مکہ گئے۔ زید بن عمرو بن نفیل کو پتہ چلا تو ان سے گفتگو کی، وہ فرماتے تھے: میرے اور زید کے علاوہ کوئی بھی دین ابراہیمی پر نہیں، وہ لوگوں کو نبی علیہ السلام کی علامات بتاتے تھے کہ وہ یثرب ہجرت کریں گے۔ جنگ بعاث میں شریک ہوں گے جو ہجرت سے پانچ برس پہلے پیش آئی جب نبی علیہ السلام مدینہ تشریف لائے تو یہ آپ ﷺ کے پاس آ کر پوچھنے لگے، آپ کس چیز کی دعوت دیتے ہیں۔ آپ نے ان کے سامنے اسلام کے احکام ذکر کئے تو کہنے لگے: یہ کیا ہی اچھی باتیں ہیں۔

عبداللہ بن اُبی بن سلول ان سے ملا، کہنے لگا: تم نے ہماری جماعت سے بھرپور پناہ لے لی، کبھی تم قریش کے حلیف بنتے ہو اور کبھی محمد (ﷺ) کا اتباع کرتے ہو، انہوں نے فرمایا: یقیناً ایسی بات نہیں، میں سب سے آخر میں ان کی پیروی کروں گا، جس کی وجہ سے لوگوں کا گمان ہے کہ ان کی وفات کے وقت رسول اللہ ﷺ نے ان کی طرف پیغام بھیجا کہ لا الٰہ الا اللہ کہہ لو، اس کی وجہ سے میں شفاعت کر سکوں تو قریب کے لوگوں نے سنا کہ انہوں نے یہ کلمات کہہ لیے تھے، ایک روایت میں ہے کہ لوگوں کا کہنا ہے کہ موت کے وقت ان سے توحیدی کلمات سنے گئے۔ ابوعمر نے یہ آخری واقعہ نقل کیا ہے کہ جب انہوں نے نبی علیہ السلام کی گفتگو سنی تو کہنے لگے: کیا ہی اچھا کلام ہے، مجھے اپنے بارے میں سوچنے کا موقع دیں پھر میں آپ کے پاس آؤں گا، ان سے عبداللہ بن ابی ملے اور ان سے کہا: کیا یہ وہی شخص ہے کہ یہود کے علماء ہمیں ان کے بارے میں خبر دیتے ہیں، عبداللہ نے کہا: تو خزرج کی لڑائی ناپسند کرتا ہے؟ اس نے کہا: اللہ کی قسم! میں ایک سال تک اسلام نہیں لاؤں گا، وہ سال گزرنے سے پہلے ہجرت کے دس ماہ بعد ہی فوت ہو گئے، ✿ ابوعمر کا قول ہے: ان کے اسلام میں تردد ہے۔ بحوالہ ابن اسحاق مروی ہے کہ وہ مکہ بھاگ گیا اور فتح کے سال تک قریش کے ساتھ رہا، ایک عورت کی تعریف میں اس کا اچھا شعر یہ ہے: ع

✿ اسد الغابہ (۷٤/٥)

Marfat.com

''اس کی پڑوسنیں اس کی عزت کرتی ہیں اور اس کی ملاقات کو آتی ہیں''۔

اس میں سے ان کا قول ہے.....

ابوموسیٰ نے بحوالہ مستغفری نقل کیا ہے کہ انہوں نے ان قیس بن اُسلت کا ذکر کیا ہے۔ بحوالہ عکرمہ فرماتے ہیں کہ ان کے بارے میں اور ایک خاتون کبشہ بنت معن بن عاصم کے بارے میں نازل ہوئی: ﴿تمہارے لیے حلال نہیں کہ زبردستی عورتوں کے وارث بن جاؤ﴾۔ [1]

اسی طرح روایت کیا، طبری وغیرہ میں بحوالہ ابن جریج اسی طرح منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿ان عورتوں سے نکاح نہ کرو جن سے تمہارے آباء نے نکاح کیا.... ﴾ (الآیۃ)۔ [2] فرماتے ہیں: یہ کبشہ بنت معن بن عاصم کے بارے میں نازل ہوئی، ان کے شوہر ابوقیس بن اُسلت فوت ہوگئے تو ان کا بیٹا ان کی طرف مائل ہوا تو ان دونوں کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

بحوالہ عدی بن ثابت مروی ہے، فرماتے ہیں: جب ابوقیس بن اُسلت کی وفات ہوئی تو ان کے بیٹے نے ان کی بیوی کو نکاح کا پیغام دیا، وہ نبی کریم ﷺ کے پاس گئیں اور کہنے لگیں: ابوقیس فوت ہوگئے اور ان کا بیٹا قبیلے کا اچھا آدمی ہے۔ اس نے مجھے نکاح کا پیغام دیا ہے۔ آپ ﷺ خاموش ہوگئے۔ پھر یہ آیت نازل ہوئی۔ فرماتے ہیں: یہ پہلی خاتون ہیں جو اپنے شوہر کے بیٹے پر حرام قرار دی گئیں، اسے سنید بن داؤد نے اپنی تفسیر میں بحوالہ عدی اسی طرح نقل کیا ہے۔ ابن اثیر [3] کا قول ہے: ابوعمر نے یہ قصہ ان سوانح میں نقل کیا ہے اور ابونعیم نے اسے علیحدہ ذکر کیا ہے۔ اسے ابوقیس انصاری کے سوانح میں نقل کیا ہے۔ ابن اسلت کا ذکر نہیں کیا، ابوموسیٰ نے دونوں سوانح کا اپنے استدراک میں ذکر کیا ہے۔ جو کچھ مستغفری نے ذکر کیا ہے، اسے نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: ابن اثیر [4] کا قول ہے: اس کا حاصل یہ ہے کہ یہ ایک قصہ ہے۔

میں کہتا ہوں: تفسیر سنید میں بحوالہ ابن جریج مروی ہے جو کچھ نزول میں گزر چکا ہے: ﴿جن سے تمہارے آباء نے نکاح کیا، ان عورتوں سے نکاح نہ کرو﴾۔ یہ ابوقیس بن اُسلت اور ان کی بیوی اور کسی اور بیوی سے ان کے بیٹے کے بارے میں نازل ہوئی، یہ دوسری روایت سے مروی ہے، یہ نازل ہونے کے اسباب میں واضح ہے۔

۱۰۴۲۶ ابوقیس انصاری [5]

ان کا اور ان کے والد کا نام مروی نہیں، نبی کریم ﷺ کی زندگی میں فوت ہوگئے۔ طبرانی نے بطریق قیس بن ربیع بحوالہ عدی بن ثابت، انہوں نے انصار کے ایک شخص سے روایت کیا ہے، فرماتے ہیں: ابوقیس وفات پا گئے، وہ انصار کے نیک لوگوں میں سے تھے۔ ان کے بیٹے نے ان کی بیوی کو نکاح کا پیغام دیا، اس نے کہا: میں تمہیں اولاد میں شمار کرتی ہوں اور تم قوم کے نیک لوگوں میں سے ہو، لیکن میں نبی کریم ﷺ کے پاس جاؤں گی اور ان سے اجازت طلب کروں گی، پھر وہ نبی کریم ﷺ کے پاس آئیں،

---

[1] سورۃ النساء الآیۃ (۱۹) [2] سورۃ النساء الآیۃ (۲۲)

[3] اسد الغابہ (۷٤/۵) [4] اسد الغابہ (۷٤/۵)

[5] اسد الغابہ (٦١٧٧) تجرید (۱۹۵/۲)

Marfat.com

اور آپ سے اس کا ذکر کیا: ''آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے گھر لوٹ جاؤ''۔ ✿ یہ آیت نازل ہوئی: ﴿ان عورتوں سے نکاح نہ کرو جن سے تمہارے باپ نکاح کر چکے﴾۔

پہلے گزر چکا ہے کہ سنید نے اسے بحوالہ اشعث نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: بحوالہ عدی مرسلاً منقول ہے، فرماتے ہیں: جب ابوقیس بن اُسلت کی وفات ہوئی..... الخ۔ بعض کا قول ہے: بعض راویوں سے مروی ہے کہ ان کا قول اُسلت وہم ہے، اس کی تائید اس سے ہوتی ہے جو حرف قاف میں گزر چکا ہے کہ قیس بن اُسلت جاہلیت میں مر گیا، گویا قیس بن ابوقیس وہ شخص ہیں جن کے لیے یہ دوسرا قصہ مروی ہے، ان کے نام میں قیس غلط ہے۔ جیسا کہ وہاں اس کی طرف اشارہ گزر چکا ہے۔

۱۰۴۲۷ ابوقین حضرمی ✿

انہیں دیدار حاصل ہے، ان سے سعید بن جمہان نے روایت کیا کہ وہ نبی کریم ﷺ کے پاس سے گزرے اور ان کے پاس کچھ کھجوریں تھیں، حدیث میں ان کا ذکر ہے۔ بعض کا قول ہے: وہ ابوقین نصر بن دہر ہیں، اسی طرح ابوعمر نے مختصراً اس کا ذکر کیا ہے۔

اسے دولابی، بغوی، ابن سکن اور ابن عدی نے کامل میں بطریق یحییٰ بن حماد انہوں نے سعید بن جمہان نقل کیا ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کے پاس گدھے پر گزرے ان کے ساتھ کچھ کھجوریں تھیں۔

ابن عدی کی روایت میں اس سند سے مروی ہے جو وہ سعید بن جمہان تک لے گئے ہیں کہ ابوقین کا چچا گدھے پر سوار تھا، اس کے سامنے کھجوریں تھیں، ابوقین کا چچا کھڑا ہوا تا کہ اس میں سے کچھ لے لے۔ پھر ان کا ذکر کیا۔

ابن مندہ نے بطریق ہدبہ بحوالہ حماد اسے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: بحوالہ سعید بن جمہان، انہوں نے اپنے والد سے نقل کیا ہے کہ ان کے مولیٰ ابوقین اسلمی نبی کریم ﷺ کے پاس سے گزرے، وہ لڑکے تھے، ان کی طرف ان کے چچا بڑھے.... پھر اس کا ذکر کیا۔ اس کے آخر میں فرماتے ہیں: گویا وہ لوگوں میں سب سے زیادہ بخیل تھے۔ ابن مندہ نے ان کے قول میں اضافے سے انکار کیا ہے، بحوالہ ان کے والد کہ لوگوں نے اسے بحوالہ ابوقین روایت کیا، بغوی کا قول ہے: ابوقین بصرہ میں رہے، اور اس حدیث کے علاوہ کوئی حدیث بیان نہیں کی، نہ اسے بحوالہ سعید بن جمہان نقل کیا ہے۔ مجھے معلوم نہیں کہ کسی نے ان کی نسبت حضرمی لکھی ہو جیسا کہ ابوعمر کا قول ہے۔ واللہ اعلم!

۱۰۴۲۸ ابوقین خزاعی ✿

اسید بن عامر نے بحوالہ اپنے والد روایت کیا ہے کہ وہ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ ہمارے پاس کچھ دیر ٹھہرے، ابن مندہ نے مختصراً اس کا ذکر کیا ہے، اور اسے شیخ سعید بن جمہان سے علیحدہ ذکر کیا ہے، احتمال ہے کہ وہ دوسرے ہوں، بے شک اسلم خزاعہ سے ہیں، صحیح یہ ہے کہ وہ اسلمی ہیں۔

✿ المعجم الکبیر (۹۷۸/۲۲) مجمع الزوائد (۳/۷) ✿ اسد الغابہ (٦١٨٤) استیعاب (۳۱۸۲) تجرید (۱۹٦/۲)

✿ اسد الغابہ (٦١٨٥) تجرید (۱۹٦/۲)

Marfat.com

القسم الثانی ازحرفِ قاف

۱۰۴۲۰ ابوقاسم محمد بن اشعث بن قیس اور محمد بن ابوبکر صدیق، اسماء میں دونوں گزر چکے ہیں۔

۱۰۴۳۰ ابوقیس یُسَیر بن عمرو، ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے۔

القسم الثالث ازحرفِ قاف

۱۰۴۳۱ ابوقتادہ مدلجی

انہوں نے زمانہ نبوت پایا، ان کا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ قصہ ہے۔ ابن ابوشیبہ نے بطریق عمرو بن شعیب ذکر کیا ہے کہ ابوقتادہ مدلجی نے اپنے بیٹے قتادہ کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں قتل کر دیا، قتادہ دوسرے طریق سے گزر چکے ہیں۔

۱۰۴۳۲ ابوقدامہ

بے نسبت۔ ابوعیسیٰ نے حمص کے لوگوں میں حضرت ابوعبیدہ اور معاذ رضی اللہ عنہما میں ان کا ذکر کیا ہے جو ۱۶ھ میں جابیہ کے مقام پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے خطبے میں حاضر تھے۔

۱۰۴۳۳ ابوقرعان کندی

انہوں نے زمانہ نبوت پایا، وثیمہ نے ارتداد میں اسلام پر ثابت رہنے والوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۴۳۴ ابوقیس بن شمر کندی

دعبل بن علی نے طبقات شعراء میں ان کا ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں: مخضرمی ہیں۔ ان کا شعر پڑھا۔

القسم الرابع ازحرفِ قاف

۱۰۴۳۵ ابوقیس بن سائب مخزومی

دولابی نے کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔ صحیح یہ ہے، قیس بن سائب، جیسا کہ اسماء میں حرف قاف میں گزر چکا ہے۔

۱۰۴۳۶ ابوقیس [1]

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں: عمرو بن قیس نے اپنے والد سے، انہوں نے اپنے دادا سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے: ''اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ نماز کی طرف چلنے والے قدم پسند ہیں''۔ [2]

ابن مندہ کا قول ہے: بشیر بن عمر ہیں۔

میں کہتا ہوں: انہیں روایت حاصل ہے، لیکن شرفِ صحابیت حاصل نہیں۔

---

[1] اسد الغابہ (٦١٨٣) تجرید (١٩٦/٢) [2] جامع المسانید والسنن (٤٠٤/١٤)

Marfat.com

حرف کاف

القسم الاوّل ازحرفِ کاف

۱۰۴۳۷ ابوکاهل احمسی ✿

ان کا نام قیس بن عائذ یا عبداللہ بن مالک ہے۔

انہوں نے نبی کریم ﷺ سے روایت کی، اسماعیل بن ابوخالد نے بحوالہ ان کے بھائی ان سے ان کی حدیث روایت کی ہے۔ فرماتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا کہ عید کے دِن اونٹنی پر لوگوں کو خطبہ دے رہے تھے، اور ایک حبشی اس کی لگام تھامے ہوئے تھا۔ ✿

یہ حدیث بحوالہ قیس بن عائذ بلاواسطہ مروی ہے، بغوی کا قول ہے: مجھے ان کے علاوہ کسی کا علم نہیں۔ دولابی کی کنیتوں میں دوسرے طریق سے بحوالہ اسماعیل مروی ہے، فرماتے ہیں: میں نے ابوکاہل کو دیکھا وہ ہمارے امام تھے۔ پسندیدہ دِن ختم ہوگئے، بخاری کی روایت میں ہے، اسماعیل کا قول ہے: ابوکاہل قبیلے کے امام تھے۔

۱۰۴۳۸ ابوکاهل ✿

دوسرے، بے نسبت ہیں۔ ابن سکن نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: وہ احمسی نہیں، اسی طرح حاکم وغیرہ نے دونوں کے درمیان فرق کیا ہے۔ فرماتے ہیں: قابل اعتماد طریق سے ان کی حدیث مروی نہیں۔

ابوعمر کا قول ہے: ان کی طویل حدیث مذکور ہے، جو منکر ہے، میں اسے ذکر نہیں کروں گا۔ اسے ابواحمد اور عقیلی نے ضعفاء میں نقل کیا ہے اور ابن سکن رحمۃ اللہ علیہ سب نے بحوالہ فضل بن عطاء بحوالہ ابوکاہل نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جان لو ابوکاہل! جس نے ظاہر اور پوشیدہ اپنا ستر چھپایا اللہ تعالیٰ قیامت کے دِن ضرور اس کا ستر چھپائیں گے''۔

ابن سکن نے اسے اس سے مختصر کیا ہے، فرماتے ہیں: اس کی اسناد مجہول ہے، ابواحمد کے ہاں اس کا شروع ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ان سے کہا:.....

فرماتے ہیں، میں نے کہا: کیوں نہیں! یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے فرمایا...

✿ اسد الغابہ (٦١٨٦) استیعاب (٣١٨٣) تجرید (١٩٦/٢)

✿ نسائی (١٥٧٢) ابن ماجہ (١٢٨٤، ١٢٨٣) مسند احمد (٣٠٦/٤) جامع المسانید والسنن (٤١١/١٤) مسند جامع (٣٩٩/١٦) ✿ تجرید (١٩٦/٢)

Marfat.com

اللہ تعالیٰ تمہارے دِل کو زندہ رکھے گا تو وہ مرے گا نہیں، یہاں تک کہ تو مر جائے۔ پھر اسے طویل ذکر کیا، یہ تیرہ (۱۳) خصائل پر مشتمل ہے۔ ان سب میں فرماتے ہیں: ''اے ابوکاہل! جان لو! ان میں سے یہ ہے کہ جس نے مجھ پر تین مرتبہ ہر روز اور تین مرتبہ ہر رات محبت اور شوق سے درود بھیجا، تو اللہ تعالیٰ اس کے دِن اور اس کے رات کے گناہ معاف کر دیں گے''۔ عقیلی کا قول ہے: فضل بن عطاء میں تردد ہے، طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے ان دونوں کو ایک کہا ہے، اسی طرح ابواحمد عسال نے ذکر کیا ہے۔

۱۰۴۳۹ ابوکبشہ انمار مذحجی ✿

ان کے نام میں اختلاف ہے، ابن حبان نے عبداللہ بن ابوکبشہ کے سوانح میں فرمایا: ثقات میں سے ہیں، ابوکبشہ انماری کا نام سعید بن عمر ہے، دوسرے راویوں نے کہا: شام میں آئے ان کا نام عمرو بن سعید ہے، بعض نے کہا: عمیر، میں نے اسے مؤتلف میں خطیب کی تحریر سے پڑھا جو دحیم سے منقول ہے، بعض نے کہا: عامر یا سلیم، ابواحمد حاکم کا قول ہے، انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے، یقین ہے کہ وہ عمیر بن سعد ہیں جیسا کہ ترمذی نے اس پر یقین کیا ہے۔ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے نام کے خلاف بیان بیان ہے، اس میں ان کا نام عمرو ہے۔

بیہقی نے دلائل میں بطریق مسعودی بحوالہ محمد بن ابوکبشہ، انہوں نے اپنے والد سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: جب غزوۂ تبوک ہوا تو لوگ جلدی سے پتھر کی طرف دوڑے، میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور آپ اپنے اونٹ کو روکے ہوئے تھے، آپ فرما رہے تھے: ''کب تک تم اس قوم میں رہو گے جن پر اللہ کا غضب ہے''۔ (الحدیث) ✿

ابوکبشہ نے بھی بحوالہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ روایت کیا ہے، ان سے ان کے دونوں بیٹوں عبداللہ اور محمد نے اور سالم بن ابوجعد، ابوعامر ہوزنی، ابوبختری طائی، ثابت بن ثوبان، عبداللہ بن بسر حبرانی، ازہر بن سعید حرازی وغیرہ نے روایت کیا، آجری کا قول ہے: بحوالہ ابوداؤد، ابوکبشہ انماری، انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ ابوکبشہ بلوی کو شرفِ صحابیت حاصل نہیں۔

۱۰۴۴۰ ابوکبشہ ✿

مولیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ان کے نام میں بھی اختلاف ہے، خلیفہ کا قول ہے، ان کا نام سلیم ہے، ابن حبان کا قول ہے: اوس، بعض نے کہا: سلمہ، عسکری کا قول ہے، بعض نے کہا: اوس، موسیٰ بن عقبہ، ابن اسحاق ✿ نے بدر میں حاضر ہونے والوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔ حاکم کا قول ہے: اوس کی زمین پر پیدا ہوئے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے خلیفہ بننے کے پہلے دِن فوت ہوئے، اسی طرح ابن سعد نے ان کی وفات کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: بروز منگل، جمادی الاخریٰ ۱۳ھ کا دِن تھا۔

۱۰۴۴۱ ابوکبشہ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حاضن (پرورش کنندہ) قریش ان کی اپنی طرف نسبت کرتے تھے، وہ کہتے ہیں: ابن ابوکبشہ کا قول

✿ اسد الغابہ (٦١٨٧) تجرید (١٩٧/٢) ✿ مصنف ابن ابوشیبہ (٥٤٦/١٤)

✿ اسد الغابہ (٦١٨٨) استیعاب (٣١٨٤) تجرید (١٩٧/٢) ✿ السیرۃ النبویۃ (١٩٢/٢)

Marfat.com

ہے، بعض نے کہا کہ وہ حارث بن عبد عزیٰ سعدی حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا کے شوہر ہیں، اسماء میں گزر چکے ہیں۔ ابن کلبی نے کتاب دقائق میں بحوالہ ابن عباس نقل کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ابوشمر سیف بن ذی یزن''۔ بعض کا قول ہے: ابوکبشہ وہ شخص ہیں کہ ان کی طرف ان کے دادا منسوب ہیں، ان کے والد کے دادا کی طرف سے، وہ سلمی انصاریہ خزرجیہ کے والد ہیں، جو عبدالمطلب کی والدہ ہیں، وہ ابن عمرو بن زید بن لبید خزرجی ہیں۔ استیعاب میں لبید کے بجائے اسد ہے، جو تبدیلی ہے۔

۱۰۴۴۲ ابوکبیر*

ہذلی۔ ابوموسیٰ نے ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: بحوالہ ابویقظان ذکر کیا کہ وہ اسلام لائے، پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہنے لگے: میرے لیے زنا حلال کر دیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کیا تو پسند کرتا ہے کہ کوئی تیرے پاس اس طرح آئے؟'' اس نے کہا: نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اپنے بھائی کے لیے وہی پسند کرو جو تم اپنے نفس کے لیے پسند کرتے ہو''۔ اس نے کہا: اللہ سے دعا کیجئے کہ اسے مجھ سے دور کر دے۔ *

۱۰۴۴۳ ابوکثیر*

مولیٰ تمیم داری، دولابی نے ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق عتبہ بن عبدالملک بن ابوکثیر نقل کیا ہے۔ وہ سو (۱۰۰) برس زندہ رہے، ان لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے بحوالہ عبدالملک ان کے والد حدیث نقل کی، انہوں نے ابوکثیر سے روایت کی، فرماتے ہیں: میں تمیم داری کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا میں ان کا سامان اٹھانے والا تھا۔ *

حسن بن رشیق نے اپنے فوائد میں بطریق عتبہ اس سند سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: میں سمندر میں کشتی میں تمیم داری کے ساتھ تھا، وہ کشتی ٹوٹ گئی، ہم نے ایک جانور دیکھا جس کا سر، پیر پتہ نہ چلتا تھا، ہم نے کہا: تم کون ہو؟ اس نے کہا: میں جسّاسہ ہوں۔ پھر دجال کا قصہ اختصار کے ساتھ نقل کیا۔ اس میں ہے کہ تمیم سے فرمایا: اس کے پاس آؤ اور اس پر ایمان لے آؤ۔ کہتے ہیں، اس نے کہا: ان لوگوں کو فلسطین لے جاؤ، بیت عینون کی بستی کی طرف، ابوکثیر کا قول ہے: میں اور ہند کا بھائی اور ان کے بھائی نعیم تھے۔

۱۰۴۴۴ ابوکریمہ

مقدام بن معدی کرب، ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

۱۰۴۴۵ ابوکعب أسدی

حرف زاء میں قسم ثالث میں زر بن حبیش کے سوانح میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

---

* اسد الغابہ (٦١٨٩) تجرید (١٩٧/٢) * کنز العمال (١٣٦/١)

* اسد الغابہ (٦١٩٠) تجرید (١٩٧/٢) * جامع المسانید والسنن (٤١٧/١٤)

Marfat.com

ن کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: ابوکعب مرد تھے، انہیں عورتوں کی طرح حیض آتا تھا۔ انہوں نے نذر مانی کہ اللہ تعالیٰ
ت دی تو حج اور عمرہ کرتے رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں اس سے عافیت دی تو ہر سال حج کرتے تھے۔ انہوں
شعر پڑھا، ان سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اے ابوکعب!...
نے کہا: اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق دے کر بھیجا ہے! جب سے اسلام لایا ہوں''۔

وکعب حارثی

وادادہ کہا جاتا تھا، رشاطی نے ذکر کیا ہے بحوالہ ابن شق اللیل طلیطلی کہ انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے، معمر نے اپنی
سے جوان تک پہنچتی ہے ذکر کیا ہے فرماتے ہیں: میں اپنے اونٹ کی تلاش میں نکلا، میں نے برتن میں زادراہ کے
ر میں نے کہا۔
انی کہاں ہے؟ پھر میں نے دودھ گرا دیا اور برتن کو پانی سے بھر لیا۔ میں نے کہا: یہ وضو کے لیے اور پینے کے لیے
وضو کرنا چاہتا تو برتن سے پانی گراتا اور جب پینا چاہتا تو دودھ پیتا، اس طرح تین دِن رہا، ان سے اسماء نجرانیہ

وکلاب بن ابوصعصعہ ✿

عہ کا نام عمرو بن زید بن عوف بن مبذول انصاری مازنی ہے، ابوعمر کا قول ہے: موتہ کے دِن شہید ہوئے، ہوسکتا
ہوں۔ ابن عساکر نے انہیں ایک قرار دیا ہے، اور کتاب الکنی میں اپنی روایت سے جسے انہوں نے ابوطاہر عبدالملک
والہ ان کے چچا عبداللہ بن ابوبکر نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: بنو مازن بن نجار سے ابوکلیب اور جابر جو عمرو بن زید بن
بن عمرو بن عتم بن مازن بن نجار کے بیٹے ہیں، موتہ میں شہید ہوئے، عبداللہ بن عمارہ بن قداح نے فرمایا: انصار
ایا، عوف کی اولاد کون ہے؟ قیس بن ابوصعصعہ اور ان کے بھائی ابوکلاب، اُحد اور اس کے بعد غزوات میں شریک
ں شہید ہوئے۔ ابن سعد نے ذکر کیا ہے کہ وہ دونوں مؤتہ میں شہید ہوئے۔

بوکلیب بن عمرو

ید بن عوف بن مبذول انصاری، جابر کے سگے بھائی ہیں، ابن ہشام نے زیادات السیرہ میں ذکر کیا ہے کہ وہ دونوں

Marfat.com

۱۰۴۵۰ ابوکلیب

دوسرے ہیں، ابوعمر کا قول ہے کہ بعض نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا، مجھے معلوم نہیں۔

میں کہتا ہوں: احتمال ہے کہ انہوں نے اس کا ارادہ کیا ہے، احتمال ہے کہ وہ عاصم بن کلیب کے دادا ہوں کیونکہ عاصم کو اپنے والد سے بحوالہ ان کے دادا روایت حاصل ہے۔

۱۰۴۵۱ ابوکنود سعد بن مالک بن اقیصر، اسماء میں گزر چکے ہیں۔

۱۰۴۵۲ ابوکیسان مولیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ دولابی نے کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔

القسم الثانی ازحرفِ کاف

۱۰۴۵۳ ابوکثیر زبید بن صلت ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

القسم الثالث ازحرفِ کاف

۱۰۴۵۴ ابوکبیر افلح، مولیٰ ابوایوب، خالد بن زید انصاری، اسماء میں گزر چکے ہیں۔

۱۰۴۵۵ ابوکنود ازدی کوفی *

مخضرمی ہیں، ان کا نام عبداللہ بن عامر ہے، بعض نے کہا: ابن سعد یا ابن عمران یا ابن عویمر یا عمرو بن حُبشی۔ ذیل میں ابوموسیٰ لکھتے ہیں: انہوں نے دورِ جاہلیت پایا ہے۔ پھر ان کی مرسل حدیث بطریق ہندہ بن خالد بحوالہ ان کے نقل کی ہے، فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص آ کر عرض کرنے لگا: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے تلوار دیجئے!..... پھر ایک حدیث ذکر کی۔ ابن حبان نے ثقات التابعین میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ان کی خباب بن الارت کے حوالہ سے حدیث ابن ماجہ میں ہے۔ ان سے ابواسحاق سبیعی، قیس بن وہب، اسمٰعیل بن ابی خالد، ابوسعد ازدی روایت کرتے ہیں۔

۱۰۴۵۶ ابوکیسان

بے نسبت۔ عبدالرزاق نے اپنی مصنف میں بحوالہ عدی بن عدی، انہوں نے اپنے والد یا چچا کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ ایک کیسان نامی غلام نے اپنا نام قیس رکھا اور اپنے باپ کا ہونے سے انکار کیا اور اپنے باپ کے مولیٰ کی طرف نسبت کی اور کوفہ چلا گیا اس کا والد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور انہیں خبر دی، آپ نے فرمایا: جاؤ اور اپنے بیٹے کو اونٹ پر بٹھاؤ پھر ایک کوڑا اپنے بیٹے کو مارو اور ایک کوڑا اپنے اونٹ کو مارو یہاں تک کہ اسے اپنے گھر والوں میں لے آؤ۔

۱۰۴۵۷ ابوکیسبہ

عبداللہ بن کیسبہ میں ان کا ذکر گزر چکا ہے، بیان بن بشر نے ان کا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ قصہ بحوالہ ابوکیسبہ نقل کیا

* تجرید (۱۹۷/۲)

Marfat.com

۱۰۴۶۰ ابوکلیب جہنی [1]

عثیم بن کلیب کے دادا ہیں، ابونعیم نے ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق واقدی بحوالہ عثیم بن کلیب، اپنے والد سے بحوالہ اپنے دادا نقل کیا ہے کہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سورج غروب ہونے کے بعد عرفہ سے واپس آتے دیکھا۔ [2]

ابوموسیٰ کا قول ہے: اسے ابونعیم نے ظاہر اسناد سے نقل کیا ہے اور عُثیم اپنے دادا کی طرف منسوب ہیں، وہ عُثیم بن کثیر بن کلیب ہیں، ان کے دادا کلیب کو شرفِ صحابیت حاصل ہے۔

میں کہتا ہوں: ان کی ان سے مروی حدیث سنن ابوداؤد میں ہے، اسماء میں گزر چکے ہیں۔

[1] اسد الغابہ (٦١٩٤) تجرید ..... [2] جامع المسانید والسنن (٤١٩/١٤) اسد الغابہ (٧٩/٥)

Marfat.com

حرف لام

القسم الاوّل ازحرف لام

۱۰۴۶۱ ابولاس مهمله خزاعی*

ان کے نام میں اختلاف ہے، بعض کا قول ہے: عبداللہ یا زیاد، انہوں نے نبی کریم ﷺ سے حج میں صدقہ کے اونٹ پر سوار ہونے کے بارے میں حدیث نقل کی، ان سے عمر بن حکم بن ثوبان نے روایت کی، بخاری نے صحیح میں تعلیقاً ان کی حدیث ذکر کی، میں نے اسے تعلیق التعلیق میں نقل کیا ہے، بغوی کا قول ہے، بعض کا قول ہے: ابولاس مدینہ میں رہے، انہوں نے اور دوسرے راویوں نے بطریق محمد بن اسحاق بحوالہ ابوسہل خزاعی نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ہمیں صدقہ کے اونٹوں میں سے ایک اونٹ پر سوار کرایا.....۔ (الحدیث)*

۱۰۴۶۲ ابولبابه بن عبدالمنذر*

انصاری، ان کے نام میں اختلاف ہے، موسیٰ بن عقبہ کا قول ہے کہ ان کا نام بشیر ہے، اسی طرح ابواسود نے بحوالہ عروہ فرمایا، ابن اسحاق* کا قول ہے: ان کا نام رفاعہ ہے، اسی طرح ابن نمیر وغیرہ کا قول ہے۔

صاحب کشاف وغیرہ نے ذکر کیا ہے کہ ان کا نام مروان ہے، ابن اسحاق* کا قول ہے: لوگوں کا خیال ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ابولبابہ اور حارث بن حاطب کو واپس لوٹا دیا تھا، جبکہ وہ دونوں آپ ﷺ کے ساتھ بدر کی طرف نکلے، آپ ﷺ نے ابولبابہ کو مدینہ پر امیر مقرر کیا اور ان دونوں کے لیے دو حصے مقرر کئے، ان دونوں کا اجر اصحاب بدر کے ساتھ ہے۔ اسی طرح موسیٰ بن عقبہ نے بدریین میں ذکر کیا ہے۔ ان سب کا کہنا ہے: نقیبوں میں سے ایک تھے جو شب عقبہ میں موجود تھے، اور ان کا نسب یوں لکھا ہے: ابن عبدالمنذر بن زِنبر بن زید بن امیہ بن زید بن مالک بن عوف بن عمرو بن عوف بن الاوس۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ رفاعہ اور معشر، ابولبابہ کے بھائی تھے فتح مکہ کے روز بنی عمرو بن عوف کا جھنڈا انہیں کے ہاتھ تھا۔

روایت حدیث: نبی ﷺ سے روایت کی ہے اور ان سے ان کے دونوں بیٹے سائب اور عبدالرحمٰن، اور عبداللہ بن عمر بن خطاب، اور ان کا بیٹا سالم بن عبداللہ، اور ان کا مولا نافع اور عبداللہ بن کعب بن مالک، عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر اور عبیداللہ بن ابی یزید وغیرہ روایت کرتے ہیں۔

---

* اسد الغابہ (٦١٩٦) تجرید (١٩٧/٢) * مسند احمد (٢٢١/٤) مستدرک (٤٤٤/١) المعجم الکبیر (٨٣٧/٢٢)

* اسد الغابہ (٦١٩٨) تجرید (١٩٨/٢) * السیرة النبویة (٢٥٠/٢) * السیرة النبویة (٢٥٨/٢)

Marfat.com

وفات: بقولِ بعض: خلافتِ علی رضی اللہ عنہ میں فوت ہوئے۔ خلیفہ لکھتے ہیں: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد وفات پائی۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ۵۰ھ کے بعد تک زندہ رہے۔

۱۰۴۶۳ ابولبابہ ✿ (مولا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم)

محمد بن حبیب نے اپنی کتاب المحبّر میں ان کا ذکر کیا ہے۔ بلاذری لکھتے ہیں: ان کا تعلق بنی قریظہ سے تھا اور یہ کسی کے مکاتب تھے، مالِ کتابت ادا کرنے سے عاجز آ گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں خرید کر آزاد کر دیا، لکھتے ہیں: انہوں نے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ روایت کی ہے، جو یہ کلمات کہے: ((اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ)) تو اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے، اگرچہ وہ میدانِ جنگ سے بھاگا ہو۔ یہ یسار بن زید بن منذر کے والد ہیں۔

میں کہتا ہوں: مشہور تو یہ ہے کہ مذکورہ حدیث زید بن بولا نے روایت کی ہے جو ان کے حالات میں بیان ہو چکی ہے کہ وہ نوبی تھے جن کا تعلق بنی ثعلبہ کے قیدیوں سے تھا۔ تو وہ ان کے علاوہ ہیں۔

۱۰۴۶۴ ابولبابہ اسلمی ✿

بقول حاکم: صحابی ہیں، بزار نے اپنی مسند میں بطریق ابومریم عبدالغفار بن قاسم بن عبدالملک بن میسرہ، بواسطہ ابو مالک روایت کی ہے کہ ہم سے ابولبابہ اسلمی نے بیان کیا کہ ان کے علاقہ سے ایک اونٹنی چوری ہوگئی، جو کسی انصاری کے ہاں سے ملی فرماتے ہیں: میں نے ان سے کہا: یہ میری اونٹنی ہے میں اس کے لیے گواہ پیش کر سکتا ہوں۔ میں نے گواہ پیش کیا تو انہوں نے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گواہ حاضر کر دیا کہ یہ اونٹنی انہوں نے طائف کے ایک مشرک سے اٹھارہ (۱۸) بکریوں کے عوض خریدی ہے۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسکرانے لگے، فرمایا: ''ابولبابہ! تم کیا چاہتے ہو؟ اگر چاہتے ہو تو اسے اٹھارہ (۱۸) بکریاں دے کر سوار لے لو، اور اگر چاہو تو اسے چھوڑ دو''۔ ✿ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: آج تو دینے کے لیے میرے پاس کچھ نہیں، البتہ کھجوریں پکنے تک میں اس کی قیمت ادھار دینے کے لیے تیار ہوں، جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجوریں پکنے تک ہر بکری کی قیمت کھجوروں کے تیس صاع قرار دی۔

میں کہتا ہوں: اس سند میں ابومریم (عبدالغفار) ضعیف راوی ہے۔ یہ حدیث بروایت علی بن ثابت بحوالہ ان کے مروی ہے، لیکن اس میں بھی ضعف ہے۔

۱۰۴۶۵ ابولبیبہ اشہلی ✿

ابویعلی نے اپنی مسند میں بطریق وکیع، یحییٰ بن عبدالرحمٰن بن ابی لبیبہ بواسطہ اپنے والد بحوالہ اپنے دادا کئی احادیث کی روایت

✿ اسد الغابہ (۶۱۹۹) استیعاب (۳۱۸۹) تجرید (۱۹۸/۲)

✿ اسد الغابہ (۶۱۹۷) استیعاب (۳۱۹۱) تجرید (۱۹۷/۲)

✿ مسند بزار (۱۳۵۷) مجمع الزوائد (۱۷۴/۴) اسد الغابہ (۸۱/۵)

✿ اسد الغابہ (۶۲۰۰) استیعاب (۳۱۹۲) تجرید (۲۲۸۴) (۱۹۸/۲)

Marfat.com

کی ہے، جن میں سے ایک حدیث یہ ہے: ''جس نے ایک درہم مہر دیا اس نے بیوی حلال کرلی''۔ [1] فرماتے ہیں: اس سند سے کئی احادیث مروی ہیں ان سے ان کے بیٹے عبدالرحمٰن کے علاوہ کسی نے روایت نہیں کی۔ زبیر نے کتاب النسب میں اور طبرانی نے بطریق حاتم بن اسمٰعیل، یحییٰ بن عبدالرحمٰن سے اسی سند کے ذریعہ یہ روایت کی ہے: اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے اللہ کے ہاں ساتویں آسمان پر لکھا ہے: ''حمزہ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کا شیر ہے''۔

ابونعیم نے بطریق ابن ابی فُدَیک بحوالہ یحییٰ بن عبدالرحمٰن اسی سند سے نقل کیا ہے، جس نے اپنے یتیم کو نکاح سے روکا اور پھر وہ زنا کر بیٹھا تو گناہ ان دونوں کے درمیان مشترکہ ہے۔ ابن ابی الدنیا نے کتاب القبور میں ایک اور طریق کے ذریعہ اسی سند کے حوالہ سے نقل کیا ہے کہ قبروں والے ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں، اسی میں ہے: ام بشر بنت براء بن معرور نے ان پر بہت بے صبری اور غم واندوہ کا مظاہرہ کیا تھا.....۔ (حدیث)

عبدالرحمٰن نامی حضرات کے حالات میں باوردی کا قول بیان ہو چکا ہے کہ یہ یحییٰ بن محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی لبیبہ ہیں اور صحابی عبدالرحمٰن بن ابی لبیبہ ہیں۔ فاللہ اعلم!

۱۰۴۶۶ ابولجا خریم بن اوس طائی، ناموں میں تذکرہ ہوا ہے۔

۱۰۴۶۷ ابولقیط [2] (مولا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم)

حبشی یا نوبی غلام تھے، دورِ فاروقی تک زندہ رہے۔ بقول ابوعمر: بعض نے موالی میں ان کا ذکر کیا ہے لیکن میں انہیں نہیں جانتا۔ میں کہتا ہوں: کتاب المحبّر میں ان کا ذکر ہے اور مستغفری کا قول ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت میں دیوان کے پاس رہتے تھے۔

۱۰۴۶۸ ابولیلیٰ عبدالرحمٰن بن عمرو ابن کعب، پہلے تذکرہ ہوا ہے۔

۱۰۴۶۹ ابولیلیٰ انصاری [3] (عبدالرحمٰن کے والد)

بقول بعض: ان کا نام بلال/ بلیل/ داؤد بن بلال/ اوس/ یسار/ یسر ہے۔ کسی نے کہا: کنیت ہی ان کا نام ہے۔ ابن کلبی لکھتے ہیں: ابولیلیٰ بلال بن بلیل بن احیحہ بن الجلاح بن الحریش بن جحجبی بن کلفہ بن عوف بن عمرو بن عوف بن مالک بن اوس۔ کسی اور کا قول ہے: اُحد اور بعد کے معرکوں میں شریک ہوئے، اس کے بعد کوفہ رہنے لگے، حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ ان کی جنگوں میں شرکت کی۔ ایک قول ہے: صفین میں شہید ہوئے۔

روایت حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے ان سے ان کا بیٹا عبدالرحمٰن ہی [4] روایت کرتا ہے۔ دولابی کی کتاب میں

---

[1] مسند ابی یعلی (۹۴۳/۲) مجمع الزوائد (۲۸۱/٤) کنز العمال (٤٤٧١٨) (٤٤٧٣٤)
جامع المسانید (٤٢٨/١٤) الدر المنثور (۱۲۰/۲)

[2] اسد الغابہ (٦٢٠٢) استیعاب (۳۱۹۳) تجرید (۱۹۸/۲) [3] اسد الغابہ (٦٢٠٤) تجرید (۱۹۸/۲)

[4] جامع المسانید (٤٣١/١٤)

Marfat.com

لکھا ہے: دمشق کے قاضی عامر بن لُدَین بھی ان سے روایت کرتے ہیں، جبکہ ایسا نہیں اس واسطے کہ عامر کا شیخ ابولیلیٰ اشعری ہے جن کی احادیث سنن میں آگے ان کا تذکرہ آ رہا ہے (۱۰۴۷۳)۔ ان میں سے ایک حدیث ابوداؤد میں بروایت ثابت، بواسطہ عبدالرحمٰن بحوالہ ان کے والد مروی ہے: میں نے رسول اللہ ﷺ کے پاس نفل نماز پڑھی، میں نے آپ کو پڑھتے سنا: ((اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ))..... (حدیث)

اور ابن ماجہ اور بغوی میں بروایت ابن حبان بواسطہ عبدالرحمٰن بحوالہ ان کے والد مروی ہے: میں نبی ﷺ کے پاس بیٹھا تھا، اتنے میں ایک اَعرابی آ کر کہنے لگا: میرا بھائی بیمار ہے، آپ نے فرمایا: اسے کیا بیماری ہے؟ اس نے کہا: اسے جنون ہے..... (حدیث)

بغوی کے ہاں بطریق عیسیٰ بن عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ، بواسطہ ان کے والد بحوالہ ان کے دادا مروی ہے، فرمایا: میں نبی کریم ﷺ کے پاس تھا تو کوئی حسن (رضی اللہ عنہ) کو لے کر آیا، انہوں نے آپ پر پیشاب کر دیا..... (حدیث)

دارمی اور حاکم نے بطریق قیس بن مسلم بواسطہ ابن ابی لیلیٰ بحوالہ ان کے والد روایت کی ہے، فرمایا: میں خیبر میں شریک تھا، مشرکین کو شکست ہوئی تو ہم ان کے گھروں میں جا پہنچے۔

۱۰۴۷۰ ابولیلی

نابغہ الجعدی، پہلے ذکر ہوا ہے۔

۱۰۴۷۱ ابولیلی

کسی نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی کنیت بتائی ہے۔ بقول: شاعر کے اس شعر سے وہی مراد ہیں:

انیّ اری فتنة تغلی مراجلها والملك بعد ابی لیلی لمن غلبا

''میں دیکھ رہا ہوں کہ فتنے کی دیگیں کھول رہی ہیں، ابولیلیٰ کے بعد جسے غلبہ حاصل ہوا بادشاہت اُسی کی ہے''۔

۱۰۴۷۲ ابولیلی خزاعی *

ابن حبان اور ان کی پیروی میں مستغفری اور ابوموسیٰ نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۴۷۳ ابولیلیٰ اشعری *

طبرانی صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کرتے ہیں اور بطریق ابوعمر قیسی، سلیمان بن حبیب سے بواسطہ عامر بن لُدَین اشعری بحوالہ ابولیلیٰ اشعری فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اپنے حکمرانوں کی فرمانبرداری کرو، ان کی مخالفت نہ کرو کیونکہ ان کی فرمانبرداری حقیقت میں اللہ کی فرمانبرداری ہے اور ان کی نافرمانی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہے''..... (حدیث) * اسی میں ہے جو مسلمانوں کے کسی کام کا ذمہ دار بنا پھر اس نے اللہ کی حکم عدولی کی تو اس پر اللہ کی لعنت ہو۔ ابونعیم فرماتے ہیں: میرے خیال میں ابوعمر قیسی وہی محمد بن سعید ہے جسے (جھوٹی حدیثیں گھڑنے کی پاداش میں) سولی دی گئی تھی۔

میں کہتا ہوں: اس کی تائید حاکم کی روایت سے ہوتی ہے، انہوں نے یہ حدیث بطریق محمد بن ابی قیس بحوالہ سلیمان بن

---

* اسد الغابہ (٦٢٠٥) تجرید (١٩٨/٢) * اسد الغابہ (٦٢٠٣) استیعاب (٣١٩٦) تجرید (١٩٨/٢)

* المعجم الکبیر (٩٣٥/٢٢) الاحاد والمثانی (٤٥٦/٤) مجمع الزوائد (٢٢٠/٥) جامع المسانید (٤٢٩/١٤)

Marfat.com

حبیب نقل کی ہے اور بغوی نے بھی اسے نقل کیا ہے اور محمد بن ابی قیس وہی محمد بن سعید مصلوب ہے جو متروک راوی ہے۔ ابواحمد کی روایت میں لکھا ہے: ہم سے ابولیلیٰ اشعری صحابیٔ رسول نے حدیث بیان کی۔

۱۰۴۷۴ ابولیلی (صحابیٔ رسول اللہ ﷺ)

ان کی حدیث ثابت نہیں۔ بقول حاکم: امام بخاری نے "الکنی المجردہ" میں ان کا ذکر کیا ہے، ممکن ہے یہ پہلے والے ہوں۔

۱۰۴۷۵ ابولیلی غفاری*

حاکم اور ابن مندہ وغیرہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور سب نے بطریق اسحاق بن بشر اسدی، جو ایک متروک راوی ہے، خالد بن حارث سے، بواسطہ عوف، حسن سے بحوالہ ابولیلیٰ غفاری روایت کی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: میرے بعد ایک فتنہ ہوگا جب ایسا دور آ جائے تو علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کا ساتھ نہ چھوڑنا۔ کیونکہ وہ سب سے پہلے مجھ پر ایمان لایا اور وہی قیامت کے دِن سب سے پہلے مجھ سے ہاتھ ملائے گا۔ وہی صدیق اکبر اور وہی اس اُمت کا فاروق اعظم وہ (مسلمانوں) مومنین کا سردار ہے اور منافقوں کا سردار مال ہے۔*

القسم الثانی ازحرفِ لام، خالی ہے۔

القسم الثالث ازحرفِ لام

۱۰۴۷۶ ابولیلی

عبداللہ بن یزید بن اَصرَم بن سعید بن الہزم بن رُوَیبَہ بن عبداللہ بن ہلال بن عامر بن صعصعہ الہذلی۔ ناموں میں ذکر ہوا ہے۔

القسم الرابع ازحرفِ لام

۱۰۴۷۷ ابی اللحم غفاری

دولابی اور ابن السکن نے حرف لام میں سے صحابہ رضی اللہ عنہم کی کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے، ابن مندہ نے ان کا اتباع کیا ہے۔ ابونعیم نے اس کا انکار کر کے درست اقدام کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں: آبی، اِباء سے اسم فاعل ہے جیسا کہ پہلے بیان ہوا ہے۔ حرف کنیت (ابو) نہیں۔ ان کا یہ لقب اس وجہ سے پڑ گیا تھا کہ وہ گوشت نہیں کھاتے تھے۔ ان کے حالات میں حرفِ الف میں بتایا جا چکا ہے۔

ابن الاثیر* ابونعیم کا قول نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں: معافری نے ان کا ذکر کیا ہے اور انہیں وہم ہوا ہے کہ یہ کنیت ہے، جبکہ یہ لقب ہے اور اس میں کوئی شک نہیں یہ کنیت نہیں ہے اور کنیتوں میں ان کا ذکر کرنا وہم ہے۔

میں کہتا ہوں: ابن مندہ کو اکیلے ہونے کا الزام دینا کہ انہوں نے ہی ایسا لکھا ہے۔ انصاف کی بات نہیں انہوں نے تو ابن السکن کی تقلید اور پیروی کی ہے۔ ابن السکن معتبر بھی ہیں لہٰذا ابن مندہ سے زیادہ ابن السکن ملامت کے مستحق ہیں۔

---

* اسد الغابہ (۶۲۰۷) تجرید (۱۹۸/۲) * میزان الاعتدال (۱۸۶/۱) اللآلی المصنوعۃ (۱۶۸/۱) اسد الغابہ (۸۵/۵)
* اسد الغابۃ (۸۳/۵)

Marfat.com

حرف میم

القسم الاوّل ازحرفِ میم

۱۰۴۷۸ ابومالك اشعری*

حارث بن حارث۔کنیت اور نام دونوں سے مشہور ہیں۔

۱۰۴۷۹ ابومالك اشعری*

کعب بن عاصم، نام سے مشہور ہیں۔کبھی کنیت بھی لی جاتی ہے، دونوں کا تذکرہ ناموں میں ہو چکا ہے۔ بقول بغوی: انہیں ابو مالک بھی کہا جاتا ہے۔

۱۰۴۸۰ ابومالك اشعری

دوسرے ہیں۔کنیت سے مشہور ہیں، نام میں اختلاف ہے، نام عمرو یا عُبید ہے۔سعید برذعی کا قول ہے: میں نے ابوبکر بن ابی شیبہ کو فرماتے سنا: ابو مالک اشعری کا نام عمرو ہے: یہ روایت حاکم ابواحمد نے نقل کی ہے، دوسروں نے اس اضافے سے لکھا ہے: عمرو بن حارث بن ہانی۔ ایک قول ہے: یہ وہی ہیں جن سے عبدالرحمٰن بن غنم حدیث معازف (گانے بجانے کے آلات والی حدیث) روایت کرتے ہیں۔

۱۰۴۸۱ ابومالك انصاری رافع بن مالک۔

۱۰۴۸۲ ابومالك حنظلی شریک بن طارق۔

۱۰۴۸۳ ابومالك عامری ابی بن مالک۔

۱۰۴۸۴ ابومالك فزاری عیینہ بن حصن۔

۱۰۴۸۵ ابومالك خثعمی عبداللہ، سب کا ناموں میں ذکر ہو چکا ہے۔

۱۰۴۸۶ ابومالك جعدی بغوی نے ان کا ذکر تو کیا ہے لیکن ان کی کوئی حدیث روایت نہیں کی۔

---

* تجرید (۱۹۹/۲) * استیعاب (۳۲۰۰)

Marfat.com

۱۰۴۸۷ ابومالك اشجعی [1]

ان کا نام مشہور نہیں۔ حاکم کا قول ہے: ان کی حدیث حجاز میں ملتی ہے اور یہ کوفی نہیں یعنی سعد بن طارق جو تابعی ہیں، ابوعمر فرماتے ہیں، بقول بعض: ان کا نام عمرو بن حارث بن ہانی ہے۔ جس پر کسی نے اعتراض کر کے کہا کہ یہ بات تو ابو مالک اشعری کے بارے میں کہی گئی ہے۔

۱۰۴۸۸ ابومالك اسلمی [2]

ابوبکر بن ابی علی نے ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق ابوزائدہ ان کی یہ حدیث نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے تین بار ماعز رضی اللہ عنہ کو واپس کیا جب وہ چوتھی بار اقرارِ زنا کرنے آئے تو آپ ﷺ نے انہیں سنگسار کرنے کا حکم دیا۔ ابوموسیٰ نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے اور ابن حزم نے اس حدیث کو ذکر کر کے فرمایا: ابو مالک کو میں نہیں جانتا۔

میں کہتا ہوں: یہ حدیث نسائی میں بطریق سلمہ بن کُہَیل بواسطہ ابو مالک ایک صحابی سے مروی ہے۔

۱۰۴۸۹ ابومالك قرظی [3] (ثعلبہ کے والد)

واقدی ان کا ذکر کرتے ہیں کہ جب یہ یمن سے آئے تو یہودیت پر عمل پیرا تھے۔ قریظہ کی ایک عورت سے شادی کر لی، یوں انہی میں شمار ہونے لگے۔ جبکہ ان کا تعلق کندہ [4] سے ہے۔ کسی نے ان کا نام عبداللہ بتایا ہے۔ امام حاکم بحوالہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ روایت کرتے ہیں کہ ثعلبہ بن ابی مالک سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لشکروں کو طلب کیا اور پھر ابو مالک کو بلایا۔ واقدی کی عثمان بن الضحاک سے بواسطہ ابن الہادی بحوالہ ثعلبہ روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ابو مالک سے، جو یہودی عالم تھے۔ تورات میں نبی ﷺ کی نشانی کے بارے میں پوچھا، انہوں نے فرمایا: بنی ہارون کو اس کتاب میں جس میں تبدیلی نہیں ہوئی ان کی یہ نشانی لکھی ہے کہ وہ احمد اولاد اسمٰعیل سے ہوگا، وہ یکسوئی کا (جسے) دین (حنیف کہا جاتا ہے) لائے گا، جو دین ابراہیم ہے۔ وہ کمر پر تہبند باندھے گا اور ہاتھ پاؤں دھوئے (یعنی وضو کرے) گا، وہ آخری نبی ہوگا۔ پھر لمبی حدیث ذکر کی۔

۱۰۴۹۰ ابومالك نخعی

بقول ابن السکن: کسی نے انہیں صحابی لکھا ہے اور صفوان بن عمرو کے طریق سے یہ روایت نقل کی ہے کہ جب ابو مالک فوت ہونے لگے تو فرمایا: قبیلہ نخع! موجود غائب تک یہ بات پہنچا دے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے: ''دنیا کی مٹھاس آخرت کی کڑواہٹ ہے اور دنیا کی سڑواہٹ آخرت کی مٹھاس ہے''۔

۱۰۴۹۱ ابومالك عبدی

ابوجعفر طبری نے بطریق داؤد بن ابی ہند اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے بارے میں ان کی حدیث نقل کی ہے: ''جس مال

---

[1] اسد الغابہ (٦٢١٠) [2] اسد الغابہ (٦٢٠٩) تجرید (١٩٩/٢)

[3] اسد الغابہ (٦٢١٣) [4] السیرۃ النبویۃ (٢٤/١)

Marfat.com

میں یہ لوگ بخل و کنجوسی کیا کرتے تھے قیامت کے روز وہ ان کے گلے کا طوق ہوگا''۔ اور دوسرے طریق سے مرسل مروی ہے ایک اور طریق سے بھی روایت کی جاتی ہے جو ثعلبی نے اسی سند سے نقل کی ہے لیکن اس میں فرماتے ہیں: قیس کے ایک شخص سے مروی ہے ان سے روایت کرنے والے ابوقزعہ مشہور بصری تابعی ہیں، لیکن وہ صحابہ رضی اللہ عنہم سے کبھی مرسل بھی روایت کرتے ہیں۔ لہٰذا یہ حدیث اسی احتمال سے منقول ہے۔

۱۰۴۹۲ ابومالك [1] (بے نسبت)

ابن مندہ ان کا ذکر کرتے ہیں کہ مصر فروکش ہوئے، حالات نامعلوم ہیں۔ پھر بطریق عبدالرحیم بن زید العمّی (جو متروک راوی ہے) اپنے والد سے (جو ضعیف ہے) بحوالہ ابو مالک روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اسلام کی حالت میں جس کی عمر اَسّی (۸۰) سال ہو جائے اللہ تعالیٰ اس کے لیے جہنم حرام کر دے گا اور وہ بلند درجات میں ہوگا''۔ [2]

۱۰۴۹۳ ابومالك [3] (بے نسبت)

ان کا بھی ابن مندہ نے ذکر کیا ہے کہ ان سے سنان بن سعد روایت کرتے ہیں۔ پھر یہ روایت نقل کی ہے کہ کسی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکین کے بچوں کے بارے میں پوچھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''وہ جنتی لوگوں کے خادم ہوں گے''۔ [4] ابونعیم فرماتے ہیں: مشہور یزید بواسطہ سنان بحوالہ انس بن مالک ہے۔ [5]

میں کہتا ہوں: واقعی اسی طرح ہے البتہ اس سے ابوسعید بن یونس کے قول کی تردید نہیں ہوتی، کیونکہ یہ متعین نہیں کہ ابوسعید بن یونس کی مراد اس حدیث سے ہے۔

۱۰۴۹۴ ابومالك [6] (بے نسبت)

مستغفری نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق ہشام بن الغاز بن ربیعہ وہ اپنے والد سے بحوالہ اپنے دادا روایت کرتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا: اے اہل دمشق! عنقریب تمہارے ہاں دھنساؤ، بگڑاؤ اور پتھراؤ ہوگا۔ لوگوں نے ان سے پوچھا: آپ کو ربیعہ اس کا کیسے پتہ چلا؟ فرمایا: یہ ابو مالک صحابیٔ رسول تشریف فرما ہیں، ان سے پوچھ لو! وہ وہاں آئے ہوئے تھے۔ ان سے پوچھنے آئے کہ آپ بتائیں جو ربیعہ کہہ رہے ہیں وہ ٹھیک ہے؟ انہوں نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: میری اُمت میں [7] ..... پھر وہ حدیث ذکر کی۔ پھر استدراک میں ان کا ذکر کیا۔ بعید نہیں یہ ابو مالک اشعری ہوں۔

---

[1] اسد الغابہ (٦٢١٧) تجرید (١٩٩/٢) [2] جامع المسانید (٤٦٤/١٤) اسد الغابہ (٨٨/٥)

[3] اسد الغابہ (٦٢١٥) تجرید (١٩٩/٢) [4] جامع المسانید (٤٦٣/١٤)

[5] مسند ابی داؤد طیالسی (٢٨٢٢/٢) حلیۃ الاولیاء (٣٠٨/٦) مسند ابی یعلیٰ (٤٩٠/٧) مجمع الزوائد (٢١٩/٧) (٢٢٥)

[6] اسد الغابہ (٦٢١٦) تجرید (١٩٩/٢) [7] ابن ماجہ کتاب الفتن باب الخسوف (٤٠٦٠)

Marfat.com

۱۰۴۹۵ ابوالمجبر*

یحییٰ بن عبدالحمید حمانی اپنی مسند میں بحوالہ ابوالمجبر روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے دو بیٹیوں یا دو بیٹوں دو پھوپھیوں یا دو دادیوں (نانیوں ایک دادی اور ایک نانی) کی کفالت اور خرچ کا بندوبست کیا وہ جنت میں اس طرح میرے ساتھ ہوگا جیسے یہ دو انگلیاں ہیں۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے انگشت شہادت اور ساتھ والی انگلی کو ملا لیا۔* اگر تین ہوں تو وہ مفرح (فرحت پہنچانے والا) ہے اور اگر چار یا پانچ ہوں تو اللہ کے بندو! اس کا خیال رکھنا، اسے قرض دے دینا اس سے مشترکہ کاروبار کر لینا۔ مطین نے ''الصحابہ'' میں بحوالہ حمانی اور طبرانی نے مطین سے جبکہ ابوموسیٰ نے ان کے طریق سے یہ روایت نقل کی ہے اور بطریق حسن بن عرفہ بحوالہ مبارک اسی سند سے ایک اور حدیث نقل کی ہے۔

۱۰۴۹۶ ابومجزأہ اسلمی

زاہر ہیں۔ جو مجزأہ کے والد ہیں، نام سے مشہور ہیں۔ پہلے تذکرہ ہو چکا ہے۔ مسند بقی میں کنیت کے ساتھ مذکور ہے۔

۱۰۴۹۷ ابومجیبہ*

ابن حبان نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابوعمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے ان کا حال معلوم نہیں، جبکہ بغوی کا قول ہے: ابومجیبہ یا ان کے چچا بصرہ کے رہائشی ہیں۔

میں کہتا ہوں: یہ مجیبہ باہلی یا باہلیہ کے والد ہیں۔ ابن ماجہ میں مجیبہ باہلی سے بحوالہ ان کے والد لکھا ہے، جبکہ ابن ابی داؤد کی کتاب میں ہے مجیبہ باہلیہ اپنے والد سے روایت کرتی ہیں۔ بغوی نے یہ فائدے کی بات لکھی ہے کہ مجیبہ کے والد کا نام عبد بن حارث ہے۔ درست یہی ہے کہ مجیبہ خاتون ہے۔ چنانچہ سعید بن منصور کی کتاب میں، ابن عُلَیَّہ سے بواسطہ جریری، ابوسَلیل سے ان کی قوم کی بڑھیا مجیبہ باہلیہ سے مروی ہے۔

۱۰۴۹۸ ابومحجن ثقفی*

مشہور شاعر۔ نام میں اختلاف ہے۔ ایک قول کے مطابق: عمرو بن حُبَیب بن عمرو بن عمیر بن عوف بن عقدہ بن غیرہ (غزہ) بن عوف بن ثقیف اور ایک قول کے مطابق ان کی کنیت ہی ان کا نام ہے اور ان کی کنیت ابوعبید ہے۔ کسی نے مالک کسی نے عبداللہ نام بتایا ہے، والدہ کا نام کنود بنت عبداللہ بن عبدشمس ہے۔ بقول ابواحمد الحاکم: صحابی ہیں۔ فرماتے ہیں: مجھے لگتا ہے یہ وہی ہیں جو نشے کی حالت میں سعد بن ابی وقاص کے پاس لائے گئے اگر یہ وہی ہیں تو پھر ان کا نام مالک ہے۔ پھر بطریق ابوسعد بقال بحوالہ ابومحجن یہ حدیث نقل کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مجھے اپنی امت کے بارے میں اپنے بعد تین چیزوں کا سب سے زیادہ

---

* اسد الغابہ (٦٢١٩)

* المعجم الکبیر (٩٥٩/٢٢) مجمع الزوائد (١٥٨/٨) جامع المسانید (٤٥٦/١٤) اسد الغابہ (٨٩/٥)

* اسد الغابہ (٦٢٢٠) تجرید (٢٢٠/٢)

* اسد الغابہ (٦٢٢١) استیعاب (٣٢٠٣) تجرید (٢٠٠/٢)

Marfat.com

خوف ہے: ستاروں پر ایمان لانا، تقدیر کو جھوٹ سمجھنا (اور بادشاہوں کا ظلم وستم کرنا)''۔ پھر تیسری چیز کا ذکر کیا۔ ابونعیم نے اسی سند سے یہ حدیث نقل کی ہے اور تیسری چیز ''بادشاہوں کا ظلم'' ہے۔ ❁

ابوسعد ضعیف ہے، اس نے ابومحجن کا دور نہیں پایا، ابواحمد الحاکم کا قول ہے: اس بات کی دلیل ہے کہ ان کا نام مالک ہے، یہ روایت ہے جو ہم سے ابوالعباس ثقفی نے زیاد بن ایوب سے، ابومعاویہ، عمرو بن مہاجر، ابراہیم بن محمد، سعد سے بحوالہ ان کے والد نقل کی ہے۔ قادسیہ کے روز حضرت سعد کے پاس ابومحجن ثقفی کو لایا گیا جو نشے میں تھے، آپ نے انہیں بیڑیاں پہنا دیں حضرت سعد کے زخم تھا آپ نے لشکر کا امیر خالد بن عرفطہ کو مقرر کر دیا اور خود بالاخانے پر بیٹھ کر سارا منظر دیکھنے لگے، تو ابومحجن یہ اشعار پڑھنے لگے: ع

''اس سے بڑھ کر کیا غم ہوگا کہ لشکر تیروں سے زخمی ہو رہا ہے اور مجھے بیڑیوں میں کس کے چھوڑ دیا گیا ہے''۔ ❁

اس کے بعد حضرت سعد کی بیوی سے جو بنت خصفہ تھیں کہنے لگے: خدا تمہارا بھلا کرے، میں تم سے عہد کرتا ہوں کہ اگر میں بچ نکلا تو خود آ کر بیڑیاں پہن لوں گا اور اگر جنگ میں کام آ گیا تو تم لوگوں کو مجھ سے راحت مل جائے گی۔ چنانچہ انہوں نے رہا کر دیا، وہ کود کر حضرت سعد کے گھوڑے بلقاء پر سوار ہو گئے۔ نیزہ لیا اور معرکہ میں جا پہنچے۔ جس طرف رُخ کرتے دُشمن کے چھکے چھوٹ جاتے۔ تو لوگ کہنے لگے: یہ فرشتہ ہے اور سعد بیٹھے سارا منظر دیکھ رہے ہیں۔ وہ کہنے لگے: ''اس گھوڑے کی اچھل کود تو بلقاء جیسی ہے اور حملہ ابومحجن جیسا ہے حالانکہ ابومحجن تو گرفتار ہے''۔ جب دشمن کو شکست ہوگئی تو ابومحجن نے واپس آ کر بیڑیاں پہن لیں۔ بنت خصفہ نے حضرت سعد کو ساری بات بتا دی۔ تو آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں ایسے شخص پر کوئی حد جاری نہیں کر سکتا ❁ جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے آج مسلمانوں کو اس آزمائش سے نکالا۔ آپ نے انہیں چھوڑ دیا۔ ابومحجن یہ سلوک دیکھ کر فوراً بولے: پہلے میں اگر پیتا تھا تو حد کی وجہ سے میں پاک ہو جاتا تھا، اب جبکہ آپ نے مجھے بری کر دیا تو میں کبھی بھی اسے نہیں پیوں گا۔

میں کہتا ہوں: ابواحمد نے اس واقعہ میں لوگوں کے اس قول کو دلیل بنا کر کہ یہ کوئی فرشتہ (مَلَک) ہے، ان کا نام مالک بتایا ہے تو یہ ان کی مراد کی واضح دلیل نہیں۔ بلکہ بظاہر وہ انہیں فرشتہ سمجھ بیٹھے تھے جس کی تائید ابوبکر بن ابی شیبہ کی روایت ہے کہ اسی سند سے ابومعاویہ سے مروی ہے کہ لوگوں نے انہیں فرشتہ سمجھا۔ ''الضبر ضبر البلقاء'' کو جس نے ''الصبر صبر البلقاء'' لکھا ہے اسے وہم ہوا ہے جیسا کہ ابن فتحون نے ''اوھام الاستیعاب'' میں متنبہ کیا ہے۔

حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی مذکورہ بیوی کا نام سلمٰی تھا جس کا سیف نے ''الفتوح'' میں ذکر کیا ہے۔ ابوعمر نے بھی ان کا یہی نام لیا ہے۔ اور یہ واقعہ لمبا ذکر کیا ہے۔ اور چند اور اشعار نقل کیے ہیں۔ اس واقعہ میں ہے: انہوں نے جنگ کا رنگ بدل دیا تکبیر کہتے ہوئے جس پر حملہ کرتے ان کے سامنے کوئی نہ ٹکتا تھا وہ بڑے عجیب طریقے سے لوگوں کی گردنیں اڑاتے۔ جس سے لوگوں کو تعجب ہوا کیونکہ کوئی انہیں جانتا نہ تھا۔ عبدالرزاق نے بحوالہ ابن سیرین صحیح سند سے نقل کیا ہے کہ ابومحجن کو شراب پینے پر ہمیشہ کوڑے

❁ جامع المسانید (٤٦٦/١٤) اسد الغابہ (٨٩/٥) ❁ اسد الغابہ (٩٠/٥)

❁ کسی کے ذہن میں یہ نہ آئے کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے حدود اللہ کی پروا نہ کی، ہرگز ایسا نہیں بلکہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا مقصد یہ ہے کہ آئندہ جب تک میں اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھ لیتا تب تک تمہیں حد نہیں لگاؤں گا۔ [عامر تقی ندوی]

Marfat.com

لگائے جاتے لیکن جب وہ باز نہ آئے تو انہیں گرفتار کرلیا گیا۔ جب قادسیہ کی جنگ ہوئی تو انہوں نے لوگوں کو جنگ کرتے دیکھا پھر سابقہ واقعے جیسا واقعہ نقل کیا۔ لیکن مسلمانوں کا یہ قول نہیں نقل کیا: یہ فرشتہ ہے۔ بلکہ اس میں ہے کہ حضرت سعد نے فرمایا: میں اگر ابومحجن کو بیڑیوں میں گرفتار نہ کر آیا ہوتا تو مجھے اس کی کارروائی لگتی۔

واقعے کے آخر میں ہے، حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہیں شراب کی وجہ سے کبھی حد نہیں لگاؤں گا۔ ابومحجن نے کہا: میں بھی اللہ کی قسم! اب اسے کبھی نہیں پیوں گا۔ مجھے تمہارے کوڑوں کی وجہ سے اسے چھوڑنے میں عار محسوس ہو رہی تھی۔ پھر انہوں نے کبھی شراب نہ پی۔ مدائنی کا بیان ہے کہ عاصم بن عروہ کا قول ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ابومحجن کو شراب نوشی کی وجہ سے جلا وطن کر دیا تھا اور ابوجھراء بصری اور ایک دوسرے آدمی کو حکم دیا کہ انہیں سمندری راستے سے لے جائیں، بقول بعض: وہ ان کے ہاتھ سے بھاگ نکلے اور جنگ قادسیہ کے دنوں میں عراق آ گئے ابوعمر نے کچھ اضافے کے ساتھ اس کا مفہوم نقل کیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت سعد کو لکھا کہ انہیں گرفتار کرلو چنانچہ انہوں نے قید کرلیا۔ ابوالاعرابی بحوالہ ابن دأب روایت کرتے ہیں کہ ابومحجن انصار کی ایک عورت پر فریفتہ ہو گئے جس کا نام شموس تھا اسے دیکھنا چاہا لیکن بس نہ چل سکا جس کا حیلہ یہ کیا کہ اس کے گھر کے پاس جو گھر تعمیر ہو رہا تھا وہاں کام کرنے والے مستری کے پاس مزدور رہ کر ایک طاقچے سے اسے جھانک کر یہ اشعار کہے: ع

''میں نے شموس کو دیکھا، جس کے درمیان رحمٰن تعالیٰ کی طرف سے تھوڑی تنگی اور رکاوٹ نہ تھی''۔

اس کے خاوند نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے شکایت کر دی جس کی وجہ سے انہوں نے انہیں جلا وطن کر دیا۔ اور ان کے ساتھ ابوجھراء نامی ایک شخص روانہ کیا جن سے حضرت ابوبکر مختلف امور میں مدد لیا کرتے تھے۔ پھر وہ واقعہ نقل کیا۔ اسی میں ہے: ابوجھراء نے ابومحجن کے پاس تلوار دیکھی تو وہ ان سے ڈر کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بھاگ آئے۔ حضرت عمر نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ انہیں گرفتار کرلو، چنانچہ انہوں نے انہیں قید کرلیا۔ پھر جنگ قادسیہ والا واقعہ ذکر کیا۔

عبدالرزاق بحوالہ ابن جریج روایت کرتے ہیں کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ابومحجن بن حبیب بن عمرو بن عمیر ثقفی کو سات مرتبہ شراب نوشی کی حد لگائی، ایک قول ہے: ابومحجن حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے آپ نے سمجھا انہوں نے شراب پی رکھی ہے۔ آپ نے فرمایا: اس کا منہ سونگھو جس پر ابومحجن بولے: یہ تو وہ تجسس ہے جس سے آپ کو روکا گیا ہے۔ چنانچہ آپ نے انہیں چھوڑ دیا۔ ابن الاعرابی بحوالہ فضل ضبّی روایت کیا ہے اپنی شراب نوشی کے ترک کرنے پر ابومحجن نے یہ اشعار کہے: ع

''میں شراب [1] کو اچھا سمجھتا تھا جبکہ اس میں عقلمند آدمی کی ہلاکت کا سامان ہے۔ اللہ کی قسم! میں اب اسے زندگی بھر نہیں پیوں گا اور نہ کبھی اس سے اپنی بیماری کا علاج کروں گا''۔

ابن کلبی بحوالہ عوانہ روایت کرتے ہیں کہ عبید بن ابی مجن عبدالملک بن مروان کے پاس آئے تو عبدالملک کہنے لگا: یہ تمہارے والد ہی کے اشعار ہیں: ع

''جب میری وفات ہو جائے تو مجھے انگور کی بیل کے پاس دفن کرنا تاکہ موت کے بعد اس کی جڑیں مجھے سیراب کریں''۔

---

[1] یعنی دورِ جاہلیت میں۔

Marfat.com

پھر ان کا واقعہ ذکر کیا۔ ابن الاثیر نے یہ واقعہ ان الفاظ میں نقل کیا ہے کہ بقول بعض: ابو محجن کا بیٹا امیر معاویہ کے پاس آیا۔ امیر معاویہ نے اس سے کہا: تمہارے والد نے یہ اشعار کہے ہیں، پھر انہیں ذکر کیا اس کے بعد ہے: ع

''مجھے کسی چٹیل میدان میں نہ دفن کرنا کیونکہ مجھے خدشہ ہے کہ میں مرنے کے بعد اسے نہ چکھ سکوں گا''۔

تو وہ بولا میں چاہوں تو آپ کو ان کے اس سے بہترین شعر سنا دوں۔ امیر معاویہ نے فرمایا: وہ کیا ہے؟ اس نے کہا: یہ شعر ع

''لوگوں سے میرے مال اور اس کی کثرت کے بارے میں نہ پوچھ بلکہ میری ہمت اور میرے اخلاق کے متعلق دریافت کر۔ قوم خوب جانتی ہے کہ میں ان کے سرداروں میں سے ایک ہوں۔ جب گھبرایا ہوا کانپتا ہاتھ گھومتا ہے میں اس وقت لڑائی میں گھس جاتا ہوں جب وہ اپنے زوروں پر ہوتی ہے اور راز کو چھپاتا ہوں، جو گردن اڑانا ہے میں جنگ کے روز نیزے کو اس کا حصہ دیتا ہوں اور نیزہ باز کو خون کے لوتھڑوں سے سیراب کر دیتا ہوں۔ جو چیز مجھے ملنے والی نہیں میں اس کے حصول سے باز رہتا ہوں اور اگر مجھ پر ظلم ہو تو میرا کینہ اور دشمنی بڑھ جاتی ہے۔ آدمی کی حالت بعض دفعہ ایسی ہوتی ہے کہ سخی ہونے کے باوجود وہ تنگ دست ہو جاتا ہے اور کبھی لاچار بے وقوف جیسا سودا کر بیٹھتا ہے۔ عنقریب ایک دِن کمی کے بعد مال زیادہ ہو جائے گا اور جو شاخ پتوں کے جھڑنے سے صاف ہو گئی تھی ایک دِن پھر سبز لباس اوڑھ لے گی''۔ ❁

امیر معاویہ رحمۃ اللہ علیہ فرمانے لگے: ہم لوگ اگرچہ غلط کہتے تھے لیکن برتاؤ اچھا کریں گے۔ پھر انہیں انعام سے نوازا۔ ادھر ابن فتحون نے ابو عمر پر اعتراض کیا کہ انہوں نے ابو محجن کی شراب نوشی کا واقعہ ایسے کیوں ذکر کیا ہے کہ وہ شراب کے رسیا اور دلدادہ تھے، ان کا کہنا ہے کہ بس ان کی سزا کا ذکر کافی تھا۔ اس سلسلہ میں سکوت بہتر ہے بلکہ زیادہ مناسب وہ روایت ہے جو سیف نے فتوح میں نقل کی ہے کہ حضرت سعد کی اہلیہ نے ان سے پوچھا کہ آپ کو کس وجہ سے قید کیا گیا ہے؟ وہ کہنے لگے: اللہ کی قسم! نہ میں نے کوئی حرام کھایا ہے اور نہ پیا ہے دورِ جاہلیت میں مَیں مَے نوش تھا جس کی وجہ سے میری زبان سے اس کی بہت زیادہ تعریف نکل گئی، اس کی بنا پر انہوں نے مجھے قید کر رکھا ہے۔ انہوں نے حضرت سعد کو بتایا، آپ نے فرمایا: تم جا سکتے ہو، میں جب تک تمہیں کوئی کام کرتے نہیں دیکھ لیتا تمہارا مواخذہ نہیں کر سکتا۔

میں کہتا ہوں: سیف ضعیف ہے، اور جو روایات ہم نے ذکر کی ہیں وہ زیادہ مضبوط اور مشہور ہیں۔ ابن فتحون نے اس بات کو غلط قرار دیا ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے حد کو ختم کر دیا تھا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے متعلق ایسا گمان رکھنا مناسب نہیں۔ پھر فرماتے ہیں: اس کی ایک بہترین توجیہ ہے جو انہوں نے ذکر نہیں کی، شاید ان کی مراد یہ ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے کہنے کا مقصد ہے کہ ''وہ شراب کی وجہ سے انہیں حد نہیں لگائیں گے'' یہ تھا کہ اس شرط کے ساتھ اگر میں نے اس کا ثبوت دیکھا تو پھر، لیکن اللہ تعالیٰ نے انہیں سچی توبہ کی توفیق عطا کر دی۔ اور پھر کبھی اس کا رُخ نہیں کیا۔ جیسا کہ باقی واقعہ ہے، فرماتے ہیں: بقول بعض: ابو محجن

❁ الشعر والشعراء (٤٢٤/١)

Marfat.com

آذربائیجان میں بقول بعض جرجان میں فوت ہوئے۔

۱۰۴۹۹ ابومحذورہ مؤذن ✿

نام اوس، بقول بعض: سمرہ بن مِعْیر تھا یہی مشہور ہے۔ ابن عبدالبر کا بیان ہے: کسی نے یہ (معیر) نام معین لکھا ہے۔ ابن ربیعہ بن معیر بن عُرَیج بن سعد بن جمح۔ بقول بلاذری: زیادہ مضبوط روایت یہ ہے کہ نام اوس ہے۔ ابن حزم نے کتاب النسب میں یقین سے لکھا ہے کہ سمرہ ان کا بھائی ہے۔ ابوالیقظان نے اس کی مخالفت کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اوس بن معیرہ بدر میں کافر مارا گیا تھا، جبکہ ابومحذورہ کا نام سلمان بن سمرہ ہے یا سلمہ بن معیر ہے۔ ایک قول ہے کہ ابومحذورہ کا نام معیر بن محیریز ہے طبری نے نقل کیا ہے ان کا وہ بھائی جو بدر میں قتل ہوا اس کا نام انیس تھا۔

ابوعمر لکھتے ہیں: زبیر، ان کے چچا، ابن اسحاق اور مسیبی کا اس پہ اتفاق ہے کہ ابومحذورہ کا نام اوس ہے اور یہ لوگ کے قریش کے نسب کا سب سے زیادہ علم رکھتے ہیں۔ جس نے ان کا نام سلمہ بتایا ہے اس کی غلطی ہے۔ ابومحذورہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ آپ نے انہیں اذان سکھائی تھی ان کا یہ واقعہ صحیح مسلم وغیرہ میں موجود ہے۔ ہمام کی ابن جریج سے مروی روایت میں ہے کہ آپ کی انہیں اذان دہی کی تعلیم جعرانہ میں ہوئی تھی۔ ابن کلبی کا قول ہے: ابومحذورہ نے ہجرت نہیں کی بلکہ مکہ مکرمہ ہی مقیم رہے اور سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد فوت ہوئے۔ کسی اور کا قول ہے: ۵۹ھ یا ۷۹ھ ✿ میں فوت ہوئے۔

۱۰۵۰۰ ابومحصن اشعری

وہی عکاشہ بن محصن، ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۱۰۵۰۱ ابومحمد انصاری ✿

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے موطا میں ان کا ذکر کیا اور بطریق عبداللہ بن محیریز بواسطہ مذجی روایت کی ہے کہ شام میں ایک شخص ابومحمد کنیت والے تھے، جنہیں شرفِ صحابیت حاصل تھا، انہوں نے فرمایا: وتر واجب ہیں۔ حضرت عبادہ بن الصامت کے ساتھ پیش آمدہ ان کا واقعہ ذکر کیا، یہ روایت ابوداؤد وغیرہ نے بطریق امام مالک نقل کی ہے، بقول بعض: ان کا نام مسعود بن اوس بن زید بن اصرم ہے۔ بعض نے مسعود بن زید بن سبیع کہا ہے۔ ایک قول کے مطابق ان کا نام قیس بن عامر بن عبدالحارث خولانی ہے، اوس میں سے بنی حارثہ کے حلیف ہیں۔ بقول بعض: مسعود بن یزید نام ہے۔ اہل شام میں شمار ہوتے ہیں، داریا میں رہتے تھے۔ کسی نے ان کا نام سعد بن اوس/قیس بن عبابہ بھی بتایا ہے۔ ابن یونس لکھتے ہیں: فتح مصر میں شریک ہوئے۔ ابن سعد کا قول ہے: خلافتِ فاروقی میں فوت ہوئے۔ ابن کلبی کا گمان ہے: بدر میں شریک ہوئے، پھر جنگ صفین میں امیرالمومنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کا ساتھ دیا۔ محمد بن نصر کی کتاب ''قیام اللیل'' میں بطریق عبداللہ بن محیریز بحوالہ ابورُفیع مروی ہے کہ ہم لوگ وتر کے بارے میں باہمی بحث کر رہے تھے تو انصار میں سے ابومحمد نامی ایک صحابی فرمانے لگے۔

✿ اسد الغابہ (٦٢٢٢) استعیاب (٣٢٠٤) تجرید (٢٠٠/٢) ✿ جامع المسانید (٤٦٧/١٤)

✿ اسد الغابہ (٦٢٢٤) تجرید (٢٠٠/٢)

Marfat.com

۱۰۵۰۲ ابومحمد

طلحہ بن عبیداللہ تمیمی، عبدالرحمٰن بن عوف زہری، جبیر بن مطعم، عبداللہ بن ثعلبہ بن عبدربہ اذان والے، عبداللہ بن زید بن عاصم حدیث وضو کے راوی۔ عبداللہ بن بحینہ ازدی، حاطب بن ابی بلتعہ، ثابت بن قیس بن شماس انصاری، کعب بن عجرہ بلوی، حمزہ بن عمرو اسلمی، فضالہ بن عبید انصاری، حویطب بن عبدالعزی قرشی، عبداللہ بن ابی حدرد اسلمی، عبدالرحمٰن بن یزید بن حارثہ، عبداللہ بن مخرمہ عامری، اشعث بن قیس کندی، محمود بن ربیع انصاری اور ایک قول کے مطابق عبداللہ بن عمرو بن عاص، سب کا تذکرہ ناموں میں ہو چکا ہے۔

۱۰۵۰۳ ابومحرّث نام خالد تھا، پہلے تذکرہ ہوا ہے۔

۱۰۵۰۴ ابومخارق قابوس کے والد، قابوس میں ذکر ہوا ہے۔

۱۰۵۰۵ ابومخشی طائی*

بنی اسد کے حلیف۔ مہاجرین اوّلین سے اور شرکاءِ بدر سے تعلق رکھتے ہیں۔ نام سوید بن مَخشی تھا۔ ابن سعد نے بحوالہ ابوحبیبہ ان کا ذکر کیا ہے کہ بقول بعض: ابن عدی اور ابومعشر کے حوالہ سے لکھا ہے کہ بقول بعض: زید بن مخشی / ابن حمیر۔

۱۰۵۰۶ ابومخشی (دوسرے)

عبداللہ بن محمد نے ان میں اور سابقہ میں فرق کیا ہے۔ پہلے کے متعلق لکھا ہے: ان کا نام زید بن حمیر ہے، بلاشک وشبہ بدر میں شریک ہوئے اور دوسرے کے بارے میں لکھتے ہیں: ان کا نام سوید بن مخشی ہے، اُحد میں شریک ہوئے، بدر سے محروم رہے۔ ابن سعد نے اس کا ذکر کیا ہے اور یقین سے لکھا ہے کہ زید بن حمیر کی کنیت ابومخشی ہے، پہلے تذکرہ ہو چکا ہے۔

۱۰۵۰۷ ابومدینہ دارمی عبداللہ بن حصن، ناموں میں ذکر ہوا ہے۔

۱۰۵۰۸ ابومذکر راقی

ان کی ایک ضعیف حدیث ہے جسے حکیم ترمذی نے ''نوادر الاصول'' میں اصل تیراسی (۸۳) میں بطریق عرزمی جو ایک ضعیف راوی ہے۔ ابوزبیر سے بحوالہ جابر روایت کی ہے کہ مدینہ میں ابومذکر کنیت والے ایک شخص تھے جو بچھو کے کاٹے کا دم اور جھاڑ پھونک کیا کرتے تھے۔ جس سے اللہ تعالیٰ لوگوں کو فائدہ پہنچاتے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارا یہ دم کیا ہے؟ وہ ذرا مجھے سناؤ۔ انہوں نے پڑھا: شجنة قرنية ملحة بحر قغطًا۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں یہ وہ مضبوط کلمات ہیں جو سلیمان بن داؤد علیہما السلام حشرات الارض پر پڑھا کرتے تھے۔ حکیم فرماتے ہیں: ہم سے بیان کیا گیا کہ یہ کلمات حِمْیَری زبان میں تھے۔ پھر بطریق مغیرہ، ابراہیم سے بحوالہ اسود وہ کلمات حِمْیَری زبان میں نقل کیے۔

---

* اسد الغابہ (٦٢٢٦) استیعاب (٣٢٠٧) تجرید (٢/٢٠٠)

Marfat.com

۱۰۵۰۹ ابومذکور انصاری [1]

بیع المدبر (وہ غلام جسے آقا کہے کہ میرے مرنے کے بعد تم آزاد ہو) کے حکم میں ان کا ذکر آتا ہے۔ مسلم [2] نے بطریق ایوب، ابوزبیر سے بحوالہ جابر ان کی روایت نقل کی ہے۔ باقی روایات میں نام کے بغیر ان کا ذکر ہے۔

۱۰۵۱۰ ابوالمرازم یعلی بن مرہ ثقفی، پہلے ذکر ہوا ہے۔

۱۰۵۱۱ ابومرازم دوسرے ہیں، دولابی نے کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے اور نام نہیں لکھا۔

۱۰۵۱۲ ابومراوح اللیثی [3]

بقول ابوداؤد: صحابی ہیں، ابن مندہ نے ابوداؤد کے حوالہ سے ان کا ذکر کیا ہے کہ ان کا نام واقد بن ابی واقد ہے۔ یہ ابومراوح الغفاری کے علاوہ ہیں جس سے المزی کی تردید ہو جاتی ہے کہ انہوں نے الغفاری کے حالات میں لکھا ہے اللیثی۔ یوں انہیں ایک شخص قرار دیا ہے۔

۱۰۵۱۳ ابومرثد الغنوی [4]

کناز بن الحصین/حصین بن کناز، کسی نے ان کا نام ایمن بتایا ہے۔ بغوی فرماتے ہیں: کناز بن الحصین/ابوحصن، مشہور پہلا نام ہے۔ ابن ابی خیثمہ بواسطہ اپنے والد بحوالہ امام احمد بن حنبل دوسرا نام ذکر کرتے ہیں۔ بغوی لکھتے ہیں: ابن اسحاق کی کتاب میں کناز بن حصن بن یربوع بن عمرو بن خرشہ بن سعد بن طریق بن جلان بن غنم بن غنی بن یُعصر بن سعد بن قیس بن غیلان بن مُضر ابومرثد الغنوی لکھا ہے۔ شام کے رہائشی تھے۔ نبی کریم ﷺ سے ایک حدیث روایت کی ہے۔ موسیٰ بن عقبہ اور ابن اسحاق [5] نے شرکاءِ بدر میں ان کا ذکر کیا ہے۔ زہری کا قول ہے کہ ابومرثد اور ان کا بیٹا مرثد دونوں حضرت حمزہ کے حلیف تھے۔ مسلم اور بغوی وغیرہ میں ان کی حدیث ہے، فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: ''قبروں پر نہ بیٹھو اور نہ ان کی طرف رُخ کر کے نماز پڑھو''۔ [6] یہ حدیث بطریق بشر بن عبیداللہ، واثلہ بن اسقع سے انہوں نے قبرستان میں بیان کی کہ میں نے صحابیٔ رسول ابومرثد غنوی رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا، پھر یہ حدیث ذکر کی۔

۱۰۵۱۴ ابومرحب سوید بن قیس، اور ابومرحب محمد بن صفوان دونوں کا تذکرہ ہو چکا ہے۔

۱۰۵۱۵ ابومرحب دوسرے ہیں، مرحب میں ذکر ہوا ہے۔

---

[1] اسد الغابہ (۶۲۲۸) تجرید (۲۰۰/۱) [2] مسلم کتاب الزکاۃ باب الابتداء فی النفقۃ بالنفس ثم اھلہ (۲۳۱۰)
[3] اسد الغابہ (۶۲۲۹) تجرید (۲۰۱/۲) [4] اسد الغابہ (۶۲۳۰) استیعاب (۳۲۱۰) تجرید (۲۰۱/۲)
[5] السیرۃ النبویۃ (۲۴۱/۲) [6] مسند ابی یعلیٰ (۱۵۱۴/۳)

Marfat.com

۱۰۵۱۶ ابومرّہ طائفی [1]

مطین نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کی ایک روایت ہے ان سے مکحول روایت کرتے ہیں۔ بقول بغوی: طائف کے رہائشی تھے۔ پھر وہ، امام احمد اور نسائی بطریق سعید بن عبدالعزیز بواسطہ مکحول بحوالہ ابومرہ طائفی روایت کرتے ہیں، فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''کیا ابن آدم سے اتنا بھی نہیں ہوتا کہ وہ دِن کی ابتداء میں چار رکعتیں پڑھ لے اور میں آخری حصے تک اس کی کفایت کردوں؟'' بغوی فرماتے ہیں: یہ حدیث مجھے صرف بروایت سعید بن عبدالعزیز بحوالہ مکحول معلوم ہے۔

میں کہتا ہوں: یہ یحییٰ بن اسحاق کی سعید سے مکحول، کثیر بن مرہ، بحوالہ نعیم بن ہمام کی روایت ہے، یہی محفوظ ہے جسے نسائی نے نقل کیا ہے۔

۱۰۵۱۷ ابومرہ بن عروہ بن مسعود ثقفی [2]

بقول ابوعمر: یہ اور ان کے والد صحابی ہیں، عہد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں پیدا ہوئے تھے۔ واقدی فرماتے ہیں: ابومرہ اور ابوالملیح صاحبزادگانِ عروہ بن مسعود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، آپ کو ان دونوں نے اپنے والد کے قتل کے بارے میں بتایا اور پھر دونوں اسلام لے آئے۔ ابومرہ کی لیلیٰ نامی ایک بیٹی تھی جس سے حضرت حسن بن علی نے شادی کی تھی اس کی والدہ میمونہ بنت ابی سفیان بن حرب تھی جس کے متعلق حارث بن خالد مخزومی کہتا ہے: ع

''کیا دِن کا سورج ہمارے اردگرد گھوما ہے بھلا کسی نے شام کے سورج کو گھومتے دیکھا ہے؟ اس کا نانا پورے قریش میں سے ذمہ داری نبھانے والا ہے اور اس کے چچاؤں کا پوچھتے ہو تو وہ ثقیف والے ہیں''۔

۱۰۵۱۸ ابومرّہ (بے نسبت)

دولابی نے کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے کہ بطریق ابوحمزہ جابر یعنی ابن یزید جعفی سے، جو ایک ضعیف راوی ہے، بواسطہ یزید بن مرہ وہ بحوالہ اپنے دادا روایت کرتے ہیں، فرمایا: جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہنستے تو منہ پر ہاتھ رکھ لیتے تھے۔

۱۰۵۱۹ ابومرّہ مولا عباس

ابوحلوہ میں ذکر ہو چکا ہے۔

۱۰۵۲۰ ابومروان اسلمی [3]

نام معتِّب بن عمرو/ سعد/ عبدالرحمٰن بن مصعب ہے۔ حضرت عمر، علی، ابوذر، ابومعتِّب بن عمرو، اور کعب احبار وغیرہ سے روایت کرتے ہیں۔ بقول بعض: صحابی ہیں۔ طبری نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور ان کا نام معتب بن عمرو بتایا ہے، جیسا کہ حرفِ میم میں بیان ہوا ہے۔ ان کا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک واقعہ بھی پیش آیا۔ ابن ابی شیبہ، وکیع، عیسیٰ بن حفص، عطاء بن

---

[1] اسد الغابہ (٦٢٣٤) تجرید (٢٠١/٢) [2] مسند احمد (٢٨٧/٥)
[3] اسد الغابہ (٦٢٣٥) استیعاب (٣٢١٢) تجرید (٢٠١/٢) [4] تجرید (٢٠١/٢)

Marfat.com

ابی مروان وہ بحوالہ اپنے والد روایت کرتے ہیں کہ ہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ پانی کی تلاش میں نکلے۔ پھر اس کا کچھ حصہ ذکر کیا۔

۱۰۵۲۱ ابومریم الجهنی عمرو بن مرہ۔

۱۰۵۲۲ ابومریم الجهنی*

دوسرے ہیں، یہ بھی احتمال ہے کہ پہلے والے ہوں۔ زبیر بن بکار نے اخبارِ مدینہ میں بطریق خارجہ بن رافع جھنی ان کا ذکر کیا ہے، فرمایا: نبی صلی اللہ علیہ وسلم بنی ربعہ میں جہینہ کے ایک شخص کی عیادت کرنے آئے جو آپ کا صحابی تھا۔ انہیں ابومریم کہا جاتا تھا۔ آپ نے بنی قیس عطار کی فرودگاہ جہاں پیلو کے درخت تھے کے درمیان اور انصار کے گھروں کے درمیان ایک مقام پر ان کی عیادت کی اسی جگہ آپ نے نماز پڑھی۔ تو جہینہ کے چند لوگوں نے ابومریم سے کہا: آگے بڑھ کر اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کرو کہ ہمارے لیے مسجد کا نقشہ کھینچ دیں، چنانچہ آپ کے ساتھ ساتھ چلنے لگے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابومریم کیا بات ہے؟ عرض کی: اگر آپ میری قوم کے لیے مسجد کا نقشہ کھینچ دیں تو ہمارے لیے بڑی مسرت ہوگی۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم آئے اور بنی جھینہ میں مسجد کا نقشہ کھینچا۔

۱۰۵۲۳ ابومریم السلولی*

مالک بن ربیعہ، پہلے ناموں میں ذکر ہوا ہے۔

۱۰۵۲۴ ابومریم الکندی*

بغوی نے ان کی حدیث ذکر کیے بغیر ان کا تذکرہ کیا ہے۔ ابن السکن صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کرتے ہیں۔ الحاکم کا قول ہے: صحابی ہیں، اہل شام سے ان کی حدیث مروی ہے، یہ غسانی ہیں۔ پھر بحوالہ ابومریم الکندی روایت کی ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک گوہ لائی گئی اس وقت آپ سفر کر رہے تھے آپ نے اسے پالان کی چوڑی لکڑی پر رکھا، آپ کے پاس ایک شاخ تھی اس کے قریب کی تو گوہ نے اسے اپنے ہاتھ میں پکڑ لیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''سنو! یہ اور ان جیسی دوسری چیزیں ایک گروہ تھیں، جنہوں نے اللہ کی نافرمانی کی اللہ تعالیٰ نے انہیں زمین کے حشرات میں تبدیل کر دیا''۔* اس کی سند ضعیف ہے۔

۱۰۵۲۵ ابومریم غسّانی*

ابوبکر بن ابی مریم کے دادا۔ ابن السکونی کا قول ہے: ابومریم ازدی، پھر انہوں نے ابن مندہ اور ابواحمد الحاکم نے بطریق بقیہ ابوبکر بن ابی مریم انہوں نے اپنے والد سے بحوالہ اپنے دادا روایت کی ہے، فرمایا: میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، عرض کی: اللہ کے رسول! رات میرے ہاں لڑکی پیدا ہوئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات مجھ پر سورۃ مریم نازل ہوئی ہے، تم اس کا نام مریم رکھ دو، چنانچہ انہوں نے اپنی کنیت ابومریم* رکھ لی۔

---

* اسد الغابہ (٦٢٣٦) تجرید (٢٠١/٢) * اسد الغابہ (٦٢٣٩) استیعاب (٣٢١٣) تجرید (٢٠٢/٢) * اسد الغابہ (٦٢٤١)
* المعجم الکبیر (٨٣٦/٢٢) الآحاد والمثانی (٣٩٨/٤) مجمع الزوائد (٣٨/٤) جامع المسانید (٤٧٨/١٤)
* اسد الغابہ (٦٢٤٠) (٢٠٢/٢) * المعجم الکبیر (٨٣٤/٢٢) مجمع الزوائد (٥٥/٨) جامع المسانید (٤٧٧/١٤)

Marfat.com

۱۰۵۲۶ ابومریم فلسطینی ازدی

طبری نے ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق ولید بن مسلم بحوالہ ابومریم فلسطینی جو صحابیٔ رسول ہیں، روایت کی ہے۔ بغوی لکھتے ہیں: ابومریم فلسطین کے رہائشی تھے۔ نبی کریم ﷺ کے پاس آئے انہیں عمرو بن مرہ جھنی کہا جاتا ہے۔ ابوداؤد نے سنن میں کتاب الخراج میں اور ترمذی نے بطریق یحییٰ بن حمزہ، یزید سے اسی سند کے ذریعہ روایت کی ہے، وہ دونوں فرماتے ہیں: ابومریم ازدی سے مروی ہے، فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: ''جو شخص مسلمانوں کے کسی کام کا ذمہ دار بنا پھر ان کی حاجت وضرورت پوری کرنے سے چھپ گیا تو اللہ تعالیٰ بھی اس کی حاجت اور ضرورت اور اس کا فاقہ دور کرنے سے باز رہے گا''۔ فرماتے ہیں: پھر امیر معاویہ نے لوگوں کی ضروریات کے لیے ایک آدمی مقرر کر دیا۔

یہی روایت بغوی نے ولید بن مسلم کے طریق سے اور ابن ابی عاصم، سمویہ اور طبرانی نے مسند شامیین میں بطریق صدقہ بن خالد، بواسطہ یزید بحوالہ ابومریم نامی ایک فلسطینی شخص سے نقل کی ہے۔ طبرانی کی روایت میں ہے: بنی ازد کے ایک شخص سے مروی ہے۔ ابن ابی عاصم نے ان کا عنوانِ حالات ابومریم سکونی لکھا ہے۔ میرے خیال میں ان کا سکونی کہنا وہم ہے۔ ترمذی امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں کہ اس حدیث کے راوی عمرو بن مرہ جھنی ہیں۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے بطریق علی بن الحکم بواسطہ حسن روایت کی ہے کہ عمرو بن قرہ نے امیر معاویہ سے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے: ''جس نے اپنا دروازہ بند رکھا (اور لوگوں کو سوال و شکایت کرنے کا موقعہ نہ ملا) پھر اس مفہوم کی حدیث نقل کی۔ فرماتے ہیں: غریب ہے، کسی اور سند سے بحوالہ عمرو بن مرہ مروی ہے۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ وہ عمرو بن مرہ جھنی ہیں لگتا ہے اس سلسلے میں وہ بغوی کے سلف (پیشرو) ہیں۔ جبکہ اس میں تامّل ہے۔ اس واسطے کہ دونوں حدیثیں مختلف ہیں اور یہی صورت حال متن کی ہے۔ ادھر کئی حضرات نے یقین سے لکھا ہے کہ یہ اور ہیں۔ حافظ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ابومریم ازدی صحابی ہیں، دمشق میں امیر معاویہ کے پاس آئے۔ ایک حدیث روایت کرتے ہیں، پھر بطریق محمد بن شعیب بن سابور، بواسطہ ابوالمعطّل مولا بنی کلاب جنہوں نے امیر معاویہ کا دور پایا ہے روایت کی ہے کہ امیر معاویہ کے پاس محاذ میں ایک صحابی آئے جنہیں ابومریم کہا جاتا تھا.... پھر امیر معاویہ کے ساتھ ان کا پیش آمدہ واقعہ نقل کیا جس میں یہ اضافہ ہے: امیر معاویہ نے فرمایا: سعد کو یعنی جو ان کا دربان تھا، بلاؤ! پھر فرمایا: اے اللہ! میں اس ذمہ داری کو اپنی گردن سے اتار کر سعد کی گردن میں ڈالتا ہوں جو میرے پاس اجازت لینے آئے اسے اجازت دے دو۔ اللہ تعالیٰ میری زیادتی سے جو فیصلہ صادر فرمائے اس کی مرضی۔ یہی روایت ابومعطل کے حالات میں بطریق طبرانی اوسط میں ابراہیم بن دحیم سے بواسطہ ان کے والد بحوالہ محمد بن شعیب نقل کی ہے۔ اس کے آخر میں فرماتے ہیں: ابومعطل ثقہ راوی ہیں۔

حافظ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ابن سمیع نے ان ابومریم اور عمرو بن مرہ میں فرق کیا ہے۔ رہا ابن ابی عاصم کا یہ کہنا کہ ''یہ سکونی ہیں'' تو اس کا ثبوت نہیں۔ ابومریم سکونی اور ہیں مشہور تابعی ہیں۔ ثوبان سے روایت کرتے اور ان سے عبادہ بن نسی روایت لیتے ہیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ نے ان کا ذکر کیا ہے۔ جبکہ ان کی نبی ﷺ سے سماع کی صراحت کی ہے۔

Marfat.com

۱۰۵۲۷ ابوالمساکین

یہ جعفر بن ابی طالب ہیں۔ مساکین کی خبر گیری کی وجہ سے نبی ﷺ نے انہیں یہ کنیت عطا کی۔

۱۰۵۲۸ ابومسعود بدری

عقبہ بن عمرو، نام وکنیت سے مشہور ہیں، پہلے تذکرہ ہو چکا ہے۔

۱۰۵۲۹ ابومسعود بن مسعود غفاری

نام عبداللہ/عروہ ہے جبکہ روایات میں بغیر نام کے ان کا ذکر ہوا ہے۔ ''ابن مسعود'' میں مبہمات کے دوران تذکرہ ہونا ہے۔

۱۰۵۳۰ ابومسلم اہبان بن صیفی غفار۔

۱۰۵۳۱ ابومسلم ایاس بن سلمہ اسلمی، دونوں کا تذکرہ ناموں میں ہو چکا ہے۔

۱۰۵۳۲ ابومسلم الجلیلی بقول بعض: الجلولی، قسم ثالث میں ذکر ہونا ہے۔

۱۰۵۳۳ ابومسلم خزاعی دولابی نے کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے کہ صحابی ہیں۔

۱۰۵۳۴ ابومسلم المرادی*

مصر کے رہائشی۔ ابن یونس نے تاریخ مصر میں لکھا ہے انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے اور عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کی طرف سے پولیس کے سربراہ تھے۔ بغوی اور ابن السکن لکھتے ہیں: صحابی ہیں، پھر دونوں نے بطریق سوید بن ابی حاتم بحوالہ ابومسلم صحابیٔ رسول روایت کی ہے کہ ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آ کر عرض کرنے لگا: اللہ کے رسول! مجھے کوئی ایسا عمل بتائیں جو جنت تک پہنچا دے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''کیا تمہاری والدہ زندہ ہے؟ اگر ہے تو اس سے نیک سلوک کرو!'' اس نے عرض کی: میری والدہ زندہ نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تو پھر کھانا کھلایا کرو اور نرمی سے بات کیا کرو''۔* بغوی فرماتے ہیں: یہ روایت ثابت نہیں۔

۱۰۵۳۵ ابومصبح الھرمی

مولا صفوان بن المعطل، نوادر میں بقول ابوعلی البجری: صحابی ہیں۔

۱۰۵۳۶ ابومصرف

طلحہ بن مصرف نے بواسطہ اپنے والد بحوالہ اپنے دادا روایت کی ہے۔ ان کے دادا کے نام میں اختلاف ہے، کسی نے کعب تو

---

* اسد الغابہ (٦٢٤٨) تجرید (٢٠٣/٢)

* جامع المسانید والسنن (٥٢٠/١٤) تاریخ بغداد (٥٥/٤) العلل لابی حاتم الرازی (٩٣٦) اسد الغابہ (٩٩/٥)

Marfat.com

کسی نے عمر لکھا ہے۔ بغوی نے کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۵۳۷ ابومصعب اسلمی مصعب میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۱۰۵۳۸ ابومطرف سلیمان بن صرد الخزاعی، تذکرہ ہوا ہے۔

۱۰۵۳۹ ابومعاذ رفاعہ بن رافع انصاری، ذکر ہوا ہے۔

۱۰۵۴۰ ابومعاویہ دئلی نوفل بن معاویہ، ان کا ذکر بھی ہو چکا ہے۔

۱۰۵۴۱ ابومعبد بن حزن* بن ابی وھب المخزومی

سعید بن المسیب کے چچا۔ انہیں اور ان کے بھائی مسیّب کو شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ زبیر بن بکار نے کتاب النسب میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۵۴۲ ابومعبد خزاعی*

ام معبد کے شوہر۔ ابن الاثیر* نے ان کا ذکر کیا ہے کہ جیش میں آئے تھے۔ جیش میں آنے والے کے بارے میں بتایا جاتا ہے وہ ام معبد کے بھائی تھے۔ رہے ان کے خاوند تو ان کا نام کسی نے نہیں لیا۔ ابن مندہ نے معبد بن ابی معبد کے حالات کا عنوان قائم کیا ہے، لیکن ان کے والد کا نام نہیں ذکر کیا۔ اور ام معبد والا واقعہ انہی کی روایت سے نقل کیا ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے تاریخ میں ابن خزیمہ نے اپنی صحیح میں اور بغوی نے ام معبد کا واقعہ بطریق حر بن صبّاح نخعی بحوالہ ابومعبد خزاعی نقل کیا ہے۔ فرمایا: جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، ابوبکر، عامر بن فہیرہ مولا ابی بکر مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ کے لیے روانہ ہوئے تو ان کا گزر اُمّ معبد* کے خیمہ پر سے ہوا، ان لوگوں کا رہبر (گائیڈ) عبداللہ بن اریقط لیثی تھا۔ بغوی کے ہاں اس کے آخر میں ہے، عبدالملک نے کہا: مجھے معلوم ہوا ہے کہ ام معبد نے ہجرت کی اور اسلام لائیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے: یہ مرسل روایت ہے۔ ابومعبد کا انتقال نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے ہو گیا تھا۔

۱۰۵۴۳ ابومعتب بن عمرو اسلمی*

عنقریب مروان کا ذکر ہوا ہے، ان کے والد۔ ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے کہ ابوحاتم نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ لیکن ثابت نہیں، پھر بطریق ابن اسحاق بحوالہ ابومعتب یہ روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بلندی سے خیبر کو دیکھا تو اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم سے فرمایا: ''ٹھہرو! ہم اللہ تعالیٰ سے دعا کر لیں۔ اے اللہ! سات آسمانوں اور جن چیزوں پر ان کا سایہ ان کے رب

---

* اسد الغابہ (٦٢٥٤) تجرید (٢٠٣/٢) * اسد الغابہ (٦٢٥٥) استیعاب (٣٢/٩)
* اسد الغابہ (١٠١/٥) * المستدرک (٩/٣) دلائل النبوۃ (٢٧٦/١) (٢٨٠/١) المعجم الکبیر (٣٦٠٥/٤)
* اسد الغابہ (٦٢٥٦)

Marfat.com

اور اے زمینوں اور جو کچھ انہوں نے اٹھا رکھا ہے ان کے رب! اے شیطانوں اور جنہیں شیطانوں نے گمراہ کیا ہے ان کے رب!.....'' (حدیث)

واقدی نے ''الردّۃ'' میں بحوالہ ابومعتب روایت کی ہے، فرمایا: میں ان لوگوں میں تھا جنہوں نے اہل بحرین سے صلح کی تھی۔ اشعث نے زیاد بن لبید سے اس بات پر صلح کی کہ ان کے ستر مردوں کو امن دے گا۔ اس نام کے لکھنے میں اختلاف ہے، بقول بعض: ''معتّب'' جس پر ابن عبدالبر نے واقدی کی پیروی میں اعتماد کیا ہے۔ بقول بعض: ''مغیث'' جس پر ابن ماکولا ✿1 نے طبری کی پیروی میں بھروسا کیا ہے۔

۱۰۵۴۴ ابومعدان

خالد بن معدان کے دادا۔ دولابی نے کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے، اوروں نے مبہمات میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۵۴۵ ابومعقل الاسدی ✿

بقول بعض: انصاری نام ہیثم ہے جیسا کہ حرفِ ہاء میں اس کے متعلق تنبیہ ہو چکی ہے۔ ایک قول کے مطابق انصاری اور بنی اسد کے حلیف ہیں اور ایک قول کے مطابق اسدی ہیں۔ انصار کے حلیف تھے، نسب یوں ہے ہیثم بن نہیک بن اساف بن عدی بن زید بن جشم بن حارثہ۔ بقول بعض: اُحد میں شریک ہوئے۔ ایک قول ہے: حجۃ الوداع کے موقعہ پر فوت ہوئے۔ ابن مندہ فرماتے ہیں: صحابی ہیں۔ ان کی حدیث اعمش، عمارہ بن عمیر اور جامع بن شداد سے بواسطہ ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارث بحوالہ ان کے نقل کی ہے کہ یہ نبی ﷺ کے پاس آئے۔ اور عرض کی: ام معقل نے حج کی نذر مانی تھی۔ (حدیث) یہ نسائی کی روایت ہے، جسے ابوداؤد نے بطریق اعمش نقل کیا ہے۔ محمد بن عبداللہ بن زکریا بن حیوہ جو نسائی سے سنن کے راویوں میں سے ایک ہیں۔ یہ اضافہ نقل کیا ہے کہ ابومعقل کا نام ہیثم ہے۔ یہی روایت ابن مندہ نے بطریق ابوعوانہ، ابراہیم بن مہاجر سے، بواسطہ ابوبکر بن عبدالرحمٰن نقل کی ہے کہ مجھے مروان کے قاصد نے بتایا جسے اس نے ام معقل کے پاس بھیجا تھا۔ اس نے ان سے کہا کہ ابومعقل رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج کرنے کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے فرمایا: مجھے معلوم ہے مجھ پر حج لازم ہے۔ ابومعقل کے پاس ایک اونٹ ہے، جس پر ابومعقل کہنے لگے: اس نے سچ کہا، لیکن میں نے اسے اللہ کی راہ میں وقف کر دیا ہے۔ آپ نے فرمایا: وہ اسی پر حج کر لے۔ کیونکہ وہ اللہ کی راہ میں ہے۔ چنانچہ انہوں نے وہ اونٹ انہیں دے دیا، ام معقل رسول اللہ ﷺ سے عرض کرنے لگیں: اللہ کے رسول ﷺ! میں عمر رسیدہ اور بیمار ہوگئی ہوں کوئی ایسا عمل نہیں جو میرے حج کے برابر ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''رمضان کا عمرہ حج کے برابر ہے''۔ ✿2

ابن مندہ نے یہ روایت عالی سند سے بروایت محاضر بن موزّع بحوالہ اعمش نقل کی ہے اس میں فرماتے ہیں: معقل یا ابومعقل

✿1 الاکمال (۲۱۷/۷) ✿ اسد الغابہ (٦٢٥٧) تجرید (۲۰٤/۲)

✿2 السنن الکبریٰ تحفۃ الاشراف (۲۸۹/۹) ابن ماجہ کتاب المناسک باب العمرۃ فی رمضان (۲۹۹۳)
المعجم الکبیر (۳٦۸/۲۵) الاحاد والمثانی (۳۲٤۰/٦) جامع المسانید (۵۲۹/۱٤)

Marfat.com

آئے۔ نسائی نے اسے بطریق زہری بحوالہ بنی اسد کی ایک خاتون جنہیں ام معقل کہا جاتا تھا انہی الفاظ میں نقل کی ہے۔ ادھر ترمذی نے حدیث ''رمضان کا عمرہ حج کے برابر ہے'' بطریق اسرائیل ابواسحاق، اسود سے بواسطہ ابومعقل بحوالہ ام معقل نقل کی ہے اور ابن ماجہ نے بطریق ابوشیبہ، ابواسحاق سے، اسود سے بحوالہ ابومعقل روایت کی ہے۔ ابوشیبہ ضعیف راوی ہے لیکن شریک نے ابواسحاق سے نقل کرنے میں ان کی متابعت کی ہے۔ ابن السکن نے انہی کے طریق سے روایت کی ہے اور ابونعیم نے بطریق مطین بواسطہ ان کے شیخ، شریک سے نقل کی۔ ابن مندہ فرماتے ہیں: اسرائیل کی روایت، ابواسحاق سے انہوں نے اسود سے بواسطہ ابومعقل بحوالہ ام معقل ہے۔ جبکہ اوروں نے ابواسحاق عن عیسیٰ بن معقل عن یوسف بن عبداللہ بن سلام بحوالہ ان کی دادی ام معقل نقل کی اور موسیٰ بن عقبہ عن عیسیٰ بن معقل عن جدتہ اس میں یوسف کا ذکر نہیں۔ مسلم بن خالد نے جعفر بن محمد سے بواسطہ اپنے والد بحوالہ ام معقل روایت کی۔ اور ابراہیم بن محمد عن محمد بن اسحاق عن یحییٰ بن عباد عن حارث بن عبدالرحمٰن بن حارث عن ابیہ عن معقل نقل کیا۔ اس کا ایک اور طریق بھی ہے جو بروایت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن، معقل سے بحوالہ ان کی والدہ مروی ہے۔ مردوں کے ناموں میں معقل بن ام معقل کے حالات میں ان کا ذکر ہوا ہے (۸۱۴۰)۔

۱۰۵۴۶ ابومعقل * (بے نسبت)

ابراہیم بن عبداللہ خزاعی نے ''الکنیٰ'' میں ان کا ذکر کیا ہے یہ وہی ہیں جو دونوں قبلوں کی جانب (قضائے حاجت کے وقت) منہ کرنے کی ممانعت والی حدیث روایت کرتے ہیں۔ ابواحمد الحاکم نے یہ بات نقل کی ہے۔ مذکورہ حدیث ابوداؤد وغیرہ میں حدیث معقل بن ابی معقل سے مروی ہے۔ ناموں میں اس کی وضاحت ہو چکی ہے۔ آیا یہ ابومعقل کے بیٹے ہیں جن کا پہلے ذکر ہوا یا کوئی اور ہیں؟

۱۰۵۴۷ ابومعقل بن نهيك *

بن اساف انصاری۔ ان کا تذکرہ ان کے بیٹے عبداللہ بن ابی معقل کے حالات میں ہو چکا ہے۔ بقول ابوعمر: انہیں ابومعقل اسدی بھی کہا جاتا ہے، جو حدیث ''عمرة فی رمضان'' کے راوی ہیں۔ یعنی جن کا نام ہیثم ہے، جبکہ اوروں نے دونوں میں فرق کیا ہے۔

۱۰۵۴۸ ابومعلق انصاری *

ابوموسیٰ نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق ابن کلبی، حسن سے بحوالہ ابی بن کعب روایت کی ہے کہ ابومعلق کنیت والے ایک انصاری صاحب کسی سفر پر روانہ ہوئے۔ پھر ان کا چور کے ساتھ وہ والا واقعہ ذکر کیا جس میں چور نے انہیں قتل کرنا چاہا۔ ابوموسیٰ لکھتے ہیں: پورا واقعہ میں نے کتاب الوظائف میں درج کیا ہے۔

میں کہتا ہوں: ہم نے ''مجابی الدعوۃ'' لابن ابی الدنیا میں بحوالہ حضرت انس بن مالک روایت کی ہے کہ ایک صحابیٔ رسول

---

* اسد الغابہ (٦٢٥٨) تجرید (٢/٢٠٤) * اسد الغابہ (٦٢٥٩) استیعاب (٣٢٢١)

* اسد الغابہ (٦٢٦٠)

Marfat.com

ابو معلق کنیت والے تھے جو اپنا یا کسی اور کا مال تجارت کے لیے لے جاتے تھے۔ وہ بڑے عبادت گزار و پرہیز گار تھے۔ ایک بار وہ جا رہے تھے کہ ایک چور اسلحہ سے لیس ان کے پاس آ دپکا، تلوار سونت کر بولا، اپنا سامان رکھ دو ورنہ میں تمہیں قتل کر دوں گا۔ انہوں نے فرمایا: مال لے لو، مجھے کیا کہتے ہو۔ اس نے کہا: میں تمہارے خون کا پیاسا ہوں۔ یہ بولے تو پھر مجھے نماز پڑھ لینے دو، اس نے کہا: جتنی مرضی پڑھ لو۔ چنانچہ یہ وضو کر کے نماز پڑھنے لگے: ان کی دُعا میں یہ الفاظ تھے:

يا وَدُوْدُ يا ذا العرشِ المجيدِ يا فَعَّالَ لِّمَا يُرِيْدُ اسألك بعزّتك التى لا ترام و ملكك الذى لا يضام و بنورك الذى ملأ ارکان عرشك ان تكفينى شر هٰذا اللصّ يا مغيث اغثنى.

تین بار یہ کلمات کہے، اچانک ایک گھوڑ سوار گھوڑے کے سر پر سے نیزہ اٹھائے ظاہر ہوا اور چور کو مار کر قتل کر دیا۔ پھر وہ تاجر کی طرف متوجہ ہوا۔ تاجر نے پوچھا: تو کون ہے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے میری مدد کی؟ اس نے بتایا: میں چوتھے آسمان کا فرشتہ ہوں، جب تم دعا مانگ رہے تھے تو میں نے آسمانی دروازوں میں کھڑکھڑاہٹ کی آواز سنی، جب تم نے دوسری بار دعا کی تو آسمان والے شور کرنے لگے، جب تم نے تیسری بار دعا کی تو کسی نے کہا: کسی مصیبت زدہ کی پکار ہے، میں نے اللہ تعالیٰ سے عرض کی کہ مجھے اس کی خدمت کے لیے بھیجا جائے، پھر اس فرشتے نے کہا: مبارک ہو جو بھی وضو کر کے چار رکعت پڑھ کر یہ دعا مانگے گا اس کی دعا قبول ہوگی خواہ مصیبت زدہ ہو یا نہ ہو۔

۱۰۵۴۹ ابوالمعلی بن لوذان* انصاری

نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے روایت کرتے ہیں اور ان سے روایت ہے۔ نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ایک دِن خطبہ دیا اور فرمایا: ایک بندے کو اللہ تعالیٰ نے اختیار دیا ہے.... (حدیث)* یہی روایت ترمذی، امام احمد، ابویعلی اور بغوی، ابوعوانہ سے بواسطہ عبدالملک بن عمیر بحوالہ ابن ابی المعلی انصاری روایت کرتے ہیں۔ بقول ابوعمر: اکثر علماء کے ہاں ان کا نام مشہور نہیں۔ بقول بعض: ان کا نام زید بن المعلی ہے۔ بغوی فرماتے ہیں: کوفہ کے رہائشی ہیں۔ امام احمد اور ابویعلی نے مسند ابی یعلی میں یہ روایت نقل کی ہے۔ ابن عساکر کا بیان ہے: یہ غلط ہے۔

میں کہتا ہوں: اس میں عبدالملک سے آگے اختلاف ہے، چنانچہ عبیداللہ بن عمرو نے ان سے، انہوں نے ابوالمعلی سے انہوں نے اپنے والد سے روایت کی ہے۔ یہ ابوعوانہ کی روایت کے برعکس ہے جسے طبرانی نے نقل کیا ہے، ان دونوں کے علاوہ کا کہنا ہے: عبدالملک، ابن المعلی سے وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، یہ ابوعوانہ کی روایت جیسی ہے لیکن اس میں سے کنیت کا لفظ رہ گیا ہے۔ واللہ اعلم!

۱۰۵۵۰ ابوالمعلی السلمی*

بقول بعض: ابوالاسد سلمی کے دادا۔ قربانی کے بارے میں ان کی ایک حدیث ہے، ابوموسیٰ نے بحوالہ حسن بن احمد سمرقندی

---

* اسد الغابہ (٦٢٦١) تجرید (٢٠٤/٢) * ترمذی کتاب المناقب باب مناقب ابوبکر الصدیق (٣٧٣٩)
* اسد الغابہ (٦٢٦٢) تجرید (٢٠٤/٢)

Marfat.com

ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۵۵۱ ابومعمر* (بے نسبت)

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق معلیٰ واسطی بحوالہ ابومعمر روایت کی ہے، فرمایا: ہم لوگ آلِ محمد کے پاس واقعات دہراتے تھے۔ فرماتے ہیں: اس کی سند مجہول ہے۔

میں کہتا ہوں: اس میں ان کے صحابی ہونے کی کوئی دلیل نہیں۔

۱۰۵۵۲ ابومعن

یزید بن الاخنس سلمی، پہلے تذکرہ ہو چکا ہے۔

۱۰۵۵۳ ابومعن*

دوسرے ہیں۔ بقول امام مسلم: صحابی ہیں۔ مطین نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق ابوحمزہ سکری، عاصم بن کلیب سے بواسطہ سہیل بن ذراع ان کی روایت کی ہے کہ انہوں نے ابومعن کو فرماتے سنا کہ ہمارے ایک شخص نے انتہائی اچھے انداز میں گفتگو کی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بعضی باتیں جادو کا (سا) اثر رکھتی ہیں۔* ابن شاہین کی روایت میں ہے کہ سہیل بن ذراع نے کہا: میں نے ابومعن یزید بن معن یا معن بن یزید کو فرماتے سنا.... پھر اس حدیث کا ذکر کیا۔

۱۰۵۵۴ ابومغیث جھنی*

ابوموسیٰ نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے کہ ابن ابی شیبہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ پھر بحوالہ مغیث جھنی انہوں نے اپنے والد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اچھا سلوک عمر میں اضافے کا باعث ہے''۔*

۱۰۵۵۵ ابومغیث اسلمی پہلے ذکر ہو چکا ہے۔

۱۰۵۵۶ ابومُکرَم الاسلمی*

نیار ابن مکرم۔ ابوموسیٰ نے ان کا ذکر کیا ہے۔ شاید روایت میں ابن مکرم تھا تحریف ہو کر ابومکرم بن گیا۔

۱۰۵۵۷ ابومُکعِت* الاسدی الفقعسی

حضرمی بن عامر کے ساتھ ان کا ذکر ہوا ہے کہ ان کا نام عرفطہ بن نضلہ۔ بقول بعض: حارث بن عمرو بن الاشتر بن ثعلبہ

---

* اسد الغابہ (٦٢٦٣) تجرید (٢٠٤/٢) * اسد الغابہ (٦٢٦٤) استیعاب (٣٢٢٥) تجرید (٢٠٤/٢)
* مسند احمد (٤٧٠/٣) جامع المسانید (٥٣٤/١٤) * اسد الغابہ (٦٢٦٦)
* ابوداؤد کتاب الادب باب فی حق المملوك (١٥٦٢) مسند احمد (٥٠٢/٣) المصنف لعبدالرزاق (٢٠١١٨/١١) مجمع الزوائد (١١٠/٣) (٢٢/٨) جامع المسانید (٥٣٦/١٤) * اسد الغابہ (٦٢٦٧) تجرید (٢٠٥/٢)
* اسد الغابہ (٦٢٦٨) تجرید (٢٠٥/٢)

Marfat.com

بن جوان بن فقعس ہے یہ ابن ماکولا کا بیان ہے۔ اور خود ابن ماکولا [1] نے دارقطنی کی پیروی میں یہ نام میم کے زبر کاف کے سکون پھر عین اور تا سے ''مَکعت'' لکھا ہے۔ ابواحمد عسکری نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور ابن مندہ نے بطریق مفضل ضبی بواسطہ اپنی دادی جو بنی اسد کی ایک خاتون ہیں بحوالہ ابومکعت اسدی روایت کی ہے کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور آپ کو یہ اشعار سنائے: ع

''ابومکعت سچ کہتے ہوئے عرض کرتا ہے ابوالقاسم (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ پر سلام ہو، اللہ اور اس کے ریحان، نمازیوں کی راحت اور روزہ داروں کی فرحت کا سلام ہو''۔ [2]

تو نبی علیہ السلام نے فرمایا: ابومکعت ''علیک السلام'' کہنا مردوں کا سلام ہے۔ ابن قانع کی روایت میں ہے: جب ابومکعت آپ کے سامنے کھڑے ہوئے، پھر یہ اشعار ذکر کیے، لیکن انہوں نے کہا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وعلیک السلام۔ ابونعیم نے اسی سند سے نقل کیا ہے کہ ابومصعب نے کہا، پھر فرمایا: اس میں دوسرے یعنی ابن مندہ سے لفظی غلطی ہوئی ہے۔ فرمایا: ابومکعت۔

میں کہتا ہوں: ابونعیم عموماً ابن مندہ کی غلطیاں نکالتے ہیں جس میں بعض دفعہ وہ درست موقف پر ہوتے ہیں اور کبھی ان کی اپنی غلطی ہوتی ہے۔ یہ اگر ان پر اعتراض سے باز رہیں تو اکثر جن باتوں میں یہ ان کا تعاقب کرتے ہیں وہ درست ہوں، کوئی دوسرا اس بارے میں ان سے اتفاق نہیں کرتا۔

۱۰۵۵۸ ابومکنف نام عبدرُضا، پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ فتح مصر میں شریک تھے۔

۱۰۵۵۹ ابوملقام تَلِب العنبری، پہلے ذکر ہوا ہے۔

۱۰۵۶۰ ابوالملیح بن عروہ [3]

عروہ بن مسعود بن معتب ثقفی۔ بقول ابن حبان: صحابی ہیں۔ ابن اسحاق [4] کا بیان ہے کہ یہ اپنے والد کے قتل ہونے کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس سے چاہو دوستی کرلو''۔ انہوں نے عرض کی میں تو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھاتا ہوں..... (حدیث) اس کا کچھ تذکرہ ناموں میں حرف قاف کے تحت قارب کے حالات میں ذکر ہو چکا ہے اور ملیح تصغیر ہے۔

۱۰۵۶۱ ابوالملیح الھَذادی [5] (تشدید کے بغیر ہے)

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق ولید بن یزید ہدادِی بواسطہ ابوعبدالدائم بحوالہ ابوالملیح الہَذادِی روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نعل مبارک کا تسمہ ٹوٹ گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک نعل میں چلے تھے۔ [6] یہی روایت ابومسلم کجی اور الحاکم نے بطریق

---

[1] الاکمال (۲۲۱/۷) [2] اسد الغابہ (۲۰۵/۵) الاکمال (۲۲۱/۷)
[3] اسد الغابہ (۶۲۷۰) تجرید (۲۰۵/۲) [4] السیرۃ النبویۃ (۱۰۶/۵)
[5] اسد الغابہ (۶۲۷۱) تجرید (۲۰۵/۲)
[6] جامع المسانید (۵۳۹/۱۴) اسد الغابہ (۱۰۶/۵)

Marfat.com

ولید بن یزید نقل کی ہے، لیکن اس میں ہدادی نہیں لکھا ہے۔ ممکن ہے ہدادی لفظی غلطی ہو۔ یہ ہذلی ہے اور ابوالملیح وہ اسامہ ہذلی کے بیٹے ہیں۔ تابعی ہیں ان کے والد صحابی ہیں۔ واللہ اعلم

۱۰۵۶۲ ابوالملیح الھذلی*

ان کا ذکر ان دو عورتوں کے واقعے میں آتا ہے جن میں سے ایک نے دوسرے کو کھونٹا مار کر اس کا حمل ضائع کر دیا تھا..... (حدیث) وہ دونوں عورتیں حمل بن نابغہ ہذلی کی بیویاں تھیں۔ ابن مندہ نے یہ روایت بطریق حسن بن عمارہ بواسطہ حکم بن عیینہ بن ابی الملیح ہذلی نقل کی ہے کہ مغیرہ بن شعبہ سے اس عورت کے بارے میں جس نے حمل ساقط کرا دیا تھا تو ابوالملیح نے کہا: ہماری ایک عورت نے دوسری عورت کے کھونٹا مارا پھر اس کا وارث نبی ﷺ کے پاس آیا، آپ ﷺ نے فرمایا: ''اس میں ایک غلام ہے''۔* (حدیث) یہ ابوالملیح واقعہ میں شریک تھے اور یہ وہ ابوالملیح بن اسامہ نہیں ہیں جو مشہور تابعی ہیں۔ ابن الاثیر* دونوں کو ایک سمجھ بیٹھے ہیں اور پھر ان کے حالات میں حدیث شعبہ عن یزید الرشک عن ابی الملیح عن النبی ﷺ درندوں کی کھال کے بارے میں درج کی ہے۔ ترمذی* نے ایسا ہی مرسلاً نقل کیا ہے جو شعبہ کے طریق سے مروی ہے۔ پھر فرمایا: ان سے بواسطہ ابوملیح بحوالہ ان کے والد اس سے زیادہ صحیح سند سے منقول ہے۔ ابن الاثیر* نے اسے مختصر ذکر کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں: ان سے حکم نے روایت کی ہے جبکہ درست ''ان سے بواسطہ ان کے والد ہے'' اور ابوالملیح تابعی ہیں۔

میں کہتا ہوں: صحیح وہی ہے کہ دونوں علیحدہ ہیں۔

۱۰۵۶۳ ابوملیکہ ذماریّ*

بقول ابوعمر: صحابی ہیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ''الکنی'' میں ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق راشد بن سعد بحوالہ ان کے بحوالہ نبی ﷺ روایت کی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: آدمی کا ایمان اس وقت تک مکمل نہیں ہوتا جب تک (نیکی کے کام) جو وہ اپنے لیے پسند کرتا ہے اپنے بھائی کے لیے پسند کرے۔* اسے حاکم نے الکنی میں نقل کیا ہے کہ ان سے ان کا بیٹا بھی روایت کرتا ہے۔

۱۰۵۶۴ ابوملیکہ

زہیر بن عبداللہ ابن جدعان تیمی، ناموں میں ذکر ہو چکا ہے۔

۱۰۵۶۵ ابوملیکہ الکندی*

بقول بعض: البلوی۔ ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور بحوالہ ابوسعید بن یونس نقل کیا ہے کہ صحابی ہیں۔ اہل مصر ان سے دو یا تین حدیثیں روایت کرتے ہیں۔ یہی قول ابوعبداللہ محمد بن الربیع الجیزی کا ''الصحابۃ الذین نزلوا مصر'' میں ہے، ان میں

---

* اسد الغابہ (٦٢٧٢) تجرید (٢٠٥/٢) * جامع المسانید (٥٤٠/١٤) * اسد الغابہ (١٠٦/٥)
* ترمذی کتاب اللباس باب ما جاء فی النھی عن جلود السباع (١٧٧٠) * اسد الغابہ (١٠٦/٥)
* اسد الغابہ (٦٢٧٣) تجرید (٢٠٥/٢) * جامع المسانید (٥٤١/١٤) کنز العمال (١٠٦) التاریخ الکبیر (٧٤/٨)
* اسد الغابہ (٦٢٧٥)

Marfat.com

سے ایک وہ روایت ہے جو انہوں نے بطریق علی بن رباح بحوالہ ان کے نقل کی ہے کہ انہوں نے ابوراشد سے کہا جو فلسطین میں رہتے تھے۔ ابوراشد اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب تمہارے حکمران ایسے ہوں گے کہ اگر تم ان کی نافرمانی کرو گے تو جہنم میں جاؤ گے اور اگر ان کی فرمانبرداری کرو گے تو پھر بھی جہنم میں جاؤ گے۔ [1]

۱۰۵۶۶ ابوملیکہ [*]

عبداللہ انصاری خزرجی۔ اُبیرق کی اولاد کے واقعہ میں اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد: ''جس نے کوئی غلطی یا گناہ کیا اور پھر اس کا الزام کسی بری پر دھر دیا تو اس نے بہت بڑا طوفان اٹھایا'' [2] کے نازل ہونے میں ان کا ذکر آتا ہے۔ مستغفری نے یہ روایت بطریق ابن جریج نقل کی ہے پھر واقعہ ذکر کیا اس میں ہے اس نے ابوملیکہ خزرجی کے گھر میں زرہ پھینک دی۔

۱۰۵۶۷ ابوملیك، [*] سلیك بن الاغر

صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر آتا ہے۔ ابن عبدالبر نے بھی ان کا مختصر ذکر کیا ہے مجھے خدشہ ہے یہ بعد والے نہ ہوں۔ اس میں لفظی غلطی اور تحریف ہوئی ہے۔ ابن فتحون نے اس بات کا جواز پیش کیا ہے کہ یہ بعد والے ہیں۔

۱۰۵۶۸ ابومُلَیل [*] بن الازعر

بن زید بن عطاف بن ضبیعہ بن زید انصاری۔ ابن اسحاق [*] وغیرہ نے شرکاءِ بدر میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابن کلبی کا گمان ہے یہ ان لوگوں میں سے ایک ہیں جنہوں نے خندق کے روز (منافقوں کے ساتھ مل کر) کہا: ہمارے گھر کھلے پڑے ہیں۔ ابوعمر نے بھی ان کا ذکر کیا ہے۔ ابن فتحون کا قول ہے: دونوں ایک ہیں۔

۱۰۵۶۹ ابوالمنتفق [*]

عبداللہ بن المنتفق العامری، ذکر ہوا ہے۔

۱۰۵۷۰ ابوالمنتفق

بقول بعض: ابن المنتفق۔ طبرانی بطریق عبداللہ بن عون بواسطہ محمد بن جُحادہ، وہ اپنے ایک دوست سے وہ بحوالہ اپنے والد جن کی کنیت ابوالمنتفق تھی روایت کرتے ہیں۔ فرمایا: میں مکہ آیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں پوچھا، لوگوں نے بتایا، آپ عرفہ میں ہیں۔ میں آپ کے پاس پہنچا آپ کے قریب ہو کر پوچھنے لگا: مجھے کوئی عمل بتائیں جو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے دور کر دے اور جنت میں پہنچا دے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ کی عبادت کرتے رہو، اس کے ساتھ کسی بھی چیز کو شریک نہ ٹھہراؤ''۔ (حدیث) اسی میں ہے: ''دیکھو! جو تمہیں لوگوں کا برتاؤ اپنے بارے میں اچھا لگے وہی [*] ان سے کرو''۔

---

[1] اسد الغابہ (۱۰۷/۵) [2] اسد الغابہ (۶۲۷۸) سورۃ النساء (۱۱۱)

[3] اسد الغابہ (۶۲۷۷) استیعاب (۳۲۳) تجرید (۲۰۶/۲) [4] اسد الغابہ (۶۲۷۶) استیعاب (۳۲۲۹)

[5] السیرۃ النبویۃ (۲۴۹/۲) [6] اسد الغابہ (۶۲۷۹) تجرید (۲۰۶/۲)

[7] مسند احمد (۳۸۳/۶) مجمع الزوائد (۴۳/۱) المعجم الکبیر (۴۷۳/۱۹، ۴۷۴)

Marfat.com

طبرانی فرماتے ہیں: اس کی سند میں ابن عون کو اضطراب ہوا ہے۔ انہوں نے اسے محمد بن جحادہ سے یاد نہیں کیا۔ بلکہ ہمام نے اسے یاد رکھا ہے۔ پھر بطریق ہمام، محمد بن جحادہ سے بواسطہ مغیرہ بن عبداللہ یشکری بحوالہ اپنے والد روایت کی ہے، فرمایا: میں کوفہ آیا، مسجد پہنچا، وہاں قیس کا ایک شخص تھا جسے ابن المنتفق کہا جاتا تھا۔ میں نے اسے کہتے سنا: مجھ سے رسول اللہ ﷺ کا حال بتایا گیا، چنانچہ میں مکہ میں آپ کو تلاش کرنے لگا لوگوں نے بتایا وہ منیٰ میں ہیں.....۔ (حدیث)

۱۰۵۷۱ ابوالمنذر

یزید بن عامر بن حدیدہ انصاری ثم السلمی، ناموں میں ذکر ہوا ہے۔

۱۰۵۷۲ ابوالمنذر الجهنی

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق عبدالرحمٰن بن محمد عرزمی بحوالہ ابوالمنذر جہنی روایت کی ہے۔ میں نے عرض کی: اللہ کے نبی! مجھے سب سے افضل کلمات سکھا دیجئے! آپ نے فرمایا: کہو! **لا اِلٰه الا اللّٰه وحده لا شريك له له الملك وله الحمد يحيى و يميت بيده الخير واليه المصير وهو على كل شيء قدير.** روزانہ سو بار کہہ لیا کرو تم سے افضل عمل والا کوئی نہیں ہوگا۔ (حدیث) اسی میں ہے: اپنی دعا میں استغفار کو ہرگز نہ بھولنا کیونکہ یہ گناہوں کو مٹانے والا ہے۔

۱۰۵۷۳ ابوالمنذر* (بے نسبت)

مطین نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کی قبر پر تین مٹھی مٹی ڈالی تھی۔ طبرانی کی طویل روایت ہے کہ ہشام بن سعد کا قول ہے: ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آ کر عرض کرنے لگا: اللہ کے رسول! فلاں شخص فوت ہوگیا ہے اس کا جنازہ پڑھا دیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: وہ تو برے کاموں کی طرف میلان رکھتا تھا لہٰذا آپ اس کا جنازہ نہ پڑھائیں۔ تو اس شخص نے (جو اطلاع دینے آیا تھا) کہا: یا رسول اللہ! آپ کو یاد ہوگا گزشتہ رات یہ شخص پہرے میں تھا، تو رسول اللہ ﷺ اٹھ کھڑے ہوئے، میں آپ کے پیچھے چلنے لگا۔ جب آپ اس کی قبر کے پاس پہنچے تو بیٹھ گئے تدفین سے فراغت ہوئی تو آپ نے اس پر تین مٹھی مٹی ڈال کر فرمایا: لوگ اسے برا کہتے ہیں، لیکن میں اسے اچھا کہتا ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حیران ہو کر پوچھنے لگے: یا رسول اللہ ﷺ! وہ کیسے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''عمر بس کرو! جس نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کیا اس کے لیے جنت واجب ہے''۔ [1]

''ذیل'' میں ابوموسیٰ لکھتے ہیں: یہ متن حدیث ابوعطیہ سے بیان ہو چکا ہے۔

میں کہتا ہوں: حدیث ابوالمنذر ابوداؤد نے ''مراسیل'' میں احمد بن منیع سے بواسطہ حماد بن خالد ابن نافع کی روایت کی طرح نقل کی ہے۔ اور ابواحمد نے الکنی میں نہیں نقل کی۔ رہی حدیث ابوعطیہ تو وہ واقعی جیسا کہ ابوموسیٰ کا قول ہے ان کے حالات میں بیان ہو چکی ہے۔ ابواحمد الحاکم نے ان کا ذکر کیا ہے کہ اس سے یہ مناسب لگتا ہے کہ صحابی ہیں، لیکن دو حدیثوں کا مخرج مختلف

[1] اسد الغابہ (٦٢٨٢) تجرید (٢٠٦/٢)

[2] ابوداؤد کتاب المراسیل (٤٥) المعجم الکبیر (٨٤٦/٢٢) مجمع الزوائد (٢٧٦/٥) جامع المسانید (٥٤٣)

Marfat.com

ہے اگرچہ متن کا سیاق قریب قریب ہے۔

۱۰۵۷۴ ابومنصور فارسی ✿

دولابی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے، اور حسن بن سفیان نے اپنی مسند میں بطریق لیث بواسطہ دوید بن نافع ان کا ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں: میں نے ابومنصور سے کہا: ابومنصور! کاش آپ میں یہ طیش سختی نہ ہوتی؟ وہ فرمانے لگے: ''مجھے اپنی سختی اور غضب وغصہ فلاں فلاں چیز سے زیادہ پسند ہے۔ جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سختی میری اُمت کے بہترین لوگوں میں ہوگی''۔ ✿

یہی روایت حسن بن سفیان نے ابوربیع زہرانی، عبدالرحمٰن بن ابان، لیث، دوید سے بحوالہ ابومنصور، جنہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے، نقل کی ہے۔ ایسا ہی بغوی نے زیاد بن ایوب سے بواسطہ عبدالرحمٰن نقل کیا ہے۔ فرماتے ہیں: مجھے ابومنصور کی اس کے علاوہ کوئی روایت معلوم نہیں۔ اور یہ مصر کے رہائشی تھے۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے: ان کی حدیث مرسل ہے۔ ابوعمر فرماتے ہیں، بقول بعض: ان کی حدیث مرسل ہے اور یہ صحابی نہیں..... ✿ یہ روایت یونس بن محمد بن علی بن غراب اور کئی لوگوں نے لیث سے نقل کی ہے کسی نے سوائے عبدالرحمٰن بن ابان کے انہیں صحابی نہیں کہا۔

میں کہتا ہوں: حرفِ یاء میں یزید بن ابی منصور کے حالات (۹۳۱۸) میں ان کا ذکر ہوگا۔

۱۰۵۷۵ ابومنظور ✿ (بے نسبت)

ایک بے اصل روایت میں جسے ابوموسیٰ نے بطریق ابوحذیفہ عبداللہ بن حبیب ہذلی بحوالہ ابومنظور لکھا ہے ان کا ذکر آتا ہے، فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو فتح دی میرے خیال میں خیبر پر، مالِ غنیمت میں ایک سیاہ گدھا ملا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے گفتگو فرمائی۔ اس سے پوچھا: تمہارا کیا نام ہے؟ اس نے کہا: یزید بن شہاب، پھر لمبی حدیث ذکر کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا نام یعفور رکھا۔ ابوموسیٰ اس حدیث کی تخریج کے بعد فرماتے ہیں: یہ حدیث انتہائی منکر ہے۔ اسناد اور متن بھی منکر ہے میں کسی کو اپنی طرف سے اس کی روایت کی اجازت نہیں دیتا۔ ہاں جس نے روایت کرنی ہے وہ اس پر میرا کلام واعتراض بھی روایت کرے۔ یہ روایت ابوطاہر المخلص کی کتاب ''برکۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم'' میں ہے۔

۱۰۵۷۶ ابومنفعہ ✿ الحنفی (فا سے)

کلیب نامی حضرات کے حالات میں ان کا ذکر ہوا ہے۔ بغوی فرماتے ہیں: ابومنفعہ کا تعلق بنی حنیفہ سے ہے، بصرہ کے رہائشی ہیں۔ پھر بطریق حارث بن مرہ بواسطہ کلیب بن منفعہ ان کی حدیث نقل کی ہے۔ فرمایا: میرے دادا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور ان کی روایت میں حارث سے بواسطہ کلیب بحوالہ ان کے دادا ہے میں نے عرض کی: اللہ کے رسول! میں کس سے حسن سلوک

✿ اسد الغابہ (٦٢٨٣) تجرید (٢٠٦/٢) ✿ کشف الخفاء (٤٢٣/١)

✿ تین الفاظ کے برابر بیاض ہے۔ ✿ اسد الغابہ (٦٢٨٤) تجرید (٢٠٦/٢)

✿ اسد الغابہ (٦٢٨٥) تجرید (٢٠٦/٢)

Marfat.com

کروں؟...(حدیث)[1]

۱۰۵۷۷ ابومِنقعہ[2] (قاف سے) الانماری

احمد بن محمد بن عیسیٰ بغدادی نے "الصحابة الذين نزلوا حمص" نامی کتاب میں ان کا ذکر کیا ہے کہ اصحابِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے یہاں فروکش ہونے والوں میں ابومنقعہ الانماری ہیں۔ ابوعمر لکھتے ہیں: ان کا نام نصر بن حارث ہے، حالانکہ ابن عیسیٰ کا قول ہے: ان کا نام بکر ہے یہی دارقطنی وغیرہ کا قول ہے۔ باء میں تذکرہ ہوا (۷۲۳) ہے۔ ابن الاثیر[3] کا گمان ہے یہ پہلے والے ہیں حالانکہ ایسا نہیں۔

۱۰۵۷۸ ابوالمنہال (بے نسبت)

ابوبشر دولابی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور ان کی کوئی حدیث نہیں نقل کی۔

۱۰۵۷۹ ابوالمنیب الکلبی[4]

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے الکنیٰ میں ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق بقیہ بن ولید بواسطہ مسلمہ بن زیاد روایت کی ہے، فرمایا: میں نے چار اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم دیکھے ان میں رَوح بن یسار، اور ابومنیب کلبی تھے یہ لوگ عمامے باندھتے تھے اور ان کے شملے پیچھے گرا تھے۔ ٹخنوں تک ان کے لباس ہوتے۔ یہی روایت ابن مندہ نے بطریق بقیہ نقل کی ہے۔ انہوں نے فرمایا: مجھ سے مسلمہ بن نے بیان کیا۔

۱۰۵۸۰ ابوالمہاجر (بے نسبت)

دولابی نے "الکنیٰ" میں ان کا ذکر کیا ہے اور عیینہ بن سعید کے طریق سے بواسطہ مہاجر بن منیب بحوالہ اپنے والد روایت ہے کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر عرض کرنے لگا: میں جب نماز شروع کرتا ہوں مجھے یاد نہیں رہتا دو پڑھی ہیں یا آ پڑھی ہے۔

۱۰۵۸۱ ابوموسیٰ اشعری

عبداللہ بن قیس۔ نام وکنیت دونوں سے مشہور ہیں۔ لیکن کنیت زیادہ مشہور ہے، پہلے ذکر ہوا ہے۔

۱۰۵۸۲ ابوموسیٰ انصاری[5]

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق دارمی بواسطہ نافع بن سہیل بن مالک بحوالہ ابوموسیٰ انصاری صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وسلم روایت کی ہے۔ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے بہترین آدمی تھے۔ فرماتے ہیں: ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے س

---

[1] ابوداؤد کتاب الادب باب بر الوالدین (۵۱۴۰) [2] اسد الغابہ (۶۲۸۶)
[3] اسد الغابہ (۱۰۹/۵) [4] اسد الغابہ (۶۲۸۷) استیعاب (۳۲۳۶) تجرید (۲۰۶/۲)
[5] اسد الغابہ (۶۲۹۰) تجرید (۲۰۷/۲)

Marfat.com

بیٹھے تھے، آپ نے فرمایا: ایمان کی چکی گھوم رہی ہے لہٰذا تم قرآن کی چکی کے ساتھ گھومو، جہاں بھی وہ گھومے.....۔ (حدیث) [1]

عبیداللہ بن واصل جو اس کے دارمی سے راوی ہیں فرماتے ہیں: میں نے محمد بن اسمٰعیل بخاری سے اس کا ذکر کیا تو انہوں نے اس کا انکار کیا۔ انہیں ابوموسیٰ انصاری اور حاتم بن ربیعہ کے بارے میں کچھ معلوم نہیں۔

میں کہتا ہوں: یہی روایت ابونعیم نے دوسری سند سے بواسطہ محمد بن یزید نقل کی ہے لیکن انہوں نے کہا: جابر بن ربیعہ سے بواسطہ ابوانس اور نافع بن سہیل کے بجائے محمد بن نافع بن حارث کہا۔ واللہ اعلم!

ابن مندہ کا بیان ہے کہ محمد بن اسمٰعیل جعفری نے یہ روایت محمد بن جعفر، مالک سے انہوں نے اپنے چچا ابوسہیل کہ ہم سے انس بن مالک نے بیان کیا۔ فرماتے ہیں: اس سے احتمال ہے کہ کسی راوی نے حضرت انس بن مالک کی کنیت ان کے بیٹے موسیٰ کی وجہ سے ابوموسیٰ کہہ دی ہو۔

میں کہتا ہوں: ابونعیم کی روایت سے اس احتمال کی تردید ہوتی ہے اور سند مالک تک غیر معتبر راوی ہیں۔

۱۰۵۸۳ ابوموسیٰ الحکمی [2]

بغوی نے ان کا ذکر کیا ہے، لیکن ان کی کوئی روایت نہیں ذکر کی۔ ابونعیم نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے الکنی میں ان کا ذکر کیا ہے کہ مجھے ان کا صحابی ہونا معلوم نہیں۔ ابن مندہ بطریق حسن بن حبیب، ندبہ، حجاج بن فرافصہ، بواسطہ عمرو بن ابی سفیان روایت کرتے ہیں کہ ہم مروان کے پاس تھے اتنے میں ان کے پاس ابوموسیٰ حکمی آ گئے، مروان نے ان سے کہا: کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں قدر (تقدیر) کا ذکر تھا؟ انہوں نے فرمایا: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: یہ اُمت اس وقت تک مضبوط رہے گی جب تک تقدیر کو جھوٹا نہیں کہے گی۔ [3] ابواحمد کے طرز سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ان کے نزدیک تابعی ہیں۔ کیونکہ انہوں نے ان کا ذکر ان تبع تابعین کے بعد کیا ہے جن کا نام مشہور نہیں۔

۱۰۵۸۴ ابوموسیٰ الغافقی [4]

مالک بن عبادہ بقول بعض: مالک بن عبداللہ، ابن ابی عاصم وغیرہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے، پھر سب نے بطریق عمرو بن حارث، یحییٰ بن میمون سے انہوں نے ان سے بیان کیا کہ وداعہ حمیری نے ان سے بیان کیا کہ وہ مالک بن عبادہ غافقی کے پاس تھے اور عقبہ بن عامر واقعہ بیان کر رہے تھے تو مالک بن عبادہ نے فرمایا: تمہارا یہ ساتھی غافل ہے یا ہلاک ہونے والا ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر ہمیں وصیت کی تھی: ''تم لوگ قرآن نہ چھوڑنا (ادھر ادھر کے واقعات کے بجائے قرآن بیان کرنا) اور جس نے میرے متعلق جھوٹ بولا اس کا ٹھکانہ جہنم ہے''۔ [5] یہ سیاق حاکم ابواحمد کا ہے، امام احمد نے بطریق لیث، عمرو سے بواسطہ یحییٰ بن میمون نقل کیا ہے کہ ابوموسیٰ غافقی نے عقبہ بن عامر کو منبر پر چند احادیث بیان کرتے ہوئے سنا

---

[1] اسد الغابہ (۱۱۱/۵) [2] اسد الغابہ (۶۲۹۱) تجرید (۲۰۷/۲)

[3] التاریخ الکبیر (۶۹/۸) اسد الغابہ (۱۱۱/۵) [4] اسد الغابہ (۶۲۹۲) تجرید (۲۰۷/۲)

[5] مسند احمد (۳۳۴/۴)

Marfat.com

تو فرمایا: ابوموسیٰ غافقی سے مروی ہے تمہارا یہ ساتھی اور رکھنے والا ہے یا ہلاک ہونے والا ہے، پھر وہ حدیث ذکر کی۔ محمد بن ربیع جیزی مصر فروکش ہونے والے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ مالک بن عبداللہ معافری (۱۷۵۰) کے حالات میں ان کی حدیث بیان ہو چکی ہے۔

۱۰۵۸۵ ابومؤمّل

سفاقسی جو ابن البنین کے نام سے مشہور اور شارح بخاری ہیں۔ انہوں نے کتاب المکاتبۃ میں ان کا ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں، بقول بعض: اسلام میں سب سے پہلے جس سے عقد کتابت کیا گیا وہ ابومؤمل ہیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا: ابومؤمل کی امداد کرو، ان کی مدد کی گئی تو انہوں نے مالِ کتابت ادا کر دیا جس میں سے ان کے پاس کچھ رقم بچ بھی گئی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: ''اسے اللہ کی راہ میں صرف کر دو''۔

۱۰۵۸۶ ابومویہبہ *

بقول بعض: ابوموہبہ اور ابوموہوبہ، یہ واقدی کا قول ہے: مولا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ بقول بلاذری: مزینہ کے پروردہ تھے۔ غزوہ مریسیع میں شریک ہوئے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے کوچوان تھے ان سے عبداللہ بن عمرو بن عاص نے جو ان کے ہم عمر ہیں روایت کی ہے امام احمد نے یعقوب بن ابراہیم بن سعد سے بحوالہ ان کے والد، دارمی اور خلیفہ بن خیاط نے سلیمان سے دونوں نے محمد بن اسحاق * سے وہ فرماتے ہیں: مجھے عبداللہ بن عمرو بن ربیعہ عقیلی نے حدیث سنائی۔ دارمی کی روایت میں ہے ہم سے عبداللہ بن عمرو بن علی بن عدی نے عبید بن حنین کے حوالہ سے بیان کیا ہے اور اسی طرح دارمی کی روایت میں ہے: عبید مولا ابوالحکم بن ابی العاصی سے بواسطہ عبداللہ بن عمرو بن العاص بحوالہ ابومویہبہ جو مولا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں مروی ہے۔ فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بیدار کر کے فرمایا: ابومویہبہ! مجھے حکم ملا ہے کہ میں اہل بقیع کے لیے استغفار کروں۔ پھر میں نکلا.... اس کے بعد لمبی حدیث ذکر کی۔ اسی میں ہے صبح کے وقت آپ کی اسی بیماری کے آثار شروع ہو گئے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی تھی۔

یہی روایت حاکم نے دوسری سند کے ذریعہ ابراہیم بن سعد سے بواسطہ محمد بن اسحاق نقل کی ہے کہ عبداللہ بن عمر بن حفص سے بواسطہ عبید بن حنین انہی الفاظ میں منقول ہے۔ ان کا ابن عمر بن خفص کہنا وہم ہے۔ ابونعیم لکھتے ہیں: ابن اسحاق کے اکثر تلامذ نے اسی طرح روایت کی ہے جبکہ محمد بن مسلم نے ان کے خلاف روایت کی ہے۔ وہ فرماتے ہیں: ابواسحاق عن ابی مالک بن ثعلبہ عن عمرو بن الحکم بن ثوبان عن عبداللہ بن عمرو، لگتا ہے اس روایت میں ابن اسحاق کے دو شیخ (استاد) ہیں اگر یہ بات کتابوں میں محفوظ ہے تو۔ حاکم نے اسے مستدرک میں بروایت یونس بن بکیر نقل کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں: محمد بن اسحاق عن عبداللہ بن ربیعہ شاید انہیں ان کے جد امجد کی طرف منسوب کیا ہے۔ عن عبید بن ابی الحکم، مستدرک میں ایسا ہی ہے جبکہ درست یوں ہے: عن عبید مولا ابی الحکم جیسا کہ پہلے بیان ہوا ہے اسی طرح امام احمد نے بطریق ابویعلی بن عطاء، عن عبید بن حنین عن مویہبہ روایت کی ہے، دونوں میں عبداللہ بن عمرو کا واسطہ نہیں۔ ہم نے حلیۃ میں بطریق سُمویہ بواسطہ ان کے کسی شیخ بحوالہ محمد بن مسلمہ سنا ہے۔

---

* اسد الغابہ (۶۲۹۳) تجرید (۲۰۷/۲) * السیرۃ النبویۃ (۲۱۸/۴، ۲۱۹)

Marfat.com

میں کہتا ہوں: عقیلی عقیلات کی طرف منسوب ہے جو بنی عبد شمس کا بطن ہے۔ بغوی لکھتے ہیں: اس سند میں کسی کی روایت میں لکھا ہے: عن عبید بن حنین (حاء اور دونوں سے) اسی پر ابن عبدالبر نے اعتماد کیا ہے جو لفظی غلطی ہے۔ حالانکہ یہ نام عبید بن جبیر ہے جس سے ابن فتحون نے خبردار کیا ہے اور یہی عقیلی اور عبشمی ہیں۔

القسم الثانی ازحرفِ میم

۱۰۵۸۷ ابومحمد

عبداللہ بن ثعلبہ، عبداللہ بن عامر بن ربیعہ، عبداللہ بن نوفل بن حارث بن ہشام، عبدالرحمٰن بن عبدالقاری، عبیداللہ بن عباس بن عبدالمطلب سب کا ناموں میں ذکر ہو چکا ہے۔

۱۰۵۸۸ ابومراوح الغفاری ✿

مولا ہیں۔ بقول بعض: نام سعد ہے۔ ابواحمد الحاکم نے ان کا ذکر کیا ہے کہ عہد رسالت میں پیدا ہوئے تھے۔

میں کہتا ہوں: حضرت ابوذر، ابوواقد لیثی اور حمزہ بن عمرو اسلمی سے روایت کرتے ہیں۔ ان سے عروہ، زید بن اسلم اور عمران بن ابی انس نے روایت کی ہے۔ بعض نے دونوں کے درمیان سلیمان بن یسار کو داخل کیا ہے، عجلی کا قول ہے: یہ مدنی اور ثقہ تابعی ہیں۔ قسم اوّل میں ابومراوح لیثی کے متعلق بیان ہو چکا ہے۔

القسم الثالث ازحرفِ میم

۱۰۵۸۹ ابومحرز البکری ✿

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ ✿ نے ''مفاریدالکنیٰ'' میں ان کا ذکر کیا ہے کہ دورِ جاہلیت پایا ہے۔ ان سے ان کا بیٹا عبداللہ روایت کرتا ہے۔

۱۰۵۹۰ ابومحمد فقعسی الراجز

زبیر بن بکار نے ان کے اشعار نقل کیے ہیں جو انہوں نے اس موقعہ پر کہے تھے جب خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے بطاح میں بنی اسد کو طلیحہ بن خویلد کو فتنۂ ارتداد میں شکست دی تھی۔ وہ کہتے ہیں: ع

''جس دِن خالد سے بیعت کی گئی تو ہم اس قبیلے کی طرف بڑھے، اور مقام بطاح کے کنارے خون سے لبالب بھرے تھے۔ ہم نے نیزوں کی نوکوں سے اس کے کنویں اور کنارے کھود ڈالے اور پانی بدبودار ہو گیا تھا''۔

۱۰۵۹۱ ابومخشی نمیری

ابن فتحون نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے کہ وثیمہ نے کتاب الردّۃ میں جو روایت نقل کی ہے اس سے معلوم

✿ اسد الغابہ (٦٢٢٩) استیعاب (٣٢٠٩) تجرید (٢٠١/٢) ✿ اسد الغابہ (٦٢٢٣) تجرید (٢٠١/٢)

✿ التاریخ الکبیر (٧٤/٨)

Marfat.com

ہوتا ہے انہیں دورِ نبوی نصیب ہوا ہے پھر بطریق مضارب بن عبداللہ روایت کی ہے کہ ابومخشی نمیری ابوعبیدہ بن الجراح کے ساتھ شام میں تھے کچھ ایام ان کے احباب نے انہیں نہ پایا ان کے بارے پوچھ گچھ کرنے لگے لیکن کوئی اتا پتا نہ ملا، وہ بڑے بہادر تھے ایک دفعہ یہ لوگ بیٹھے ان کے فضل و کمال کا تذکرہ کر رہے تھے اور ان کے بارے میں نا امید ہو چکے تھے ان لوگوں کا خیال تھا وہ دھوکے سے شہید کر دیئے گئے ہیں کہ وہ اچانک لوگوں کے سامنے آ گئے، ان کے پاس دو پتے تھے ان جیسے لوگوں نے نہیں دیکھے تھے۔ نہ ان سے طویل اور نہ عریض اور ان سے بڑھ کر خوشبودار، جن کا رنگ انتہائی سبز اور جو بہت عمدہ تھے۔ لوگوں نے ان سے پوچھا تو وہ بتانے لگے کہ وہ ایک کنوئیں میں گر گئے تھے وہ کنواں اتنا بڑا تھا کہ یہ اس میں چلتے گئے ایک باغ ملا اس سے اچھا انہوں نے نہیں دیکھا ہوگا جس میں وہ کئی دِن مقیم رہے پھر ان کے پاس کوئی شخص آیا جس نے انہیں وہاں سے نکال لیا۔ فرماتے ہیں: یہ دو پتے اس بیری کے ہیں جس کے نیچے میں بیٹھا تھا۔ حضرت ابوعبیدہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف پیام بھیجا کہ کعب سے پوچھیں، انہوں نے فرمایا کہ ہم سابقہ کتاب میں یہ بات دیکھتے ہیں کہ اس اُمت کا ایک شخص دنیا میں ہوتے ہوئے فتح روم کے بعد جنت میں داخل ہوگا۔ ابن فتحون فرماتے ہیں: وثیمہ کے علاوہ متعدد لوگوں نے یہ واقعہ نقل کیا ہے کسی نے ابومخشی نہیں کہا۔

۱۰۵۹۲ ابومرثد خولانی

دورِ نبوی پایا ہے، ابواسمٰعیل ازدی نے صعب بن زہیر، مہاجر بن صیفی بواسطہ راشد بن عبدالرحمٰن بحوالہ ان کے ذکر کیا ہے کہ انہوں نے یرموک میں مسلمانوں کی خوشخبری کا خواب دیکھا تھا۔

۱۰۵۹۳ ابومریم

زر بن حبیش اسدی، ناموں میں تذکرہ ہوا ہے۔

۱۰۵۹۴ ابومریم حنفی یمامی

دولابی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے کہ ان کا نام ایاس بن صبیح ہے، مسیلمہ کذاب کے رفیق تھے پھر اسلام لے آئے اس کے بعد بصرہ کے قاضی مقرر ہوئے۔ عمر بن شبہ لکھتے ہیں: رامہرمز کی فتح ان کے ہاتھ ہوئی ہے ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔

۱۰۵۹۵ ابومریم الخصی ✿

دورِ نبوی پایا ہے۔ ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق اوزاعی، سلیمان بن موسیٰ سے روایت کی ہے، فرمایا: میں نے طاؤس سے کہا کہ ابومریم خصی نے مجھے بتایا کہ جنہوں نے دورِ نبوی پایا ہے۔ وہ بولے: مجھے کسی غیر خصی کا حوالہ دو۔ ✿

۱۰۵۹۶ ابومریم کندی ✿

نام عبید تھا، دورِ نبوی نصیب ہوا ہے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ بیت المقدس میں نماز پڑھی ہے۔ ابن مندہ نے

✿ اسد الغابہ (٦٢٣٧) تجرید (٢٠٢/٢) ✿ جامع المسانید (٤٧٥/١٤) اسد الغابہ (٩٥/٥)

✿ اسد الغابہ (٦٢٤١) استیعاب (٣٢/٥) تجرید (٢٠٢/٢)

Marfat.com

بطریق عثمان بن عطاء خراسانی بواسطہ زیادہ بن ابی سودہ بحوالہ ابومریم روایت کی ہے، فرمایا: میں حضرت عمر کے ساتھ داؤد علیہ السلام والی محراب میں داخل ہوا، آپ نے سورۃ ص پڑھی، سجدہ کیا، یہی روایت سنیف نے فتوح میں ربیع بن نعمان سے بحوالہ ابومریم مولا سلامہ نقل کی ہے۔ فرمایا: میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایلیاء (بیت المقدس) میں داخل ہوا آپ چلتے چلتے مسجد میں پہنچے اور داؤد علیہ السلام کی محراب تک جا کے ٹھہر گئے، پھر سورۃ ص پڑھ کر سجدہ کیا تو ہم نے بھی آپ کے ساتھ سجدہ کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ابومریم حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ جبکہ ان سے زیاد بن ابی سودہ روایت کرتے ہیں، اہل شام سے ان کی حدیث مروی ہے۔

۱۰۵۹۷ ابومسافع (بے نسبت)

دورِ جاہلیت پایا ہے اور خلافتِ فاروقی کے کسی غزوہ میں شرکت کی۔ ابواحمد الحاکم نے ان کا تذکرہ کیا ہے اور بطریق ابواسحاق، بواسطہ ابوالصلت اور ابومسافع روایت کی ہے، دونوں فرماتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ہماری طرف پیام بھیجا اس وقت ہم لوگ نہاوند میں تھے: ''نماز بروقت ادا کرو اور جب دشمن سے مقابلہ ہو تو نہ بھاگنا اور جب مالِ غنیمت حاصل کر لو اس میں خیانت نہ کرو''۔

۱۰۵۹۸ ابومسلم خولانی

عبداللہ ابن ثُوَب۔ ابن السکن نے ان کے والد کا نام مسلم بتایا ہے، پہلے تذکرہ ہوا ہے۔

۱۰۵۹۹ ابومسلم الجلیلی ✿

بقول بعض الجلولی۔ ابن عساکر کی تحقیق کے مطابق پہلا نام زیادہ صحیح ہے۔ دورِ نبوی پایا تھا لیکن اس میں اسلام نہیں لائے بلکہ عہد معاویہ ✿ میں اسلام قبول کیا۔ کسی نے عہد صدیقی اور عہد فاروقی بھی لکھا ہے۔ بقول امام بخاری: کعب الاحبار کی طرح تھے، کنیت ابوالسموال تھی عہد صدیقی میں مسلمان ہوئے تو آپ نے ان کی کنیت ابومسلم رکھ دی۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ادرع خولانی سے مروی ہے کہ یہ صدیق اکبر کے بعد مسلمان ہوئے۔ بغوی کی روایت ہے کہ ابومسلم الجلیلی امیر معاویہ کے دور میں مسلمان ہوئے تو ابومسلم خولانی نے ان سے فرمایا: عہد نبوی میں اور عہد صدیقی اور فاروقی میں تم نے اسلام کیوں نہیں قبول کیا؟ ابن مندہ نے اسی کے ساتھ ان کا ذکر کیا ہے کہ عہد معاویہ میں اسلام لائے۔ عبد بن حمید نے اپنی تفسیر میں اور تمام نے اپنے فوائد میں بطریق صالح المری، ابوعبداللہ شامی سے بواسطہ مکحول بحوالہ ابومسلم خولانی روایت کی ہے کہ ان کی ملاقات ابومسلم الجلولی سے ہوئی وہ راہب تھے، اپنے عبادت خانے سے عہد فاروقی میں نیچے اترے اور اسلام قبول کیا۔ آپ نے ان سے فرمایا: تمہیں اپنے عبادت خانے سے کس چیز نے اتارا؟ عہد نبوی اور عہد صدیقی میں تم نے اسلام نہیں قبول کیا؟ اب کس بنا پر اسلام لائے ہو؟ وہ کہنے لگے: ابومسلم! میں نے اللہ کی کتاب میں پڑھا ہے کہ قیامت کے روز یہ اُمت تین حصوں میں

✿ اسد الغابہ (٦٢٤٦) تجرید (٢٠٢/٢) ✿ جامع المسانید (٩١٥/١٤) اسد الغابہ (٩٨/٥)

Marfat.com

تقسیم ہوگی، ایک حصہ بغیر حساب جنت میں جائے گا، ایک حصے سے اللہ تعالیٰ ہلکا حساب لے گا اور ایک حصے سے اللہ تعالیٰ جیسا چاہے گا حساب لے گا، پھر انہیں معاف کر دے گا۔ جس سے میں نے اندازہ لگایا کہ پہلی قسم تو گزر گئی، میں اُمید کرتا ہوں کہ میں دوسری قسم میں شامل ہوں گا۔ اور تیسری مجھ سے نہ چھوٹے اس لئے میں مسلمان ہوگیا۔ صالح ضعیف راوی ہے۔

یہی روایت ابن عساکر نے دوسری سند کے ذریعہ سعید الجریری سے بحوالہ عقبہ بن وشاح نقل کی ہے کہ ابو مسلم خولانی کا ایک یہودی پڑوسی تھا جس کی کنیت ابو مسلم تھی، خولانی اس سے فرماتے: اسلام لے آؤ کامیاب ہو جاؤ گے، تو وہ آگے سے کہتا: میں ایک دین پر ہوں۔ پھر ایک دفعہ ان کا گزر ہوا تو اسے نماز پڑھتے دیکھا، اس سے پوچھا تو اس نے بتایا میں نے تورات میں پڑھا ہے جس میں تحریف وتبدیلی نہیں ہوئی کہ یہ اُمت تین گروہوں میں منقسم ہوگی پھر اسی کا مفہوم نقل کیا۔ اور تیسری قسم کے بارے میں کہا: ان کے بوجھ ان کی پیٹھوں پر لدے ہوں گے، فرشتے کہیں گے: اللہ! یہ تیرے بندے تیری توحید کے قائل تھے۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ان کے بوجھ اتار کر مشرکین پر دھر دو، پھر وہ جنت میں چلے جائیں گے۔ (یہ روایت ﴿ولا تزر وازرة وزر اخرٰی﴾ کے منافی نہیں، کیونکہ وہاں اپنا بوجھ دوسرے کو دینے کی نفی ہے اور یہاں انہوں نے اپنے بوجھ خود اٹھائے تھے، اور انہوں نے خود کسی سے نہیں کہا، بلکہ اللہ کا حکم ہوا تو مشرکین پر لاد دیا گیا۔ واللہ اعلم! [عامر تقی ندوی])

ابن السکن فرماتے ہیں: دورِ جاہلیت پایا ہے۔ بقول بعض: صحابی ہیں۔ پھر بطریق معاویہ بن یحییٰ صدفی، یحییٰ بن جابر، خالد بن معدان، جبیر بن نفیر ان کے سلسلۂ سند سے بحوالہ ابو مسلم جلیلی روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مشرکین کے بچے رحمٰن کے عرش تلے ہوں گے، ان کے نام تیرہ (۱۳) سے زیادہ نہ ہوں گے۔

میں کہتا ہوں: یہ مرسل روایت ہے، اس واسطے کہ جن لوگوں نے ان کے نبی ﷺ کے بعد مسلمان ہونے کی وضاحت کی ہے وہ زیادہ مضبوط اور زیادہ حافظے والے ہیں اور اس میں ان کے سماع کی صراحت نہیں۔ ابن سمیع کا قول ہے: انہوں نے کعب نبی ﷺ کے پاس بھیجا تھا لیکن ان کی ملاقات نہ ہوسکی۔ بقول عجلی: شامی ثقہ تابعی ہیں۔

۱۰۶۰۰ ابومشجعه بن ربعی الجُهَنی

دورِ نبوی پایا ہے اور جابیہ میں خطبۂ فاروقی میں شریک تھے، اور اس کے راوی ہیں جسے طویل نقل کیا ہے۔ ابن عساکر رحمۃ اللہ نے اسے درج کیا ہے، ابوزرعہ دمشقی نے یوں نقل کیا ہے: ہم حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک بیمار کی عیادت کے لیے گئے، ایک حدیث ذکر کی۔ انہیں ابودرداء اور سلمان فارسی رضی اللہ عنہما سے روایت حاصل ہے، ان کی حدیث کا راوی سوائے ان کے بھتیجے مجھے معلوم نہیں اور ان سے روایت کرنے والا سلیمان ضعیف ہے۔

۱۰۶۰۱ ابومعبد الجهنی

عبداللہ بن عکیم، ناموں میں تذکرہ ہوا ہے۔

۱۰۶۰۲ ابومغرز تمیمی

دورِ نبوی پایا ہے۔ سیف بن عمر نے فتوح میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی وفات کے واقعہ میں ان کا ذکر کیا ہے، واقعہ کے

Marfat.com

میں ہے: ابن مسعود کے ساتھ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی وفات میں حاضر ہونے والوں کی تعداد تیرہ (۱۳) تھی، ان میں ابومفرز تمیمی بھی تھے۔ سیف ہی نے ان کا ذکر ان لوگوں میں کیا ہے جنہوں نے دورِ فاروقی میں شراب پی لی تھی اور انہیں حد لگائی تھی۔ جس کے متعلق ابومفرز نے کہا: ع

''ہم نے صبر کیا اور وہ صبر ہماری ہی عادت تھا، جن راتوں میں ہم مہمان نوازی اور مشروبات حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے۔ وہاں کسی حلال چیز میں مقابلہ نہ تھا جیسے شام میں دس ماہ کی گابھن اونٹنیوں کی بڑی تعداد میں مقابلہ تھا'' (دوسرے نسخہ میں الفاظ کی تھوڑی تبدیلی ہے)۔

۱۰۶۰۳ ابوالمقشعرّ

۱۰۶۰۴ ابوالمهلب الجرمی

ابوقلابہ کے چچا۔ دورِ نبوی پایا ہے۔ ابن سعد نے اہل بصرہ کے تابعین میں سے پہلے طبقہ میں ان کا ذکر کیا ہے کہ معتبر اور کم حدیث بیان کرنے والے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت حاصل ہے۔ ان کے نام میں اختلاف ہے، بعض: عمرو بن معاویہ بن زید لکھا ہے جس پہ ابن حبان نے ''ثقات'' میں اعتماد کیا ہے۔ بقول بعض: معاویہ بن عمرو بن زید جسے ابن عبدالبر نے صحیح قرار دیا ہے۔ ایک قول ہے: عبدالرحمٰن بن عمرو/ ابن معاویہ/ نضر۔ ابی بن کعب، عثمان رضی اللہ عنہما وغیرہ سے بھی روایت لیتے ہیں۔ ان سے محمد بن سیرین وغیرہ نے روایت کی ہے۔

۱۰۶۰۵ ابومَیْسرہ عمرو بن شرحبیل، ناموں میں ذکر ہوا ہے۔

القسم الرابع ازحرفِ میم

اس قسم میں غلطی سے جن حضرات کا صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کیا گیا ہے ان کے متعلق تنبیہ ہے۔

۱۰۶۰۶ ابومالك غفاری ✿

غزوان نامی مشہور تابعی ہیں۔ ایک مرسل حدیث بیان کی ہے جس کی وجہ سے عسکری نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کر دیا ہے۔ پھر یہ روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا جنازہ پڑھایا، ان کے ساتھ سات نعشیں لائی جاتیں اور آخر تک آپ نے سب کی نماز جنازہ پڑھا دی (دوسروں کی میتیں لائی جاتیں اور جنازے کے بعد اٹھالی جاتیں جبکہ امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی میت وہیں رکھی رہی)۔ ابن الاثیر ✿ نے اپنے سے پہلے لوگوں کی کتابوں پر اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے لیکن اس کی علت انہیں بھی نہ سمجھ آئی، رہے ذہبی ✿ تو وہ لکھتے ہیں: شاید یہ تابعی ہیں۔

✿ اسد الغابہ (٦٢١٢) تجرید (١٩٩/٢) ✿ اسد الغابہ (٨٧/٥)

✿ التجرید (١٦٩)

Marfat.com

۱۰۶۰۷ ابومالك دمشقی*

حاکم فرماتے ہیں: بقول امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ ان کی حدیث مرسل ہے، یہی عسکری نے کہا ہے، جبکہ ابن مندہ لکھتے ہیں: ان کا صحابہ میں ذکر ملتا ہے حالانکہ ثابت نہیں۔ معاویہ بن صالح بواسطہ عبداللہ بن دینار بحوالہ ان کے روایت کرتے ہیں۔ ابوعمر انہیں نخعی لکھتے ہیں کہ تابعی ہیں جو مرسل روایت کرتے ہیں، ایک قول کے مطابق: صحابی ہیں۔ صحیح یہی ہے کہ ان کی حدیث مرسل ہے اور یہ صحابی نہیں، معاویہ بن صالح بواسطہ عبداللہ بن دینار بحوالہ ان کے والدین کو ناراض کرنے والے کے بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں اور اس کے بارے میں جو زبردستی کسی جماعت کی امامت کرے اور جو بالغ عورت بغیر اوڑھنی کے نماز پڑھے ان لوگوں کی نماز قبول نہیں۔

میں کہتا ہوں: قسم اوّل میں ابو مالک نخعی (۱۰۴۹۰) کا تذکرہ ہوا ہے۔ اور ابن السکن نے ان کا ذکر کیا ہے اور ان کی حدیث بھی نقل کی ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کے سماع کی صراحت بھی کی ہے جس سے ابوعمر نادانستہ طور پر نابلد رہے۔ اور صرف ان کے ذکر پر اکتفا کیا یا دونوں کو ایک سمجھ لیا ہے جو بعید ہے۔ لیکن ظاہر یہی ہے کہ یہ اور ہیں۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم!

۱۰۶۰۸ ابومبتذر

بعد والی شخصیت میں ان کا تذکرہ ہونا ہے۔

۱۰۶۰۹ ابوالمبتذل*

یحییٰ بن عبدالوہاب بن ابی عبداللہ بن منذہ نے اپنے دادا کی کتاب پہ اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابوموسیٰ نے بھی ان کا اتباع کیا اور بطریق احمد بن سلیمان بحوالہ ابوالمبتذل صاحب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روایت کی ہے وہ افریقہ میں ہوا کرتے تھے، پھر یہ حدیث ذکر کی ہے جس میں صبح کے وقت یہ کہنے کی فضیلت ہے "رضیت باللّٰہ ربًّا"۔* ابوموسیٰ فرماتے ہیں: اسے احمد بن الطیب نے رشدین سے نقل کیا تو کہا: ابوالمبتذر یا ابوالمبتذل۔ یحییٰ بن غیلان المبتذر یا المبتذل سے روایت کرتے ہیں اور ابوعبداللہ بن مندہ نے ناموں میں ان کا ذکر کیا ہے۔

میں کہتا ہوں: بات یہی ہے، احمد بن سلیمان والی روایت میں لفظی غلطی ہے۔ میں نے یہی نام حافظ ابراہیم صریفینی کے قلم سے المبتذل لکھا دیکھا ہے، رہی احمد بن طیب والی روایت المبتذر یا المنتذر اور یحییٰ کی روایت طیب کی پہلی روایت کی طرح یا نون اور تصغیر سے ہے ان سب میں درست بات یہ ہے کہ ان کا نام کنیت کے حرف (ابو) کے بغیر ہے اور یہ نام تصغیر میں ہے جیسا کہ حرف نون کے ناموں کے آخر میں بیان ہوا ہے (۸۶۲۷)۔

۱۰۶۱۰ ابوالمتوکل

صحابی ہیں جن کا ایک واقعہ ہے جسے ابوجعفر نحاس اور ان کی پیروی میں مہدوی وغیرہ نے ذکر کیا ہے، قرطبی اپنی تفسیر میں سورۂ حشر کی تفسیر میں لکھتے ہیں: مہدوی نے بحوالہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد: ﴿اور وہ اپنے مقام

---

* اسد الغابۃ (۶۲۱۸) تجرید (۱۹۹/۲) * اسد الغابہ (۶۲۱۲) * اتحاف السادۃ المتقین (۱۹/۵) کنز العمال (۳۵۶۷)

Marfat.com

میں دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں اگرچہ انہیں فاقہ ہی کیوں نہ ہو﴾۔ [1] انصار میں سے ثابت بن قیس کے بارے میں نازل ہوا۔ انہیں ابوالمتوکل کہا جاتا تھا، ثابت ان کے ہاں مہمان ہوئے، ابوالمتوکل کے پاس صرف اپنا اور اپنے بچوں کا کھانا تھا، انہوں نے اپنی اہلیہ سے کہا: ''چراغ بجھا کر بچوں کو سلا دو اور جو کچھ ہے مہمان کے سامنے لے آؤ''۔ فرماتے ہیں: نحاس نے بحوالہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کی ہے ابوالمتوکل ثابت بن قیس ایک انصاری کے ہاں کوئی شخص مہمان ہوا ان کے پاس کچھ بھی نہ تھا، پھر اس کا مفہوم ذکر کیا۔ ذیل میں ابن عساکر التعریف للسهیلی میں لکھتے ہیں، بقول بعض: یہ آیت ابوالمتوکل ناجی کے بارے میں نازل ہوئی۔ وہ ثابت بن قیس کے ہاں مہمان ہوئے اسے مہدوی نے نقل کیا ہے۔ لکھتے ہیں، بقول بعض: یہ ایثار کرنے والے ثابت بن قیس تھے۔ اسے یحییٰ بن سلام نے نقل کیا ہے۔

یہ سارا خبط ہے جس سے رجال کی معرفت کے بارے میں ان لوگوں کی کمزوری کا پتہ چلتا ہے۔ حالانکہ ابوالمتوکل ناجی درمیانے درجے کے تابعی ہیں۔ ابوسعید سے ان کی حدیث اسی مفہوم میں منقول ہے جو صحاح ستہ میں درج ہے، انہوں نے اکابر صحابہ رضی اللہ عنہم کا دور نہیں پایا ہے چہ جائیکہ یہ صحابی ہوں۔ قصہ کے راوی نہ مہمان ہیں اور نہ میزبان وہ دونوں (مہمان و میزبان) صحابی ہیں۔ جس کی واضح روایت عبداللہ بن المبارک نے ''البر والصلۃ'' اور ''کتاب الزہد'' میں نقل کی ہے اور ابن ابی الدنیا نے ان کے طریق سے ''قری الضیف'' نامی کتاب میں نقل کی ہے کہ اسمٰعیل بن مسلم سے بحوالہ ابوالمتوکل ناجی مروی ہے کہ ایک مسلمان نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں فروکش ہوا، تین دِن تک اس نے کچھ نہیں کھایا، ثابت بن قیس ان کی حالت بھانپ گئے، پھر وہ واقعہ ذکر کیا۔ جس سے معلوم ہوا ابوالمتوکل حدیث کے راوی ہیں جسے انہوں نے مرسل نقل کیا ہے اور مہمان کا نام معلوم نہیں اور میزبان ثابت بن قیس تھے، جن کی کنیت ابومحمد ہے نہ کہ ابوالمتوکل۔ واللہ المستعان!

۱۰۶۱۱ ابومحرز بن زاهر

ابوعمر نے ان کا مختصر ذکر کیا ہے کہ مجھے ان کی کوئی حدیث معلوم نہیں اور نہ کسی اثر (قول صحابی) کا علم ہے۔

میں کہتا ہوں: یہ لفظی غلطی کا خمیازہ ہے یہ تو ابومجزأہ زاہر ہیں جو اسلمی ہیں۔ دولابی نے ان کا یہی عنوان قائم کیا ہے: ''ابومجزأہ زاہر اسلمی''۔ ابن عبدالبر نے اسے غلط ہی لکھ دیا اور ان کے حال کے بارے میں انہیں کچھ معلوم نہ ہو سکا اس واسطے انہوں نے کہا سو کہا۔

۱۰۶۱۲ ابومحمد

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک مرسل حدیث کی روایت کرتے ہیں، ان سے شعیب نے روایت کی ہے۔ ابواحمد الحاکم کا قول ہے: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۶۱۳ ابومخارق [2]

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور ان سے اعمش روایت کرتے ہیں، صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر آتا ہے جو صحیح نہیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ ان کا

---

[1] سورۃ الحشر آیت (۹) [2] اسد الغابہ (۶۲۲۵) تجرید (۲/۲۰۰)

Marfat.com

ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ان کی حدیث مرسل ہے۔

میں کہتا ہوں: شاید یہ قابوس کے والد ہیں۔

۱۰۶۱۴ ابومرحب ✿

نامعلوم، ذہبی نے کنیتوں میں ایسا ہی ذکر کیا ہے کہ دو میں سے ایک ہیں۔

۱۰۶۱۵ ابومسعود بن عمرو ✿

بن ثعلبہ، ابوبکر بن علی اور ان کی پیروی میں ابوموسیٰ نے ذیل میں ان کا ذکر کیا ہے۔ اپنے استدراک میں ان کا ذکر کر کے انہیں وہم ہوا ہے یہ تو ابومسعود بدری ہیں جن کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔ ان کا نام عقبہ بن عمرو ہے۔

۱۰۶۱۶ ابومسلم اشعری ✿

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق عثمان بن ابی العاتکہ، جو ایک ضعیف راوی ہے۔ بحوالہ ابومسلم اشعری بحوالہ نبی ﷺ روایت کی ہے کہ ''عنقریب ایک قوم ہوگی جو شراب کا دوسرا نام رکھ کر اسے حلال سمجھے گی''۔ (حدیث) ✿ جبکہ اوروں نے یہ روایت عبدالرحمٰن بن عتم سے بحوالہ ابو مالک اشعری نقل کی ہے۔

میں کہتا ہوں: یہی درست ہے، عثمان سے اس میں غلطی ہوئی ہے۔ ابونعیم نے اسے درست بیان کیا ہے جو بطریق معاویہ بن صالح بحوالہ ابو مالک اشعری ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ عثمان سے اس کی سند میں بھی خبط ہوا ہے۔ اور ان کا یہ کہنا ''معاویہ بن حاتم'' غلط ہے۔ حالانکہ یہ معاویہ عن حاتم ہے اور معاویہ ابن حریث ہیں۔ واللہ اعلم!

۱۰۶۱۷ ابومصعب اسدی ✿ ابومکعت میں تذکرہ ہوا ہے۔

۱۰۶۱۸ ابومصعب انصاری ✿

دوسرے ہیں۔ تابعی ہیں جو ایک مرسل حدیث بیان کرتے ہیں۔ ابونعیم نے انہیں صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کر دیا اور لکھ دیا ان کے صحابی ہونے میں اختلاف ہے۔ پھر بطریق عبدالحمید بن جعفر روایت کی ہے کہ میں نے ابومصعب کو فرماتے سنا: ''اچھے چہروں کے ہاں سے بھلائی طلب کیا کرو''۔

۱۰۶۱۹ ابومعن ✿

اسکندریہ والے۔ تابعی ہیں، مرسل حدیث روایت کرتے ہیں جس کی وجہ سے مستغفری نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کر دیا

✿ اسد الغابہ (۶۲۳۲) تجرید (۲۰۱/۲) ✿ اسد الغابہ (۶۲۴۲) تجرید (۲۰۲/۲)

✿ اسد الغابہ (۶۲۴۵) تجرید (۲۰۲/۲) ✿ مسند احمد (۳۴۲/۵) جامع المسانید (۵۱۹/۱۴)

✿ اسد الغابہ (۶۲۴۹) تجرید (۲۰۳/۲) ✿ اسد الغابہ (۶۲۵۰) تجرید (۲۰۲/۲)

✿ اسد الغابہ (۶۲۶۵) تجرید (۲۰۵/۲)

Marfat.com

ہے اور ابوموسیٰ بھی ان کے پیرو ہیں۔ وہ روایت بطریق سعید بن العلاء بحوالہ ابومعن صاحب اسکندریہ ہے، فرمایا: رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے: ''جہاد فی سبیل اللہ کے ساتھ باقی اعمال کی حیثیت ایسے ہے جیسے جوشیلے سمندر میں تھوک''۔ ✿ اسی سند سے یہ روایت ہے: ''ہر نعمت کے بارے میں سوال ہوگا ماسوائے اس نعمت کے جو اللہ کی راہ میں ہو''۔

مستغفری فرماتے ہیں: میں اللہ تعالیٰ کے حضور اس اسناد سے براءت کا اظہار کرتا ہوں اور اس شخص کا نام عبدالواحد بن ابی موسیٰ ہے۔ ابن یونس نے تاریخ مصر میں اس کا ذکر کیا ہے کہ اس نے عمر بن عبدالعزیز کا دور پایا ہے اس سے لیث بن سعد وغیرہ روایت کرتے ہیں۔ حاکم نے ''الکنیٰ'' میں اس کا ذکر کیا ہے کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی۔

۱۰۶۲۰ ابومعشر الاشج ✿

تجرید ✿ میں ان کا ذکر ہے کہ یہ صحابی ہیں، جو بہتان ہے۔

میں کہتا ہوں: ابوالدنیا کی حدیث کے کسی طریق میں یہ بات ہے کہ اشجّ۔

۱۰۶۲۱ ابوملحہ

فراء بغوی نے ان کا ذکر کیا ہے اور مصابیح میں بحوالہ نبی ﷺ روایت کی ہے کہ ''اسلام کی ابتداء اجنبیت میں ہوئی اور یہ اجنبی ہو جائے گا''۔ (حدیث) اسے زید بن ملحہ نے اپنے والد سے بحوالہ اپنے دادا روایت کیا ہے، شرح السنۃ میں لکھتے ہیں: زید بن ملحہ سے بواسطہ ان کے والد بحوالہ ان کے دادا نبی ﷺ کی حدیث روایت کی جاتی ہے پھر اسے ذکر کیا۔ یہ غلطی سند میں سے سقط (رہ جانے) کی وجہ سے پیدا ہوئی جس کی طرف ان کا دھیان نہیں گیا کیونکہ یہی حدیث ترمذی میں بطریق اسمٰعیل بن ابی اویس، کثیر بن عبداللہ بن عمرو بن عوف بن زید بن ملحہ بواسطہ ان کے والد بحوالہ ان کے دادا مروی ہے لگتا ہے بغوی کے پاس جو ترمذی والا نسخہ ہے اس میں یوں ہے: **کثیر بن عبدالله بن عمرو بن عوف عن زید بن ملحه عن ابیه عن جده** جو لفظی غلطی ہے، حالانکہ وہ ابن زید ہیں۔ زید عوف کے والد ہیں اور عوف عمرو کے اور عمرو کثیر کے دادا ہیں۔ اس حدیث کے صحابی عمرو بن عوف ہیں جو صحابہ میں مشہور ہیں۔ اور کثیر بن عبداللہ بن عمرو بن عوف کے حالات سنن ابی داؤد اور جامع الترمذی وغیرہ میں ہیں۔ مذکورہ ملحہ کو ملیحہ تصغیر سے بھی لکھا جاتا ہے۔ وہ ابن عمرو بن بکر بن افرک بن عثمان بن عمرو بن اوس بن طابخہ ہیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے تاریخ میں اسماعیل بن ابی اویس سے اسی سند کے ذریعہ ایک حدیث نقل کی ہے اور اس میں وضاحت کی ہے کہ صحابی وہ عمرو بن عوف ہیں، فرمایا: عن کثیر بن عبداللہ بن عمرو بن عوف عن ابیہ عن جدہ عمرو بن عوف، ہم نبی ﷺ کے پاس تھے پھر ایک حدیث ذکر کی۔

۱۰۶۲۲ ابوالمنذر پہلے تذکرہ ہوا ہے۔

۱۰۶۲۳ ابوالمهلب ✿

مطین وغیرہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے جو تحریف کا نتیجہ ہے، حالانکہ یہ ابوالمطلب ہیں،

✿ جامع المسانید (۵۳۶/۱۴) ✿ تجرید (۲۰۴/۲) ✿ ایضًا

✿ اسد الغابہ (۶۸۹۴) تجرید (۲۰۷/۲)

Marfat.com

چنانچہ ابونعیم ان کے طریق سے بحوالہ عبداللہ بن خطب حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے بارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ قول نقل کیا ہے کہ یہ دونوں آنکھ اور کان کی حیثیت رکھتے ہیں۔ فرماتے ہیں: میری کتاب میں ایسا ہی لکھا ہے جبکہ درست عبدالعزیز بن المطلب ہے شاید ان کی کنیت ابوالمہلب ہو جو تصحیف لفظی غلطی ہے۔

دوسری بات قابل اعتماد ہے، یہی حدیث عبداللہ بن خطب کے حالات میں بیان ہوئی ہے۔ وہاں میں نے اس کی سند عبداللہ کے صحابی ہونے اور عبدالعزیز کے نسب میں اختلاف کا ذکر کیا ہے اور یہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔ یہ المطلب بن عبداللہ بن المطلب بن خطب ہیں اور صحابی ان کے جد امجد ہیں۔

۱۰۶۲۴ ابومیسرہ*

مولا عباس بن عبدالمطلب۔ مستغفری نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں اور ابوموسیٰ نے ان کے اتباع میں ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق محمد بن احمد بن سعید البزار طوسی المعروف بابی کساء بحوالہ ابومیسرہ مولا عباس بن عبدالمطلب روایت کی ہے، فرمایا: میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں رات گزاری آپ نے فرمایا: عباس دیکھو! آسمان میں کوئی چیز نظر آ رہی ہے؟ میں نے عرض کی: ہاں جی! مجھے کہکشاں نظر آ رہی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تمہاری اولاد میں ان کی مقدار اس اُمت کے حاکم ہوں گے''۔

میں کہتا ہوں: یہ حدیث عبید بن ابی قرہ کے حوالہ سے مشہور ہے۔ لیث سے اس کی روایت میں منفرد ہے، سند میں سے عباس بن عبدالمطلب کا نام رہ گیا اور بظاہر یوں ہوا کہ صحابی ابومیسرہ ہیں حالانکہ ایا س نہیں یہی روایت امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مسند میں عبید بن ابی قرہ سے نقل کی ہے۔ اسی طرح ابوحاتم رازی نے احمد بن محمد بن یحییٰ بن سعید قطان سے جو ابوکساء کے شیخ ہیں۔ بحوالہ عبید روایت کی ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے الکنی میں عبداللہ محمد الجعفی سے اور حاکم نے بطریق ابراہیم بن سعید جوہری اور مستدرک میں بطریق احمد بن ابراہیم دورقی اور ابن ابی داؤد نے بطریق حجاج شاعر سب نے عبید سے نقل کی ہے۔ ابن ابی حاتم بحوالہ اپنے والد روایت کرتے ہیں کہ لیث یہ حدیث صرف عبید بن قرہ نے نقل کی ہے اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ اس میں بخل کیا کرتے تھے۔ فرماتے ہیں: میرے والد اس حدیث کو اچھا سمجھتے تھے اور اس پر خوش ہوتے تھے کہ یحییٰ قطان سے مل گئی ہے۔ ابن ابی داؤد کا قول ہے: احمد بن ابی صالح نے یہ حدیث میرے والد سے بواسطہ حجاج سنی ہے، ان تمام طرق میں اتنا اتفاق ہے کہ سیاقِ سند بواسطہ ابومیسرہ بحوالہ عباس بن عبدالمطلب ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ درست اسے ثابت رکھنا ہے میں نے لسان المیزان میں عبید بن ابی قرہ کا حال ذکر کیا ہے۔ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے علل میں ایک حدیث بطریق زکریا بن ابی زائدہ، ابواسحاق سے بواسطہ ابومیسرہ نقل کی ہے جس سے کسی نے سمجھ لیا ہے کہ یہی ''صاحب ترجمہ'' (جن کے حالات بیان ہو رہے) ہیں۔ حالانکہ ایسا نہیں وہ تو عمرو بن شرحبیل ہیں جن کا تذکرہ قسم ثالث میں ہوا ہے یہ روایت بھی مرسل ہے۔ واللہ اعلم!

---

* اسد الغابہ (٦٢٩٦) تجرید (٢٠٧/٢)

Marfat.com

حرف نون

القسم الاوّل ازحرفِ نون

۱۰۶۲۵ ابونافع

نام کسان بن عبداللہ بن طارق ہے۔

۱۰۶۲۶ ابونافع

ان کا نام طارق بن علقمہ ہے، دونوں کا تذکرہ ہو چکا ہے۔

۱۰۶۲۷ ابونائلہ انصاری*

نام سلکان بن سلامہ بن وقش بن زغبہ بن زعوراء بن عبدالاشہل انصاری اوسی اشہلی ہے۔ سلمہ ابن سلامہ بن وقش کے بھائی ہیں۔ بقول بعض: ان کا نام سعد ہے کسی کا قول ہے سعد ان کے بھائی ہیں۔ ایک قول ہے: سلکان ان کا لقب ہے، نام سعد ہے، کنیت سے مشہور ہیں۔ صحیح میں کعب بن اشرف کے قتل کے واقعہ میں ان کا ذکر ثابت ہے۔ غزوۂ اُحد وغیرہ میں شریک ہوئے، شاعر اور معروف تیر اندازوں میں شمار ہوتے تھے، سراج اپنی تاریخ میں بطریق عبدالمجید اپنے والد سے بحوالہ اپنے دادا روایت کرتے ہیں کہ کعب بن اشرف یہودی شعر کہتا تھا اور لوگوں کو نبی ﷺ کی مدد سے روکتا تھا اور یہ زہرہ لوگوں میں سے عرب کے قبائل غطفان میں پھیلاتا تھا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مجھے ابن اشرف کے شر سے کون بچائے گا''۔ تو محمد بن مسلمہ حارثی پکار اٹھے یا رسول اللہ! کیا آپ پسند کریں گے کہ میں اسے قتل کروں؟ آپ خاموش رہے۔ پھر محمد بن سعد بن عبادہ نے گفتگو کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کی برکت سے روانہ ہو جاؤ اور اپنے ساتھ اپنے چچا زاد بھائی حارث بن اوس بن معاذ، ابوعبس بن جبر، عباد بن بشر ابونائلہ سلکان بن وقش اشہلی کو بھی لے جانا''۔

فرماتے ہیں: میں ان کے پاس پہنچا انہیں بتایا تو سوائے سلکان بن وقش کے سب تیار ہو گئے وہ کہنے لگا: میں جب تک رسول اللہ ﷺ سے مشورہ نہ کرلوں ایسا کرنا نہیں چاہتا۔ آپ ﷺ سے اس کا ذکر کیا، آپ نے فرمایا: ''اپنے ساتھیوں کے ساتھ روانہ ہو جاؤ''۔ فرماتے ہیں: ہم وہاں سے نکلے، پھر اس کے قتل کا واقعہ نقل کیا جس کے متعلق عباد بن بشر نے یہ اشعار کہے تھے: ع

''میں نے اسے پکارا تو اس نے میری آواز کی طرف توجہ نہ دی اور بالا خانے سے جھانک کر دیکھا، میں نے پھر آواز دی تو اس نے کہا: کون آواز دے رہا ہے؟ میں نے کہا: تیرا بھائی عباد بن بشر ہوں۔ یہ ہماری زرہیں

* اسد الغابہ (٦٢٩٨) استیعاب (٣٢٤١) تجرید (٢٠٧/٢)

Marfat.com

اپنے پاس رہن رکھ لو جس کی ادائیگی میں مہینہ یا ڈیڑھ مہینہ لگے گا تو وہ ہماری طرف دوڑتا ہوا آیا کہنے لگا: شاید تم لوگ کسی کام سے آئے ہو؟ ابوعبس بن جبر نے اپنی تلوار سونت کر اس پر وار کیا اور اسے دولخت کر دیا۔ ہم پانچ تھے، اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ چھٹے تھے پھر ہم بھرپور نعمت اور غلبہ سے واپس ہوئے۔ معزز جماعت اس کا سر لے کر آئی وہ سچے اور نیکوکار کافی ہیں''۔

یہ روایت حاکم نے بواسطہ سراج بحوالہ محمد بن عباد، محمد بن طلحہ سے بحوالہ عبدالمجید نقل کی ہے۔ فرماتے ہیں: اسے ابراہیم بن المنذر نے محمد بن طلحہ سے نقل کیا تو فرمایا: **عن عبدالمجید عن محمد بن ابی عبس عن ابیه عن جده**، فرماتے ہیں: پہلی سند صحیح ہے۔

۱۰۶۲۸ ابونبقه بن عبدالمطلب ✿

ابن عبد مناف المطلبی۔ فتح مکہ کے مسلمانوں میں سے ہیں۔ بقول ابوعمر: ''کسی نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے جبکہ میرے نزدیک یہ نامعلوم ہیں''۔ طبری نے ان کا ذکر کیا ہے، ابن اسحاق کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں خیبر سے پچاس وسق کھجوریں کھانے کے لیے دی تھیں۔ یہی بات مستغفری نے ابن اسحاق تک کی سند سے نقل کی ہے ابوموسیٰ نے ذیل میں ان کا اتباع کیا ہے یہی بات نسب قریش کے سب سے بڑے عالم زبیر بن بکار نے کی ہے، وہ فرماتے ہیں: علقمہ بن المطلب کے ہاں ابونبقہ پیدا ہوئے ان کا نام عبداللہ تھا والدہ کا نام ام عمرو خزاعیہ تھا۔ ان کے بیٹے علاء و ہذیم دونوں یمامہ میں شہید ہوئے، دونوں کی نسل نہ رہی۔ ابوالولید فرضی کا قول ہے: محمد بن علاء بن حمسین بن ابی نبقہ نبقی مکی انہی کی اولاد سے ہیں۔

ابن الاثیر ✿ فرماتے ہیں: اس سب سے معلوم ہوا کہ یہ اپنی ذات اور نسب میں مجہول و نامعلوم نہیں (جیسا کہ ابوعمر نے آغاز میں کہا تھا)۔

۱۰۶۲۹ ابوالنجم ✿ (بے نسبت)

ابونعیم نے ان کا ذکر کیا ہے کہ حسین بن سفیان نے ان کا ذکر کیا ہے، ان کی حدیث ابن لہیعہ نے کعب بن علقمہ سے انہوں نے ابونجم کو فرماتے سنا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: ''بنی امیہ میں چپٹی ناک والا ایک شخص ہوگا''۔ ✿ ابوموسیٰ نے اسی کے ساتھ اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۶۳۰ ابونجیح

عمرو بن عبسہ السلمی، ناموں میں ذکر ہوا ہے۔

✿ اسد الغابہ (۶۲۹۹) استیعاب (۳۳۴۲) تجرید (۲۰۷/۲) ✿ اسد الغابہ (۱۱۴/۵)

✿ اسد الغابہ (۶۳۰۰) تجرید (۲۰۸/۲) ✿ جامع المسانید (۶۹۹/۱۴) اسد الغابہ (۱۱۵/۵)

Marfat.com

۱۰۶۳۱ ابونجیح عبسی

ابن مندہ نے ان کا تذکرہ کیا ہے۔

میں کہتا ہوں: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے الکنی المجردہ میں ان کا ذکر کیا ہے اور انہیں عمرو بن عبسہ سے الگ ذکر کیا ہے، لیکن کہا: عبسی، فرماتے ہیں ربیعہ بن لقیط بواسطہ ایک شخص کے بحوالہ ان کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے اسے الحاکم نے نقل کیا ہے اور اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ یہ عمرو بن عبسہ ہیں۔ قسم رابع میں میں اس کی وضاحت کروں گا۔

۱۰۶۳۲ ابونجیح السلمی *

ابن جریج ان کی حدیث نقل کرتے ہیں، یہ ابونعیم کا قول ہے پھر بطریق عبدالرزاق ابن جریج سے کہ مجھے ابوالمغلس نے بیان کیا کہ ابونجیح نے انہیں بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مالدار ہوتے ہوئے جس نے نکاح نہ کیا میرا اس سے کوئی تعلق نہیں''۔ * دوسری روایت ہے: ''وہ شخص انتہائی لاچار و مسکین ہے جس کے گھر بیوی نہ ہو''۔ * ابن الاثیر * فرماتے ہیں: یہ عمرو بن عبسہ ہیں کیونکہ وہ سلمی ہیں اور نکاح کے بارے میں ان کی حدیث مشہور ہے۔ ذہبی * لکھتے ہیں: نہیں بلکہ یہ عرباض بن ساریہ ہیں۔

میں کہتا ہوں: اس پر ابواحمد الحاکم نے اعتماد کیا ہے اور بغوی نے یقین سے لکھا ہے یہ سلیمی نہیں، فرماتے ہیں: ان کے صحابی ہونے میں شک ہے۔

۱۰۶۳۳ ابونجیح

العرباض بن ساریہ سلمی۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے شامی سند بحوالہ عرباض بن ساریہ روایت کی ہے، فرمایا: ''اگر یہ خدشہ نہ ہوتا کہ لوگ ابونجیح کے کام سے علیحدہ ہو جائیں گے تو میں اپنا مال اس کے راستوں میں پہنچا دیتا''۔

۱۰۶۳۴ ابونجیح عبداللہ کے والد، نام یسار ہے۔

۱۰۶۳۵ ابونجید (تصغیر) عمران بن حصین دونوں کا ذکر ہوا ہے۔

۱۰۶۳۶ ابوبجیلہ *

دارقطنی وغیرہ کے ہاں ایسا ہی لکھا ہے، میں ابواحمد کے الکنیٰ والے معتبر نسخہ میں بجیلہ لکھا دیکھا ہے، عبدالغنی نے تصغیر اور حاء

---

* اسد الغابہ (٦٣٠١) تجرید (٢٠٨/٢)

* المصنف لعبدالرزاق (١٠٣٧٦) المعجم الکبیر (٩٢٠/٢٢) مجمع الزوائد (٢٥٢/٤) جامع المسانید (٧٠٠/١٤) الکنی للدولابی (٥٨/١)

* جامع المسانید (٧٠١/١٤) اسد الغابہ (١١٣/٥) * اسد الغابہ (١١٥/٥)

* تجرید (١٧١) * اسد الغابہ (٦٣٠٤)

Marfat.com

سے لکھا ہے حاء پر ابراہیم حربی نے اعتماد کیا ہے یہ اضافہ کیا ہے کہ یہ بجیلہ کے نیک آدمی تھے، اسے دارقطنی نے نقل کیا ہے اور علی بن مدینی سے مروی ہے کہ سفیان بن عیینہ کا قول ہے کہ ابونخیلہ صحابی ہیں، یہ بجلی ہیں۔ دارقطنی وغیرہ نے ان کا ذکر کیا ہے۔ ابن المدینی، بخاری ابواحمد الحاکم کا قول ہے: صحابی ہیں، ان کی حدیث ثوری، منصور سے بواسطہ ابووائل بحوالہ ابونخیلہ جو اصحاب نبی ﷺ میں سے ایک ہیں روایت کرتے ہیں کہ ان کے تیر لگ گیا کسی نے کہا نکلوالیں، انہوں نے فرمایا: اے اللہ! دردکم کر دے اور اجر کم نہ فرما، کسی نے کہا: اللہ تعالیٰ سے دعا کریں، انہوں نے کہا: اے اللہ! مجھے مقربین میں شامل فرما اور میری والدہ کو حورعین بنادے۔ ❁1

ابن مندہ کی کتاب میں ہمیں یہ روایت عالی سند سے پہنچی ہے لیکن انہوں نے اس کے آغاز میں فرمایا: وہ جہاد میں نکلے انہیں پتھر لگ گیا تو انہوں نے دعا کی: ''اے اللہ! دردکم فرما''۔ باقی الفاظ اسی طرح ہیں۔ ابوعمر بحوالہ ابن المدینی لکھتے ہیں: انہیں ابونخیلہ بھی کہا جاتا ہے، جبکہ مشہور ابوبجیلہ ہے، انہیں جریر بجلی سے روایت حاصل ہے۔

میں کہتا ہوں: یہ روایت الادب المفرد للبخاری اور نسائی وغیرہ میں ہے۔ ابوحاتم رازی لکھتے ہیں: یہ صحابی نہیں ہیں۔

۱۰۶۳۷ ابونخیلہ اللھبی ❁ (تصغیر)

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق سلیمان بن داؤد مکی از اہل تبالہ روایت کی ہے کہ عبداللہ بن عقیل بن یزید بن راشد بحوالہ اپنے والد روایت کرتے ہیں۔ ہم لوگ مسلم بن حذیفہ عامری کے پاس گئے، انہوں نے فرمایا کہ ابورہیمہ سمعی اور ابونخیلہ لہبی نے فرمایا: ہم عقیق کا ٹکڑا لے کر رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے، آپ نے ہمارے لیے تحریر لکھوائی۔ اس میں ہے جسے کوئی چیز ملے وہ اس کی کانوں میں خمس (پانچواں حصہ) ہے اور ہر چالیس دینار میں ایک دینار زکوٰۃ ہے۔ سلیمان فرماتے ہیں: یعنی جسے معادن (کانوں) میں سے کچھ ملے اس میں زکوٰۃ نہیں یہاں تک کہ اس کی مقدار چالیس دینار ❁ تک پہنچ جائے۔ اس کے راویوں میں غیر معروف رجال ہیں۔ البتہ یہ بروایت ابوحاتم رازی عن سلیمان ہے لفظ اللھبی میں نے صریفینی کی کتاب میں لام کے زیر اور ھاء کے سکون سے لکھا دیکھا ہے۔

۱۰۶۳۸ ابونضرہ ❁

بقول ابوعمر: فتح خیبر کے شرکاء میں سے ایک۔ ان کا وہاں ذکر آتا ہے۔ اسی سے میں انہیں جانتا ہوں۔ ابن الاثیر ❁ فرماتے ہیں: جن لوگوں کو رسول اللہ ﷺ نے خیبر کی جاگیر دی ان میں ابن ہشام ❁ نے ابونضرہ کو بھی ذکر کیا ہے۔ میں نہیں جانتا آیا وہ یہی ہیں یا نہیں؟ ابن فتحون اوہام الاستیعاب میں لکھتے ہیں: میں انہیں وہی سمجھتا ہوں۔

❁1 المعجم الکبیر (۹٤٤/۲۲) مجمع الزوائد (۳۹۸/۹) جامع المسانید (۷۰۳/۱٤)

❁ اسد الغابہ (٦۳۰٥) تجرید (۲۰۸/۲) ❁ جامع المسانید (۷۰۳/۱٤)

❁ اسد الغابہ (۷۳۰٦) تجرید (۲۰۸/۲) ❁ اسد الغابہ (۱۱٦/٥)

❁ السیرۃ النبویۃ (۲۷۲/۳)

Marfat.com

۱۰۶۳۹ ابونضرہ

سابقہ شخصیت کے حالات میں ذکر ہوا ہے۔

۱۰۶۴۰ ابونضیرہ

بقول بعض: یہ عبداللہ بن عمرو بن عاص کی کنیت ہے جسے حاکم نے نقل کیا ہے اور ابوعبدالرحمٰن الحبلی تک صحیح سند کے حوالہ سے لکھا ہے، فرماتے ہیں: میں نے عبداللہ بن عمرو سے پوچھا، بقول بعض: ان سے کہا: ابونضیر۔

۱۰۶۴۱ ابونضیر*

ابن التیہان انصاری اوسی، ابوالہیثم کے بھائی۔ ابوعمر نے بحوالہ طبری انہیں شرکاءِ اُحد میں شریک کیا ہے۔

۱۰۶۴۲ ابونعمان

بشیر بن سعد انصاری، ناموں میں ذکر ہوا ہے۔

۱۰۶۴۳ ابونعمان الازدی*

طبرانی کے دادا یہی ایوب بن نعمان کے دادا ہیں۔ بقول بعض: ایوب بن العلاء، حرفِ عین میں ان کا ذکر ہوا، جن لوگوں کی کنیت ابوالعلاء ہے۔ ابوموسیٰ نے بحوالہ طبرانی ان کا ذکر کیا ہے میں نے ابواسحاق صیرفینی کے قلم سے بحوالہ ابونعمان ازدی یہ روایت لکھی دیکھی کہ ایک شخص کسی خاتون کو نکاح کا پیام بھیجا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: اس کا مہر دینا، عرض کی میرے پاس تو کچھ نہیں، آپ نے فرمایا: کیا تم قرآن کی کوئی سورۃ اچھے انداز سے نہیں پڑھ سکتے؟ وہ سورۃ ہی اسے مہر دے دو جو تمہارے بعد کسی کے لیے مہر نہیں ہوگی۔ پھر میں نے ابن السکن کی کتاب میں دیکھا فرمایا: یہ اضافہ صرف اسی روایت میں محفوظ ہے۔

۱۰۶۴۴ ابوالنعمان*

یہ اور ہیں، بے نسبت۔ مطین اور ابن ابی شیبہ نے انہیں صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کیا ہے اور ابونعیم نے دونوں کے حوالہ سے اور ابوموسیٰ نے ان کے اتباع میں روایت کی ہے مسند یحییٰ بن عبید الحمید میں ان کی حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے نفاس والی ایک عورت کا جنازہ پڑھایا جس کا بیٹا زنا سے تھا۔* ابن کلبی نے ان کا نسب انصاری بتایا ہے کہ انہوں نے نبی ﷺ سے روایت کی ہے کہ آپ نے نفاس میں مرنے والی ایک خاتون کا جنازہ پڑھایا جس کے ساتھ اس کا بیٹا بھی تھا، فرماتے ہیں: اسے جابر بن یزید جعفی کے علاوہ کسی نے نہیں روایت کیا ہے اور یہ حدیث صحیح ثابت نہیں۔

---

* اسد الغابہ (۶۳۰۸) تجرید (۲۰۸/۲) * اسد الغابہ (۶۳۰۹) تجرید (۲۰۸/۲)

* اسد الغابہ (۶۳۱۰) تجرید (۲۰۹/۲) * جامع المسانید (۷۰۴/۱۴) اسد الغابہ (۱۱۶/۵)

Marfat.com

۱۰۶۴۵ ابوالنعمان بن ابی النعمان

عبدالرحمٰن بن النعمان انصاری۔ بغوی نے کنیتوں میں ان کا ذکر کیا ہے اور ان کی وہ حدیث ذکر کی ہے جو معبد بن ھوذہ کے حالات میں بیان ہوگی اور اس سے خبردار نہیں کیا کہ ان کا نام معبد ہے۔

۱۰۶۴۶ ابونعیم

محمد بن الربیع انصاری۔ حاکم نے ان کا تذکرہ کیا ہے، پہلے ذکر ہوا ہے۔

۱۰۶۴۷ ابونمر الکنانی ✿

شریک بن عبداللہ بن ابی نمر کے دادا۔ ابن سعد نے مسلمانانِ فتح مکہ میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ذہبی ✿ نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔

میں کہتا ہوں: ابن السکن نے انہیں صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کیا ہے۔ ابن عبدالبر اور ابن فتحون نے انہیں قلم انداز کیا ہے باوجودیکہ وہ دونوں ابن السکن کی کتاب سے بہت مدد لیتے ہیں۔ ابن السکن نے بطریق محمد بن طلحہ تیمی، بحوالہ ابوعمر روایت کی ہے، فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی غزوہ میں روانہ ہوئے۔ آپ کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تھیں عقیق سے گزر ہوا تو آپ نے فرمایا: ''عائشہ! یہ فرودگاہ تھی، اگر یہاں حشرات الارض کی کثرت نہ ہوتی''۔ ابن السکن فرماتے ہیں اس حدیث کے راوی عبدالحکم، شریک بن ابی نمر کے بھتیجے ہیں۔ میں نے عمر بن شبہ کی کتاب اخبار مدینہ میں پڑھا ہے کہ ابونمر بن عویف کا تعلق بنی حارث بن عبدمناۃ بن کنانہ سے تھا وہ مدینہ آئے تو بنی لیث بن بکر کے ہاں ٹھہرے اور بنی اخرم بن لیث میں اپنی حویلی بنائی جو ''دار ابی نمر'' سے مشہور ہوگئی۔

۱۰۶۴۸ ابونملہ انصاری ✿

نام عمار بن معاذ بن زرارہ بن عمرو بن غنم..... انصاری ظفری ہے۔ بدر میں اپنے والد کے ساتھ شریک ہوئے۔ اور بعد کے معرکوں میں شرکت کی۔ عبدالملک بن مروان کی خلافت میں فوت ہوئے۔ واقعۂ حرہ کے روز ان کے دو بیٹے شہید ہوئے۔ عبداللہ اور محمد، ابن شہاب سے ان کی حدیث اہل کتاب کے بارے میں بروایت نملہ بن ابی نملہ بحوالہ ان کے والد مروی ہے۔ ابن عبدالبر نے ان کا اتنا ہی ذکر کیا ہے اور ابوعلی بن السکن نے اس سے زیادہ بیان کرنے میں سبقت کی اور ابواحمد نے یہ اضافہ نقل کیا ہے۔ ان کا ابوذر کنیت کا ایک بھائی تھا دونوں کی والدہ ام زرارہ بنت حارث ہیں۔ ابوبشر دولابی کا قول ہے: وہ عمارہ بن معاذ ہیں۔ جبکہ ابن البرقی لکھتی ہیں: وہ معاذ بن زرارہ ہیں، ابن مندہ فرماتے ہیں: ابونملہ انصاری صحابی ہیں پھر ان کی حدیث عالی سند سے بروایت معمر و یونس، زہری سے بواسطہ ابونملہ بحوالہ ان کے والد نقل کی ہے کہ وہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے کہ ایک جنازہ گزرا، ایک یہودی آپ علیہ السلام سے کہنے لگا: محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا یہ جنازہ بولتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں۔ وہ یہودی کہنے لگا: بولتا ہے، آپ علیہ السلام نے فرمایا: ''یہودی تم سے جو بات بیان کریں نہ اس کی تصدیق کرو اور نہ تکذیب کرو''۔

✿ تجرید (۲۰۸/۲) ✿ تجرید (۱۷۲) ✿ اسد الغابہ (۶۳۱۱) تجرید (۲۰۹/۲)

Marfat.com

یہی روایت ابن السکن اور حارث بن ابی اسامہ نے بطریق یونس نقل کی ہے جس میں یہ اضافہ ہے: تم لوگ یوں کہو! آمَنَّا بِاللّٰهِ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ۔ اگر وہ سچی بات ہوئی تو تم نے اس کی تکذیب نہیں کی اور اگر جھوٹ ہوا تو تم نے اس کی تصدیق نہیں کی۔ ان کی حدیث ابوداؤد نے روایت کی ہے۔ بغوی لکھتے ہیں: ابونملہ مدینہ کے باسی تھے، پھر ان کی حدیث نقل کی، مجھے نملہ بن ابی نملہ کی بحوالہ ان کے والد ایک اور حدیث مل گئی ہے جسے ابوسعد اور ابونعیم نے ''دلائل النبوۃ'' میں بطریق محمد بن صالح نقل کیا ہے۔ فرمایا: بنی قریظہ کے یہودی رسول اللہ ﷺ کا ذکر اپنی کتابوں میں پڑھتے اور بچوں کو آپ ﷺ کی نشانی سکھاتے۔ آپ ﷺ کا نام اور ہماری طرف آپ کی ہجرت کا بتاتے لیکن جب آپ ﷺ مبعوث ہوئے تو آپ سے حسد کر کے باغی ہو گئے، کہنے لگے: یہ وہ نہیں ہیں۔

۱۰۶۴۹ ابونملہ (دوسرے)

دولابی نے ان کا ذکر کیا ہے کہ یہ انصاری کے علاوہ اور صاحب ہیں۔

۱۰۶۵۰ ابونهيك انصاری اشهلی *

ابوعمر نے ان کا ذکر کیا ہے کہ مجھے ان کا کوئی حال اور روایت معلوم نہیں۔ اتنی بات ہے کہ سیدنا ابوبکر الصدیق نے انہیں سلمہ بن سلامہ بن وقش کے ساتھ خالد بن ولید کی طرف یہ پیام دے کر بھیجا تھا کہ بنی حنیفہ میں سے جس کی داڑھی مونچھ آ گئی ہے اسے قتل کر دو جب یہ دونوں پہنچے تو انہوں نے مجاعہ بن مرارہ * سے صلح کر لی تھی۔

۱۰۶۵۱ ابونیرز

ذہبی نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے کہ بقول بعض: یہ نجاشی کے بیٹے ہیں آ کر اسلام قبول کیا اور نبی ﷺ کی مہمات میں آپ کے ساتھ تھے۔

میں کہتا ہوں: میں نے مبرد کی الکامل میں ان کا واقعہ پڑھا ہے کہ ابونیرز کسی عجمی بادشاہ کے بیٹے تھے، بچپن میں اسلام کی محبت دل میں جاگزیں ہو گئی۔ نبی ﷺ کے پاس آ کر مسلمان ہو گئے مہمات میں آپ کے ساتھ رہتے۔ پھر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں پھر ان کے بیٹے کے ساتھ رہتے تھے۔ بقیع میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی جو دو جائیدادیں تھیں ان کے نگران تھے۔ ان میں سے ایک کا نام بغیغہ اور دوسری کا عین ابی نیرز تھا، پھر ذکر کیا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ان کے ہاں آئے تو انہیں کدو کا سالن کھلایا جو انہوں نے پگھلی ہوئی چربی کے ساتھ ان کے لیے تیار کیا تھا۔ آپ نے وہ سالن کھایا اور پانی پیا۔ اس کے بعد ان کا واقعہ ذکر کیا۔ یہ کہ آپ نے دونوں زمینوں کو حبس کرنے کا حکم لکھا پھر ان کے شرائط ذکر کیں۔ ان میں سے ایک شرط یہ تھی آپ نے وہ جگہیں مدینہ کے فقراء اور مسافروں کے لیے وقف کر دی ہیں۔ البتہ اگر حسنین کو ان کی ضرورت پڑے تو ان دونوں کو اجازت ہے۔ اس واقعہ کے آخر میں ہے کہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو اپنے قرض کی ادائیگی کے لیے اس کی ضرورت پڑ گئی امیر معاویہ کو معلوم ہوا تو انہوں نے انہیں عیسیٰ ابی نیرز کے عوض ایک لاکھ دینا چاہے تو آپ نے اسے بیچنے سے انکار کر دیا، اور اس کا وقف رہنا بدستور جاری رکھا۔

* اسد الغابہ (٦٣١٢) استیعاب (٣٢٤٨) تجرید (٢٠٩/٢). * اسد الغابہ (١١٧/٥)

Marfat.com

القسم الثانی ازحرفِ نون - اس میں کسی کا تذکرہ نہیں۔

القسم الثالث ازحرفِ نون

۱۰۶۵۲ ابونجیح مکی

عبداللہ بن ابی نجیح کے والد، ان کا نام یسار ہے، پہلے تذکرہ ہو چکا ہے۔

۱۰۶۵۳ ابوالنعمان حجر بن عمرو۔

۱۰۶۵۴ ابوالنعمان (بے نسبت)

دورِ نبوی پایا ہے، ثور بحوالہ خالد بن معدان روایت کرتے ہیں کہ ابونعمان نے ان سے بیان کیا کہ میں نے خلافتِ فاروقی میں حج کیا پھر ایک واقعہ ذکر کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے اتباع میں حاکم نے ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۶۵۵ ابونخیلہ العکلی

دورِ نبوی پایا ہے، الآمدی نے شعراء میں ان کا ذکر کیا ہے اور ان کے وہ اشعار نقل کیے ہیں جن میں سجاح مدعیۂ نبوت کی ہجو و برائی ہے۔ پھر مسیلمہ کذاب نے اسے دھوکے سے بیاہ لیا اور اس نے اپنا سب کچھ اس کے حوالے کر دیا تھا۔

۱۰۶۵۶ ابونمر بن عویف

ابونمر جو شریک بن عبداللہ بن ابی نمر کے دادا ہیں ان کے حالات میں ذکر ہوا ہے۔

القسم الرابع ازحرفِ نون

۱۰۶۵۷ ابونجیح العبسی*

ابوعمر نے ان کا ذکر کیا ہے کہ نکاح کے بارے میں ان کی ایک حدیث ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ "الکنی المجردۃ" میں ان کا ذکر کیا ہے، یہ محدثین کے نزدیک عمرو بن عبسہ ہیں۔

میں کہتا ہوں: انہوں نے حاکم کی بات سے ان کا مختصر ذکر کیا ہے جس میں "ان کی ایک حدیث" کا ذکر نہیں۔ ان کے الفاظ یہ ہیں: ابونجیح عبسی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں، ربیعہ بن لقیط بواسطہ ایک شخص ابونجیح کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں۔ پھر امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی سند سے لکھتے ہیں کہ انہوں نے کنیتوں میں ایسا ہی ذکر کیا ہے۔ ابواحمد حاکم فرماتے ہیں: یہ عمرو بن عبسہ کی کنیت

* اسد الغابہ (۶۳۰۲) تجرید (۲۰۸/۲)

Marfat.com

ہے۔ جیسا کہ یہ روایت یزید بن ابی حبیب تک کی سند سے نقل کی ہے۔ ادھر انہوں نے عمرو بن عبسہ کے حالات میں بطریق ابن لہیعہ، یزید بن ابی حبیب، ربیعہ بن لقیط ان کے سلسلۂ سند سے بحوالہ قیس کے ایک شخص جنہیں ابونجیح کہا جاتا تھا، روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں سب سے بہترین قبیلہ نہ بتاؤں؟ ہم نے عرض کی: اللہ کے رسول ﷺ! ضرور! آپ ﷺ نے فرمایا: ''سکون جس کا تعلق کندہ سے ہے''۔ (حدیث)

ابن لہیعہ فرماتے ہیں: میں نے یہ حدیث ثور بن یزید سے بیان کی تو انہوں نے کہا: ابونجیح عمرو بن عبسہ صحابیٔ رسول اللہ ﷺ ہیں، اسی پہ ابواحمد الحاکم کا اعتماد ہے جس کا احتمال ہے یہ بھی احتمال ہے کہ کوئی اور ہوں کیونکہ اس روایت کا یزید بن ابی حبیب سے ہونے کی وجہ سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ ابونجیح عبسی عمرو بن عبسہ ہی ہوں۔ کیونکہ حدیث میں اس بات کی صراحت ہے کہ وہ قیس کے شخص تھے، اور ابن مندہ نے بھی ان کا یہی عنوان قائم کیا ہے۔ لکھتے ہیں: ابونجیح قیسی کی حدیث ربیعہ بن لقیط نے بواسطہ ایک شخص بحوالہ ان کے روایت کی ہے جو ثابت نہیں۔ ابوعمر پہ اعتراض ہوتا ہے جو انہوں نے کہا کہ ''ان کی نکاح کے بارے میں ایک حدیث ہے''۔ جو بروایت یزید بحوالہ ربیعہ ہے اس لیے کہ جو حدیث نکاح کے بارے میں ابونجیح سے مروی ہے وہ بروایت یزید عن ربیعہ نہیں جیسا کہ میں قسم اوّل میں بیان کر چکا ہوں۔ اور یہ بھی بیان ہوا ہے کہ حاکم کا قول ہے: ''عرباض بن ساریہ''۔ لہٰذا احتمال ہے جیسے یہاں احتمال ہے کہ یہ عمرو بن عبسہ کے علاوہ کوئی صاحب ہوں۔ لیکن ثور کی گواہی اس بات کا تقاضا کرتی ہے: ''یہ وہی ہیں'' کہ انہی کی طرف رجوع کیا ہے۔ ادھر ابن الاثیر نے ان کے ''عبسی'' کہنے پر اشکال [1] کیا ہے، کیونکہ عمرو بن عبسہ سلمی ہیں اور ابن مندہ کے قول ''قیسی ہیں'' کو درست قرار دیا ہے، کیونکہ سلیم کا تعلق قیس سے ہے، بات یہی ہے۔ لیکن احتمال ہے کہ راوی نے انہیں ان کے والد عبسہ کی جانب منسوب کر دیا ہو اور یوں..... اصل کتاب میں بیاض ہے۔ [2]

۱۰۶۵۸ ابونصر ھلالی

کسی حدیث کی مرسل روایت کی ہے۔ نسائی میں قتادہ کی ان سے روایت موجود ہے کہ انہوں نے مرسل روایت کی ہے جس کی وجہ سے کسی نے انہیں صحابہ رضی اللہ عنہم میں ذکر کر دیا ہے۔ ابن مندہ فرماتے ہیں: ان کا نام مشہور نہیں۔

میں کہتا ہوں: میرے خیال میں یہ حمید بن ہلال ہیں۔

۱۰۶۵۹ ابونصر سلمی [3]

معافی بن عمران ظہری نے مالک بن انس سے ان کی حدیث نقل کی ہے ان کی حدیث میں ہے ''عن ابی نضر'' جبکہ درست ابن النضر ہے۔ مؤطا میں بھی ایسا ہی لکھا ہے۔ ابن مندہ نے اور ابونعیم نے ان کی پیروی میں ان کا ایسا ہی تذکرہ کیا ہے۔ ابن الاثیر [4] لکھتے ہیں: یہی روایت ابن ابی عاصم نے عن یعقوب بن حمید عن عبداللہ بن نافع عن مالک عن عبداللہ بن ابی بکر عن ابی نضر، ان لوگوں کے بارے میں نقل کی ہے جن کے تین بچے فوت ہو گئے ہوں۔ یعنی معافی منفرد نہیں اور یہ ابونضر [5] وہی ہیں۔

---

[1] اسد الغابہ (۱۱۵/۵) [2] نسخہ میں بیاض ہے۔ [3] اسد الغابہ (۶۳۰۷) تجرید (۲۰۸/۲)
[4] اسد الغابہ (۱۱۶/۵) [5] نسخہ میں بیاض ہے۔

Marfat.com

حرف الهاء

القسم الاوّل ازحرف ہاء

۱۰۶۶۰ ابوهارون*

کلاب بن امیہ لیثی، ناموں میں ذکر ہوا ہے۔

۱۰۶۶۱ ابوهاشم

بن عتبہ بن ربیعہ بن عبد شمس قرشی۔ ابوسفیان عبشمی کنیت تھی۔ ابوحذیفہ بن عتبہ کے باپ شریک اور مصعب بن عمیر عبدری کے ماں شریک بھائی ہیں۔ دونوں کی والدہ خناس بنت مالک عامریہ ہیں جن کا تعلق قریش سے ہے۔ نام میں اختلاف ہے۔ بقول بعض: مہشم، ایک قول ہے: ''خالد''۔ اسی پر نسائی نے اعتماد کیا ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے ان کی کنیت ہی ان کا نام ہے جس پر ابن ابی شیبہ نے بھروسا کیا ہے۔ کسی نے ہشیم/ ہشام/ شیبہ بھی کہا ہے۔ ابن السکن فرماتے ہیں: فتح مکہ کے روز اسلام لائے اور شام فروکش ہوئے جہاں خلافتِ عثمانی میں فوت ہوئے۔ یہی ابن سعد کا قول ہے، ابن مندہ لکھتے ہیں: ان سے حضرت ابوہریرہ، سمرہ بن سہم، ابووائل نے روایت کی ہے۔ پھر لکھتے ہیں: صحیح یہ ہے کہ ابووائل بواسطہ سمرہ بحوالہ ان کے روایت کرتے ہیں۔

میں کہتا ہوں: ان کی حدیث ترمذی وغیرہ صحیح سند سے بطریق منصور الاعمش بحوالہ ابووائل روایت کرتے ہیں کہ امیر معاویہ ہاشم بن عتبہ کے پاس ان کی عیادت کرنے آئے۔ کہنے لگے: ماموں! آپ کیوں رو رہے ہیں؟ کیا تکلیف کی وجہ سے رو رہے ہیں؟ یا دنیا کی لالچ پر رونا آ رہا ہے؟ فرمایا: ایسی کوئی بات نہیں، رونا اس بات پر آ رہا ہے رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایک وصیت کی تھی میں اس پر عمل نہ کر سکا، آپ ﷺ نے فرمایا تھا: ''تمہارے لیے دنیا میں سے ایک خادم اور ایک سواری کافی نہیں؟'' جبکہ میں دیکھتا ہوں میں نے دنیا جمع کر رکھی ہے۔

اسے بغوی اور ابن السکن نے بطریق مغیرہ، بواسطہ ابووائل بحوالہ سمرہ بن سہم اپنی قوم کے آدمی سے نقل کیا ہے، فرمایا: میں ابوہاشم بن عتبہ بن ربیعہ کے ہاں ٹھہرا تو معاویہ ان کی عیادت کرنے آئے، ابوہاشم رو پڑے۔ پھر اس کا ذکر کیا۔ دنیا کی حرص سے بعد یہ بات مزید نقل کی، دنیا کے اچھے لوگ چل بسے۔ اسی میں ہے، ایک عہد تھا کاش میں اس میں آپ کی پیروی کر سکتا۔ فرمایا شاید تمہیں اتنا مال ملے جو تم لوگوں میں تقسیم کرو جبکہ تمہارے لیے اتنا کافی ہے۔ پھر اس کا ذکر کیا۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے انہی ابوہاشم سے ایک حدیث نقل کی ہے جسے ابوداؤد، نسائی، ترمذی، بغوی اور حاکم نے بطریق کہیں

---

* اسد الغابہ (٦٣١٣) تجرید (٢٠٩/٢)

Marfat.com

بن حرملہ نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ دمشق آئے تو ابوکلثوم دوسی کے ہاں فروکش ہوئے۔ ہم لوگ آپ کے پاس آئے ''درمیانی نماز'' کے بارے میں بات چیت ہوئی جس میں ہمارا اختلاف ہوگیا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرمانے لگے: جس طرح تم لوگوں کا اختلاف ہوا ہے اسی طرح ایک دفعہ ہمارا بھی اختلاف ہوا، اس وقت ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحن میں بیٹھے تھے۔ ہمارے درمیان نیک شخص ابوہاشم بن عتبہ بن ربیعہ تھے وہ کھڑے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچے، وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بولنے کی ہمت کر لیتے تھے۔ وہاں سے واپس ہوئے اور ہمیں بتایا وہ عصر کی نماز ہے۔ ابوحسین رازی کا بیان ہے ان کی حویلی کا احاطہ تانبے کا کام کرنے والوں کے بازار سے * لوہاری بازار تک ہے۔ یعقوب بن سفیان کی روایت ہے: ابوہاشم بن عتبہ بن ربیعہ نے اہل انطاقیہ سے دونوں شہروں کے قبرستان وغیرہ کے بارے ۲۱ھ میں صلح کی۔ ابن البرقی کا قول ہے: جنگ یرموک میں ان کی آنکھ شہید ہوگئی تھی اور خلافتِ معاویہ میں وفات پائی۔ خلیفہ کا بیان ہے: امیر معاویہ نے انہیں جزیرہ کا گورنر بنایا تھا۔ ابوزرعہ دمشقی کا قول ہے: ابومسہر فرماتے ہیں: ان کی وفات بہت پہلے ہو چکی تھی ابوعبداللہ بے نسبت صحابی کے حالات میں ان کا ذکر ہوا ہے۔

۱۰۶۶۲ ابوھالہ تیمی

نباش بن زرارہ۔ حاکم نے بحوالہ یحییٰ بن معین ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۶۶۳ ابوھانئ *

عبدالرحمٰن بن مالک کے دادا۔ ابوعمر نے ان کا ذکر کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، آپ نے سر پر ہاتھ پھیرا اور برکت کی دعا دی۔ اور یزید بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما کے ہاں ٹھہرایا ان کی حدیث ان کا پوتا اپنے والد سے بحوالہ اپنے دادا روایت کرتا ہے۔

۱۰۶۶۴ ابوھبیرہ

عائذ بن عمرو مزنی درخت تلے بیعت کرنے والوں میں سے ہیں۔ ناموں میں تذکرہ ہو چکا ہے۔ ابن المدینی نے ان کی کنیت لکھی ہے اور ابواحمد الحاکم نے ان سے مسنداً یہ بات نقل کی ہے۔

۱۰۶۶۵ ابوھبیرہ بن حارث

بن علقمہ بن عمرو بن کعب بن مالک بن مبذول انصاری خزرجی بخاری۔ * ابن اسحاق نے شہداءِ اُحد میں ان کا ذکر کیا ہے۔ حرفِ الف میں ان کا ذکر ہو چکا ہے کیونکہ واقدی وغیرہ نے انہیں ابواُسیرہ کہا ہے۔ بقول ابوعمر: ابوہبیرہ کا نام ان کی کنیت ہی ہے۔

۱۰۶۶۶ ابوھبیرہ انصاری * (بے نسبت)

ابویعلی نے اپنی مسند میں ان کا ذکر کیا ہے، بطریق مخرمہ بن بکیر بواسطہ ان کے والد بحوالہ سعید بن نافع روایت ہے، فرمایا: مجھے ابوہبیرہ انصاری صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سورج طلوع ہوتے وقت چاشت کی نفل نماز پڑھتے دیکھا تو مجھے ڈانٹا اور منع کر دیا، پھر

---

* الطبقات (۱۲۸/۷) * اسد الغابہ (۶۳/۵) تجرید (۲۰۹/۲)
* السیرۃ النبویۃ (۹۷/۳) * اسد الغابہ (۶۳/۶) تجرید (۲۰۹/۲)

Marfat.com

فرمایا، رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے: ''جب تک سورج بلند نہ ہو جائے نماز نہ پڑھا کرو کیونکہ وہ شیطان کے دو سینگوں میں طلوع ہوتا ہے''۔ [1] ابن الاثیر [2] نے انہیں سابقہ شخصیت سے رَلا ملا دیا ہے۔ اس کے بعد فرمایا: سعید تابعی ہیں، انہوں نے اُحد میں شہید ہونے والے صحابی سے ملاقات نہیں کی، اور اگر یہ اور ہیں ورنہ یہ روایت منقطع ہے۔ اس میں منقطع کا احتمال کیسے ہوسکتا ہے وہ خود صراحت کر رہے ہیں کہ انہوں نے انہیں دیکھا، لہٰذا پہلا احتمال متعین ہوگا۔

۱۰۶۶۷ ابوھدم بن الحضرمی [3]

علاء کے بھائی۔ دارقطنی نے ان کا ذکر کیا ہے، ایسا ہی تجرید میں ہے۔

۱۰۶۶۸ ابوھدمہ انصاری [4]

ابوموسیٰ نے ذیل میں ان کا ذکر کیا ہے کہ مستغفری نے ان کا ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: ان سے ان کا بیٹا محمد حدیث ابن اخی زہری عن عمہ روایت کرتا ہے، ہمارے ہاں حدیث ابوحاتم رازی لکھی ہے۔ مستغفری لکھتے ہیں: یہ بردعی کا قول ہے۔

۱۰۶۶۹ ابوھذیل [5] (بے نسبت)

ان کا بھی ابوموسیٰ نے ذکر کیا ہے کہ ابوبکر بن علی نے ان کا تذکرہ کیا ہے اور بطریق ابواشعث، عبداللہ بن خداش سے بواسطہ اوسط بحوالہ ابوہذیل روایت کی ہے۔ فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''آدمی اپنی قربانی میں سے کھائے''۔ [6]

۱۰۶۷۰ ابوھراسہ

قیس بن عاصم۔ بغوی نے بواسطہ ابن ابی خیثمہ بحوالہ ابن معین ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۶۷۱ ابوھریرہ بن عامر [7] بن عبد ذی الشری

بن طریف بن عتاب بن ابی صعب بن منبہ بن سعد بن ثعلبہ بن سلیم بن فہم بن غنم بن دوس بن عدنان بن عبداللہ بن زہران بن کعب دوسی۔ ابن کلبی اور ان کے متبعین نے آپ کا یہی نام ونسب لکھا ہے اور ابواحمد دمیاطی نے اسے قوی کہا ہے۔ ابن اسحاق کا قول ہے: وہ دوس میں بڑے صاحب مرتبہ تھے۔ دولابی کی روایت ہے کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا نام: عبدنہم بن عامر تھا۔ دوسی اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے حلیف ہیں۔ ابن البرقی نے دوسروں سے مختلف نسب ذکر کیا ہے۔ لکھتے ہیں: ابن عامر بن عبدشمس بن عبدالسالع بن قیس بن مالک بن ذی الاسلم بن الاحمس بن معاویہ بن المسلم بن حارث بن دھمان بن سلم بن فہم بن عامر بن دوس۔ لکھتے ہیں: بقول بعض: یہ ابن عتبہ بن عمرو بن عیسیٰ بن حرب بن سعد بن ثعلبہ بن عمرو بن فہم بن دوس ہیں۔

ابوعلی بن السکن کا قول ہے: ان کے نام میں اختلاف ہے، اہل نسب ان کا نام عمیر بن عامر بتاتے ہیں۔

---

[1] مسند ابی یعلیٰ (۱۷۵۲/۳) [2] اسد الغابہ (۱۱۹/۵) [3] تجرید (۲۰۹/۲)

[4] اسد الغابہ (۶۳۱۷) تجرید (۲۰۹/۲) [5] اسد الغابہ (۶۳۱۸) تجرید (۲۰۹/۲)

[6] المعجم الکبیر (۱۲۷۱۰/۱۲) مجمع الزوائد (۲۵/٤) جامع المسانید والسنن (۷۱۳/۱٤) حلیۃ الأولیاء (۳٦۲/٤) اسد الغابۃ (۱۱۹/۵)

[7] اسد الغابہ (۶۳۱۹) تجرید (۲۰۹/۲)

Marfat.com

ابن اسحاق [1] فرماتے ہیں: مجھے کسی ساتھی نے بحوالہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بتایا: جاہلیت میں میرا نام عبد شمس بن صخر تھ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا نام عبدالرحمٰن رکھا۔ میری کنیت ابو ہریرہ ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ ایک دفعہ مجھے ایک بلی ملی جسے میں
اپنی آستین میں ڈال لیا تو مجھے ابو ہریرہ کہا جانے لگا۔ ایسا ہی حاکم نے ابن اسحاق سے نقل کیا ہے اور ابن مندہ نے اسی سند سے
طویل ذکر کیا ہے۔ ترمذی نے حسن سند سے لکھا ہے عبیداللہ بن ابی رافع فرماتے ہیں: میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھ
آپ کی کنیت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کیوں ہے؟ فرمایا: میں اپنے گھر والوں کی بکریاں چرا رہا تھا۔ میری ایک چھوٹی سی بلی تھی جسے میں
رات کے وقت درخت پر بٹھا دیتا تھا اور دِن کے وقت اپنے ساتھ لے جاتا تھا میں اس سے کھیلتا تھا تو لوگوں نے میری کنیت
ابو ہریرہ رکھ دی۔

صحیح بخاری میں ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں فرمایا: ابوہرّ ! بغوی نے بطریق ابراہیم بن فضل مخزومی جو ضعیف راوی ہے نقل ک
ہے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا جاہلیت میں نام عبد شمس تھا اور کنیت ابوالاسود تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام عبداللہ رکھا اور کنیت ابو ہر
رضی اللہ عنہ رکھی۔ ابن خزیمہ قوی سند سے لکھتے ہیں: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے عبد شمس کا تعلق ازد میں سے دوس سے تھا۔ دولا
حسن سند سے بحوالہ عبید اللہ بن ابی رافع اور مقبری روایت کرتے ہیں۔ دونوں کا قول ہے: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا نام عبد شمس بر
عامر بن عبدالشری تھا۔ شَرَی دوس کے بت کا نام ہے جب اسلام لائے تو ان کا نام عبداللہ بن عامر رکھا گیا۔ عبداللہ بن ادریس
بحوالہ شعبہ روایت کرتے ہیں، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا نام عبد شمس تھا۔ یہی یحییٰ بن معین، احمد بن صالح مصری اور ہارون بن حاتم کا قول
ہے اور یہی ابوزرعہ کا بحوالہ ابومسہر قول ہے۔

ابونعیم فضل بن دکین نے یہی الفاظ اس اضافے کے ساتھ نقل کیے ہیں، بقول بعض: عبد عمرو، دوسری بار لکھتے ہیں
ابو ہریرہ سُکین۔ بقول بعض: عامر بن غنم۔ ایسا ہی اسمٰعیل بن ابی اویس کا قول ہے کہ کہ میں نے اپنے والد کی کتاب میں دیکھا ہے
ابو ہریرہ کا نام عبد شمس تھا اور اسلام میں ان کا نام عبداللہ تھا۔ ابونمیر سے بھی یہی الفاظ مروی ہیں، اور ترمذی نے بخاری سے یہی الفاظ
نقل کیے ہیں۔ صالح بن احمد بن حنبل بحوالہ اپنے والد روایت کرتے ہیں: ابو ہریرہ عبد شمس، بقول بعض: عبد نہم/ عبد غنم/ سکین/ عبداللہ
بن عامر۔ یہ قول بغوی نے بحوالہ صالح نقل کیا ہے اور ایسا ہی احوص بن مفضل علائی نے اپنے والد سے اور یعقوب بن سفیان نے
اپنی تاریخ میں لکھا ہے۔ ابن ابی شیبہ نے یہی الفاظ اس اضافے کے ساتھ نقل کیے ہیں۔ بقول بعض: عبدالرحمٰن بن صخر۔ بغوی
عبداللہ بن احمد سے روایت کرتے ہیں، فرمایا: میں نے اپنے ایک عمر رسیدہ بزرگ سے سنا: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا نام سکین بن دُومَہ تھا، یہ
قول حسن بن سفیان اپنی سند سے بحوالہ ابوعمر ضریر اس اضافے کے ساتھ نقل کیا ہے، بقول بعض: عبد عمرو بن غنم۔

عمرو بن علی فلاس، سفیان بن حسن سے بواسطہ زہری بحوالہ مُحرِز بن ابی ہریرہ روایت کرتے ہیں: میرے والد کا نام عبد عمرو
بن عبد غنم تھا، یہی قول اسلم بن سہل نے اپنی تاریخ میں اور بغوی نے مقدمی سے انہوں نے بحوالہ اپنے چچا سفیان سے ان الفاظ میں
نقل کیا ہے: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا نام عبدالرحمٰن بن غنم تھا۔ ایسا ہی بغوی سے عیسیٰ بن علی کی روایت میں ہے۔ ابن ابی الدنیا نے بطریق
مقدمی عمرو بن علی کے قول جیسا قول نقل کیا ہے ذہلیات میں عمرو بن بکار سے بحوالہ عمرو بن علی مقدسی ایسا ہی لکھا ہے۔

[1] السیرۃ والمغازی (۲۸۶)

Marfat.com

بقول ابن خزیمہ ذہلی نے فرمایا: ہمارے ہاں قلب (تبدیلی) کی یہ سب سے واضح مثال ہے۔

ابن خزیمہ کا قول ہے: ابوسلمہ سے محمد بن عمرو کی سند سفیان بن حسین کی زہری سے بحوالہ محرز والی سند سے زیادہ حسن ہے البتہ یہ ہوسکتا ہے کہ اسلام سے قبل ان کے دو نام تھے۔ جہاں تک اسلام لانے کے بعد کی بات ہے تو میرے خیال میں ان کا نام نہیں چلا۔

میں کہتا ہوں: انہوں نے اس بات کا انکار کیا ہے کہ نبی ﷺ نے ان کا نام تبدیل کیا تھا اور عبدالرحمٰن رکھا تھا۔ جیسا کہ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے ابوعبیدہ الحداد سے نقل کیا ہے اور ابومحمد بن زید اصمعی سے روایت کرتے ہیں کہ ان کا نام عبدعمرو بن عبدغنم تھا۔ بقول بعض: عمرو بن غنم، پہلے پر نسائی نے اعتماد ظاہر کیا ہے۔ بغوی کا قول ہے: ہمیں ابواسمٰعیل المؤدب نے بتایا کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا نام عبدالرحمٰن بن صخر تھا۔

میں کہتا ہوں: ابواسمٰعیل عجیب وغریب باتیں نقل کرتا ہے۔ باوجودیکہ ان کی یہ بات کہ ان کا نام عبدالرحمٰن بن صخر تھا، اس میں احتمال ہے کہ یہ ابوصالح یا بعد کے کسی آدمی کا قول ہو اور زیادہ قرین قیاس ہے کہ ابواسمٰعیل کا ہی قول ہو جو اس میں منفرد ہے اور محفوظ محمد بن اسحاق کا قول ہے۔ ابونعیم بطریق اسحاق بن راہویہ روایت کرتے ہیں کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے نام میں اختلاف ہے۔ سکین بن مَلّ/ ابی ھانی/ عامر بن عبدشمس/ ابن عبدنہم۔ عبداس دُوری بحوالہ ابوبکر بن ابی الاسود: سکین بن جابر نقل کرتے ہیں۔ حاکم صحیح سند کے ذریعہ بحوالہ صالح بن کیسان روایت کرتے ہیں ان کا نام عامر تھا اور ہیثم بن عدی بحوالہ ابن عباس المسوق یہ اضافہ نقل کرتے ہیں۔ ابن عبدشمس بن عبدغنم بن عبدذی الشری۔ ابومسہر بحوالہ سعید بن عبدالعزیز: عامر بن عبدشمس۔ بقول بعض: عبدغنم اور سکین بن عامر نقل کرتے ہیں۔

خلفیہ فرماتے ہیں، ان کے نام میں اختلاف ہے: عمیر بن عامر/ سکین بن دومہ/ عبدعمرو بن عبدغنم/ عبداللہ بن عامر/ بریر/ یزید بن عِشرقہ۔ فلاس کا قول ہے: ان کے نام میں اختلاف ہے، صحیح یہ ہے کہ ان کا نام عبدعمرو بن غنم، بقول بعض: سکین ہے۔ بغوی فرماتے ہیں: ہمیں محمد بن حمید نے ابونمیلہ سے بحوالہ محمد بن عبیداللہ بتایا ان کا نام سعد بن حارث تھا۔ بغوی فرماتے ہیں: مجھے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ان کا نام عبد یالیل تھا۔ ابن سعد [1] بحوالہ واقدی: عبدشمس اور اسلام میں عبداللہ نقل کرتے ہیں اور ہیثم سے یہی الفاظ منقول ہیں۔ بغوی نے یہ اضافہ نقل کیا ہے ان کا نام عبداللہ بن عائذ تھا ابن البرقی کا قول ہے: عبدالرحمٰن نام تھا، بقول بعض: عبدشمس/ عبدغنم/ عبداللہ/ بلکہ عبدنہم ایک قول عبدتیم ہے۔ ابن مندہ ان کے ناموں میں عبد بغیر اضافت اور ان کے والد کا نام عبدغنم لکھتے ہیں ابونعیم اسے عبدالعزی اور سکن روایت کرتے ہیں۔ نووی اپنی کسی کتاب میں لکھتے ہیں: ابوہریرہ کا نام عبدالرحمٰن بن صخر تیس اقوال میں سے سب سے زیادہ صحیح قول ہے۔ (یہ قول ریاض الصالحین میں ہے۔ [از عامر تقی ندوی])

قطب حلبی کا قول ہے: ان کے اور ان کے والد کے نام میں چوالیس (۴۴) اقوال ہیں جو حاکم کی ''الکنٰی'' استیعاب اور تاریخ ابن عساکر میں مذکور ہیں۔

---

[1] الطبقات الکبریٰ (۵۲/٤)

Marfat.com

میں کہتا ہوں: اکثر اقوال کی وجہ یہ ہے کہ صرف ان کے نام میں دس (۱۰) اقوال ہیں اور ان کے والد کے نام میں بھی تقریباً اتنے ہیں۔ لیکن یہ سارے منقول نہیں۔ لہٰذا صرف ان کے نام میں اقوال کا مجموعہ بیس (۲۰) ہے۔ عبدشمس/ عبدنہم/ عبدتیم/ عبدغنم/ عبدالعزی/ عبدیالیل جو اسلام لانے کے بعد باقی نہ رہے جیسا کہ ابن خزیمہ نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے۔

بقول عبید بغیر اضافت ہے۔ عبیداللہ اضافت کے ساتھ، سکین تصغیر ہے اور سَکَن دو زبروں سے ہے۔ عمرو، عمیر، عامر، بریر، برّ، یزید، سعد، سعید، عبداللہ، عبدالرحمٰن، ان سب کا جاہلیت و اسلام میں احتمال ہے۔ صرف آخری نام یقیناً اسلامی ہیں۔ ان کے والد کے نام میں پندرہ اقوال ہیں: عائذ، عامر، عمرو، عمیر، غنم، دومہ، ھانی، ملّ، عبدنُہم، غنم، عبدشمس، عبدعمرو، حارث، عِشْرِقہ، صخر۔ یہ مطلب ہوا جس نے کہا ہے کہ ان کے اور ان کے والد کے نام میں تیس سے زائد مختلف اقوال ہیں، البتہ ترکیب کی صورت میں ممکن ہے پھر تو اس سے بھی زیادہ ہو جائیں جو انیس (۱۹) کو تیرہ (۱۳) سے ضرب دینے سے تقریباً دو سو اقوال بن جاتے ہیں۔ اور اگر صراحت کی جائے تو بیس (۲۰) سے زیادہ نہیں۔ کیونکہ ان کا ایک نام آباء و اجداد کے بین یا چار ناموں سے مرکب ہوتا ہے۔ اور پھر انہیں شمار کیا جاتا ہے۔ ترکیب کے ساتھ فرق سے بچنے کے لیے خصوصاً ان کے نام کو الگ کیا جاتا ہے۔ تو وہ انیس (۱۹) بنتے ہیں جن میں سے بعض غلط لکھے ہیں بعض میں غلطی واقع ہوئی ہے جیسے برّ اور بریر اور یزید جو صرف عشرقہ کے ساتھ استعمال ہوئے ہیں۔ بظاہر کسی راوی کی تبدیلی ہے اسی طرح سکن اور سکین اور سعد و سعید دونوں ایک ہیں جو حارث کے ساتھ ہیں ان کے بعض نام ان کے والد کے نام سے بدل گئے ہیں جیسے پہلے بیان ہوا ہے۔ عبدعمرو بن عبدغنم، عبدغنم بن عبدعمرو۔ غور کیا جائے تو یہ اقوال تیرہ سے زیادہ نہیں۔ صحیح نقل کے لحاظ ہیں تین ہیں: عمیر، عبداللہ اور عبدالرحمٰن پہلے دونوں کا جاہلیت و اسلام میں احتمال ہے جبکہ عبدالرحمٰن خالص اسلامی نام ہے۔

ابن ابی داؤد کا قول ہے: میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی سندیں جمع کر رہا تھا تو مجھے خواب میں ان کی زیارت ہوئی میں اس وقت اصبہان میں تھا، انہوں نے مجھ سے فرمایا: ''میں دنیا میں پہلا حدیث والا انسان ہوں''۔ محدثین کا اتفاق ہے کہ ان کی احادیث سب سے زیادہ ہیں۔ ابومحمد بن حزم کا قول ہے کہ مسند بقی بن مخلد حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی پانچ ہزار تین سو (۵۳۰۰) احادیث پر مشتمل ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث، ابوبکر، عمر فضل بن عباس، ابی بن کعب، اسامہ بن زید، عائشہ، بصرہ غفاری، کعب احبار سے بھی مروی ہے۔ ان سے ان کا بیٹا محرز اور صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ابن عمر، ابن عباس، جابر، ان، واثلہ بن اسقع اور اکابر تابعین میں سے مروان بن الحکم، قبیصہ بن ذویب، عبداللہ بن ثعلبہ، سعید بن المسیب، عروہ بن زبیر، سلمان الاغر والغر ابومسلم، شریح بن ہانی خباب مقصورہ والے، ابوسعید المقبری، سلیمان بن یسار، سنان بن ابی سنان، عبداللہ بن شقیق، عبدالرحمٰن بن ابی عمرہ، عراک بن مالک ابورزین اسدی، عبداللہ بن قارظ، بسر بن سعید، بشیر بن نہیک، بعجہ الجھنی، حنظلہ اسلمی، ثابت بن عیاض، حفص بن عاصم بن عمر، سالم بن عبداللہ بن عمر ابوسلمہ، اور حمید صاحبزادگان عبدالرحمٰن بن عوف، حمید بن عبدالرحمٰن حمیری، خلاس بن عمرو، زرارہ بن ابی اوفی، سالم ابوالغیث، سالم مولا شداد، عامر بن سعد بن ابی وقاص، سعید بن عمرو بن سعید بن عاص، ابوحباب سعید بن یسار، عبداللہ بن حارث بصری، محمد بن سیرین، سعید بن مرجانہ، اعرج عبدالرحمٰن بن ہرمزان کا نام ہے۔ مُقْعَد جو عبدالرحمٰن بن سعد ہیں انہیں بھی اعرج کہا جاتا ہے۔ عبدالرحمٰن بن ابی نعیم، عبدالرحمٰن بن یعقوب جو علاء کے والد ہیں۔ ابوصالح السمان، عبیدہ بن سفیان، عبیداللہ بن عبداللہ

Marfat.com

بن عتبہ بن مسعود، عطاء بن مینا، عطاء بن ابی رباح، عطاء بن یزید لیثی، عطاء بن یسار، عبید بن حنین، محمد کے والد عجلان، عبیداللہ بن ابی رافع، عنبسہ بن سعید بن عاص، عمرو بن حکم، ابوالسائب مولا ابوزہرہ، موسیٰ بن یسار، نافع بن جبیر بن مطعم، عبداللہ بن رباح، عبدالرحمٰن بن مہران، عمرو بن ابی سفیان، محمد بن زیاد جمحی، عیسیٰ بن طلحہ، محمد بن قیس بن مخرمہ، محمد بن عباد بن جعفر، محمد بن ابی عائشہ، ہیثم بن ابی سنان، ابوحازم اشجعی، ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام، ابوالشعثاء محاربی، یزید بن الاصم، نعیم المجمر، محمد بن المنکدر، ہمام بن منبہ، ابوعثمان الطَّنْبَذِی، ابوقیس مولا ابوہریرہ اور دیگر حضرات روایت کرتے ہیں۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے: ان سے تقریباً آٹھ سو (۸۰۰) اہل علم نے روایت کی ہے۔ وہ اپنے دور میں سب سے زیادہ حافظ حدیث تھے۔ وکیع اپنے نسخہ میں لکھتے ہیں: ہمیں اعمش نے بحوالہ ابوصالح بیان کیا کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اصحاب رسول میں سے سب سے زیادہ حافظ الحدیث تھے۔ یہی روایت بغوی نے بحوالہ اعمش ان الفاظ میں نقل کی ہے: اگرچہ ان سے افضل نہ تھے لیکن حافظہ سب سے زیادہ تھا۔

ابن ابی خیثمہ بطریق سعید بن ابی الحسن روایت کرتے ہیں کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بڑھ کر کسی کو زیادہ حدیث یاد نہ تھی۔ یہی قول امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔ ابوزُعیزعہ جو مروان کے کاتب ہیں۔ فرماتے ہیں: مروان نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی طرف پیام بھیجا تو وہ ان سے احادیث بیان کرنے لگے اور مجھے پردے کے پیچھے لکھنے کے لیے بٹھا دیا، جب سال کا اختتام ہوا ان کی طرف پیام بھیجا اور ان سے وہی احادیث بیان کرنے کا سوال کیا اور مجھے کہا غور کرتے رہنا تو ایک حرف بھی اِدھر کا اُدھر نہیں کیا۔

صحیح بخاری میں بطریق وہب بن ضبہ بواسطہ ان کے بھائی ہمام بحوالہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مروی ہے کہ اصحابِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں سے سوائے عبداللہ بن عمر کے مجھ سے زیادہ کسی کو احادیث یاد نہ تھیں کیونکہ وہ لکھتے تھے: میں لکھتا نہ تھا حاکم ان کے نام سابقہ اختلاف ذکر کرنے کے بعد لکھتے ہیں: صحابیٔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور سب سے زیادہ آپ سے کسب فیض کیا ہے باوجودیکہ خالی پیٹ رہتے جہاں آپ جاتے وہاں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہوتے۔ وفات تک انہوں نے آپ علیہ السلام کا ساتھ نہیں چھوڑا۔ اسی بنا پر ان کی احادیث زیادہ ہیں۔ صحیح بخاری میں بواسطہ سعید المقبری بحوالہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت ہے، میں نے عرض کی: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کی شفاعت کا زیادہ حقدار کون ہوگا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرا بھی یہی خیال تھا کہ تمہارے علاوہ مجھ سے یہ بات کوئی نہیں پوچھے گا، کیونکہ تمہیں حدیث کی بڑی لگن ہے۔

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث ابی بن کعب نقل کی ہے کہ ابوہریرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی باتیں پوچھ لیتا تھا جن کی کسی کو ہمت نہ ہوتی تھی۔ ابونعیم لکھتے ہیں: اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں سے حدیث کے سب سے بڑے حافظ تھے، آپ نے ان کے لیے دعا فرمائی تھی کہ اہل ایمان ان سے محبت رکھیں۔ حدیبیہ اور خیبر کے درمیانی عرصے میں مسلمان ہوئے۔ مدینہ ہجرت کر کے آئے اور صفہ میں رہنے لگے، ابومعشر مدائنی بحوالہ محمد بن قیس روایت کرتے ہیں کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے: مجھے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نہ کہا کرو کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری کنیت ابوہرّ رکھی ہے اور نر مادہ سے بہتر ہے۔ بغوی نے یہ روایت صحیح سند سے نقل کی ہے اور عبدالرحمٰن بن ابی لُبَیبہ کا قول ہے: میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا ان کا گندمی رنگ چوڑے کندھے دو زلفوں والے سامنے کے دانتوں میں فرق تھا۔ ابن سعد کی روایت ہے کہ قرّہ بن خالد نے محمد بن سیرین سے پوچھا: کیا ابوہریرہ کھردرا کپڑا پہنتے تھے؟

Marfat.com

فرمایا: نہیں، نرم پہنتے تھے، میں نے پوچھا: ان کا رنگ کیسا تھا؟ فرمایا: سفید، خضاب لگاتے گیرو سے رنگے ہوئے دو کپڑے زیب تن فرماتے۔ ایک دِن کتان کے کپڑے سے ناک صاف کرتے ہوئے فرمایا: واہ کیا کہنے ابو ہریرہ کے!؟ کتان سے ناک پونچھ رہا ہے۔ ابو ہلال، محمد بن سیرین سے بحوالہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ فرمایا: مجھے اچھی طرح یاد ہے میں منبر رسول اور حجرۂ عائشہ کے درمیان بے ہوش پڑا رہتا تھا، لوگ مجھے مجنون کہتے، حالانکہ مجھے کوئی جنون نہ تھا، یزید بن ابراہیم نے یہ اضافہ نقل کیا ہے: یہ صرف بھوک کی کیفیت تھی۔ اس حدیث کے صحیح میں کئی طرق ہیں۔ اسی میں صدیق اکبر اور پھر عمر رضی اللہ عنہما سے ایک آیت کے بارے میں پوچھتے ہیں، فرماتے ہیں: شاید وہ مجھ سے پہل کر کے مجھے آیت بتا دیں لیکن ایسا نہ کر سکے۔

حمید حمری فرماتے ہیں: میں ایک صحابی کی خدمت میں رہا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چار سال رہ چکے تھے، جیسے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت میں رہ چکے تھے۔ قیس بن ابی حازم فرماتے ہیں: ہمارے پاس کوفہ میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تشریف لائے، جہاں احمس قبیلہ کے لوگ اکٹھے ہو گئے تا کہ انہیں سلام کریں۔ فرمایا: مرحبا میں تین سال تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہا مجھ سے زیادہ کسی کو حدیث یاد کرنے کا حرص نہ تھا۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی روایت ہے، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے: بھوک کی وجہ سے میں اپنا جگر زمین سے لگا لیتا اور اپنے پیٹ پر پتھر باندھ لیتا تھا۔ پھر پیالے اور دودھ والا واقعہ ذکر کیا۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کی روایت ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، اللہ کی قسم! جو مومن بھی میرے بارے میں سنے گا یا مجھے دیکھے گا مجھ سے محبت کرے گا۔ ابو کثیر جو اس حدیث کے راوی ہیں کہنے لگے: آپ کو کیسے معلوم ہوا؟ فرمایا: میری والدہ مشرک تھی اور میں انہیں اسلام کی دعوت دیتا اور وہ انکار کر دیتیں۔ ایک بار میں نے انہیں اسلام کی دعوت دی تو انہوں نے مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں نازیبا الفاظ سنا دیئے۔ میں روتا ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور اس بات کا ذکر کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! ابو ہریرہ کی والدہ کو ہدایت عطا فرما۔ میں وہاں سے دوڑتا ہوا باہر آیا، گھر پہنچا تو دروازے پر کواڑ لگا تھا اور پانی سے غسل کرنے کی آواز آ رہی تھی۔ پھر انہوں نے دروازہ کھولا تو فرمانے لگیں: ''میں گواہی دیتی ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی دعا و عبادت کے لائق نہیں اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں''۔ میں وہیں سے پلٹا اور اب میں مارے خوشی کے رو رہا تھا۔ میں نے عرض کی: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ میری والدہ اور میری والدہ کی محبت اہل ایمان کے دِلوں میں پیدا فرما دے۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا بھی دے دی۔

جریری بواسطہ ابو بصرہ بحوالہ طفاوہ کے ایک آدمی روایت کرتے ہیں کہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ہاں فروکش ہوا۔ میں نے کسی صحابی کو ان سے زیادہ مہمان کا خدمتگار اور چست نہیں دیکھا۔ عمرو بن علی الفلاس فرماتے ہیں: ان کی آمد خیبر کے سال محرم سات ہجری میں ہوئی۔

صحیح میں اعرج سے مروی ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لوگ کہتے ہو ابو ہریرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت زیادہ احادیث کی روایت کرتا ہے، اللہ سے ڈرانے والا ہے، میں مسکین آدمی تھا جو خالی پیٹ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پڑا رہتا تھا مہاجرین بازار کی سودے بازی میں، اور انصار کو اپنے مال کی دیکھ بھائی کی مشغولی نے اس سعادت سے محروم رکھا۔ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو میری بات کہنے تک اپنی چادر پھیلائے بیٹھا رہے گا اور پھر اسے لپیٹ لے گا تو وہ

Marfat.com

کبھی میری بات نہیں بھولے گا''۔ چنانچہ میں نے اپنی چادر بچھائی، آپ ﷺ نے اپنی بات مکمل کی پھر میں نے اسے لپیٹ لیا۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے! اس کے بعد آپ ﷺ سے سنی ہوئی بات کبھی نہیں بھولا۔ ✿ (مسند احمد، بخاری، مسلم، نسائی بطریق زہری بحوالہ اعرج اور بطریق زہری بحوالہ سعید بن المسیب و ابوسلمہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک دوسرے کی روایت میں کمی زیادتی ہے)۔

امام بخاری وغیرہ نے بطریق سعید المقبری بحوالہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مختصر روایت کی ہے، میں نے عرض کی: اللہ کے رسول ﷺ! میں آپ کی بہت سی باتیں سن کر بھول جاتا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: اپنی چادر پھیلاؤ! میں نے چادر پھیلائی۔ پھر فرمایا: اسے اپنے سینے سے لگالو۔ چنانچہ میں نے ملالی۔ اس کے بعد مجھے کبھی کوئی بات نہیں بھولی۔ ابویعلی بطریق ولید بن جمیح بواسطہ ابوالطفیل بحوالہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ میں نے رسول اللہ ﷺ سے یادداشت کی کمی کی شکایت کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اپنی چادر کھولو!'' پھر اسی کا مفہوم ذکر کیا۔

ابونعیم بطریق عبداللہ بن ابی یحییٰ، سعید بن ابی ہند بحوالہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم مجھ سے ان غنیمتوں میں سے کچھ نہیں مانگتے؟'' میں نے عرض کی: میں آپ ﷺ سے اس علم کا سوال کرتا ہوں جو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو سکھایا ہے۔ آپ نے اپنے اوپر اوڑھی ہوئی چادر پشت مبارک سے اتار کر میرے اور اپنے درمیان بچھا دی، اور پھر مجھ سے گفتگو کرنے لگے یہاں تک کہ آپ ﷺ کی مکمل بات میرے ذہن نشین ہوگئی۔ پھر فرمایا: ''اس چادر کو لپیٹ کر اپنے ساتھ ملالو''۔ پھر میری یہ حالت ہوگئی کہ آپ جو بات بیان کرتے اس کا ایک حرف بھی میرے حافظے سے نہ نکلتا۔

اس حدیث کے صحیح طُرق پہلے بیان ہو چکے ہیں۔ اس کے اور طرق بھی ہیں ان میں سے ایک ابویعلی نے بطریق یونس بن عبید بواسطہ حسن بحوالہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کون مجھ سے ایک، دو، یا تین باتیں لے کر اپنے پلے باندھتا تاکہ انہیں سیکھے اور سکھائے، فرماتے ہیں: میں نے اپنا کپڑا بچھایا آپ گفتگو فرما رہے تھے، پھر میں نے لپیٹ لیا۔ مجھے امید ہے کہ جو بات بھی آپ ﷺ نے فرمائی ہے میں اسے نہیں بھولوں گا۔

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے بحوالہ حسن اس کا مفہوم نقل کیا ہے، اس میں ہے میں نے عرض کی: میں اس خدمت کے لیے تیار ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: اپنا کپڑا بچھاؤ، اس کے آخر میں ہے۔ مجھے امید ہے کہ اس کے بعد میں آپ کی سنی ہوئی کوئی بات نہیں بھولوں گا۔

ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ کی روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نبی ﷺ کے پاس تھا، پھر میں نے اپنا کپڑا بچھایا اور اسے لپیٹ لیا اس کے بعد سے کبھی کوئی بات نہیں بھولا۔ یہ پہلے سے مختصر ہے مجھے وہ حدیث ملی ہے جو اس واقعہ میں رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمائی تھی۔ اگر وہ حدیث ثابت ہو جائے۔ چنانچہ ابویعلی نے نقل کیا ہے کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے پاس آ کر آپ کی بیمار پرسی کرنے لگے۔ آپ نے اجازت دی، اندر گئے کھڑے کھڑے سلام کیا اور نبی ﷺ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سینے سے

✿ بخاری کتاب العلم باب حفظ العلم (۱۱۸) کتاب الحرث والمزارعۃ باب ما جاء فی الفرس (۲۳۵۰)
مسلم کتاب فضائل الصحابہ باب فضائل ابی ہریرۃ (۶۳۴۷) ابن ماجہ مقدمہ (۲۶۲) مسند احمد (۲/۲۴۰) (۲/۲۷۴)

Marfat.com

ٹیک لگائے بیٹھے تھے اور آپ نے ان کا ہاتھ تھاما ہوا تھا۔ آپ علیہ السلام کے پاؤں دراز تھے۔ آپ نے فرمایا: ابو ہریرہ قریب آ جاؤ، چنانچہ یہ قریب ہوئے۔ پھر فرمایا: اور نزدیک ہو جاؤ، تو اور قریب ہو گئے۔ تیسری بار فرمایا: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ قریب ہو جاؤ! تو اتنے قریب ہو گئے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے پورے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں کو چھونے لگے۔ اس کے بعد ان سے فرمایا: ''بیٹھ جاؤ!'' وہ بیٹھ گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اپنا کپڑا میرے قریب کرو''۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اپنا کپڑا دراز کیا اور ہاتھ میں پکڑ کر کھولا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب کیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ابو ہریرہ! میں تمہیں چند باتوں کی وصیت کرتا ہوں جب تک زندہ رہو انہیں نہ چھوڑنا''۔ عرض کی: جو چاہیں وصیت فرمائیں۔ فرمایا:

''جمعے کے دِن غسل کیا کرنا اور جمعہ کے لیے جلدی جانا، وہاں نہ لغو کام کرنا اور نہ غافل ہونا، ہر ماہ تین دِن روزہ رکھنا، جو ہمیشہ کے روزوں کی طرح ہیں۔ فجر کی دو سنتیں کبھی نہ چھوڑنا اگرچہ تم پوری رات نوافل (نماز) پڑھتے رہے ہو کیونکہ ان دونوں میں (رغائب) رغبت کی برکتیں ہیں''۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ باتیں تین بار ارشاد فرمائیں، پھر فرمایا: ''اپنا کپڑا سمیٹ لو''۔ انہوں نے سمیٹ کر سینے سے لگا لیا۔ عرض کی: اللہ کے رسول! میرے ماں باپ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان ہوں، یہ بات پوشیدہ رکھوں یا سب کو بتا دوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ابو ہریرہ! سب کو بتا دو''۔ یہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین بار فرمایا۔

مذکورہ حدیث علاماتِ نبوت میں سے ہے، کیونکہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اپنے دور کے سب سے بڑے احادیث نبویہ کے حافظ تھے۔ طلحہ بن عبید اللہ کا قول ہے: اس میں کوئی شک نہیں جو باتیں ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں سنیں وہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے سنی ہیں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا قول ہے: ابو ہریرہ مجھ سے بہتر اور جو بیان کرتا ہے اسے زیادہ جانتا ہے۔ نسائی نے کتاب السنن میں عمدہ سند سے نقل کیا ہے کہ ایک شخص حضرت زید بن ثابت کے پاس آ کر کوئی مسئلہ پوچھنے لگا، آپ نے فرمایا: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا کرو کیونکہ ایک دفعہ میں، ابو ہریرہ اور ایک شخص مسجد میں دعا مانگ رہے تھے اور اللہ تعالیٰ کا ذکر کر رہے تھے، اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے اور ہمارے پاس آ کر بیٹھ گئے، فرمانے لگے: ''تم لوگ جس بات میں مشغول تھے اسے جاری رکھو!'' زید فرماتے ہیں: میں اور میرا ساتھی دعا کرنے لگے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آمین کہنے لگے۔ پھر ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے دعا کی: ''میں وہی دعا کروانا چاہتا ہوں جو آپ کے دونوں صحابیوں نے کی، میں ایسا علم مانگتا ہوں جو بھولے نہیں'' تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''آمین''۔ ہم نے عرض کی ''اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! ہم بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے علم کی دعا کی درخواست کرتے ہیں جو بھولے نہیں''۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''دوسی نوجوان تم سے پہلے کر گیا''۔

ترمذی [1] کی روایت ہے: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، میں نے عرض کی: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میں آپ کی بہت سی باتیں سنتا ہوں لیکن وہ مجھے یاد نہیں رہتیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اپنی چادر بچھاؤ!'' میں نے چادر بچھائی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی احادیث بیان کیں تو ان میں سے میں کوئی بھی نہ بھولا۔ اس کی سند صحیح ہے، اصل اس کی بخاری میں ان الفاظ میں ہے: پھر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی

---

[1] ترمذی کتاب المناقب باب مناقب ابی هریره (۳۸۳۶)

Marfat.com

سنی ہوئی کوئی بات نہیں بھولا۔ ترمذی ہی کی روایت بحوالہ عمر رضی اللہ عنہ ہے آپ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''تم ہم سے زیادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس رہے ہو اور ہم سے زیادہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کے حافظ ہو، ابن سعد کی روایت ہے سالم مولا بنی نصر فرماتے ہیں: میں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علاء بن حضرمی کے ساتھ بھیجا، انہیں میرے بارے میں خیر سگالی کی وصیت کی، وہ مجھ سے کہنے لگے: تمہیں کیا بات پسند ہے؟ میں نے کہا: میں تمہارے لشکر میں اذان دوں گا اور تم آمین کہنے میں مجھ سے پہل نہ کرنا۔

بخاری میں بواسطہ سعید المقبری بحوالہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہے، فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دو دعائیں یاد کی ہیں۔ ایک میں نے پہلی دی ہے۔ دوسری اگر پھیلاؤں تو یہ گردن کٹ جائے۔ مسند احمد میں بطریق یزید بن الاصم بحوالہ ابو ہریرہ مروی ہے کسی نے آپ سے کہا: آپ بہت زیادہ احادیث بیان کرتے ہیں! آپ نے فرمایا: میں اگر تم سے ہر وہ بات بیان کر دوں جو میں نے سنی ہے تو تم مجھے کوڑے لگانے لگو۔ صحیح میں نافع سے منقول ہے، کسی نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا: ابو ہریرہ نے حدیث بیان کی ہے جو شخص نماز تک جنازے کے پیچھے چلے اس کے لیے ایک قیراط ہے..... (حدیث) آپ نے فرمایا: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بڑی احادیث سناتا ہے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا، انہوں نے تصدیق کی جس پر ابن عمر رضی اللہ عنہما فرمانے لگے: ''ہم سے تو کئی قیراط میں کوتاہی ہوگئی''۔

بغوی نے صحیح سند کے ذریعہ ولید بن عبدالرحمٰن سے بحوالہ ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کی ہے کہ انہوں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا: تم ہم سے زیادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس رہتے ہو اور ہم سے زیادہ تمہیں احادیث یاد ہیں۔ ابن سعد نے عمدہ سند سے سعید بن عمرو بن سعید بن عاص کی روایت کی کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم ایسی احادیث بیان کر دیتے ہو جو میں نے نہیں سنیں، عرض کی: ''اماں جی! میں نے یہ احادیث تلاش کی ہیں، اور آپ شیشے سرمے میں مشغول تھیں''۔ اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو کوئی اور کام نہ تھا جس کے متعلق بہت زیادہ روایات ہیں۔ بیہقی نے مدخل میں روایت کی ہے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی کعب سے ملاقات ہوئی تو ان سے احادیث بیان کر کے ان سے پوچھنے لگے، کعب کا کہنا ہے: میں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بڑھ کر کوئی شخص نہیں دیکھا جس نے تورات پڑھی نہیں لیکن تورات کی باتوں کا زیادہ عالم ہے۔

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ بطریق عاصم بن کلیب وہ اپنے والد سے کہ میں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا وہ حدیث بیان کرنے سے پہلے یہ الفاظ کہا کرتے تھے: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو سچے ابوالقاسم ہیں، ارشاد فرمایا: جس نے جان بوجھ کر میرے متعلق جھوٹ بولا اس کا ٹھکانہ جہنم ہے''۔ مسدد اپنی مسند میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو میری حدیث پہنچی تو وہ مجھے کہنے لگے: تمہیں یاد ہوگا ایک دِن ہم فلانے گھر میں اکٹھے تھے؟ میں نے کہا: ہاں! اسی دِن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا: جس نے میرے متعلق جھوٹ بولا..... (حدیث) جس پر عمر بے ساختہ بولے: جاؤ! اب حدیث سناتے رہو۔ مسدد کی ہی روایت ہے کہ ابن عمر جب ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو حدیث بیان کرتے سنتے تو فرماتے: ہمیں معلوم ہے جو تم بیان کرتے ہو لیکن ہم ڈرتے اور تم جرأت سے کام لیتے ہو۔

ہم نے فوائد مزکی میں دارقطنی کی تخریج بحوالہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ مرفوع نقل کی ہے: ''جب تم میں سے کوئی فجر کی دو رکعتیں (سنتیں) پڑھ لے تو دائیں ہاتھ کی ٹیک لگا کر لیٹ جایا کرے''۔ جس پہ مروان نے کہا: ہمارے لیے چل کر مسجد آنا کافی نہیں، پھر آ

Marfat.com

کر ہمیں یہاں بھی لیٹیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما تک یہ بات پہنچی، آپ نے فرمایا: ابو ہریرہ بڑی احادیث بیان کرتا ہے۔ کسی نے ان سے پوچھا: آپ کو ان کی کوئی روایت اوپری لگی ہے؟ فرمایا: نہیں۔ لیکن وہ جرأت مند اور ہم بزدل ہیں۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا تو فرمایا: میرا کیا گناہ ہے اگر میں نے یاد رکھا اور یہ لوگ بھول گئے؟ یہ مرفوع حدیث ابوداؤد نے نقل کی ہے۔

ابن سعد کی روایت ہے ولید بن رباح نے کہا: میں نے اس وقت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو مروان سے فرماتے سنا جب لوگوں نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو ان کے نانا کے پاس دفن کرنا چاہا: تم فضول کام میں دخل اندازی کر رہے ہو۔ اس وقت گورنر کوئی اور تھا۔ حقیقت یہ ہے تم ایک غائب آدمی کی رضامندی کی تلاش میں ہو۔ مروان غصے سے بھڑک اٹھا فوراً ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پر چوٹ ماری کہ لوگ تو کہتے ہیں: ابو ہریرہ بہت زیادہ حدیثیں بیان کرتا ہے۔ جبکہ یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے پہلے ہی کچھ عرصہ آیا ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بولے: میں جب آیا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیبر میں تھے، میری عمر تیس (۳۰) سے کچھ اوپر تھی۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہا۔ آپ اپنی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے گھر تشریف لے جاتے تو ابو ہریرہ ساتھ ساتھ خدمت گزاری میں رہتا۔ غزووں میں حج میں آپ کے ساتھ رہا، مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کا سب سے زیادہ علم ہے۔ اللہ کی قسم! جن لوگوں کو مجھ سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میرا رہنا جانتے ہیں وہ لوگ مجھ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث پوچھتے تھے جن میں عمر، عثمان، علی، طلحہ اور زبیر شامل ہیں۔ اللہ کی قسم! مدینہ میں کوئی حدیث مجھ سے مخفی نہیں۔ اور اس کی حدیث جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں قدر و منزل حالت تھی اور جسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں سے نکال دیا ہو کہ وہ وہاں رہے۔ راوی کا بیان ہے: اللہ کی قسم! اس کے بعد مروان ان سے باز رہا۔

ابن ابی خیثمہ کی روایت ہے کہ عمر یا عثمان بن عروہ بحوالہ اپنے والدہ روایت کرتے ہیں کہ مجھ سے فرمایا: مجھے اس یمانی کے نزدیک کرنا (یعنی ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ) کیونکہ یہ بہت حدیثیں بیان کرتے ہیں۔ میں نے ان کے قریب کر دیا، تو وہ حدیثیں بیان کرنے لگے اور زبیر فرماتے جاتے تھے: یہ سچ ہے یہ جھوٹ ہے۔ میں نے عرض کی: یہ کیا بات ہوئی؟ فرمایا: یہ تو سچ ہے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے لیکن بعض باتیں بے موقع بیان کر دی ہیں۔ پہلے حضرت طلحہ کا قول گزر چکا ہے کہ جسے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے سنا ویسا ہی ہم نے سنا لیکن اسے یاد رہا اور ہم بھول گئے۔

''فوائد تمام'' میں بطریق اشعث بن سلیم وہ اپنے والد سے کہ میں نے اپنے والد کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے حدیث بیان کرتے سنا کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے سنا ہے۔ امام احمد نے ''کتاب الزہد'' میں صحیح سند کے ذریعہ بحوالہ ابوعثمان نہدی روایت کی ہے میں ستر بار ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا مہمان بنا ان کی روٹین (ترتیب) یہ تھی کہ وہ ان کی اہلیہ اور ان کی خادمہ رات کو تین حصوں میں بانٹ لیتے تھے۔ یہ نماز پڑھتے تو وہ سو جاتے اور پھر انہیں بیدار کر دیتے۔ ابن سعد صحیح سند سے نقل کرتے ہیں کہ عکرمہ نے فرمایا: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روزانہ بارہ ہزار بار سبحان اللہ پڑھتے تھے اور فرماتے: میں اپنے گناہ کی مقدار تسبیح پڑھتا ہوں۔

حلیۃ میں تاریخ ابوالعباس سراج کے حوالہ سے صحیح سند کے ذریعہ مضارب بن حزن کا قول ہے ایک رات میں جا رہا تھا کوئی شخص اللہ اکبر کی صدا بلند کر رہا تھا میں اس کے پاس پہنچ گیا، میں نے کہا: یہ کیا سلسلہ ہے؟ کہنے لگا: میں اس بات پر اللہ کا شکر

Marfat.com

ادا کر رہا ہوں کہ پہلے میں بسرہ بنت غزوان کے ہاں اپنے اور اپنے گھوڑے کے خرچ پر ملازم تھا جب وہ لوگ سوار ہو کر چلتے میں ان کی سواریاں لے کر جاتا اور جب فروکش ہوتے ان کی خدمت کرتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے میری شادی اسی سے کرا دی۔ اب میں سوار ہوتا ہوں اور جب اترتا ہوں تو میری خدمت میں خادم موجود ہوتے ہیں۔ ابن خزیمہ نے اسی سند سے یہ روایت اس اضافے کے ساتھ نقل کی ہے۔ جب وہ نرم زمین پر پہنچتی تو مجھے کہتی: میرے لیے عصیدہ (گھی آٹا ملا کھانا) تیار کرو۔ اب میں کہتا ہوں: میرے لیے عصیدہ تیار کرو۔

عبدالرزاق، معمر، ایوب، بحوالہ ابن سیرین روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو بحرین کا گورنر مقرر کیا تو وہ ان کے پاس دس ہزار (۱۰۰۰۰) لے کر آئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: تم نے یہ مال اپنے لئے مخصوص کیا ہے، تمہیں کیسے ملا؟ فرمایا: میری گھوڑیاں حمل سے فارغ ہوئیں، پے در پے کے عطیے، اور میرے غلام کا خراج ہے جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حساب دیکھا تو واقعی ایسا ہی تھا۔ پھر دوبارہ انہیں مقرر کرنا چاہا تو انہوں نے انکار کر دیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ عہدہ تو تم سے زیادہ بہتر شخص نے بھی طلب کیا ہے؟ پوچھا: وہ کون ہے؟ فرمایا: یوسف علیہ السلام۔ فرمایا: یوسف نبی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹے تھے اور میں ابو ہریرہ امیمہ کا بیٹا ہوں۔ مجھے تین باتوں کا خوف ہے۔ بغیر علم کوئی بات کہہ دوں، یا بغیر حکم کوئی فیصلہ کر دوں جس کے نتیجے میں مجھے کوڑے لگیں، میری بے عزتی ہو اور میرا مال ضبط ہو جائے۔ کتاب المزاح میں ابن ابی الدنیا اور زبیر بن بکار نے بطریق ابن عجلان، سعید سے بحوالہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کی ہے کہ ایک شخص نے ان سے پوچھا: میں روزے سے تھا اپنے والد کے گھر آیا جہاں روٹی اور گوشت پکا ہوا تھا اور بھولے سے پیٹ بھر کر کھا لیا ہے۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرمانے لگے: اللہ نے تجھے کھلایا ہے وہ صاحب کہتے ہیں: میں وہاں سے نکل کر کسی اور کے ہاں گیا وہاں اونٹنی [1] دوہی جا رہی تھی میں نے سیراب ہو کر اس کا دودھ پی لیا۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرمانے لگے: اللہ تعالیٰ نے تجھے سیراب کیا ہے۔ پھر وہ صاحب کہتے ہیں: میں اپنے گھر گیا، قیلولہ (دوپہر کا آرام) کیا۔ بیدار ہوا تو پانی مانگا جسے پی گیا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرمانے لگے: بھتیجے! تم روزے کی طرف کیوں آتے ہو؟ اور ابن ابی الدنیا ہی "المختصرین" میں بحوالہ ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن صحیح سند سے لکھتے ہیں کہ میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ہاں گیا تو وہ سخت بیمار تھے میں ان سے لپٹ کر دعا کرنے لگا: "اے اللہ! ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو شفا دے"۔ فوراً بولے: "اے اللہ! اسے نہ لوٹا"۔ تین بار ایسا فرمایا، پھر فرمانے لگے: "اگر تم سے ہو سکے تو مر جاؤ، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ گزرنے والا قبر میں پڑے شخص کی جگہ ہونے کی تمنا کر کے رہے گا"۔

میں کہتا ہوں: یہ حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے عمر بن ھانی کہتے ہیں، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے معاویہ کی کنپٹیاں پکڑ لیا کرو، اے اللہ! ساٹھ (۶۰) سے مجھے بچا۔

امام احمد اور نسائی نے صحیح سند کے ذریعہ بواسطہ عبدالرحمٰن بن مہران بحوالہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم وفات کے وقت فرمایا: مجھ پر نہ خیمہ لگانا، نہ دھونی لے جانا بلکہ (سارے کام چھوڑ کر) میری نعش کو جلدی لے جانا۔ ابوالقاسم ب

---

[1] لِقحۃ دودھیا اونٹنی، زبر لَقحۃ ایک لغت ہے۔

Marfat.com

الجراح اپنے ''امالی'' میں بطریق عثمان غطفانی، محمد بن عمرو سے بواسطہ ابوسلمہ بحوالہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، فرمایا: جب میں مرجاؤں تو نہ مجھ پہ نوحہ (بین کر کے رونا) نہ دھونی ساتھ لے جانا۔ بلکہ مجھے جلدی لے جانا۔

بغوی نے دوسری سند سے لکھا ہے کہ وفات کے وقت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ رو پڑے، کسی نے پوچھا، فرمایا: ''توشہ کم ہے اور سفر لمبا ہے''۔

ابن ابی الدنیا بطریق مالک، بواسطہ سعید المقبری روایت کرتے ہیں کہ مروان ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے مرض الوفات میں ان کے پاس آیا، مروان کہنے لگا: اللہ آپ کو شفایاب کرے۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بولے: اللہ! مجھے آپ کی ملاقات محبوب ہے، آپ بھی میری ملاقات کو پسند فرمایئے! مروان ابھی بازار کے درمیان بھی نہ پہنچا ہوگا کہ آپ رضی اللہ عنہ کی روح پرواز کر گئی۔

واقدی کا بیان ہے ولید بن عقبہ بن ابی سفیان نے لوگوں کو عصر کی نماز پڑھانے کے بعد ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا جنازہ پڑھایا۔ لوگوں میں ابن عمر اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما بھی تھے۔ ولید نے امیر معاویہ کو تحریراً وفات کی اطلاع دی۔ انہوں نے لکھ بھیجا ان کے وارثوں کو دیکھنا کون ہیں۔ انہیں دس ہزار درہم دینا اور ان سے اچھا سلوک کرنا۔ کیونکہ محاصرۂ عثمان کے روز انہوں نے مدد کی تھی۔

ابوسلیمان بن زبر اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اٹھہتر (۷۸) برس زندہ رہے۔

میں کہتا ہوں: شاید یہ بات سابقہ اثر (قول صحابی) سے ماخوذ ہے کہ وہ عہد نبوی میں تیس (۳۰) سے کچھ اوپر برس کے تھے۔

ان کی وفات عقیق میں اپنے محل میں ہوئی، جنازہ مدینہ لایا گیا۔ ہشام بن عروہ، خلیفہ اور ایک جماعت کا کہنا ہے: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی وفات ۵۷ھ میں ہوئی۔ جبکہ ہیثم بن عدی، ابومعشر، ضمرہ بن ربیعہ کا قول ہے: ۵۸ھ میں فوت ہوئے۔ واقدی اور ابوعبید وغیرہ کا قول ہے: ۵۹ھ میں فوت ہوئے۔ واقدی نے یہ اضافہ بھی نقل کیا ہے انہوں نے رمضان ۵۸ھ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا جنازہ پڑھایا اور شوال ۵۹ھ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا جنازہ پڑھایا تھا، اس کے بعد خود فوت ہوئے۔

میں کہتا ہوں: ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے جنازے کے بارے میں ان سے نادانسہ طور پر غلطی ہوئی، اگرچہ ایک جماعت نے ان کی متابعت کی ہے، کیونکہ صحیح میں جو روایت ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا خلافتِ یزید بن معاویہ تک حیات رہیں، جیسا کہ ان کے حالات میں بیان ہوگا۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی وفات کے بارے میں ہشام بن عروہ کا قول معتبر ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کو اس میں تردد ہے، فرماتے ہیں: ۵۷ھ میں فوت ہوئے۔

۱۰۶۷۲ ابوھلال الکلبی *

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، ان کی حدیث علقمہ بن ہلال نے بحوالہ اپنے دادا روایت کی ہے۔ بقول بعض بواسطہ اپنے والد بحوالہ اپنے دادا روایت کی ہے ایسا ہی ابن مندہ نے مختصر ذکر کیا ہے۔ ابونعیم لکھتے ہیں: ابوہلال کلبی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، ان کی حدیث ان کی اولاد سے مروی ہے، پھر بحوالہ طبرانی ان کی حدیث بیان کی جو بطریق ولید بن مسلم ہے کہ مجھ سے اس شخص نے بیان کیا جس نے علقمہ بن ہلال سے سنا جن کا تعلق بنی تیم اللہ سے ہے وہ بواسطہ اپنے والد بحوالہ اپنے دادا روایت کرتے ہیں کہ وہ اپنی

* اسد الغابہ (٦٣٢٠) تجرید (٢٠٩/٢)

Marfat.com

قوم کے ساتھ نبی ﷺ کے پاس حاضر ہو، ان دِنوں آپ ﷺ نے مدینہ کی طرف ہجرت کی تھی۔ فرماتے ہیں: ہم پہنچے تو آپ ﷺ تھوڑے پانی کے پاس قیدیوں کی گردنیں اتروا رہے تھے۔ خون سے پانی پر تہ جم گئی۔ ابوموسیٰ فرماتے ہیں: یحییٰ بن مندہ نے اپنے دادا کی کتاب پر اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے، تو لکھا ہے: ابو ہلال تیمی، ان کے دادا نے اِن کا ذکر کیا ہے لیکن ان کی سند سے کچھ بیان نہیں کیا۔ ابن الاثیر لکھتے ہیں: تیمی اور کلبی ایک ہے، کیونکہ تیم اللہ کلب کا بہت بڑا بطن ہے وہ تیم اللات بن رفیدہ بن ثور بن کلب بن وبرہ ہے۔

۱۰۶۷۳ ابوهند [1]

نعیم بن ابی ہند اشجعی کے والد، نعمان بن اشیم میں ان کا تذکرہ ہوا ہے۔

۱۰۶۷۴ ابوهند الحجام [2]

مولا بنی بیاضہ۔ بقول ابن السکن، کسی کا کہنا ہے: ان کا نام عبداللہ ہے۔ ابن مندہ لکھتے ہیں، بقول بعض: ان کا نام یسار ہے یا سالم، فرماتے ہیں: ابن اسحاق کا قول ہے: یہ فروہ بن عمرو بیاض جن کا تعلق انصار سے ہے ان کے مولا ہیں۔ ان سے ابن عباس، جابر، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم نے روایت کی ہے۔ مؤطا ابن وہب میں لکھا ہے ابو ہند یسار نے نبی کریم ﷺ کے سینگی لگائی۔ مغازی میں ابن اسحاق بھی فرماتے ہیں: بدر سے واپسی کے بعد جب رسول اللہ ﷺ "عرق الظبیہ" مقام پر پہنچے تو سامنے سے ابو ہند آ گئے جو فروہ بن عمرو بیاض کے مولا تھے، ان کے پاس کھجور کا حلوہ تھا۔ بدر میں شرکت نہ کر سکے تھے اس کے علاوہ معرکوں میں شریک رہے۔

ابن مندہ کی بحوالہ زہری روایت ہے کہ جابر بیان کرتے تھے، رسول اللہ ﷺ زہریلی بکری جو آپ نے کھالی تھی کی وجہ سے اپنے کندھے پر سینگی لگواتے جو ابو ہند مولا بنی بیاضہ نے سینگ سے لگائی۔ ابونعیم کی روایت ہے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ابو ہند رسول اللہ ﷺ کو درد کی وجہ سے تالو پر سینگی لگائی۔ اور آپ ﷺ نے فرمایا: دوا داروں کی بہترین چیز حجامت (سینگی اور پچھنے لگوانا) ہے۔ دراوردی نے ان کے خلاف روایت کی ہے۔

محمد بن عمرو، ابوسلمہ سے بحوالہ ابو ہند روایت کرتے ہیں، فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو تالو پر سینگی لگائی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "اگر علاج معالجہ میں کوئی بہتر طریقہ ہے تو وہ حجامت و سینگی لگوانا ہے۔ اے بنی بیاضہ! ابو ہند کا نکاح کرا دو اور اس سے رشتہ ناتہ رکھو"۔ [5] یہی روایت ابن جریر، اور حاکم نے ان سے نقل کی ہے۔ الحاکم نے "الاکلیل" میں لکھا ہے انہوں نے عمرۃ جعرانہ میں رسول اللہ ﷺ کا سر مونڈا تھا۔ ابن السکن اور طبرانی بطریق زہری عروہ سے بحوالہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتے ہیں، ابو ہند مولا بنی

---

[1] المعجم الکبیر (۹۴۸/۲۲) [2] اسد الغابہ (۱۲۲/۵) اسد الغابہ (۶۳۲۱) استیعاب (۳۲۵۴) تجرید (۲۱۰/۲)

[2] اسد الغابہ (۶۳۲۲) استیعاب (۳۲۵۳) تجرید (۲۱۰/۲)

[5] ابوداؤد کتاب النکاح باب الاکفاء (۲۱۰۲) المستدرک (۱۶۴/۲) السنن الکبریٰ للبیہقی (۱۳۶/۷) المعجم الکبیر (۸۰۸/۲۲) سنن الدارقطنی (۳۰۰/۳) (۳۰۱/۳) الصحیح لابن حبّان (۴۰۶۷) مجمع الزوائد (۳۷۷/۹)

Marfat.com

بیاضہ سینگی لگانے کا کام کرتے تھے۔ رسول اللہ ﷺ کو سینگی لگاتے تھے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص یہ چاہے کہ وہ اس شخص کو دیکھے جس کے دِل میں اللہ تعالیٰ نے ایمان کو صورت دی ہے وہ ابو ہند کو دیکھ لے، اور فرمایا: اس کا نکاح کرو اور اس سے رشتہ ناتا رکھو''۔ زہری رحمۃ اللہ علیہ تک اس کی سند ضعیف ہے۔ حاکم نے اسے مختصر نقل کیا ہے اس میں یہ اضافہ ہے یہ آیت نازل ہوئی: ''لوگو! ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت (کے ملاپ) سے پیدا کیا ہے''۔ ❁

واقدی نے کتاب الردہ میں فرمایا ہے، زرعہ بن عبداللہ بن زیاد بن لبید سے مروی ہے کہ حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ نے ابو ہند مولا بنی بیاضہ کو زیاد بن لبید گورنر کندہ اور حضر موت کے پاس روانہ کیا، تاکہ انہیں بتائیں کہ نبی ﷺ کے بعد ابوبکر خلیفہ بنے ہیں۔

۱۰۶۷۵ ابوهند الداری ❁

از بنی الدار بن ہانی بن حبیب۔ کنیت سے مشہور ہیں، نام میں اختلاف ہے۔ بریر یا بر بن عبداللہ بن ربیعہ بن درّاع بن عدی بن الدار، تمیم الداری کے چچا زاد بھائی۔ بقول ابن حبان: صحیح یہ ہے کہ ان کا نام برّ بن برّ یا بریر یا بُرین ہے۔ میں نے ابن الحذّاء اندلسی کی کتاب رجال المؤطا میں تمیم داری کے حالات میں لکھا دیکھا ہے کہ ابو ہند تمیم کے بھائی نہیں، کیونکہ ابو ہند وہ لیث بن عبداللہ بن رزین ہیں۔ معتبر نسخہ میں ایسا ہی لکھا ہے، مجھے معلوم نہیں آیا وہ یہی ہیں یا نہیں؟ ابوعمر فرماتے ہیں: بقول بعض: ان کے سگے بھائی نہیں ہیں بلکہ ماں شریک بھائی اور چچا زاد ہیں۔ ابونعیم لکھتے ہیں: تمیم کے بھائی ہیں، تمیم کے ساتھ نبی ﷺ کے پاس آئے۔ ان لوگوں نے آپ ﷺ سے درخواست کی کہ انہیں شام میں جائیداد دیں۔ تو آپ ﷺ نے دونوں کے لیے یہ پروانہ لکھوا دیا۔ جب سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کا دور آیا تو وہ تحریر لے کر ان کے پاس آئے۔ آپ نے ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ اس حکم پر عمل کیا جائے۔

میں کہتا ہوں: وہ تحریر تمیم کی اولاد میں اب تک مشہور ہے۔ میں نے اس کے متعلق ''البناء الجلیل بحکم بلد الخلیل'' نامی ایک رسالہ بھی دیکھا ہے۔ بقول ابوعمر: اہل شام میں شمار ہوتے ہیں، ان کی اولاد سے ان کی حدیث مروی ہے۔

میں کہتا ہوں: ابونعیم وغیرہ نے بحوالہ ابو ہند روایت کی ہے، فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: جو میرے فیصلے پر راضی نہیں اور میری آزمائش پہ صابر نہیں اسے چاہیے کہ مجھے چھوڑ کر کوئی اور ربّ تلاش کر لے (اگر اسے ملتا ہے، جو محال ہے) زیاد اور فائد دونوں باپ بیٹا ضعیف ہیں۔ دونوں سے بہت سی منکر احادیث مروی ہیں۔ حارث بن ابی اسامہ نے اپنی مسند میں بطریق مکحول روایت کی ہے میں نے ابوالداری ہند کو فرماتے سنا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو شخص اپنے (مسلمان) بھائی کے مقابلہ میں اپنی عزت دکھانا چاہے اور اپنے متعلق باتیں سننا چاہے قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اس سے بدلہ لے گا''۔

۱۰۶۷۶ ابوهند (مولا النبی ﷺ)

محمد بن حبیب نے کتاب المحبّر میں ان کا ذکر کیا ہے۔

❁ سورۃ الحجرات (۱۳) ❁ اسد الغابہ (۶۳۲۲) استیعاب (۳۲۵۶) تجرید (۲/۲۱۰)

Marfat.com

۱۰۶۷۷ ابوهنیده

وائل بن حجر الحضرمی، ناموں میں تذکرہ ہوا ہے۔ الکنی میں ابواحمد نے بطریق محمد بن حجر روایت کی ہے میں نے اپنے والد یا چچا کو فرماتے سنا: ہمارے گھرانے کے لوگ کہتے ہیں: وائل بن حجر کی کنیت ابوہنیدہ تھی اور محمد بن حجر نے شاعر کا یہ شعر پڑھا: ع

''اغرّ ابوہنیدہ نے تعلقات اور کشادہ گھر دے کر مجھ سے محبت نبھائی''۔

۱۰۶۷۸ ابوهود

سعید بن یربوع مخزومی، ناموں میں تذکرہ گزر چکا ہے۔

۱۰۶۷۹ ابوالهیثم

عباس بن مرداس۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے الکنٰی المجردۃ میں ان کی یہ کنیت لکھی ہے۔ ابواحمد کا قول ہے: ناموں میں ان کا ذکر ہوا ہے۔

۱۰۶۸۰ ابوالهیثم بن التیهان ✿

ابن مالک بن عتیک بن عمرو بن عبدالاعلم بن عامر بن زعوراء انصاری اوسی۔ زعوراء عبدالاشہل کے بھائی ہیں۔ بقول بعض تیہان لقب ہے اور نام مالک ہے، کنیت سے مشہور ہیں۔ المصنّف عبدالرزاق میں لکھا ہے ان کا نام عبداللہ ہے۔ ✿ ابن اسحاق شرکاءِ بدر میں فرماتے ہیں: ابوالہیثم جن کا نام مالک ہے اور ان کے بھائی عتیک دونوں تیہان کے بیٹے ہیں، اور بیعة العقبة میں فرماتے ہیں: بنی عبدالاشہل کے نقیب اسید بن حضیر اور ابوالہیثم بن تیہان تھے۔ ابن السکن کا قول ہے: ابن اسحاق ✿ کا بیان ہے ابوالہیثم کا تعلق بنی عمرو بن الحاف بن قضاعہ سے بنی عبدالاشہل کے حلیف ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں اور عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہما میں مواخات قائم کی۔ تمام معرکوں میں شریک رہے۔ یہی موسیٰ بن عقبہ کا بحوالہ ابن شہاب شرکاءِ بدر و بیعت عقبہ کے بارے میں قول ہے۔ سب سے پہلے انہوں نے بیعت کی۔

ابن السکن فرماتے ہیں: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ابوالہیثم بن تیہان کا واقعہ نقل کرتے ہے، جب انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما نے دیکھا تھا۔ ایسا ہی عکرمہ سے بحوالہ ابن عباس رضی اللہ عنہما یہ واقعہ طویل منقول ہے جس میں سے بعض نے مختصراً حدیث نقل کی ہے: جس سے مشورہ لیا جائے وہ امانت دار ہے۔ جو ابوالہیثم سے مسنداً بیان کی ہے۔ ان سے ایک اور حدیث بھی مروی ہے پھر بحوالہ مالک بن تیہان یہ روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس نے السلام علیکم کہا اس کے لیے دس نیکیاں لکھی جائیں گی، اور جس نے السلام علیکم و رحمة اللّٰہ کہا اس کے لیے بیس (۲۰) نیکیاں لکھی جائیں گی اور جس نے السلام علیکم و رحمة اللّٰہ و برکاته کہا اس کے لیے تیس (۳۰) لکھی جائیں گی''۔ فرماتے ہیں: ابوالہیثم سے مروی تمام روایات

✿ المعجم الکبیر (۸۰۷/۲۲) مجمع الزوائد (۲۰۷/۷) اسد الغابہ (۱۲۳/۵)

✿ اسد الغابہ (۶۳۲۴) تجرید (۲۱۰/۲) ✿ السیرة النبویة (۶۵/۲) ✿ ایضًا

Marfat.com

قابل نظر ہیں۔ کسی سند سے کوئی روایت ثابت نہیں۔ کیونکہ ان کی وفات بہت پہلے ہوگئی تھی۔ بقول بعض: ۲۰ھ میں فوت ہوئے۔ ایک قول ہے: صفین میں ۲۷ھ میں فوت ہوئے۔ ابوعمر اصمعی سے نقل کرتے ہیں، فرمایا: میں نے ابوالہیثم کی قوم سے پوچھا، انہوں نے بتایا: ان کا انتقال نبی ﷺ کی حیات میں ہوا تھا۔ فرماتے ہیں: اس قائل کی کسی نے متابعت نہیں کی۔ لکھتے ہیں، بقول بعض: ان کا انتقال ۲۱ھ میں ہوا۔ بقول بعض بلکہ اکثریت کا یہ قول ہے کہ جنگ صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ساتھ دیا۔ ایک قول ہے: اسی میں شہید ہوئے۔ یہ قول ابوبشر دولابی نے بطریق صالح بن الوجیہ نقل کیا ہے کہ صفین میں شہید ہونے والوں میں ابوالہیثم بن التیہان اور عبدالرحمٰن بن بُدیل وغیرہ ہیں۔ پھر ابوعمر سند کے ساتھ بطریق ابونعیم فضل بن دکین روایت کرتے ہیں کہ ابوالہیثم حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ساتھ دیتے شہید ہوئے۔ حاکم فرماتے ہیں، بقول بعض: عہد نبوی میں فوت ہوئے۔ بعض نے کہا: ۲۰ھ میں بعض نے ۲۱ھ میں، کسی نے کہا: صفین میں شریک ہوئے۔ زیادہ درست قول یہی ہے کہ ۲۰ھ یا ۲۱ھ میں فوت ہوئے۔

امام واقدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: مجھے معلوم نہیں کہ کوئی اس صفین میں ان کی شہادت سے خبردار ہو۔ ۲۰ھ والا قول ابن ابی خیثمہ نے صالح بن کیسان سے بحوالہ زہری نقل کیا ہے۔ ابوربیع بن سالم کلاعی نے نبی ﷺ کی وفات کے موقعہ پہ ابوالہیثم کا مرثیہ پڑھا ہے:

''جس صبح ہمیں حضرت محمد نبی کریم ﷺ کی وفات کی خبر سنائی گئی تو ہماری ناکیں اور کان کٹ کے رہ گئے''۔

۱۰۶۸۱ ابوالهیثم*

دوسرے ہیں۔ ابوموسیٰ نے ذیل میں ان کا ابن تیہان سے علیحدہ ذکر کیا ہے جو درست اقدام ہے۔ اور بطریق طبرانی ولید بن مسلم تک ان کی سند سے بواسطہ ابن لہیعہ، بکر بن سوادہ سے بحوالہ ابوالہیثم روایت کی ہے، فرمایا: مجھے رسول اللہ ﷺ نے وضو کرتے دیکھا تو فرمایا: ''ابوالہیثم! پاؤں کا تلوا دھیان سے دھونا! (خشک نہ رہ جائے)''۔ کسی مسند والے نے یہ حدیث مسند ابوالہیثم بن التیہان میں درج کر دی ہے جو بہتر نہیں، اس واسطے کہ بکر بن سوادہ نے اُن کا دور نہیں پایا ہے جس سے معلوم ہوا یہ اور ہیں۔

۱۰۶۸۲ ابوالهیثم

بن عتبہ بن ابی لہب بن عبدالمطلب بن ہاشم ہاشمی۔ ایک حدیث میں ان کا ذکر آتا ہے جس سے ان کا صحابی ہونا معلوم ہوتا ہے، چنانچہ میں ابوالحسن بن السری، جو ابن السنی کی اولاد کے ماموں ہیں، کی کتاب السنۃ میں پڑھا محمد بن صالح، مروان بن ضرار فزاری، عبدالرحمٰن بن الحکم بن البراء بن قبیصہ ثقفی، ان کے سلسلۂ سند سے منقول ہے، فرمایا: ہم سے ابی نے بواسطہ عامر بن الاسود بحوالہ عبداللہ بن الغسیل روایت کی ہے، فرمایا: میں نبی ﷺ کے ساتھ تھا، آپ ﷺ عباس کے پاس سے گزرے، فرمانے لگے: چچا جان! اپنے بیٹے میرے ساتھ بھیجو، تو ابوالہیثم بن عتبہ بن ابی لہب نے کہا: چچا جان! میرے آنے تک ٹھہریئے لیکن وہ نہ آئے تو حضرت عباس رضی اللہ عنہما اپنے چھ (۶) بیٹوں کو لے کر روانہ ہوگئے..... پھر ایک واقعہ نقل کیا۔

---

* اسد الغابہ (۶۳۲۵) تجرید (۲۱۰/۲)

* المعجم الکبیر (۹۱۱/۲۲) مجمع الزوائد (۲۳۰/۱) جامع المسانید (۷۱۷/۱۴) اسد الغابہ (۱۲۳/۵)

Marfat.com

۱۰۶۸۳ ابوالهیثم (جنات میں سے ایک)

شبلی نے ''آکام المرجان'' میں لکھا ہے کہ مدینہ میں ایک شخص آیا جس نے ابوموسیٰ اشعری کے بارے میں کوئی بات بیان کی جو پھیل گئی، لیکن کوئی اس شخص کو نہ پہچان سکا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تک بات پہنچی، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ جنات میں سے ابوالہیثم تھا جو مسلمانوں کا جنات کی طرف سے قاصد ہے۔ عنقریب انسانوں کا قاصد بیان ہوگا، اس کے کچھ دِن بعد وہ آ گیا۔

۱۰۶۸۴ ابوهیصم مزنی

ابن زبالہ کی اخبارِ مدینہ نامی کتاب میں ان کا ذکر ہوتا ہے۔ زبیر بن بکار کا قول ہے: ابوہیصم مزنی سے بحوالہ ان کے والد منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بلا کر فرمایا: میں تمہیں اس وادی پر مقرر کرنے والا ہوں جو تمہارے پاس ادھر یا ادھر سے آنا چاہے اس (کی سواری) کو روک دینا۔ انہوں نے عرض کی: میں صرف بیٹیوں والا ہوں میرا کوئی (مرد) معاون نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب اللہ تعالیٰ تجھے بیٹے سے نوازے گا اور تمہارے وارث بنائے گا۔ فرماتے ہیں: وہ اس پر مقرر ہو گئے، بعد میں ان کے بیٹا ہوا۔ پھر حکمران اس پر مقرر کرنے لگے۔ اسی سند سے محمد بن ہیصم تک منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بقیع کے درمیان میں چڑھ کر نماز پڑھی۔

القسم الثانی ازحرفِ ہاء

۱۰۶۸۵ ابوهارون

مسعود بن الحکم الزرقی، ناموں میں تذکرہ ہوا ہے۔

القسم الثالث ازحرفِ ہاء

۱۰۶۸۶ ابوهاشم بن مسعود

بن سنان بن ابی حارثہ المزنی، دورِ نبوی پایا ہے۔ ابراہیم بن محمد بن زیاد بن سوید بن ابی ہاشم ان کی اولاد سے ہے، وہی اس شعر کے قائل ہیں: ع

''تم نے جب بھی کوئی کام کیا تو تمہارے دونوں حالوں میں سے تمہارے پاس وہی ہے جو میرے پاس ہے''۔

القسم الرابع ازحرفِ ہاء

۱۰۶۸۷ ابوهاشم* (مولا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم)

تابعی ہیں، مرسل حدیث ذکر کی ہے جس کی وجہ سے ابوموسیٰ نے ''ذیل علی المعرفة'' میں ان کا ذکر کر دیا اور بطریق ابونعیم غالباً ان کی کتاب فضائل الصحابہ میں بطریق یحییٰ بن یعلی بواسطہ ابوعبدالرحمٰن حلو بن السری ازدی بحوالہ ابوہاشم مولا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

---

* اسد الغابہ (٦٣١٤) تجرید (٢٠٩/٢)

Marfat.com

روایت کی ہے۔ فرماتے ہیں: میری والدہ رسول اللہ ﷺ کی باندی تھیں، آپ ﷺ نے میرے والدین کو آزاد کیا تھا کہ رسول اللہ ﷺ مسجد سے تشریف لائے تو اپنی بیٹی کے گھر گئے تو وہ لوگ قیلولہ کر رہے تھے، ان پر دھوپ پڑ رہی تھی، آپ ﷺ ان کے سرہانے کھڑے ہو گئے، آپ ﷺ پر خیبر کی چادر تھی ان کے آگے چادر پھیلا کر فرمایا: ''اے دیہات اور شہر کے پسندیدہ دونوں کھڑے ہو جاؤ''۔ تین بار ✿ ایسا فرمایا اور بطریق عبداللہ بن موسیٰ، حلو الازدی، بواسطہ ابوہاشم بحوالہ ان کے والد جو مولا رسول اللہ ﷺ تھے، فرمایا: رسول اللہ ﷺ ایک غزوہ پر روانہ ہوئے، پھر لمبی حدیث ذکر کی۔ ابوموسیٰ فرماتے ہیں: اس سے معلوم ہوا یہ حدیث ابوہاشم کے والد کی ہے جو یحییٰ بن یعلی سے مروی ہے، فرمایا: **عن حلو عن ابی هاشم عن ابیه**۔

۱۰۶۸۸ ابوهاشم نافع

بقول امام مسلم: نام عمر ہے ان سے ان کا بیٹا عبداللہ روایت کرتا ہے۔ جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: نافع مولا بنی ہاشم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سماع کیا ہے، یہ حکم بن عیینہ کا بواسطہ ابن قانع بحوالہ ان کے والد نقل کردہ قول ہے جسے حاکم نے نقل کیا ہے۔ پھر فرمایا: محمد بن اسمٰعیل کی بات دل کو لگتی ہے۔

میں کہتا ہوں: گویا وہ سمجھے کہ امام مسلم کا قول ''ابوہاشم'' لفظی غلطی ہے۔ اصل میں بنی ہاشم تھا، اگر ایسا ہی ہے جیسا امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں لکھا ہے تو پھر یہ قسم ثالث سے تعلق رکھتے ہیں۔ واللہ اعلم!

۱۰۶۸۹ ابوهند انصاری ✿

ابن مندہ نے انہیں بیاضی سے علیحدہ ذکر کیا ہے، جبکہ دونوں ایک ہیں۔ ابن مندہ کہتے ہیں: حجاج نے ابن جریج سے بواسطہ ابوزبیر بحوالہ جابر روایت کی جس میں انہیں وہم ہوا۔ جبکہ ابوزبیر کے شاگردوں نے ابوزبیر سے بحوالہ جابر نقل کیا ہے کہ ابوحمید نبی ﷺ کے پاس ایک برتن لے کر آئے۔ یہی درست ہے۔ ابن مندہ کا میلان اس طرف ہے کہ ابوحمید سے لفظی غلطی ہے۔ اور ابن السکن نے ان کا تذکرہ ابوہند بیاضی کے حالات میں کر کے درست اقدام کیا ہے۔ اور ساتھ خبردار بھی کیا ہے کہ محفوظ حدیث ابوحمید کے حوالہ سے ہے۔ دونوں تقدیروں کے باوجود انہیں زائد شمار کرنا غلط ہے۔ ابن السکن نے اسے بیان کیا ہے جو بروایت زیاد بن ایوب عن حجاج ہے، پھر فرمایا بقول بعض: یہ غلط ہے، کیونکہ زکریا بن اسحاق نے اسے ابوزبیر سے بواسطہ جابر بحوالہ ابوحمید نقل کیا ہے۔ اسی طرح اعمش نے یہ روایت ابوسفیان سے بواسطہ جابر بحوالہ ابوحمید نقل کی ہے۔

۱۰۶۹۰ ابوهند البجلی

شامی تابعی ہیں۔ کوئی ایک روایت مرسلاً نقل کی ہے جس کی وجہ سے عسکری نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا تذکرہ کر دیا ہے۔ عبدالحق ''الاحکام'' میں لکھتے ہیں: مشہور ہیں۔ ان سے عبدالرحمٰن بن ابی عوف روایت کرتے ہیں، ان کی حدیث ابوداؤد اور نسائی میں ہے۔

✿ جامع المسانید (۷۱۱۱٤) اسد الغابہ (۱۱۸/۵) ✿ تجرید (۲۱۰/۲)

Marfat.com

حرف واؤ

القسم الاوّل ازحرفِ واؤ

۱۰۶۹۱ ابوواثلہ الھذلی *

بقول ابن عساکر: صحابی ہیں۔ فتوحاتِ شام میں شریک ہوئے۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مسند میں ان کی حدیث بطریق ابن اسحاق روایت کی ہے۔ ابان بن صالح، شہر بن حوشب سے بحوالہ ان کی قوم کے ایک آدمی روایت کی ہے کہ انہوں نے اپنے والد کے بعد اپنی والدہ سے شادی کر لی، طاعون عمواس میں شریک تھے۔ فرماتے ہیں: جب بیماری نے شدت اختیار کی تو ابوعبیدہ کھڑے ہوکر ان کی وفات کی اور پھر معاذ بن جبل کی وفات کی خبر سنائی۔ ان کے بیٹے عبدالرحمٰن نے موصولاً ذکر کی ہے۔ پھر عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے، اور فرمایا: اس بیماری کی وجہ سے پہاڑوں میں چھپ جاؤ۔ تو ابوواثلہ ہذلی نے ان سے کہا: اللہ کی قسم! تم غلط کہتے ہو! میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہا، تم تو میرے اس گدھے سے بھی برے ہو۔ انہوں نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں تمہاری بات کی تردید نہیں کر رہا۔ پھر وہاں سے نکلے اور لوگ بھی نکل کر اِدھر اُدھر پھیل گئے۔ اللہ تعالیٰ نے ان سے یہ بیماری ہٹالی۔ *

ابن عساکر لکھتے ہیں: مجھے صرف اس روایت سے ان کا علم ہوا ہے یہی واقعہ دوسری سند سے منقول ہے جو مفہوم کے اعتبار سے شرحبیل بن حسنہ کی طرف منسوب ہے شاید کئی لوگوں نے حضرت عمرو کی تردید کی ہو۔ واللہ اعلم!

۱۰۶۹۲ ابوواقد لیثی *

نام میں اختلاف ہے، حارث بن مالک/ ابن عوف/عوف بن حارث بن اسید بن جابر بن عبدمناۃ بن شجع بن عامر بن لیث بن بکر بن عبدمناۃ بن علی بن کناۃ۔ بنی اسد کے حلیف تھے۔ بقول امام بخاری، ابن حبان، حاکم اور باوردی: بدر میں شریک ہوئے۔ ابوعمر فرماتے ہیں: بقول بعض بدر میں شریک رہے جس کا ثبوت نہیں۔ ابن سعد فرماتے ہیں: بہت پہلے اسلام لے آئے تھے، فتح مکہ اور حنین میں بنی لیث، ضمرہ اور سعد بن بکر کے پرچم بردار تھے۔ اور غزوۂ تبوک میں بنی لیث کو جنگ میں شرکت کی ترغیب دی۔ مکہ گئے تھے وہاں سال بھر مقیم رہے اور پھر وفات پا گئے۔ دوسرے مقام پر لکھتے ہیں: مقبرۂ مہاجرین میں دفن ہوئے۔

روایت حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر، عمر اور اسماء رضی اللہ عنہا بنت ابی بکر سے روایت کی ہے ان سے ان کے دونوں بیٹے

---

* اسد الغابہ (٦٣٢٦) تجرید (٢١٠/٢) * مسند احمد (١٩٦/١)

* اسد الغابہ (٦٣٢٧) تجرید (٢١٠/٢)

Marfat.com

عبدالملک اور واقد، ابوسعید خدری، عطاء بن یسار اور عروہ وغیرہ روایت کرتے ہیں۔ اہل مدینہ میں شمار ہوتے ہیں۔ ابونعیم اس شخص پر اعتراض کیا ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ یہ بدر میں شریک ہوئے تھے۔ وہ لکھتے ہیں: فتح مکہ کے سال یا اس سے پہلے مسلمان ہوئے اور وہ خود بتاتے ہیں: ہم حنین میں شریک تھے اور تازہ تازہ کفر کو خیر باد کہا ہوا تھا۔ زہری رحمۃ اللہ علیہ نے صراحت کی ہے کہ فتح مکہ کے روز اسلام، جسے سنان بن ابی سنان دئلی سے مسنداً بیان کیا ہے اور ابن مندہ نے اسے زہری تک کی صحیح سند کے ذریعہ نقل کیا ہے جو ان کے بدر میں شریک ہونے کا قائل ہے، اس کی دلیل وہ روایت ہے جو یونس بن بکیر نے مغازی ابن اسحاق بحوالہ ان کے بواسطہ اپنے والد نقل کی ہے کہ بنی مازن کے لوگ بحوالہ ابوواقد روایت کرتے ہیں، انہوں نے فرمایا: بدر کے روز میں ایک مشرک کو اپنی تلوار سے قتل کرنے کے درپے تھا کہ اس تک میری تلوار پہنچنے سے پہلے ہی اس کا سر قلم ہو گیا۔ میں سمجھا کہ میرے علاوہ کسی نے اسے قتل کر دیا ہے۔ اسی طرح واقدی کی روایت اس سے ٹکراتی ہے جو کہتا ہے: ''وہ بدر میں شریک ہوئے تھے''۔ ان کا انتقال ۶۸ھ پچھتر (۷۵) برس کی عمر میں ہوا، جس کا تقاضا ہے ان کی ولادت معرکۂ بدر کے بعد ہوئی۔ اس لحاظ سے وہ بدر میں بارہ سال کے ہوں گے، اسی پر ابوحسان زیادی کا قول منطبق (فِٹ) آتا ہے کہ یہ اسی سال پیدا ہوئے جس سال ابن عباس رضی اللہ عنہما کی ولادت ہوئی۔

ابوعمر نے واقدی کے قول کی موافقت کی ہے، پھر لکھتے ہیں: بقول بعض ۸۵ھ میں فوت ہوئے۔ اس آخری قول پر بغوی وغیرہ نے اعتماد کیا ہے۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: خلافت معاویہ میں فوت ہوئے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اسحاق مولا محمد بن زیاد سے صحیح سند کے ذریعہ روایت کی ہے کہ انہوں نے ابوواقد کو فرماتے سنا: یرموک میں مَیں نے دشمن کا ایک شخص گر کر مرتے دیکھا۔ یہ روایت خلیفہ نے اسی سند سے نقل کی ہے۔ انہوں نے لکھا: اسحاق مولا زائدہ، اس کے آخر میں یہ اضافہ نقل کیا ہے۔ میں دِل میں کہنے لگا: اگر میں انہیں چادر کے پلو سے بھی مارتا تو وہ مر جاتے۔ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: مسند ابن اسحاق میں غیر معروف راوی ہیں۔ صحیح بات وہی جو زہری بحوالہ سنان بیان کی ہے۔ ابن اسحاق نے جو قصہ ابوواقد کا بیان کیا ہے وہ یرموک کے روز پیش آیا جیسا کہ پہلے بیان ہوا ہے۔

۱۰۶۹۳ ابوواقد ✿ (مولا النبی صلی اللہ علیہ وسلم)

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے کہ ان سے زاذان بن عمر نے روایت کی ہے۔ پھر بواسطہ زاذان بحوالہ ان کے مرفوع روایت کی ہے: ''جس نے اللہ کی اطاعت کی اس نے اللہ کا ذکر کیا اگرچہ وہ بکثرت نماز پڑھتا، روزے رکھتا اور قرآن کی تلاوت کرتا ہو''.....۔ (حدیث) ✿

۱۰۶۹۴ ابوواقد ✿

ذہبی لکھتے ہیں: ممکن ہے وہ ہوں جن کے متعلق امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے بدر میں شریک ہوئے اور لیثی کے علاوہ کوئی

✿ اسد الغابہ (٦٣٢٨) تجرید (٢/٢١٠) ✿ مجمع الزوائد (٢/٢٥٨) جامع المسانید (١٤/٧٢٨) ✿ تجرید (١٧٣)

Marfat.com

صاحب ہیں۔

۱۰۶۹۵ ابوواقد نمیری ✿

ابن شاہین نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے اور بطریق ابن خثیم بواسطہ نافع بن سرجس بحوالہ ابوواقد نمیری روایت کی ہے کہ ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو بہت کم دعا سے نوازتے اور اور اپنے اوپر ہمیشہ درود بھیجتے تھے''۔ ✿

۱۰۶۹۶ ابووَحوَح انصاری ✿

بغوی نے ان کا ذکر کیا اور بطریق ابن لہیعہ، حارث بن یعقوب سے بواسطہ ابوشعیب مولا ابووَحوَح روایت کی ہے کہ ہم نے ایک میت کو غسل دیا، اتنے میں ابووحوح انصاری صحابیٔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آ گئے۔ انہوں نے بغلوں تک کپڑا اٹھایا ہوا تھا اور اسے ظاہر کر رہے تھے۔ فرمانے لگے: ''اللہ کی قسم! ہم (مسلمان) زندہ ہوں یا مردہ نجس نہیں ہوتے، اللہ کی قسم! مجھے خدشہ ہے یہ کام (میت کو غسل دینے کے بعد غسل کرنا) سنت نہ ہو جائے''۔ ✿

۱۰۶۹۷ ابووداعہ السہمی ✿

نام حارث بن صبرہ ہے یہ اور ان کا بیٹا مطلب فتح مکہ کے موقعہ پر مسلمان ہوئے۔ ابن عبدالبر نے فرمایا: اور ابن مندہ نے سنداً بحوالہ ابووداعہ سہمی روایت کی ہے، فرمایا: ''میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو باب بنی سہم میں نماز پڑھتے دیکھا لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز پڑھ رہے تھے''۔ حالانکہ یہ حدیث ابوسفیان بن عبدالرحمٰن بن ابی وداعہ سے مروی ہے۔

۱۰۶۹۸ ابوودیعہ

بغوی نے ان کا بغیر کسی حدیث کے ذکر کیا ہے۔

۱۰۶۹۹ ابوالورد المازنی ✿

ابوعمر نے ان کا ذکر کیا ہے کہ بقول بعض ان کا نام حرب ہے اور صحابی ہیں۔ مصر کے رہائشی تھے مصریوں سے ان کی ایک حدیث مروی ہے: ''ایسے سریئے (غزوے) سے بچو اگر دشمن سے مقابلہ ہو تو بھاگنا پڑے اور جب غنیمت حاصل ہو تو اس میں خیانت ہو جائے''۔ ✿ ان سے مرفوع بھی روایت کی جاتی ہے، ابن لہیعہ نے اسے یزید بن ابی حبیب سے بواسطہ لہیعہ بن عقبہ بحوالہ ان کے نقل کیا ہے۔

میں کہتا ہوں: اسے ابن ماجہ اور بغوی نے نقل کیا ہے، عبید بن قیس کے حالات میں ان کا ذکر ہوا ہے وہیں ان کے نام میں اختلاف کا بیان ہے۔

✿ اسد الغابہ (٦٣٢٩) تجرید (٢١٠/٢) ✿ مسند احمد (٢١٩/٥) المعجم الکبیر (٣٣١٢/٣) جامع المسانید (٧٢٥/١٤)
✿ اسد الغابہ (٦٣٣١) تجرید (٢١١/٢) ✿ اسد الغابہ (١٢٥/٥) ✿ اسد الغابہ (٦٣٣١) تجرید (٢١١/٢)
✿ اسد الغابہ (٦٣٣٤) تجرید (٢١١/٢) ✿ المعجم الکبیر (٩٥٣/٢٢)

Marfat.com

۱۰۷۰۰ ابوالورد بن قیس [1]

بن فہد (قہد) انصاری۔ بقول ابن کلبی: صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ساتھ دیا۔ ابوعمر نے سابقہ شخصیت سے انہیں خلط ملط کر دیا ہے۔ مجھے لگتا ہے بظاہر یہ اور ہیں۔

۱۰۷۰۱ ابوالورد (بے نسبت)

بقول ابن مندہ: حبیب بن الشہید بواسطہ محمد بن سیرین بحوالہ ابوایوب انصاری روایت کرتے ہیں کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اپنا چچا زاد بھائی لے کر آئے، ایک سرخ رنگ کا آدمی آپ سے بیعت کر رہا تھا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا: "یا ابَا الورد"۔ انہوں نے اور عبدان نے بطریق جبارہ بن المغلّس ابن المبارک سے بواسطہ حمید الطّویل، ابن الدرداء سے بحوالہ اپنے والد روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سرخ رنگ کے شخص کو دیکھ کر فرمایا: "تم ابوالورد [2] ہو"۔ فرماتے ہیں: مجھے خیال آتا ہے یہ وہی ہیں جن کا ابوایوب نے ذکر کیا ہے۔

۱۰۷۰۲ ابوالوصل [3]

ابوموسیٰ نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے اور ابن مندہ نے اپنی تاریخ میں ان کے کسی پوتے کے حالات میں ان کا ذکر کیا ہے۔ لیکن صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کرنے سے غفلت ہوگئی۔ پھر بطریق احمد بن رشدین بحوالہ ابوالوصل صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روایت کی ہے کہ ابوالوصل نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غزوات میں شرکت کی۔ [4] ابراہیم بن اسمٰعیل کے حالات میں اس کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۷۰۳ ابوالوقاص [5] (بے نسبت)

مستغفری نے اور ابوموسیٰ نے اپنے استدراک میں ان کے طریق سے پھر بروایت صالح بن سلیمان بحوالہ ابووقاص صحابیٔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کا ذکر کیا ہے، قیامت کے روز مؤذنوں کے اللہ تعالیٰ کے ہاں حصہ مجاہدین کی طرح ہوگا وہ اذان و اقامت کے درمیانی گھڑی میں اللہ کی راہ میں خون میں لتھڑے ہوئے شخص کا درجہ رکھیں گے۔ [6] حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "اگر میں مؤذن ہوتا تو میرا معاملہ صاف تھا"۔ [7] اس میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ایک مرفوع روایت کی جاتی ہے اسی میں ہے: "اللہ تعالیٰ نے مؤذنوں کے گوشت کو جہنم کے لیے حرام کر دیا ہے"۔

اس سے پتہ چلتا ہے مذکورہ واقعہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ اسی لیے یہ بات فرمائی، لہٰذا اس صحابی سے حدیث مرفوع منقول ہوئی۔ بظاہر یہی ہے کیونکہ ایسی بات رائے سے نہیں کہی جا سکتی۔ یہ بھی احتمال ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اسے بیان کیا ہو اور

---

[1] سابقہ شخصیت کے حالات میں۔ [2] المعجم الکبیر (۹۵۳/۲۲) [3] اسد الغابہ (۶۳۳۵) تجرید (۲۱۱/۲)
[4] اسد الغابہ (۱۲۶/۵) [5] اسد الغابہ (۶۳۳۶) تجرید (۲۱۱/۲) [6] خون میں لت پت۔
[7] جامع المسانید (۷۳۲/۱۴) اسد الغابہ (۱۲۶/۵)

Marfat.com

آپ نے سن کر بیان کر دیا ہو۔ پھر دوسری سند کے ذریعہ بواسطہ صالح بن سلیمان اس کا مفہوم نقل کیا ہے اس میں یہ اضافہ ہے: عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''مجھے اس کی کوئی پروانہیں میں اگرچہ حج، عمرہ اور جہاد نہ کروں''۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں، ان لوگوں کی دلیل یہ آیت ہے: ﴿اس سے بڑھ کر کس کا عمل اچھا ہوگا جو اللہ تعالیٰ کی طرف بلائے اور نیک عمل کرے﴾۔ ✿

میں کہتا ہوں: یہ صالح بن سلیمان ضعیف راوی ہے۔ اور ان کے شیخ غیاث کا تذکرہ ذہبی ✿ نے میزان میں کیا ہے کہ اس کی حدیث منکر ہے۔ میرے خیال میں اس کے علاوہ ان کی کوئی حدیث نہیں پھر اسے ذکر کیا۔

میں کہتا ہوں: جیسا انہوں نے سمجھا ایسی بات نہیں۔ یہ دوسرے ہیں۔ چنانچہ خطیب نے المؤتلف میں بروایت یعقوب بن سفیان بحوالہ صالح غیاث کے حالات ذکر کیے ہیں۔ پھر فرمایا: پھر انہوں نے لمبی حدیث ذکر کی، صحابی کی روایت سے اسے موصولاً نہیں ذکر کیا۔

۱۰۷۰۴ ابوالولید

حسان بن ثابت انصاری خزرجی، سہل بن حنیف انصاری۔ عبادہ بن الصامت اور عتبہ بن عبدالسلمی سب کا تذکرہ ناموں میں ہو چکا ہے۔

۱۰۷۰۵ ابووھب الجشمی ✿

ابوداؤد اور نسائی نے بطریق محمد بن مہاجر بحوالہ ابووہب جشمی جو صحابی ہیں روایت کی ہے جو گھوڑوں کے بارے میں ہے اس میں ''ان کی پیشانیوں پر ہاتھ پھیرا کرو''۔ اسی سند سے مرفوع روایت ہے: ''ایسا گھوڑا رکھو جس میں سرخ اور سیاہ رنگ ہو، جس کی پیشانی پر سفید ٹیکہ یا دھبہ ہو اور جس کے کھر سفید ہوں....''۔ (حدیث) ✿

بقول بغوی: شام کے رہائشی تھے ان کی دو حدیثیں ہیں پھر حدیث الخیل (گھوڑوں والی) نقل کی پھر یہ حدیث انبیاء کے نام رکھا کرو اور اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے زیادہ پسندیدہ نام عبداللہ اور عبدالرحمٰن ہے۔ (حدیث) ابن السکن اور کئی لوگوں نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ حاکم ''الکنیٰ'' میں لکھتے ہیں: صحابی ہیں، اہل یمامہ سے ان کی حدیث روایت کی جاتی ہے اور بطریق ابوزرعہ رازی، گھوڑوں کے بارے میں دونوں حدیثیں اور ناموں کے بارے میں جو حدیث ہے ایک سیاق سے نقل کی۔ اس کے آغاز میں بھی لکھتے ہیں: یہ صحابی ہیں۔ ادھر ابوحاتم رازی کے بیٹے نے جو ان سے علل میں روایت کی ہے اس میں ان جشمی کو الکاعی مشہور تابعی ہونے کا دعویٰ کیا ہے کہ کسی راوی کو ان کے بارے میں وہم ہوا ہے جو جشمی کہہ دیا۔ اور یہ بات انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔ ابن القطان الفاسی کا گمان ہے۔ ابن ابی حاتم کو ان جشمی کو الکاعی کے حالات کے ساتھ رلانے ملانے میں وہم ہوا ہے۔ میں بھی یہی سمجھتا تھا جیسا انہوں نے کہا پھر کتاب العلل کی طرف رجوع کیا تو دیکھا ان کا ذکر کتاب العین میں کیا ہے اور

✿ سورۃ فصّلت (۳۳) ✿ میزان الاعتدال (۳۳۸/۳) ✿ اسد الغابہ (۶۳۳۷) تجرید (۲۱۱/۲)

✿ ابوداؤد کتاب الجهاد باب ما يستحب من الوان الخيل (۲۵۴۳) (۲۵۵۳) (۴۹۵۰) نسائی کتاب الخيل (۳۵۵۷) مسند احمد (۳۴۵/۴) جامع المسانيد (۷۳۳/۱۴)

Marfat.com

اپنے والد کے حوالہ سے بیان کیا کہ انہوں نے اس حدیث کے بارے میں بڑی چھان پھٹک کی یہاں تک کہ یہ بات ظاہر ہوگئی کہ یہ حدیث ابووہب کلاعی سے مروی ہے اور ہے بھی مرسل، کسی راوی کو انہیں جشمی بتانے میں اور صحابی کہنے میں وہم ہوا ہے۔ جس کی بڑی وضاحت کی ہے۔

۱۰۷۰۶ ابووھب

صفوان بن امیّہ الجمحی، شجاع بن وہب اسدی، ولید بن عقبہ اسدی اور مجزأۃ بن ثور۔ سب کا ناموں میں ذکر ہوا ہے۔

۱۰۷۰۷ ابووھب الجیشانی *

دیلم بن ھوشع۔ حرف دال میں ان کے حالات کی تفصیل بیان ہو چکی ہے، اعادہ کی ضرورت نہیں۔

۱۰۷۰۸ ابووھب انصاری *

نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ جب آدمی سونے لگے تو کیا کہے، جو بروایت خالد بن معدان ہے۔ * ذہبی لکھتے ہیں: یہ روایت سلفی نے فوائد ابن طیوری میں سے انتخاب میں ذکر کی ہے کہ اس کی سند قوی ہے اور شاید مرسل ہے۔

۱۰۷۰۹ ابووھب الکلبی *

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا اور بطریق سعد بن الصلت بحوالہ یحییٰ بن وہب کلبی روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے آلِ اکیدر کی جانب ایک خط بھیجا جس میں تھا: ''انہیں ظلم سے امان ہے''۔ ان دنوں آپ کے پاس مہر نہ تھی آپ ﷺ نے اپنے ناخن سے مہر لگا دی۔ واقدی کا بیان ہے: یہ اسحاق بن حبان سے بحوالہ یحییٰ بن وہب مروی ہے ابونعیم کا دعویٰ ہے یہ شاہِ دومۃ الجندل عبدالملک ہیں، جس میں تامّل ہے۔ ابن الاثیر نے اس کی تردید کی ہے مجھے بھی ان کی بات درست لگتی ہے۔

القسم الثانی ازحرفِ واؤ

۱۰۷۱۰ ابوالولید

عبداللہ بن عبداللہ بن الھادی ناموں میں ذکر ہوا ہے۔

القسم الثالث ازحرفِ واؤ

۱۰۷۱۱ ابووائل

شقیق (شقیف) ابی سلمہ (ابوسلمہ اسدی کے سگے بھائی) ناموں میں ذکر ہوا ہے۔

۱۰۷۱۲ ابووَجْزہ سعدی

دورِ نبوی ﷺ پایا ہے۔ بقول ابن عساکر: میرے خیال میں یہ ابووجزہ شاعر کے دادا ہیں، جن سے ہشام بن عروہ نے

---

* اسد الغابہ (۶۳۸) تجرید (۲۱۱/۲) * تجرید (۲۱۱/۵) * تجرید (۱۷۲) * اسد الغابہ (۶۳۳۹) تجرید (۲۱۱/۲)

Marfat.com

روایت کی ہے۔ شام حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ آئے۔ پھر بطریق ابورجاء تیمی روایت کی ہے کہ سائب بن یزید مخزومی نے فرمایا: جب حضرت عمر شام تشریف لائے تو لوگوں کو خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی تعریف کرنے سے روک دیا، اتنے میں ابووجزہ آ گئے، خالد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس تھے، کہنے لگے: تو خالد یہاں ہیں؟ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے چہرہ سے نقاب ہٹا دیا تو ابووجزہ بولے: اللہ کی قسم! آپ ان لوگوں میں سے خوبصورت گال بزرگ دادا والے، زیادہ عزت والے، زیادہ عطا کرنے والے ہیں۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں مدینہ دیکھا تو فرمایا: کیا میں نے تمہیں خالد کی مدح سے منع نہیں کیا تھا۔ ابووجزہ بولے: جو ہمیں عطا کرتا ہے ہم اس کی مدح کرتے ہیں اور جو محروم رکھتا ہے اسے ایسے ہی برا بھلا کہتے ہیں جیسے غلام اپنے آقا کو برا بھلا کہتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ابووجزہ! غلام اپنے آقا کو کیسے برا بھلا کہتا ہے؟ کہا: جہاں سے اسے معلوم نہ ہو اور نہ سن سکے۔

ابن عساکر نے یہ جواز پیش کیا ہے کہ ممکن ہے یہ حارث بن ابی وجزہ ہوں جن کا قسم اوّل میں ذکر ہوا ہے، جو ٹھیک نہیں۔ کیونکہ وہ قرشی ہیں۔ اور یہ سعدی ہیں اور دونوں واقعات کا طرزِ بیان بہت مختلف ہے۔

القسم الرابع ازحرفِ واؤ

۱۰۷۱۳ ابووَدیعہ * (بے نسبت)

ابوموسیٰ نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے کہ محمد بن المسیب اور جعفر مستغری نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے، اور دونوں کے طریق سے بروایت بشر بن ولید، ابومعشر، بواسطہ مقربی، ان کے والد سے بحوالہ ابوودیعہ صحابیٔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس نے جمعہ کے روز غسل جنابت کی طرح غسل کیا اور اپنے پاس رکھے تیل یا خوشبو کو لگایا اور اپنے پاس رکھے عمدہ کپڑے پہنے اس کے بعد مسجد میں پہلے سے بیٹھے دو آدمیوں کے درمیان نہیں بیٹھا، اور امام کے آنے تک خاموش رہا۔ تو اس کے دو جمعوں کے درمیانی گناہوں کی بخشش کر دی جائے گی''۔ *

میں کہتا ہوں: سند میں راوی کا یہ کہنا ''صحابیٔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم'' وہم ہے کیونکہ یہ ابوودیعہ مشہور تابعی ہیں ان کا نام عبداللہ بن ودیعہ ہے ان کی حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے بطریق ابن ابی ذئب، سعید بن المقبری سے بواسطہ ان کے والد بحوالہ سلمان روایت کی ہے۔ اسے یحییٰ بن قطان نے محمد بن عجلان سے بواسطہ سعید نقل کیا تو سلمان کی جگہ فرمایا: ابوذر سے مروی ہے، جسے ابن ماجہ نے نقل کیا ہے اور ابن الاثیر * نے اسی کو برقرار رکھا اس کی علت سے خبردار نہیں ہوئے۔ اس سے بڑھ کر ذہبی * نے کمال کر دیا وہ تجرید میں لکھتے ہیں: مستغفری نے مقارب سند سے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے یعنی جو ابوموسیٰ نے روایت کی ہے۔

میں کہتا ہوں: ابومعشر وہ نجیح مدنی، ضعیف راوی ہیں اور اس کی سند واقعی مقارب ہے جیسا انہوں نے کہا اگر مخالف نہ ہو لیکن مخالفت کے باوجود اتنا کہا جائے گا یہ منکر ہے۔ صحابی کا تذکرہ ساقط کرنے اور ان کی صفت باقی رکھنے میں ان سے غلطی ہوئی۔ واللہ المستعان!

---

* اسد الغابہ (٦٣٣٣) تجرید (٢١١/٢) * جامع المسانید (٧٢٩/١٤) التجرح والتعدیل (١٩٢/٥)
* اسد الغابہ (١٢٥/٥) * تجرید (١٧٣)

Marfat.com

حرف یاء

القسم الاوّل ازحرف یاء

۱۰۷۱۴ ابویحیٰی

صہیب بن سنان رومی۔ ابویحییٰ عبداللہ بن انیس الجھنی، ابویحییٰ، سنان، یحییٰ بن عباد کے دادا، سب کا تذکرہ ناموں میں ہوا ہے۔

۱۰۷۱۵ ابویحیٰی

اسید بن حضیر انصاری۔ بقول بعض: ان کی کنیت ابوعتیک ہے، پہلے تذکرہ ہوا ہے۔

۱۰۷۱۶ ابویحیٰی

مقدام بن معدیکرب کندی۔ بقول بعض: ان کی کنیت ابوکریمہ ہے۔

۱۰۷۱۷ ابویحیٰی

خریم بن فاتک اسدی، بقول بعض: ان کی کنیت ابوایمن ہے۔

۱۰۷۱۸ ابویحیٰی

خباب بن الارت تمیمی، بقول بعض: ان کی کنیت ابوعبداللہ ہے۔

۱۰۷۱۹ ابویحیٰی

سہل بن ابی حثمہ انصاری، بقول بعض: ان کی کنیت ابومحمد ہے۔

۱۰۷۲۰ ابویحیٰی

عبداللہ بن کعب بن عمرو بن عوف انصاری بدری۔ حاکم فرماتے ہیں، بقول واقدی: میں نے کسی انصاری سے سنا کہ ان کی کنیت ابویحییٰ ہے۔ سب کا تذکرہ ناموں میں ہوا ہے۔

۱۰۷۲۱ ابویحیٰی انصاری

از بنی حارثہ۔ ابن اسحاق نے عاصم بن عمر سے بحوالہ حضرت انس رضی اللہ عنہ ان کا ذکر کیا ہے کہ انصار کے دو آدمیوں کے گھر مسجد سے سب سے زیادہ دور تھے۔ ابولبابہ اور ابویحییٰ جن کا تعلق بنی حارثہ سے تھا، پھر فرماتے ہیں: طبرانی نے ابولبابہ کے حالات میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۷۲۲ ابویحیٰی انصاری

بقول بعض: مجھے معلوم نہیں آیا یہ صحابی ہیں یا نہیں۔ پھر بطریق لیث، عبداللہ بن یحییٰ سے بواسطہ ان کے والد بحوالہ ان کے دادا روایت کی ہے کہ ان کی دادی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں آئیں ان کے پاس ان کا زیور تھا..... (حدیث) اسی میں ہے: عورت کو اپنے مال میں اپنے خاوند کی اجازت کے بغیر کوئی تصرف کرنا جائز نہیں۔

Marfat.com

۱۰۷۲۳ **ابویربوع** سعید بن یربوع، ابواحمد نے ان کا ذکر کیا ہے ناموں میں ان کا تذکرہ ہو چکا ہے۔

۱۰۷۲۴ **ابویزید** عقیل بن ابی طالب ہاشمی۔

۱۰۷۲۵ **ابویزید** سہیل بن عمرو العامری۔

۱۰۷۲۶ **ابویزید** سائب بن یزید ابن اخت نمر۔

۱۰۷۲۷ **ابویزید** انیس بن مرثد بن ابی مرثد الغنوی۔

۱۰۷۲۸ **ابویزید** معن بن یزید الاخنس الاسلمی۔ ان سب کا تذکرہ بھی ناموں میں ہو چکا ہے۔

۱۰۷۲۹ **ابویزید** معقل بن سنان اشجعی، بقول بعض: ان کی کنیت ابومحمد یا ابوعبدالرحمٰن ہے پہلے ذکر ہو چکا ہے۔

۱۰۷۳۰ **ابویزید** حارثہ بن قدامہ بن مالک تمیمی، سعدی، بقول بعض: ان کی کنیت ابوایوب ہے، پہلے ذکر ہو چکا ہے۔

۱۰۷۳۱ ابویزید بن عمرو الجذامی ✿

واقدی نے جذام میں سے اسلام قبول کرنے والوں میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابوعلی جیانی اور ابن الدباغ نے اپنے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے۔ حرفِ زاء میں کنیتوں میں ابوزید جذامی کا تذکرہ ہوا ہے، معلوم نہیں یہ وہی ہیں یا کوئی اور ہیں؟

۱۰۷۳۲ ابویزید ✿ (حکیم کے والد)

ان کی ایک حدیث ہے جس میں عطاء بن سائب سے آگے اختلاف ہے۔ دوری لکھتے ہیں: ابن معین سے منقول ہے عطاء بن سائب نے حکیم بن ابی یزید الکرخی سے انہوں نے اپنے والد سے بحوالہ نبی ﷺ روایت کی ہے، کسی نے ان سے پوچھا کیا اُن کے والد صحابی ہیں، انہوں نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں۔

میں کہتا ہوں: اس میں اختلاف کی وضاحت کچھ اس طرح ہے۔ جریر عن عطاء عن حکیم بن ابی یزید الکرخی عن ابیہ قال قال رسول اللہ ﷺ.... لوگوں کو چھوڑ دو وہ ایک دوسرے سے جو کچھ حاصل کریں جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی سے خیر خواہی کا طالب ہو تو وہ اس سے خیر خواہی کرے''۔ ✿

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت تعلیقاً اور ابواحمد نے موصولاً ذکر کی ہے یہی قول عبدالوارث بن سعید کا بحوالہ عطاء ہے۔ اور حماد بن زید، اسمٰعیل بن علیہ نے عطاء سے اسی طرح نقل کی ہے۔ دونوں روایتوں کو ابن السکن نے درج کیا ہے اور ابن علیہ والی روایت حسن بن سفیان نقل کرتے ہیں۔ وہیب بن خالد کا قول ہے: عن عطاء عن حکیم بن ابی یزید میں کسی ضرورت سے ان کے ساتھ گیا تو انہوں نے بواسطہ اپنے والد بحوالہ نبی ﷺ مجھ سے بیان کیا۔ جسے ابن ابی خیثمہ نے روایت کیا ہے ''الکنیٰ'' میں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ

✿ اسد الغابہ (٦٣٤١) تجرید (٢١٢/٢) ✿ اسد الغابہ (٦٣٤٢) تجرید (٢١٢/٢)

✿ مسند احمد (٤١٨/٢) (٤١٩/٢)

Marfat.com

لکھتے ہیں: ابو یزید ان لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے نبی ﷺ سے سماع کیا ہے ابوعوانہ فرماتے ہیں: عن عطاء بن السائب عن حکیم بن ابی یزید عن ابیہ اور تاریخ میں بواسطہ مسدد بحوالہ ابوعوانہ موصولاً ذکر کیا ہے اسی طرح امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے ابوعوانہ کی روایت سے نقل کیا ہے، طیالسی کی کتاب میں ہمام بن یحییٰ نے ان کی موافقت کی ہے۔

میں کہتا ہوں: احتمال ہے اگر یہ بات محفوظ ہے جس نے انہیں ''ابن ابی یزید کہا ہے'' ان کو دادا کی طرف منسوب کیا ہو۔ ابن مندہ نے ان کا عنوان ابو یزید جد حکیم، قائم کیا ہے۔ لہٰذا ابوعوانہ والی روایت میں دادا مبہم ہے۔ اضطراب عطاء بن سائب کی طرف سے ہے کیونکہ وہ بھولنے لگے تھے۔ بقول بعض: حماد بن سلمہ نے ان سے اس حالت سے پہلے سماع کیا تھا۔ واللہ اعلم!

اور حماد اس کی سند یوں بیان کرتے ہیں، عن عطاء عن حکیم بن یزید عن ابیہ اور ہمام نے ان کی موافقت کی ہے جیسا کہ حرف یاء میں بیان ہوا ہے اکثریت کا کہنا یہ ہے: یہ ابن ابی یزید ہیں۔ واللہ اعلم!

ابوعمر فرماتے ہیں: میں جو کہتا ہوں وہ یہ ہے کہ تین افراد وہیب، جریر بن حازم اور اسمٰعیل بن علیہ کی بات درست ہے۔ اور ابوعوانہ کو اس میں وہم ہوا ہے۔ میں نے اس کا ذکر کیا ہے جس نے یہ روایت موصولاً ذکر کی ہے البتہ ان کا ''جریر بن حازم'' کہنا غلط ہے۔ صحیح جریر بن عبدالحمید ہے کیونکہ انہوں نے ذکر کیا ہے یہ ابوخیثمہ کی روایت سے ہے اور ابوخیثمہ نے لامحالہ اپنے والد سے بواسطہ جریر نقل کی ہے اسی طرح حاکم نے اسے بروایت محمد بن قدامہ عن جریر موصولاً نقل کیا ہے اور ابن قدامہ اور ابوخیثمہ کی جریر بن حازم سے ملاقات نہیں ہوئی۔ میں نے اس پر عبدالوارث اور حماد بن زید کا اضافہ کیا ہے، جبکہ حماد بن سلمہ نے ان کی مخالفت میں روایت کی ہے۔ وہ فرماتے ہیں: عن عطاء بن السائب عن حکیم بن یزید عن ابیہ۔

۱۰۷۳۳ ابویزید اللقیطی

حزابہ بن نعیم کی حدیث میں ان کا ذکر آتا ہے، ناموں میں ذکر ہو چکا ہے۔

۱۰۷۳۴ ابویزید النمیری

آخری قسم میں ذکر ہونا ہے۔

۱۰۷۳۵ ابوالیسر انصاری [1]

نام کعب بن عمرو بن عباد بن عمرو بن سواد بن غنم بن کعب بن سلمہ ہے۔ بقول بعض: کعب بن عمرو بن تمیم بن سواد بن غنم بن کعب بن سلمہ انصاری سلمی ہے۔ نام وکنیت سے مشہور ہیں۔ بیعت عقبہ اور بدر میں شریک تھے جس میں ان کے بہت زیادہ کارنامے ہیں۔ انہوں نے حضرت عباس رضی اللہ عنہما کو گرفتار کر لیا تھا۔ ابن اسحاق [2] فرماتے ہیں: بدر اور باقی معرکوں میں شرکت کی۔ بقول امام بخاری: صحابی ہیں، بدر میں شریک تھے، مدائنی ان کا حلیہ بیان کرتے ہیں پستہ قد اور بڑے پیٹ والے تھے۔ مدینہ میں ۵۵ھ میں انتقال کیا۔ بقول ابن اسحاق: صحابہ رضی اللہ عنہم میں آخری صحابی یہی فوت ہوئے ہیں۔ شاید ان کی مراد اہل بدر صحابہ رضی اللہ عنہم سے ہو۔ ان سے عبادہ بن ولید بن عبادہ بن لاصامت نے روایت کی ہے ان کی لمبی حدیث ہے جسے مسلم نے نقل کیا ہے۔

---

[1] اسد الغابہ (٦٣٤٥) تجرید (٢١٢/٢) [2] السیرۃ النبویۃ (٢٥٨/٢)

Marfat.com

۱۰۷۳۶ ابوالیسع [1]

ابن مندہ نے ان کا ذکر کیا ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کے بارے میں پوچھا، کسی نے بتایا وہ عرفات [2] میں ہیں۔ ان کی حدیث محمد بن خالد نے عبیداللہ بن ابی حمید سے بواسطہ ابوعثمان نہدی طویل نقل کی ہے۔ ابوعمر فرماتے ہیں: ان کی حدیث عبیداللہ بن ابی حمید سے بواسطہ ابوالملیح بن ابی اسامہ بحوالہ ان کے مروی ہے، فرمایا: میں نبی ﷺ کے پاس آ کر عرض کرنے لگا: اللہ کے رسول ﷺ! کون سا عمل مجھے جنت میں لے جائے گا؟ (حدیث)

۱۰۷۳۷ ابویعقوب

یوسف بن عبداللہ بن سلام، یہ اور ان کے والد دونوں صحابی ہیں، ناموں میں ذکر ہو چکا ہے۔

۱۰۷۳۸ ابویعلی

حمزہ بن عبدالمطلب نبی ﷺ کے چچا، اور ابویعلی، شداد بن اوسی انصاری، دونوں کا تذکرہ ناموں میں ہوا ہے۔

۱۰۷۳۹ ابوالیقظان [3] (بے نسبت)

حاکم فرماتے ہیں: محمد بن اسمٰعیل کا قول ہے: یہ صحابی ہیں۔ ابن مندہ لکھتے ہیں: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ [4] نے بغیر حدیث کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے۔ اور ابن ابی حاتم [5] فرماتے ہیں: ابوزرعہ رازی نے مسند میں ان کی صرف یہی ایک حدیث نقل کی ہے۔ جو مسند بصریین میں بطریق ابن وہب، عمرو بن حارث، ابن لہیعہ بواسطہ ابوحسانہ مروی ہے کہ انہوں نے ابوالیقظان صحابیٔ رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: تمہیں مبارک ہو تم لوگوں کو رسول اللہ ﷺ سے سب سے زیادہ محبت ہے۔ عموماً جن لوگوں نے انہیں دیکھا ہے انہوں نے ان سے یہ روایت نہیں کی۔ ابوعمر لکھتے ہیں: مصر کے رہائشی صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر آتا ہے۔

میں کہتا ہوں: محمد بن الربیع الجیزی نے مصر آنے والے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر نہیں کیا ہے۔

۱۰۷۴۰ ابوالیقظان

عمار بن یاسر العبسی، نام سے مشہور ہیں، پہلے تذکرہ ہوا ہے۔

۱۰۷۴۱ ابوالیمان

بشر یا بُشیر بن عقربہ یا ابن عقرب الجھنی، باء میں ذکر ہوا ہے۔

۱۰۷۴۲ ابویوسف

عبداللہ بن سلام، نام سے مشہور ہیں۔ ناموں میں پہلے ذکر ہو چکا ہے۔

---

[1] اسد الغابہ (٦٣٤٦) تجرید (٢١٢/٢) [2] جامع المسانید (٧٥٣/١٤) اسد الغابہ (١٣٠/٥)
[3] اسد الغابہ (٦٣٤٧) استیعاب (٣٢٦٧) تجرید (٢١٢/٢) [4] التاریخ الکبیر (٨٢/٨)
[5] الجرح والتعدیل (٤٦٠/٤)

Marfat.com

۱۰۷۴۳ ابویونس ظفری ✿

ابن ابی حاتم نے وحدان میں ان کا ذکر کیا ہے اور ان کی یہ روایت نقل کی ہے کہ وہ حجۃ الوداع کے موقعہ پر رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے۔ اس وقت ان کی عمر بیس (۲۰) سال تھی۔ ان کی روایت ہے۔

میں کہتا ہوں: ان کا نام محمد بن انس بن فضالہ ہے، یہ ان کے والد اور ان کے دادا صحابہ ہیں، سب کا تذکرہ ہو چکا ہے۔

القسم الثانی ازحرفِ یاء

۱۰۷۴۴ ابویحییٰ عبدالرحمٰن بن حاطب بن ابی بلتعہ، ناموں میں ذکر ہوا ہے۔

القسم الثالث ازحرفِ یاء

۱۰۷۴۵ ابویحییٰ (بے نام ونسبت)

خطیب نے ایک واقعہ نقل کیا ہے جو یحییٰ بن ابی یحییٰ کے حالات میں ہے، اس میں ان کا ذکر آتا ہے کہ ابویحییٰ فرماتے ہیں: دورِ جاہلیت میں مَیں اپنے گھوڑے پر جا رہا تھا اچانک مجھے طرفہ یعنی ابن العبد مشہور شاعر مل گیا۔ پھر ایک واقعہ ذکر کیا جس میں ہے اس نے ان کے سامنے اپنی زبان نکالی تو وہ سیاہ تھی جیسے ہرن کی زبان ہوتی ہے۔

۱۰۷۴۶ ابویزید سعدی مخبّل، پہلے تذکرہ ہوا ہے۔

القسم الرابع ازحرفِ یاء

۱۰۷۴۷ ابویحییٰ

قیس کے ایک شخص ہیں، نبی ﷺ کے حوالہ سے یہ حدیث نقل کرتے ہیں: کیا تمہیں عرب کا بہترین قبیلہ نہ بتاؤں....؟ (حدیث) اسی میں سکاسک اور سکون کا ذکر ہے۔ ان کی حدیث ابن لہیعہ نے مرثد بن ابی حبیب سے بواسطہ ربیعہ بن لقیط، بنی اود کے شخص سے بحوالہ قیس کے ایک شخص جنہیں ابویحییٰ کہا جاتا تھا روایت کی ہے۔ بغوی نے اپنی معجم میں اور ابن عساکر نے التبیین میں ان کے طریق سے روایت کی ہے کہ مرسل ہے۔

۱۰۷۴۸ ابویزید النمیری ✿

ابوعمر نے ان کا ذکر کیا ہے کہ صحابی ہیں۔ ایوب سجستانی ان سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے عہد مبارک میں اپنی قوم کی امامت کی اس وقت میری عمر سات سال تھی۔ ابن الاثیر ✿ فرماتے ہیں: النمیری کا کوئی وجود نہیں میرے خیال میں یہ جرمی عمرو بن سلمہ ہیں ان کی کنیت ابوبُرَید (باء پر پیش سے تصغیر ہے) انہوں نے ہی اپنی قوم کی امامت کی تھی جب وہ چھ یا سات سال کے تھے۔ ان سے ایوب اور ابوقلابہ وغیرہ روایت کرتے ہیں۔

✿ اسد الغابہ (٦٣٤٨) تجرید (٢١٢/٢) ✿ اسد الغابہ (٦٣٤٤) تجرید (٢١٢/٢) ✿ اسد الغابہ (١٢٩/٥)

Marfat.com

ذہبی نے انہیں برقرار رکھا ہے اور ابن فتحون نے اوہام الاستیعاب میں ان کا ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں: انہیں دو جگہ ان کے متعلق وہم ہوا ہے۔ ایک نمیری کہنے میں حالانکہ یہ جرمی ہیں، دوسرا زاسے ان کی کنیت بتانے میں جو باء سے برید ہے۔ جبکہ ابوعمر نے باب میں ان کا درست ذکر کیا ہے۔ [1]

میں کہتا ہوں: ایک بعید احتمال ہے کہ یہ دوسرے ہوں۔

۱۰۷۴۹ ابویزید بن ابی مریم [2]

ذہبی [2] نے اپنے استدراک میں ان کا ذکر کیا ہے کہ مسند بقی میں ان کی ایک حدیث ہے۔ استدراک میں انہیں وہم ہوا ہے جبکہ یہ ابومریم سلولی ہیں جو یزید کے والد ہیں۔ ان کا نام مالک بن ربیعہ ہے جیسا کہ ناموں میں گزرا ہے ان کی حدیث امام احمد، بخاری نے تاریخ میں اور نسائی نے بطریق یزید بن ابی مریم بحوالہ اپنے والد نقل کی ہے۔ اگر ایسی بات ہوتی کہ جس کا بیٹا ہے وہ اس کے بغیر کوئی کنیت رکھ لے اور اسی سے مشہور ہو جائے اور دوسرے بیٹے کے نام کنیت کر لے تو ہر ایک اپنی اولاد کی مقدار کنیتیں رکھ لیتا، کیونکہ کسی کے دس بچے تھے، بلکہ بیس تیس تک بھی ہوئے ہیں۔ اب اگر کوئی صدیق اکبر کا عنوان ابوبکر قائم کرے اور کنیتوں میں ابومحمد بن ابی بکر کا ذکر کرے تو اسے معذور سمجھا جائے گا کیونکہ اس سے فوراً تو یہی سمجھ آتا ہے کہ مذکورہ عنوان ابومحمد کا ہے نہ کہ ان کے والد کا۔ اسی طرح اوروں کا حال سمجھ لیں یا جیسے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا عنوان ابوعمرو بن عثمان قائم کرے۔ تو انتہائی درجہ کی رکاکت و کمزور علمی ہوگی جو بالکل واضح ہے کسی قسم کا خفا و پوشیدگی نہیں۔ واللہ المستعان!

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ! جلد ہفتم جس میں رجال (حضرات) کی کنیتوں کا ذکر تھا اختتام پذیر ہوئی۔ حق تعالیٰ مترجم اور اس کے معاونین، خصوصاً اہلیہ محترمہ جو اس عظیم کام میں دست راست کی حیثیت رکھتی تھیں سے راضی ہو۔ اور آئندہ حدیث سے متعلقہ علمی اور بابرکت کاموں کی توفیق عنایت فرمائے۔ آمین! اگلا حصہ نساء (خواتین) کے حالات پر مشتمل ہے۔

[1] تجرید (۱۷۲) [2] تجرید (۲۱۲/۲) [2] تجرید (۱۷۲)

Marfat.com

ہے، فرماتے ہیں: میں اس باغ کی چوڑائی کے بارے میں فی البدیہہ کہتا ہوں: میں اللہ کی قسم کھاتا ہوں ابوحفص عمر۔ اشعار۔

فرماتے ہیں: انہوں نے میری ایسی حفاظت کی کہ میں جب بھی دیکھتا انہیں اپنی پیٹھ پیچھے پاتا، انہوں نے کہا: میں تمہیں قسم دیتا ہوں، کیا تم میرا مقام جانتے ہو؟ میں نے کہا: نہیں، اللہ کی قسم یا امیر المومنین! میں آپ کا مقام نہیں جانتا، انہوں نے کہا: میں قسم کھاتا ہوں کہ میں تمہیں ضرور سواری دوں گا۔

القسم الرابع ازحرف کاف

۱۰۴۵۸ ابوکبیر*

بعض کا قول ہے، ابوکبیرہ یا ابوکثیر۔ وہ مولیٰ محمد بن جحش ہیں۔ ابن مندہ نے حدیث کی وجہ سے ان کا ذکر کیا ہے۔ بعض راویوں کو وہم ہوا ہے کہ وہ صحابی نہیں ہیں، پھر بطریق مسلم بن خالد زنجی بحوالہ ابوکبیر نقل کیا ہے، وہ نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں سے تھے، فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے تو ان کی ران کھلی ہوئی تھی، آپ ﷺ نے فرمایا: ''ران ستر ہے''۔ ابن مندہ کا قول ہے: جس نے اس کے بارے میں کہا کہ وہ اصحاب نبی ﷺ میں سے ہیں، اس نے خطاء کی، انہوں نے بحوالہ اپنے مولیٰ محمد بن عبداللہ بن جحش روایت کی، انہیں شرفِ صحابیت حاصل ہے۔

میں کہتا ہوں: ان کی یہ حدیث احمد، بخاری نے تاریخ میں اور نسائی نے ان سب نے علاء کے طریق سے بحوالہ محمد بن جحش، وہ محمد بن عبداللہ بن جحش ہیں، میں نے اسے تعلیق میں بیان کیا ہے۔

عسکری کو وہم ہوا ہے، ان کا گمان ہے کہ ابوکبیر نبی کریم ﷺ نے زمانے میں پیدا ہوا، انہوں نے اس صفت کو اپنے مولیٰ محمد بن عبداللہ بن جحش کے لیے ذکر کیا ہے، وہ نبی کریم ﷺ کے زمانے میں کم عمر تھے۔

۱۰۴۵۹ ابوکرز

بعض نے صحابہ رضی اللہ عنہم میں ان کا ذکر کیا ہے، ان سے احمد بن حنبل نے روایت کی ہے۔ وہ خطا ہے جو سوءِ فہم سے پیدا ہوئی، خطیب نے مؤتلف میں بطریق اسحاق بن موسیٰ، بحوالہ ابوداؤد سجستانی نقل کیا ہے، فرماتے ہیں کہ میں نے احمد بن حنبل سے سنا، ابوکرز نے ذکر کیا کہ ان سے نافع روایت کرتے ہیں۔ فرماتے ہیں: یہ صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ہیں۔ پھر اس کی مراد بیان کی، انہوں نے جعابی سے نقل کیا ہے، فرماتے ہیں: ان کرز کا نام عبداللہ بن کرز ہے۔ ان کا اصل میں موصل سے تعلق ہے، صحابہ کی حویلیوں میں بغداد کی مشہور جگہ فروکش ہوتے۔ یہ لوگ منصور کے دوستوں میں سے تھے، اس نے انہیں یہ جگہ دے دی، نافع سے روایت کرتے ہیں تو جس نے یہ بات نقل کی تو اس کا گمان ہے کہ مراد صحابہ (دوستوں) سے اصحاب نبی ﷺ ہیں، حالانکہ ایسا نہیں۔

---

* اسد الغابہ (٦١٨١) تجرید (١٩٧/٢)

Marfat.com

الإصابة في تمييز الصحابة

اردو

تالیف: علامہ حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم: مولانا محمد عامر شہزاد علوی

۷

مکتبہ غزالیہ

Marfat.com